
آئینِ اکبری

تصنیف


علامہ ابوالفضل

ترجمہ

مولوی محمد فدا علی صاحب حسان



Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com



سلسلۂ مداریہ کے بزرگوں کی سیرت و سوانح

سلسلۂ عالیہ مداریہ سے متعلق کتابیں

سلسلۂ مداریہ کے علماء کے مضامین تحریرات

سلسلۂ مداریہ کے شعراء اکرام کے کلام

حاصل کرنے کے لئے اس ویب سائیٹ پر جایئے

www.MadaariMedia.com

@MadaariMedia

@MadaariMedia

@MadaariMedia

@MadaariMedia

Authority : Ghulam Farid Haidari Madaari



سلسلۂ نصابی علمی مجلس عثمانیہ

آئین اکبری

جلد اوّل (حصّۂ اوّل)

تصنیف


علّامہ ابوالفضل

ترجمہ

مولوی محمد فدا علی صاحب طالب

رُکن شعبۂ تالیف و ترجمہ جامعۂ عثمانیہ سرکار عالی

سنہ ۱۳۵۷ھ م سنہ ۱۳۴۷ف م سنہ ۱۹۳۸ء



Www.MadaariMedia.Com
Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

فہرست مضامین

آئین اکبری جلد اوّل حصّہ اوّل

مضامین	صفحات
دیباجہ	۱
ہدایات مصنّف	۱۳
دفتر اوّل	۱۵ تا ۳۴۲
آئین (۱) منزل آبادی۔	۱۵
آئین (۲) خزانہ داری	۱۹
آئین (۳) خزینۂ جواہر۔	۲۲
آئین (۴) دار الضرب	۲۵
آئین (۵)	۲۸
عمال دار الضرب۔	
آئین (۶) (ہنواری) سونے کی آزمائش۔	۳۰
آئین (۷) کھوٹے سونے کو کھرا کرنے کی ترکیب۔	۳۴
چاندی میں میل دریافت کرنے کا طریقہ۔	۳۷
آئین (۸) سونے کو چاندی سے علیحدہ کرنے کی ترکیب۔	۴۲
آئین (۹) راکھ سے چاندی نکالنے کی ترکیب۔	۴۴
آئین (۱۰) سکہ جات سلطنت: سونے کے سکّے۔	۴۶

Www.MadaariMedia.Com

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مضامین	صفحات
چاندی کے سکے روپیہ۔ تانبے کے سکے۔	۵۰
آئین (۱۱)	۵۵
درم و دینار۔	
آئین (۱۲)	۵۸
چاندی اور سونا وغیرہ بیچنے والوں کا نفع	
آئین (۱۳)	۶۲
دھاتوں کی پیدائش کا بیان	
آئین (۱۴)	۶۷
دھاتوں کی گرانی و سستی کے بیان میں	
آئین (۱۵)	۷۲
شاہی حرم سرا کے قوانین۔	
آئین (۱۶)	۷۶
سفر کے اسباب قیام و منزل۔	
آئین (۱۷)	۷۹
فوج کا اجتماع۔	
آئین (۱۸)	۸۱
آئین چراغ افروزی۔	
آئین (۱۹)	۸۴
شکوہ سلطنت	
آئین (۲۰)	۸۸
رنگین تہنشاہی۔	

مضامین	صفحات
آئین (۲۱)	۹۱
فراشخانہ۔	
آئین (۲۲)	۹۵
آبدار خانہ۔	
آئین (۲۳)	۹۸
مطبخ (باورچی خانہ)	
آئین (۲۴)	۱۰۲
مصالحہ۔	
آئین (۲۵)	۱۰۷
نان	
آئین (۲۶)	۱۰۸
صوفیانہ۔	
آئین (۲۷)	۱۱۰
نرخ اجناس۔	
جدول نرخ اجناس ملحقہ۔	۱۱۰
جدول نرخ اجناس خریفی۔	۱۱۱
جدول سبزی۔	۱۱۳
جدول اقسام دال۔	۱۱۴
جدول اقسام آٹا۔ جدول جاندار گوشت	۱۱۵
جدول گھی وغیرہ۔	۱۱۶
جدول شیرینی۔ جدول مصالحۂ طعام۔	۱۱۷
جدول ترشی۔	۱۱۸
آئین (۲۸)	

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

	صفحات
میوہ خانہ۔	
جدول میوۂ تورانی وغیرہ۔	۱۲۲
جدول میوۂ شیریں ہندی۔	۱۲۳
جدول میوۂ ہندی میخوش۔	۱۲۶
جدول میوۂ ترش ہندی	۱۲۷
جدول میوہ تر ہندی۔ جدول میوۂ ہندی جو بعد پکانے کے کھایا جاتا ہے۔	۱۲۸
آئین (۲۹) پیدائش طعم	۱۴۰
آئین (۳۰) خوشبو خانہ۔	۱۴۱
جدول خوشبوئیات۔	۱۴۴
جدول گلہائے خوشبو	۱۴۶
جدول گل خوشرنگ۔	۱۴۷
آئین (۳۱) پیدائش خوشبو	۱۵۰
آئین (۳۲)	۱۶۸
کرکراق خانہ و توشک خانہ	
آئین (۳۳)	۱۷۳
شال۔	
جدول زری۔	۱۷۵
جدول ابریشمی۔	۱۷۷
جدول پارچہ جات ریسمانی (سوتی)	۱۷۹
جدول پشمینہ۔	۱۸۰
آئین (۳۴) پیدائش رنگ۔	۱۸۲
آئین (۳۵) تصویر خانہ۔	۱۸۳
آئین (۳۶) قورخانہ یعنی سلاح خانہ۔	۱۹۷
جدول آئین قورخانہ۔	۲۰۰
آئین (۳۷) توپ۔	۲۰۴
آئین (۳۸) بندوق۔	۲۰۶
آئین (۳۹) یرغو ساختن۔	۲۱۰
مراتب بندوق۔	۲۱۱
آئین (۴۰) ماہوارۂ بندوقچی۔	۲۱۴
آئین (۴۱) فیل خانہ۔	۲۱۶
مراتب فیل۔	۲۲۸
آئین (۴۲) خوراک۔	۲۳۰
آئین (۴۳)	۲۳۲

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مضامین	صفحات
خدمتگزاراں	
آئین (۴۴)	۲۳۶
رخت۔	
آئین (۴۵)	۲۴۲
خاصۂ فیلاں۔	
آئین (۴۶)	۲۴۴
خاصۂ سواری	
آئین (۴۷)	۲۴۶
عراہت	
آئین (۴۸)	۲۴۸
اصطبل۔	
آئین (۴۹)	۲۵۱
مراتب اسپ۔	
آئین (۵۰)	۲۵۲
خوراک۔	
آئین (۵۱)	۲۵۵
رخت۔	
آئین (۵۲)	۲۶۱
یارگیر۔	
آئین (۵۳)	۲۶۲
داغ۔	
آئین (۵۴)	۲۶۳
پرکردن۔	

مضامین	صفحات
آئین (۵۵)	۲۶۴
تاوان۔	
آئین (۵۶)	۲۶۵
آمادہ داشتن۔	
آئین (۵۷)	۲۶۷
بخشش۔	
آئین (۵۸)	۲۶۸
جلوداں۔	
آئین (۵۹)	۲۶۹
شترخانہ۔	
آئین (۶۰)	۲۷۱
خوراک۔	
آئین (۶۱)	۲۷۳
رخت۔	
آئین (۶۲)	۲۷
تیل ملنے اور جانوروں کی ناک میں تیل ٹپکانے کے آئین۔	
پایۂ شتران و خدمتگاران	۲۷۶
آئین (۶۳)	۲۸۰
گاؤخانہ۔	
آئین (۶۴)	۲۸۲
خوراک۔	
آئین (۶۵)	۲۸۴

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مضامین	صفحات
خدمتگاران۔	
آئین (۶۶)	۲۸۷
استرخانہ۔	
آئین (۶۷)	۲۸۹
خوراک۔	
آئین (۶۸)	۲۹۰
رخت۔	
آئین (۶۹)	۲۹۲
شبارروزی	
آئین (۷۰)	۲۹۷
بار	
آئین (۷۱)	۲۹۹
کورنش و تسلیم۔	
آئین (۷۲)	۳۰۱
استادوشست۔	
آئین (۷۳)	۳۰۳
دیدن عروم۔	
آئین (۷۴)	۳۰۵
رہنمونی۔	
آئین (۷۵)	۳۱۱
دیدن فیل۔	
آئین (۷۶)	۳۱۵
دیدن اسپ۔	

مضامین	صفحات
آئین (۷۷)	۳۱۷
دیدن شتر	
آئین (۷۸)	۳۱۸
دیدن گاؤ	
آئین (۷۹)	۳۱۹
دیدن اسپر	
آئین (۸۰)	۳۲۰
پاؤگوشت۔	
آئین (۸۱)	۳۲۳
جانوروں کے کشتی لڑانے اور اُس پر شرط لگانے کا	
آئین (۸۲)	۳۳۱
عمارت	
آئین (۸۳)	۳۳۳
نرخ۔	
مزدوروں کی شرح اجرت	۳۳۷
مکان تعمیر کرانے کی شرح اور اُس کا اندازہ۔	۳۳۹
مختلف قسم کی لکڑیوں کا وزن۔	۳۴۰
دفتر دوم	۳۴۳ تا ۵۴۰
درسپاہ آبادی	
آئین (۱)	۳۴۳
شاہی فوج کے مختلف مدارج اور	

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مضامین	صفحات
سپاہ کی تقسیم۔	
آئین (۲)	۳۴۷
لشکر کے جانور۔	
آئین (۳)	۳۵۳
منصبدار۔	
جدول مناصب۔	۳۵۶
آئین (۴)	۳۶۳
احدی۔	
آئین (۵)	۳۶۶
دوسری قسموں کے سوار۔	
آئین (۶)	۳۶۸
پیادہ فوج۔	
آئین (۷)	۳۷۴
جانوروں کے داغدہی کے قوانین	
آئین (۸)	۳۷۷
داغ مکرر۔	
آئین (۹)	۳۷۹
کشک (چوکی)	
آئین (۱۰)	۳۸۱
واقعہ نویسی۔	
آئین (۱۱)	۳۸۴
سرانجام سند۔	
آئین (۱۲)	۳۹۰
پایہ نگین ہا (مہروں کے مراتب و مدارج)	
آئین (۱۳)	۳۹۲
فرمان بیاضی۔	
آئین (۱۴)	۳۹۴
برگزفتن مواجب (طریقہ وصولیابی تنخواہ)	
آئین (۱۵)	۳۹۶
مساعدہ (فوجی عہدہ داروں کو مالی امداد)	
آئین (۱۶)	۳۹۸
انعام۔	
آئین (۱۷)	۳۹۹
خیرات	
آئین (۱۸)	۴۰۰
وزن مقدس۔	
آئین (۱۹)	۴۰۲
سیورغال۔	
آئین (۲۰)	۴۰۷
گردون گرداں (جہاں پناہ کے ایجاد کردہ چرخ اور گاڑیاں)	
آئین (۲۱)	۴۰۹
دہ سیری۔	
آئین (۲۲)	۴۱۰
جشن سالگرہ (مختلف تہواروں کا آئین۔	

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مضامین	صفحات
آئین (۲۳)	
خوشنویسی (سیناباز ار)	۴۱۲
آئین (۲۴)	۴۱۴
کدخدائی۔	
آئین (۲۵)	۴۱۷
آموزش تعلیم	
آئین (۲۶)	۴۱۹
سیر بحری۔	
آئین (۲۷)	۴۲۵
شکار۔	
شیر کا شکار	۴۲۷
ہاتھی کا شکار	۴۲۹
چیتوں کا شکار	۴۳۱
آئین (۲۸)	۴۳۴
چیتوں کی خوراک اور یوزبانوں کی تنخواہ۔	
شکاری چیتے کی چالاکی و تیز دستی	۴۳۶
سیاہ گوش۔	۴۳۸
کتے۔ ہرن کا شکار ہرن سے۔	۴۳۹
شکار نرگاؤ میش (بھینسے کا شکار)	۴۴۳
پرندوں کا شکار	۴۴۴
پرندوں کی خوراک	۴۴۶
پرندوں کی قیمت۔ قیمتوں کا تعین	۴۴۷

مضامین	صفحات
مرغابی	۴۴۹
دراج۔ پودنہ	۴۵۰
لگڑ۔ غوغائی۔ غوک (مینڈھک)	۴۵۱
آئین (۲۹)	۴۵۳
نشاط بازی۔ چوگان بازی	
عشق بازی (کبوتر بازی)۔	۴۵۶
خاصے کے کبوتروں کا رنگ۔	۴۶۱
چوپڑ بازی (چوسر بازی)	۴۶۳
چندل مندل۔	۴۶۶
گنجفہ۔	۴۶۹
بزرگان جاوید دولت (اعیان سلطنت)	۴۷۴
جدول نام منصبداران عہد معدلت	
دانش اندوزان جاوید دولت	۴۸۷
(علما و فضلائے مملکت)۔	
جدول دانش اندوزان جاوید دولت اکبری	۴۸۸
علمائے ظاہر و باطن۔	
قافیہ سنجان (شعرا)	۴۹۲
آئین (۳۰)	۵۳۷
خنیاگراں و ارباب نغمہ)	
جدول خنیاگراں (ارباب نغمہ)	۵۳۸
دفتر سوم	۵۴۱ تا ۵۷۶
در ملک آباد	
آئین (۱)	۵۴۱

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مضامین	صفحات
تاریخ الہٰی۔	
ہندی تاریخ۔	۵۴۸
تاریخ خطائی۔	۵۵۲
ترکی سنہ۔	۵۵۳
تاریخ منجم	۵۵۴
تاریخ آدم۔ تاریخ یہود۔ تاریخ طوفان	۵۵۵
تاریخ بخت نصر۔ تاریخ سپلیس۔	۵۵۶
تاریخ قبطی۔	
تاریخ رومی	۵۵۷
تاریخ اغسطوس۔	۵۵۸
تاریخ نصاریٰ۔ تاریخ انطونیس رومی۔	۵۵۹
تاریخ قلطانیوس رومی۔	
تاریخ ہجری۔	۵۶۰
تاریخ یزدجرد۔ تاریخ ملکی۔	۵۶۲
تاریخ خانی۔ تاریخ الہٰی۔	۵۶۳
آئین (۲)	۵۶۸
سپہ سالار۔	
آئین (۳)	۵۷۳
فوجدار۔	
آئین (۴)	۵۷۵
میر عدل و قاضی۔	

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آئین اکبری

جلد اوّل

دیباچہ

خدایا بشر تجھ کو کیا کیا کہے
مگر مختصر یہ کہ مولیٰ کہے

جھکے گر تو اعلیٰ و برتر کہے
اقامت میں اللہ اکبر کہے

ترا راز سربستہ اے بے نیاز
ہے پردے ہی پردے میں سرگرم ناز

سحر تیری بیگانہ ہے شام سے
بری ہے تو آغاز و انجام سے

یہ حادث اثر اور فانی نشاں
بھلا تیرے ملکِ قدم میں کہاں

بیاباں تری مدح کا ہے فراخ
زمیں اس بیاباں کی ہے سنگلاخ

نہ شیوا زبانی نہ غائر نظر
نہ جوشِ طلب ہے نہ کیفِ خبر

نہ پائے ارادت نہ ذوقِ سفر
کہاں ایسے جنگل میں بھٹکے بشر

تقاضا تو یہ ہے کہ حیراں رہے
مگر عجز کہتا ہے ناداں رہے

زباں گنگ ہو عقل حیراں رہے
اسی نامرادی میں شاداں رہے

تری شان حیرت سے دیکھا کرے
تجھے بیخودی میں پکارا کرے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

حقیقی معرفت کا تقاضا یہ ہے کہ انسان خدا کی مدح وثنا کو صرف الفاظ و اقوال میں محدود نہ رکھے بلکہ اپنے افعال و کردار سے بھی اسی کی عظمت وجلال کا کلمہ پڑھے۔ خالق مطلق کی صنّاعیوں کے چند عجیب وغریب کرشموں کو زبان قلم سے بیان کرکے دنیا سعادتوں کا ذخیرہ جمع کرے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ اس مدح وثنا میں جو دل سے نکلے وہی قلم سے ٹپکے۔ اگر قلم کی رفتار نے دل کی گفتار کا پورا پورا ساتھ دیا تو ممکن ہے کہ اُس شخص پر انوار شہنشاہی کی جھلک پڑ جائے اور ثناگر اس روشنی میں دریا سے چند قطرے اور بیاباں سے کچھ ذرّے حاصل کرلے اور اس طرح اس کے اقوال و افعال کی ویران زمین سرسبز وشاداب ہو۔

ابوالفضل مبارک شاہی ثناگری کے پیرائے میں خدا کی شکرگزاری کی نغمہ سرائی کرکے تعریف کے بیش بہا موتیوں کو تحریر کی لڑیوں میں پروتا اور دُنیا کے سامنے لاتا ہے۔ میری مدح سرائی کا یہ مقصد نہیں ہے کہ میں اُس بادشاہ عالیجاہ کی بزرگ ترین خصلتوں اور بہترین عادتوں سے بنی نوع انسان کو آگاہ کروں جس نے دُنیا کو طرح طرح کی رنگ آمیزی سے زیب وزینت دی ہے اور اپنی جدّت پسند طبیعت سے عالم کے رشتۂ انتظام میں بہترین جواہر پروئے ہیں اس لئے کہ جو شئے روز روشن کی طرح ظاہر ہے اس کو خواہ مخواہ تحریر میں لانا اپنی نافہمی کا خود اظہار کرکے عقلمندوں کے نیز ملامت کا نشانہ بننا ہے۔ میں صرف اپنی ذاتی واقفیت کے گوہر ہاتھ پر رکھ کر دُنیا کے بازار میں آتا ہوں اور اپنے دل کی خودستائی کو ایسی دوا دوش کے مشغلے میں مشغول ومصروف رکھتا ہوں۔

ظاہر ہے اُس عظیم الشان کام کو سرانجام دینے کی ذمہ داری اپنے اوپر لینا جس کا بار آسمانی طبقوں کے رہنے والے بھی نہیں اُٹھا سکتے خودستائی میں داخل نہیں ہے بلکہ اس حیرت سے اپنی نااہلیت اور تاعاقبت اندیشی کو دوسروں پر ظاہر کرنا ہے۔

میرا اصل مقصد اس تصنیف سے یہ ہے کہ اس مبارک عہد کے رہنے والوں کو اُس بےمثال ہستی کی عقل ودانش عالی ہمتی حسن انتظام ومحاسن افعال سے آگاہ کروں جو مادّی وغیر مادّی ہر دو قسم کی ہر شئے حقیقت سے واقف اور میدان علم کے نشیب وفراز کا پورا مرد میدان ہے اور آئندہ نسل کے لئے بہترین تحفہ یادگار چھوڑ جاؤں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

محسن کے احسانات کی شکر گزاری کرنا دنیا و آخرت ہر دو عالم کے لئے اعلیٰ ترین سامان کا مہیا کرنا ہے ممکن ہے کہ اس مطلب آشنا دنیا میں جہاں طبیعتوں کی افتاد ایک دوسرے سے مختلف انسانی خواہشیں متضاد و اضداد معدوم اور رہنما مفقود ہیں کچھ ایسے اشخاص بھی ہوں جو اس عقل و دانش کے دفتر کی ہدایتوں سے اپنی کاربرآری کر سکیں اور عالم کے بے پایاں جنگل میں جہاں علم و عمل کے ہجوم کی وجہ سے ہر وقت ایک کشاکش رہتی ہے حیرانی اور سرگردانی سے نجات پائیں۔ یہی وہ مبارک خیال ہے جس نے مجھے اس امر کی طرف متوجہ کیا کہ میں بادشاہ عالم پناہ کے جاری کردہ قوانین کو تحریر میں لاکر دور و نزدیک دنیا کے ہر گوشے کے بسنے والوں کے لئے ہدایت اور واقفیت کا ایک مکمل کارنامہ چھوڑ جاؤں۔

میرا ارادہ یہ ہے کہ قوانین شاہی کو معرض تحریر میں لاؤں اس لئے پہلے خود بادشاہ کی بلند پایہ شخصیت اور اس کے ارکان دولت کی اہمیت کا کچھ ذکر کرتا ہوں واضح ہو کہ خدا کے نزدیک مرتبۂ شاہی سے زیادہ بلند کوئی دوسرا مقام نہیں ہے۔ دنیا کے تمام عقلا اسی سرچشمۂ اقبال سے سیراب ہوتے ہیں۔ جو لوگ میرے اس دعوے پر دلیل طلب کرتے ہیں ان کو خاموش کرنے کے لئے صرف یہ امر کافی ہے کہ دنیا میں سرکشوں کو زیر کرنا اور بنی نوع انسان کو اطاعت کے صراط مستقیم پر چلانا صرف اسی مرتبۂ اعلیٰ کا کام ہے بلکہ لفظ بادشاہ کا مفہوم خود میرے دعوے کو قوی کرتا ہے ظاہر ہے کہ اس لفظ کا جزو اوّل یا داقتدار پر دلالت کرتا ہے اور شاہ کے معنی مالک یا آقا کے ہیں اس لئے یہ امر بدیہی ہے کہ حکمران کو اقتدار و ملکیت کا سرچشمہ تسلیم کیا جائے اور صدق دل سے اس امر کا اعتراف کیا جائے کہ اگر شاہی جاہ و جلال کا وجود نہ ہوتا تو نہ تو دنیا کو فتنہ و فساد کے تباہ کن طوفان سے نجات حاصل ہوتی اور نہ عالم سے خود غرضی و نفس پرستی کی بیخ و بنیاد کا قلع قمع ہوتا۔ اگر انسان کے سر پر حکمراں کا سایہ نہ ہوتا تو بنی آدم غصہ و طمع کے ناگوار بوجھ سے دب کر نیستی کے عمیق غاروں میں گر جاتے۔ بازار دنیا کی ساری رونق جاتی رہتی اور تمام عالم بجائے ایک دلکش سبزہ زار ہونے کے ویران سرزمین نظر آتا۔

شاہانہ انصاف کی نورانی شمع بعضوں کو تو صراط اطاعت پر مسرت خیز رفتار میں

چلاتی ہے اور بعض افراد شاہی سیاست سے مرعوب ہو کر ظلم و ستم سے کنارہ کش ہوتے اور خوف کی وجہ سے اسی راستے پر چلتے ہیں۔ شاہ کا لفظ عام طور پر اس شئے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جس نے اپنے ہمجنسوں میں کوئی خاص امتیاز پیدا کیا ہو جیسا کہ شاہ سوار و شاہ راہ کے مفہوم سے ظاہر ہے۔

شاہ نوشہ کو بھی کہتے ہیں۔ بادشاہ کی ذات عالم میں دولھا ہے اور دنیا عروس ہے جو حکمراں کے جمال جہاں آرا کی فریفتہ ہو کر آخر میں اس کی پرستار بن جاتی ہے۔

نادان و کوتاہ بین اشخاص حقیقی و خود غرض و حریص فرمانرواؤں میں تمیز نہیں کرتے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ اس فرق کی شناخت کرنا بیحد مشکل ہے اس لئے کہ خزانے کی معموری سپاہ و فوج کی درستی خدمت گزاروں کی اطاعت پذیری عقلمند مشیروں کی کثرت مختلف ہنرمندوں کی جماعت اور اسباب جاہ و حشم کی فراوانی ہر دو حکمراں کے مشترک نشانات عظمت ہیں جن کی وجہ سے دونوں فرمانروا ایک دوسرے سے ممتاز نہیں ہو سکتے لیکن صاحبان بصیرت اس فرق کو بخوبی پہچانتے ہیں مذکورہ بالا مراتب حشمت اول الذکر کے لئے دیرپا بلکہ دائمی ہیں اور دوسرے کے لئے زوال پذیر۔

حقیقی فرمانروا خود ان نشانات عظمت کا فریفتہ نہیں ہوتا بلکہ وہ ان مراتب کو ظلم و ستم کے مٹانے اور ہر جذبۂ خیر کے پیدا کرنے کا ذریعہ و واسطہ بناتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ امن و امان انصاف و پرہیزگاری و فاشعاری اور زیادتی اخلاص وغیرہ حقیقی رحمتوں کے برکات بنی نوع انسان پر بارش کی طرح برستے ہیں برخلاف اس کے خود پسند و مطلب آشنا حکمراں ان اسباب جاہ و جلال کا بندۂ بے درم بن جاتا ہے اور اپنی ظاہری شان و شوکت پر نازاں ہو کر تکبر و غرور خوشامد و چاپلوسی خود پرستی و خود غرضی وغیرہ روحانی امراض کا شکار بن جاتا ہے اور اس طرح خوف و خطر بے اطمینانی و بے آرامی فتنہ و فساد ظلم و ستم بیوفائی و قزاقی کے تباہ کن دروازے رعایا کے لئے کھل جاتے ہیں۔

چراغ شاہی خدا کا ایک درخشاں نور اور آفتاب عالمتاب کی ضیا ہے جو حقیقت میں کتاب تمہیل کی ایک بیّن دلیل اور تمام خوبیوں کا ملجا و ماویٰ ہے۔ حال کی

اصطلاح میں انوار شاہی کو فرّ ایزدی (الوہیت کی ضیا یا روشنی) کہتے ہیں قدیم زمانے میں اس مبارک روشنی کو گیہاں خدیو کے نام سے یاد کرتے تھے۔

مرتبۂ شاہی بلا واسطہ خدا کی طرف سے کسی برگزیدہ شخصیت کو عطا ہوتا ہے۔ اس اعلیٰ مرتبے کی نورانیت اُس بزرگ ہستی کے سراپا پر چھا جاتی ہے جس کو دیکھ کر تمام بنی نوع انسان اُس کے سامنے اپنا سر اطاعت جھکا دیتے ہیں۔

اس کے علاوہ یہ شمع ہدایت متعدد بہترین خصائل کا مرکز ہے جن میں سے چند مندرج ذیل ہیں۔

(۱) شفقت پدری۔ ہزارہا انسان بادشاہ کی اس مہر و محبت کے سایۂ عاطفت میں پرورش پاتے ہیں اور اختلاف مراتب کی وجہ سے فتنہ و فساد کی شورش برپا نہیں ہوتی۔ بادشاہ اسی جذبے کے تحت اپنی دور اندیشی سے زمانے کی نبض شناسی فرماتا اور رفتار زمانہ کے مطابق حکمرانی کرتا ہے۔

(۲) دریا دلی۔ یہی وہ جذبہ ہے جس کی وجہ سے کسی ناگوار منظر کو بھی دیکھ کر بادشاہ کے مزاج میں تغیر نہیں واقع ہوتا اور طوفان بے تمیزی کے باعث فرماں روا کے عزم و استقلال اور اُس کی قوت فیصلہ میں فرق نہیں آتا۔ بادشاہ اپنی شاہانہ ہمت سے آگے قدم بڑھاتا ہے اور اُس کے خداداد عزم میں دو چند اضافہ ہو جاتا ہے۔ کسی مجرم کی شخصیت بادشاہ کے قلب کو مرعوب نہیں کر سکتی۔ حقیر و بزرگ کم مایہ و امیر حصول مقاصد کے لئے بادشاہ کے گرد جمع ہوتے ہیں اور ہر شخص کا دست سوال بلا انتظار کی تکلیف اُٹھائے ہوئے کو ہر مراد حاصل کر لیتا ہے۔

(۳) روز افزوں توکل۔ بادشاہ خدا کو کارساز حقیقی جانتا ہے اور دنیاوی اسباب کی پراگندگی اُس کی جمعیت خاطر کو درہم و برہم نہیں کر سکتی۔

(۴) طاعت و عبادت۔ ارادوں کی کامیابی بادشاہ کے قلب سے خدا کی یاد کو نہیں بھلاتی اور کسی قسم کی ناکامی اُسے کارساز حقیقی کے آستانے سے اُٹھا کر فانی و مجازی واسطوں کے در پر نہیں لے جاتی۔ حقیقی حکمران کی نفسانی خواہشوں کی باگ ہمیشہ عقل کے ہاتھ میں رہتی ہے۔ تمناؤں کے بے پایاں جنگل میں بادشاہ دنیاوی مقاصد کا فریفتہ ہو کر کبھی بیچین نہیں ہوتا اور نہ کبھی ناشائستہ شئے کی تلاش و محبت میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اپنا قیمتی و مبارک وقت ضائع کرتا ہے۔ بادشاہ غیظ و غضب کو جو سرمایۂ ظلم ہے اس طرح عقل کا تابع بناتا ہے کہ قہر و ستم جو حقیقی طور پر نابینا ہیں کبھی اپنا ہاتھ بلند نہیں کرتے اور بے پروائی حد اعتدال سے قدم نہیں بڑھا سکتی۔

بادشاہ تلطف و مدارا کو اپنا شعار بناتا ہے تاکہ منحرف و برگشتہ اشخاص کو بھی بغیر پردہ دری کی ذلت و رسوائی برداشت کئے راہ راست پر واپس آنے کا موقع ملتا رہے۔

حقوق کے فیصلے میں بادشاہ خود داد خواہ نظر آتا ہے اور سائل اس کے رحیمانہ برتاؤ سے اپنے کو حاکم عدالت خیال کرتا ہے۔ بادشاہ سائلوں کو بہت زیادہ امید و بیم میں گرفتار نہیں رہنے دیتا اور مخلوق کی خوشنودی کو خالق کی رضامندی خیال کرتا ہے۔ بادشاہ مخلوق کو کبھی کسی ایسے امر پر خوش ہونے کا موقع نہیں دیتا جو عقل کے خلاف ہو اور ہمیشہ حق پسند افراد کا جویاں رہتا ہے۔ اس فرماں روا کو سخن شیریں ثمر سے گو بظاہر کتنا ہی تلخ کیوں نہ ہو، غصہ نہیں آتا اور ہمیشہ گفتگو کا محل اور معروضہ کرنے والے کی شخصیت اس کی نگاہ کے سامنے حاضر رہتی ہے۔ بادشاہ اس قدر انصاف دوست ہے کہ صرف خود ظلم و ستم سے پرہیز کرنے پر قناعت نہیں کرتا بلکہ اس کی اصل تمنا یہ ہوتی ہے کہ اس کی تمام قلمرو میں بیداد کا نام بھی نہ سنائی دے۔

بادشاہ ہر وقت رفتار زمانہ کی دیکھ بھال رکھتا ہے اس کے جسم کو کسی تباہ کن آزار کا شکار نہیں ہونے دیتا اور ہر بیماری کا بہترین علاج کرتا رہتا ہے جس طرح حیوانی مزاج عناصر کے صحیح ارتباط سے حد اعتدال پر رہتا ہے اسی طرح زمانۂ سیاست کی طبیعت بنی نوع انسان کے مراتب کی صحیح تقسیم سے معتدل رہتی ہے اور اس طرح انسانوں کے مختلف گروہ یکدلی و یکجہتی کے پرتو سے جسم واحد کے حکم میں داخل ہو جاتے ہیں۔ انسانی گروہ چار قسموں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

(۱) جرّی و بہادر افراد۔ ان کا مرتبہ جسم عالم میں عنصر آتش کے موافق ہے اس گروہ کی قہر آمیز عقل کے شعلے سے شورہ پشت اشخاص کا تمام سامان فتنہ پردازی خاک سیاہ ہوتا ہے اور دنیا کی پُرآشوب فضا میں سکون و آسائش کے چراغ روشن ہو جاتے ہیں۔

(۲) پیشہ ور و سوداگر۔ ان کا مرتبہ ہوا کا ہے۔ اس گروہ کی کاریرداری اور سیر و سیاحت سے خدا کی نعمتیں ہر شخص کے لئے عام ہو جاتی ہیں اور نسیم مراد کے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جھونکوں سے شجر حیات تازہ و شاداب ہوتا ہے۔

(۳) اہل قلم جس میں حکیم، طبیب، محاسب، مہندس، اہل نجوم وغیرہ داخل ہیں۔ یہ گروہ پانی کا حکم رکھتا ہے جس سے قلم و عقل کی روانی سے خشک سال دنیا میں ایک دریا بہتا ہے جو گلشن عالم کو سیراب کر کے اس کے ہر گوشے میں ایک خاص شادابی و سرسبزی پیدا کرتا ہے۔

(۴) کسان و مزدور۔ اس گروہ کو خاک سے تشبیہ دے سکتے ہیں۔ ان کی محنت و مشقت سے سرمایۂ زندگی کی تکمیل ہوتی ہے اور ان کی کارپردازی قوت و شادمانی پیدا کرتی ہے۔

ان وجوہات کی بنا پر بادشاہ کے لئے ضروری ہے کہ ان میں سے ہر گروہ کو اس کے مناسب مرتبہ عطا فرما کر دنیا کو آباد و معمور کرے اور شخصی قابلیت کو دوسروں کی قدر افزائی کے ساتھ اس طرح ہمعنان رکھے کہ زمانے کی شورش و فساد بالکل نیست و نابود ہو جائیں اور مزاج عالم ہمیشہ اعتدال پر قائم و برقرار رہے۔

جس طرح کہ سیاسی شخصیت مذکورۂ بالا چار مراتب انسانی کے ارتباط سے معتدل رہتی ہے اسی طرح شہنشاہیت بھی چار خدام دولت کی محتاج ہے جو اس کے ظاہری و باطنی نظام کو حد اعتدال سے منحرف نہیں ہونے دیتے۔

(۱) اعیان مملکت۔ یہ گروہ ہر وقت اپنی حقیقت شناسی کے باوجود کار دبار سلطنت کو بہترین طریقے پر انجام دیتا ہے اور میدان جنگ میں اپنی عقیدتمندی کا کامل طور پر اظہار کر کے جان نثاری میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کرتا۔

خوش نصیب اہل دربار عنصر آتش کے مماثل ہے جو خود قلوب کو نور اطاعت سے روشن اور دشمن کو نار غضب سے خاک سیاہ کرتا ہے۔ اس گروہ کا صدر وکیل سلطنت ہے جو اپنی خداداد عقل کے وسیلے سے اخلاص کے چاروں مدارج (ترک جان۔ ترک مال۔ ترک ناموس۔ ترک دین) طے کر کے ملکی و مالی ہر معاملے میں بادشاہ کا نائب ہوتا ہے۔ مجلس مشورت کو اسی شخص کے دم سے رونق حاصل ہوتی ہے اور سلطنت کے اہم معاملات اس کی تدبیر سے خوبی کے ساتھ طے ہوتے ہیں۔ ترقی و تنزل تقرر و برطرفی وغیرہ اسی کی صائب رائے کے مطابق عمل میں آتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اس شخص کو تجربہ کار و صائب الرّائے ہونا چاہیئے اور اس کا حوصلہ بلند اُس کی ہمت عالی طبیعت نیک اور دل غنی ہونا ضروری ہے وکیل کو صلح پسند و کشادہ پیشانی ہونا چاہیئے اس کے اخلاق اس قدر وسیع ہوں کہ عزیز و بیگانہ اس کی نگاہوں میں برابر ہوں اور دوست و دشمن سب کے ساتھ یکساں سلوک کرے۔

اہم معاملات کو خوبی سے حل کرے صداقت پسندی اس کا شعار ہو عام اشخاص کو آداب سلطنت کی تعلیم کرے اور خود دیگر افراد کی نگاہوں میں صاحب وقعت ہو ضرورت کے وقت مشورہ طلب کرے اور صحیح مشورے پر عمل کرنا ضروری خیال کرے امانت دار اعتیاط پسند دور اندیش ہو آداب شاہی سے واقف اور امور سلطنت کا بہترین شناسا ہو کار امروز بہ فردا مگذار پر عمل کرے اور اپنے فرائض کے تنوع سے پریشان خاطر نہ ہو عام اشخاص کی تمناؤں کو پورا کرنا اپنا فریضہ سمجھے اور اپنے تمام احکام و اعمال کی بنیاد محکوم طبقے کی رتبہ شناسی پر رکھے ہر دل عزیزی کو بہت بڑی نعمت سمجھے اور کم مرتبہ اشخاص سے بھی عزت و اخلاق سے پیش آئے اس امر کا لحاظ رکھے کہ گفتگو میں یاوہ گوئی اور افعال میں بیہودگی نہ ہو۔

اگرچہ خزانے کے دفاتر براہ راست اُس کے ماتحت نہیں ہوتے لیکن اُن محکموں کے احکام اجرائی حکم کے اسناد اسی افسر اعلیٰ سے حاصل کرتے ہیں اس شخص کو چاہیئے کہ تمام احکام کا ایک خلاصہ دیانت و فراست کے ساتھ اپنے پاس رکھے میر مال، مہردار، میر بخشی، بارہ بیگی، توریبگی، میر توزک، میر بحر، میر بر، میر منزل، خوان سالار، قوش بیگی، آختہ بیگی، اسی گروہ میں داخل ہیں ان میں سے ہر شخص کو دیگر افراد کے فرائض سے واقف ہونا ضروری ہے۔

(۲) **ارکین سلطنت**۔ محاصل ملک کے جمع کرنے والے اور نیز وہ اشخاص جو داخل و خارج سلطنت کے کارپرداز ہیں فرمانروائی کے قیام حقیقت میں ہوا کا حکم رکھتے ہیں۔ یہ گروہ نسیم دلنواز بھی ہے اور سموم جانگداز بھی ان کا افسر اعلیٰ وزیر سلطنت ہے جس کو دیوان بھی کہتے ہیں یہ امیر بادشاہ کا نائب اور محکمۂ مال کا حاکم اعلیٰ ہے خزانوں کی حفاظت کرنا اور تمام حسابات کی تنقید اور ان کی جانچ پڑتال کرنا اسی افسر اعلیٰ کا کام ہے۔ وزیر نقد محاصل کا خزانہ دار اور ویران کدۂ دنیا کا آباد کنندہ ہے اس افسر کو

دین الٰہی کا پیرو، علم حساب کا ماہر، سیر چشم، بیدار مغز، رحم دل، پرہیزگار، کارکن، خوش تحریر، انشا پرداز، راست گو، دیانت دار، شگفتہ رو و جفاکش ہونا چاہیئے۔

یہ افسر دراصل صاحب دفتر ہے جو اپنی دور اندیشی سے مستوفی کی ہر مشکل کو حل کرتا ہے جو اہم معاملہ کہ وزیر سے بھی حل نہیں ہوتا اس کو وکیل سلطنت طے کرتا ہے مستوفی (صدر محاسب) صاحب توجیہ (محاسب فوج) اور اداریہ نویس (محاسب بارگاہ) ناظر بیوتات (محافظ بارگاہ) دیوان بیوتات (مہتمم کارخانہ جات شاہی) دیوان بیوتات (محاسب کارخانہ جات شاہی) مشرف گنجور (صیغہ دار خزانہ) واقعہ نویس اور عامل دیوان کے ماتحت اور اُس کی ہدایت و احکام کے پابند ہیں۔

اکثر فرماں روا وزارت کو وکالت کا ایک جزو سمجھتے ہیں اور اس امر کے متمنی رہتے ہیں کہ ملک میں کوئی ایسا جامع شخص مل جائے جو ان ہر دو ایوان سلطنت کا کام انجام دے۔

اکثر اوقات وکیل سلطنت تمام صفات سے موصوف دستیاب نہیں ہوتا ایسی صورت میں کسی ایک شخص کو جس میں فی الجملہ صفات وکالت پائے جاتے ہوں مشرف دیوان مقرر کر لیتے ہیں یہ شخص اپنے عہدے کے لحاظ سے وکیل سے کم اور وزیر سے عالی مرتبہ ہوتا ہے۔

(۳) **حاضرین بارگاہ**۔ یہ گروہ اپنی فہم و فراست کی روشنی اور معاملہ فہمی کی منور شعاع اپنی زمانہ شناسی اور قوت مزاج دانی اپنی کشادہ پیشانی و شیریں زبانی سے بارگاہ سلطنت کا وہ گراں بہا جواہر ہے جو اپنے حسن عقیدت و خیر اندیشی سے بازار دنیا میں نیکیوں اور خوبیوں کے ہزاروں انبار لگا دیتا ہے۔

یہ فرقہ اپنی روشن رائے اور صحیح عقل و دانش سے حرص و طمع کو پابہ زنجیر کرتا اور جنگ گاہ عالم میں اپنی حکمت و دانائی کے ابر بارندہ سے غیظ و غضب کی آگ کو بجھا دیتا ہے۔ سیاست ملک کے جسم میں یہ گروہ پانی کا حکم رکھتا ہے اگر اس کا مزاج صاف رہا اور ان کی طبیعت میں کسی قسم کی آمیزش نہ ہوئی تو یہ گروہ دنیا سے کدورت و مصائب کے گرد و غبار کو دور کر کے بزم عالم کے ہر گوشے کو تر و تازہ کرتا ہے اور اگر اُن کے طبائع حد اعتدال سے گزر گئے تو تمام دنیا سیلاب حوادث کے تلاطم خیز طوفان میں غرق آب ہو جاتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اس فرقے کا سرگروہ حکیم ہے یہ شخص اپنی فہم و فراست اور اپنے حکمت آموز افعال سے برگشتہ و جاہل افراد کے اخلاق کو درست کر کے دُنیا کی اصلاح کرتا ہے۔ صدر، میر عدل، قاضی، طبیب، منجم، رمّال اور شاعر وغیرہ اس گروہ میں داخل ہیں۔

(۴) **اصحاب خدمت**۔ یہ گروہ بادشاہ کے حضور میں اپنی خدمات کو انجام دیتا ہے جسم سلطنت میں یہ فرقہ خاک سے مشابہ ہے۔ اس گروہ کے ارکین شاہراہ بندگی کے افتادہ غلام اور حکمراں کی منزل تقرب کے جاروب کش ہیں جہاں ہر وقت شاہی رعب و داب سے اُن کے دل کانپتے رہتے ہیں اگر یہ ارکین کثافت و زنگ سے پاک ہیں تو ان کا وجود اکسیر ہے ورنہ چہرۂ مقصود کا وہ بدنما داغ ہیں جس پہ نظر ڈالنا بھی وبال جاں ہے۔

خواص۔ قورچی، شربت دار، آبدار۔ توشکچی اور کرکیراق وغیرہ اسی طبقے میں داخل ہیں۔

اگر فرماں روا کے گرد ایسے خدّام کا مجمع ہو جن کو خدا نے طالع مسعود و صفات حسنہ عطا کئے ہوں تو ان مختلف اشخاص کی اجتماعی حالت ایک ایسا گلدستۂ خوش نصیبی ہے جس کی خوشبو سے ساری دُنیا مہک اُٹھتی ہے۔

اقبالمند فرماں روا جس طرح اوّل چار گروہ کی پرورش و تربیت سے دُنیا میں اعلیٰ انتظام کرتا ہے اس طرح سلطنت و فرمانروائی میں بھی موخرالذکر چار طبقوں کے وجود و ان کی بگھدا لکشت سے بہترین آرائش و زینت کا اضافہ کرتا رہتا ہے۔

قدیم عقلا نے مندرجۂ ذیل چار رکن سلطنت قرار دئے ہیں۔

(۱) **دیانتدار عامل** جس کا فریضہ یہ ہے کہ کاشتکاروں کی حفاظت اور رعایا کی پاسبانی کے علاوہ مُلک کو آباد و مرفہ الحال اور خزانے کو معمور کرے۔

(۲) **فوج کا بیدار دل سپہ سالار**۔ اس افسر پر لازم ہے کہ فرائض منصبی کو خوبی کے ساتھ انجام دے اور ماتحتوں کو اپنا ممنون احسان بنانے کا خواہشمند نہ ہو۔

(۳) **میر داد**۔ یہ رکن سلطنت حرص و خود غرضی سے پاک ہو کر بیدار مغزی کو اپنا شعار اور مستدر استی کو اپنا اجلاس بنائے اس افسر کو چاہیئے کہ سوالات جرح کر کے مقدمات کی تہ کو پہنچے اور صرف شہادت و حلف پر کاربند نہ ہو۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۴) جاسوس (واقعہ نویس) جو واقعاتِ عالم کو بے کم و کاست درج کرے اور صداقت کا دامن مضبوط پکڑ کر دور بینی کو کسی وقت بھی ہاتھ سے نہ جانے دے۔

انصاف دوست فرماں روا کے لئے یہ امر ناگزیر ہے کہ عنانِ حکومت اپنے ہاتھ میں لے کر پنج اقسام کے افرادِ عالم سے صحیح معرفت حاصل کرے اور اسی علم کے مطابق عقل و فراست کے ساتھ حکمرانی کا ڈنکا بجائے۔

بہترین انسان وہ مردِ دانا ہے جو ضروریاتِ زمانہ کو عقل و دانش کے ساتھ فراہم کرنے کا انتظام فرمائے۔ اُس کی نیکیوں کا سرچشمہ ایسا تنگ و محدود نہ ہو جس سے صرف اسی کا کوچہ سیراب ہو بلکہ اس چشمے کی نہریں ایسی عام فیض رساں ہوں کہ ساری دُنیا کی کشتِ امید اُن سے سرسبز ہو یہی شخص فرماں روا کو اہم معاملاتِ سلطنت میں مشورہ دینے کے لئے بہترین مشیر ہو سکتا ہے۔

اس کے بعد دوسرا مرتبہ اُس نیک خیال شخص کا ہے جس کے محاسن کا دریا صرف اسی کے متعلقات تک محدود رہے اور دیگر بنی نوع انسان اس کے چشمۂ فیض سے مستفید نہ ہو سکیں اگرچہ یہ شخص بھی توقیر و محبت کے لائق ہے لیکن اوّلیں انسان سے بمراتب کم ہے جس پر اس درجہ اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔

تیسرا مرتبہ اُس سادہ لوح انسان کا ہے جس کے افعال میں نہ احسان و نیکی کی جھلک ہو اور نہ اُس کا دامن بے مہری و بدکرداری کے غبار سے آلودہ ہو اگرچہ ایسا شخص کسی عزت و محبت کا سزاوار نہیں ہے لیکن اس امر کا مستحق ضرور ہے کہ اس کو اتنا مواقع دیا جائے کہ خود اپنی زندگی آرام و آسائش سے بسر کرے۔

چوتھا مرتبہ اس خوابیدہ بخت انسان کا ہے جو خود تو اپنی برائیوں کا پورا شکار رہے لیکن دیگر اشخاص اس کی سیہ کاری کے نقصانات سے محفوظ ہوں۔ فرمانروائے ملک ایسے شخص کو ہمیشہ ناکامی کی حرارت سے تشنہ لب رکھتا ہے اور اپنی عمدہ ترین نصیحتوں اور شدید ترین سزا و ملامت سے اس برگشتہ انسان کو نیکوکاری کے صراطِ مستقیم پر لے آتا ہے۔

سب سے کم مرتبہ و بدترین خلائق وہ انسان ہے جس کی سیہ کاری سے دیگر افرادِ عالم کے قلوب بھی تاریک اور اس کی بدکرداری سے تمام دُنیا رنج و الم میں گرفتار رہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اگر اس مریض کو خوابیدہ بخت انسان کا معالجہ راست نہیں آتا تو فرمانروا جو طبیب روحانی ہے اس کو مبروص سمجھ کر دیگر افراد کے میل جول سے باز رکھتا ہے۔ اگر اس ضرب سے بھی یہ سیہ بخت خواب غفلت سے بیدار نہ ہوا تو پھر شکنجۂ غضب سے اس کا علاج کر کے دنیا کے کسی کام کی اس کو اجازت و موقع نہیں دیا جاتا۔ اگر یہ دوا بھی اس کے مزاج کے موافق نہ ہوئی تو آبادی دنیا سے اس کو علیحدہ کر کے گوشۂ تاریکی میں قید کر دیتے ہیں لیکن اگر یہ علاج بھی اس سیہ بخت کو سود مند نہ ہوا تو اس کی آنکھوں کو بے نور دست و پا کو بیکار اور اس کے مجرم اعضاء و جوارح کو مجروح کرتے ہیں لیکن اس کے رشتۂ حیات کو منقطع نہیں کرتے۔ روشن ضمیر عقلا انسانی پیکر کو نمونۂ صنعت الٰہی سمجھ کر اس کو تباہ و خراب کرنے کی اجازت نہیں دیتے۔

انصاف پرور سلاطین کے لئے یہ امر بیحد ضروری ہے کہ وہ اپنی غائر نگاہ روشن عقل و فراست سے پیشتر انسانی اعمال و مراتب سے آگاہی حاصل کریں اور اس کے بعد کارفرمائی کے احکام و قوانین جاری کریں۔

یہی وجہ ہے کہ قدیم عقلا نے لکھا ہے کہ وہ سلاطین جن کے ہاتھ میں عنان عقل رہتی ہے ہر کم مایہ کو خدمت پر مامور نہیں کرتے اور نیز یہ کہ ہر خادم کو روزانہ شرف دیدار کا مستحق نہیں سمجھتے اور ہر ایسے بہرہ اندوز کو بساط تقرب پر بیٹھنے کی اجازت نہیں دیتے اور ہر حاشیہ نشین شاہی کلمہ و کلام و نیز مخاطبت کی عزت نہیں پاتا۔ ہر مخاطب بارگاہ شاہی میں باریاب ہونے کی سعادت حاصل نہیں کرتا اور ہر خوش نصیب جو اس نعمت سے بہرہ اندوز ہوتا ہے وہ رازدانی کے گراں پایہ مرتبے پر فائز نہیں ہوتا اور ہر رازدار سلطنت مشیران دولت کے اہم بلند ترین گروہ میں شامل نہیں ہو سکتا۔

خدا کا شکر ہے کہ ہمارے عصر کا فرماں روا تمام بہترین عادت و خصائل کا ایسا کامل مجموعہ ہے کہ اگر ہم اس کو صدر نشین ایوان سلطنت کہیں تو ہرگز بیجا نہ ہوگا ہمارے فرمانروا نے اپنے نور عقل سے انسان کے مختلف مراتب کا اندازہ فرما کر بلا کسی کوشش و واسطہ کے ہر چہار جانب عملی چراغ روشن فرما دئے ہیں زبان و قلم میں یہ قدرت کہاں جو ہم اپنے مالک کے روحانی مدارج و نیز آقائے نامدار کے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

قدسی صفات اعمال و کردار کی تفصیل تقریر یا تحریر کے ذریعے سے بخوبی بیان کر سکیں اور اگر بفرض محال بشتے نمونہ از خروارے چند امور کی نشاندہی کریں بھی تو قوت سامعہ میں اُس کے سننے کی اور دماغ میں اُن کے سمجھنے کی تاب و طاقت کہاں سے پیدا کریں اس لئے بہتر ہے کہ اپنے عجز کا اظہار کر کے اس اہم فریضے کی ادائی سے اپنے کو معذور سمجھیں اور جہاں پناہ کے ان آئین و قوانین کا ذکر کریں جو قبلۂ عالم نے عالم ظاہر یعنی دُنیائے فانی کی بہبود و رفاہ کے لئے جاری فرمائے ہیں۔

چونکہ کارخانۂ فرمانروائی میں تین قسم کے احکام ناگزیر ہیں یعنی منزل آبادی سیاہ آبادی۔ مُلک آبادی۔ انھیں ہر سہ رفاہ پر توجہ فرمانا اولوالعزم سلاطین کا کام ہے۔

ابوالفضل مبارک پہلے آئین منزل آبادی کو اور بعد اس کے آئین سپاہ آبادی اور سب کے آخر میں قوانین مُلک آبادی کو اس کتاب میں تفصیل کے ساتھ درج کر کے عملی دُنیا کے طلبگاروں کے لئے بہترین تحفہ یادگار چھوڑتا ہے جو بظاہر مشکل لیکن حقیقتہً آسان یا یہ کہ بظاہر آسان مگر اصولاً دشوار ہے۔ تجربہ کار و تیز فہم حضرات جو عقل سلیم کے باوجود قدیم تاریخ سے بھی واقفیت رکھتے ہیں اس شبہے میں گرفتار ہو سکتے ہیں کہ سلاطین و فرمانروایان گزشتہ نے بغیر ان فراست انگیز قواعد و قانون کی واقفیت کے کیوں کر عالم میں اپنی حکومت کا ڈنکا بجایا اور بغیر اس دریائے فراست کی آبیاری کے کیونکر ان کی سلطنتوں کا گوشہ گوشہ سرسبز و شاداب ہوا۔

اسی خیال و شبہ کو رفع کرنے کے لئے میں نے اس کتاب میں تین عنوان قائم کر کے ہر عنوان کے تحت آئین و قوانین مندرج کر دیئے ہیں اور ان بیشمار نعمتوں کا جو مجھ کو عطا فرمائی گئی ہیں اس طرح قلیل شکریہ ادا کر دیا ہے۔

ہدایات مصنّف

چونکہ میں نے اس دفتر میں بعض مقامات پر ہندی الفاظ استعمال کیئے ہیں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اس لئے حروف کے تعیین و اعراب کی صحت میں بہت کوشش کی ہے۔ میرا مقصد صرف یہ ہے کہ واقفیت طلب ناظرین کو کسی طرح کی مشکل پیش نہ آئے اور تحریف کی وجہ سے کوئی خرابی نہ پیدا ہو جو غلطی و مغالطہ کا باعث ہو۔ الف و لام یا ان کے مثل دیگر حروف اپنے اسماء کی وجہ سے قطعاً واضح و صاف ہیں۔ بعض حروف کو میں نے نقطوں سے معین کر دیا ہے اور جو حروف کہ ان منقوطہ حروف سے مشابہ ہیں وہ غیر منقوط ہونے کی وجہ سے بخوبی سمجھ میں آجاتے ہیں۔

جو حروف کہ فارسی نژاد ہیں اُن کو بالکل ممتاز کر دیا ہے۔ جیسے بائے پدید و جیم چین و کاف گنگار و ژائے مژدہ وغیرہ اور کبھی ان حروف کو تین نقطے والے حروف کہہ کر واضح و صاف کیا ہے۔

جو حروف کہ زبان فارسی میں بھی مستعمل نہیں ہیں اُن کو ہندی لکھ کر شک کو دور کر دیا ہے۔

یائے ۔ وہی دنائے دسہت کو تحتانی و فوقانی لکھ کر ممتاز کر دیا ہے۔

بائے آدب کو بلا کسی قید کے بے کے نام سے یاد کیا ہے۔

حروف تا اؤ۔ نون۔ یائے وہائے کی اگر پوری اور صحیح آواز نکلتی ہے تو ان کو بلا کسی قید کے اسی طرح تحریر کیا ہے لیکن نون غنہ کو جیسے نون جان نون خفی یا نون یہاں لکھ کر املا کو واضح کر دیا ہے۔

بعض حروف ایسے ہیں جو لکھے جاتے ہیں مگر پڑھے نہیں جاتے جیسے ہائے فرخندہ ان حروف کو میں نے مکتوب لکھ کر شک کو دور کر دیا ہے۔

اعراب میں زیر و پیش جہاں کہیں کہ صاف و اصل آواز نہیں دیتے وہاں اُن کو مجہول لکھ کر تلفظ کو واضح کر دیا ہے اور چونکہ الف کے ماقبل زبر کا ہونا ضروری ہے اور مخفی ہمیشہ ساکن ہوتا ہے اس لیے اس کے اعراب کو کسی قید کے ساتھ مقید نہیں کیا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بابائے قوم محمد علی جناح

دفتر اوّل

آئین (۱)

منزل آبادی

بلند ہمت و عالی فطرت وہ شخص ہے جو بلا غیر کی مدد کے دُنیا کے ہر ذرے کو قدرت الٰہی کی نیرنگی کا جلوہ گاہ جانے اور اپنے ظاہری و باطنی عادات و اطوار کو اسی حقیقت شناس رفتار کے سانچے میں ڈھالے اور اس کے بعد شناسائی پیدا کر کے اپنے اور پرائے سبھوں کی قدر و عزّت افزائی کرے۔ جو شخص اس بلند مرتبے پر نہ پہنچے اُسے چاہیئے کہ دُنیا کے مشاغل میں مصروف نہ ہو بلکہ نرمی و ملائمت کو اپنا دستور العمل بنائے۔ اگر یہ بلند و حقیقت شناس آدمی خلوت کے گوشۂ تنہائی میں جا بیٹھتا ہے تو پسندیدہ و قابل عزّت عادتیں اختیار کرتا ہے اور اگر دُنیا کے سامنے آکر اپنے ابنائے جنس کے ساتھ زندگی بسر کرتا ہے تو جان و دل سے اپنے کام کو حسن انتظام کے ساتھ پورا کرنے کی کوشش کرتا ہے اور ہر تکلیف دِہ فکر سے آزاد ہو کر اپنی زندگی کے دن بسر کرتا ہے۔ روحانی و جسمانی، دینی و دُنیاوی کسی قسم کی بھی بزرگی ایسے شخص کو حقیر سے حقیر کام کے انجام دینے سے بھی باز نہیں رکھتی بلکہ ہر کام کو سرانجام دینا اس کے نزدیک خدا کی عبادت بندگی ہے جسے وہ خلوص کے ساتھ ادا کرتا ہے۔

اگر ایسا شخص ہر کام کو اپنے ہاتھوں سے خود تنہا انجام نہیں دے سکتا تو اُسے چاہیئے کہ اپنی انجام بیں نگاہ و احتیاط پسند تجربے سے دو ایک ماتحت جو فہم و فراست

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آزادئ خیال۔ محنت و مشقت و نیز قلوب کے حالات کی شناخت کرنے میں کامل ہوں منتخب کرے اور امور سلطنت اُن کے سپرد کر کے خود کامل نگہداشت کرے۔

جو بادشاہ کہ صرف بڑے بڑے کاموں کو انجام دیتا ہے عقلمند لوگ اُسے اصلی معنوں میں فرمانروا نہیں کہتے۔ اگرچہ بعض ایسے حکمران کو جو صرف اعلیٰ امور پر توجہ کرے اور ادنیٰ افعال کو نظر انداز کرے بُرا نہیں سمجھتے اس لئے کہ طامع و خوشامدگُن افراد جو حیلہ سازی سے اپنے کو نیک طینت اشخاص کے گروہ میں داخل کرنے کی کوشش کیا کرتے ہیں اکثر اوقات ایسے حکمرانوں سے بنی نوع انسان کے مختلف طبقات کے مراتب کی کمی و بیشی کی گفتگو کر کے ان فرمانرواؤں کو جو فقط ظاہری عظمت کے دلدادہ ہیں ہمیشہ کے لئے خواب غفلت میں مبتلا کر دیتے ہیں۔ ایسے مکار خوشامدیوں کا اس حیلہ سازی سے صرف یہی مقصد ہوتا ہے کہ اپنے لین دین کی دُکان کو بارونق بنائیں اور اس طرح اپنے اغراض اور اپنے مطالب کو پورا کر کے اپنا گھر آباد کریں۔ برخلاف اس کے بلند طالع فرمانروا چھوٹے اور بڑے کاموں میں کوئی فرق نہیں سمجھتے بلکہ خدا کی مدد اور اس کی توفیق و نیز اپنی عالی ہمتی سے دین و دنیا دونوں جہاں کا بوجھ اپنے کاندھے پر رکھ کر بےفکری اور آرام و آسائش کے ساتھ زندگی بسر کرتے ہیں جیسا کہ ہمارے زمانے کے بادشاہ عالیجاہ کا حال ہے۔

قبلۂ عالم نے اپنی فہم و فراست سے ہر محکمے کے کامیاب عملدرآمد سے ذاتی واقفیت حاصل کی ہے اور یہی چیز ہے جسے اگرچہ قدیم حکمرانوں نے ہیچ و کمتر سمجھا ہے لیکن دراصل یہی عمل بہترین سلطنت کے سنگ بنیاد رکھنے کا پہلا قدم ہے۔

جہاں پناہ نے ہر سررشتے کے خاص آئین بنائے ہیں اور اس کام کے سرانجام دینے میں خدا کی رضامندی حاصل کرنے کی کوشش فرماتے ہیں۔

اس وسیع و عجیب انگیز عملدرآمد کی کامیابی دو امور پر منحصر ہے۔ اوّل یہ کہ انجام بینی اور فہم و فراست سے آئین و قوانین کو وضع کرنا دوسرے ان قوانین کا عملدرآمد راستباز و جفاکش افراد کے سپرد کرنا اور یہ دیکھنا کہ وہ قوانین اپنی جگہ پر پوری طرح برتے جاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اگرچہ بیشمار ملازمین کی تنخواہ فوجی مد سے ادا کی جاتی ہے لیکن باوجود اس کے خانگی اخراجات میں سنہ ۳۹ الٰہی میں (۳۰۹۱۸۶۷۹۵) تیس کرور اکانوے لاکھ چھیاسی ہزار سات سو ستانوے دام صرف ہوئے (چالیس دام کا ایک روپیہ ہوتا ہے اس حساب سے مذکورۂ بالا دام کے ۷۷۲۹۶۶۹ روپے چودہ آنے ہوئے) سلطنت کی آمدنی کے ساتھ اخراجات بھی روز بروز بڑھتے جاتے ہیں۔

ممالک محروسہ میں سو سے زیادہ محکمے اور کارخانے ہیں ہر محکمہ اور کارخانہ بمنزلہ ایک شہر بلکہ ایک ملک کے ہے لیکن بادشاہ کی ہمہ گیر نگرانی سے ہر محکمے کا انتظام خوبی کے ساتھ انجام پاتا ہے ہر سررشتے کی ترقی جس قدر ہر شاخ میں روز افزوں ترقی ہوتی جاتی ہے جس درجہ قبلۂ عالم مزید توجہ اور حضرت کے حسن انتظام سے نشو ونما پاتی رہتی ہے اسی قدر حضرت کی نگرانی و توجہ میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔

چند قوانین آئندہ نسل کی ہدایت کے واسطے لکھے جاتے ہیں اور اس طرح فہم و فراست و قوت عمل کی شمع روشن کی جاتی ہے جو آئین کہ عام طور پر ہر سہ آبادیوں میں نافذ ہیں انھیں میں نے آئین منزل آبادی میں درج کر دیا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲)

خزانہ داری

(۱)

ہر عاقبت اندیش وصاحب فہم وفراست جانتا ہے کہ خدا کی بہترین عبادت اور اُس کی اعلیٰ ترین اطاعت یہ ہے کہ زمانے کی مصیبتیں دور کی جائیں اور اہل زمانہ کی پریشانی رفع کرکے اُن کی حالت درست کی جائے۔ ہر شخص کو معلوم ہے کہ یہ اُسی وقت ممکن ہے جب کہ زمین کی کاشت میں ترقی گھر کی آبادی میں زیادتی اراکین سلطنت کے دل ودماغ میں مستعدی اور سپاہ کے اعمال میں راستی پیدا ہو۔

مذکورۂ بالا امور کے علاوہ خود فرمانروا کو خاص توجہ کرنے اور اپنی رعایا کی خبرگیری کرنے اور ملک کی آمدنی اور اخراجات پر نگرانی رکھنے کی بھی سخت ضرورت ہے۔

شہری اور قصباتیوں کا اپنی ضرورتوں کو خواہش کے مطابق پورا کرنا اور شائستگی کی برکتوں سے فائدہ اٹھانا اُسی وقت ممکن ہے جب کہ ان امور کی کافی نگہداشت کی جائے۔

انصاف پرور فرمانرواؤں کے لئے ہر دو قسم کی رعایا کا خیال رکھنا بیحد ضروری ہے۔ اگر کم فہم معترض یہ کہے کہ دولت کو جمع کرنا اور ضروریات زندگی سے زیادہ سازوسامان کے لئے ہاتھ پھیلانا ان حضرات کے نزدیک قابل نفرت ہے جنھوں نے قناعت کے گوشۂ عافیت کو طلب سوال پر ترجیح دی ہے، حالانکہ جو لوگ شہر میں رہتے ہیں اُن کی حالت بالکل اس کے خلاف ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ ایسا معترض دراصل ظاہر پرست اور کوتاہ بین ہے ورنہ اصل یہ ہے کہ ہر دو قسم کے انسان اپنی فکر کے موافق اپنی ضروریات زندگی کے فراہم کرنے میں کوشاں ہیں۔ ہتی دست سیر دل اشخاص

خوراک کی کافی مقدار و ضروری لباس اس قدر ضرور حاصل کر لیتے ہیں جس سے اُن کے اعضا میں اتنی قوت و طاقت باقی رہے کہ وہ اپنی ضروریات زندگی کو حاصل کر سکیں اور انھیں سردی و گرمی ہر دو موسم کے ناگوار اثر سے پناہ ملے۔

برخلاف اس کے دوسرے طبقے کو اس قدر دولت چاہیئے کہ وہ اپنے خزانے کو معمور اور جاہ و حشم کو اپنی بارگاہ پر جمع کریں اور نیز یہ کہ اسی طرح کے دیگر اسباب بھی پیدا کریں جن سے اُن کی قوت و طاقت میں روز افزوں ترقی ہو۔

اسی ارادے کی بنا پر جب جہاں پناہ نے کارفرمائی کے چہرے سے نقاب اُٹھا کر مہمات سلطنت پر توجہ فرمائی تو اعتماد خاں خواجہ سرا کو خطاب جو اُس کے مناسب حال تھا عطا کر کے اپنا رازدار بنایا۔ اعتماد خاں کی کارکردگی اور اُس کے تجربے سے بادشاہ کے ولی خیالات نے عملی جامہ پہنا۔ ان خیالات کے رونما ہونے میں روز افزوں ترقی ہوئی۔ یہاں تک کہ اُن سے قلبی تمناؤں کا اظہار روز روشن ہو کر چمکا (یعنی بہترین آئین و قوانین کی صورت میں ظاہر ہوا)۔

ممالک محروسہ کے ہر حصے کی آمدنی کی جانچ پڑتال شروع ہوئی اور راستی پیشہ و تجربہ کار کام کرنے والے عمال سلطنت کی فہم و فراست سے یہ کام بخوبی انجام پایا۔ اس ہمہ داں دور اندیشی سے جو یگانہ و بیگانہ میں تمیز کر سکے خالصہ اور جاگیر کی زمین جدا کی گئی۔

کارفرما و دیانتدار اشخاص مقرر کیے گئے اور ایک ایک کرور دام کی آمدنی کے حصے ہر ایک کے سپرد کیے گئے۔ سیر چشم پیشکجی اُن کے ہمراہ کام کرنے کے لئے مقرر کیے گئے اور ایک ایک خزانچی ہر محکمے کو عطا ہوا۔

بادشاہ نے اپنی مہربانی سے کاشتکاروں کی نگہداشت و پرورش کو مدنظر رکھ کر یہ حکم دیا کہ عمال شاہی مالگزاری جمع کرنے میں کسانوں پر اس امر کا زور نہ دیں کہ دوسرے کارمی رقم کو خالص و کامل وزنی سکوں میں ادا کریں بلکہ جس قسم کا روپیہ بھی کاشتکار ادا کریں محاصل کے جمع کرنے والے اس کو لے کر اپنی رسید انھیں دے دیا کریں۔

اس مفید ترین قاعدے سے عمال محاصل کے قلوب سے شکوک کا غبار دور ہوا اور رعایا نے طرح طرح کی سختیوں سے نجات پائی آمدنی میں زیادتی ہوئی اور سلطنت میں مرفہ الحالی پیدا ہوئی۔ محاصل کا سرچشمہ صاف ہوا اور ایک کارکن اور

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ایماندار شخص صدر خزانے کا اعلیٰ افسر منتخب کیا گیا اور ایک داروغہ اور ایک اہلکار اس افسر خزانہ کی مدد کے لئے مقرر کئے گئے۔ احتیاط و دور اندیشی کا دور دورہ ہوا اور اس محکمے کے لئے ایک اصل اصول قانون ہمیشہ کے لئے جاری ہو گیا۔

یہ حکم ہوا کہ جب صوبے کے خزانچی کے پاس دو لاکھ دام جمع ہو جائیں تو اسے چاہیئے کہ یہ رقم مع عریضۂ ارسال بارگاہ شاہی کے صدر خزانچی کے پاس بھیج دے اور اس کے ساتھ رقم کی نوعیت کی ایک تحریر بھی روانہ کرے پیشکش کی رقومات کے لئے ایک علیحدہ خزانچی مقرر کیا گیا۔ لاوارث کے مال کے لئے ایک تحویلدار اور نذر کی رقم کے لئے ایک تجربہ کار خزانچی جدا مقرر کیا گیا۔ جو رقم کہ بادشاہ کو تولنے اور خیرات دینے میں صرف ہوتی ہے اس کے واسطے علیحدہ ایک نیک بخت خزینہ دار کا تقرر عمل میں آیا۔ ہر قسم کے اخراجات کے لئے بہترین قانون بنائے گئے اور ہر سررشتے کے لئے راستباز منتظم دیانتدار داروغہ اور انشا پرداز پیشکچی جدا مقرر کئے گئے۔ جس قدر سالانہ اخراجات کی ضرورت ہوتی وہ اس خزینہ دار خرچ کو صدر خزانے سے ادا کیا جاتا ہے اور صحیح رسیدیں ان رقومات کی ادائی کی لے لی جاتی ہیں اس طرح اخراجات اور حساب و کتاب کا باضابطہ انتظام ہوا اور سلطنت میں ہر طرف سرسبزی و خوشحالی نظر آنے لگی۔

قلیل زمانے میں خزانہ معمور ہوا اور فوج میں خاطر خواہ اضافہ ہوا اور نافرمان افراد نے اطاعت قبول کر لی۔

ایران اور توران میں چونکہ ایک ہی خزانچی ہوتا ہے اس لئے حساب و کتاب صاف نہیں رہتا اور جانچ پڑتال میں دقت ہوتی ہے لیکن ممالک محروسہ میں چونکہ مالگزاری کی رقم بہت زائد وصول ہوتی ہے اور اخراجات کے مختلف مدات ہیں اس لئے بارہ خزانچی محاصل کی رقم جمع کرنے کے لئے مقرر کئے گئے ہیں۔ ان بارہ خزینہ داروں میں نو اشخاص مختلف اقسام کی نقدی رقومات جمع کرنے کے لئے اور تین جواہرات سونے و دیگر معدنیات کی نگہبانی و انتظام کے لئے متعین ہیں۔

خزانے کی معموری اور اس کی وسعت و اہمیت ایسی نہیں ہے جو کسی دوسرے سررشتے کے بیان میں ضمنی طور پر معرض تحریر میں آئے قبلۂ عالم اپنے وسیع معلومات

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

وکارکنان سررشتہ کی قدر افزائی کو مدنظر رکھ کر اس سررشتے کے حسن انتظام سے اکثر اپنی رضامندی کا اظہار فرماتے اور اہلکاروں پر نوازش فرماتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ہر قسم کے کاروبار میں رونق اور ترقی کے آثار نمایاں ہیں۔

ہر کارخانے کے لئے ایک خزانچی جداگانہ مقرر ہے ان خزینہ داروں کی تعداد سو تک پہنچتی ہے۔ روزانہ ماہواری وموسمی وسالانہ حساب کا عملدرآمد جاری ہے ہر مد کے اخراجات کا سرکاری داخلہ اور اُن کی رسیدیں محفوظ رہتی ہیں اور اس طرح اس سررشتے کا بھی ہر انتظام رونق پذیر ہے۔

اس کے علاوہ جہاں پناہ کے حکم سے ایک راستباز و دیانتدار شخص روپے اور اشرفیاں عام لوگوں کی حاجت روائی کے لئے آستانۂ شاہی پر ہمیشہ مہیا رکھتا ہے اور اس طرح حاجتمندوں کی کاربراری بلا تاخیر ہو جاتی ہے۔

بادشاہ کا یہ بھی حکم ہے کہ ایک کرور دام شاہی محل میں ہمیشہ موجود رہیں اور ان میں سے ہزار ہزار درم پلاس کی تھیلیوں میں جن کو زبان ہندی میں سہسہ کہتے ہیں بھر دئے جائیں (تھیلیوں کے انبار کو گنج کہتے ہیں)

بادشاہ اپنے ایک مقرب درباری کو ایک بہت بڑی رقم عنایت کرتا ہے تاکہ روپے کی عدم موجودگی سے ہرج نہ واقع ہو یہ رقم ہر وقت ہمیانی میں جس کو بہلہ کہتے ہیں موجود رہتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس قسم کے اخراجات کو ملکی زبان میں خرچ بہلہ کہتے ہیں۔ یہ تمام فوائد اور رعایا کی ہر طرح پرورش اور ان کی نگہبانی جہاں پناہ کی مہربانی و توجہ کا نتیجہ ہے۔ خدائے کریم قبلۂ عالم کو ہزار برس زندہ و سلامت رکھے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۳)

خزینۂ جواہر

اگر جواہرات کی حقیقتیں اور قسمیں اور اُن کی مقدار کی کیفیت لکھی جائے تو اس کو ایک مدت دراز درکار ہے اس لیئے خرمن سے ایک خوشہ لے کر اس سررشتے کا کچھ مختصر حال آگاہی کے لیئے لکھا جاتا ہے۔ جہاں پناہ نے اس محکمے کے لیئے ایک محنتی وصاحب فہم وہوشیار تپیکچی مقرر کیا ہے اور اس اہلکار کی مدد کے واسطے ایک تجربہ کار اور راستباز تحریر وجفاکش ونیک نیّت داروغہ ملازم رکھے ہیں ان کے علاوہ بادشاہ نے ہوشیار وہنرمند جوہری بھی متعین کر دیئے ہیں اور اس سررشتے کا سنگ بنیاد انھی چار ستونوں پر رکھ کر اس محکمے کو بلند پایہ بنایا ہے۔

محکمے کے ان نگرانکاروں نے ہر معدن کے مختلف مراتب قرار دے کر شک وشبہ کا کوئی موقع باقی نہیں رکھا۔

لعل۔ قسم اوّل کا لعل وہ ہے جس کی قیمت ہزار مُہر سے کم نہ ہو جس لعل کی قیمت نوّے سو ننانوے سے لے کر پانچ سو مُہر تک ہے وہ لعل قسم دوم میں اور چار سو ننانوے سے تین سو مُہر تک کا لعل تیسرے درجے میں رکھا ہے۔ اسی طرح ۲۹۹ سے دو سو مُہر تک کا لعل چوتھے درجے میں اور ۱۹۹ سے لے کر سو مُہر تک کا پانچویں درجے میں اور ۹۹ سے لے کر ساٹھ مُہر کا چھٹے درجے میں اور ۵۹ سے لے کر چالیس مُہر تک ساتویں درجے میں اور ۳۹ سے لے کر تیس مُہر تک آٹھویں درجے میں اور انتیس سے لے کر دس مُہر تک کا نویں درجے میں ہے ۹ سے لے کر (پوتے دس)

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

سے لے کر پانچ مُہر تک دسویں درجے میں اور ۴/۳ ۴ (پونے پانچ) مُہر سے لے کر ایک مُہر تک کا گیارھویں درجے میں اور ۴/۳ پون مُہر سے لے کر ایک روپے تک کا لعل بارھویں درجے میں رکھا گیا ہے اس سے زائد مراتب مقرر نہیں کئے گئے ہیں۔

الماس۔ زمرد۔ سرخ اور زرد یاقوت بھی اسی آئین و انتظام کے تحت میں داخل ہیں۔ نمبر اوّل کا جواہر تیس مُہر اور اس سے زیادہ قیمت کا قرار پایا۔ دوسرا نمبر ۴/۳ ۲۹ مُہر سے لے کر پندرہ مُہر تک۔ تیسری قسم ۴/۳ ۱۴ مُہر سے لے کر بارہ مُہر تک، چوتھی قسم ۴/۳ ۱۱ مُہر سے لے کر دس مُہر تک پانچویں قسم ۴/۳ ۹ مُہر سے لے کر سات مُہر تک چھٹی قسم ۴/۳ ۶ مُہر سے لے کر پانچ مُہر تک ساتویں قسم ۴/۳ ۴ مُہر سے لے کر تین مُہر تک آٹھویں قسم ۴/۳ ۲ مُہر سے ایک مُہر تک دسویں قسم ۴/۳ ۸ روپے سے پانچ روپے تک گیارھویں قسم ۴/۳ ۴ روپے سے دو روپے تک، بارھویں ۴/۳ ۱ روپے سے لے کر چار آنے تک۔

مروارید (موتی) یہ گراں قیمت جواہر سولہ قسم کا قرار پایا اور اس طرح ایک قسم دوسری قسم سے متمائز ہوئی تیس مُہر اور اس سے زیادہ کے بیس بیس موتیوں کو تاگے میں پرو کر اُن کی لڑیاں بنائی گئیں ۴/۳ ۲۹ مُہر سے لے کر پندرہ مُہر تک کی قیمت کے موتی دوسری قسم کے قرار پائے۔ ۴/۳ ۱۴ مُہر سے لے کر بارہ مُہر تک تیسری قسم۔ ۴/۳ ۱۱ مُہر سے لے کر دس مُہر تک چوتھی قسم۔ ۴/۳ ۹ سے لے کر سات مُہر تک کے پانچویں قسم۔ ۴/۳ ۶ سے لے کر پانچ تک کے چھٹی قسم۔ ۴/۳ ۴ مُہر سے لے کر تین مُہر تک کے ساتویں قسم۔ ۴/۳ ۲ مُہر سے لے کر دو مُہر تک۔ آٹھویں قسم کے ۴/۳ ۱ مُہر سے لے کر ایک مُہر تک کے۔ نویں قسم۔ ایک مُہر سے کچھ کم سے لے کر پانچ روپے تک کے۔ دسویں قسم۔ پانچ روپے سے دو روپے تک۔ گیارھویں قسم۔ دو روپے سے ۴/۳ ۱ روپے تک۔ بارھویں قسم۔ ۴/۳ ۱ روپے سے لے کر تیس دام تک۔ تیرھویں قسم۔ ۲۹ دام سے ۲۰ دام تک۔ چودھویں قسم۔ اُنیس دام سے لے کر دس دام تک۔ پندرھویں قسم۔ ۹ دام سے لے کر نصف دام تک۔ سولھویں قسم کے قرار دئے گئے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

یہ موتی اپنے اپنے مراتب کے موافق اسی تعداد کی لڑیوں میں پروئے جاتے ہیں جن سے ان کی صفتوں اور ان کے مدارج کا اندازہ ہوتا ہے چنانچہ سولھویں قسم میں سولہ لڑیاں ہوتی ہیں۔

ہر لڑی کے آخری سرے پر خاص شاہی مُہر لگائی جاتی ہے تاکہ موتیوں کی لڑیاں تغیر کے نقصان سے محفوظ رہیں۔

اس کے علاوہ ہر رشتے کے آخر میں موتیوں کی نوعیت کی تفصیل ایک کاغذ پر لکھی ہوئی ہے تاکہ کسی قسم کا مغالطہ و شبہ نہ واقع ہو۔ علاوہ روزانہ اور ماہواری اجرت کے موتیوں میں سوراخ کرنے کی اجرت حسب ذیل ہے۔ اوّل درجے کے موتی کے لئے $\frac{1}{4}$ روپے۔ دوسرے درجے کے لئے $\frac{1}{3}$ تیسرے درجے کے لئے $\frac{1}{19}$ چوتھے درجے کے لئے ۳ دام پانچویں درجے کے لئے دو دام۔ چھٹے درجے کے لئے ایک دام۔ ساتویں درجے کے لئے $\frac{3}{4}$ دام آٹھویں درجے کے لئے $\frac{1}{2}$ دام نویں درجے کے لئے $\frac{1}{4}$ دام۔ دسویں درجے کے لئے $\frac{1}{5}$ دام۔ گیارھویں درجے کے لئے $\frac{1}{7}$ دام۔ بارھویں درجے کے لئے $\frac{1}{8}$ دام تیرھویں درجے کے لئے $\frac{1}{8}$ دام۔ چودھویں درجے کے لئے $\frac{1}{9}$ دام پندرھویں درجے کے لئے $\frac{1}{10}$ سولھویں درجے کے لئے $\frac{1}{11}$ دام اجرت مقرر فرمائی گئی۔

جواہرات کی قیمت اس قدر مشہور اور عام طور پر معلوم ہے کہ ان کے لکھنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن جو جواہرات کہ اس زمانے میں جہاں پناہ کے خزانۂ عامرہ میں موجود ہیں اُن کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

لعل وزنی گیارہ ٹانک و بیس سرخ و الماس وزنی $\frac{1}{2}$ ۵ ٹانک چار سرخ کی قیمت ایک ایک لاکھ روپے ہے۔

زمرد وزنی $\frac{3}{4}$ ۷ ٹانک و تین سرخ کی قیمت باون ہزار روپے ہے۔

یاقوت وزنی چار ٹانک $\frac{3}{4}$ ۳ سرخ اور مروارید وزنی پانچ ٹانک پچاس پچاس ہزار روپے کے آنکے گئے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۴)

دارالضّرب

ظاہر ہے کہ سکہ خانے کی آبادی سے خزانہ معمور ہوتا ہے اور اس محکمے کی سرسبزی سے ہر کام رونق پاتا ہے۔ لہذا دارالضّرب کا مختصر حال لکھ کر اپنی تصنیف کو زیب و زینت دیتا ہوں۔

شہر اور قصبے کے رہنے والوں کی حاجت برآری روپے سے ہوتی ہے اور ہر شخص اپنی خواہش کے موافق اُسے صَرف میں لاتا ہے۔ جن لوگوں کے قلوب دُنیاوی افکار سے آزاد ہیں اُن کے گھروں کی آبادی اور زندگی کا سامان راحت اسی سے وابستہ ہے اور دُنیادار اس کو اپنی بہترین تمنّا و مراد خیال کرتا ہے اور ہر شخص کی ضروریات زندگی اسی سے پوری ہوتی ہیں۔

عقلمند دولت کو ایک ایسا سرچشمہ جانتا ہے جس کے پانی سے اُس کے دینی و دُنیاوی اعمال کی کھیتیاں سرسبز و شاداب ہوتی ہیں۔ یہی وہ چیز ہے جو انسان کی بقا کے لئے بیحد ضروری ہے اس لیئے کہ ہر شخص اپنی خوراک اور پوشاک کو اسی کے واسطہ و ذریعہ سے حاصل کرتا ہے۔

انسان روپے کو مختلف محنتوں اور مشقتوں سے حسب ذیل طریقوں سے حاصل کرتے ہیں۔ بونے، جوتنے، صاف کرنے، پکانے، بننے اور کپڑے صاف کرنے وغیرہ مختلف پیشوں سے دولت حاصل ہوتی ہے لیکن یہ مختلف کام بلامدد غیرے بخوبی انجام نہیں پاسکتے۔ تنہا آدمی کی طاقت یہ نہیں ہے کہ فقط اپنی

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

قوت بازو سے ان کاموں کو پورا کرے۔ ان کاموں کو روزانہ تنہا ایک آدمی کا اپنے ہاتھوں سے انجام دینا مشکل بلکہ محال ہے۔ اس کے علاوہ انسان کو ایک جگہ ایسی بھی چاہیئے جہاں وہ اپنا چند روزہ سامان مہیا رکھے اسی مقام کو گھر کہتے ہیں چاہے وہ خیمہ ہو یا غار و خندق۔

انسان کی ہستی اور اس کی بقا ماں، باپ، اولاد، نوکر اور غذا الغرض پانچ زندگی کو قائم رکھنے والے عناصر پر منحصر ہے۔ آخری عنصر یعنی غذا سب کے لئے ضروری ہے۔

جب ہماری خانہ داری اور دوسرے ضروری کاموں کے ظروف معدوم یا غیر مضبوط ہو جاتے ہیں تو ہم کو ان کے لئے بھی روپے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ظاہر ہے کہ کام کاج کے برتن اور دیگر ظروف بہت زیادہ دنوں تک نہیں چل سکتے لیکن روپیہ اپنے عنصر اور جوہر کی وجہ سے مدتوں تک پائدار رہتا ہے۔ تھوڑے روپے سے بھی بیشمار کام انجام پاتے ہیں۔ اسی روپے کے ذریعے سے انسان سفر اختیار کرتا ہے۔ اگر روپے سے غذا و ضروریات زندگی نہ حاصل ہو سکتیں تو مہینوں اور برسوں کا تو کیا ذکر چند دنوں کا سامان بھی اپنے ہمراہ لے جانا بیحد دشوار ہو جاتا۔

خدا کی خاص مہربانی سے یہ بہترین اور عمدہ دھات یعنی سونا پیدا ہوا اور انسان کی زندگی کا سرمایہ بلا محنت و مشقت کے اُسے مل گیا اور اس کے مقصود کی کشتی بلا کسی خطرے کے کنارے آلگی۔ اسی دولت کی قوت ہے جس کی امداد سے بڑے سے بڑا کام انجام دینے میں بھی انسان کی ہمت نہیں ٹوٹتی اور اس کی پیشانی پر شکن تک نہیں پڑتی اسی کی مدد سے خدا کی بندگی و طاعت اچھی طرح کی جاتی ہے۔

سونے کی تعریف حد بیان سے باہر ہے اس کا جسم نرم اس کا ذائقہ نفیس و عمدہ اور اس کی خوشبو دل آویز ہے، اُس کے اجزا قریب قریب وزن میں مساوی اور اس کی عنصری ترکیب میں تقریباً اعتدال ہے اس کی حقیقت و ظاہری شکل و صورت سے ہر چہار عناصر کے نشان اس میں نمایاں ہیں۔ اس کا رنگ


Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آگ کا اس کی صفائی ہوا کا اس کی نرمی پانی کا اور اس کا بھاری وزن خاک کا پتا دیتا ہے چونکہ سونے میں بیشمار زندگی بخش آثار نمایاں ہیں اس لیئے چاروں عناصر میں سے کوئی عنصر بھی اُسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ لوگ اس کو جلا نہیں سکتے ہوا اس میں اثر نہیں کر سکتی، پانی میں مدتوں پڑے رہنے پر بھی اس میں کوئی تغیر نہیں ہوتا اور مٹی اسے بوسیدہ نہیں کر سکتی۔

دوسری دھاتوں کا حال اس کے بالکل خلاف ہے۔ یہی وجہ ہے کہ فن حکمت میں عقل کو جس کی تدبیر سے ہر کام انجام پاتا ہے ناموس اکبر کہتے ہیں اور سونے کو جس سے انسان کی روزی وابستہ ہے ناموس اصغر کے نام سے یاد کرتے ہیں، انصاف کا محافظ اور سارے جہان کی ہستی کو برقرار رکھنے والا اس کے معزز القاب ہیں۔ تمام عالم کی ہستی کی بقا اسی پر منحصر اور انصاف کا اسی پر دار و مدار ہے۔

پروردگار نے سونے کی خدمت کرنے کے لیئے چاندی اور تانبے کو رواج دیا اور اس طرح انسان کی فلاح و بہبود کے مزید سامان مہیا کیئے۔ یہی وجہ ہے کہ انصاف پرور اور انجام بیں فرمانرواؤں نے انھی دھاتوں پر توجہ کی اور ان کو دنیا میں رائج کیا اور دارالضرب قائم کر کے ان کی جانچ پڑتال کے کام کو اور زیادہ ترقی دی۔

اس محکمے کی کامیابی بیدار مغز، جفاکش و راستباز اہل کاروں کے تقرر پر منحصر ہے اور ان اہلکاروں کے کام کی نگرانی اور دیکھ بھال سے عالم کا انتظام درست و پائدار رہتا ہے۔



Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۵)

عمّال دار الضّرب

داروغہ۔ اس کو احتیاط پسند، صاحب فہم و فراست، آزاد خیال ہونا چاہیئے جو اپنے ساتھیوں کے کام کا ناگوار بوجھ ہر شخص کے کاندھے پر آسانی کے ساتھ رکھ کر ہر فرد کو اس کے کاروبار میں لگائے رکھے اور اس طرح حسن انتظام و دانائی و کوشش کے ساتھ تمام کام انجام دے۔

صیرفی (صرّاف) اس اہم سررشتے کی کامیابی بہت کچھ اسی اہلکار کے تجربے پر منحصر ہے۔ یہ صرّاف ہی کا کام ہے کہ سکّوں کی صفائی کے مراتب کو دریافت کرے۔ اس زمانے کی موافقت و قدر افزائی کی وجہ سے بیشمار ہنرمند صرّاف آستانہ شاہی پر جمع ہو گئے ہیں اور جہاں پناہ کی توجہ سے چاندی اور سونا صفائی کے انتہائی مرتبے تک پہنچ گئے ہیں۔

چاندی اور سونے کی آخری درجۂ صفائی کو فارس میں وہ وہی کہتے ہیں لیکن فارس کے لوگ دسویں مرتبے سے بلند اور اعلیٰ کوئی اور مرتبہ نہیں جانتے لیکن ہندی میں اس کو انتہائی درجے کو بارہ بانی کہتے ہیں اور اہل ہند سونے کے بارہ مختلف مدارج مانتے ہیں۔

قدیم زمانے میں ہُن کو جو ملک دکن کا رائج سکّہ ہے بیحد خالص خیال کیا جاتا تھا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اور اُس کے سونے کو وہ بانی کا مرتبہ حاصل تھا لیکن قبلۂ عالم نے مذکورہ بالا سکّے کے سونے کو ۸½ بانی قرار دیا ہے۔ اسی طرح خُرد گول و نیز طلائی اشرفیاں بارہ بانی سمجھی جاتی ہیں لیکن جہاں پناہ نے اُن کو وہ بانی کا مرتبہ عطا فرمایا۔

ماہرین فن موجودہ زمانے میں سونے کی صفائی کی بابت مختلف افسانے بیان کرتے ہیں۔ اس گروہ کا بیان ہے کہ کسی معدن کا سونا اس درجہ صاف نہیں ہوتا اور یہ دھات اکسیر کیمیائی سے تیار کی گئی ہے۔ قبلۂ عالم کی خاص توجہ سے سونے نے صفائی کا یہ مرتبہ حاصل کیا جس کو دیکھ کر اس فن کے اُستاد حیرت زدہ ہو گئے۔ اب یہ امر مسلّمہ سمجھا گیا ہے کہ سونے کے مراتب و صفائی میں اس سے زیادہ ترقی محال ہے۔ راست گفتار مؤرخ و صداقت پسند مسافر اس پائے کے سونے کا نہیں نشان نہیں بتاتے۔ اس سونے کو گلانے سے کچھ باریک ریزے اس سے جدا ہو کر خاک میں مل جاتے ہیں۔ ناواقف اشخاص ان ذرّوں کو دھات کا میل خیال کرتے ہیں لیکن ماہرین ان کو خاک سے چُن کر ان سے فائدہ حاصل کرتے ہیں۔ اگرچہ معدنی نرم سونا کشتہ کر کے خاک بنایا جا سکتا ہے لیکن یہ بھی ممکن ہے کہ اُس کو عمل خاص کے ذریعے سے بار دگر اُس کی اصلی حالت پر لے آئیں۔ لیکن ایسی حالت میں سونے کی مقدار میں کچھ کمی آجاتی ہے۔

قبلۂ عالم کی نکتہ رسی و فراست سے اس کمی کی حقیقت کا اندازہ ہو گیا اور خیانت پسند افراد کا کافی امتحان لے لیا گیا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۶)

(بنواری) سونے کی آزمائش

بنواری لفظ بانواری کا مخفف ہے۔ اگرچہ اس مُلک میں ہوشیار صرّاف اپنے تجربے سے اس دھات کی خوبی کے مراتب سونے کے رنگ اور اس کی صفائی سے اچھی طرح بیان کر سکتے ہیں لیکن پھر بھی دوسرے اشخاص کے اطمینان کے لئے یہ قابل تعریف آئین مُلک میں جاری کیا گیا۔

تانبے یا اسی قسم کی دوسری دھاتوں کی چند سولیں بنائی جاتی ہیں اور ان باریک قلموں کے سرے پر مختلف قسم کا تھوڑا تھوڑا سونا لگایا جاتا ہے اور ہر سونے کی خوبی اور صفائی قلموں پر لکھی ہوتی ہے۔ جب نئے سونے کا امتحان مدنظر ہوتا ہے تو چند لکیریں اس سونے کی کسوٹی پر کھینچی جاتی ہیں اور اس کے بعد مختلف قلموں کی بھی چند سطریں اسی محک پر بنائی جاتی ہیں۔ سونے کی لکیریں جس قلم کی سطروں میں ملتی جلتی ہوتی ہیں نیا سونا اُسی سونے کی قسم میں داخل سمجھا جاتا ہے جو اس قلم پر لگا ہوا ہے۔ قلم اور نئے سونے کی سطریں ایک ہی کشش اور ایک ہی طاقت سے کسوٹی پر کھینچی جاتی ہیں تاکہ شناخت میں کسی طرح کا دھوکا نہ ہونے پائے۔

اس آئین کے برتنے کا مقصد یہ ہے کہ مختلف مدارج کی صفائی اور خوبی کا سونا پیدا ہو اور یہ بات مندرجۂ ذیل طریقوں سے حاصل ہوتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ایک ماشہ خالص چاندی اور اسی قدر عمدہ تانبہ ملاتے ہیں اور ان کو گلا کر جما لیتے ہیں۔ اس جوڑ میں ایک ماشہ خالص سونا جو صفائی میں ۱۰ درجے کا سمجھا جاتا ہے پھر ملایا جاتا ہے۔ اس مرکب میں ایک ماشہ ملیا سونا دے کر اس کے سولہ حصّے کیے جاتے ہیں۔ ہر حصہ نصف سرخ کا ہوتا ہے۔ ساڑھے سات سرخ خالص سونا اس مرکب کے ایک سرخ میں ملا لیں تو ½ ۱۰ درجے کا سونا بن جاتا ہے۔ اگر سات سرخ خالص سونا اس مرکب کے دو سرخ میں ملایا جائے تو ۱۰ درجے کی صفائی کا سونا بنتا ہے۔ اگر ساڑھے چھ سرخ خالص سونا مرکب کے تین سرخ میں ملایا جائے تو ¾ ۹ درجے کا سونا تیار ہوتا ہے۔ اگر چھ سرخ خالص سونا مرکب کے چار سرخ کے ساتھ ملا کر گلایا جائے تو ½ ۹ درجے کی صفائی کا سونا پیدا ہوتا ہے۔ اگر ساڑھے پانچ سرخ خالص سونا مرکب کے پانچ سرخ میں ملایا جائے تو ½ ۹ درجے صفائی کا سونا بن جاتا ہے۔ اگر پانچ سرخ خالص سونا مرکب کے چھ سرخ کے ساتھ گلایا جائے تو نہ بانی سونا نکلتا ہے۔ اگر ساڑھے چار سرخ خالص سونا سات سرخ مرکب میں ملایا جائے تو ¾ ۸ بانی سونا پیدا ہوتا ہے۔ اگر چار سرخ خالص سونا آٹھ سرخ مرکب میں ملا کر گلائیں تو ½ ۸ بانی سونا بن جاتا ہے۔ اگر ساڑھے تین سرخ خالص سونے میں نو سرخ مرکب کی آمیزش کی جائے تو ½ ۹ بانی سونا بنتا ہے۔ اگر تین سرخ خالص سونا دس سرخ مرکب میں ملائیں تو آٹھ بانی سونا پیدا ہوتا ہے۔ اگر ڈھائی سرخ خالص سونا گیارہ سرخ مرکب میں ملا دیں تو ¾ ۷ بانی سونا ہو جائے گا۔ دو سرخ خالص سونے کو بارہ سرخ مرکب میں ملانے سے ½ ۷ بانی سونا حاصل ہوتا ہے ڈیڑھ سرخ خالص سونا تیرہ سرخ مرکب کے ساتھ ملایا جائے تو ½ ۷ بانی سونا تیار ہوتا ہے۔ ایک سرخ خالص سونا چودہ سرخ مرکب کے ساتھ گلایا جائے تو ۷ بانی سونا بن جاتا ہے۔ نصف سرخ خالص سونا پندرہ سرخ مرکب میں ملا کر ½ ۶ بانی سونا بنا لیتے ہیں۔

اس عمل کا خلاصہ یہ ہے کہ ہر نصف سرخ ملا ہوا سونا ½ بان خالص سونے کی صفائی کو گھٹا دیتا ہے اور اس ملے ہوئے سونے کی صفائی جو دوسری ترکیب سے بنتا ہے ½ ۶ بان رہ جاتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اگر چاہیں کہ سونے کی صفائی کو ۶ ۱/۲ بان سے بھی کم کریں تو نصف سرخ پہلے مرکب کی جس میں چاندی اور تانبے سے ملیں دوسرے مرکب کے ساڑھے سات سرخ سے (جس میں سونا چاندی اور تانبہ تینوں دھات شامل ہیں) ملایا جائے تو ۶ ۱/۲ بانی سونا بن جاتا ہے۔ ایک سرخ پہلے مرکب کا دوسرے مرکب کے سات سرخ کے ہمراہ گلایا جائے تو چھ بانی سونا تیار ہوتا ہے۔ اگر یہ چاہیں کہ سونے کو چھ بانی سے بھی کم کریں تو اسی طرح آدھا آدھا سرخ مرکب میں ملاتے جائیں۔ چھ بانی سونے تک کو بان واری میں شامل کرتے ہیں اس سے کم مرتبے کے سونے کو بان واری کی قسم میں نہیں داخل کرتے۔

یہ تمام اعمال ایک ایسے شخص کی ماتحتی میں انجام پاتے ہیں جسے اس طرح کی آزمائش کرنے میں پورا تجربہ ہو اور اس طرح اس کام میں رونق و ترقی روز افزوں ہوتی جاتی ہے۔

تیسرے، آئین۔ اس شخص کو بے غرض و کم آزار ہونا چاہیئے تاکہ دوست و دشمن سب اُس سے مطمئن رہیں اور اگر کسی قسم کا کوئی جھگڑا ہوتا ہے تو دار و غہ اور دیگر عمال کی امداد کرتا ہے اور نزاع و فساد کو مٹاتا ہے۔

چوتھے، مشرف۔ مشرف اپنی معاملہ فہمی، راستبازی اور دیانت داری سے اس محکمے کی روزانہ آمدنی اور خرچ کا حساب دکتاب لکھتا ہے اور ایک باضابطہ اور قابل اعتبار روزنامچہ تیار کرتا ہے۔

پانچویں، تنو داگر۔ سونے، چاندی اور تانبے کی تجارت کرتا ہے اور اس طرح دُنیاوی نفع حاصل کرتا ہے۔ سوداگر محکمے کو رونق دیتا ہے اور باجگزاری کر کے خزانے کو اور زیادہ آباد و معمور کرتا ہے۔ سوداگروں کے کام میں گرم بازاری اسی وقت ہوتی ہے جب کہ ملک میں انصاف و عدل کا دور دورہ ہو اور حاکم طمع و حرص سے پاک و صاف ہوں۔

چھٹے، گنجور۔ منافع کی نگہداشت کرتا ہے اور اپنے لین دین میں راستی اور متانت سے کام لیتا ہے۔ پہلے چار اور چھٹے اہلکار کی تنخواہیں مختلف ہیں ان میں جو سب سے کم مرتبے کا اہلکار ہے وہ احدیوں میں داخل اور دُنیا کی فکر سے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آزاد اور اپنی حالت میں خوش وخرم ہے۔

ساتویں، ترازو کش۔ یہ اہلکار سکّوں کو تولتا ہے۔ سو جلالی اشرفیوں کے وزن کرنے کی اجرت $\frac{3}{4}$ دام اُسے ملتی ہے۔ ایک ہزار روپے تولنے کی اجرت $2\frac{19}{25}$ دام۔ اور ایک ہزار بیسیوں کو تولنے کی اجرت $\frac{11}{25}$ دام ہے اور اسی نسبت سے مقدار کی شرح کو مدنظر رکھ کر اجرت میں کمی اور زیادتی ہوتی رہتی ہے۔

آٹھویں، گداز گر خام۔ مٹّی میں چھوٹے اور بڑے تختے لکڑیوں کے رکھتا ہے اور اسے روغن سے چکنا کرتا ہے اور چاندی اور سونا گلا کر اُن گھریوں میں ڈالتا ہے جس سے پگھلی ہوئی دھات کی ڈلی بندھ جاتی ہے۔ تانبے کے لئے بجائے گھریوں میں روغن ملنے کے اُن پر مٹّی کا چھڑکنا کافی ہوتا ہے۔ سونے کی مذکورۂ بالا مقدار کی مزدوری $\frac{1}{25}$ ۲ دام دی جاتی ہے اور چاندی کی مذکورہ مقدار کی اجرت پانچ دام $\frac{1}{4}$ ۱۳ جیتل اور تانبے کی اجرت چار دام اور $\frac{1}{2}$ ۲۱ جیتل ادا کی جاتی ہے۔

نویں، ورق کش۔ یہ شخص اس آمیزش کئے ہوئے سونے سے سات یا چھ ماشے کے ورق بناتا ہے۔ یہ ورق لمبائی اور چوڑائی میں چھ انگل ہوتے ہیں۔ یہ کاریگر ان ورقوں کو سونا پرکھنے والے کے پاس لاتا ہے جو ان ورقوں کو تانبے کے ایک سانچے میں ڈال کر ان کی آزمائش کرتا ہے۔ جو ورق اندازے میں ٹھیک نکلتے ہیں ان پر یہ صاحب کمال مُہر لگا دیتا ہے تاکہ کسی قسم کی آمیزش اور تبدیلی نہ واقع ہو اور یہ معلوم ہو کہ ان اوراق کے لئے جتنے مدارج آزمائش ضروری تھے وہ سب طے ہو گئے۔ مذکورۂ بالا سونے کی مقدار میں ورق کش کو $\frac{1}{2}$ ۴۲ دام اجرت دی جاتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۷)

کھوٹے سونے کو کھرا کرنے کی ترکیب

جب سونے کے پتروں پر مُہر آزمائش لگ جاتی ہے تو سونے کا ماشہ ہر سو جلالی اشرفیوں کے مساوی وزن کے لئے چار سیر شورہ نمک اور چار سیر کچی اینٹ کی پسی ہوئی خاک لے آتا ہے۔ پہلے پتر صاف پانی میں دھوئے جاتے ہیں اس کے بعد ان دو اوں میں اوراق کو اوپر نیچے رکھ کر اُن کو اُپلوں سے ڈھانک دیتے ہیں اور اس کے بعد اُپلوں میں آگ لگا دی جاتی ہے یہاں تک کہ اُپلے آہستہ آہستہ جل کر بالکل خاک ہو جاتے ہیں۔ جب راکھ بالکل ٹھنڈی ہو جاتی ہے تو خاک کو چاروں طرف سے آہستہ آہستہ ہٹا کر خاک اپنے پاس رکھتے ہیں فارسی میں اس مٹی کو خاک خلاص کہتے ہیں اور ہندی میں اسے سلونی کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

مندرجۂ ذیل طریقے سے اس خاک سے چاندی نکالتے ہیں۔ پتروں اور اُن کے نیچے کی مٹی اُسی طرح پڑی رہتی ہے۔ پہلے عمل کو دو یا پھر دُہراتے ہیں اور دو آگ اور دیتے ہیں۔ جب تین آنچیں پوری ہو جاتی ہیں تو اس کو سنائی کہتے ہیں۔ سنائی سونے کو پھر صاف پانی میں دھوتے ہیں اور سونے کو آتشدان میں رکھ کر تین بار آگ دیتے ہیں اور اوپر کی راکھ کو اپنے پاس محفوظ رکھتے ہیں اسی طرح

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

چھ بار سونے کو دوا میں رکھتے ہیں اور اسی طریقے پر اٹھارہ آنچیں دی جاتی ہیں اس کے بعد سونا پھر دھویا جاتا ہے۔ جب یہ عمل پورا ہو جاتا ہے تو ان پتروں میں سے ایک کو افسر آزمائش توڑتا ہے۔ اگر تختی کے ٹوٹنے کی آواز نرم و ملائم ہوتی ہے تو سونا پکا سمجھا جاتا ہے اور اگر ان سے آواز سخت نکلتی ہے تو سونے کو ایک مرتبہ دوا میں رکھ کر تین مرتبہ اور آگ دی جاتی ہے۔ اس کے بعد ہر پتر سے ایک ایک ماشہ سونا کاٹا جاتا ہے اور جدا کردہ سونے کا ایک علٰحدہ پتر بناتے ہیں اس پتر کو کسوٹی پر کستے ہیں۔ اگر اب بھی سونا خالص نہیں ہوا ہے تو دو ایک آنچیں اور دیتے ہیں۔ لیکن اکثر ایسا ہوتا ہے کہ تین یا چار آنچیں دینے کے بعد سونا پکا اور خالص ہو جاتا ہے۔

کبھی کبھی اس طریقے سے بھی سونے کو پرکھتے اور کھرا کرتے ہیں۔ دو تولے خالص سونا اور دو تولے آنچ دیا ہوا سونا لیتے ہیں اور ان دونوں قسم کے سونے کی بیس بیس ہم وزن تختیاں بناتے ہیں۔ ان تختیوں پر مذکورۂ بالا دوا رکھ کر ان کو آنچ دیتے ہیں آگ ٹھنڈی ہونے کے بعد پتر کو صاف پانی سے دھوتے ہیں اور خالص اور کھوٹے سونے کو صحت کے ساتھ تولتے ہیں اگر دونوں وزن میں برابر ہوتے ہیں تو یہ سمجھا جاتا ہے کہ کھوٹا سونا کھرا ہو گیا۔

دسویں، گداز گر پختہ۔ گداز گر پکے سونے کے پتروں کو گلاتا ہے اور جیسا کہ اوپر بیان ہوا اسی طریقے پر سونے کی ڈلی بناتا ہے۔ گداز گر کی اجرت سو جلالی اشرفیوں کے لئے تین دام مقرر ہے)

گیارھویں، صرّاف۔ یہ شخص اپنی تجربہ کاری سے سونے، چاندی اور تانبے کی ڈلی صحیح مقدار میں کاٹتا ہے۔ یہ ڈلی مسکوک سکے کے بالکل برابر ہوتی ہیں۔ اس کی اجرت سو جلالی اشرفیوں کے لئے ۲۱ دام ۱/۴ اجیتل اور اسی قدر چاندی کے لئے۔ اگر چاندی سے روپیہ بنایا جاتا ہے تو ۱۵ دام اور ۳/۴ اجیتل لیکن اگر اس مقدار چاندی کی چونیاں بناتا ہے تو اس کی اجرت میں ۲۸ دام کا اور اضافہ ہو جاتا ہے۔ ایک ہزار دام بنانے کی اجرت ۲۰ دام مقرر ہیں اور اگر اسی قدر تانبے کے نصف اور ربع دام بناتا ہے تو اسے ۲۵ دام ملتے ہیں۔ اگر ۱/۸ دام کا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

سکّہ جس کو دمڑی کہتے ہیں اسی مقدار کے ساتھ تیار کرتا ہے تو اُسے اجرت میں ۶۹ دام دیئے جاتے ہیں۔

ایران اور توران میں روپیوں کو بلا کانٹے کی مدد کے نہیں تراش سکتے لیکن ہندوستان کے کاریگر بغیر اس قسم کی اعانت کے ایسا ٹھیک سکّہ کاٹتے ہیں کہ مقدار میں بال برابر کا بھی فرق نہیں ہوتا اور یہ بات درحقیقت عجیب و غریب و قابل تعریف ہے۔

بارھویں مُہرکن۔ یہ اہلکار روپے کے چھاپے لوہے یا اسی قسم کی دوسری دھات کے پتّر پر بناتا ہے۔ انھی چھاپوں سے سکّوں پر نقش بنایا جاتا ہے۔

اس زمانے میں مولانا احمد علی دہلوی اس فن میں ایسا کامل ہے کہ ہندوستان تو کیا کسی مُلک میں بھی اس کا مثل نہیں ہے۔ احمد علی مذکور مختلف قسم کے حروف اس طرح لوہے پر کاٹتا ہے کہ اس کے نقش و نگار مشہور تدمن اُستادوں کی صنعت سے مقابلہ کرتے ہیں۔ احمد علی یوزباشیوں (یعنی وہ امیر جو دس سواروں کا افسر ہے) میں داخل ہے۔ اس کے ماتحت دو پیادے دارالضرب میں کام کرتے ہیں اور ہر ایک کو ۶۰۰ دام ماہوار ملتی ہے۔

تیرھویں سچی۔ یہ شخص دھاتوں کے گول ٹکڑے دو چھاپوں کے بیچ میں رکھ دیتا ہے۔ ہتوڑا چلانے والا چھاپوں پر ضرب مارتا ہے اور دھات کے ٹکڑوں کے دونوں طرف نقش بن جاتے ہیں۔ اس کی اُجرت سو اشرفیوں کے لئے ۱/۲ ۱ دام۔ ہزار روپیوں کے لئے ۵ دام ۱/۲ ۹ جیتل اور ایک ہزار روپے کی ریزہ کاریاں بنانے کی اجرت روپیہ تیار کرنے کی مزدوری سے ۱/۲ ۱ دام جیتل زیادہ ہے۔ ایک ہزار دام بنانے کی مزدوری ۳ دام اور دو ہزار نصف دام اور چار ہزار ربع دام بنانے کی اجرت ۱/۲ ۸ دام اور آٹھ ہزار دمڑی بنانے کی مزدوری ۱/۲ ۱۰ دام مقرر ہے۔ مذکورہ مزدوری میں سے سچی ۱/۲ رقم اپنے مددگار کو جو سکّوں پر ضرب لگاتا ہے، ادا کرتا ہے۔ اس شخص کی کوئی علیحدہ اجرت مقرر نہیں ہے۔

چودھویں سباک۔ یہ شخص خالص چاندی کی گول ٹکیاں کاٹتا ہے۔ سباک کو ہزار ٹکیاں تراشنے کی اجرت ۴ دام دی جاتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

چاندی میں میل دریافت کرنے کا طریقہ

چاندی میں سیسے، جست اور تانبے کا میل ہو سکتا ہے۔ ایران و توران میں چاندی کی صفائی کے اعلیٰ ترین درجے کو دہ دہی کہتے ہیں لیکن ہندوستان میں اس کا نام بست بسوہ ہے۔ جس قدر میل بڑھتا جاتا ہے چاندی کا کھرا پن اور اس کی صفائی کے مدارج گھٹتے جاتے ہیں لیکن عام طور پر چاندی پانچ درجے سے نہیں گھٹتی۔ دس درجے کم کی چاندی پر کوئی توجہ نہیں کرتا۔

تجربہ کار اشخاص چاندی کے رنگ کو دیکھ کر پہچان لیتے ہیں کہ اس میں کس دھات کا میل غالب ہے اور گھس کر یا سوراخ کر کے چاندی کے اندر کی صفائی اور اس کے کھرے پن کو بھی پہچان جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ چاندی کو تپا کر اور پھر اسے پانی میں بجھا کر بھی اُس کے کھرے اور کھوٹے ہونے کا پتا لگا لیتے ہیں۔ سیاہی سے سیسے کی زیادتی اور سرخی سے تانبے کی خاکی مائل بہ سفید رنگ سے ٹین کی اور سفیدی سے چاندی کی زیادتی کا اندازہ ہو جاتا ہے۔

چاندی کو کھرا کرنے کی ترکیب

اس کی ترکیب یہ ہے کہ ایک چھوٹا سا گڈھا کھودا جاتا ہے اور اس میں تھوڑی سی ہوا کنڈے کی راکھ چھڑکی جاتی ہے۔ اس کے بعد گڈھے کو ببول کی لکڑی کی راکھ سے بھر دیتے ہیں اور اس میں تھوڑا پانی دے کر اس گڈھے کو پیالے کی شکل میں بنا لیتے ہیں۔ جب یہ ظرف تیار ہو جاتا ہے تو اس میں کھوٹی چاندی رکھتے ہیں اور چاندی کی مقدار کا لحاظ کر کے پیالے میں سیسہ رکھ دیتے ہیں۔ پہلے سیسے کا ¼ حصہ چاندی کے اوپر رکھ دیا جاتا ہے اور پورا پیالہ کوئلے سے ڈھانپ دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد دھونکنی سے اُسے دھونکتے ہیں۔ یہاں تک کہ چاندی اور سیسہ دونوں گل جاتے ہیں۔ اکثر اس عمل کو چار مرتبہ کرتے ہیں۔ چاندی کے صاف ہو جانے کا ثبوت یہ ہے کہ دھات بالکل سفید ہو جاتی ہے اور ہر طرف سے سخت ہونے لگتی ہے۔ جب چاندی بیچ میں سخت ہو جاتی ہے تو اُس پر پانی کے چند قطرے ڈالتے ہیں۔ چاندی پر پانی پڑنے سے اُس سے مینڈھے کی سینگ کی

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

شکل کے شعلے بلند ہوتے ہیں۔ اب اس چاندی کی ایک ٹکیہ بن جاتی ہے اور دھات صاف ہو کر بالکل کھری ہو جاتی ہے۔

اگر یہ ٹکیہ دوبارہ گلائی جاتی ہے تو فی تولہ نصف سرخ چاندی مل جاتی ہے اس طرح سو تولوں میں چھ ماشہ دو سرخ چاندی مل کر خاک ہو جاتی ہے۔ ٹکیہ کی جلی ہوئی مٹی جس میں چاندی اور سیسہ دونوں ملے ہوئے ہیں مردار سنگ کی سی ہو جاتی ہے۔ اس سخت پتر کو ہندی میں کھرل اور فارسی میں کُشتہ کہتے ہیں جس کا بعد میں بیان کیا جائے گا۔

قبل اس کے کہ کھری چاندی ضراب کو دی جائے ہر سو تولوں میں سے پانچ ماشے اور پانچ سرخ خالصے کے لیئے لیئے جاتے ہیں اس کے بعد پگھلنے والا صاف ٹکیوں پر ایک خالص چھاپہ لگا دیتا ہے تاکہ کھری ٹکیوں کا کھوٹی سے تبادلہ نہ ہو سکے۔

قدیم زمانے میں چاندی کو بانواری طریقے سے پرکھتے تھے لیکن اب اسی طریقے سے آزمائش کرتے ہیں جس کا ذکر ہوا۔ اگر شاہی چاندی کے جو عراق و خراسان میں رائج ہے اور لاری اور مثقالی چاندی کے جو توران میں پائی جاتی ہے سو تولوں میں تین تولے اور ایک سرخ اور فرنگی اور ترکی نارجیل میں اور گجرات اور مالوے کی محمودی اور مظفری کے سو تولوں میں تیرہ تولے ½ ۴ ماشے کی کمی ہو جائے تو یہ اقسام صفائی اور کھرے پن میں شہنشاہی چاندی کے ہم پلہ ہو جاتے ہیں۔

قرص کوب۔ یہ شخص خالص چاندی کی ٹکیوں کو تاؤ دے کر انہیں ہتوڑے سے اس قدر کوٹتا ہے کہ چاندی میں سیسے کا نام نشان باقی نہیں رہتا اس شخص کو ہزار روپے کھرا چاندی صاف کرنے کی اجرت ½ ۴ دام دی جاتی ہے۔

چاشنی گیر۔ کھرے سونے اور چاندی کی آزمائش کرتا ہے اور ان کی صفائی کے مدارج مندرجۂ ذیل طریقے سے مقرر کرتا ہے۔

یہ شخص دو تولے سونے کے آٹھ پتر بناتا ہے اس کے بعد مندرجۂ بالا مرکب کی تہ اسی طریقے سے جماتا ہے جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا اور تہ جما کر آگ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

روشن کرتا ہے اور اس امر کی کوشش کرتا ہے کہ باہر کی خاک ہوا سے اُڑ کر دوا یا دھات میں نہ ملنے پائے۔ اس عمل کو ختم کر کے چاشنی گیر پتروں کو دھوتا ہے اور پھر انھیں گلاتا ہے۔ اگر سونے کے وزن میں کچھ کمی نہیں ہوتی تو یہ سمجھا جاتا ہے کہ سونا جانچ میں پورا اترا۔

دھات کا پرکھنے والا سونے کو کسوٹی پر کستا ہے اور اس طرح اپنی ذات و اعتبار کو قطعاً مطمئن کر دیتا ہے۔

سو اشرفیوں بھر سونا پرکھنے اور اُس کی آزمائش کرنے کی اجرت ۱۲½ دام ادا کی جاتی ہے۔

چاندی کی آزمائش کا طریقہ یہ ہے کہ ایک تولہ چاندی اور اسی قدر سیسہ ایک ہڈی کی نلی میں رکھ کر اُن کو اس قدر تاؤ دیا جاتا ہے کہ سیسہ بالکل جل جاتا ہے اب چاندی پر چند قطرے پانی کے چھڑکے جاتے ہیں اور اس کے بعد ہتوڑے سے اس قدر کوٹی جاتی ہے کہ اس میں سیسے کا نام و نشان بھی باقی نہیں رہتا۔ اس کے بعد دھات کو نئی نلی میں رکھ کر اُس کا وزن کیا جاتا ہے۔ اگر چاندی وزن میں چھ چانول کم ہو گئی تو سمجھا جاتا ہے کہ آزمائش کا کام ختم ہو گیا اور چاندی کھری ہو گئی۔ اور اگر ایسا نہ ہوا تو چاندی کو پھر تاؤ دیتے ہیں یہاں تک کہ اس میں چھ چانول کی کمی کا یقین ہو جائے۔ ہزار روپے بھر چاندی کی آزمائش کرنے کی اجرت ۳ دام ۲½ جیتل مقرر ہے۔

نیاریہ۔ یہ ملازم خاک خالص کو جمع کرتا اور ہر دفعہ دو دو سیر خاک لے کر اُسے دھوتا ہے۔ مٹی میں جس قدر سونا ہوتا ہے وہ اپنی گرانی کی وجہ سے پانی کی تہ میں بیٹھ جاتا ہے۔ مٹی کو اس طرح دھونے کے بعد اُسے ککرہ کہتے ہیں۔ ککرے میں اب بھی سونا شامل ہوتا ہے جس کے نکالنے کی ترکیب بعد میں بیان کی جائے گی۔ تہ نشین مٹی میں پارہ ملا کر مٹی کو خوب ملتے ہیں سیر بھر مٹی میں چھ ماشے پارہ صرف ہوتا ہے۔ سیماب اپنی فطری کشش سے سونے کو اپنے میں جذب کر لیتا ہے اس پارے کو شیشے میں ڈالتے ہیں اور تپا کر سونے کو پارے سے جدا کر لیتے ہیں۔ خاک کی اس مقدار سے سونا نکالنے کی اجرت نیاریہ کو ۲۰ دام دو جیتل دیئے جاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ککرے کا عمل ککرے میں اتنی ہی مقدار پتھر کی ڈالتے ہیں اور رسّی کو گائے کے گوبر میں ملاتے ہیں۔ اس کے بعد پہلے مرکب کو پیس کر دوسرے میں ملا دیتے ہیں اور اس سے دو دو سیر کے گولے بنا کر ان گولوں کو کپڑے پر سکھاتے ہیں۔

پتھر مندرجۂ ذیل طریقوں سے تیار کیا جاتا ہے۔

زمین میں ایک گڈھا کھودتے ہیں اور اس گڈھے میں ببول کی راکھ اس طرح بھر دیتے ہیں کہ ایک من سیسے کے لئے راکھ کا ڈھیر چھ انگل اونچا ہو جاتا ہے اور راکھ کی زیریں سطح کو ہموار کر کے اس میں سیسہ ڈال دیتے ہیں۔ اس عمل کے بعد گڈھے کو کوئلے سے ڈھانپ کر اس میں آگ لگا دیتے ہیں اور سیسے کو گلاتے ہیں سیسہ گلنے کے بعد کوئلے کو ہٹا لیتے ہیں اور دو مٹی کی رکابیاں کانٹوں سے باہم جکڑی ہوئی بھٹی پر رکھتے ہیں ان رکابیوں کا ایک منھ جو دھونکنی کی طرف ہوتا ہے بند رہتا ہے اور دوسرا منھ کھلا ہوتا ہے۔ اب بھٹی کو ایک اینٹ سے ڈھانک دیتے ہیں اور کچھ مدت تک اسے اسی حالت میں رہنے دیتے ہیں یہاں تک کہ راکھ سیسے کو اپنے میں جذب کر لیتی ہے اینٹ کو تھوڑی دیر کے بعد اٹھا کر سیسے کو دیکھتے جاتے ہیں۔ سیسے کی مذکورۂ بالا مقداریں چار ماشے چاندی ملاتے ہیں اور اس راکھ کو پانی سے ٹھنڈا کر لیتے ہیں اور اسی خاک کو پتھر کہتے ہیں۔

ایک من سیسے میں دو سیر دھات جل جاتی ہے اور خاک کی وجہ سے چار سیر وزن زیادہ ہو جاتا ہے۔ اس طرح عمل ختم ہونے کے بعد مجموعی وزن ایک من دو سیر ہوتا ہے۔

رسّی۔ ایک قسم کا تیزاب ہے جو سجّی اور شورے سے بنتا ہے۔

پتھر اور رسّی کا حال بیان کرنے کے بعد پھر اصل مقصود کا ذکر کیا جاتا ہے اور ککرے کا ناتمام بیان ختم کیا جاتا ہے۔ دوسری گولے تیار کرنے کے بعد تنور کی شکل کا ایک برتن بناتے ہیں جو دونوں سروں پر تنگ اور بیچ میں چوڑا ہوتا ہے یہ ڈیڑھ گز اونچا ہوتا ہے اور اس کے پیندے میں ایک سوراخ کرتے ہیں۔ یہ سخت کوئلوں سے اتنا بھر دیا جاتا ہے کہ چار انگشت اندر خالی رہ جاتی ہے۔ اس کے بعد زمین میں ایک گڈھا کھود کر برتن کو اسی گڈھے میں رکھتے ہیں اور دھونکنی سے اس میں آگ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دہکاتے ہیں۔ جب آگ خوب روشن ہو جاتی ہے تو مندرجۂ بالا گولوں کو ایک ایک کر کے توڑتے ہیں اور اس آگ میں ڈالتے اور گلاتے جاتے ہیں، سونا، چاندی، تانبہ اور سیسہ گل گل کر سوراخ کی راہ سے گڈھے میں آجاتے ہیں۔ جو باقی ماندہ چیز برتن میں رہ جاتی ہے اُسے نرم کر کے دھوتے ہیں۔ اس طرح سیسے کو علیحدہ کر لیتے ہیں۔ اس عمل کو ختم کر کے راکھ کو پھر یکجا جمع کرتے ہیں اور اس خاک سے بھی بعض ترکیبوں سے فائدہ اٹھاتے ہیں جو دھات گڈھے میں آجاتی ہے اُسے نکال کر نیچر کے طریقے سے گلاتے ہیں سیسہ خاک میں مل جاتا ہے جس میں سے تیس سیر راکھ سے جدا کر کے نکال لیا جاتا ہے اور دس سیر جل جاتا ہے۔ سونا، چاندی اور تانبہ اور تھوڑا سیسہ اسی طرح مٹی کے ڈھیر میں رہ جاتے ہیں اور اسی کو بگراوئی یا گبراوئی کہتے ہیں۔

عمل بگراوئی۔ زمین میں ایک گڈھا کھودتے ہیں اور اس گڈھے میں ببول کی راکھ بھر دیتے ہیں۔ سو تولے بگراوئی کے لیے آدھ سیر راکھ گڈھے میں ڈالی جاتی ہے۔ اس کی ایک رکابی بنا کر بگراوئی کو اس میں ملا دیتے ہیں اور اس میں ایک تولہ تانبہ اور پانچ تولے سیسہ بھی ملاتے ہیں۔ اب اس رکابی کو کوئلے سے لبالب بھر کر اُسے ایک اینٹ سے ڈھانک دیتے ہیں۔ جب تمام چیزیں گل جاتی ہیں تو کوئلے اور اینٹ کو ہٹا لیتے ہیں اور ببول کی لکڑیاں جلا دیتے ہیں یہ آگ اُس وقت تک جلتی رہتی ہے جب تک کہ سیسہ اور تانبہ راکھ میں نہ مل جائیں سیسہ اور تانبہ مٹی میں مل جاتے ہیں اور سونا اور چاندی ڈھیر سے علیحدہ ہو جاتے ہیں۔ اس راکھ کو بھی کھرل کہتے ہیں اور اس سے سیسہ اور تانبہ جس طریقے سے نکالا جاتا ہے اُس کا تفصیلی بیان آگے آئے گا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۸)

سونے کو چاندی سے علیحدہ کرنے کی ترکیب

جوڑ کو تین مرتبہ تانبے اور تین مرتبہ گندھک ملا کر گلاتے ہیں جس کو ہندی میں چھا چھیا کہتے ہیں۔ اس مرکب کے ہر تولے کے لئے ایک ماشہ تانبہ اور ایک ماشہ دوسرخ گندھک استعمال کی جاتی ہے۔ جوڑ کو پہلے تانبے کے ساتھ اور اس کے بعد گندھک میں ملا کر گلاتے ہیں۔ اگر جوڑ کا وزن سو تولے ہوتا ہے تو سو ماشے تانبہ اس طریقے پر صرف کیا جاتا ہے کہ پہلے پچاس ماشے تانبہ جوڑ کے ساتھ گلاتے ہیں اور اس کے بعد پچیس پچیس ماشے دو مرتبہ کر کے گلایا جاتا ہے گندھک کو بھی اسی مناسبت سے جوڑ میں ملاتے ہیں۔

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ جوڑ کو ریزہ ریزہ کر کے اس میں پچاس ماشے تانبہ ملا کر اُسے گھریا میں گلاتے ہیں۔ اپنے پاس ایک برتن میں ٹھنڈا پانی بھر کے رکھ لیتے ہیں اور پانی کی سطح پر خس کی جھاڑو کی طرح بچھا دیتے ہیں جس پر گلی ہوئی دھات کو ڈالتے ہیں اور رقیق مادے کو لکڑی سے ہلاتے جاتے ہیں تاکہ جمنے نہ پائے اس کے بعد ان ٹکڑوں کو دوبارہ بقیہ تانبے میں ملا کر ایک گھریا میں ملاتے ہیں اور اس کو سائے میں ٹھنڈا کر کے جماتے ہیں۔ اس جوڑ کے ہر تولے میں دو ماشے اور دوسرخ گندھک صرف ہوتی ہے یعنی سو تولے جوڑ کے لئے ۲½ سیر گندھک استعمال میں آتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جب یہ تین مرتبہ اسی طرح گلا لیتے ہیں تو سطح پر سفیدی سی جمی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ یہ سفیدی چاندی ہے جو اس طرح نکل آتی ہے۔ اس کو نکال کر علیحدہ رکھتے ہیں جس کا عمل بعد میں بیان کیا جائے گا۔

جب یہ جوڑ تین مرتبہ تانبے اور گندھک کے ساتھ گلا لیا جاتا ہے اور چھوٹوں عمل پورے ہو جاتے ہیں تو سونے کی جمی ہوئی ٹکیا رہ جاتی ہے پنجابی زبان میں اس سونے کو کیسل اور دہلی میں پنجر کہتے ہیں۔

اگر جوڑ میں سونا زیادہ مقدار میں ہوتا ہے تو یہ علیحدہ کیا ہوا سونا صفائی کے درجے میں $\frac{1}{2}$ ۶ بانی ہوتا ہے لیکن ایسا سونا پانچ بلکہ چار بانی ہی ہوتا ہے۔

سونے کو کھرا کرنے کے لئے مندرجۂ ذیل طریقوں میں سے کسی ایک پر عمل کرنا ضروری ہے۔

پہلا طریقہ یہ ہے کہ اس سونے کے پچاس تولوں میں چار سو تولے کھرے اور خالص سونے کے ملائے جاتے ہیں اور اس سونے کو سلوتی کے عمل سے خالص کر لیتے ہیں۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ الونی کے عمل سے کام لیں۔ اس طریقے کی تشریح یہ ہے کہ دو حصے بنوا کنڈے اور ایک حصہ شورے کا مرکب بناتے ہیں اور پھر کی سلائیاں بنا کر ان کے پتر تیار کرتے ہیں۔ ہر پتر کا وزن $\frac{1}{4}$ اتولے سے کم نہیں ہوتا لیکن سلوتی پتروں سے یہ پتر ذرا چوڑے ہوتے ہیں۔ ان پتروں پر سیم کا تیل ملتے ہیں اور اس کے بعد پتروں پر کنڈے اور شورے کے مرکب کا لیپ چڑھاتے ہیں اور ہر لیپ کے بعد دو ہلکی آنچیں دیتے ہیں۔ اسی طرح تین یا چار مرتبہ لیپ چڑھا کر اُسے آگ میں تپاتے ہیں یہاں تک کہ سونا کھرا ہو جاتا ہے۔ اگر چاہتے ہیں کہ سونے کو اس سے بھی زیادہ کھرا کریں تو اس عمل کو بار بار کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ تو بانی ہو جاتا ہے۔ اس کی راکھ بھی جمع کر کے رکھ لی جاتی ہے اور یہ مٹی بھی ایک قسم کی کھرل ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۹)

راکھ سے چاندی نکالنے کی ترکیب

جس قدر راکھ الونی کے عمل کے پہلے اور اس کے بعد جمع کر لی جاتی ہے اُس کا دُگنا سیسہ اُس میں ملاتے اور اس کو ایک گھریا میں رکھ کر ایک پہر کوئلے کی آنچ دیتے ہیں۔ جب آگ ٹھنڈی ہو جاتی ہے تو دھات کو اسی طریقے سے خالص کرتے ہیں جیسا کہ سیاک کے عنوان کی تشریح میں مفصل تحریر میں آچکا ہے۔ اس راکھ کو بھی کھرل کہتے ہیں۔ سلونی کے دوسرے طریقے بھی ہیں جن سے ہنرمند بخوبی واقف ہیں۔

پنی وار۔ یہ شخص کھرل کو گلا کر بنے سے چاندی کو جدا کرتا ہے۔ اس کی مزدوری فی تولہ ½ دام مقرر ہے۔ جو منافع اُسے ملتا ہے اس کے عوض میں ہر ماہ ۳۰۰ دام دیوان کو ادا کرتا ہے۔

اس کے عمل کی تفصیل یہ ہے کہ پہلے کھرل کے ٹکڑے ٹکڑے کرتا ہے اور اس کے بعد ایک من کھرل میں ڈیڑھ سیر سہاگہ اور تین سیر سجی ملاتا ہے اور پورے مرکب میں سے ایک ایک سیر دفعہ دفعہ کر کے اسی طرح کوزے میں ڈالتا ہے جیسا کہ سونا کھرا کرنے کی ترکیب میں بیان ہو چکا ہے۔ اس کے بعد مرکب کو گلاتا ہے۔ سیسے اور چاندی کا مرکب پگھل کر گڑھے میں گرتا ہے جو بعد میں عمل سباکی سے صاف کر لیا جاتا ہے۔ سیسہ جو چاندی سے جدا ہو کر راکھ میں مل جاتا ہے پھر نہیں جاتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۱۹) پیکار۔ یہ شخص سلونی اور کھرل شہر کے سناروں سے خریدتا ہے اور انھیں دارالضرب میں لے جاکر گلواتا ہے اور اس طرح چاندی اور سونے سے فائدہ اُٹھاتا ہے۔ یہ شخص ایک من سلونی کے لئے سترہ دام اور ایک من کھرل کے معاوضے میں چودہ دام خالصے میں داخل کرتا ہے۔

(۲۰) پچولی والہ۔ یہ شخص پرانے تانبے کے وہ سکے لے آتا ہے جس میں جس میں چاندی ملی ہوئی ہوتی ہے۔ اس کو ہر سو تولے میں ۳½ روپے دیوان کو دینے ہوتے ہیں۔ اگر یہ شخص چاہے کہ چاندی کے سکے بنوائے تو اُس کی مقررہ اجرت اُسے علیحدہ ادا کرنی ہوتی ہے۔

(۲۱) خاک شو۔ جب کہ سونے اور چاندی کے مالک اپنا مال مختلف طریقوں سے صاف کرکے جیسا کہ بیان ہوا لے جاتے ہیں تو یہ شخص دارالضرب میں جھاڑو دیتا ہے اور اُسے اپنے گھر لے جاکر خاک کو دھوتا ہے اور اس سے فائدہ اُٹھاتا ہے۔ بیشمار خاک شو اس عمل سے اچھی خاصی تجارت کرتے ہیں۔ ہر خاک شو ہر مہینے ½ ۱۲ روپے بطور نذرانہ خزانے میں داخل کرتا ہے۔ خاک شو کی طرح دارالضرب کا ہر اہلکار ہر سو داموں کے منافع میں تین دام خزانۂ سرکار میں داخل کر دیتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۰)

سکّہ جات سلطنت: سونے کے سکّے

جب بادشاہ نے اپنی توجہ سے سونے اور چاندی کو بالکل صاف اور کھرا کرلیا تو نقوش بھی طرح طرح کے ایجاد کر کے سکّوں کو زیب و زینت دی جس سے خزانے کی رونق بڑھی اور اہل دُنیا کو مسرت و خوشی حاصل ہوئی۔ اس جگہ نقوش کا مختصر حال لکھا جاتا ہے۔

سہنسہ۔ یہ ایک گول سکّہ ہے جو وزن میں ۱۰۱ تولے ۹ ماشے سات سرخ کے برابر ہے۔ اس سکّے کی قیمت سو لعل جلالی ہے۔ سکّے میں ایک طرف بیچ میں قبلۂ عالم کا نام کندہ ہے اور کناروں کی پانچ محرابوں میں یہ عبارت لکھی ہوئی ہے "السلطان الاعظم للخاقان المعظم خلد اللہ ملکہ وسلطانہ ضرب دار الخلافۃ اگرہ" سکّے کے دوسری طرف وسط میں کلمۂ طیبہ اور "ان اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب" لکھا ہوا ہے اور چاروں طرف حضرات چار یار رضی اللہ عنہم کے اسمائے گرامی کندہ ہیں۔

پہلے مولانا مقصود زرکن نقاشی کرتے تھے اس کے بعد ملا علی احمد نے صنائی کو ختم کیا اور سکّے کے ایک طرف یہ عبارت بڑھائی کہ "افضل دینار ما ینفقہ الرجل دینارا ینفقہ علی اھلہ فی سبیل اللہ اور دوسری طرف

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

السلطان العالی الخلیفۃ المتعالی خلد اللہ ملکہ وسلطانہ وابدّ عدلہ واحسانہ کندہ کیا لیکن اس کے بعد یہ تمام عبارتیں مٹا دی گئیں اور ملک الشعرا متذکرۃ الحکما شیخ فیضی کی یہ رباعی سکّے کے ایک طرف لکھی گئی۔

خورشید کہ ہفت بحر از و گوہر یافت — سنگ سیہ از پرتو آں جوہر یافت
کان از نظر تربیت او زر یافت — واں زر شرف از سکّہ شاہ اکبر یافتہ

اسی جانب درمیان میں اللہ اکبر جل جلالہ کندہ کیا گیا۔

سکّے کی دوسری جانب یہ رباعی لکھی گئی۔

ایں سکّہ کہ پیرایۂ امید بود — یا نقش دوام و نام جاوید بود
سیمائے سعادتش ہمیں بس کہ بدہر — یک ذرہ نظر کردۂ خورشید بود

سکّے کے اسی جانب درمیان میں سن الٰہی اور مہینہ کندہ کرائے گئے۔

(۲) اسی نام اور اسی صورت کا ایک دوسرا سکّہ ہے جو وزن میں نوّے تولے آٹھ ماشے اور قیمت میں سو گول اشرفیوں کے برابر ہے۔ ان اشرفیوں میں ہر ایک کا وزن گیارہ ماشے ہے۔ اس سکّے پر بھی مذکورۂ بالا آخری نقش کندہ ہے۔

(۳) رہس۔ دونوں سکّوں کا نصف ہے۔ یہ سکّہ بعض اوقات مربّع کی شکل کا ہوتا ہے۔ اس سکّے کے ایک طرف سہنسہ کا نقش کندہ ہے اور دوسری جانب شیخ فیضی کی یہ رباعی لکھی ہوئی ہے۔

ایں نقد روان گنج شاہنشاہی — با کوکبِ اقبال کند ہمراہی
خورشید بپرورش ازاں روکہ بدہر — یابد شرف از سکّۂ اکبر شاہی

(۴) آتمہ۔ سہنسہ کا ¼ حصّہ ہے۔ یہ سکّہ گول اور چوکور دونوں طرح کا ہوتا ہے بعض سکّوں پر تو سہنسہ کا نقش کندہ ہے اور بعضوں کے ایک طرف فیضی کی یہ رباعی لکھی ہوئی ہے۔

ایں سکّہ کہ دستِ بخت رازیور باد — پیرایۂ نہ سپہر و ہفت اختر باد
زریں نقد لیست کار ازو چوں زر باد — در دہر روان بنام شاہ اکبر باد

اور دوسری طرف وہی پہلی رباعی کندہ ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۵) بنّت۔ آتہ کی طرح یہ سکّہ بھی گول اور چوکور دونوں قسم کا تیار کیا جاتا ہے۔
یہ سکّہ قیمت میں سہنسہ کا $\frac{1}{5}$ حصّہ ہے۔ اس کے علاوہ اور دوسرے سونے کے سکّے بھی ہیں جو شکل اور نقش میں بنّت کی طرح ہوتے ہیں اور قیمت میں سہنسہ کے $\frac{1}{8}$۔ $\frac{1}{10}$۔ $\frac{1}{20}$ اور $\frac{1}{25}$ حصّوں کے برابر ہیں۔

(۶) چگل۔ چہار گوشہ۔ یہ چوکور سکّہ ہے۔ اس کا وزن ۳ تولے $\frac{1}{4}$ ۵ سرخ ہے۔ اس کی قیمت تیس روپے ہے۔

گرد (گول) گول سکّے کا وزن ۲ تولے ۹ ماشے ہے اور قیمت میں تین جلالی مُہر کے برابر ہے۔ ہر مُہر کی قیمت گیارہ روپے اور وزن گیارہ ماشے ہے۔

چگل مربع جو سہنسہ کا $\frac{1}{50}$ حصّہ ہے اور قیمت میں دو لعل جلالی مُہر کے برابر ہے۔
چگل کی دونوں قسم کے سکّوں کے نقوش ایک ہی ہیں۔

(۷) لعل جلالی۔ یہ سکّہ گول ہے اور وزن اور شکل میں دو مُہر کی برابر ہے۔ اس کے ایک طرف اللہ اکبر کندہ ہے اور دوسری جانب یا معین لکھا ہوا ہے۔

(۸) آفتابی۔ یہ سکّہ بھی گول ہے۔ اس کا وزن ایک تولہ ۲ ماشے $\frac{3}{4}$ ۴ سرخ ہے اس کی قیمت بارہ روپے ہے۔ اس سکّے کے ایک طرف اللہ اکبر جل جلالہ لکھا ہوا ہے اور دوسری جانب دار الضّرب کا نام اور سنہ الٰہی کندہ ہے۔

(۹) الٰہی۔ یہ سکّہ بھی گول ہے اور اس کا وزن ۱۲ ماشے $\frac{1}{4}$ ۱ سرخ ہے۔ اس پر بھی آفتابی سکّے کا نقش کندہ ہے اور دس روپے پر چلتا ہے۔

(۱۰) لعل جلالی چوکور۔ اس کا وزن اور اس کی قیمت دونوں الٰہی سکّے کے وزن اور قیمت کے برابر ہیں اس سکّے کے ایک طرف اللہ اکبر اور دوسری طرف جل جلالہ لکھا ہوا ہے۔

(۱۱) عدل گتکہ۔ یہ سکّہ بھی گول ہے اور اس کا وزن گیارہ ماشے ہے اور اس کی قیمت نو روپے ہے۔ اس سکّے کے ایک طرف اللہ اکبر اور دوسری طرف یا معین لکھا ہوا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۱۲) گول اشرفی۔ یہ سکّہ وزن اور قیمت میں عدل گٹکہ کے برابر ہے لیکن اس کا نقش مختلف ہے۔

(۱۳) محرابی۔ یہ سکّہ وزن قیمت اور نقش میں گول اشرفی کے برابر اور اسی کے مانند ہے۔

(۱۴) معینی۔ یہ سکّہ چوکور اور گول دونوں طرح کا ڈھالا جاتا ہے۔ وزن اور قیمت میں لعل جلالی اور گول اشرفی کے برابر ہے اور اس پر یا معین کا نقش کندہ ہے

(۱۵) چہار گوشہ۔ وزن اور قیمت میں آفتابی کے برابر ہے۔

(۱۶) گرد۔ یہ سکّہ الٰہی سکّے کا نصف ہوتا ہے اور اس کا نقش بھی وہی ہے جو الٰہی کا ہے۔

(۱۷) دھن۔ یہ سکّہ لعل جلالی کا نصف ہے۔

(۱۸) سلیمی۔ یہ عدل گٹکے کا نصف ہے۔

(۱۹) ربی یا ربعی۔ یہ سکّہ آفتابی کا چوتھا حصّہ ہے۔

(۲۰) من۔ الٰہی اور جلالی سکّوں کا $\frac{1}{4}$ حصّہ ہے۔

(۲۱) نصف سلیمی۔ عدل گٹکہ کا چوتھا حصّہ ہے۔

(۲۲) پنج۔ یہ سکّہ الٰہی کا $\frac{1}{5}$ حصّہ ہے۔

(۲۳) پانڈو۔ یہ سکّہ لعل جلالی کا $\frac{1}{6}$ حصّہ ہے اس کے ایک طرف گل لالہ اور دوسری طرف گل نسرین کا نقش بنا ہوا ہے۔

(۲۴) ثمنی یا ہشت سدہ۔ الٰہی سکّے کا $\frac{1}{8}$ حصّہ ہے اس کے ایک طرف اللہ اکبر کندہ ہے اور دوسری جانب جل جلالہ لکھا ہوا ہے۔

(۲۵) کلا۔ الٰہی سکّے کا $\frac{1}{16}$ حصّہ ہے اس کے دونوں جانب گل نسرین کا نقش کندہ ہے۔

(۲۶) ذرّہ۔ الٰہی سکّے کا $\frac{1}{32}$ حصّہ اور کلا کا ہمنقش ہے۔

دار الضّرب شاہی میں سونے کے سکّوں کے تیار کرنے کا عام قاعدہ یہ ہے کہ لعل جلالی۔ دھن اور من تینوں سکّے ایک ایک مہینہ ڈھالے جاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ان کے علاوہ دوسرے سکّے بلاخاص احکام صادر ہوئے تیّار نہیں کیے جاتے۔

چاندی کے سکّے

روپیہ

یہ سکّہ گول اور وزن میں ساڑھے گیارہ ماشے کا ہوتا ہے یہ سکہ شیر خاں کے زمانے میں ایجاد ہوا اور عہد اکبری میں درجۂ تکمیل کو پہنچا اور اس پر تازہ نقش لکھا گیا۔ اس سکّے کے ایک طرف اللہ اکبر جل جلالہ کندہ ہے اور دوسری جانب تاریخ ضرب لکھی ہے۔ یہ سکّہ چالیس داموں کے برابر ہے اگرچہ اس کی قیمت گھٹتی بڑھتی رہتی ہے لیکن تنخواہوں کے ادا کرنے میں اس کی قیمت ہمیشہ چالیس دام سمجھی جاتی ہے۔

(۲) جلالہ۔ اس کی شکل چوکور ہے اور اسی عہد میں رائج کیا گیا ہے۔ اس کی قیمت اور اس کا نقش روپے کے برابر اور اسی کے مانند ہے۔

(۳) دربیہ۔ جلالہ کا $\frac{1}{2}$ حصّہ ہے۔

(۴) چہرن۔ جلالہ کا $\frac{1}{4}$ حصّہ ہے۔

(۵) پانزدہ جلالہ کا $\frac{1}{5}$ حصّہ ہے۔

(۶) اشٹ۔ جلالہ کا $\frac{1}{8}$ حصّہ ہے۔

(۷) دسا۔ جلالہ کا $\frac{1}{10}$ حصّہ ہے۔

(۸) کلا۔ جلالہ کا $\frac{1}{16}$ حصّہ ہے۔

(۹) سوکی جلالہ کا $\frac{1}{20}$ حصّہ ہے۔

یہی بچکاریاں روپے کی بھی بنائی جاتی ہیں لیکن وہ مذکورۂ بالا سکّوں سے شکل میں مختلف ہیں۔

تانبے کے سکّے

دام۔ اس کا وزن پانچ ٹانک ہے (ایک تولہ آٹھ ماشے سات سرخ) روپے کا $\frac{1}{40}$ حصّہ ہے۔ پہلے اس سکّے کو پیسہ اور پہلی کہتے تھے لیکن آجکل

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دام کے نام سے مشہور ہے۔ اس سکّے کے ایک طرف دارالضرب کا مقام کندہ ہے اور دوسری جانب سنہ اور مہینہ لکھا ہوا ہے۔ حساب کی غرض سے دام کے چالیس حصّے سمجھے گئے ہیں اور ہر حصّے کو جیتل کہتے ہیں۔ یہ خیالی حصّے صرف حساب لکھنے میں استعمال کئے جاتے ہیں۔

ادھیلہ۔ یہ سکّہ دام کا نصف ہے۔

پاؤلی۔ یہ سکّہ دام کا ¼ حصّہ ہے۔

دمڑی۔ یہ سکّہ دام کا ⅛ حصّہ ہے۔

جہاں پناہ کے ابتدائی عہد حکومت میں سونے کے سکّے اکثر مقامات پر ڈھالے جاتے تھے لیکن اس زمانے میں صرف چار شہروں یعنی دارالخلافت، بنگالہ، احمد آباد گجرات اور کابل میں تیار کئے جاتے ہیں۔

چاندی کے سکّے علاوہ ان چار شہروں کے دس مقامات پر اور ڈھالے جاتے ہیں جن کے نام حسب ذیل ہیں۔

الہ آباد، آگرہ، اجمین، سورت، دہلی، پٹنہ، کشمیر، لاہور، ملتان اور ماٹڈہ۔

اٹھائیس جگہ صرف تانبے کے سکّے ڈھالے جاتے ہیں۔ ان شہروں کے نام یہ ہیں:-

اجمیر، اودھ، اٹک، الور، بدایون، بنارس، بھکر، بہرہ، پٹن، جون پور، جالندھر، ہردوار، حصار فیروزہ، کالپی، گوالیار، گورکھپور، کلانور، لکھنؤ، سندو، ناگور، سرہند، سیالکوٹ، سرونج، سہارن پور، سارنگ پور، سنبل، قنوج، رتنبھور۔

کاروبار میں زیادہ تر گول اشرفی، روپے اور دام کا لین دین ہوتا ہے۔ بے ایمان اور دغاباز اشخاص سکّوں کو گھس کر یا اسی طرح کی دوسری مکاریوں سے لوگوں کو طرح طرح کے نقصان پہنچاتے ہیں۔ لوگوں کے ان نقصانات اور اس کی بربادی کو مدنظر رکھ کر جہاں پناہ ہمیشہ تجربہ کاروں کے مشورے اور آئین زمانہ شناسی سے ان غداریوں کو روکنے کے لئے نئے قوانین جاری کرتے رہتے ہیں۔

سکّوں کے رواج میں مختلف تغیر اور تبدل ہوئے۔

ابتداً جب کہ حکومت کی باگ راجہ ٹوڈرمل کے ہاتھ میں تھی تو چار قسم کی

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اشرفیاں سلطنت میں رائج تھیں۔

(۱) لسل جلالی جس پر بادشاہ کا نام نامی کندہ تھا اور جس کا وزن ۱ تولہ ۳/۴ سرخ تھا۔ یہ سکہ بالکل کھرا تھا اور اس کی قیمت چار سو دام مقرر تھی۔

(۲) ابتدائی زمانۂ حکومت میں ایک اشرفی رائج تھی جس پر شاہی مہر کندہ تھی۔ اس سکے کی تین قسمیں ہیں۔ سکہ بالکل کھرا تھا جس کا وزن پورے گیارہ ماشے تھا اور اس کی قیمت ۳۷۰ دام تھی۔ اگر امتداد زمانہ سے یہ سکہ تین چانول گھس جاتا تھا تو اس کی قیمت میں کوئی فرق نہیں آتا تھا لیکن اگر چار چانول سے چھ چانول تک کی کمی آجاتی تھی تو سکہ دوسرے درجے کا شمار ہوتا تھا اور اس کی قیمت ۳۵۵ دام ہو جاتی تھی اور اگر چھ سے نو چانول تک گھس جاتا تو سکے کو تیسرے درجے کی اشرفی سمجھتے تھے اور ایسا سکہ تین سو چھاس داموں پر چلتا تھا۔ اگر نو چاول سے بھی زیادہ سکے کے وزن میں کمی آجاتی تھی تو سکہ نامسکوک سونا سمجھا جاتا تھا۔

تین ہی طرح کے روپے بھی اُس زمانے میں رائج تھے۔

(۱) چار گوشہ۔ اس سکے کی چاندی بالکل کھری تھی اور اس کا وزن ۱۱ ۱/۲ ماشے تھا۔ اس سکے کا نام جلالہ تھا اور اس کی قیمت چالیس دام تھی۔

(۲) پرانا اکبر شاہی گول روپیہ۔ اس کا وزن ایک سرخ کم تھا اور اس کی قیمت ۳۹ دام تھی۔

(۳) یہی روپیہ جب وزن میں دو سرخ کم ہو جاتا تھا تو اس کی قیمت بھی ۲ دام گھٹ جاتی تھی اور بجائے ۴۰ کے ۳۸ داموں پر چلتا تھا۔ جو سکے دو سرخ سے بھی زیادہ کم ہو جاتے تھے وہ نامسکوک چاندی کے مثل سمجھے جاتے تھے۔

دوسری مرتبہ جب اٹھارہ مہر سنہ ۲۹ الٰہی کو عضد الدولہ میر فتح اللہ شیرازی سررشتے کے افسر اعلیٰ مقرر ہوئے تو شاہی فرمان نافذ ہوا کہ اگر اشرفی میں تین اور روپے چھ چانول کی کمی آجائے تو سکوں میں کسی طرح کا نقصان نہ سمجھا جائے بلکہ یہ سکے پورے اور کھرے خیال کیے جائیں اور اگر اشرفی تین چانول سے بھی زائد کم ہو تو اسی کمی کے لحاظ سے قیمت بھی بحساب کسر گھٹا دی جائے۔ اسی بنا پر ایک مہر کی قیمت جو ایک سرخ وزن میں کم ہو پچپن دام اور کچھ کسر قرار پائی۔ یہ حکم منسوخ ہوا کہ جس اشرفی میں نو چاول تک

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کمی ہو وہ بھی کھرا سکہ سمجھی جائے اور اس طرح ایک سرخ مسکوک سونے کی قیمت چار دام اور کچھ کسر قرار دی گئی۔

ٹوڈرمل کے قانون کے موافق ہر سرخ کی کمی سے چار دام قیمت گھٹ جاتی تھی اور اگر اشرفی میں تین چاول سے کچھ بھی زیادہ کمی ہو جاتی تھی جو اگرچہ آدھے چاول ہی کیوں نہ ہو تو قیمت میں پورے پانچ دام کا فرق آجاتا تھا۔ جو اشرفی وزن میں ڈیڑھ سرخ کم ہو جاتی تھی اس کی قیمت دس دام گھٹ جاتی تھی۔ اگر ڈیڑھ سرخ میں کچھ کمی بھی ہوتی تو بھی قیمت کی کمی میں کوئی فرق نہیں آتا تھا اور وہی دس دام اصل قیمت سے نبٹا کر لئے جاتے تھے۔

(عضد الدولہ) کے جدید قانون سے اشرفیوں کے نرخ میں فرق ہو گیا اور اسی اشرفی کی قیمت میں کچھ اوپر چھ دام کی کمی کر دی گئی اور پوری قیمت تین سو ترپن (۳۵۳) دام اور کچھ کسر قرار پائی۔

گول روپے کی قیمت جو وزن میں صحیح اور جس کی چاندی کھری ہوتی تھی چوکور روپے سے ایک دام کم قرار دی گئی تھی۔ فتح اللہ شیرازی نے اس قانون کو بھی منسوخ کیا اور گول روپیہ جو وزن میں پورا یا ایک سرخ کم تھا پورے چالیس داموں پر چلنے لگا۔ ٹوڈرمل کے عہد اقتدار میں جو روپیہ وزن میں دو سرخ کم ہوتا تھا اس کی قیمت ۳۸ دام سمجھی جاتی تھی۔ شیرازی کے عہد میں ایسے روپے کی قیمت میں صرف ایک دام اور کچھ کسر کی کمی قرار پائی۔

تیسرا تغیر عضد الدولہ کے خاتمہ پر جانے کے بعد راجہ ٹوڈرمل نے اشرفیوں کی قیمت بجائے جلالہ روپے کے گول سکوں میں مقرر کی اور اپنے ذاتی تعصب و سختی مزاج کی وجہ سے روپے اور اشرفی کی کمی اور نقصانات کے قانون کو بعینہ اسی طرح جاری کیا۔

چوتھی بار جب احکام شاہنشاہی کا نفاذ قلیچ خاں کے سپرد کیا گیا تو اس نے بھی اشرفیوں کی قیمت مقرر کرنے میں راجہ ٹوڈرمل کے قاعدوں کی پابندی کی لیکن جس اشرفی کی قیمت میں راجہ نے پانچ دام کی کمی قرار دی قلیچ خاں نے اس کی قیمت دس دام گھٹا دی اور جو سکہ راجہ کے وقت میں دس دام کم پر چلتا تھا اُسے قلیچ خاں نے بیس دام کم پر رائج کیا۔ جو اشرفی کہ وزن میں ½ ا سرخ کم ہوتی قلیچ خاں نے اُسے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نامسکوک سونا قرار دیا۔ اسی طرح جس روپے میں ایک سرخ سے زائد کی کمی تھی وہ بھی غیر مسکوک چاندی سمجھا گیا۔

جہاں پناہ اپنے اعلیٰ عہدہ دار ملازموں پر بھروسہ کرکے اپنے کثرتِ کار کی وجہ سے سکّوں کے چلن اور ان کی قیمت کی کمی بیشی پر کم توجہ فرماتے تھے لیکن جب سکّوں کے بھاؤ میں وقتاً فوقتاً تبدیلی ہونے کی وجہ سے اس سررشتے کی بدنظمی کی خبر قبلۂ عالم کے کانوں تک پہنچی تو حضرت نے اس بارے میں ایسا عمدہ قانون جاری کیا کہ قریب و بعید ہر شخص کو خوشی حاصل ہوئی اور رعایا نے نقصان اور پریشانی کی تکلیف سے نجات پائی۔

چھبیس بہمن ۳۶ الٰہی کو جہاں پناہ نے دوسرے قاعدے کو تمام قوانین پر ترجیح دی اور اسی کو جاری فرمایا۔ عضد الدولہ کے قانون میں صرف اس قدر ترمیم فرمائی کہ اگر اشرفی تین چانول اور روپیہ چھ چانول تک کم ہو تو ایسے دونوں سکّے بھی نامسکوک سمجھ کر قبول نہ کیے جائیں۔ اس آئین نے کمینہ خصلت خیانت داروں کی بے ایمانی و مکاری کا خاتمہ کر دیا اس لئے کہ اگر دار الضرب کے اہلکار ہی کم وزن کا سکّہ تیار کریں یا خزانے کے عمال کھرے سکّوں کو کم داموں پر لیں تو ایسی صورتوں میں پہلے قانون کی بنا پر ان بدنظمیوں کا کوئی چارہ کار نہ تھا لیکن اس نئے قانون سے سارے ملک کو اطمینان اور آرام نصیب ہوا اور سب خوشحالی کے ساتھ زندگی بسر کرنے لگے۔ اس کے علاوہ بے شرم، بددیانت افراد وزن میں ہلکے چانول چن کر ان سے سکّوں کو تولتے اور جو اشرفی تین چانول کم ہوتی تھی اُسے چھ چانول کم کر دیتے تھے اس طرح جو اشرفی چھ چانول کم ہوتی تھی اُسے نو چانول کم کہتے تھے۔ سکّوں کے اوزان کی کمی اسی طرح بڑھتی جاتی تھی اور چور جیب اپنی جیبیں بھر کر دارین میں روسیاہ ہوتے تھے۔ جہاں پناہ کے حکم سے یاقوتی چانول وزن کے لئے بنائے گئے اور یہی چانول تولنے میں استعمال کیے جانے لگے۔

اسی تاریخ ایک دوسرا قانون نافذ ہوا کہ خزانچی اور محاصل جمع کرنے والے رعایا سے کسی خاص قسم کا روپیہ نہ طلب کریں اور سکّوں کی صفائی اور وزن میں جتنی ہو اس کا صحیح صحیح اندازہ کرکے موجودہ کے مطابق اصل قیمت وصول کریں۔ جہاں پناہ کے اس فرمان نے دغابازوں کو پست کیا اور لالچی اور طمع دار دل کو اعتدال پسندی کی تعلیم اور مظلوم رعایا کو ستم پیشہ مکاروں کے پنجۂ ظلم سے نجات دی۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۱)

درم و دینار

ممالک محروسہ کے رائج الوقت سکّوں کا ذکر کرنے کے بعد مناسب معلوم ہوتا ہے کہ دونوں قدیم سکّوں یعنی درم و دینار کے بھی کچھ مختصر حالات اور ان کی قیمت سے ناظرین کو آگاہ کیا جائے۔

درہم سے مراد چاندی کا سکّہ ہے جو خستہ خرما کی مانند تھا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد معدلت میں یہ سکّہ گول ڈھالا گیا اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں اس پر "اللہ برکت" کا نقش کندہ کیا گیا۔ حجاج نے اس سکّے پر سورۂ قل ھو اللہ کا نقش بنوایا۔ بعض مورّخین کہتے ہیں کہ حجاج نے درہم پر اپنا نام کندہ کرایا۔ ایک گروہ کا بیان ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے درہم پر نقش کندہ کرائے۔ بعض مورّخین کہتے ہیں کہ عبدالملک بن مروان کے زمانے میں رومی دینار اور کسروی اور حمیری درہم ملک میں رائج تھے۔ عبدالملک کے حکم سے حجّاج نے ان سکّوں کو منقوش کیا۔

دوسرا گروہ کہتا ہے کہ حجاج نے غیر خالص درموں کو میل سے صاف کیا اور ان پر اللہ احد اللہ الصمد کے نقش کندہ کرائے۔ یہ درم مکروہہ کے نام سے مشہور ہوئے جس کی وجہ یہ تھی کہ اس طرح خدا کے مقدس نام کی اہانت ہوتی تھی اور یا یہ کہ اصل نام میں تغیّر اور تبدّل پیدا ہوا اور غلطی سے یہ سکّے مکروہ کہلانے لگے۔ حجاج کے بعد عمر بن ہبیرہ نے یزید بن عبدالملک کے عہد اور اپنی حکومت عراق کے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

زمانے میں حجاج سے بہتر درہم تیار کرائے۔ خالد بن عبد اللہ قسری والی عراق نے درہموں کو اور زیادہ خالص کرایا۔ خالد کے بعد یوسف عمر نے اپنی طباعی سے درہموں کو کمال کے مرتبے پر پہنچایا۔ بعض مورخین کہتے ہیں کہ سب سے پہلے مصعب ابن زبیر نے درہم تیار کرائے۔ ان درہموں کے مختلف اوزان بتائے جاتے ہیں بعضوں کا بیان ہے کہ مصعب کے سکوں کا دس یا نو اور بعضے یا پانچ مثقال وزن تھا۔ بعض مورخین لکھتے ہیں کہ ان سکوں کا وزن بیس اور بارہ اور دس قیراط تھا لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہر قسم کا ایک درہم لے کر ان سبھوں کے مجموعی وزن کا $\frac{1}{3}$ حصہ جدید درہم کا وزن قرار دیا اس طرح فاروقی درہم چودہ قیراط کا قرار پایا۔ ایک گروہ کا بیان ہے کہ حضرت عمر فاروق اعظمؓ کے زمانے میں تین قسم کے درہم رائج تھے۔ ایک درہم کا وزن آٹھ دانگ تھا۔ راس بغل نے جو سکوں کا نقاد تھا حضرت عمرؓ کے حکم سے اس درہم کو مسکوک کیا اور سکہ اسی شخص کے نام سے مشہور ہو کر بغلی کہلایا۔ بعض مورخ کہتے ہیں کہ ایک قصبے کا نام بغل تھا اور یہ سکہ اسی قصبے کی طرف منسوب ہو کر بغلی کے نام سے مشہور ہوا۔ اسی طرح چار دانگی سکوں کو طبری۔ تین دانگی سکوں کو مغربی اور ایک دانگی سکے کو یمنی کہتے تھے۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان تمام سکوں کے مجموعی وزن کے اندازے کے موافق تمام درہموں کو ہموزن کر دیا۔ فاضل خجندی کا بیان ہے کہ قدیم زمانے میں دو قسم کے درہم رائج تھے ایک قسم ہشت دانگی اور دوسرا شش دانگی کے نام سے مشہور تھا۔ ایک دانگ دو قیراط کا اور ایک قیراط دو طسوج کا اور ایک طسوج دو جَو کا ہوتا ہے۔

دوسرا کھوٹا سکہ تھا جو وزن میں چار دانگ اور کچھ کسر کے برابر تھا۔ مذکورۂ بالا بیانات کے علاوہ اور بھی مختلف اقوال ہیں۔

دینار سونے کا سکہ ہے جس کا وزن ایک مثقال ہے۔ دینار درہم کا $\frac{3}{4}$ گونہ ہے۔ ایک مثقال چھ دانگ کا اور ایک دانگ چار طسوج اور ایک طسوج دو جَو کا اور ایک حبہ دو جَو کا اور ایک جَو چھ خردل کا اور ایک خردل بارہ فلس کا اور ایک فلس چھ فتیل کا اور ایک فتیل چھ نقیر کا اور ایک نقیر چھ قطمیر کا اور ایک قطمیر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بارہ ذرّے کا سمجھا جاتا تھا۔

مثقال ایک وزن کا نام ہے جس سے سونے کو تولتے تھے۔ اس حساب سے ہر مثقال چھیانوے جو کے برابر ہے۔ اس کے علاوہ خود ایک سونے کے سکّے کا نام بھی مثقال ہے۔ بعض قدیم تحریرات سے واضح ہوتا ہے کہ یونانی مثقال ایک غیر مستعمل اور وزن میں دو قیراط کم ہے۔ اسی طرح یونانی درہم دوسرے اسی قسم کے سکّوں سے وزن میں مختلف ہوتے ہیں۔ ان درہموں کا وزن دیگر ممالک کے سکّوں سے $\frac{1}{4}$ یا $\frac{1}{4^2}$ مثقال کم ہوتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۲)

چاندی اور سونا وغیرہ بیچنے والوں کا نفع

ایک تولہ دہ بانی سونے کی قیمت ایک گول اشرفی ہے جس کا وزن گیارہ ماشے کا ہے۔ اگر سونا ۱۰/۱۱ بان کا ہے تو اسی ایک اشرفی کے عوض ایک تولہ دو سرخ سونا ملتا ہے۔ اگر سونا ۹½ بانی ہے تو ایک اشرفی پر ایک تولہ چار سرخ سونا ملتا ہے۔ اگر سونے کا کھرا پن ۹¼ بان ہے تو ایک تولہ چھ سرخ سونا ایک اشرفی کے عوض میں ملتا ہے اور اگر سونا ۹ بانی ہے تو ایک اشرفی پر ایک تولہ ایک ماشہ اس طرح ہر بان کی کمی ہونے سے اسی گیارہ ماشے کی اشرفی کی خرید و فروخت میں سونے کے وزن میں ایک ماشے کا اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

سوداگر ایک سو تیس تولے ۲½ ماشے ۵/۸ سرخ ¼ بانی سونا جسے ہُن کہتے ہیں ایک سو لعل جلالی کو خرید کرتا ہے۔ اس پوری مقدار میں بائیس تولے ۹½ ماشے سونا گلانے میں جل کر خاک خالص میں مل جاتا ہے اور اس طرح ایک سو سات تولے چار ماشے ½ خالص اور کھرا سونا رہ جاتا ہے۔ اس خالص سونے کی ایک سو پانچ اشرفیاں گیارہ ماشے کی بنائی جاتی ہیں۔ سکوں کے تیار ہونے کے بعد آدھا تولہ سونا بچ رہتا ہے جس کی قیمت چار روپے ہوئی۔ خاک خالص سے دو تولے گیارہ ماشے چار سرخ سونا اور گیارہ تولے ½ ۱۱ ماشے ½ سرخ چاندی نکلتی ہے۔ ان دونوں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دھاتوں کی قیمت پینتیس روپے ساڑھے بارہ تنکے ہوئے اور اس طرح ان کی مذکورۂ بالا مقدار کے عوض ایک سو پانچ اشرفیاں انتالیس روپے اور پچیس دام ملتے ہیں اس کل رقم میں سے دو روپے اٹھارہ دام ساڑھے بارہ جیتل کاریگر اپنی مزدوری میں اسی شرح سے جیسا کہ اوپر مذکور ہوا لے لیتے ہیں۔ پانچ روپے آٹھ دام اور آٹھ جیتل مصالح میں صرف ہو جاتے ہیں۔ سونے کے صاف کرنے میں ایک روپیہ چار دام اور ڈیڑھ جیتل صرف ہوتے ہیں چھتیس دام اور آدھے جیتل کے کنڈے خرچ ہوتے ہیں چار دام اور پینتیس جیتل سلوتی میں ادا کئے جاتے ہیں۔ ایک دام اور دو جیتل کا پانی خرچ ہوتا ہے گیارہ دام اور پانچ جیتل کا پارہ خریدا جاتا ہے۔ خاک خلاص کے دھونے میں چار روپے چار دام ½ ۶ جیتل صرف ہوتے ہیں۔ اکیس دام ½ ۷ جیتل کا کوئلہ صرف ہوتا ہے۔ تین روپے بائیس دام اور چوبیس جیتل کا سیسہ خرچ ہوتا ہے چھ روپے ½ ۳۷ دام سونے کا مالک سوداگر سے معاہدے کے موافق اپنا مال اسے قرض دینے کے معاوضے میں لیتا ہے۔ اگر سونا خالصہ کا مال ہوتا ہے تو یہ اجرت دیوان کو ادا کی جاتی ہے سو مہر جلالی سوداگر اپنے لائے ہوئے سونے کی قیمت میں لے لیتا ہے۔ اس کے علاوہ بارہ روپے ۳۷ دام ½ ۳ جیتل سوداگر اپنے نفع میں پاتا ہے اور پانچ اشرفیاں بارہ روپے ½ ۳ دام خالصے میں داخل ہو جاتے ہیں۔ اسی شرح حساب سے سوداگر اس خرید و فروخت سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔

اگرچہ سونا دوسرے ممالک سے ہندوستان میں لاتے ہیں لیکن تبت کی طرح ہند کے شمالی پہاڑوں میں بھی بکثرت پایا جاتا ہے۔ دریائے گنگا اور سندھ کے بالو سے سلوتی کے عمل سے سونا نکالتے ہیں۔ ہندوستان کے اکثر دریاؤں کی ریگ میں سونا ملا ہوا ہے لیکن شدید محنت اور کثرت مصارف کی وجہ سے ہر دریا کے کنارے ایسا اہم کام انجام نہیں پا سکتا۔

چاندی۔ خالص اور کھری چاندی ایک روپے کو ایک تولہ دو سرخ خریدی جاتی ہے یعنی نو سو پچاس روپے کی نو سو انہتر تولے اور ساڑھے نو ماشے ملتی ہے۔ اس پوری مقدار میں پانچ تولے ¾ ۴ سرخ چاندی ڈلی بنانے میں جل جاتی ہے اور ایک ہزار چھ روپے یقیہ چاندی سے حاصل ہوتے ہیں اور ستائیس و نصف دام کا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

چاندی کی قیمت میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس جملہ رقم میں دو روپے ۲۲ دام بارہ جیتل کاریگروں کی مزدوری میں دئے جاتے ہیں۔ پانچ دام ۵/۴ جیتل ترازو کش کو اور تین دام ۳/۴ ۳ جیتل چاشنی گیر کو ادا کئے جاتے ہیں۔ گداز گر ۱/۲ ۶ دام سکچی ۱/۲ ۶ دام اور ضراب دو روپے ایک دام وصول کرتا ہے۔ دس دام پندرہ جیتل مصالح میں صرف ہوتے ہیں دس دام کا کوئلہ خرچ ہوتا ہے پندرہ جیتل پانی میں صرف ہوتے ہیں پچاس روپے تیرہ دام دیوان کو ادا کئے جاتے ہیں۔ نو سو پچاس روپے سوداگر اپنی لائی ہوئی چاندی کے عوض میں لیتا ہے۔ اس کے علاوہ تین روپے اکیس دام ساڑھے دس جیتل سوداگر کو نفع میں دئے جاتے ہیں۔ اگر سوداگر آمیختہ چاندی کو اپنے گھر لے جاکر خود کھری کرتا ہے تو اس صورت میں اسے بہت زیادہ منافع ہوتا ہے لیکن اگر سکے ڈھلوانے کے لئے چاندی کو دارالضرب میں لاتا ہے تو نفع بہت زیادہ نہیں ہوتا۔

لاری اور شاہی اور دوسری قسم کی کھوٹی چاندی ایک روپے کو ایک تولہ چار سرخ کے نرخ سے بکتی ہے یعنی ۹۵۰ روپے کو نو سو اناسی تولے سات ماشے ملتی ہے۔ اس پوری مقدار میں چودہ تولے دس ماشے ایک سرخ عمل سیاکی میں جل جاتی ہے۔ اس حساب سے سو تولے چاندی میں ڈیڑھ تولہ سیاکی ضائع ہوتی ہے۔ چودہ تولے گیارہ ماشے تین سرخ چاندی گولیاں بنانے میں آگ کے نذر ہو جاتی ہے بقیہ چاندی کے عوض میں ایک ہزار بارہ روپے ملتے ہیں اور خاک کہرل سے ساڑھے تین روپے اور حاصل ہوتے ہیں۔ اس پوری رقم میں چار روپے ستائیس دام ساڑھے چھبیس جیتل مزدوروں کی اجرت میں دئے جاتے ہیں یعنی پانچ دام ۳/۴ ۷ جیتل ترازو کش کو۔ دو روپے انتیس جیتل سباک کو۔ چار روپے انتیس جیتل قرص کوب۔ تین دام چار جیتل چاشنی گیر کو۔ ساڑھے چھ دام چاندی گلانے والے کو۔ دو روپے ایک دام ضراب کو۔ ساڑھے چھ دام سکچی کو ادا کئے جاتے ہیں۔ پانچ روپے پندرہ جیتل مصالح میں صرف ہوتے ہیں۔ پانچ روپے چار دام کا سیسہ صرف ہوتا ہے۔ دس دام کا کوئلہ خرچ ہوتا ہے۔ پندرہ جیتل پانی کی اجرت میں دئے جاتے ہیں۔ پچاس روپے چھبیس دام خزانہ سرکار میں داخل کئے جاتے ہیں اور نو سو پچاس روپے سوداگر اپنی چاندی کے معاوضے میں لیتا ہے۔ اس کے علاوہ چار روپے انتیس دام

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

سوداگر کو منافع میں دئے جاتے ہیں۔ بعض اوقات سوداگر چاندی سستے داموں خریدتا ہے اس صورت میں اُس کا نفع بھی بہت زیادہ ہوتا ہے۔ چھبیس دام ڈھائی سیر کی فی سیر کے حساب سے ایک ہزار چوالیس دام کا ایک من تانبا ملتا ہے یعنی اس پورے وزن میں ایک سیر گلانے میں جل جاتا ہے اور ایک سیر میں تیس دام تیار ہوتے ہیں اس طرح ایک ہزار ایک سو ستر دام ڈھالے جاتے ہیں ان میں سے ایک ہزار ایک سو چوالیس دام سوداگر اپنے تانبے کے عوض میں لے لیتا ہے اور اٹھارہ دام ساڑھے انیس جیتل اُسے منافع میں ملتا ہے تینتیس دام دس جیتل کاریگروں کی مزدوری میں دئے جاتے ہیں۔ پندرہ دام آٹھ جیتل مصالح میں صرف ہوتے ہیں (یعنی تیرہ دام آٹھ جیتل کا کوئلہ آتا ہے۔ ایک دام پانی لانے میں صرف ہوتا ہے اور ایک دام مٹی کی قیمت دی جاتی ہے) اور ساڑھے اٹھاون دام خزانۂ سرکار میں جمع ہو جاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۳)

دھاتوں کی پیدائش کا بیان

صانع باکمال نے اربعہ عناصر کو پیدا کیا اور اُن کو باہم ترکیب دے کر حیرت انگیز قابل تعریف شکلیں اور صورتیں بنائی ہیں۔ ان چاروں عناصر میں آگ گرم و خشک اور مطلق ہلکی ہے، ہوا بہ نسبت دوسرے عناصر کے گرم تر اور ہلکی ہے، پانی سرد اور بہ نسبت ہوا کے بھاری ہے۔ خاک قطعاً سرد و خشک اور گراں ہے۔

گرمی اجسام کو ہلکا کرتی ہے۔ ٹھنڈ سے جسم بھاری ہوتا ہے۔ نمی جسم کے اجزا کو آسانی کے ساتھ ایک دوسرے سے جدا کرتی ہے اور یبوست (خشکی) اجزائے جسم کو ایک دوسرے سے علیحدہ نہیں ہونے دیتی۔ اسی عجیب و غریب امتزاج سے دُنیا میں چار مرکب پیدا ہوئے۔

آثار علوی۔ معدنیات۔ نباتات۔ حیوانات بھی وہ چار مختلف وجود ہیں جن سے دُنیا کی گرم بازاری ہے۔ آفتاب یا وہ سرے ناری اجسام کی گرمی سے پانی کے اجزا ہلکے ہو جاتے ہیں اور ہوا میں مل کر اوپر چڑھ جاتے ہیں اس مرکب کو بخار کہتے ہیں اور خاکی اجزا اس گرمی سے ہوائی اجزا میں مل کر بلند ہونے لگتے ہیں۔ اس مرکب کو دخان کے نام سے پکارتے ہیں کبھی کبھی ہوائی اجزائے بھی خاک سے ملتے ہیں بعض بخار اور دخان دونوں طرح کے مرکب کو بخار ہی کہتے ہیں لیکن

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جو مرکب اجزائے آبی کی آمیزش سے پیدا ہوتا ہے اُسے بخار تر اور بخار آبی کہتے ہیں اور جو مرکب اجزائے خاکی کے ملنے سے بنتا ہے اُسے بخار خشک اور بخار دخانی کے نام سے پکارتے ہیں۔ انھیں دونوں بخارات سے زمین کی سطح پر ابر و باد و پانی دیرف وغیرہ بنتے ہیں اور زمین کے اندر انھیں بخارات کی وجہ سے زلزلے آتے ہیں، چشمے جاری ہوتے ہیں اور معدنیات کی کانیں تیار ہوتی ہیں۔

حکما بخار کو جسم اور دخان کو روح کا مثل سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ انھیں دونوں کے باہم ملنے اور انھیں کی مقدار و نوعیت میں کمی و اضافہ ہونے سے مختلف قسم کے اجسام عالم کون و فساد میں اپنی جلوہ نمائی کی رنگینیاں دکھاتے ہیں جیسا کہ حکمت کی کتابوں سے پورے طور پر واضح ہوتا ہے۔

معدنیات پانچ قسم کے ہوتے ہیں۔ اوّل وہ جو خشکی کی وجہ سے پگھل نہ سکے جیسے یاقوت۔ دوسرے وہ جو رقیق ہونے کی وجہ سے نہ گلے جیسے پارہ۔ تیسرے وہ جو آگ میں تو گل سکے لیکن نہ تو ہتوڑے کو قبول کرے اور نہ آگ پر اُڑ سکے جیسے پھٹکری۔ چوتھے وہ جو آگ میں گل بھی جائے اور ہتوڑے سے دب بھی سکے لیکن آگ پر نہ ٹھہر سکے جیسے گندھک۔ پانچویں وہ جو آگ سے گلے بھی اور ہتوڑے سے دب بھی جائے لیکن آگ پر نہ اُڑے جیسے سونا

کسی جسم کے گلنے سے یہ مراد ہے کہ اُس کے ذاتی اجزا تری اور خشکی کے تلازم سے ایک دوسرے سے جدا ہو کر سیال ہو جائیں۔ کسی جسم کے خایسک پذیر ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ہم اس جسم کو جس قدر چاہیں چوڑا اور لانبا کریں بلا اس کے کہ اس جسم سے ہم کوئی جزو علیحدہ کریں یا یہ کہ اس کے حجم میں کسی چیز کا اضافہ کریں۔

بخار اور دخان کے مرکب میں اگر بخار کی مقدار زیادہ ہوتی ہے تو ان دونوں کی آمیزش اور مرکب کی پختگی کے بعد آفتاب کی گرمی مرکب کو بستہ کرتی ہے اور مرکب پارے کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ چونکہ پارے کے ہر جزو میں دخان موجود ہوتا ہے اس لیئے اُس میں خشکی اتنی ہوتی ہے کہ پارے کو ہاتھ سے دبانے یا پھیلانے سے اُس کے اجزا ایک دوسرے سے مل نہیں جاتے اور

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

چونکہ اس میں بستگی حرارت کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اس لئے گرمی اس کو پگھلا نہیں سکتی۔

اگر یہ دونوں جزو اعتدالی حالت میں ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو اس آمیزش سے ایک قسم کی لس دار چربی پیدا ہوتی ہے۔ بستہ ہونے کے وقت اجزائے ہوائی اس رطوبت میں داخل ہو جاتے ہیں اور ٹھنڈک کی وجہ سے چربی جم جاتی ہے۔ یہ مرکب آگ میں رکھنے سے روشنی دیتا ہے۔ مذکورۂ بالا ترکیب میں اگر دخان وچربی کی مقدار کچھ زیادہ ہوتی ہے تو اس آمیزش سے گندھک پیدا ہوتی ہے۔ گندھک سرخ، زرد، کبودی اور سفید چار طرح کی ہوتی ہے۔ اگر دخان زیادہ اور چربی کی مقدار کم ہوتی ہے تو ہرتال پیدا ہوتا ہے۔ ہرتال سرخ و زرد دو قسم کا ہوتا ہے۔ اگر بخار زیادہ ہوتا ہے تو قبل اس کے کہ جوہر بستہ ہو سیاہ اور سفید قسم کا نقط پیدا ہوتا ہے۔ چونکہ عام طور پر بستگی کا باعث سردی ہے اس لئے ہر بستہ چیز حرارت سے پگھل جاتی ہے اور روغنیت و رطوبت کی زیادتی سے آگ کے اثر کو قبول کر لیتی ہے لیکن رطوبت کی زیادتی سے خالیسک پذیر نہیں ہوتی۔

اگرچہ ہفت فلزات کے اجزائی ذاتی پارہ اور گندھک ہیں لیکن دھاتوں کے اقسام کا وجود میں آنا اور ان کا صفائی میں ایک دوسرے سے مختلف ہونا گندھک اور پارے کی آمیزش میں تفاوت ہونے اور ان ہر دو اجزا کے اختلاف عمل و تاثیر پر مبنی ہے۔

گندھک اور پارہ جب اپنی جوہریت میں بالکل صاف اور اجزائے ارضی کی آمیزش سے محفوظ ہوتے ہیں تو اگر گندھک سفید اور پارہ مقدار میں زیادہ ہوتا ہے تو کمال پختگی کے بعد اس آمیزش سے چاندی پیدا ہوتی ہے۔ اگر گندھک اور پارہ دونوں وزن میں مساوی ہوتے ہیں اور گندھک خود سرخ اور لون انگیز ہوتی ہے تو سونا پیدا ہوتا ہے۔ مذکورۂ بالا صورت میں اگر ہر دو اجزا آمیزش کے بعد لیکن کمال پختگی کے قبل ہی بستہ ہو جاتے ہیں تو خارصیں جس کو آہن جتن بھی کہتے ہیں پیدا ہوتا ہے۔ یہ دھات دراصل ایک قسم کا ناقص سونا ہے جس کو بعض ارباب فن

Academy of the Punjab in North America. http://www.apnaorg.com

تانبا کہتے ہیں۔ اگر تنہا گندھک صاف نہ ہو اور پارے کی مقدار کی زیادتی کے ساتھ قوّت سوزش بھی زیادہ ہو تو تانبا پیدا ہوتا ہے۔ اگر ہر دو اجزا کی آمیزش کامل نہیں ہوتی اور پارے کی مقدار زیادہ ہوتی ہے تو رانگا بنتا ہے۔ ایک گروہ کا خیال ہے کہ اگر دونوں جزو صاف نہ ہوں تو اس دھات کا بننا ممکن نہیں ہے۔ اگر ہر دو اجزا کم مرتبہ ہوں اور آمیزش بھی سخت اور پارے کے اجزائے ارضی میں اشتراق کی استعداد موجود اور گندھک میں آتش افروزی کی قوت زیادہ ہو تو لوہا پیدا ہوتا ہے لیکن ایسی صورت میں اگر آمیزش کامل نہ ہو اور پارے کی مقدار میں زیادتی ہو تو جست بن جاتا ہے۔ ارباب فن اس ہفت گوہر کو اجساد کہتے ہیں اور پارے کو اُمّ الاجساد اور گندھک کو ابو الاجساد کے ناموں سے یاد کرتے ہیں۔ اسی طرح پارے کو بمنزلۂ روح کے اور ہر تال و گندھک کو نفس کے مشابہ جانتے ہیں۔ جست بھی بعضوں کے نزدیک روح تو بنیا اور سیسے کے مشابہ ہوتا ہے۔ اس دھات کا کتب حکمت میں کہیں ذکر نہیں ہے مگر ملک ہندوستان صوبہ اجمیر یعنی جالور کے حدود میں اس کی کان پائی جاتی ہے۔

اہل فن کہتے ہیں کہ رصاص۔ مجذوم اور پارہ خالص زدہ چاندی ہے۔ سیسہ مجذوم و سوختہ اور تانبا خام سونا ہے جن کا ماہرین کیمیا مقابلہ یا مقابلہ علاج کرتے ہیں۔

صاحبان علم و عمل انھیں ہفت اجساد کی ترکیب سے مرکبات تیار کرتے ہیں اور ان مرکبات سے زیور و برتن وغیرہ بناتے ہیں۔ مرکبات مذکورہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(۱) سفید رو جس کو اہل ہند کانسی کہتے ہیں چار سیر تانبا اور ایک سیر رانگے کی باہمی آمیزش سے بنتا ہے۔

(۲) رو دی جس کو ہندی میں بھنگار کہتے ہیں چار سیر تانبے اور ڈیڑھ سیر سیسے کے ملا دینے سے تیار ہوتا ہے۔

(۳) برنج جو ہندی میں پیتل کہلاتا ہے تین قسم کا ہوتا ہے۔

(الف) سرد جو ہتوڑے سے ریزہ ریزہ نہیں ہوتا۔ اس میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ڈھائی سیر تانبا اور ایک سیر جست شامل ہے۔

(ب) گرم جو ہتوڑے کی ضرب کو قبول کرتا ہے۔ یہ دو سیر تانبے اور آدھ سیر جست سے تیار ہوتا ہے۔

(ج) معتدل جو ہتوڑے کو قبول نہیں کرتا اور ڈھالنے کے کام میں آتا ہے۔ یہ دو سیر تانبے اور ایک سیر جست سے بنتا ہے۔

(۴) سیم سختہ یہ وہ مرکب ہے جو چاندی سیسے اور لوہے سے تیار کیا جاتا ہے۔ اس کا رنگ سیاہ اور چمکدار ہوتا ہے اور اس کو نقاشی میں استعمال کرتے ہیں۔

(۵) ہفت جوش چونکہ خارجینی اب پائی نہیں جاتی اس لئے چھ دھاتوں سے بنتا ہے بعض ماہرفن اس کو طالیقون کہتے ہیں لیکن بعض علما معمولی تانبے کو اس نام سے موسوم کرتے ہیں۔

(۶) اشٹ دھات۔ یہ آٹھ دھاتوں سے مرکب ہے چھ جو ہر مذکور الصدر اور ان کے علاوہ جست اور کانسی سے تیار کیا جاتا ہے لیکن خارجینی دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے دراصل سات دھاتوں کا مرکب ہے۔

(۷) کول پنج۔ یہ مرکب دو سیر سفید رو اور ایک سیر تانبے سے بنتا ہے یہ بیحد خوشنما اور رنگین ہوتا ہے۔ یہ دھات خود جہاں پناہ نے ترکیب دی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۴)

دھاتوں کی گرانی وسبکی کے بیان میں

پیشتر لکھا جا چکا ہے کہ تمام مرکّبات بخار و دخان کی آمیزش سے بنتے ہیں اور بخار و دخان سبک و گراں عناصر ہیں۔ یہ بھی معلوم ہو چکا ہے کہ بخار تر خشک ہے کبھی ایسا ہوتا ہے کہ یہ ہر دو عنصر قلیل اور بعد آمیزش کے پختگی تک پہنچتے ہیں اور کبھی ان دونوں حالتوں میں سے کسی ایک ہی میں پختہ ہو جاتے ہیں۔ اس قاعدے کی بنا پر ہر وہ مرکّب جس کے آتشی و بادی اجزا آبی و خاکی جزو پر غالب ہوتے ہیں وہ اس مرکّب سے جس کے آبی و خاکی اجزا کو آتشی و بادی جزو پر غلبہ حاصل ہے ہلکا ہوتا ہے۔ اسی طرح ہر وہ معدن جس میں بخار دخان سے زیادہ ہوتا ہے اس دھات سے سبک ہوتا ہے جس میں دخان کی زیادتی ہوتی ہے۔ جس مکان میں بخار و دخان کی پختہ تر زیادہ ہوتی ہے وہ اس مکان سے ہلکی ہوتی ہے جس میں ایسا واقع نہیں ہوتا اس لئے کہ کسی جسم کے اجزا کے درمیان خلا ہونا اور ہوا کا اس کے اندر بھر جانا اس کی کلانی وسبکی کا باعث ہوتا ہے۔ اسی کلیے کو مدّنظر رکھ کر ہم ہر چیز کی گرانی وسبکی کا حال دریافت کر سکتے ہیں۔ قدیم زمانے میں ایک شخص نے اس گرانی کے تفاوت کو نظم کیا ہے جو مندرجۂ ذیل ہے۔

زر دہ حبّہ بہفتاد و یک بود سیماب — چل و شش سنت و ارزیز سی و ہشت شمار

ذہب صد است سرب پنجہ و نہ آہن چہل پنج و مس چہل پنج نقرہ پنج و چہار
(یعنی پارہ اکہتر روی چھیالیس۔ رانگا اڑتیس۔ سونا سو جست وسیسہ
انسٹھ۔ لوہا چالیس۔ تانبا اور پیتل پینتالیس اور چاندی چون ہے)

بعض اشخاص نے اوزان کو بحساب ابجد اس طرح نظم کیا ہے۔

نہ فلز مستوی الحجم راچوں برکشی اختلاف وزن دارد ہر یکے بے اشتباہ
زر لکن۔ زیبق الم۔ اسرب وہن ارزیز حل فضہ ندآہن یکے مس وشبہ مد روی ماہ

(یعنی اگر تم مندرجۂ ذیل دھاتوں کے ایک ہی حجم کے ٹکڑوں کا وزن کرو تو اوزان کا اختلاف حسب ذیل ہوگا۔ سونا لکن ۱۰۰۔ پارہ الم ۷۱۔ سیسہ وہن ۵۹ رانگا حل ۳۸۔ چاندی ند ۵۴۔ لوہا یکی ۴۰۔ تانبا اور پیتل مہ ۴۵۔ اور روی ماہ ۴۶)۔

اگر ان دھاتوں میں سے ہر ایک کا ایک ٹکڑا عرض وطول میں برابر اور حجم میں مساوی لیا جائے اور یہ تمام قطعات تولے جائیں تو یہ ٹکڑے وزن میں ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں۔

بعض ماہرین فن اس اختلاف کا باعث اُن کی صور نوعیہ کو سمجھتے ہیں اہل فن ان فلزات کی گرانی و سبکی اُن کا پانی میں ڈوبنا، سطح آب پر تیرنا اور نیز ان کے اوزان کے اختلاف کو ہوائی اور آبی ترازو کے ذریعے سے دریافت کرتے ہیں۔

بعض دقیقہ شناس ان تمام صفات کا اندازہ صرف پانی کے ذریعے سے کر لیتے ہیں اور اُس کی صورت یہ ہے کہ ایک خاص قسم کے برتن کو پانی سے لبریز کر لیتے ہیں اور ہر دھات کے سو مثقال دفعہ دفعہ کر کے پانی میں ڈالتے ہیں۔ ان فلزات کے پانی میں غرق ہونے سے کچھ مقدار پانی کی برتن سے گر جاتی ہے اور اس ضائع شدہ آب سے دھات کا وزن معلوم ہو جاتا ہے۔ پانی کی جتنی مقدار زیادہ ہوگی دھات کا حجم اُتنا ہی زیادہ سمجھا جائے گا لیکن اسی تناسب سے اُس کی گرانی کم خیال کی جائے گی۔ چنانچہ سو مثقال چاندی $\frac{2}{3}$ ۹ مثقال پانی کو گرا دیتی ہے اور اسی قدر سونے سے $\frac{1}{4}$ ۵ مثقال پانی ضائع ہوتا ہے۔ اگر ضائع شدہ پانی کا وزن اس کے ہوائی وزن سے گھٹا دیا جائے تو اس کا آبی وزن معلوم ہو جاتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ہوائی ترازو کے دو پلّے ہوتے ہیں جو ہوا میں آویزاں ہوتے ہیں اور آبی ترازو کے پلّے پانی کی سطح پر رہتے ہیں چونکہ گراں شے میں غرق آبی کی قوّت زیادہ ہوتی ہے اس لئے وہ مرکز کی طرف جلد دوڑتی ہے۔ اگر ان دونوں میزانوں میں سے کوئی ایک سطح آب پر ہو اور دوسری بالائے ہوا تو اگرچہ ہوائی ترازو سبک تر ہے لیکن آبی میزان سے زیادہ نیچے جھک جائے گی اس لئے کہ ہوا بہ نسبت پانی کے زیادہ ہلکی ہوتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس میں مزاحمت کم واقع ہوتی ہے۔

اگر ضائع شدہ پانی کا وزن غرق آب جسم کے وزن سے کم ہوگا تو وہ حجم پانی میں ڈوب جائے گا لیکن اگر اس پانی کا وزن زیادہ ہوگا تو یہ حجم سطح آب پر تیرتا رہے گا اور اگر دونوں اوزان مساوی ہوں گے تو اُس کا بالائی حصّہ بالکل سطح آب کے برابر رہے گا۔

ابوریحان بیرونی نے اس کی ایک جدول تیار کی ہے جو مزید آگہی کے لئے مندرج ذیل ہے۔

فلزات وجواہر کے نام	پانی کا وہ مقدار جو جواہر اور فلزات کے سو مثقال کے بدلے سے گرجاتی ہے			فلزات وجواہر کا وزن جبکہ وہ اس سو مثقال کے برابر ہوں			فلزات کا وزن جس وقت کہ وہ جواہر کا وزن سو مثقال کے برابر ہو جبکہ وہ مجسم بن کر سو مثقال یاقوت نیلی کے برابر ہوں		
	مثاقیل	دوانق	طسوجات	مثاقیل	دوانق	طسوجات	مثاقیل	دوانق	طسوجات
۱۔ سونا	۵	۱	۲	۹۵	۴	۲	۱۰۰	—	—
	۷	۱	ب	صه	د	ب	ق		
۲۔ سیماب	۷	۲	۱	۹۲	۳	۳	۹۷	۱	۱
	ز	ب	۱	صب	ج	ج	عا	۱	۱

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

	مثاقیل	دوانق	طسوجات	مثاقیل	دوانق	طسوجات	مثاقیل	دوانق	طسوجات
۳۔ سیسہ	۸	۵	۳	۹۱	۱	۳	۵۹	۲	۲
	ح	ه	ج	ما	۱	ج	نط	ب	ب
۴۔ چاندی	۹	۴	۱	۹۰	۱	۳	۵۴	۳	۳
	ط	د	۱	ص	۱	ج	ند	ج	ج
۵۔ روئی	۱۱	۲	۳	۸۸	۴	۳	۴۶	۲	۳
	یا	ب	ج	فح	د	ج	مو	ب	ج
۶۔ تانبا	۱۱	۳	۳	۸۸	۳	۳	۴۵	۳	۳
	یا	ج	ج	ق	ج	ج	مه	ج	ج
۷۔ پیتل	۱۱	۴	۳	۸۸	۲	۳	۴۵	۳	۵
	یا	د	ج	فح	ب	ج	مه	ج	ه[؟]
۸۔ لوہا	۱۲	۵	۲	۸۷	۳	۲	۴۰	—	—
	یب	ه	ب	فز	ج	ب	م		
۹۔ رانگا	۱	۴	۳	۸۶	۲	۳	۳۸	۲	۲
	یج	د	ج	فو	ب	ج	لح	ب	ب
۱۰۔ یاقوت آسمانی	۲۵	۱	۲	۷۴	۳	۳	۹۴	۳	۳
		۱	ب	عد	ج	ج	مد	ج	
۱۱۔ یاقوت سرخ	۲۶	۸	۳	۷۴	۳	۳	۹۴	۳	۳
	کو	ح	ج	عد	ج	ج	مد	ج	
۱۲۔ لعل	۲۷	۵	۲	۷۲	۳	۲	۹۰	۲	۳
	کز	ه	ب	عب	ج	ب	ص	ب	ج
۱۳۔ زمرد	۳۶	۲	۳	۶۳	۴	۳	۶۹	۳	۳
	لو	ب	ج	سج	ه	ج	سط	ج	ج
۱۴۔ فیروزی	۳۷	۱	۳	۶۲	۵	۳	۶۷	۵	۲
	لز	۱	ج	سب	ه	ج	سز	ه	ب

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

	مثاقیل	دوانق	طسوجات	مثاقیل	دوانق	طسوجات	مثاقیل	دوانق	طسوجات
۱۵ للبورد	۳۸	۳	۳	۶۱	۳	۳	۶۵	۳	۲
	لح	ج	ج	سا	ج	ج	سه	ج	ب
۱۶ عقیق	۳۹	۳	۳	۶۱	۳	۳	۶۴	۴	۲
	لط	ج	ج	سا	ج	ج	سد	د	ب
۱۷ کہربا	۳۹	۳	۳	۶۰	۳	۳	۶۴	۳	۱
	لط	ج	ج	س	ج	ج	سد	ج	۱
۱۸ بلور	۴۰	۳	۳	۶۰	۳	۳	۶۳	۳	۳
	م	ج	ج	س	ج	ج	سج	ج	ج

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۵)

شاہی حرم سرا کے قوانین

جہاں پناہ زندگی کے تمام کارناموں میں قابل تعریف خوبیوں اور حسن انتظام دیکھنے کے بعد شائق ہیں فیصلۂ عالم کے اسی شوق کا نتیجہ ہے کہ دنیا کے ہر کام میں شائستگی پیدا ہوگئی ہے اور اس کے ہر گوشے میں حقیقت کی روشنی پھیلی ہوئی ہے۔ اس عالم کی تمام مادی چیزوں میں روحانی برکتیں نمودار ہوگئی ہیں۔ شاہی حرم سرا میں عورتوں کی کثرت جو دوسرے مدبّروں اور عقلمندوں کو دنیاوی تعلّقات سے وابستہ رکھتی ہے جہاں پناہ کے لئے فہم و فراست ظاہر کرنے کا بہترین ذریعہ اور فانی لذّات کی پست سطح سے روحانی آزادی کی بلندی پر فائز ہونے کا واسطہ ہے۔ گھر آباد و معمور ہے اور گھر کے رہنے والوں میں محبّت و یگانگت کے تعلّقات پیدا ہوگئے ہیں۔

قبلۂ عالم نے ہندوستان کے بڑے لوگوں اور دیگر ممالک کے اعیان و اکابر سے بیاہ اور شادی کی رسمیں جاری کی ہیں اور اس طرح محبّت و اتفاق اور آپس کے اتحاد سے دنیا کے تمام فتنہ و فساد کو قطعاً مٹا دیا ہے۔

جس طرح جہاں پناہ اپنے نور فراست سے عمّال سلطنت و ارکین دولت کو خاک سے اٹھا کر آسمان پر پہنچاتے ہیں اسی طرح اپنی عاقبت اندیشی سے حرم سرا کے خادموں کو ان کی حیثیت کے موافق بلند مرتبے عطا فرماتے ہیں۔ کم نظر یہ سمجھتا ہے کہ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کھوٹا سکہ کھرا ہوتا ہے لیکن عمیق نگاہ والے جانتے ہیں کہ قبلۂ عالم اکسیر سازی کرتے ہیں۔
ظاہر ہے کہ جب ترقی نما آمیزش سے جمادات کی قلب ماہیت ہو جاتی ہے اور تانبا اور لوہا سونا اور راگا اور سیسہ چاندی بن جاتے ہیں تو اگر بزرگ شخصیت ناکاروں کو حقیقی انسان بنا دے تو کیا تعجب ہے عقلمندوں نے جو کہا ہے بالکل درست ہے کہ عالی مرتبہ انسان کی آنکھ بنی آدم کے لئے وہی اثر رکھتی ہے جو اکسیر لوہے اور تانبے پر دکھاتی ہے۔ یہ ہیں وہ اثرات جو جہاں پناہ کی انصاف دوستی، مرتبہ شناسی، قدردانی و عافیت اندیشی، نور بصیرت، و کارفرمائی سے پیدا ہو کر بنی نوع انسان کو فوائد پہنچا رہے ہیں۔
جہاں پناہ غصے کی حالت میں بھی راستی کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ ہر چیز کو محبت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں افواہ کو صداقت کی ترازو میں تولتے اور تعصب کو اپنے گرد نہیں آنے دیتے۔
قبلۂ عالم بنی نوع انسان کے اطمینان کو بہت بڑی نعمت و برکت خیال فرماتے ہیں اور دُنیا کی دولت و لذت کے تباہ کن خمار سے اپنے انصاف و معاملہ شناسی کی قوت کو بیکار و خراب ہونے کا موقع نہیں دیتے۔
جہاں پناہ نے ایک بہت بڑا حصار تعمیر فرمایا ہے اور اس احاطے کے اندر آرام دہ و دلچسپ مکانات بنوائے ہیں اگرچہ پانچ ہزار عورتیں ان مکانوں میں رہتی ہیں لیکن قبلۂ عالم نے ہر عورت کو جداگانہ کمرہ اور مکان عنایت کیا ہے۔ جہاں پناہ نے حرم سرا کی عورتوں کو مختلف طبقوں میں تقسیم کر کے ہر فرد کو عمدہ خدمت پر مامور کیا ہے اور برابر اُن کی نگہداشت فرماتے رہتے ہیں۔ بیشمار پارسا عورتیں اُن کی نگہبانی کے لئے بطور داروغہ مقرر ہیں۔ انھیں افسر عورتوں میں سے ایک باعصمت و پرہیزگار نگہبان کو احوال نویسی کی خدمت سپرد کی گئی ہے۔ مختصر یہ کہ شاہی دفتروں اور سلطنت کے محکموں کی طرح حرم سرا میں بھی انتظام و باقاعدگی پائی جاتی ہے۔
اہل حرم کی تنخواہیں بہت کافی ہیں۔ علاوہ انعامات اور وقتی بخششوں کے جو جہاں پناہ برابر عنایت فرماتے رہتے ہیں اعلیٰ طبقے کی عورتوں کی ماہوار تنخواہیں سات سو روپے سے لے کر ایک ہزار چھ سو دو روپے تک مقرر ہے بعض ملازمین کو اکاون روپے سے

بیس روپے تک اور چالیس روپے سے لیکر دس روپے تک ماہوار تنخواہ دی جاتی ہے۔
خلوت خانے کے دروازے پر ایک لائق وہوشیار محرر مقرر کر دیا گیا ہے۔
یہ منشی حرم کے تمام اخراجات اور لین دین کی نگہداشت کرتا ہے اور نقد واسباب کا باضابطہ حساب تیار رکھتا ہے۔ اگر حرم سرا کی عورت کو کسی شئے کی ضرورت ہوتی ہے تو اپنی ماہوار یافت کے حد میں یہ عورت حرم سرا کے کسی تحویلدار سے درخواست کرتی ہے اور تحویلدار اُس کی ایک یادداشت منشی حساب کے پاس روانہ کر دیتا ہے جو اُس کی تنقید کر کے صدر خزانچی کے سامنے پیش کرتا ہے اور یہ افسر رقم ادا کر دیتا ہے۔ اس قسم کی برآوردات کے لئے اجازت نامے نہیں عطا کئے جاتے سررشتۂ حساب کا صیغہ دار سالانہ اخراجات کی بھی ایک برآورد تیار کرتا ہے اور اجمالی طور پر اس تمام برآورد کے مختلف مدات کی رسیدیں لکھتا ہے' ان رسیدوں پر وزرا کی مہریں ثبت کی جاتی ہیں۔ اس کارروائی کے بعد ان رسیدوں پر خاص وہ مُہر شاہی جو اس صیغے کے لئے مخصوص ہے لگائی جاتی ہے۔ شاہی مُہر کے بعد ان رسیدوں کی رقومات صدر خزانچی کے ذریعے سے صدر تحویلدار کے حوالے کر دی جاتی ہیں جو منشی حساب کے حکم کے موافق رقومات کو ماتحت تحویلداروں کے سپرد کر کے ملازمین حرم کو تقسیم کرا دیتا ہے۔ اس قسم کی تمام رقمیں جو وقتاً فوقتاً ادا کی جاتی ہیں ماہانہ تنخواہ سے وضع کر لی جاتی ہیں۔

حرم شاہی کے اندرونی حصّے میں باعصمت عورات بطور پاسبان مقرر ہیں ان میں سے بھی وہ حاضر باش وشیریں بیان عورتیں جن پر خاص اعتماد ہے خلوتخانۂ شاہی کی پاسبانی پر ہر وقت متعیّن ہیں حصار حرم سرا کے باہر خواجہ سراؤں کا پہرہ ہے اور ان سے مناسب فاصلے پر باوفا اور قابل اعتماد راجپوتوں کا ایک گروہ پاسبانی کا کام انجام دیتا ہے۔ راجپوتوں کے بعد حصار کے دروازوں پر بھی جفاکش و راستباز پاسبان پہرے کے لئے مقرر ہیں۔ ان نگہبانوں کے علاوہ حصار کے بیرون چاروں طرف امرا' احدی و دیگر اہل فوج مرتبہ بمرتبہ نگہبانی کرتے ہیں۔
اگر امرا کی بیگمات یا دیگر باعصمت عورات حرم شاہی میں حاضر ہو کر سعادت باریابی حاصل کرنے کی خواہشمند ہوتی ہیں تو یہ عورتیں پہلے بیرون حرم کے عہدہ داروں کے پاس

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اپنی درخواست پیش کرتی ہیں اور وہاں سے جواب باصواب حاصل کرنے کے بعد حکّام محلات کی خدمت میں معروضہ کرتی ہیں۔ اس کارروائی کے بعد قابل اعتماد و باعصمت عورات کو حرم میں داخل ہونے کی اجازت دی جاتی ہے۔ بعض خاص و قابل اعتماد خواتین کو ایک ماہ تک حرم کے اندر قیام کرنے کی سعادت حاصل ہوتی ہے۔

جہاں پناہ باوجود امتیاز و ہوشیار یا سبانوں کی نگہداشت کے اس سررشتے کی خبرگیری سے بھی غفلت نہیں فرماتے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ اس سررشتے کا انتظام شاہی توجہ کی وجہ سے بیحد قابل اطمینان و عمدہ ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۶)

سفر کے اسباب قیام و منزل

ان سامانوں کا مفصل و تمام ذکر تو مشکل ہے لیکن چند چیزیں جو شکار و تفریح کے لئے ساتھ جاتی ہیں اُن کا مختصر حال مرقوم ہے۔

(۱) **کلال بار**۔ یہ ایک عجیب و عمدہ قنات ہے جسے جہاں پناہ نے ایجاد فرمایا ہے اس کے دروازے بیحد مضبوط اور قفل و کلید سے کھلتے اور بند ہوتے ہیں۔ یہ سو گز مربّع ہے۔ اس قنات کے شرقی کنارے پر دو دروازے ہیں اور ان میں چوّن خانے ہیں۔ یہ حصّہ چوبیس گز لانبا اور چودہ گز چوڑا ہے۔ اس حصار کے وسط میں ایک بڑی چوبین راؤٹی ہے جس کے گرد سراپردۂ شاہی ہے۔

راؤٹی سے متّصل دو منزلہ مکان ہے جس میں جہاں پناہ عبادت الٰہی کرتے ہیں۔ صبح کو اس مکان کے بالا خانے میں جہاں پناہ رونق افروز ہوتے۔ ارکین دربار کا مجرا قبول فرماتے ہیں۔ اندرون حصار کے ملازم بغیر اجازت اس مکان میں داخل نہیں ہو سکتے۔

بیرونی حصے میں چوبیس چوبین راؤٹی کی ہیں ہر ایک دس گز لانبی اور چھ گز چوڑی ہے چوبین راؤٹیاں قناتوں کے ذریعے سے ایک دوسرے سے جدا کر دی گئی ہیں۔ ان حصوں میں خاص بیگمات قیام فرماتی ہیں۔ اس کے علاوہ اور بے شمار خیمہ و خرگاہ ہیں جن میں ملازمین رہتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مگر حصّوں میں زردوزی زربفتی اور مخملی سائبان بنے ہوئے ہیں۔ اس کے متصل ایک کمّل کا سراپردہ جو ساٹھ گز مربع ہے، استادہ کیا جاتا ہے اور اس میں چند خیمے لگائے جاتے ہیں۔ اردو بیگ اور دوسری پردہ نشیں عورتیں یہاں قیام کرتی ہیں۔ اس حصّے کے باہر دولت خانہ خاص تک ایک دل کشا صحن آراستہ کیا جاتا ہے جو ایک سو پچاس گز لانبا اور سو گز چوڑا ہوتا ہے اس صحن کو مہتابی کہتے ہیں۔ صحن کے دونوں طرف مذکورۂ بالا طریقے کے مطابق ایک سراچہ نصب کیا جاتا ہے جو چھ گز لانبے ڈنڈوں کے اوپر تانا جاتا ہے۔ یہ ڈنڈے ہر دو گز پر نصب کئے جاتے ہیں اور ایک گز زمین کے اندر گڑے رہتے ہیں اور اُن کے سرے پر ایک پیتلی قبّہ ہوتا ہے۔ ڈنڈوں میں دو طناب ہوتی ہیں ایک حصار کے اندر اور دوسری اس کے باہر باندھ کر ڈنڈوں کو مضبوط و استوار کر دیتے ہیں۔ پاسبان جیسا کہ اوپر مذکور ہوا یہیں کھڑے ہو کر پہرہ دیتے ہیں۔

اس صحن کے وسط میں ایک چبوترہ بنایا جاتا ہے اور اس پر چار چوبی شمگیرہ سایہ فگن ہوتا ہے۔ شام کے وقت جہاں پناہ اس سطفے پر رونق افروز ہوتے ہیں اور خاص اراکین دربار کو باریابی کی اجازت مرحمت ہوتی ہے۔

گلال بار سے متصل ایک مدوّر حصار نصب کرتے ہیں جس میں بارہ درجے ہوتے ہیں ہر درجہ تیس گز لانبا ہوتا ہے۔ اس حصار کا دروازہ صحن کی طرف کھلتا ہے۔ اس حصار کے وسط میں ایک چوبین راؤٹی ہے جو دس گز لانبی ہے اور اُس میں ایک زمیں دوز خیمہ نصب کیا جاتا ہے جس میں چالیس خانے ہیں۔ اس خیمے پر بارہ گزی بارہ شامیانے لگائے جاتے ہیں۔ ہر شامیانہ قنات سے جدا کر دیا جاتا ہے۔ یہ حصار جس کے ہر حصّے میں صحت خانے عمدہ طریقے پر تیار کئے گئے ہیں۔ اچکی یا اچگی خانہ کہلاتا ہے۔ جہاں پناہ طہارت خانے کو اسی نام سے یاد فرماتے ہیں۔ طہارت خانے سے متصل ایک سو پچاس گز لانبا و چوڑا ایک سراپردہ لگایا جاتا ہے اس میں سولہ درجے ہیں ہر درجہ چھتیس مربع گز ہوتا ہے۔ یہ سراپردہ بھی مثل اوّل الذکر کے ڈنڈوں پر لگایا جاتا ہے جس میں اسی طرح کے قبّے ہوتے ہیں جیسا کہ پیشتر مذکور ہوا۔ اس کے وسط میں ایک بارگاہ جس کو ہزار فراش استادہ کرتے ہیں نصب کی جاتی ہے جس میں بہتر کمرے ہیں اور اس کے داخلے کا راستہ پندرہ گز

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

چوڑا ہے۔ اس بارگاہ کے اوپر خیمے کی طرح قلندری تانی جاتی ہے جو موم جامے یا اسی قسم کے ہلکے کپڑے کی تیار کی جاتی ہے۔ یہ قلندری بارش و گرمی میں بیحد آرام دہ ہے۔

بارگاہ کے گرداگرد پچاس شامیانے بارہ گزی نصب کئے جاتے ہیں اور اس دولت خانۂ خاص میں دروازے ہیں جو کھلتے اور بند ہوتے ہیں۔ اس مقام پر اراکین دربار اور افسران فوج بخشیوں کی اجازت سے جہاں پناہ کے حضور میں باریابی کے لئے حاضر ہوتے ہیں۔ ہر ماہ کے آغاز پر جدید اجازت مرحمت ہوتی ہے۔ یہ جگہ اندر و باہر طرح طرح کے نگارین فرش سے آراستہ کی جاتی ہے اور ایک عجیب دلکش و بہاری منظر نمودار ہوتا ہے۔

اس بارگاہ کے بیرون تین سو پچاس گز کے فاصلے پر طنابیں کھینچی جاتی ہیں اور ہر تین گز پر ایک لکڑی زمین میں نصب کی جاتی ہے۔ اس کے گرداگرد یاسبان حفاظت و نگہبانی کے لئے مقرر ہیں یہ مقام دیوان عام کہلاتا ہے جس کے گرد جیسا کہ سابق میں مذکور ہوا پاسبان اپنا کام انجام دیتے ہیں۔

اس نشاط گاہ کے سرے پر بارہ شصت گزی طنابوں کے فاصلے پر نقارخانہ قائم ہے اس رقبے کے عین وسط میں اکاس دیا (چراغ جو ایک بلند بانس کے سرے پر لگایا جاتا ہے اور بانس زمین میں گاڑ دیا جاتا ہے) روشن کیا جاتا ہے۔

چند خیمے جیسا کہ اوپر مذکور ہوا پیشتر سے روانہ کر دئے جاتے ہیں لیکن ایک خیمہ مناسب مقام پر جسے میران منزل بادشاہ کے قیام کے لئے مناسب خیال کرتے ہیں نصب کیا جاتا ہے فراش خیمہ لگاتے ہیں دوسرا خیمہ آگے روانہ کر دیا جاتا ہے اور جہاں پناہ کے ورود کا انتظار کیا جاتا ہے۔ ہر خیمے کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے میں سوا تھی پانچ سو اونٹ چار سو عرابے درکار ہوتے ہیں اور پانچ سو منصبدار واحدی جلو میں رہتے ہیں ان کے علاوہ ایک ہزار ایرانی و تورانی و ہندی فراش پانچ سو سیلدار سو سیقے پچاس لوہار خیمہ دوز و شعلچی تیس موچی اور ڈیڑھ سو خاکروب ہمیشہ خدمتگزاری کے لئے حاضر رہتے ہیں پیادوں کی ناہموار دو سو چالیس دام سے ایک سو تیس دام تک مقرر ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۷)

فوج کا اجتماع

اگرچہ جہاں پناہ فوج کو ایک جگہ جمع ہونے کا بہت کم حکم فرماتے ہیں لیکن پھر بھی جس سمت شاہی سواری جاتی ہے فوج کی ایک کثیر تعداد ہمرکاب ہوتی ہے۔ فوجیوں کا ایک بہت بڑا گروہ مُلک کے ہر صوبے میں مختلف کاموں پر مامور ہے اور بادشاہ کے ہمراہ نہیں رہتا لیکن پھر بھی لوگوں کے ہجوم اور فوجیوں کی کثرت سے اہل لشکر کو ایک دوسرے کا خیمہ تلاش کرنا بعید دشوار ہو جاتا ہے بیگاتے کا کیا ذکر ہے۔

جہاں پناہ نے اپنی بمثال دور اندیشی سے فوجی قیام کا نہایت عمدہ طریقہ ایجاد فرمایا ہے جس سے اُس کو بعید آرام ہو گیا ہے۔ ایک عمدہ اور دل کشا مقام پر جو پندرہ سو تیس گز لانبا ہوتا ہے شبستان شاہی اور دولت خانہ اور نقار خانہ قائم کیا جاتا ہے اور اس مقام کے پس پشت دائیں اور بائیں تین سو گز کا ایک ٹکڑا چھوڑ دیا جاتا ہے اس حصّۂ زمین میں سوا پاسبانوں کے اور کوئی دوسرا شخص داخل نہیں ہو سکتا۔ اسی حصّے میں سو گز کے فاصلے پر بائیں جانب وسط میں مریم مکانی گلبدن بیگم و دیگر با عصمت بیگمات و شاہزادۂ دانیال کے خیمے نصب کیے جاتے ہیں اور داہنی جانب شاہزادۂ سلیم اور بائیں جانب

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

شاہزادۂ مراد کی قیام گاہ میں استادہ کی جاتی ہیں۔ ان اراکین شاہی کے خیموں اور جرگاہوں کے عقب میں افسران فوج و پیشہ وروں کو قیام کی جگہ دی جاتی ہے اور اس مقام سے تیس گز کے فاصلے پر خیمے کے چاروں طرف بازار لگائے جاتے ہیں اور بازاروں کے چاروں طرف اراکین دربار اپنے اپنے عہدے کے مطابق قیام پذیر ہوتے ہیں۔

شنبہ، جمعہ اور پنجشنبہ کے چوکیدار وسط میں اور یکشنبہ و دوشنبہ کے جانب راست اور سہ شنبہ و چہارشنبہ کے جانب چپ باری باری سعادت خدمت حاصل کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۸)

آئین چراغ افروزی

جہاں پناہ اپنی روشن ضمیری سے روشنی کو بیحد عزیز رکھتے ہیں اور اس کی تعظیم و تکریم کو خدا پرستی اور ستائش الٰہی خیال فرماتے ہیں نادان کوربا طن اس کو خدا فراموشی و آتش پرستی کہتے ہیں لیکن حقیقت شناس حضرات اس رمز سے بخوبی آگاہ ہیں کہ جب قدسی صفات اشیا کی ظاہری صورت کی تعظیم و تعریف کرنا خود قابل تعریف و ستائش ہے اور ایسا نہ کرنا بُرا اور واجب سرزنش ہے تو ایک ایسے عالی مرتبت جوہر کی تعظیم کرنا جو انسانی ہستی کا سرمایہ اور اُس کی بقا کا سبب ہے کیونکر ناپسندیدہ خیال کیا جا سکتا ہے۔ اس سلسلے کی بابت کوئی کم مایہ تصور کسی شخص کے ذہن میں بھی نہیں گزر سکتا۔

حضرت شیخ شرف الدین منیری رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب فرمایا ہے کہ جس شخص کے لئے آفتاب غروب ہو جائے وہ چراغ کا شیدا نہ ہو تو کیا کرے۔ ہر شعلہ اُسی نور الٰہی کی جھلک اور اُسی مقدس ذات کا ایک نشان ہے۔ نور و نار نہ ہوتے تو ہم کو غذا اور دوا کیونکر میسّر آتی اور آنکھ کی بینائی ہمارے کس کام آتی۔ آفتاب کی روشنی درحقیقت شمع الوہیت کی ایک ضیا ہے۔

جب آفتاب برج شرف میں داخل ہوتا اور تمام عالم اس کے نور سے

مستور ہوتا ہے تو دوپہر کے وقت ایک سفید اور روشن پتھر کا (جسے ہندی میں سورج کرانت کہتے ہیں) ایک ٹکڑا آفتاب کے سامنے رکھتے ہیں اور تھوڑی روئی اس کے قریب لے جاتے ہیں، آفتاب کی حدّت پتھر میں سرایت کرتی ہے اور پتھر سے روئی میں آگ لگ جاتی ہے۔ یہ آسمانی روشنی خاص ملازمین کے سپرد کردی جاتی ہے چراغچی و مشعلچی و باورچی ہر ایک اس آتش سے اپنے اپنے کام انجام دیتے ہیں۔ جس ظرف میں یہ آگ رکھی جاتی ہے اس کو اگن گر (آتشدان) کہتے ہیں۔ جب سال ختم ہو جاتا ہے تو اسی طرح تازہ آگ بنائی جاتی ہے۔

اسی طرح ایک دوسری قسم کا سفید و روشن پتھر ہوتا ہے جس کو چندر کرانت کہتے ہیں، یہ پتھر جب ماہتاب کے مقابلے میں لے جاتے ہیں تو اس سے پانی کے قطرے ٹپکتے ہیں۔

ہر روز جبکہ ایک گھڑی دن رہ جاتا ہے تو جہاں پناہ اگر سوار ہوتے ہیں تو نیچے اُترآتے ہیں اور اگر آرام فرماتے ہیں تو بیدار ہو جاتے ہیں اور شاہانہ شان و شوکت سے تیار ہو کر ظاہر کو بھی باطن کے رنگ میں رنگ لیتے ہیں۔

آفتاب کے غروب ہونے کے بعد خدمتگزار بارہ کافوری شمعیں روشن کرتے ہیں اور ہر چراغ چاندی اور سونے کی لگن میں رکھ کر بادشاہ کے حضور میں لاتے ہیں اور ان میں سے ایک شیریں زبان خوش گلو خادم شمع کو ہاتھ میں لئے ہوئے مختلف دلکش سروں میں خدا کی حمد کے اشعار گاتا ہے اور آخر میں خود جہاں پناہ کے ازدیاد عمر و دولت کی دعا کرتا ہے۔ دعائے دولت کی انتہا اس جملے پر ہوتی ہے کہ بادشاہ دیں پناہ کے نیاز کا پایہ اور بلند اور آئے تازہ نور معرفت نصیب ہو۔)

فانوس و شمعدان کے اقسام کی تعریف اور ہنرمندوں کی کاریگری بیان و ستائش کے اندازے سے باہر ہے۔ مختلف نمونوں کے شمعدان دس من بلکہ اس سے زائد وزن کے تیار کئے گئے ہیں بعض ایک شاخہ ہیں اور بعض دو شاخہ اور بعض دو شاخ سے بھی زیادہ حصّوں میں منقسم ہیں جو درحقیقت چشم ظاہر کے علاوہ دیدۂ باطن کو بھی روشن کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جہاں پناہ نے خود ایک قسم کا فانوس ایجاد فرمایا ہے جو ایک گز الٰہی بلند ہے اس کے سر سے پر پانچ شمعدان اور نصب ہیں ہر شمعدان کے سر پر ایک جانور کی تصویر بنی ہوئی ہے تین گز اور اس سے بھی زیادہ درازی کا فانوری ستون اس کے لئے تیار کی جاتی ہیں چنانچہ زینہ لگا کر شمعدانوں کی بتیاں کتری جاتی ہیں ان کے علاوہ اور دوسری مشعلیں بھی ہیں جو منزل شاہی کے اندر و باہر روشن کی جاتی ہیں۔

ہر تیسری ماہ کی پہلی، دوسری اور تیسری رات کو جبکہ روشنی کم ہوتی ہے آٹھ فتیلے روشن کئے جاتے ہیں۔ چوتھی شب سے شب دہم تک ہر رات ایک بتی کم ہوتی جاتی ہے چنانچہ دسویں شب کو چاندنی زیادہ ہو جاتی ہے تو صرف ایک بتی کافی ہوتی ہے اور پندرھویں تک دسویں کی طرح عمل ہوتا ہے سولھویں شب سے انیسویں شب تک پھر روزانہ ایک بتی کا اضافہ ہوتا جاتا ہے بیس و اکیس کو پھر ایک ایک بتی بڑھاتے ہیں تیئیسویں رات مثل پائیسویں کے گزرتی ہے اور چوبیسویں شب سے آخر ماہ تک آٹھ آٹھ بتیاں روشن ہوتی ہیں۔

ہر فتیلے میں ایک سیر روغن اور آدھ سیر روئی خرچ ہوتی ہے بعض مقام پر بجائے روغن کے چربی جلائی جاتی ہے اور بتی کی بڑائی اور چھوٹائی کے لحاظ سے چربی کے خرچ کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔

جہاں پناہ نے حاضرین دربار شاہی کی رہنمائی کے لئے ایک شمع روشن کرائی ہے۔ دربار کے صحن کے سامنے چہل گزی یا اس سے بھی بلند ایک ستون نصب کیا جاتا ہے جس کو سولہ طنابوں سے استوار کرتے ہیں۔ اس ستون کے سر پر ایک بڑا فانوس روشن کیا جاتا ہے۔ اس چراغ کو اکاس دیا کہتے ہیں۔ فانوس اس قدر روشن ہے کہ دور تک اس کی روشنی پھیلتی ہے اور اہل دربار بلا تکلف حضور میں حاضر ہوتے ہیں اور اپنی نشست گاہ کی شناخت کر لیتے ہیں۔ اس فانوس کی ایجاد سے قبل اہل دربار کو راستہ طے کرنے میں بڑی پریشانی اٹھانی پڑتی تھی۔ اس کارخانے میں پیشمار منصبدار و احدی اور دیگر سپاہی ملازم و خدمتگزار ہیں۔ پیادوں کی یافت دو ہزار چار سو دام سے زیادہ اور اسّی دام سے کم نہیں ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۹)

شکوہ سلطنت

چہار طاق فرمانروائی کا آفتاب درخشاں (ایوان سلطنت کی اصل رونق) درحقیقت وہ نور الٰہی ہے جو خدا کی طرف سے بلا واسطہ بادشاہوں کو عطا ہوتا ہے۔ عالی ہمت حکمران ظاہری شان و شوکت کے محض اس لیے دلدادہ ہوتے ہیں کہ وہ اسے تنویر الٰہی کا ظہور جانتے ہیں۔ مولف چند لوازمۂ شاہی کا جو اس زمانے میں رائج ہیں ذکر کر کے سعادت حاصل کرتا ہے۔

(۱) اورنگ۔ یہ کئی قسم کا بنایا جاتا ہے۔ اورنگ بعض مربع ہوتے ہیں اور بعض سونے کے اور بعض چاندی کے۔ ان کے علاوہ مختلف قسم کے اور بھی تخت تیار کیے جاتے ہیں۔

(۲) چتر بیشمار قیمتی جواہرات سے مرصع ہوتا ہے جن میں سات جواہرات کا ہونا تو بیحد ضروری ہے۔

(۳) سائبان۔ یہ بیضاوی شکل کا اور ایک گز بلند ہوتا ہے اس کا دستہ بالکل چتر کے مشابہ ہوتا ہے۔ زربفت اوپر لگایا جاتا ہے اور تقریباً کل سائبان جواہرات سے مرصع ہوتا ہے آفتاب کی تپش کے وقت ملازمین شاہی اپنے ہاتھ میں لے کر ہمراہ رکاب رہتے ہیں۔ اسی کو آفتاب گیر بھی کہتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۴) کوکبہ۔ ان کی ایک تعداد محفل شاہی کے سامنے آویزاں کی جاتی ہے۔ مذکورۂ بالا چار لوازمۂ حشمت خاص فرامانروا کے لئے مخصوص ہیں۔

(۵) علم۔ سواری کے وقت کم از کم پانچ عدد قُرّے ہمراہ رہتے ہیں۔ (قُرّے سے مراد علموں) ہتھیاروں اور دیگر لوازمۂ حشمت کی اجتماعی حالت ہے جو بادشاہ کی سواری کا خاص نشان تھا) یہ علم ہمیشہ ریشمی غلافوں میں رہتے ہیں لیکن مجلس نشاط و معرکۂ کارزار میں غلاف سے باہر کر لیے جاتے ہیں۔

(۶) چترتوق۔ یہ بھی علم کی ایک قسم ہے لیکن اس سے چھوٹا ہوتا ہے اور تیت کے بانس کی دُم کا بنایا جاتا ہے۔

(۷) متن توق۔ یہ بالکل چترتوق کا سا ہوتا ہے لیکن کسی قدر دراز بنایا جاتا ہے علموں کے اقسام میں دونوں مذکورۂ بالا علم اعلیٰ نشان امارت سمجھے جاتے ہیں اور آخر الذکر علم امرائے کبار کو بھی عطا ہوتے ہیں۔

(۸) جھنڈا۔ یہ ایک ہندوستانی علم ہے

قرّیں ہر ایک قسم کا علم ہوتا ہے لیکن کسی عظیم الشان موقع پر ہر قسم کی تعداد زیادہ ہوتی ہے

باجوں میں جو باجہ کہ نقارخانے میں مستعمل ہے اُسے کورگھ کہتے ہیں یہ وہی نقارہ ہے جس کو عرف عام میں دمامہ کہتے ہیں۔ تقریباً اٹھارہ جوڑ دماموں کی برابر بجتی ہے جن کی آواز بیحد سخت اور بھاری ہوتی ہے۔

(۹) نقارہ۔ اس کے کم و بیش بیس جوڑ برابر بجائے جاتے ہیں۔

(۱۰) دہل۔ ہر بار چار عدد سے کام لیا جاتا ہے۔

(۱۱) کرنا۔ یہ چاندی اور سونے اور پیتل کے بنائے جاتے ہیں اور چار سے کم کبھی نہیں بجائے جاتے۔

(۱۲) سرنا۔ یہ پارسی و ہندی دونوں قسم کے ہوتے ہیں نوعدد ملا کر بجائے جاتے ہیں۔

(۱۳) نفیر۔ پارسی، فرنگی اور ہندی تین طرح کے ہوتے ہیں۔ ہر قسم میں سے چند عدد کے ساتھ بجاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۱۴) سیتگ - یہ باجہ تانبے کا گائے کی سینگ کی شکل کا بنتا ہے یہ دو طرح کے ہوتے ہیں۔

(۱۵) سنج - اس باجے کے تین جوڑ برابر بجائے جاتے ہیں۔

قدیم زمانہ میں چار گھڑی رات دن باقی رہے نوبت بجتی تھی لیکن اب ایک گھڑی رات کو جبکہ آفتاب اوپر کو چڑھتا ہے اور دوسری بار طلوع صبح کے قریب طلوع آفتاب سے ایک گھڑی قبل ہوشمند نواز ندے سرنا بجاتے ہیں، جادو کا کام کرتے اور اس طرح خواب غفلت میں سونے والوں کو بیدار کرتے ہیں۔

آفتاب نکلنے کے ایک گھڑی بعد پہلے بانسری بجاتے ہیں اس کے بعد تھوڑی دیر کر کے بجاتے ہیں اور پھر سوانقارے کے نقیر و کرنا وغیرہ لوازمۂ حشمت کی آوازوں سے دنیا گونج اٹھتی ہے۔ اس کے تھوڑی دیر بعد سرنا بجائی جاتی ہے اور دنیا طلب نفیروں کے ذریعے سے اصول نغمہ نوازی کی پوری حفاظت کی جاتی ہے۔ ایک گھڑی اور گزرنے کے بعد نقارہ نوازی شروع ہوتی ہے اور تمام ہنرمند پیشہ ور بادشاہ بلند اقبال کی شان و شکوہ کے آوازے کو اہل عالم تک پہنچاتے ہیں۔

نقارہ نوازی کے بعد سات امور کے انجام دینے سے تا عشرت دوبالا ہو جاتا ہے۔ اوّل پیشتر مرسل و مرسلی گاتا ہے جو خاص اصول نغمہ ہے۔ اس کے بعد بردانت (بردنت) کی نوبت آتی ہے۔ یہ بھی چند خاص اصول کا مجموعہ ہے۔ بردانت کے وقت تمام ہنرمند خدام باجہ بجاتے ہیں۔ بردانت کے بعد زیر کا کمال دکھاتے ہیں اور آواز کو بلندی سے پستی کی طرف لے آتے ہیں۔

دوم چار اصول کو یعنی اخلاطی، ابتدائی، شیرازی، قلندری اور نوتکر قطعہ بجائے جاتے ہیں جو ایک گھڑی تک سامعین کو محظوظ کرتے ہیں۔

سوم - خوارزمی - قدیم و جدید سروں کا لطف۔ اس راگ میں قیاد عالم نے دوسو سے زائد شعر ایجاد فرمائے ہیں جن سے ہر خاص و عام لطف اندوز ہوتا ہے ان ایجاد کردہ سروں میں سے ایک صاحبقران شاہی اور جہانگیر کرکت اور نوروزی۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

چوتھے شادیانے کا بجانا۔ پانچویں یک دوری نغمہ۔ چھٹے اصول اذفر (ادفر) (ادفر) جس میں سُر پہلے اونچا ہوتا ہے اور بعد میں نیچا۔ ساتویں مرسل خوازمی کے بعد بار دگر مرسلی بجائی جاتی ہے اور آخر میں فروگزاشت کے بعد دعائے دولت واقبال کی نغمہ سرائی ہوتی ہے اور اس کے بعد تمام لوگ پھر نغمۂ زیر گاتے ہیں اور دلکش و دلچسپ عبارات واشعار پر یہ ہنگامۂ عشرت ختم ہوتا ہے۔

یہ طریقہ بھی ایک گھڑی تک جاری رہتا ہے اور اس کے بعد سرنالی اپنا کمال دکھلاتے ہیں اور دوسری ایک گھڑی تک یہ ہنگامۂ عشرت برپا رہکر بہترین طریقے پر ختم ہوتا ہے۔ جہاں پناہ جس طرح کہ علم موسیقی میں ماہرین فن سے زیادہ کامل ہیں اسی طرح میدان عمل میں بھی اس آسان نما مشکل کے حل کرنے میں ہر صاحب کمال پر سبقت لے جاتے ہیں۔ خاصکر نقارہ نوازی میں۔

اس شعبے میں بھی منصبدار واحدی اور دیگر سپاہ ملازم ہیں پیادوں کی تنخواہ تین سو چالیس دام سے زیادہ اور چوہتر دام سے کم نہیں ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۰)

نگین شہنشاہی

مُہر شاہی سلطنت کی ہر سہ اہم شاخوں میں مستعمل ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ دُنیا میں ہر شخص کو معاملات یعنی لین دین میں اس کی ضرورت ہوتی ہے۔ جہاں پناہ کے ابتدائی عہد معدلت میں مولانا مقصود مُہر کن نے فولاد کے ایک ٹکڑے پر خود بادشاہ اور اس کے اجداد گرامی کے اسماء امیر تیمور صاحبقران تک خط نقاع میں کندہ کئے۔ اسی مُہر پر مولانا مذکور نے دوسرے قطعے پر تنہا جہاں پناہ کا نام نامی خط نستعلیق میں کندہ کیا۔ اجرائے احکام و دادخواہی کے فرامین پر ایک محرابی مُہر لگائی جاتی تھی جس پر جہاں پناہ کا اسم گرامی کندہ تھا اور بادشاہ کے نام نامی کے گرد یہ بیت منقوش ہے۔

براستی موجب رضائے خداست — کس ندیدم کہ گم شد از رہ راست

نقی نے ایک دوسری مُہر بنائی اور اس کے بعد مولانا احمد علی دہلوی نے ان ہر دو مُہر کے کندہ کرنے میں سحر آفرینی کی۔

مدوّر مُہر ازوک کے نام سے مشہور ہے۔ ازوک چغتائی لفظ ہے۔ یہ مُہر فرمان تبتی میں کام میں لائی جاتی ہے۔ کلاں مُہر جس پر جہاں پناہ اور نیز بادشاہ کے اجداد کے اسماء کندہ ہیں قدیم زمانے میں ان خطوط پر لگائی جاتی تھی جو بادشاہ کی طرف سے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دوسرے شاہان ممالک کے نام روانہ کئے جاتے تھے لیکن اب ہر دو شہروں میں مستعمل ہے۔

دیگر احکام سلطنت کے لئے ایک بیضا گوشہ مخصوص ہے جس پر اللہ اکبر جل جلالہ کندہ ہے۔ شاہی حرم سرا کے اجرائے احکام میں ایک دوسری مُہر مستعمل ہے۔ فرامین شاہی کے لئے جدا گانہ نقش مختلف صورتوں میں تیار کیا گیا ہے۔

چند نقاشوں کے نام مندرج ذیل ہیں۔

(۱) مولانا مقصود ہروی۔ جنت آشیانی کے ملازمین میں تھا یہ شخص خط رقاع و نستعلیق بہت عمدہ لکھتا تھا۔ مقصود نے علاوہ مہر کے اسطرلاب کرہ اور چند مسطر بھی ایسے بنائے کہ اہل فن انھیں دیکھ کر حیرت زدہ ہو گئے۔ جہاں پناہ کی مرتبہ شناسی توجہ سے مقصود نے اور زیادہ اپنے فن میں کمال حاصل کر کے یکتائے روزگار رہا۔

(۲) تمکین کابلی۔ اس شخص نے اپنے وطن میں نشو و نما حاصل کیا اور اس صنعت میں ایسا کمال حاصل کیا کہ اپنے اسلاف کا فخر بن کر خط نستعلیق میں ان پر بھی سبقت لے گیا۔

(۳) میر دوست کابلی۔ یہ شخص رقاع اور نستعلیق خطوط میں مہر میں عقیق پر کندہ کرتا ہے۔ اگرچہ میر دوست کابلی، مقصود و تمکین کا ایسا صاحب کمال نہیں ہے لیکن اس کا خط رقاع نستعلیق سے بہتر ہے۔ یہ شخص دھاتوں کے پر کھنے میں بھی دستگاہ رکھتا ہے۔

(۴) مولانا ابراہیم۔ یہ شخص عقیق نگاری میں اپنے بھائی شرف بزدی کا شاگرد ہے لیکن اس میں شبہ نہیں کہ اپنے فن میں اسلاف سے سبقت لے گیا ہے۔ اس کے رقاع و نستعلیق اور قدیم اور مشہور اُستادوں کے انھیں خطوط میں کوئی شخص تمیز نہیں کر سکتا۔ یہی شخص ہے جس نے بیش قیمت لعلہائے شاہی پر لعل جلالی کا نقش کندہ کیا ہے۔

(۵) مولانا علی احمد دہلوی۔ یہ شخص مولانا پر نقاشی کرنے میں

یگانۂ روزگار ہے۔ تمام اہل فن اس صنعت میں اس کا لوہا مانتے ہیں اور اُس کے نقوش پر مشق کرتے ہیں۔ اگرچہ اس کا نستعلیق تو عدیم المثال ہے لیکن اور اقسام خطوط میں بھی اُسے کمال حاصل ہے۔ اس پیشے میں اپنے باپ شیخ حسین کا شاگرد ہے اور مولانا مقصود کی تقلید اور اُن کے نقوش پر غور کرنے سے صاحب کمال ہو کر اپنے ہمعصروں پر سبقت لے گیا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۱)

فراش خانہ

جہاں پناہ اس مہینے کو عمدہ قیام گاہ اور سردی و گرمی و بارش ہر سہ موسم کے گزند سے محفوظ رہنے کا ذریعہ خیال فرماتے ہیں۔ بادشاہ اس کو شان حکومت کا ایک جزو سمجھتا ہے اور اس زیب و زینت کو بھی خدا پرستی میں داخل جانتا ہے۔ اس کارخانے کی اقسام اور تعداد دونوں میں نماط خواہ اضافہ ہوا ہے اور نئی نئی ایجادوں نے سونے پر سہاگے کا کام کیا ہے۔ ناظرین کی آگاہی کے لئے چند چیزوں کا ذکر حوالۂ قلم کیا جاتا ہے۔

(۱) بارگاہ۔ فراش خانے کی سب سے بڑی شئے ہے۔ اس میں دس ہزار آدمیوں سے زیادہ بیٹھ سکتے ہیں۔ ایک ہزار تیز دست فراش آلات سیر کے ذریعے سے ایک ہفتے میں اسے استادہ کر سکتے ہیں۔ اس میں اکسٹھ دو دروازے ہوتے ہیں جن میں سے ہر ایک چند برجیوں سے جڑے ہوتے ہیں سادی بارگاہ کی تیاری میں جو مخمل و زربفت وغیرہ سے نہیں بنائی جاتی دس ہزار روپے خرچ ہوتے ہیں۔ زرّیں بارگاہوں کی قیمت کا اندازہ مشکل ہے صرف سادی بارگاہ کے اخراجات سے زرّین بارگاہوں کے مصارف کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۲) چوبین راؤٹی۔ یہ دس ستونوں پر استادہ کی جاتی ہے۔ ہر ستون کچھ نہ کچھ زمین میں گڑا رہتا ہے۔ بلندی میں تمام ستون برابر ہوتے ہیں سوا دو ستونوں کے جو بقیہ ستونوں سے کچھ زیادہ بلند ہوتے ہیں جن پر صلیب نما لکڑیاں لگائی جاتی ہیں ہر ستون کے اوپر اور نیچے ایک ایک واسہ (ایک مثلث نما لکڑی) لگایا جاتا ہے اور واسوں اور صلیبی لکڑیوں پر چند لوہے کے شہتیر رکھ کر ستون کو بجا مضبوط کر دیتے ہیں۔

اس میں ایک یا دو دروازے ہوتے ہیں اور سب سے نیچے دینے کی بنا پر ایک چبوترہ بنایا گیا ہے۔ چوبین راؤٹی کا اندرونی حصہ زربفت و مخمل سے آراستہ ہے اور بیرونی حصے میں سقرلاط ہے۔ یہ قیمتی کپڑے ریشمی ڈوریوں کے ذریعے دیواروں سے بندھے ہوتے ہیں۔

(۳) دو آشیانہ منزل۔ یہ دو منزلہ مکان اٹھارہ ستونوں پر قائم ہے۔ ہر ستون چھ گز بلند ہے ستونوں کے اوپر کلان و خرد تختے بچھے ہوئے ہیں اور اسی کے اندر چار درعی ستون نصب کئے جاتے ہیں جن سے ایک عمدہ بالاخانہ بن جاتا ہے۔ اس کا اندرونی و بیرونی حصہ بھی چوبین راؤٹی کی طرح آراستہ ہوتا ہے۔ دوسری منزلوں میں جہاں پناہ کی خوابگاہ ہے اور یہی مقام وہ عبادتکدہ ہے جہاں بادشاہ آفتاب کی پرستش کرتے ہیں۔

مختصر یہ کہ مقام مذکور ایک ایسا مخصوص مقام ہے جو اپنے فرائض کی ادا کرنے کے بعد ہر زمان طریقے سے رضائے الٰہی حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ وہ کامل انسان جس کی ایک آنکھ تو عبادتگاہ کے ذات کار سے لگی ہوئی ہے اور دوسری آنکھ سے دنیا کے کاروبار کو خانقاہوں سے دیکھتا ہے۔

عبادت کے ختم پر بیگمات کو اندر حاضر ہونے کی اجازت مرحمت ہوتی ہے اور اس کے بعد اراکین دولت کورنش کی سعادت سے بہرہ اندوز ہوتے ہیں۔ جہاں پناہ سفر میں اسی بالاخانے کے ایک حصے سے جس کو جھروکہ کہتے ہیں ہاتھیوں اور گھوڑوں کی لڑائی کا تماشا دیکھتے ہیں۔

(۴) زمین دوز۔ یہ ایک خیمہ ہے جو مختلف اشکال کا بنایا جاتا ہے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جس میں کبھی ایک اور کبھی دو ستونی دروازے ہوتے ہیں۔ اس کے اندر دالجا پردے آویزاں کر کے خیمے کو مختلف حصوں میں تقسیم کر دیتے ہیں۔

(۵) عجائبی۔ نو شامیانوں کو چار ستونوں پر تانتے ہیں۔ پانچ شامیانے چہارگوشہ اور چار مخروطی ہوتے ہیں۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ان میں صرف ایک ہی درجہ ہوتا ہے اور تمام عجائبی صرف ایک ہی ستون پر قائم ہوتی ہے۔

(۶) منڈل۔ پانچ شامیانوں کو باہم ایک دوسرے سے ملا کر چار ستونوں پر نصب کرتے ہیں۔ کبھی چار شامیانوں کو تھوڑا نیچے جھکا کر خلوتکدہ بناتے ہیں اور کبھی انھیں چاروں کو بلند تانتے ہیں اور صرف ایک سمت بطور صدر کے کشادہ رکھ کر عشرت و نشاط حاصل کرتے ہیں۔

(۷) آٹھ کھنبہ۔ سترہ شامیانے کبھی علیحدہ علیحدہ اور کبھی باہم ایک دوسرے سے پیوستہ آٹھ ستونوں پر لگائے جاتے ہیں۔

(۸) خرگاہ۔ لپیٹے دار خیمہ ہے جس میں کبھی ایک اور کبھی دو دروازے ہوتے ہیں۔

(۹) شامیانہ۔ یہ طرح طرح کے ہوتے ہیں اور بارہ گزی سے زائد نہیں ہوتے۔

(۱۰) قلندری۔ اس کا حال اوپر مذکور ہو چکا۔

(۱۱) سراپردہ۔ قدیم زمانے میں کھردرے ٹاٹ کی بنائی جاتی تھی لیکن جہاں پناہ اپنے عہد سلطنت میں غالیچے کے سراپردے تیار فرماتے ہیں جن سے علاوہ اضافۂ حشمت کے آرام بہت ملتا ہے۔

(۱۲) گلال بار۔ چوبی سراپردہ ہے جس کے مختلف حصے خرگاہ کی دیوار کی طرح چمڑے کے تسموں سے ایک دوسرے سے پیوستہ ہیں۔ اس کو سفر میں لپیٹ کر لے جاتے ہیں۔ گلال بار سرخ کپڑے کی بنائی جاتی ہے اور جابجا فیتے ٹکے رہتے ہیں۔

(۱۳) گلیم۔ جہاں پناہ نے طرح طرح کے قالین ایجاد فرمائے ہیں اور ان میں عجیب اور دلکش گرہیں دی گئی ہیں۔ بادشاہ نے تجربہ کار استاد

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مقرر فرمائے جنھوں نے ایسے بہترین نمونے تیار کیے کہ ایرانی و تورانی قالینوں کی یاد دلوں سے فراموش ہو گئی۔ اگرچہ تمام سال سوداگر کوشکان، خورستان کرمان اور سبزوار وغیرہ سے اب بھی قالین لاتے ہیں۔ پیشہ وروں نے ہندوستان ہی میں قیام کر لیا ہے اور بہت زیادہ فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ تقریباً ہر شہر خصوصاً آگرہ، فتح پور اور لاہور میں بہترین قالین تیار ہوتے ہیں۔

شاہی کارخانے میں بمثل قالین تیار کیا جاتا ہے جو چھبیس گز سات طسوج لانبا اور گیارہ گز آدھا طسوج چوڑا ہوتا ہے۔ اس کی تیاری میں ایک ہزار آٹھ سو دس روپے صرف ہوتے ہیں جس کی قیمت تجربہ کار سوداگر دو ہزار سات سو پندرہ روپے لگاتے ہیں۔

(۱۴) تکیہ نمد۔ کابل و فارس سے لاتے ہیں اور یہیں ہندوستان میں بھی بنائی جاتی ہے۔ جاجم، شطرنجی، بلوچی اور دریوں کے اقسام بوریشم سے تیار کی جاتی ہیں معرض تحریر میں نہیں آ سکتیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۲)

آبدارخانہ

جہاں پناہ اس سرچشمۂ زندگی کو آبِ حیات فرماتے ہیں۔ بادشاہ نے اس محکمے کا انتظام بیدار مغز اہل کاروں کے سپرد فرمایا ہے۔ قبلۂ عالم خرد زیادہ پانی نہیں پیتے لیکن سررشتۂ آب پر ہر وقت خاص توجّہ فرماتے ہیں۔ بادشاہ سفر و حضر ہر وقت گنگا کا پانی نوش فرماتے ہیں معتمد ملازمین کا ایک گروہ دریا کے کنارے مامور ہے جو سر پہر کوزوں میں پانی بھر کر لاتا ہے۔

جب جہاں پناہ آگرے اور فتح پور میں قیام فرماتے ہیں تو قصبۂ سوروں سے پانی لایا جاتا تھا۔ اس زمانے میں جبکہ شاہی خیمہ لاہور میں نصب ہے ہر دوار کے عمدہ پانی سے آبدارخانہ سیراب ہے۔

باورچی خانے میں جمنا اور چناب کا پانی یا آبِ باراں صرف ہوتا ہے لیکن ان میں تھوڑا پانی گنگا کا ملایا جاتا ہے۔ سیر و شکار کے وقت جہاں پناہ اپنی مہربانی و دور اندیشی سے تجربہ کار اور آب آزما اہل کاروں کا تقرر فرماتے ہیں جو عمدہ اور صاف پانی آزمائش کے بعد بہم پہنچاتے ہیں۔

قبلۂ عالم نے اپنی دور اندیشی سے شورے کو جو بندوق میں آگ کا کام دیتا ہے سرمایۂ سروری قرار دیا ہے جس سے ہر امیر و فقیر کو مسرّت خیز راحت

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پہنچ رہی ہے۔

شورہ ایک کھاری خاک ہے۔ ایک سیر شورہ سو راخدار برتن میں بھر دیا جاتا ہے اور تھوڑا پانی اس پر چھڑکا جاتا ہے۔ اس کے قطرات کو جوش دے کر مٹی کو پانی سے جدا کر لیتے ہیں۔

ایک سیر پانی جست یا چاندی یا کسی دوسری دھات کے برتن میں بھر دیا جاتا ہے۔ ظرف کا منہ مضبوط باندھتے ہیں۔ ایک بڑے ظرف میں ڈھائی سیر شورہ اور پانچ سیر پانی ڈالتے ہیں اور سربستہ کوزے کو اس بڑے ظرف میں رکھ کر پانی کو خوب ہلاتے ہیں۔ اس ترکیب سے سربستہ کوزے کا پانی ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔ ایک روپے کو ۳ سے لے کر چار من تک شورہ فروخت ہوتا ہے۔

سنہ ۳۱ الٰہی میں بادشاہ نے پنجاب میں قیام فرمایا اور اس زمانے سے برف کا رواج ہوا۔ برف شمالی کوہ سے خشکی و تری دونوں راستوں سے ڈاک چوکی بہل اور کہاروں کے ذریعے سے لائی جاتی ہے اس کا خزینہ قصبہ پنہاں (سنہاں) کے قریب ہے جو لاہور سے پینتالیس کوس کے فاصلے پر آباد ہے۔ اس عمل تجارت سے سوداگروں نے فائدہ اٹھایا اور رعایا کو خوشی و راحت نصیب ہوئی۔ یہ برف ایک روپے کو دو یا تین سیر فروخت ہوتی ہے مفید ترین طریقہ یہ ہے کہ برف کشتیوں پر لائی جاتی ہے اور اس کے بعد بہل پر اور سب سے کم کہاروں کے ذریعے سے لانے میں فائدہ ہوتا ہے۔ پہاڑی باشندے برف کی سلیں لا کر فروخت کرتے ہیں۔ ہر سل وزن میں تیس سیر سے زیادہ اور پچیس سیر سے کم نہیں ہوتی معمولی نرخ پانچ دام ہے۔ لیکن اگر سلوں کو دور لے جانا پڑتا ہے تو چوبیس دام سترہ جیتل ادا کرنے پڑتے ہیں۔ اگر فاصلہ زیادہ نہیں ہے تو اجرت پندرہ دام تک آجاتی ہے۔

برف دس کشتیوں پر روزانہ لائی جاتی ہے جن میں ایک کشتی دارالسلطنت آتی ہے ہر کشتی کو دیوار ملاح کھیتے ہیں اور ہر سل بارہ سے چھ سیر تک کی ہوتی ہے سلوں کے وزن میں کمی اثر سے تفاوت بھی ہو جاتا ہے۔

ہر بہل دو پیشکار سے لاتی ہے۔ راستے میں بارہ ڈاک چوکیاں ہیں جہاں

گھوڑے بدلے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ ایک ہاتھی بھی کام میں لایا جاتا ہے بارہ کلیں دس سے چودہ سیر تک کی روزانہ پہنچتی ہیں۔ اس درآمد کے ذریعے سے جو برف آتی ہے وہ جاڑے میں فی سیر تین دام اکیس جیتل اور برشگال کے موسم میں چودہ دام بیس جیتل اور وسطی زمانے میں نو دام ساڑھے اکیس جیتل کے نرخ سے فروخت ہوتی ہے لیکن عام نرخ پانچ دام ساڑھے پندرہ جیتل فی سیر ہے۔

برف جب کہاروں کے ذریعے سے لائی جاتی ہے تو چودہ چوکیوں کے اٹھائیس مزدور کام کرتے ہیں۔ ہر روز چار پیشکار سے آتے ہیں جن میں چار بنڈل ہوتے ہیں۔ یہ برف اوائل میں پانچ دام $\frac{1}{2}$ ۱۹ جیتل اور وسطی زمانے میں تیرہ دام $\frac{1}{2}$ ۲ جیتل اور آخر میں ۱۹ دام $\frac{1}{8}$ ۱۵ جیتل فی سیر کے حساب سے فروخت ہوتی ہے۔ عام طور پر اس برف کا نرخ $\frac{3}{4}$ ۸ دام فی سیر سمجھا جاتا ہے۔ عام اشخاص صرف موسم گرما میں اور امرا ہر زمانے میں برف کا استعمال کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۳)

مطبخ (باورچی خانہ)

جہاں پناہ نے اس مہکمے پر بھی خاص توجہ فرمائی ہے اور اپنی دور اندیشی سے معقول قوانین اس سررشتے کے لئے بھی وضع فرمائے ہیں۔ یہ ممکن نہ تھا کہ ایسے دانا خیال فرمانروا کی توجہ خاص مطبخ جیسے اہم شعبے کی طرف نہ ہوتی۔ ظاہر ہے کہ انسانی مزاج کا اعتدال، جسم کی توانائی و قوت ظاہری و باطنی سعادتوں سے بہرہ اندوز ہونے کی قابلیت اور دینی و دنیاوی [illegible] غذا کے استعمال پر پیدا ہوتا ہے تمام بادشاہ اس امر پر متفق ہیں کہ انسان کی غذا و خورش بہترین طریقے پر عمل میں آئے۔

غذا کو بہتر طریقے اور عمدہ اصول پر استعمال کرنا انسان کو دیگر حیوانات سے ممتاز کرتا ہے ورنہ نفس شکم سیری میں تو آدم اور دوسرے چوپایوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔ اگر جہاں پناہ کا حوصلہ بلند اور عقل کامل نہ ہوتی اور اگر بادشاہ کے دل میں بنی نوع انسان کے ساتھ ایک عالمگیر ہمدردی کا خیال جاگزیں نہ ہوتا تو حقیقت شناس فرمانروا گوشۂ خلوت میں جا بیٹھتا اور قضایۂ عالم کو خواب و غذا کچھ بھی یاد نہ رہتے لیکن اس ظلمت شب ہمنشاہی اور دنیوی و دینی سیادت کے باوجود اب بھی جہاں پناہ کی پاکیزہ طبیعت کا یہ عالم ہے کہ خدمتگاروں سے کبھی یہ ارشاد

نہیں ہوتا کہ آج فلاں فلاں خاصہ تیار کیا جائے۔

قبلۂ عالم خود صرف ایک وقت غذا نوش فرماتے ہیں اور سیر ہونے سے پیشتر ہی دسترخوان بڑھا دیا جاتا ہے۔ ان تمام امور کے باوجود کھانے کا کوئی وقت مقرر نہیں ہے لیکن ملازمین تمام سامان اس طرح تیار رکھتے ہیں کہ فرمائش کے ایک گھنٹے بعد سو قاب دسترخوان پر چُن دی جا سکتی ہیں۔ شاہی حرم سرا میں جو کھانا صرف ہوتا ہے اس کی تقسیم صبح سے شروع ہوتی ہے اور رات تک سلسلہ جاری رہتا ہے۔

جہاں پناہ نے تجربہ کار دیانت دار اشخاص اس کام پر مقرر فرمائے ہیں اور تمام خدّام بارگاہ ہر وقت اپنے فرائض منصبی انجام دینے پر مستعد و آمادہ رہتے ہیں۔ اس سررشتے کا افسر بھی وزیر اعظم کا ماتحت ہے۔ جہاں پناہ نے علاوہ معاملات سلطنت کے اس صیغے کا انتظام بھی وزیر اعظم کے سپرد فرمایا ہے لیکن باوجود اس احتیاط کے خود جہاں پناہ بھی ہر وقت توجہ فرماتے رہتے ہیں۔

بادشاہ نے ایک کارفرما دیدہ ریا شخص کا اس سررشتے میں تقرر کیا ہے جس کو میر بکاول کہتے ہیں۔ اس شخص کی دیکھ بھال پر اس سررشتے کی کامیابی کا مدار ہے۔ میر بکاول کے ماتحت دیانتدار مددگاروں کا تقرر عمل میں آیا ہے۔ نقد و جنس کے حساب و کتاب کے لئے خزانچی اور متعدد خورش شناس مقرر کئے گئے ہیں۔ ان کے علاوہ مختلف ممالک کے تجربہ کار باورچی درکابدار اس سررشتے میں ملازم اور اپنا کام خوبی سے انجام دیتے ہیں اور ایک صحیح نویس تنخواہی ان کی نگہبانی کرتا ہے۔

ہر ملک کے باورچی طرح طرح کے کھانے پکاتے ہیں اور غلہ و ترکاری گوشت و روغن و شیرینی و مصالحہ دار اشیا میں قسم قسم کی نعمتیں ہر روز مہیا کی جاتی ہیں۔ روزانہ تصرفی کھانا ایسا تیار کیا جاتا ہے کہ جو امرا کو دعوتوں کے موقع پر کمتر میسّر آتا ہے۔ تصرفی کھانے کے اقسام و ذائقے سے خاصے کے کھانے کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

نوروز کے آغاز میں مددگار خزانچی یک سالہ تخمینہ تیار و پیش کرتا ہے جس کی رقم اُس کو ادا کر دی جاتی ہے۔ روپیوں کی تھیلی اور اجناس کے حجروں پر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

میر بکاول اور منشی کی مہریں لگی ہوتی ہیں۔ ہر ماہ روزانہ اخراجات کا مجموعہ اندازہ بنا کر اس مہینے کا حساب تیار کیا جاتا ہے جن کی رسیدوں پر دو عہدہ داروں کی مہریں ہوتی ہیں۔ اس کارروائی کے بعد نقد و جنس اسی مرتبہ حساب کے مطابق خرچ کی جاتی ہیں۔

ہر سامان میں دیوان بیوتات اور میر بکاول ہر قسم کی چیزیں فراہم کرنے تنخواہ کے لئے جمع کر لیتے ہیں۔ سکھر اس پانول بہرائچ سے دیوہ پانول آوالیار سے اور جنس راجوری سے اور نیلہ ورد عن زرد چھال رفیروزہ سے قاز مرغابی اور الشر ترکاریاں کشمیر سے منگائی جاتی ہیں۔ منو نے ہر قسم کے سررشتے میں موجود رہتے ہیں۔

ان کے علاوہ بکریاں، بھیڑ، بربری، مرغ و قاز وغیرہ کو باورچی پالتے اور فربہ کرتے ہیں۔ مرغیاں ایک مہینے سے زیادہ نہیں رکھی جاتیں۔ مذبح شہر اور رسالہ کے باہر اور دریا یا تالاب کے کنارے واقع ہے۔ ذبح کے بعد گوشت دھویا جاتا ہے اور پھر کیسوں میں بھر کر لاتے ہیں اور باورچیوں کی مہر ہونے کے بعد کیسے باورچی خانے میں بھیج دیئے جاتے ہیں۔ باورچی خانے میں گوشت دوبارہ دھویا جاتا ہے اور اس کے بعد پکنے کے لئے دیگ میں ڈالا جاتا ہے۔

بہشتی اپنی مشکوں سے برتنوں میں پانی بھرتے ہیں۔ برتنوں کا منہ سر مہر کپڑوں سے بندھا رہتا ہے۔ ریگ کے تہ نشین ہو جانے کے بعد پانی استعمال میں آتا ہے۔ ایک چھوٹا سا باغ مطبخ سے متعلق ہے جس سے ہر وقت تازہ ترکاریاں لے کر خدمتگار آتی ہیں۔

میر بکاول اور حساب نویس ہر چیز کے خرچ کا اندازہ کر کے روزانہ کے صرف کے لئے اس مقدار کو معین کر دیتے ہیں۔ یہ دونوں اشخاص روزنامچہ پر اور دفتر الوصول وغیرہ پر اپنی مہریں کرتے اور سررشتے کے ہر کام کی پوری نگرانی کرتے ہیں۔ باورچیوں، پانی بھرنے والوں اور بہشتیوں کا اس سررشتے میں دخل نہیں ہے۔ کسی شخص کی سفارش نہیں مانی جاتی نہ سمجھی جاتی اور کوئی شخص بلا اجازت مطبخ میں داخل نہیں ہو سکتا۔

خانے کا کھانا طلائی، نقرئی، سنگی اور خاکی ظروف میں تیار ہوتا ہے جو دیگچیاں کسی ایک ماتحت بکاول کے سپرد کی جاتی ہیں جو خاص اسی کے انتظام میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

تیار رہوتی ہیں۔ کھانا ایک شامیانے کے نیچے پکایا اور پکالا جاتا ہے اور محافظین برابر دیکھ بھال کرتے رہتے ہیں۔

کھانا پکانے والے پخت کے وقت آستین چڑھا کر دامن کمر سے باندھ لیتے ہیں اور اپنا منہ اور ناک بند کر لیتے ہیں۔ تیاری کے بعد کھانے کو پہلے بکاول اور چاشنی گیر چکھتے ہیں۔ اس کے بعد میر بکاول چکھتا ہے اور پھر کھانا قابوں میں نکالا جاتا ہے طلائی اور نقرئی قابیں سرخ کپڑوں میں اور چینی اور تانبے کے ظروف سفید کپڑوں میں باندھ دیئے جاتے ہیں اور میر بکاول ان کپڑوں پر اپنی مہر کر کے ہر کھانے کا نام بستہ قابوں پر لکھ دیتا ہے۔ بخشی یا داروغہ خانہ تمام کھانوں کی ایک فہرست تیار کر کے میر بکاول کی مہر کے بعد اندر روانہ کر دیتا ہے تاکہ کسی قسم کا تغیر نہ ہونے پائے۔ کھانے کی قابیں بکاول یا داروغہ خانہ اور دوسرے ملازمین اٹھا لیتے ہیں۔ چوبدار ان کے دونوں طرف ساتھ ہوتے ہیں اور راہرو کو کھانے کے پاس سے گزرنے نہیں دیتے جب کھانے کی قابیں اندر پہنچ جاتی ہیں تو رکابدار طرح طرح کی روٹیاں بستہ دہی اور اچار لیموں و نیز سونٹھ طرح طرح کی ترکاریاں اسی طرح میر بکاول کی مہر کرانے کے بعد حرم شاہی میں روانہ کر دیتے ہیں۔ اندرون قصر کے ملازم کھانے کو چکھ کر قابوں کو دسترخوان پر چنتے ہیں۔ تقریباً ہر حصے کے بعد جہاں پناہ خاصہ نوش فرماتے ہیں۔ دسترخوان کے ملازم بادشاہ کے سامنے حاضر رہتے ہیں۔ سب سے پہلے فقیر کا حصہ علیحدہ کیا جاتا ہے۔ قیلۂ عالم کھانے کی ابتدا دودھیا دہی سے فرماتے ہیں اور کھانے سے فارغ ہو کر خدا کی بارگاہ میں سجدۂ شکر بجا لاتے ہیں۔ میر بکاول ہر وقت حاضر رہتا ہے اور فہرست کے موافق برتنوں کو واپس لیتا ہے۔ میر بکاول غذا کے چند نسخہ جات احتیاط کے خیال سے ہر وقت تیار رکھتا ہے۔

تانبے کے برتنوں پر ایک ماہ میں دو بار قلعی ہوتی ہے۔ جو برتن کہ شاہزادوں کے استعمال میں آتے ہیں اُن پر مہینے میں ایک بار قلعی کی جاتی ہے۔ شکستہ ظروف ٹھٹیری کو حوالے کر کے اُن کے عوض نئے برتن تیار کرا لیے جاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۴)

مصالحہ

غذا کے اقسام

غذا کے بیشمار اقسام کا معرض تحریر میں لانا دشوار ہے لیکن ناظرین کی واقفیت و رہنمائی کے لئے چند اشیاء کا حال مندرج ذیل ہے۔

ہر پختہ خورش کی دراصل تین قسمیں ہیں۔

(۱) بے گوشت جس کو عرف عام میں صوفیانہ کہتے ہیں۔

(۲) گوشت با برنج وغیرہ۔

(۳) گوشت و ابازیر (مصالحہ)۔

ہر سہ اقسام میں سے دس دس غذاؤں کا نام مرقوم ہے۔

(۱) زرد برنج (زردہ) یہ کھانا دس سیر چاول، پنج سیر قند، ساڑھے تین سیر روغن زرد، آدھ سیر کشمش، آدھ سیر بادام و پستہ، پاؤ سیر نمک، آدھ پاؤ زنجبیل تر، ½ ۱ دام زعفران، ½ ۲ مثقال دارچینی سے تیار کیا جاتا ہے۔ یہ مقدار اس قدر ہوتا ہے کہ چار قاب بھر جاتے ہیں بعض اشخاص اس کو صرف چند مصالحوں سے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پکاتے ہیں بلکہ کبھی کبھی مصالحہ نہیں ڈالتے۔ بعض اوقات اس میں گوشت اور نمک بھی ڈالا جاتا ہے۔

(۲) خشکہ۔ دس سیر چانول میں آدھ سیر نمک ڈال کر اس کو حلوے کی طرح سے پکاتے ہیں۔ یہ بھی چار لبریز قابوں میں نکالا جاتا ہے۔ ایک من دیو زیرہ دھانوں میں پچیس سیر چانول نکلتے ہیں جن میں سترہ سیر چانول سے دیگ بھر جاتی ہے۔ اسی طرح ایک من جنجن دھانوں میں بائیس سیر چانول نکلتے ہیں۔

(۳) کھچڑی۔ پانچ سیر چانول اور پانچ سیر مونگ کی دال اور اسی قدر روغن اور ½ سیر نمک سے تیار ہوتی ہے۔ یہ کھانا سات قابوں میں نکالا جاتا ہے۔

(۴) شیر برنج۔ دس سیر دودھ میں ایک سیر چانول ایک سیر قند اور ایک دام نمک ڈالتے ہیں۔ یہ پانچ قابوں کے لئے کافی ہوتی ہے۔

(۵) کھولی۔ دس سیر نیم کوفتہ گیہوں میں جن کا ایک تہائی حصہ خمیر ہوتا ہے۔ پانچ سیر روغن زرد، دس مثقال کالی مرچ، چار مثقال دارچینی، ½ مثقال الائچی و لونگ ½ سیر نمک ڈال کر اس کو تیار کر لیتے ہیں۔ اکثر اشخاص ان میں دودھ اور شکر بھی ڈالتے ہیں۔ اس مقدار سے چار قاب لبریز نکالے جاتے ہیں۔

(۶) چکھی۔ دس سیر گیہوں کا آٹا خمیر کر کے اس کو دھوتے ہیں جب دو سیر خالص خمیرہ جاتا ہے تو اس میں چانول یا مصالحہ ملاتے ہیں بعد ازاں طرح طرح سے اس پر ہر قسم کا گوشت لپیٹتے ہیں۔ اس میں ایک سیر روغن زرد، ایک سیر پیاز، نیم دام زعفران، نیم دام لونگ والائچی اور ایک ایک دام دارچینی و کالی مرچ و دھنیا اور تین تین دام ادرک و نمک ڈالتے ہیں جو دو قابوں میں نکالی جاتی ہے۔ اکثر لوگ اس میں عرق لیمو بھی شامل کر لیتے ہیں۔

(۷) بادنجان۔ اسی قدر خمیر میں ½ سیر روغن زرد، ۳ سیر پیاز، ½ سیر ادرک اور عرق لیمو، پانچ پانچ مثقال کالی مرچ و دھنیا، نصف نصف مثقال الائچی اور لونگ، اس طرح چھ قاب تیار کئے جاتے ہیں۔

(۸) پکت۔ یہ غذا مونگ، ماش، چنے وغیرہ سے بنتی ہے۔ دس سیر مرکب میں ڈھائی سیر روغن زرد اور آدھ سیر نمک و ادرک دو مثقال مرچ و

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نصف مثقال انگوزہ ملا کر اس کی پندرہ قابیں تیار کر لیتے ہیں۔ اس کو زیادہ تر خشکے میں ملا کر کھاتے ہیں۔

(۹) سالن۔ یہ پالک اور سبزیوں سے تیار کیا جاتا ہے اور بعید مرغوب غذا ہے۔ دس سیر سبزی میں ½ ۱ سیر روغن زرد، ایک سیر پیاز، آدھ سیر ادرک، ½ ۵ مثقال کالی مرچ، نصف نصف مثقال لونگ والائچی ملا کر چھ قابیں تیار کر لیتے ہیں۔

(۱۰) حلوا۔ دس سیر آٹا، دس دس سیر روغن زرد و قند کی پندرہ قابیں تیار ہوتی ہیں۔ یہ مختلف طریقوں سے کھایا جاتا ہے۔

ان کے علاوہ قسم قسم کے مربے اور شربت تیار کئے جاتے ہیں جن کا حال معرض تحریر میں لانا مشکل ہے۔

قسم دوم کے دس کھانوں کا حال مندرج ذیل ہے۔

(۱) قبولی۔ دس سیر چانول، سات سیر گوشت، ½ ۳ سیر روغن زرد، ایک سیر چنے کی دال، دو سیر پیاز، آدھ سیر نمک، پاؤ سیر ادرک، ایک ایک دام دار چینی، کالی مرچ و زیرہ، نصف نصف دام الائچی و لونگ سے تیار کی جاتی ہے۔ اکثر لوگ ان مصالحوں میں بادام و کشمش اور زیادہ کر دیتے ہیں۔ یہ پانچ قابوں میں نکالی جاتی ہے۔

(۲) دزدبریاں (زیریریاں) دس سیر چانول میں دس سیر گوشت، ½ ۳ سیر روغن زرد، آدھ سیر نمک، پاؤ سیر تازہ ادرک، ایک ایک دام کالی مرچ، زیرہ، لونگ والائچی ڈالنے سے تیار ہوتا ہے اور پانچ قابوں میں نکالا جاتا ہے۔

(۳) قیمہ پلاؤ۔ دس سیر چانول، دس سیر گوشت، چار سیر روغن زرد، ایک سیر چنے کی دال، دو سیر پیاز، آدھ سیر نمک، پاؤ سیر ادرک، ایک ایک دام کالی مرچ، زیرہ اور الائچی و لونگ کے ترکیب دینے سے پانچ قابوں میں نکالا جاتا ہے۔

(۴) شلمہ۔ دس سیر گوشت، ½ ۳ سیر چانول، دو سیر روغن زرد، ایک سیر چنا، دو سیر پیاز، آدھ سیر نمک، پاؤ سیر ادرک، دو دو دام کالی مرچ، لہسن، اور ایک ایک دام دار چینی، لونگ والائچی سے تیار کیا جاتا ہے یہ کھانا چھ قابوں میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نکالا جاتا ہے۔

(۵) کفترا۔ دس سیر گوشت، تین سیر میدہ، ½ ۱ سیر روغن زرد، ایک سیر چنا، آدھ سیر سرکہ، ایک سیر قند، پاؤ پاؤ سیر پیاز، ہگاجر، چقندر، شلغم، پالک، سونف، ادرک، اور ایک ایک دام زعفران، لونگ اور الائچی اور زیرہ اور دو دام دارچینی اور آٹھ مثقال کالی مرچ کے ڈالنے سے تیار ہوتا ہے اور بارہ قابوں میں نکالا جاتا ہے۔

(۶) قیمہ شلہ۔ دس سیر گوشت، ایک ایک سیر چانول، روغن زرد، آدھ سیر چنا اور اس کے علاوہ اور دوسرے مسالحے ملا کر شلغم کی طرح پکاتے ہیں اور دس تابوں میں نکالتے ہیں۔

(۷) ہریسہ۔ دس سیر گوشت میں پانچ سیر کوفتہ گیہوں، دو سیر روغن زرد، آدھ سیر نمک، دو دام دارچینی ملا کر تیار کرتے ہیں اور پانچ قابوں میں نکالتے ہیں۔

(۸) کشک۔ دس سیر گوشت میں پانچ سیر کوفتہ گیہوں، ایک سیر چنا، ½ ۱ سیر نمک، ¼ ۱ سیر پیاز، آدھ سیر ادرک، ایک دام دارچینی، دو دو مثقال زعفران، لونگ، والائچی و زیرہ کو ترکیب دے کر پانچ قابوں میں نکالتے ہیں۔

(۹) حلیم۔ گوشت و گیہوں چنا اور زعفران کشک کی مقدار کے موافق لے کر ان میں ایک سیر روغن زرد، اور پاؤ پاؤ سیر شلغم، گاجر، پالک، اور سونف ملا کر پکاتے اور دس قابوں میں نکالتے ہیں۔

(۱۰) قطاب۔ جس کو اہل ہند سنبوسہ کہتے ہیں۔ طرح طرح کے بنائے جاتے ہیں۔ دس سیر گوشت کے لئے چار سیر میدہ، دو سیر روغن زرد، ایک سیر پیاز، پاؤ سیر ادرک، آدھ سیر نمک، دو دام کالی مرچ، دھنیا اور ایک ایک دام الائچی، زیرہ اور لونگ، پاؤ سیر سماق درکار ہوتے ہیں۔ قطاب بیسیوں اقسام کے تیار ہوتے اور تعداد میں اتنے ہوتے ہیں کہ ان سے چار قاب بھر جاتے ہیں۔

تیسری قسم کے کھانے حسب ذیل ہیں۔

(۱) بریاں۔ مسلّم دانشمندی بکرے کے لئے دو سیر نمک، ایک سیر روغن زرد، دو مثقال زعفران اور اسی قدر لونگ، سیاہ مرچ اور زیرہ۔ استعمال کئے جاتے ہیں اور طرح طرح سے اس غذا کو تیار کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۲) یخنی۔ دس سیر گوشت میں ایک سیر پیاز اور آدھ سیر نمک ڈالتے ہیں۔

(۳) یولمہ۔ ایک بکرے کو پانی میں اس قدر جوش دیتے ہیں کہ تمام اس کے بال صاف ہو جاتے ہیں اور اس کے بعد مثل یخنی کے اس کو بھی تیار کر لیتے ہیں بعض اوقات دوسری ترکیبوں سے بھی اس غذا کو پکاتے ہیں۔ لیکن جانور اگر موٹا یا جوان ہو تو کھانا زیادہ باذائقہ ہوتا ہے۔

(۴) کباب۔ اس کے بیحد اقسام ہیں۔ دس سیر گوشت میں آدھ سیر روغن زرد، پاؤ پاؤ بھر نمک ادرک اور پیاز، ½ ۱ دام دھنیا، سیاہ مرچ، الائچی اور لونگ ڈالتے ہیں۔

(۵) مثمن۔ مرغ کی گردن سے اس کے بدن کی تمام ہڈیاں نکال لی جاتی ہیں اس کے بعد آدھ سیر کوفتہ گوشت میں اسی قدر گھی، پانچ مرغ کے انڈے، پاؤ سیر پیاز اور دس دس مثقال دھنیا و ادرک، پانچ مثقال نمک، تین مثقال سیاہ مرچ اور نصف مثقال زعفران دے کر مثل کباب کے تیار کر لیتے ہیں۔

(۶) دوپیازہ۔ دس سیر فربہ گوشت میں دو دو سیر روغن زرد اور پیاز، ½ سیر نمک، ½ سیر ادرک، ایک ایک دام زیرہ، دھنیا، لونگ، الائچی اور دو دو دام سیاہ مرچ کے ملانے سے پانچ قاب تیار ہوتے ہیں۔

(۷) مطنجن گوسفند۔ دس سیر گوشت میں دو سیر روغن زرد، آدھ سیر چنا، پاؤ سیر ادرک، ایک دام زیرہ، دو دو دام سیاہ مرچ، لونگ، الائچی اور دھنیا ڈال کر سات لبریز قاب تیار کر لیتے ہیں۔ یہ غذا مرغ اور مچھلی کے گوشت سے بھی اس ترکیب سے تیار کی جاتی ہے۔

(۸) دم پخت۔ دس سیر گوشت میں دو سیر روغن زرد، ایک سیر پیاز، گیارہ مثقال ادرک، دس مثقال سیاہ مرچ اور دو مثقال لونگ والائچی دیتے ہیں۔

(۹) قلیہ۔ دس سیر گوشت، دو سیر روغن زرد، ایک سیر پیاز، دو دام سیاہ مرچ، ایک ایک دام لونگ والائچی، آدھ پاؤ نمک کی ترکیب پختہ سے دس قابیں تیار ہوتی ہیں۔

(۱۰) ملغوبہ۔ دس سیر گوشت میں دس سیر دہی ایک ایک سیر روغن زرد و پیاز، پاؤ سیر ادرک، پانچ دام لونگ ڈال کر دس قاب تیار کر لیتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۵)

نان

اگرچہ روٹی بھی ایک قسم کی غذا ہے لیکن اُس کی اہمیت کے لحاظ سے اس کا ذکر جدا گانہ کیا جاتا ہے۔

(۱) روٹی رکاب خانے میں تیار ہوتی ہے۔ (سب سے اعلیٰ کلاں قسم روٹی کی تنوری ہے) دس سیر میدے میں پانچ سیر گائے کا دودھ ڈیڑھ سیر روغن زرد اور پاؤ سیر نمک ملا کر بناتے ہیں۔ بعض اوقات اسی وزن سے کئی چھوٹی روٹیاں تیار کر لیتے ہیں۔

(۲) تنک تابگی۔ ایک سیر میدے کی پندرہ اور کبھی اس سے بھی زیادہ طرح طرح کی تیار ہوتی ہیں۔

(۳) تیسری قسم روٹی کی چپاتی ہے۔ اکثر لوگ خشکی سے چپاتیاں پکاتے ہیں یہ گرم گرم دسترخوان پر لائی جاتی اور نہایت شوق سے کھائی جاتی ہیں۔ خاصے کی چپاتیوں کے لئے ایک من گیہوں سے بیس سیر آٹا تیار کیا جاتا ہے۔ بعد میں دو سیر ڈلایا اور جریش دیسوسی نکلتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۶)

صوفیانہ

جہاں پناہ آئین حقیقت شناسی سے گوشت کی طرف کم رغبت فرماتے ہیں۔ اکثر گوشت خواری کی نسبت ارشاد ہوتا ہے کہ انسان سے تعجب ہے کہ باوجود اس کے کہ اس کے لیے طرح طرح کی نعمتیں غذا کے لیے موجود ہیں لیکن اس پر بھی وہ اپنی ناعاقبت اندیشی سے بھیڑیا بنکر جانوروں کو آزار پہنچاتا ہے اور بے زبان حیوانات کو ذبح کرتا اور کھاتا ہے۔ حیرت ہے کہ کم آزاری کی خوبیوں کو کوئی نہیں دیکھتا اور ہر شخص کا شکم و معدہ جانوروں کا مقبرہ بنا ہوا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر جہاں پناہ نے پاپ دنیا کو اپنے کاندھے پر نہ رکھا ہوتا تو گوشت خواری سے قطعاً اجتناب کرتے۔ مگر اس عظیم الشان حکمرانی کے باوجود بھی قبلۂ عالم کا ارادہ ہے کہ زمانے کی رفتار و مزاج کے مطابق آہستہ آہستہ اس عادت کو ترک فرما دیں۔

چند روز جہاں پناہ نے یکشنبہ کے دن گوشت کھانا قطعاً بند کر دیا تھا اور اس کے بعد یکشنبہ کو گوشت خواری سے پرہیز فرماتے تھے۔ اس زمانے میں علاوہ ان ایام کے ہر شمسی مہینے کی پہلی تاریخ، ہر مہینے کو چاند گرہن و سورج گرہن کے روز دو روز دنوں کے درمیان والے دن ذیقعدہ، رجب، ماہ تیر کے جشن کے روز تمام ماہ فروردین، و تمام آبان میں جو جہاں پناہ کی ولادت کا مہینا ہے قبلۂ عالم گوشت نہیں تناول فرماتے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جہاں پناہ نے جب ارادہ فرمایا کہ آیان میں اُتنے دن گوشت سے پرہیز فرمائیں جتنے سال عمر گرامی کے شمار ہوں اور ماہ مذکور سالہائے عمر سے کم ہوا تو ماہ آذر کے چند روز بھی صوفیانہ روش اختیار کرنے میں صرف ہونے لگے۔ اب پورا ماہ آذر بھی ایام مذکورۂ صدر کی طرح پرہیزگاری میں گزر جاتا ہے۔ حق شناسی کا غلبہ ہوتا جاتا ہے اور اس صوفیانہ روش میں روز افزوں ترقی ہو رہی ہے اور ہر سال کم از کم پانچ یوم کا مزید اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ جبکہ صوفیانہ ایام میں تداخل واقع ہو جاتا ہے تو ان کا بدل دوسرے مہینوں میں ہو جاتا ہے۔

صوفیانہ اوقات کے ختم ہونے کے بعد سب سے پہلے بادشاہ کے لیئے گوشت کی قاب مریم مکانی کے دولت خانے سے آتی ہے اور اس کے بعد دیگر بیگمات، شہزادوں اور اراکین دربار کو اس عزت کا موقع حاصل ہوتا ہے۔

اس سررشتے میں بھی امراء احدی اور دیگر سپاہ ملازم ہیں۔ پیادوں کو سوسے لے کر چار سو دام تک تنخواہ ملتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۷)

نرخ اجناس

اگرچہ بارش، لشکر کشی وغیرہ مختلف اوقات میں غلّے کے نرخ میں بڑا فرق ہو جاتا ہے لیکن معمولی نرخ اجناس بطور جدول ناظرین کی آگاہی کے لئے مندرج ذیل ہے۔

جدول نرخ اجناس متحقق بیعی

نام	اعراب	قیمت	تطبیق باقیمت حال
گندم گیہوں	۰	فی من دوازدہ دام۔ بارہ دام	۲۶/۲۰ قدرے کم
نخود کابلی چنا	۰	" سولہ دام	۶/۵ "
نخود سیاہ دیسی چنا	۰	" آٹھ دام	۳/۳ سیر
عدس مسور	۰	" بارہ دام	۴/۱۰ پائی تک
جَو جَو	۰	" آٹھ دام	۳/۳ پائی کم
ارزن باجرہ	۰	" چھ دام	۲/۵ پائی کم
کتاں السی	۰	" دس دام	۴/

Academy of the Punjab in North America. http://www.apnaorg.com

نام	اعراب	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
تخم معصفر کرڑا	۔	فی من ۔ آٹھ دام	۳ ر ۲ پائی ک
شلمیت تیمی	۔	״ دس دام	
منگ مٹر	۔	״ چھ دام	۲ ر ۵ پائی کم
سرشف سرسوں	۔	״ بارہ دام	۴ ر ۱۰ پائی ک
کبود کاہو	۔	״ سات دام	۲ ر ۱۰ پائی ک

جدول نرخ اجناس خریفی

نام	اعراب	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
			״ ۴۹
شالی شکیس دھان	۔	فی من ایک سو دس دام	عال ۱۲ ر
شالی ساد ״		״ سو دام	عال ۸ ر
برنج سلہ دار	ضمہ سین وسکون لام وفتحہ ہائے خفی	״ نود دام	عال ۴ ر
	وفتحہ دال وال والف وسکون سین		
برنج دوشپرساد	ضمہ دال وسکون واو وفتح نون	״ نود دام	عال ۴ ر
	وہائے مکتوب وفتح پائے فارسی		
	وسکون راو سین مہملہ والف ودال		
برنج سام نیرہ	بسین والف وسکون میم وکسر رائے منقوطہ	״ نود دام	عال ۴ ر
	وسکون یائے تحتانی وفتح رائے مکتوب		
برنج شکر چینی	بفتح شین منقوطہ وکاف وسکون راو	״ نود دام	عال ۴ ر
	کسر جیم فارسی وسکون یائے تحتانی		
	وکسر نون وسکون یائے تحتانی		
برنج دیوزیرہ	بکسر جیم وسکون واو وکسر زائے منقوطہ	نود دام	۴ ر عال
برنج جنجن	وسکون دال وسکون یائے تحتانی ودال	״ اسی دام	عال
	مکسور وسکون یائے تحتانی ونون		
	بکسر جیم وسکون نون وکسر جیم وسکون نون		

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	اعراب	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
برنج دیکھر	بکسر دال ہندی و ہائے مجہول و فتح کاف و سکون را	״ پچاس دام	۳۲/۴۵۰
برنج زرہی	بکسر زائے منقوطہ و سکون را و کسر ہا و سکون یائے تحتانی	״ چالیس دام	۱۰۰
برنج ساٹھی	بسین و الف و کسر تائے فوقانی ہندی و ہائے خفی و سکون یائے تحتانی	״ آٹھ دام	۳/۳ پائی ک
مونگ	بضم میم و سکون واؤ و نون خفی و سکون کاف فارسی	״ اٹھارہ دام	۳/۷ پائی ک
ماش	״	״ سولہ دام	۳/۶ پائی ک
موٹھ	بضم مجہول میم و سکون و واؤ تائے فوقانی ہندی و ہائے خفی	״ بارہ دام	۴/۱۰ پائی ک
کنجد سفید	سفید تل	״ بیس دام	۸/۰
کنجد سیاہ	سیاہ تل	״ اٹھائیس دام	۷/۷ پائی ب
جواری	بضم جیم و واؤ و الف و کسر را و سکون یائے تحتانی	״ دس دام	۴/۰
کھڈرہ	بفتح لام و سکون ہا و فتح دال ہندی و را و ہائے مکتوب	״ آٹھ دام	۳/۳ پائی ک
لوبیا	״	״ بارہ دام	۴/۱۰ پائی ک
کودرم	بضم مجہول کاف و سکون واؤ و دال و فتح را و سکون میم	״ سات دام	۲/۱۰ پائی ک
کوری	بضم کاف و سکون واؤ و کسر را و سکون یائے تحتانی	״ ״	۲/۱۰ پائی ک

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	اعراب	قیمت	بلحاظ تطبیق باقیمت حال
سانونک (سانواں)	بسین والف ونون خفی وفتح واؤ ونون خفی وسکون کاف	فی من ۔ چھ دام	۲/۵ پائی ک
کنگنی	بفتح کاف وسکون نون وضم کاف فارسی وکسر نون وسکون یائے تحتانی	؍؍ آٹھ دام	۳/۳ پائی کم
چینہ	بکسر جیم فارسی وسکون یائے تحتانی وفتح نون ویائے مکتوب	؍؍ آٹھ دام	۳/۳ پائی کم

جدول سبزی

نام	اعراب	موسم	قیمت	بلحاظ تطبیق باقیمت حال
سوہ	بضمّ سین وسکون واو ودیگر ہائے مکتوب	جاڑا	فی من دس دام	۲۶/۴
پالک	بریائے فارسی والف وفتح لام وسکون کاف یعنی اسفناخ	؍؍	؍؍ سولہ دام	۶/۵ پائی ک
پودینہ	۔	ہمیشہ	؍؍ چالیس دام	۴۰
پیاز	۔	گرما	؍؍ چھ دام	۲/۵ پائی کم
سیر (لہسن)	۔	؍؍	؍؍ چالیس دام	۴۰
ترب (مولی)	۔	جاڑا	؍؍ ساڑھے آٹھ دام	۸/۲ پائی ب
کرم (کرم کلا)	۔	گرما	فی سیر ایک دام	قدرے کم ۵ پائی ک
کنکچھو	بفتح کاف ونون خفی وفتح کاف وجیم فارسی وہائے خفی وسکون واؤ۔ یہ بھی ایک قسم ساگ کی ہے جو جنگل کشمیر میں پیدا ہوتا ہے۔		چار دام	۱۱/۷ پائی ب

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	اعراب	موسم	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
دنورینو (یعنی گل جوز)	بضمّ دال و نون خفی و سکون واو و کسر مجہول را و سکون یائے تحتانی و ضمّ تائے فوقانی و سکون واو		فی سیر دو دام	
شقاقل			" تین دام	
شگوفۂ کچنار (بہاری)	بفتح کاف و سکون جیم فارسی و نون و الف و سکون را۔		" نیم دام	
چوکا	بضمّ جیم فارسی و سکون واو و کاف و الف		" چہار "	
تیھوہ	بفتح با و سکون تائے فوقانی و ہائے خفی و فتح واو و ہائے مکتوب		" ربع دام	
رتسکا	بفتح را و سکون تائے فوقانی و فتح سین و کاف و الف		" ایک دام	
چولائی	بفتح جیم فارسی و سکون واو و لام و الف و کسر یائے تحتانی و سکون میم		" "	

جدول اقسام دال

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
دال مونگ	فی من اٹھارہ دام	۲۶ روپے شمار
دال نخود (چنے کی دال)	" ساڑھے سولہ دام	۷ سیر ۷ پائی
دال مسور	" بارہ دام	۴ سیر ۱۰ پائی ک
دال موٹھ	" بارہ دام	۴ سیر ۱۰ پائی ک

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جدول اقسام آٹا

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق با قیمت حال
میدہ	فی من بیس دام	۲۶ ؍؍؍ ۸ ؍ ۱۰ پائی
خشکہ	؍؍ پندرہ دام	۶ ؍
بیسن	؍؍ پائیس دام	۸ ؍ ۱۰ پائی ک
جو کا آٹا	؍؍ گیارہ دام	۴ ؍ ۵ پائی ک

جدول جاندار گوشت

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق با قیمت حال
گوسفند دانشمندی	ساڑھے چھ روپے	۷ ؍ ۸
گوسفند افغانی	دو روپے	عدد
گوسفند افغانی درجۂ دوم	ڈیڑھ روپیہ	عدد ۸ ؍
گوسفند افغانی درجۂ سوم	سوا روپیہ	عدد ۴ ؍
گوسفند کشمیری	ڈیڑھ روپیہ	عدد ۸ ؍
گوسفند بربری	ایک روپیہ	عدد
گوسفند بربری درجہ دوم	پون روپیہ	۱۲ ؍
گوسفند ہندی	ڈیڑھ روپیہ	عدد ۸ ؍
گوشت گوسفند	فی من پینسٹھ دام	۲۶ ؍؍؍
گوشت بز	؍؍ چون دام	عدد ۱۰ ؍ ۵ ؍ ۷ پائی ک
قاز (یک)	بیس دام	۸ ؍
بط (یک)	ایک روپیہ	عدد

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	قیمت	ملحقہ تلبیق یا قیمت حال
تعذری (یک)	بیس دام	۸/
کلنگ ″	بیس دام	۸/
چیزر ″	اٹھارہ دام	۹/۲ پائی ب
تراج ″	تین دام	۱/۳ پائی گ
کبک ″	بیس دام	۸/
پودنہ ″	ایک دام	۵ پائی گ
لوہ ″	ایک دام	۵ پائی گ
کروانک ″	بیس دام	۸/
فاختہ ″	چار دام	۱/۷ پائی ب

جدول گھی وغیرہ

نام	قیمت	ملحقہ تلبیق یا قیمت حال
گھی	فی من ایک سو پانچ دام	۲۶/
روغن (تیل)	″ اسّی دام	۱۰/
دودھ	″ پچیس دام	۱/
دہی	″ اٹھارہ دام	۲ پائی ب

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جدول شیرینی

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
نبات	فی سیر چھ دام	۲ ر ۵ پائی ک
قند سفید	ر ساڑھے پانچ دام	۲ ر ۲ پائی ک
شکر سفید	فی من ایک سو اٹھائیس دام	۲۶ روپیہ ۳ ر ۳ پائی
شکر سرخ	ر چھپن دام	۱۴ ر ۶ ر ۵ پائی ک

جدول مصالحۂ طعام

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
زعفران	فی سیر چار سو دام	۲۰ ر ک ۴
لونگ	ر ساٹھ دام	۸ ر ۴
الائچی	ر بارہ دام	۴ ر ۱۰ پائی ک
فلفل گرد (سیاہ مرچ) درجۂ دوم	ر سترہ دام	۶ ر ۱۰ پائی ک
فلفل دراز (سیاہ مرچ) درجۂ اوّل	ر سولہ دام	۶ ر ۵ پائی ک
زنجبیل خشک (سونٹھ)	ر چار دام	۱ ر ۸ پائی کم
زنجبیل تر (ادرک)	ر ایک دام	۱ ر ب
زیرہ	ر دو دام	۱۰ پائی ک
اجوائن	ر دو دام	۱۰ پائی ک
زرد چوبہ	ر دو دام	۱۰ پائی ک
کشنیز	ر تین دام	۱ ر ۳ پائی ک
سیاہ دانہ (کلونجی)	ر ڈیڑھ دام	۷ ۰ پائی ک

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	قیمت	ماخذ تطبیق با قیمت حال
انگزہ (ہینگ)	فی سیر دو دام	۴
بادیان	〃 ایک دام	۵ پائی ک
دارچینی	〃 چالیس دام	عسم
نمک	فی من سولہ دام	۲۶ ... شاہی ۲ ر ۵ پائی ک

جدول ترشی

نام	قیمت	ماخذ تطبیق با قیمت حال
ترشی لیمو	فی سیر چھ دام	۰ ر ۱ ر ک ۲ ر ۵ پائی ک
آب لیمو	〃 پانچ دام	۲ ر
سرکہ انگوری	〃 پانچ دام	۲ ر
سرکہ شکر	〃 ایک دام	۵ پائی ک
آچار اشترغار	〃 آٹھ دام	۳ ر ۳ پائی ک
آچار انبہ در تیل	〃 دو دام	۱۰ پائی ک
انبہ در سرکہ	〃 دو دام	۱۰ پائی ک
لیمو در تیل	〃 دو دام	۱۰ پائی ک
لیمو در سرکہ	〃 دو دام	۱۰ پائی ک
لیمو در آب نمک	〃 ڈیڑھ دام	۷ ۰ پائی ک
لیمو در آب لیمو	〃 تین دام	۱ ر ۳ پائی ک
آچار ادرک	〃 ڈھائی دام	۱ ر ۰
ادرک شاخ	〃 ڈھائی دام	۱ ر
شلجم در سرکہ	〃 ایک دام	۸ پائی ک

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق با قیمت حال
آچار زردک	فی سیر آدھا دام	۰۲ پائی ک
آچار بانس	" چار دام	۱ر۸ پائی ک
آچار سیب	" آٹھ دام	۳ر۳ پائی کم
آچار بہی	" نو دام	۳ر۷ پائی ب
آچار بادنجان	" ایک دام	۵ پائی ک
آچار کشمش و منقی	" آٹھ دام	۳ر۳ سر ک
آچار کچنار	" دو دام	۱۰ پائی ک
آچار شفتالو	" ایک دام	۵ پائی ک
آچار گل کرپل	" آدھا دام	۰۲ پائی ک
آچار سورن	" آدھا دام	۰۲ پائی ک
آچار سرشف (سرسول)	" ایک دام	۵ پائی ک
آچار توری	" چوتھائی دام	۱ پائی ک
آچار سہجنہ	" ایک دام	۵ پائی ک
آچار خیار	" آدھا دام	۰۲ پائی ک
آچار بادرنگ	" آدھا دام	۰۲ پائی ک
آچار کچالو	آدھا دام	۰۲ پائی ک
آچار ترب	آدھا دام	۰۲ پائی ک

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۸)

میوہ خانہ

جہاں پناہ میوے کو خدا کی بہت بڑی نعمت تصوّر فرماتے ہیں اور اس پر بادشاہ کی خاص توجہ ہے۔ ایران و توران کے ہوشیار کارگزاروں نے ہندوستان میں سکونت اختیار کی اور میوے کی کشتکاری و خرید و فروخت کا بازار گرم ہوا۔ بہترین خربزے اور انگور کثرت سے پیدا ہونے لگے۔ اسی طرح تربوز، شفتالو، بادام، پستہ، انار وغیرہ عمدہ و شیریں پھل ہندوستان میں پیدا ہونے لگے۔ جس زمانے سے کہ کابل، قندھار و کشمیر بھی ممالک محروسہ میں داخل ہو گئے بوجھ کے بوجھ میووں کے ہندوستان میں آنے لگے اور ان پھلوں کی اتنی کثرت ہوئی کہ تمام سال میوہ فروشوں کے مکانات معمور رہتے ہیں اور بازار میں انبار کے انبار میووں کے ہر وقت نظر آتے ہیں۔

ہندوستان میں خربزے کی فصل کا فروردین سے آغاز ہوتا ہے اور اردیبہشت میں کثرت ہوتی ہے۔ یہ میوہ نازک، خستہ اور خوشبودار ہوتا ہے خاصکر جو اقسام کہ ناسپاتی، بابا شیخی، علی شیری، راتھو برگ نے اور دو دیہ اغ کے نام سے مشہور ہیں ان میں یہ صفات کامل طور پر پائے جاتے ہیں۔

شہریور کے آغاز میں کشمیری خربزے ہندوستان میں آ جاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کشمیری خربزوں کی فصل ختم نہیں ہونے پاتی کہ کابلی خربزوں کی درآمد شروع ہو جاتی ہے۔ ماہ آذر میں کاروان کے ذریعے سے بدخشان سے خربزے آتے ہیں اور درآمد کا سلسلہ دے تک جاری رہتا ہے جس زمانے میں کہ یہ پھل زابلستان میں پیدا ہوتا ہے اسی موسم میں پنجاب میں بھی بکثرت اور بہترین قسم کا پایا جاتا ہے۔ بھکر اور اس کے نواح میں سوا چلّے کے جاڑوں کے ہر موسم میں پیدا ہوتا ہے۔

خوردادسے امرداد تک قسم قسم کے انگور پھیلتے ہیں۔ شہر لور میں یہ میوہ کشمیر سے آتا ہے اور اس قدر کثرت ہوتی ہے کہ بازاروں میں انگور کے انبار نظر آتے ہیں کشمیر میں انگور ایک دام کو آٹھ سیر فروخت ہوتا ہے۔ دو روپے فی من کرائے میں صرف ہوتے ہیں کشمیر کے باشندے اس میوے کو مخروطی ٹوکروں میں اپنی پیٹھ پر لاد کر لے آتے ہیں جو بیحد عجیب معلوم ہوتا ہے۔ مہر سے اردی بہشت تک میوہ کابل سے آتا ہے۔

ان کے علاوہ کیلاس جن کو جہاں پناہ شاہ آلو کے نام سے یاد فرماتے ہیں۔ انار بیدانہ، سیب، ناسپاتی، بہی، امرود، شفتالو، زرد آلو، گردو، آلوچہ وغیرہ مختلف میوے دیگر ممالک سے لائے جاتے ہیں اور ہندوستان میں بھی پیدا ہوتے ہیں۔

خربزہ، سیب و ناسپاتی سمرقند سے بھی ہندوستان میں لاتے اور فروخت کرتے ہیں۔

جہاں پناہ جب شربت کی طرف توجہ فرماتے ہیں تو یا افیون و کوکنار نوش فرماتے ہیں (جس کو قبلہ عالم سبزی کہتے ہیں) تو ملازمین ان کو خوانچوں میں بھر کر حضور میں پیش کرتے ہیں۔ جہاں پناہ قدرے خود تناول فرماتے ہیں اور بقیہ حاضرین کو بطور انوش تقسیم کر دیا جاتا ہے۔

میوہ جات پر ان کی عمدگی کے لحاظ سے مختلف امتیازی نشان لگا دیئے جاتے ہیں جس سے پھلوں کے اعلیٰ و ادنیٰ ہونے کا پتہ آسانی سے ہو جاتا ہے۔ بہترین قسم کے خربزے کے سر پر ایک [illegible]

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کھینچ دیا جاتا ہے اور جتنی بھی اس میوے کی عمدگی میں فرق آتا جاتا ہے اسی تعداد سے خطوں میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔

اس سررشتہ میں منصبدار احدی اور دیگر اہل خوض ملازم اب پیادوں کی ہوار سے دام سے ایک سو چالیس دام تک مقرر ہے میووں کے نام مع اعراب اور اُن کے اقسام و موسم و پیدائش تاظرین کی آگاہی کے لئے ذیل کی جدول میں مندرج ہیں۔

جدول میوۂ تورانی وغیرہ

نام	قیمت	لحاظ تطبیق با قیمت حال
خربزہ ارہنگ اوّل	ایک ۔ ڈھائی روپیہ	۸ر۲
" دوم و سوم	" ۔ سے ۔ تک	۴ر۱ تا ۸ر۱
" کابلی اوّل	" ایک سے ڈیڑھ تک	۴ر۱ تا ۸ر۱
" کابلی دوم	" پون روپے سے ایک روپے تک	۱۲ر تا ۴ر
" کابلی سوم	" نصف روپے سے بارہ آنے تک	۸ر تا ۱۲ر
سیب سمرقندی	سات سے پندرہ تک ایک روپیہ میں	۱۵ تا ۲۰
بہی۔	دس سے تیس تک ایک روپیہ	۱۰ر تا ۳۰ تک ۴
امرود	دس سے سو تک ایک روپیہ	۱۰ر تا ۱۰۰ تک ۴
انار	فی من ساڑھے چھ روپے سے پندرہ تک	۲۶ تا ۶۰
سیب کابلی و فرنگی	پانچ سے دس تک ۴	۱۰۶۵ ۴
انگور کشمیری	فی من ایک سو آٹھ دام	۱۲ تا ۲۶
خربزہ	فی سیر دس دام	۳ر۵ پائی
کشمش	فی سیر نود دام	۴ر تا ۴ر
آبجوش	" تو دام	۳ر۸ پائی
جوز	" ساڑھے چار دام	۱ر۱۰ پائی

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق با قیمت حال
بادام	فی سیر گیارہ دام	۳ ر ۵ پائی ک
مغز بادام	" اٹھائیس دام	۱۱ ر ۳ پائی ک
پستہ	" نو دام	۳ ر ۱ پائی ب
سنجد	" ساڑھے چھ دام	۲ ر ۷ پائی ک
چلغوزہ	" آٹھ دام	۳ ر ۳ پائی ک
مغز پستہ	" ساڑھے چھ دام	۲ ر ۷ پائی ک
جوز مغز		
فندق	" تین دام	۱ ر ۳ پائی ک
کردگاں (اخروٹ)	" ڈھائی دام	۱ ر ب
آلو بخارا	" آٹھ دام	۳ ر ۳ پائی ک
خوبانی	" آٹھ دام	۳ ر ۳ پائی ک
سویز قندھاری	" سات دام	۲ ر ۱۰ پائی ک
انجیر	" سات دام	۲ ر ۱۰ پائی ک
منقی	" پونے سات دام	۲ ر ۱۰ پائی ک
عناب	" ساڑھے تین دام	۱ ر ۵ پائی ک

جدول میوہ شیریں ہندی

نام	اعراب	موسم	قیمت	ملحقہ تطبیق با قیمت حال
آنبہ	بہمزہ و الف و نون ساکن و باء	برسات	۱۰۰ سو پچیس دام	۱۰۰ ر ۱۰۰ ر ۱۰۰
اناس	بفتح ہمزہ و ضم نون و الف و سکون سین	ہاڑ	۱ چار دام	ایک ر ۱۰۰ ر ۱۰۰ پائی ک
امرود	بفتح کاف و نون ساکن و سکون راء و ضم میم	"	۲ دو دام	۲ ر ۱۰۰ ر ۱۰۰ پائی ک

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	اعراب	موسم	قیمت	ملحقہ تطبیق یا قیمت حال
اوکھ (نیشکر)	بضم ہمزہ وسکون واؤ وکاف ولام خفی	جاڑا	دو - ایک دام	دو - ۵ پائی ک
کٹھل	بفتح کاف وتائے فوقانی ہندی وہائے خفی وسکون لام۔	گرما	دو - ایک دام	دو - ۵ پائی ک
کیلا	بکسر مجہول کاف وسکون یائے تحتانی ولام والف۔	برسات	دو - ایک دام	دو - ۵ پائی ک
بیر	بکسر مجہول با وسکون یائے تحتانی وراء۔	جاڑا	فی سیر - دو دام	۰ - ۱ پائی ک
انار	.....	برسات	دو - ایک دام	۲ عدد - ۱ پائی ک
انبرت پھل	بفتح ہمزہ ونون خفی وسکون با وکسر راء وسکونِ تائے فوقانی وفتح بائے فارسی وہائے خفی وسکون لام۔	برسات	دو - ایک دام	۲ عدد - ۱ پائی ک
انجیر	.....	گرما	فی سیر - ایک دام	۰ - ۱ پائی ک
توت	.....	بہاری	فی سیر - دو دام	۰ - ۱ پائی ک
سدا پھل	بفتح سین ودال والف وفتح بائے فارسی وہائے خفی وسکون لام۔	ہمیشہ	ایک - ایک دام	ایک - ۵ پائی ک
کھجور	بفتح کاف وہائے خفی وضم جیم وسکون واؤ وراء۔	برسات	فی سیر - دو دام	۰ - ۱ پائی ک
خربزہ	.....	گرما	فی من چالیس دام	۲۶ - ۱ پائی ک
تربز	.....	آخر برسات	ایک - دو دام	ایک - ۱ پائی ک
کھرنی	بکسر کاف فارسی وہائے خفی وسکون را وکسر نون وسکون یائے تحتانی۔	برسات	فی سیر - چار دام	۰ - ۱ پائی ک
مہوا	بفتح میم وہائے خفی وتشدید واؤ والف۔	گرما	فی سیر - ایک دام	۰ - ۵ پائی ک
ڈیپھل	بکسر مجہول ودال ہندی وسکون یائے تحتانی وفتح بائے فارسی وہائے خفی وسکون لام۔	جاڑا	فی سیر - چار دام	۰ - ۱ پائی ک
اوسیرا	بضم ہمزہ وسکون واؤ وکسر سین وسکون یائے تحتانی وراء والف	جاڑا		

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	اعراب	موسم	قیمت	ملحقہ تطبیق با قیمت حال
تیندو	بکسر مجہول تائے فوقانی وسکون یائے تحتانی ونون خفی وضم دال وسکون واؤ۔	گرما	فی سیر۔ دو دام	۰ ر رکہ ۔ ۱۰ پائی ک
انگوہل	بفتح ہمزہ ونون خفی وضم کاف فارسی وسکون واؤ وکسر ہا وسکون لام۔	۰	۰	۰
ڈیلا	بکسر مجہول دال ہندی وسکون یائے تحتانی ولام والف۔	برسات	فی سیر۔ ایک دام	۰ ر رکہ ۔ ۵ پائی ک
گولہ	بضم کاف فارسی وسکون واؤ وفتح لام وہائے مکتوب۔	برسات	۰	۰
بیولسری	بضم مجہول باء وہائے خفی وسکون واؤ ولام وکسر سین وراء ویائے تحتانی۔	جاڑا	فی سیر۔ چار دام	۰ ر رکہ ۔ ۱۲ پائی ک
ترکل تاڑ	بضم تائے فوقانی وسکون راء وضم کاف وسکون لام۔	گرما	ر ر ۔ دو دام	۲۔ عدد ۵ پائی ک
پنیالہ	بفتح بائے فارسی وسکون نون ویائے تحتانی والف وفتح لام وہائے مکتوب۔	برسات	فی سیر۔ دو دام	۰ ر رکہ ۔ ۱۰ پائی ک
لسوڑہ	بفتح لام وہائے خفی وفتح سین وسکون واؤ وفتح راء وہائے مکتوب۔	گرما	فی سیر۔ ایک دام	۰ ر رکہ ۔ ۵ پائی ک
گنبھی	بضم کاف فارسی وسکون نون وکسر باء وہائے خفی وسکون یائے تحتانی۔	جاڑا	فی سیر۔ چار دام	۰ ر رکہ ۔ ۱۲ پائی ک
کرہری	بفتح کاف وراء وسکون ہا وکسر رائے دوم وسکون یائے تحتانی۔	گرما	فی سیر۔ چار دام	۰ ر رکہ ۔ ۱۲ پائی ک
تنری	بفتح تائے فوقانی وسکون راء وکسر رائے ثانی وسکون یائے تحتانی۔	۰	۰	۰
بنگہ	بفتح باء ونون خفی وفتح کاف فارسی وہائے مکتوب	بہار	فی سیر۔ دو دام	۰ ر رکہ ۔ ۱۰ پائی ک

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	اعراب	موسم	قیمت	ملحوظہ تطبیق باقیمت حال
گولر	بضمّ کاف فارسی وسکون واؤ وفتح لام وسکون راء۔	گرما	فی سیر۔ دو دام	۰ ر رک۔ ۱۰ پائی ک
پیلو	بکسر بائے فارسی وسکون یائے تحتانی وضمّ لام وسکون واؤ۔	گرما	فی سیر۔ دو دام	۰ ر رک۔ ۱۰ پائی ک
بروتہ	بفتح باء راء وسکون واؤ وفتح تائے فوقانی وہائے مکتوبہ۔	برسات	فی سیر۔ چار دام	۰ ر رک۔ ۱ر۸ پائی ک
پیار چرونجی	بکسر بائے فارسی ویائے تحتانی والف وراء۔	برسات	فی سیر۔ چار دام	۰ ر رک۔ ۱ر۸ پائی ک

جدول میوۂ ہندی منجوش

نام	اعراب	موسم	قیمت	ملحوظہ تطبیق باقیمت حال
املی (املی)	بفتح ہمزہ ونون مخفی وکسر باء ولام وسکون یائے تحتانی۔	گرما	فی سیر۔ دو دام	۰ ر رک۔ ۱۰ پائی ک
بڑھل	بفتح باء وسکون راء ہندی وفتح ہا وسکون لام۔	گرما	ایک۔ ایک دام	ایک۔ ۵ پائی ک
کمرک	بفتح کاف وسکون میم وفتح راء وسکون کاف۔	جاڑا	چار۔ ایک دام تک	۴ عدد۔ ۱۰ پائی ک
نارنگی	بنون والف وفتح راء وکسر کاف فارسی وسکون یائے تحتانی۔	جاڑا	دو۔ ایک دام تک	۴ ۱۰ ۵ پائی ک
انگور کوہی	زیادہ تر دامن کوہستان ہند میں پیدا ہوتا ہے۔	گرما	۔	۔
جامن	بجیم والف وفتح میم ونون	برسات	فی سیر۔ ایک دام	۰ ر رک۔ ۵ پائی ک
پھالسہ (فالسہ)	بہائے فارسی ومائے مخفی والف وسکون لام وفتح سین ومائے مکتوبہ۔	گرما	ڈیڑھ دام	۰ ر رک۔ ۷۰ پائی ک

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	اعراب	موسم	قیمت	ملحقہ تطبیق یا قیمت حال
کروندا	بفتح کاف و را و سکون دال و نون خفی و دال والف۔	برسات	فی سیر ایک دام	دو برک ۵ پائی کے
کیت	بفتح کاف و سکون یائے تحتانی و فتح تائے فوقانی۔	برسات	چار ایک دام تک	۲۰ عدد ۵ پائی کے
کانکو	بکاف والف و نون خفی و ضم کاف و سکون واؤ۔	"	"	"
پاکر	بیائے فارسی والف و فتح کاف و سکون را۔	برسات	دو سیر ایک دام	۱۰ عدد ۵ پائی کے
کرنا	بفتح کاف و سکون را و نون والف۔	"	ایک ایک دام	۱۰ عدد ۵ پائی کے
لبھیرا	بفتح لام و با و ہائے خفی و سکون یائے تحتانی و را و الف۔	گرما	"	"

جدول میوۂ ترش ہندی

نام	اعراب	موسم	قیمت	ملحقہ تطبیق یا قیمت حال
لیمو	بکسر مجہول لام و سکون یائے تحتانی و ضم میم و سکون واؤ۔	گرما	چار ایک دام تک	۴ عدد ۵ پائی کے
امل بید	بفتح ہمزہ و میم و سکون لام و کسر مجہول یا و سکون یائے تحتانی و ہائے فوقانی۔	برسات	چار ایک دام تک	۴ عدد ۵ پائی
کلکل	بفتح ہر دو کاف فارسی و سکون ہر دو لام	"	دو ایک دام تک	۲ عدد ۵ پائی کے
کھیپ	بفتح کاف فارسی و ہائے خفی و سکون یائے تحتانی و ہائے فارسی۔	"	"	"
جمبیرا	بکسر یا و فتح جیم و سکون واؤ و را و الف۔	برسات	ایک آٹھ دام	ایک سیر ۳ پائی کے
آنولہ	بہمزہ و الف و نون خفی و سکون واؤ و فتح لام و ہائے مکتوبہ۔	سخرا	فی سیر دو دام	۱۰ برگ ۱ پائی کے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جدول میوۂ تر ہندی

نام	اعراب	موسم	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
کول گٹہ	بفتح کاف و واؤ و سکون لام و فتح کاف فارسی و تائے مشدد فوقانی ہندی و ہائے مکتوب۔	گرما	فی سیر۔ دو دام	۰ ر ک ۔ ۱۰ پائی ک

جدول میوۂ ہندی جو بعد پکانے کے کھایا جاتا ہے

نام	اعراب	موسم	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
پلول	بفتح بائے فارسی و سکون لام و فتح واؤ و سکون لام۔	برسات	فی سیر۔ دو دام	۰ ر ک ۔ ۱۰ پائی ک
کدو	.....	〃	ایک ۔ دو دام	ایک ۔ ۱۰ پائی ک
بادنجان	.....	ہمیشہ	فی سیر۔ ڈیڑھ دام	۰ ر ک ۔ ۷ ۔ پائی ک
ترئی	بضمّ تائے فوقانی و فتح راو کسر یائے تحتانی اوّل و سکون دوم۔	برسات	〃 ڈیڑھ دام	۰ ر ک ۔ ۷ ۔ پائی ک
کندوری	بفتح کاف و نون خفی و ضمّ دال و سکون واؤ و کسر را و سکون یائے تحتانی۔	〃	〃 ڈیڑھ دام	۰ ر ک ۔ ۷ ۔ پائی ک
سینب	بکسر مجہول سین و سکون یائے تحتانی و نون خفی و سکون بائے موحدہ۔	〃	〃 ڈیڑھ دام	۰ ر ک ۔ ۷ ۔ پائی ک
پیٹھہ	بکسر مجہول بائے فارسی و سکون یائے تحتانی و فتح تائے فوقانی ہندی و ہائے مکتوب۔	〃	ایک ۔ آٹھ دام	ایک عدد ۳۰ ۔ ۱ پائی ک
کریلہ	بفتح کاف و کسر را و سکون یائے تحتانی و فتح لام و ہائے مکتوب۔	〃	فی سیر۔ ڈیڑھ دام	۰ ر ک ۔ ۷ ۔ پائی ک

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	اعراب	موسم	قیمت	لحقہ تطبیق باقیمت حال
ککورہ	بفتح کاف اوّل وضمّ کاف دوم وسکون واؤ وفتح راو ہائے مکتوب	برسات	فی سیر ڈیڑھ دام	۰ ورک ۷ پائی کہ
کچالو	بفتح کاف وجیم فارسی و الف وضمّ لام وسکون واؤ۔	〃	〃 دو دام	۰ ورک ۰ اپائی کہ
چچینڈا	بفتح جیم اوّل وکسر دوم وسکون یائے تحتانی ونون خفی ودال ہندی۔	〃	〃 دو دام	۰ ورک ۰ اپائی کہ
سورن	بضمّ سین وسکون واؤ وفتح راوسکون نون۔	گرما	〃 ایک دام	۰ ورک ۵ پائی کہ
گاجر	بکاف فارسی والف وفتح جیم وسکون را۔	جاڑا	〃 ایک دام	۰ ورک ۵ پائی کہ
سنگھاڑا	بکسر سین ونون خفی وکاف فارسی وہائے خفی والف وفتح راو ہائے مکتوب۔	برسات	〃 تین دام	۰ ورک ۱۲ پائی کہ
سالک	بسین والف وفتح لام وسکون کاف۔	جاڑا	〃 دو دام	۰ ورک ۰ اپائی کہ
پنڈالو	بکسر پائے فارسی ونون خفی ودال ہندی والف وضمّ لام وسکون واؤ۔	〃	〃 دو دام	۰ ورک ۰ اپائی کہ
سیالی	بکسر سین ویائے تحتانی والف وکسر لام وسکون یائے تحتانی۔	گرما	۔	۔
کسیرو	بفتح کاف وکسر مجہول سین وسکون یائے تحتانی وضمّ راوسکون واؤ۔	جاڑا	فی سیر تین دام	۰ ورک ۱۲ پائی کہ

ہندوستان کا میوہ ذائقے میں تین قسم کا ہوتا ہے۔ شیریں، ترش اور ترش۔ اور ہر قسم کے بیحد اصناف ہیں۔ اکثر خشک میوے بھی بیحد ذائقہ دار ہوتے ہیں اور بعض ان میں آگ پر پکا کر کھائے جاتے ہیں۔ ان میں سے بعض کے نام اور بعض کے مختصر حالات ذیل میں لکھے جاتے ہیں۔

(۱) آم۔ اس پھل کو فارسی میں نغزک کہتے ہیں جیسا کہ امیر خسرو دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اپنی ایک نظم میں لکھا ہے۔ یہ میوہ خوشبو و رنگ اور ذائقے میں بے مثل ہے۔ بعض مشکل پسند ایرانی و تورانی اس پھل کو خربزہ و انگور سے بہتر سمجھتے ہیں۔ آم جسمیت کے لحاظ سے زرد آلو، بہی، ناشپاتی اور خربزے کے برابر ہوتا ہے۔ وزن میں ایک سیر بلکہ اس سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔ یہ میوہ رنگ میں زرد، سبز و سرخ ہوتا ہے۔ اس کا درخت بیحد خوشنما ہوتا ہے۔ خاصکر جوان پودا بے انتہا خوبصورت ہوتا ہے۔ یہ درخت قد میں چار مغز سے کچھ بلند ہوتا ہے اور اُس کے پتے برگ بید کی مانند ہوتے ہیں۔ خزاں کی پت جھڑ کے بعد نئے پتے سبز، زرد و نارنجی اور آتشی نمودار ہوتے ہیں اور بہار کے شروع میں کلیاں پھوٹتی ہیں اور پھل خوشہ ہائے انگور کی طرح لگتے ہیں۔ اس کی خوشبو نہایت عمدہ ہوتی ہے اور اُس کے درختوں کی قطار عجب بہار دکھاتی ہے۔

ڈالیوں میں جب پھل لگتے ہیں تو آغاز بار آوری سے ایک ماہ کے بعد پھلوں میں ترشی پیدا ہوتی ہے۔ ان پھلوں سے مربے و آچار بناتے ہیں۔ اسی وجہ سے یہ پھل سالن میں بھی ڈالا جاتا ہے جس کی وجہ سے تلیے میں لذت پیدا ہوتی ہے۔ مگر اس کام میں اُس وقت تک استعمال کیا جاتا ہے جب تک کہ اُس کی گٹھلی میں سختی نہیں پیدا ہوتی۔ اگر اس پھل کو اُس وقت کوئی مضرت پہنچتی ہے جب کہ یہ شاخوں میں لگا ہوتا ہے تو عجیب عمدہ خوشبو پیدا ہوتی ہے۔ ایسے آموں کو کویا اس کہتے ہیں۔ اکثر اس پھل کو خامی کی حالت میں توڑ لیتے ہیں اور اس کی پال ڈال لیتے ہیں جس سے بعد میوہ بیحد خوش ذائقہ ہو جاتا ہے۔

اکثر درخت کے پھل گرمیوں میں پکنا شروع ہوتے ہیں اور بارش کے زمانے میں کھانے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ بعض میں پختگی بارش میں شروع ہوتی ہے اور آغاز سرما میں کھائے جاتے ہیں۔ ان آموں کو بھدیہ کہتے ہیں۔ چند درخت ایسے بھی ہوتے ہیں جو تمام سال بار آور ہوتے ہیں لیکن یہ شاذ و نادر کہیں کہیں پائے جاتے ہیں۔ بعض درخت ایسے بھی ہیں جن کے پھل بظاہر خام معلوم ہوتے ہیں لیکن حقیقت میں اُن میں پختگی شروع ہو جاتی ہے۔ ان پھلوں کو جلد توڑ لیتے ہیں ورنہ اگر کچھ تاخیر ہوئی تو شیرینی کی زیادتی سے ان میں کیڑے پڑ جاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آم ہندوستان میں ہر جگہ پایا جاتا ہے لیکن خاصکر بنگال، گجرات، مالوہ، خاندیس اور دکن میں بکثرت پیدا ہوتا ہے اور پنجاب میں نسبت دیگر مقامات کے کم ہوتا ہے۔ جہاں پناہ نے لاہور کو تختگاہ مقرر فرما کر پنجاب کو بھی اس میوے سے فیضیاب فرما دیا ہے۔

آم کا پودا چار سال میں پھل دیتا ہے۔ اکثر لوگ اس پودے کو دودھ اور شکر سے سینچتے ہیں جس کی وجہ سے پھل کی شیرینی میں اور زیادہ اضافہ ہو جاتا ہے۔ آم کی خاصیت ہے کہ ایک سال زیادہ پھولتا ہے اور دوسرے سال کم۔ بعض اقسام ایسے ہیں جو ایک سال پھل دیتے ہیں اور دوسرے سال بالکل نہیں پھلتے۔ بعض لوگ آم کو شکم سیر ہو کر کھاتے ہیں اور اس کے بعد آم کے خستے کو دودھ میں ملا کر پی جاتے ہیں جس سے آم جلد ہضم ہو جاتا ہے۔ اس کی خستہ گٹھلی چوپرانی ہو جاتی ہے بیحد ذائقہ دار و مینوش ہوتی ہے اور دو یا تین سال کے بعد تریاق کا کام دیتی ہے۔ اگر آم کو نیم پختہ مع اس کی شاخ کے جو طول میں دو انگل ہو توڑ لیا جائے اور شاخ کے سرے پر گرم موم لگا کر اس کو نگائے کے گھی یا شہد میں ڈال دیں تو آم کے ذائقے میں دو یا تین ماہ اور اس کے رنگ میں ایک سال تک کوئی تغیّر واقع نہیں ہوتا۔

(۲) انناس۔ اس کو کٹھل سفری بھی کہتے ہیں۔ تعجب یہ ہے کہ بعض اشخاص اس کے درخت کو گملوں میں لگا کر سفر میں اپنے ہمراہ رکھتے ہیں اور اس حالت میں بھی ان میں پھل لگتے ہیں۔ یہ میوہ رنگ و جسم میں ترنج کے برابر اور مزہ و بو میں آم کے مثل ہوتا ہے۔ اس کا تنہ ایک گز لانبا ہوتا ہے اور اس کے پتے ہاتھ کے شکل کے ہوتے ہیں۔ پتوں کے سرے آری کی طرح دندانہ دار ہوتے ہیں۔ پھل تنے کے آخر میں لگتا ہے اور درخت کی چوٹی پر چند پتے ہوتے ہیں پھل توڑنے کے بعد پتیوں کو بھی توڑ لیتے ہیں اور ہر پتے کو زمین میں علیحدہ بو دیا جاتا ہے جو بڑھ کر صاحب برگ و بار ہوتا ہے۔ یہ پودا صرف ایک مرتبہ پھل دیتا ہے اور وہ بھی ایک سے زیادہ نہیں ہوتا۔

(۳) کنولا۔ یہ میوہ رنگ میں زعفرانی اور بہی کا سا ہوتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

یہ پھل ہندوستان کے بہترین میووں میں شمار کیا جاتا ہے۔ اس کا درخت لیمو کے پودے سے مشابہ ہوتا ہے۔ اس کا پھول ہلکی خوشبو دیتا ہے۔

(۴) اوکھ (گنا) اس کو فارسی میں نیشکر کہتے ہیں۔ اوکھ کی بیشمار قسمیں ہیں۔ اس کی ایک قسم تو اس قدر نازک ہوتی ہے کہ چڑیا کے چونچ مارنے سے اس میں سے رس ٹپکنے لگتا ہے اور اگر ہاتھ سے چھوٹ کر زمین پر گر پڑتی ہے تو خود بخود ٹوٹ جاتی ہے۔

اوکھ یا نرم ہوتی ہے یا سخت۔ گڑ، شکر، قند سفید و مصری ہمیشہ اوکھ سے بنائی جاتی ہیں۔ انھیں چیزوں سے قسم قسم کی مٹھائیاں تیار کرتے ہیں۔ اس کی کشتکاری کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے چند عمدہ نیشکر کو کسی ٹھنڈی جگہ حفاظت سے رکھتے اور روزانہ اُن پر پانی چھڑکتے ہیں۔ جب آفتاب برج دلو میں داخل ہوتا ہے اُن اوکھوں کے ایک ایک بالشت یا اس سے کچھ زائد کے ٹکڑے کاٹ کر ان کو نرم زمین میں بٹھلاتے ہیں اور مٹی سے دبا دیتے ہیں جو ٹکڑا زیادہ سخت ہوتا ہے اس کو اُتنا ہی زیادہ زمین میں گاڑتے ہیں۔ اس کے بعد کھیت کو ہمیشہ سینچتے رہتے ہیں اور اسی طرح سات یا آٹھ ماہ کے بعد درخت تیار ہو جاتا ہے۔ اگرچہ اوکھ سے بھی شراب تیار کرتے ہیں لیکن عمدہ قسم کی شراب قند سیاہ سے بناتے ہیں۔ اس کے تیار کرنے کے مختلف طریقے ہیں۔

ایک طریقہ مندرج ذیل ہے:- ایک من رس میں دس سیر بول کی چھال اور تین گنا پانی ڈالتے ہیں اور اس مرکب کو مٹکوں میں بھر کر زمین کے اندر رکھتے اور گھوڑے کی خشک لید سے منہ کو چاروں طرف ڈھانپ دیتے ہیں۔ سات سے دس روز تک میں رس میں جوش آجاتا ہے۔ اس پختگی کی علامت یہ ہے کہ رس کی شیرینی میں کسیلا پن پیدا ہو جاتا ہے۔ اگر اس کو اور زیادہ تیز کرنا چاہتے ہیں تو اس مرکب میں تھوڑا قند سیاہ اور بسا اوقات چند ادویہ اور عنبر و کافور کے مثل چند خوشبوئیں ڈالتے ہیں۔

بعض عیش پسند اشخاص اس مرکب میں گوشت کی بھی آمیزش کر لیتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America. http://www.apnaorg.com

بعد ازاں اس مرکّب کو کپڑے میں چھان لیتے ہیں تاکہ کوڑے اور میل سے صاف ہو جائے۔ چند اشخاص تو اس مرکّب کو یوں بھی پیتے ہیں لیکن اکثر اشخاص اس کا عرق کھینچتے ہیں۔ عرق کشید کرنے کے مختلف طریقے ہیں۔

مرکّب کو تانبے کی ایک دیگ میں بھر لیتے ہیں۔ دیگ کے وسط میں ایک خالی پیالہ رکھا جاتا ہے۔ اس پیالے کو اس طرح رکھتے ہیں کہ نہ اس کو جنبش ہوتی ہے اور نہ مرکّب اس میں آسکتا ہے۔ دیگ پر ایک الٹا سرپوش رکھ کر جوف پر آٹا لگا دیتے ہیں۔

(۵) کٹھل۔ یہ پھل کیپا (اس کو زمانۂ حال میں پڑنگ کہتے ہیں) کی شکل کا ہوتا ہے سبزی مائل۔ اس کا درخت ایک گز لمبا اور نصف گز چوڑا ہوتا ہے۔ چھوٹا پھل تربز کی مانند ہوتا ہے لیکن پوست خاردار ہوتا ہے۔

پھل کو دو ٹکڑے کرنے سے خوشے نمودار ہو جاتے ہیں۔ خوشوں میں ایک قسم کی چپچپاہٹ ہوتی ہے۔ پھل کھانے میں انگلیاں باہم چپکا دیتی ہیں۔

اس کا درخت چار مغز سے مشابہ لیکن اس سے زیادہ بلند ہوتا ہے۔ اس کی پتیاں بھی چار مغز کی پتیوں سے بڑی ہوتی ہیں۔

اس کے پھول بھی پھل کی طرح خوشبودار ہوتے ہیں۔

پھل کو کچا ہی توڑ لیتے ہیں اور چونے و نمک میں اچار ڈال کر کھا لیتے ہیں۔

(۶) کیلا۔ اس کا درخت نیشکر کی طرح ہوتا ہے۔ پتیاں موٹی تنے سے نرم و باریک پتیاں نمودار ہوتی ہیں۔

اس کی پتیاں نیشکر کی ہوئی آستین کی مانند لیکن اس سے بڑی اور چوڑی ہوتی ہیں۔ کلی پتیوں کے درمیان صنوبری شکل اور سوسنی رنگ کی نمودار ہوتی ہے۔

ہر خوشے میں ستر یا اسّی کیلے پھلتے ہیں۔

پھلیاں شکل میں چھوٹے کھیرے یا ککڑی سے مشابہ ہوتی ہیں۔ ان کا چھلکا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آسانی سے اُتارا جا سکتا ہے۔
گرانی و ثقل کی وجہ سے اس کو کثیر مقدار میں نہیں کھا سکتے۔
یہ پھل کئی قسم کا ہوتا ہے۔ اس کا درخت تنے سے ایک گز چھوڑ کر قلم کر لیا جاتا ہے ورنہ پھل نہیں دیتا۔ عوام کا خیال ہے کہ اس سے کافور پیدا ہوتا ہے۔ لیکن صحیح یہ ہے کہ وہ دوسرا درخت ہے جس کو عائلہ خلائق کیلا خیال کرتی ہے۔
ناواقف اشخاص کا یہ بھی خیال ہے کہ کیلے سے موتی پیدا ہوتا ہے لیکن یہ محض وہم ہے جس میں صداقت کی جھلک تک موجود نہیں ہے۔
(۷) مہوہ۔ اس کا درخت آم کے درخت سے مشابہ ہوتا ہے۔ اس کی لکڑی عمارتوں میں کام آتی ہے اور اس کے پھول سے عرق کھینچتے ہیں جو نشہ انگیز ہوتا ہے۔ میوے کو کلوندہ بھی کہتے ہیں۔
(۸) پھولسری۔ اس کا درخت بڑا اور خوش آیند ہوتا ہے میوے کا رنگ تاریخی ہوتا ہے اور پھل خود عنّاب سے مشابہ ہوتا ہے۔
(۹) ترکل۔ پھل اور درخت ہر دو اعتبار سے ناریل سے مشابہ ہوتا ہے۔
اس کا ڈنٹھل شاخ سے بے برگ نمودار ہوتا ہے، جس کا سرا کاٹ کر اس کو ایک برتن میں باندھ دیتے ہیں، اُس برتن میں شیرہ ٹپکتا ہے۔
ایک روز میں دو یا تین مرتبہ برتن شیرے سے بھر جاتا ہے۔ اس عرق کو تاڑی کہتے ہیں
تازہ شیرہ میٹھا ہوتا ہے۔ اگر تھوڑی دیر رہنے دیں تو شیرہ میخوش ہو کر نشہ پیدا کرتا ہے۔
(۱۰) پلیالہ۔ زردآلو سے مشابہ ہے۔ اس کا درخت لیموں کے درخت کی مانند ہے اور پتیاں بید کی سی ہوتی ہیں۔ پھل ابتداً سبز ہوتا ہے لیکن پختگی کے بعد سرخ ہو جاتا ہے۔
(۱۱) گنبھی۔ اس کا پودا پیاز کا سا ہوتا ہے اور پتیاں اور پھل

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کنار سے مشابہ۔ اس کو جڑ کی تہ سے نکالتے ہیں۔ توری جڑ کے اوپر لپٹ جاتی ہے۔ زیادہ تر کہسار میں پائی جاتی ہے۔ زمین پر بیل کی طرح پھیلتی ہے۔ ایک سال میں ایک من یا اس سے زیادہ پیدا ہوتی ہے چکلی کی طرح چاروں طرف بڑھتی ہے۔ دو سال میں دو من کے قریب پھلتی ہے۔ اسی طرح ہر سال بڑھتی جاتی ہے۔ اس کے پتے برگ تربوز سے مشابہ ہوتے ہیں۔

(۱۲) پیار۔ زیرہ مُنقّیٰ انگور کی مانند ہوتا ہے۔ رنگ جگری ہوتا ہے اور ذائقہ شیریں۔ اس کا مغز خستہ اور روغن دار ہوتا ہے مغز کھایا جاتا ہے جس کو ہندی میں چِرونجی کہتے ہیں۔ اس کا درخت ایک گز تک لانبا ہوتا ہے۔

(۱۳) ناریل جس کو جوز ہندی بھی کہتے ہیں۔ اس کا درخت خرما سے مشابہ اور اُس سے زیادہ بلند ہوتا ہے۔ اس کی لکڑی زیادہ خوش رنگ اور اس کی پتیاں زیادہ بڑی ہوتی ہیں۔ یہ درخت تمام سال پھلتا ہے۔ اس کا پھل تین مہینے میں پختہ ہوتا ہے۔ خام پھل کو جو سبز رنگ کا ہوتا ہے توڑ لیتے ہیں اور قلیل مدت اس کو رکھنے کے بعد اُس سے ایک پیالہ بھر کر ایک قسم کا شربت نکالتے ہیں جو دودھ کی مانند سفید ہوتا ہے۔

شربت بیحد لذیذ ہوتا ہے۔ موسم گرما میں اس میں شکر ملا کر بھی پیتے ہیں۔ پھل پختہ ہونے کے بعد بخود کے سے رنگ کا ہو جاتا ہے اور اس میں شیرہ بندھ جاتا ہے۔

تیل میں ڈالنے سے سیاہ ہو جاتا ہے۔ یہ پھل میٹھا اور چرب دار ہوتا ہے۔ اس کو پان کے ساتھ کھاتے ہیں جس سے زبان میں نرمی و تازگی پیدا ہوتی ہے۔

اس کے پوست سے پیالے، چمچے اور ستار وغیرہ کی تونیاں بناتے ہیں۔

پھل چہار چشمی و سہ چشمی و دو چشمی و یک چشمی ہوتا ہے۔ ہر قسم کے خواص جداگانہ ہوتے ہیں۔ آخری قسم بہتر خیال کی جاتی ہے۔

اس کی ایک قسم زہر کا تریاق سمجھی جاتی ہے۔ پھل بارہ سیر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

یا اس سے زیادہ وزنی ہوتا ہے۔ اس کے درخت کی چھال سے رسّی اور بڑے جہازوں کی طنابیں اور رسیاں بناتے ہیں۔

(۱۴) پنڈ کھجور۔ خرما ہے جس کا درخت چھوٹا اور زمین سے پیوستہ ہوتا ہے۔ درخت میں چار یا پانچ سو پھل لگتے ہیں۔

(۱۵) سوپیاری۔ اس کو فارسی میں فوفل کہتے ہیں۔ اس کا درخت خوشنما اور سرو کی مانند بلند و خوبصورت ہوتا ہے۔ تیز ہوا کے جھونکوں سے اس کی شاخیں زمین تک جھک جاتی ہیں اور پھر سیدھی ہو جاتی ہیں۔ اس کی بیشمار قسمیں ہیں۔ خام پھل کا مزہ بادام کا سا ہوتا ہے اور پختہ ہو کر سخت ہو جاتا ہے۔ اس کو پان کے ساتھ کھاتے ہیں۔

(۱۶) سنگھاڑہ۔ پھل سہ گوشہ ہوتا ہے۔ اس کی بیل تالاب میں پیدا ہو کر بڑھتی ہے اور پھل پانی کی سطح پر نمودار ہوتے ہیں۔ یہ پھل خام و بریاں دونوں طریقے پر کھایا جاتا ہے۔

(۱۷) سالک۔ تالابوں میں زمین کے نیچے پیدا ہوتا ہے اور پانی کی تہ سے باہر نکالا جاتا ہے۔

(۱۸) پنڈالو۔ اس کی بیل کو لکڑی پر چڑھاتے ہیں۔ بیل دو گز لانبی ہوتی ہے۔ اس کی پتیاں برگ تنبول سے مشابہ ہوتی ہیں۔ اس کو جڑ سے اکھاڑ لیتے ہیں۔

(۱۹) کسیرو۔ تالابوں میں پیدا ہوتا ہے۔ جب اس میں رس پیدا ہو جاتا ہے تو زمین سے نکالتے ہیں۔ پھل خام اور جوشش دادہ کھایا جاتا ہے۔

(۲۰) سیالی۔ دراز و مخروطی ہوتا ہے۔ اس کا پودا ایک قسم کی بیل ہے۔ پھل بیل کی جڑ میں پیدا ہوتا ہے۔

(۲۱) لیمو۔ بیضۂ مرغ کی مانند ہوتا ہے۔ اس کی ایک قسم کو کاغذی کہتے ہیں۔ اس کے پوست اور مغز کے درمیان ایک نازک و باریک خانے دار سفید جھلی ہوتی ہے۔ تیز اور خوش ذائقہ ہوتا ہے۔ اس کی ایک قسم

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

تمام سال پھلتی ہے۔

(۲۲) **آل بیت**۔ نارنگی کی مانند اور بیحد ترش ہوتی ہے۔ اس کی تیزی کا یہ عالم ہے کہ اگر لوہے کی سوہن اس میں گڑو دی جائے تو قلیل مدت میں پانی ہو جاتی ہے اور سنکھ اس کے عرق میں گل جاتے ہیں۔

(۲۳) **کرنا**۔ سیب سے مشابہ ہوتا ہے۔ تین سال میں اس کے خوشے نکل آتے ہیں۔ ابتدا میں سبز و ترش و تلخی آمیز ہوتا ہے لیکن بعد میں زرد ہو جاتا ہے اور تلخی جاتی رہتی ہے۔ پختہ ہو کر سرخ و شیریں ہوتا ہے۔ دیر تک رکھے رہنے سے دوبارہ سبز ہو جاتا ہے۔ اس کا درخت لیمو کی مانند ہوتا ہے لیکن اس کی پتیاں برگ لیمو سے کچھ زیادہ چوڑی ہوتی ہیں۔ اس کی بیکال خاکی کی طرح نوکدار ہوتی ہے۔ اس کے پھول چہار برگی و سفید ہوتے ہیں۔ پھول میں زرّین ریشے یا دانے بیحد خوشبودار ہوتے ہیں جن سے عبیر تیار کرتے ہیں۔

اس کی مفصّل کیفیت طاقتِ بیان سے باہر ہے اور اسی قدر اجمال پر کفایت کی جاتی ہے۔

(۲۴) **برگ تنبول**۔ یہ ایک قسم کی سبزی ہے لیکن تجربہ کار اشخاص اس کو عمدہ میوہ خیال کرتے ہیں چنانچہ امیر خسرو اس کی تعریف میں فرماتے ہیں۔

مادرہ برگے چو گل بوستاں خوب تریں میوۂ ہندوستاں

اس کے کھانے سے منہ خوشبودار اور محفل معطّر ہو جاتی ہے۔ پان دانت کی جڑوں کو مضبوط کرتا ہے۔ اس کے کھانے سے گرسنہ سیر اور سیر شکم گرسنہ ہو جاتا ہے۔ پان کی بیشمار قسمیں ہیں جن میں سے چند بیان کی جاتی ہیں۔

۱۔ **بلہری**۔ سفید و درخشاں ہوتا ہے۔ یہ زبان کو سخت و کھردرا نہیں کرتا اور مزے میں تمام اقسام سے بہتر ہے۔ اس کو بیل سے توڑ کر ایک ماہ میں سفید کر لیتے ہیں اور اگر کوشش کی جائے تو بیس ہی روز میں سفید ہو جاتا ہے۔

۲۔ **کاکیر**۔ سفید جتی دار ہوتا ہے۔ اس کی رگیں سخت ہوتی ہیں۔ اس کو زیادہ کھانے سے زبان سخت ہو جاتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

۳۔ جگیسوار۔ یہ سفید نہیں ہوتا، لیکن نفع کے لئے اس کو مذکورۂ بالا اقسام میں ملا کر فروخت کرتے ہیں۔

۴۔ کپوری۔ زرد رنگ، سخت و ریشہ دار، لیکن خوش مزہ اور خوشبودار ہوتا ہے۔

۵۔ کپور کانٹ۔ سبز رنگ، زردی مائل ہوتا ہے۔ سیاہ مرچ کی طرح تیز کافور کی طرح خوشبودار ہوتا ہے۔ دس پان سے زیادہ نہیں کھا سکتے۔ یہ صرف بنارس میں پیدا ہوتا ہے بلکہ بنارس کی بھی ہر زمین میں نہیں اگتا۔

۶۔ بنگلہ۔ چوڑا پتہ سخت گرم اور تیز ہوتا ہے۔

پان کے بونے اور اس کی کھیتی کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ نوروز کے آغاز یعنی ماہ چیت میں برگ کرہنج کو چار یا پانچ انگل بیل کو کاٹ کر عمدہ زمین کے اندر لگا دیتے ہیں۔ اس میں پتیاں اور بھنگے پیدا ہوتے ہیں۔ پندرہ یا بیس روز کے بعد اس گرہ سے دوسری بیل اگنا شروع ہوتی ہے۔ اس جدید بیل میں دوسری گرہ پیدا ہوتی ہے اور اس میں پتیاں نکلتی ہیں۔ سات ماہ کامل بیل بڑھتی رہتی ہے۔ اور پتیاں نمودار ہوتی رہتی ہیں۔ اس کے بعد نمایاں ہو جاتی ہے۔ ہر بیل میں تیس پتیوں سے زائد نہیں ہوتے۔

جب بیل بڑھتی ہے تو بانس سے بیل کو سہارا دیتے ہیں تاکہ اوپر کو اٹھی رہے اور باڑی کے چاروں اطراف اور بالائی حصے کو لکڑی اور خس سے بند کر دیتے ہیں اور برگ کو سایے میں پرورش کرتے ہیں۔

کھیت کو سوا موسم برسات کے ہمیشہ سینچتے رہتے ہیں بعض اوقات دودھ، روغن سیسم اور کوفتہ تخم سیسم پودے کے گرد ڈالتے ہیں۔ پتیاں سات قسم کی ہوتی ہیں جن کے نو نام ہیں:۔

(۱) کرہنج۔ اس کو تخم ریزی کے لئے محفوظ رکھتے اور پیڑی کے نام سے بھی یاد کرتے ہیں۔

نئی پتی کو گڈوتہ کہتے ہیں (یہ نمبر ۱ ہی میں شامل ہے)۔

(۲) دوسری قسم کو نوانی کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۳) تیسری کا نام بہتی ہے۔
(۴) چوتھی چھیوں کے نام سے مشہور ہے۔
(۵) پانچویں اوہینڈا کہلاتی ہے۔
(۶) چھٹی کو آگھینہ اور لیوار کہتے ہیں۔
(۷) ساتویں کرہنج کہلاتی ہے۔

سوائے گڈوتہ کے ہر پتی کو ایک ماہ کے بعد بیل سے توڑ کر اس کی پرورش کرتے ہیں۔ اکثر اشخاص آخری قسم کو کھانے کے لئے جدا کر لیتے ہیں اور ایک گروہ اس کو مع بیل کے محفوظ رکھتا ہے تاکہ تخم ریزی کے کام آئے اور اپنی قسم کو بہترین و اعلیٰ خیال کرتی ہے۔

بعض تجربہ کار اشخاص پیڈی کو بہترین قسم شمار کرتے ہیں اور اس کی قیمت گراں مقرر کرتے ہیں۔

گیارہ ہزار پانوں کے گٹھے کو لیاسہ کہتے ہیں اور دو سو پانوں کا منڈا ڈبولی کہلاتا ہے۔

ڈبولیوں ہی سے لیاسہ تیار کرتے ہیں۔

موسم سرما میں چار یا پانچ روز کے بعد پتوں کو نیچے اوپر کرتے اور ہاتھ سے گرد و غبار صاف کرتے ہیں لیکن گرمی کے موسم میں ہر روز یہ عمل کیا جاتا ہے۔

اہل شوق پانچ سے لے کر پچیس یا اس سے بھی زیادہ پانوں کا بیڑہ بناتے ہیں اور طرح طرح سے اُسے آراستہ کرتے ہیں۔ بعض اشخاص ایک برگ پر چونہ اور دوسرے پر کتھا اور سوپاری رکھ کر بیڑہ بناتے ہیں۔

بعض شوقین پان کھانے والے علاوہ چونے اور کتھے کے بیڑے میں کافور اور مشک ڈالتے ہیں۔

بعض اوقات کھلے پانوں کو تھالیوں میں پھیلا کر چنتے ہیں اور پکا کر بھی کھاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۹)

پیدائش طعم

غذا کے اقسام و حالات بیان کرنے کے بعد مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مزے کے بھی مختلف ذائقے کے تغیر و تبدل کا بھی ذکر کر دیا جائے۔

گرمی سے لطیف شے میں تیزی اور کثیف چیز میں تلخی پیدا ہوتی ہے۔ معتدل شے کو گرمی کھارا کر دیتی ہے۔

سردی سے لطیف شے ترش کثیف دہن گیر (کیلی یا ٹھنڈی) اور معتدل کڑوی ہو جاتی ہے۔

سردی اور گرمی کی درمیانی حالت سے لطیف چیز شیریں، کثیف پھیکی اور معتدل میٹھی ہو جاتی ہے۔

مجردات ذائقہ کے مذکورۂ بالا اقسام ہیں لیکن ایک گروہ کا خیال ہے کہ اصل ذائقے کی چار قسمیں ہیں شیریں، تلخ، ترش اور نمکین۔ ان کے مرکبات سے بے شمار ذائقے بنتے ہیں۔ چنانچہ کڑوا بہت اور کسیلے پن سے مرکب کو تلخ ترش کہتے ہیں اور نمکین و تلخی کی آمیزش کا نام شور مزگی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۳۰)

خوشبو خانہ

جہاں پناہ جن کی گرامی ذات بزم سلطنت کی صدر ہے، خوشبو کو بیحد پسند فرماتے اور عزیز رکھتے ہیں قبلۂ عالم بوئے خوش کو خدا کی پرستش کا وسیلہ خیال فرماتے ہیں۔

قبلۂ عالم کی بارگاہ ہمیشہ عنبر و عود و نیز قدیم و جدید خوشبوئیات سے معطر رہتی ہے۔ حضرت شاہ کے حکم سے عود و عنبر و نیز پرانے اور خود حضرت کے ایجاد کردہ خوشبو انگیز مصالحے سونے اور چاندی کی انگیٹھیوں میں سلگائے جاتے اور اُن سے در و دیوار میں دھونی دی جاتی ہے۔

خوشبودار پھول اتنا رکے انبار لائے جاتے ہیں۔ ان پھولوں سے تیل تیّار کیئے جاتے ہیں جو بدن پر ملے اور سر میں ڈالے جاتے ہیں۔

بیشمار دلکش مرکبات تیار کیئے گئے ہیں جن میں سے چند کے رنگ و بو کا ذکر کیا جاتا ہے۔

(۱) سنتوک یہ ڈیڑھ تولہ زیادہ، ایک تولہ چودہ، دو ماشے روغن چنبیلی اور دو تولہ گلاب سے تیّار کیا جاتا ہے۔

(۲) آرگجہ۔ تین پاؤ صندل، دو تولے اگر اور سید تین تولے چودہ،

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ایک ایک تولہ بنفشہ اور گَہپلَہ (ایک قسم کی گھاس) آدھا ماشہ کافور اور گیارہ بوتل گلاب سے بنایا جاتا ہے۔

(۳) **گُلکامَبہ**۔ ایک تولہ عنبر اشہب، نصف تولہ لاون، دو تولے عمدہ مشک، چار تولے عمدہ عود، آٹھ تولے اگر و عبیر کو باریک پیس کر چینی کی رکابیوں میں حفاظت سے رکھتے ہیں اور ایک سیر گلاب کا شیرہ نکال کر ان اشیا میں ملاتے ہیں اور اس کے بعد اس مرکّب کو دھوپ میں خشک کرتے ہیں۔ شام کو مرکب سفوف کو عرق گلاب و عرق بہار میں تر کر کے سنگ سمان میں اس قدر حل کرتے ہیں کہ سفوف خشک ہو جائے۔ دس روز برابر یہی عمل کیا جاتا ہے اور اس کے بعد بہار نارنج کے شیرے میں تر کرتے ہیں۔ یہ عمل بیس روز برابر کیا جاتا ہے۔

اس بیس روز کے دوران میں ریحان سیاہ کا شیرہ بھی جس کو نازبوئے سیاہ کہتے ہیں، ملاتے رہتے ہیں۔ اس مرکّب کا ایک حصّہ آرگجے میں ملایا جاتا ہے۔

(۴) **روح افزا**۔ پانچ سیر عود اور سوا سیر صندل اور تقریباً اسی قدر لاون اور ساڑھے تین تین تولے اگر و لوبان اور دھوپ (ایک جڑ ہے جو کشمیر سے لائی جاتی ہے) اور پچیس تولے بنفشہ اور دس تولے اُشنہ (اس کو ہندی میں چھرِیلہ کہتے ہیں) ان سب اشیا کو باریک پیس کر ان کا قوام کرتے ہیں اور چار بوتل گلاب ملا کر مرکب کی ٹکیاں بناتے ہیں۔ ان ٹکیوں کو انگیٹھی میں سلگاتے ہیں جس سے نہایت عمدہ خوشبو پھیلتی ہے۔

(۵) **اُوبَٹنہ**۔ اس سے ہاتھ دھوتے ہیں جو بہت خوشبودار اور روح افزا ہوتا ہے۔

اس کے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ تین سیر یا اس سے کچھ کم لاون اور ڈیڑھ سیر یا پانچ دام عود اور اسی قدر بہار نارنج اور ڈیڑھ سیر نارنج کا چھلکا اور ایک سیر دس دام صندل اور ایک سیر پانچ دام سنبل الطیب، جس کو ہندی میں چھڑ کہتے ہیں اور اسی قدر اُشنہ اور ساڑھے اڑتیس تولے مشک اور آدھ سیر چار تولے برگ ماچھ اور چھتیس تولے سیب اور گیارہ تولے سعد (موتھا)

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اور پانچ دام بنفشہ اور ایک تولہ دو ماشے دھیوب اور ڈیڑھ تولہ کنکی (ایک قسم کی گھاس) اور اسی قدر زرنباد (کچور) اور ایک تولہ دو ماشے لوبان اور چھ بوتل گلاب اور پانچ بوتل عرق بہار سے تیار ہوتا ہے۔ ان تمام خشک چیزوں کو باریک پیستے ہیں اور بعد کو عرق گلاب میں ڈال کر دھیمی آنچ میں پکاتے ہیں جب تری کم ہو جاتی ہے تو چولھے سے اُتار کر مرکب کو خشک کر لیتے ہیں۔

(۶) عبیر مایہ۔ چار دام عود، صندل دو دام، بیخ بنفشہ ایک دام، چھڑ ساڑھے تین دام، دو آلک تین دام، مشک خطائی چار تولے۔ لاون ڈھائی دام۔ بہار نارنج ساڑھے سات تولے۔

ان تمام چیزوں کو کوٹ اور چھان کر عرق گلاب میں پکاتے اور سایے میں خشک کرتے ہیں۔

(۷) کِشتہ۔ چوبیس تولے عود اور چھ چھ تولے لاون اور لوبان اور چار چار تولے اگر اور دھیوب، دو دو تولے بیخ بنفشہ اور مشک، ایک تولہ اُشنہ۔ ان تمام اشیا کو پچاس تولے مصری اور دو بوتل گلاب میں دھیمی آنچ میں پکاتے اور اُس کی ٹکیاں بناتے ہیں۔

یہ ٹکیاں دھونی دینے کے کام میں آتی ہیں جو جلنے میں بیحد خوشبودار اور عطر افزا ہوتی ہیں۔

(۸) سُجُوت۔ عود اور صندل ایک ایک سیر، پاؤ سیر لاون، دو تولے مشک، پانچ تولے اگر۔ ان چیزوں کو دو سیر مصری اور ایک بوتل گلاب میں میٹھی آنچ میں پکاتے ہیں۔

(۹) فتیلہ۔ پانچ سیر عود، بہتر تولے صندل اور پچیس پچیس تولے اگر و لاون اور اسی قدر بنفشہ، دس تولے لوبان۔ ان تمام چیزوں میں تین تولے مصری ملا کر مرکب کو دو بوتل گلاب سے خمیر کر کے فتیلہ بناتے ہیں۔

(۱۰) بارجات۔ ایک سیر عود، پانچ تولے لاون۔ دو دو تولے مشک اور صندل، ایک تولہ لوبان سب اشیا کو ترکیب دے کر چوسے کی طرح مقطّر کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۱۱) عنبر اکسیر تین پاؤ صندل، چھتیس تولے اگر دو تولے آٹھ ماشے مشک، ان تمام اشیا کو باریک پیس کر سایے میں خشک کرتے اور کام میں لاتے ہیں۔
(۱۲) غسول بیتیس تولے صندل۔ سترہ تولے کنول ایک ایک تولہ مشک اور چودہ اور دو ماشے کافور اور مید کو عرق گلاب میں ملا کر مرکب تیار کرتے ہیں۔

جدول خوشبوئیات

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق با قیمت حال
عنبر اشہب	ایک تولہ۔ ایک مُہر سے تین مُہر تک	لہ تا یہ
زباد	" ڈیڑھ روپے سے ایک مُہر تک	عہ تا لہ
مشک	" ایک روپے سے ساڑھے چار روپے تک	عہ تا لہ
عود ہندی (اگر)	فی سیر۔ دس روپے تا پنج مُہر۔	عہ تا پنج مُہر
چوہ	فی تولہ۔ تین روپے سے پانچ روپے تک	ے تا ہ
کافور (بھیم سینی)	" تین روپے سے ۲ مُہر تک	ے تا مہ
مید	" ایک روپے سے تین روپے تک	عہ تا ے
زعفران	فی سیر۔ بارہ روپے سے بائیس روپے تک	عہ تا عہ
زعفران کمندی	" یک مُہر سے تین مُہر تک	لہ تا مہ
زعفران کشمیری	" آٹھ روپے سے بارہ روپے تک	ے تا عہ
صندل	فی من۔ بتیس روپے سے پچپن روپے تک	عہ تا ہ
نافۂ مشک	فی سیر تین مُہر سے بارہ مُہر تک	مہ تا ے
کلبنک	فی من۔ دس روپے سے چالیس روپے تک	عہ تا لہ
سلارس	فی سیر۔ تین روپے سے پانچ روپے تک	ے تا ہ
عنبر لاون	" ڈیڑھ روپے سے چار روپے تک	عہ تا لہ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	قیمت	تطبیق با قیمت حال
کافور چینیہ	فی سیر۔ ایک روپے سے دو روپے تک	عصم تا عصح
عرق بید مشک	فی شیشہ۔ ایک روپے سے چار روپے تک	عصم تا للہ
" گلاب	" آٹھ آنے سے ایک روپے تک	۸ر تا عصم
" فتنہ	ایک شیشہ۔ ایک روپے سے تین روپے تک	عصم تا ہے
" بہار	فی شیشہ۔ ایک روپے سے پانچ روپے تک	عصم تا ص
" چنبیلی	" دو آنے سے چار آنے تک	۲ر تا ۴ر
بیخ بنفشہ۔ بنفشہ کی جڑ	فی سیر۔ آٹھ آنے سے ایک روپے تک	۸ر تا عصم
اظفار الطیب	" ڈیڑھ روپے سے دو روپے تک	عصم تا عصح
برگ ماج۔ جو گجرات سے لائی جاتی ہے۔	" آٹھ آنے سے ایک روپے تک	۸ر تا عصم
سکندہ کوکلا	" دس روپے سے تیرہ روپے تک	عہ تا عہ
لوبان قسم اوّل	فی تولہ۔ ایک روپے سے تین روپے تک	عصم تا ہے
لوبان قسم دوم	فی سیر۔ ایک روپے دو روپے تک	عصم تا عصح
الک (ہندی چھڑ)	" چار آنے سے آٹھ آنے تک	۴ر تا ۸ر
دو الک (چھڑیلہ)	" تین دام سے چار دام تک	۱ر ۲ پائی ب تا ۱ر ۳ پائی
گیندھلا		
سُعد		
اکنلی		
زرنباد		

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جدول گلہائے خوشبو

نام	اعراب	رنگ	موسم
۱۔ جیسوتی	بکسر سین وسکون یائے تحتانی، واؤ وکسر تائے فوقانی وسکون یائے تحتانی۔	نباتی	ہر وقت پیدا ہوتی ہے لیکن اخیر بارش میں زیادہ
۲۔ چنبیلی	بفتح جیم ونون خفی وکسر مجہول باو سکون یائے تحتانی وکسر لام وسکون یائے تحتانی۔	سفید وزرد وکبود۔	بارش اور شروع سرما میں۔
۳۔ سودائے چنبیلی	بہ را والف وکسر یائے تحتانی وکسر مجہول باو سکون یائے تحتانی ولام۔	سفید قمری	اخیر گرما اور شروع برسات۔
۴۔ سونگرا	بضمّ مجہول میم وسکون واؤ ونون خفی وفتح کاف فارسی وراء والف	سفید	تا بستان
۵۔ چنپہ	بفتح جیم فارسی ونون خفی وفتح یائے فارسی وہائے مکتوب۔	زرد	سال بھر۔ لیکن حوت اور حمل میں زیادہ۔
۶۔ کیتکی	بکسر مجہول کاف وسکون یائے تحتانی وضمّ تائے فوقانی وکسر کاف وسکون یائے تحتانی۔	سفید مائل بہ زردی	گرما
۷۔ کیوڑہ	بکسر کاف مجہول فارسی وسکون یائے تحتانی وفتح واؤ وراء ہندی وہائے مکتوب۔	سفید مائل بہ زردی۔	اسد سے میزان تک
۸۔ چلتہ	بفتح جیم فارسی وسکون لام وفتح تائے فوقانی وہائے مکتوب۔	سفید	جاڑہ
۹۔ گلال	بضمّ کاف فارسی ولام والف وسکون لام۔	״	بہار
۱۰۔ تسبیح گلال	بفتح تائے فوقانی وسکون وکسر باو سکون یائے تحتانی وحائے حطی وضمّ کاف فارسی ولام والف وسکون لام دوم۔	نباتی	بارش
۱۱۔ بکولسری	بضمّ مجہول باو ہائے خفی وسکون واؤ ولام	پتیاں اس کی	گرمی

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	اعراب	رنگ	موسم
	وفتح سین وکسر راء وسکون یائے تحتانی۔	پتیاں اس کی چھوٹی اور سفید ہوتی ہیں۔	گرمی
۱۱۔ سنگارہار	بکسر سین ونون خفی وکاف فارسی والف وسکون راء وفتح ہائے ہوز والف وسکون راء۔	پتی سفید ڈنڈی زرد	گرمی
۱۳۔ کوزہ	بضم کاف وسکون واؤ وفتح زائے منقوطہ وہائے مکتوبہ۔	سفید	بہار
۱۴۔ پاڈل	بہائے فارسی والف وفتح دال ہندی وسکون لام۔	سفید وزرد شکل چنبیلی کی ہوتا ہے	برسات
۱۵۔ جوہی	بضم جیم وسکون واؤ وکسر ہاء وسکون یائے تحتانی۔	نباتی	بہار
۱۶۔ نواری	بکسر نون وواؤ والف وکسر راء وسکون یائے تحتانی	سفید	″
۱۷۔ نرگس	.....	سفید وزرد	″
۱۸۔ گل شبگونہ	.....	بنفش	گرما
۱۹۔ گل کرنہ	بفتح کاف وسکون راء وفتح نون وہائے مکتوبہ۔	سفید	بہار
۲۰۔ کپورپیل	بفتح کاف وضم بائے فارسی وسکون واو وراء وکسر باء وسکون یائے تحتانی ولام۔	سفید قمری	آخر بارش
۲۱۔ گل زعفران	.....	بنفش	خریف

جدول گل خوش رنگ

نام	اعراب	رنگ	موسم
۱۔ گل آفتاب	سورج مکھی	زرد	بارش
۲۔ گل کنول	بفتح کاف ونون وفتح واؤ وسکون لام۔	سفید وکبود	″
۳۔ جعفری	.....	زرد وناریجی	بہار

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	اعراب	رنگ	موسم
۴۔ گدھل	بضمّ کاف فارسی وسکون دال ہندی وفتح ہا وسکون لام۔	سرخ، زرد نارنجی۔	بارش
۵۔ رتن منجنی	بفتح راو تائے فوقانی ونون وفتح میم ونون خفی وفتح جیم وکسر نون وسکون یائے تحتانی۔	سرخ آتشین	ہمیشگی
۶۔ گیسو	بکسر مجہول کاف فارسی وسکون یائے تحتانی وضمّ سین وسکون واؤ۔	سرخ	بہار
۷۔ کنیر	بفتح کاف وکسر مجہول نون وسکون یائے تحتانی وراء۔	سرخ وسفید	بہار
۸۔ کدم	بفتح کاف ودال وسکون میم۔	بیرون میانہ زرد وسفید اندرون	بہار
۹۔ ناگ کیسر	بفتح نون والف وسکون کاف فارسی وکسر مجہول کاف وسکون یائے تحتانی وفتح سین وسکون رائے مہملہ۔	سفید زرد آمیختہ	بہار
۱۰۔ سرپن	بضمّ سین وسکون راو فتح بائے فارسی وسکون نون	سفید میانہ خطہائے سرخ و زرد اندرون	بارش
۱۱۔ سرکھنڈی	بکسر سین وراو سکون یائے تحتانی وفتح کاف وہائے پنہاں ونون خفی وکسر دال وسکون یائے تحتانی۔	سفید اندرون مائل بہ زردی بیرون سرخ	بہار
۱۲۔ گل جعفا	.....	سفید وسرخ و زرد	بارش
۱۳۔ دوپہریا	بضمّ دال وسکون واؤ وفتح بائے فارسی وسکون ہا وکسر راو یائے تحتانی والف	سرخ آتشیں وسفید۔	ہمیشگی
۱۴۔ بھون چنپا	بضمّ با وہائے خفی وسکون واؤ ونون وفتح جیم فارسی ونون خفی وفتح بائے فارسی والف۔	شفتالو	جاڑا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	اعراب	رنگ	موسم
۱۵۔ اسدرکن	بضمّ سین و فتح دال و سکون را و فتح سین و سکون نون۔	زرد	بارش
۱۶۔ سیتیل	بکسر مجہول سین و سکون یائے تحتانی و نون نفی و فتح یا و سکون لام۔	گہرا سرخ	بہار
۱۷۔ رتن بالا	بفتح را و تائے فوقانی و سکون نون و میم و الف و لام الف۔	زرد	〃
۱۸۔ سون زرد	بضمّ سین و سکون واؤ و نون و فتح رائے منقوطہ و سکون را و دال۔	〃	〃
۱۹۔ گل بالتی	بمیم و الف و سکون لام و کسر تائے فوقانی و سکون یائے تحتانی۔	۔	بارش
۲۰۔ کرن پھول	بفتح کاف و سکون را و نون و ضمّ یائے فارسی و ہائے خفی و سکون واؤ و لام۔	زرد و زرّیں	بہار
۲۱۔ کیول	بفتح کاف و کسر او سکون یائے تحتانی و لام	سرخ و سفید	〃
۲۲۔ جیبت	بفتح جیم و سکون یائے تحتانی و تائے فوقانی۔	(اندر زرد، باہر سرخ سیاہی مائل سفید	بارش
۲۳۔ چنبیلہ	بفتح جیم فارسی و نون نفی و فتح بائے فارسی و لام و ہائے مکتوبی		بہار
۲۴۔ لاری	بہ لام و الف و کسر ہا و سکون یائے تحتانی۔	زرد	درحوت
۲۵۔ گل کروندہ	.....	.....	.....
۲۶۔ دمنتر	بفتح دال و ہائے خفی و فتح نون و نون پنہاں و فتح تائے فوقانی و سکون را۔	مانند گل نیلوفر	آخر بارش
۲۷۔ کیتکائی	بفتح کاف و نون و کاف فارسی و لام و الف و کسر ہائے تحتانی اوّل و سکون ثانی۔	سرخ و زرد	بارش
۲۸۔ سریں	بکسر سین و سکون را و سین۔	سبز مائل بہ زرد	بہار
۲۹۔ سن	بفتح سین و سکون نون۔	زرد	بارش

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۳۱)

پیدائش خوشبو

عنبر بعض اشخاص کہتے ہیں کہ عنبر سمندر کی تہ میں پیدا ہوتا ہے۔ اور اس گروہ کا خیال ہے کہ جانوران آبی کی غذا کا فضلہ ہے جو اس حالت میں برآمد ہوتا ہے۔ بعض کا خیال ہے کہ مچھلی اس کو کھاتی ہے اور مرجاتی ہے اور اس کے مرنے کے بعد اُس کا پیٹ چاک کرکے یہ نکالا جاتا ہے۔

بعض کا خیال ہے کہ یہ دریائی گائے کا فضلہ ہے جس کو سارا کہتے ہیں۔ بعض ماہرین خوشبو کا عقیدہ ہے کہ یہ کوہسار جزائر سے ٹپکتا ہے بعض کہتے ہیں کہ دریائی درخت کا گوند ہے۔ ایک گروہ کا خیال ہے کہ یہ ایک قسم کا موم ہے۔ اور مولف کتاب کو بھی اس گروہ کے ساتھ اتفاق ہے۔

اس آخری فرقے کا خیال ہے کہ بعض کوہستان میں شہد بکثرت پایا جاتا ہے۔ اس قسم کا شہد اس قدر کثیر پیدا ہوتا ہے کہ تمام شیرہ بن کر سمندر میں چلا جاتا ہے اور موم اوپر نمودار ہوجاتا ہے جو گرمی سے خشک ہوکر عنبر کی شکل اختیار کرلیتا ہے۔

چونکہ یہ شہد بیحد خوشبودار درختوں کے رس سے برآمد ہوتا ہے اس لیئے اس کا موم جو عنبر کہلاتا ہے بیحد خوشبودار ہوتا ہے۔ کبھی کبھی عنبر کے اندر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پر بھی پائی گئی ہیں۔

بوعلی سینا کی رائے ہے کہ سمندر کی تہ میں ایک قسم کا چشمہ ہوتا ہے جس سے عنبر پیدا ہوتا ہے۔ سمندر کی موجیں اس کو قعرِ دریا سے ساحل تک پہنچا دیتی ہیں۔ تازگی کی حالت میں تر رہتا ہے لیکن آفتاب کی گرمی سے خشک ہو جاتا ہے اور طرح طرح کے رنگ اختیار کرتا ہے۔ بہترین قسم کا عنبر سفید ہوتا ہے اور بدترین سیاہ رنگ اختیار کرتا ہے۔ متوسط قسم کا عنبر پستئی رنگ کا ہوتا ہے۔

بہترین قسم کا عنبر چربی دار ہوتا ہے اور ایک تہ دوسری تہ کے اوپر ہوتی ہے۔ اس کو اگر توڑیں تو اندر سے سفید زردی مائل رنگ کا عنبر نکلتا ہے۔ ہرچند اس قسم کا عنبر سفید، ہلکا اور لچکدار ہوتا ہے لیکن اس کی بہترین قسم ہے۔ قسم دوم عنبر کی پستئی رنگ ہے۔ اور سوم زرد رنگ ہے جس کو خشخاشی بھی کہتے ہیں۔ بدترین قسم کا عنبر سیاہ ہوتا ہے جو انتہائی تالیش سے جمع ہوتا ہے۔ حریص سوداگر اس سیاہ عنبر کو موم، مندل اور لاون وغیرہ میں ملا کر دیتے ہیں، لیکن ہر شخص اس قسم کی خیانت نہیں کرتا۔

مندل۔ یہ بھی عنبر ہے جو مردہ مچھلی کے پیٹ سے نکالا جاتا ہے۔ اس میں خوشبو زیادہ نہیں ہوتی۔

لاون کو بھی عنبر کہتے ہیں۔ یہ ایک درخت سے پیدا ہوتا ہے۔ اس قسم کا درخت قبرس یا قیسوس کے حدود میں پایا جاتا ہے۔ درخت کے پتوں پر ایک قسم کی رطوبت جم جاتی ہے۔ بکریاں جب چراگاہ کو جاتی ہیں تو ان کے ران کے بال اور ان کے کھر اس رطوبت سے آلودہ ہو جاتے ہیں جو بتدریج خشک ہو جاتی ہے۔ موآلود رطوبت بہترین سمجھی جاتی ہے جس کا رنگ تقریباً سبز ہوتا ہے اور خوشبو نہایت تیز ہوتی ہے۔ سُم آلود رطوبت اس سے کم درجہ سمجھی جاتی ہے۔ بعض اشخاص اس رطوبت کو رسّی کے ذریعے سے بھی حاصل کرتے ہیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ رسّی کو درخت کے اوپر پھینک دیتے ہیں اور رطوبت اس میں لپٹ جاتی ہے۔ بعد ازاں رسّی کو پانی میں جوش دے کر صاف کر لیتے ہیں اور رطوبت خشک ہونے کے بعد اس کی پوٹلیاں بنا لیتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کافور۔ اس کا درخت بہت بڑا ہوتا ہے۔ یہ درخت ہندوچین کی گھاٹیوں میں پایا جاتا ہے۔ درخت اس قدر گھنا اور بڑا ہوتا ہے کہ سو سے زائد سوار اس کے سائے میں آرام کر سکتے ہیں۔ اس درخت کے تنے اور شاخ میں کافور پیدا ہوتا ہے۔ بعض اشخاص کہتے ہیں کہ موسم گرما میں بیشمار سانپ اپنے کو ٹھنڈا کرنے کے لئے اس درخت سے لپٹ جاتے ہیں۔ اس قسم کے درختوں کے تنوں پر تیر مار کر نشان بنا دیتے ہیں اور اس نشان کے ذریعے سے جاڑے میں ان درختوں سے کافور حاصل کرتے ہیں۔

ایک گروہ کی رائے ہے کہ اس درخت کی شناخت یہ ہے کہ اس کے گرد بیتے بکثرت رہتے ہیں جو کافور کے اس قدر شیدائی ہیں کہ اس درخت سے جدا نہیں ہوتے۔ لکڑی کے اندر یہ مثل نمک کے ریزوں کے نظر آتا ہے اور لکڑی کے باہر اس کی شکل گوند کی سی ہو جاتی ہے کبھی کبھی درخت سے بہ کر زمین پر گرتا ہے اور چند روز میں بستہ ہو جاتا ہے۔

جس سال کہ زلزلے بکثرت آتے ہیں، یا یہ کہ آسمان پر جوش و خروش زیادہ ہوتا ہے، اس سال کافور زیادہ پیدا ہوتا ہے۔ اس کے متعدد اقسام ہیں۔ بہترین قسم کو باجی اور قیصوری کہتے ہیں لیکن حقیقت میں یہ ایک ہی قسم ہے جس کے دو مختلف نام ہیں۔ اس کی وجہ تسمیہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ سب سے قبل ایک فرمانروا نے، جس کا نام رباح ہے، موضع قیصور میں جو جزیرۂ سراندیب میں واقع ہے، اس کو دریافت کیا ہے۔ بعض کتب میں مرقوم ہے کہ کافور برف کی طرح سفید ہوتا ہے۔ مؤلف کتاب نے خود اپنے ہاتھوں سے اس کو لکڑی سے نکالا ہے جو بالکل اسی طرح کا تھا۔

ابن بیطار کا قول ہے کہ یہ اوّل سرخ و چمکدار ہوتا ہے جو کیمیاوی تحلیل سے بعد میں سفید ہو جاتا ہے۔ بہرحال حقیقت جو کچھ بھی ہو، ایک قسم کا کافور سفید ضرور ہوتا ہے جو تمام اقسام میں بہترین ہوتا ہے۔ یہی قسم سب سے زیادہ ہلکی اور تہ دار ہوتی ہے، جس کی تہ بہ نسبت دوسری اقسام کی تہوں کے زیادہ موٹی ہوتی ہیں۔ سفید کے بعد دوسرا نمبر تیرہ رنگ کافور کا ہے، جس کو قرقوبی کہتے ہیں۔ اس کے بعد

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اُس کافور کی نوبت آتی ہے جو کوکب کے نام سے مشہور ہے اور گندم گوں ہوتا ہے اور سب سے اونی قسم وہ ہے جس کو بالوس کہتے ہیں۔ یہ لکڑی کے ریزوں میں ملا ہوا ہوتا ہے لیکن ہر سہ اقسام تحلیل کے ذریعے سے صاف و سفید ہو جاتے ہیں۔

بعض کتب میں مرقوم ہے کہ جو کافور درخت سے حاصل کیا جاتا ہے وہ دانہ اور بھیم سینی کے نام سے مشہور ہے۔ اس کو درخت سے حاصل کر لینے کے بعد سیاہ مرچ و سرخ دانے میں ملا کر رکھتے ہیں تاکہ کافور اڑنے نہ پائے۔

اہل یونان کافور کو خاصیت میں سرد اور اہل ہند اس کو گرم خیال کرتے ہیں۔ کافور جو دیگر اشیاء کی آمیزش سے زرنباد سے بنایا جاتا ہے وہ پینی کے نام سے مشہور ہے۔ اس کی ساخت کے دو مختلف طریقے ہیں۔ اول زرنباد سفید کو خوب باریک پیس کر گائے یا بھینس کے دہی میں ملاتے اور علیحدہ رکھ دیتے ہیں۔ چوتھے روز اس میں تازہ دہی کی اور آمیزش کرتے ہیں اور اس قدر پیستے ہیں کہ اوپر کف آجاتا ہے۔ اس کف کو علیحدہ کر لیتے ہیں۔ تین میں کافور ملاتے ہیں اور اس کو ایک ڈبے میں بند کر کے ڈبے کو غلے کے انبار میں ایک عرصے تک رکھتے ہیں۔ دوم یہ کہ سنگ سفید کو خوب باریک پیستے ہیں اور دس درم وزن میں دو درم موم اور نصف درم روغن بنفشہ لاتے ہیں۔ پہلے موم کو روغن میں جوش دے کر خاک کو اس میں خمیر کرتے ہیں اور اس کی ایک ٹکیہ بنا لیتے ہیں۔ اس قرص کو دو سروں کے درمیان میں رکھ کر باریک پانوتی کرتے ہیں جب قرص ٹھنڈی ہو جاتی ہے تو کافور کی مانند نظر آتی ہے جس میں کافور کے ریزے شامل کر دیتے ہیں اور اس طرح اشخاص اپنے نفع پر دوسروں کے نقصان کو قربان کرتے ہیں۔

زماد، جس کو شاخ بھی کہتے ہیں۔ یہ ایک قسم کے جانور کی رال ہے، جو مستی کے عالم میں جانور کی پیشاب گاہ سے ٹپکتی ہے۔ یہ جانور قد و قامت میں بلی کے برابر ہوتا ہے لیکن اس کا چہرہ اور منہ بڑا ہوتا ہے۔ بہترین قسم کی زماد کو ساعترائی کہتے ہیں۔ یہ بندر ساعترائی مضافات ختن سے لائی جاتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جانور کی دُم کی جڑ میں ایک چھوٹا سا نافہ ہوتا ہے جو جَو کے برابر ہوتا ہے۔ اس نافے میں پانچ یا چھ سوراخ ہوتے ہیں۔ ایک یا دو ہفتے کے بعد نافے سے نکال جاتی ہے جو وزن میں ایک تولہ آٹھ ماشے ہوتی ہے۔

بعض جانور اس قدر مانوس ہو جاتے ہیں کہ انسان آسانی سے اُن کے نافے سے زباد نکال لیتے ہیں۔ اور بعض جو وحشی ہوتے ہیں اُن کو دھوکا دے کر ایک قفس میں بند کر دیتے ہیں اور اُن کی دُم ہاتھ میں پکڑ باہر کھینچ لیتے ہیں اور اس طرح دُم کی جڑ جہاں نافہ ہوتا ہے قفس کے باہر آجاتی ہے۔ اس کے بعد صدف کے ذریعے سے زباد نکال لیتے ہیں۔ یا یہ کہ خود نافے کو آہستہ آہستہ دبا کر زباد نچوڑ لیتے ہیں۔ اس جانور کی قیمت تین سو سے پانچ سو روپے تک پہنچ جاتی ہے۔ لیکن نر کو زیادہ خریدتے ہیں اس لئے کہ مادہ کی پیشاب گاہ عین نافے کے اوپر ہوتی ہے جس کی وجہ سے زباد کو نکال کر اس احتیاط کے ساتھ دھوتے ہیں اور اس کے بعد استعمال کرتے ہیں۔

اس میں شبہ نہیں کہ یہ چیز بھی بہترین خوشبو دیتی ہے اور اس کی بو دیر پا ہے جو عرصے تک کپڑے اور بدن سے نہیں جاتی۔ زباد کو دھونے کے مختلف طریقے ہیں۔ اگر زباد مقدار میں کم ہوتی ہے تو سائے میں ورنہ کسی بڑے برتن میں رکھتے ہیں اور اُس کو تین مرتبہ ٹھنڈے پانی سے اور تین مرتبہ گرم پانی سے دھوتے ہیں۔ گرم پانی اُس کو پتلا اور صاف کرتا ہے۔ گرم پانی سے دھونے کے بعد بار دگر تین مرتبہ ٹھنڈے پانی سے دھوتے ہیں جس کی وجہ سے زباد میں بستگی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس عمل کے بعد تین مرتبہ لیمو کے عرق میں دھوتے ہیں جس کی وجہ سے ناگوار بُو اُس سے نکل جاتی ہے۔ عرق لیمو میں دھونے کے بعد پھر تین مرتبہ ٹھنڈے پانی میں دھو لیتے ہیں اور اس کے بعد کپڑے سے نکال کر پیالے میں رکھتے ہیں اور رات کو گل چنبیلی یا رائے تیل یا سرخ گل یا گل کرنہ میں بسا کر پیالے کو اُلٹا لٹکا دیتے ہیں اور دن کو سفید کپڑا پیالے پر باندھ کر اس کو دھوپ میں رکھتے ہیں جس کی وجہ سے تری کم ہو جاتی ہے۔ اور اس طرح جب یہ خالص ہو جاتی ہے تو قلیل مقدار گلاب میں ملا کر استعمال کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

گورہ۔ یہ سفید سیاہی مائل ہوتی ہے۔ لیکن زباد کی سی اس میں خوشبو نہیں ہوتی یہ بھی مذکورۂ بالا قسم کی طرح ایک جانور کی طراوش ہے جو عالم مستی میں ٹپکتی ہے۔ یہ جانور زبادی حیوان سے قدرے بڑا ہوتا ہے اور یہ بھی چین کی نواح سے لایا جاتا ہے۔ اس کی قیمت سو سے دو سو روپے تک پہنچ جاتی ہے۔

مید۔ مذکورۂ بالا قسم کے مماثل مگر نوعیت میں اس سے کم مرتبہ ہے۔ اس کو کسی دوسری چیز میں ملا کر استعمال کرتے ہیں۔ جانور جس سے مید حاصل ہوتی ہے تقریباً ہر ملک میں بکثرت پایا جاتا ہے۔ بعض اشخاص کی رائے ہے کہ مذکورۂ بالا جانور کے خشک تالوں کو پانی میں جوش دیتے ہیں جس سے ایک قسم کا روغن پانی کے اوپر آجاتا ہے۔ اسے پانی سے علیحدہ کر لیتے ہیں اور اسی کو مید کے نام سے موسوم کر کے فروخت کرتے ہیں۔

عود۔ اس کو ہندی میں اگر کہتے ہیں۔ یہ ایک درخت کی جڑ ہے جس کو اکھاڑ کر زمین میں دوبارہ نصب کرتے ہیں۔ ایسی حالت میں خراب حصہ سڑ جاتا ہے اور خالص عود باقی رہ جاتا ہے۔

بعض اشخاص کا بیان ہے کہ اسی طرح درخت کو کام میں لاتے ہیں اور بار دگر نصب کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ قدیم کتب میں مرقوم ہے کہ عود ہندوستان کے وسطی ممالک سے لایا جاتا ہے لیکن یہ تحریر سراسر غلط ہے جو محض وہم و خیال سمجھی جا سکتی ہے۔

عود کی مختلف اقسام ہیں۔ بہترین قسم کو مندلی اور دوم کو جبلی یا ہندی کہتے ہیں۔

عود کی خوشبو سے جُوں پیدا نہیں ہوتی اور اسی لئے اس قسم کو بہترین خیال کرتے ہیں۔ بعض اشخاص مندلی اور جبلی دونوں کو ہم پلہ سمجھتے ہیں۔

اس کے اور بھی مختلف انواع ہیں۔ بہترین نوع سمندوری کہلاتی ہے۔ اس کے بعد قماری۔

قماری کے بعد قاقلی و تبری و قلعی و چینی یا قسموری کا یکے بعد دیگرے پایہ و مرتبہ ہے قسموری عود تر و شیریں ہوتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ان سے بھی کم مرتبہ عود کو جلالی، مایوسانی ولوانی و ایلیانی کہتے ہیں۔
تمام اقسام میں مندلی بہترین سمجھا جاتا ہے۔
سہندوری عود موٹا و پر وتر ہوتا ہے، اس میں نشان سفیدی مطلق نہیں ہوتے اور نیز آگ پر دیر تک قائم رہتی ہے۔
قماری میں جو عود کبود رنگ بلا سفیدی کے ہو اور فربہ و سیراب و دیرپا ہو، بہترین سمجھی جاتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ سیاہ عود اپنی تمام اقسام میں بہترین ہے۔ یہ پانی میں ڈالنے سے تہ میں بیٹھ جاتا ہے۔ سیاہ عود ریشہ دار نہیں ہوتا اور نیز یہ کہ آسانی سے کٹ جاتا ہے۔
جو قسم کہ پانی میں تیرتی ہے اس کو بدترین خیال کرتے ہیں۔
کسی قدیم فرمانروا نے عود کا درخت گجرات میں نصب کیا لیکن اس زمانے میں چاں پانیز میں پیدا ہوتا ہے اور آچین و دھناسری سے بھی لایا جاتا ہے۔
جن شہروں کا قدیم کتابوں میں ذکر ہے وہاں آجکل عود کا نام و نشان بھی نہیں ہے۔
اس کو مختلف ترکیبوں سے ملاتے اور استعمال کرتے ہیں۔ اس کے جلانے سے طبیعت خوش ہوتی ہے۔ اکثر اشخاص اس کی دھونی سے مسرت حاصل کرتے ہیں۔
اور ایک گروہ بہترین عود کو رگڑ کر بدن اور لباس پر ملتا اور اس کی خوشبو سے محظوظ ہوتا ہے۔
چوہ وہ عود کے چپکیدے کو کہتے ہیں۔ اس کو خاص دعام سب استعمال کرتے ہیں۔
چوہ نکالنے کا طریقہ یہ ہے کہ مٹی کو روئی یا چاول کی بھوسی میں ملا کر خوب گوندتے ہیں جب دونوں اجزا ایک ذات ہو جاتے ہیں تو ایک ایسی چھوٹی طشتری پر جس کا منہ اس قدر بڑا ہو کہ اس میں انگلی چلی جائے مٹی کو لیتے اور خشک کرتے ہیں مٹی کی مقدار اس قدر ہوتی ہے کہ ایک انگشت کی فربہی کے مطابق طشتری پر چڑھائی جاتی ہے
عود کے چھوٹے چھوٹے ریزے طشتری میں ڈالے جاتے ہیں طشتری کو تمام و کمال نہیں بھرتے بلکہ قدرے خالی رکھتے ہیں اور عود کو آگ سے تپتے رکھتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اس کے بعد مٹی کا ایک برتن جس کے درمیان میں سوراخ ہوتا ہے۔ سہ پایہ چولھے پر رکھتے ہیں اور شیشی کو الٹا کر کے برتن میں اس طرح لٹکاتے ہیں کہ شیشی کا منہ سوراخ کے باہر رہتا ہے۔

برتن کے نیچے ایک پیالہ پانی سے بھر کر رکھ دیتے ہیں اس طرح کہ شیشی کا منہ پانی کی سطح پر رہے۔ مٹی کے برتن میں اُوپلے کی آگ دیتے ہیں۔ آنچ دھیمی ہوتی ہے۔ اگر شعلے نکلتے ہیں تو پانی سے بجھاتے جاتے ہیں۔ جوں ہی تراوش شروع ہوتی ہے اور چکیدہ قطرات پانی کی سطح پر جم جاتے ہیں۔

اس چکیدے کو پانی سے علیحدہ کر کے چند بار پانی و گلاب میں دھوتے ہیں جس کی وجہ سے چکیدے سے دود زدگی دور ہو جاتی ہے۔ جس قدر چکیدے کو زیادہ دھوتے ہیں اور جتنا بھی یہ پرانا ہوتا جاتا ہے، بہتر و خوشبو دار ہوتا جاتا ہے۔

چکیدے کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ بعض تجربہ کار اشخاص اس کو ترکیب سے سفید کر لیتے ہیں۔

ایک سیر عود میں دو تولے سے پندرہ تولے تک چکیدہ نکلتا ہے۔

بعض حریص و طامع اشخاص خالص چکیدے میں صندل و بادام وغیرہ ملا کر اُس کو ذوخت کرتے اور دوسروں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

صندل۔ اس کو ہندی میں چندن کہتے ہیں۔ اس کا درخت چین میں پیدا ہوتا ہے۔ عہد مبارک اکبری میں یہ درخت چین سے لا کر ہندوستان میں نصب کیا گیا اور سرسبز ہوا۔

صندل تین طرح کا ہوتا ہے۔ سفید، زرد اور سرخ۔

ایک گروہ کا خیال ہے کہ سرخ رنگ سفید سے سرد تر ہوتا ہے۔ دوسرا گروہ اس کے خلاف رائے رکھتا ہے۔ اس جماعت کا خیال ہے کہ سفید سرخ سے اور سرخ زرد سے زیادہ سرد ہے۔

بہترین قسم زرد رنگ ہے، جو روغن دار بھی ہوتا ہے۔ اس کو مقاطری بھی کہتے ہیں۔ اس کو گھس کر بدن پر ملتے اور محظوظ ہوتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

صندل کو دوسرے طریقوں پر بھی استعمال کرتے ہیں۔

سلارس۔ اس کو عربی میں مُیعَہ کہتے ہیں۔ سلارس ایک رومی درخت کا گوند ہے۔

گوند کو جوش دے کر صاف کرتے ہیں۔ صاف شدہ کو مُیعَۂ سائلہ کہتے ہیں اور غیر صاف کو مُیعَۂ یابسہ کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ بہترین قسم وہ ہے جو بلا کسی ترکیب خارجی کے خود بخود تنے سے بہے اور زرد ہو۔

کلینگ۔ ایک درخت کی لکڑی ہے جو زیر آباد سے لائی جاتی ہے۔ لکڑی بھاری اور ریشہ دار ہوتی ہے۔ بعض اشخاص کا خیال ہے کہ یہ خام عود ہے جو اپنے طریقے کے مطابق کام میں لایا جاتا ہے۔ یہ پیسنے سے سفید مائل بہ تیرگی ہو جاتی ہے۔ اس کو خوشبوئیات میں ملاتے اور اس سے تسبیح بھی بناتے ہیں۔

ملاگیر۔ یہ بھی کلینگ کی مانند ایک درخت ہوتا ہے لیکن فرق یہ ہے کہ نہ یہ جوہر دار ہوتا ہے اور نہ کلینگ کی طرح وزنی ہے۔ یہ پیسنے سے سفید مائل بہ سرخی ہو جاتا ہے۔

لبان۔ خوشبودار گوند ہے، جو جزیرۂ جاوا سے لایا جاتا ہے۔ بعض اشخاص اس کو مُیعَۂ یابسہ کہتے ہیں۔ لبان بھی مثل کافور کے آگ پر اڑ جاتا ہے۔

دوسری قسم لبان کی جس کو فارسی میں کندر دریائی کہتے ہیں، یمن میں پیدا ہوتا ہے اور اس میں خوشبو نہیں ہوتی۔

اظفار الطیب۔ اس کو ہندی میں نکھّہ اور فارسی میں ناخن بوید کہتے ہیں۔ یہ ایک جانور کے دوشاخ خانہ سے نکالا جاتا ہے جو صدف سے مشابہ ہے۔ جانور کے سنبل کھانے سے اس میں خوشبو پیدا ہوتی ہے۔

اظفار الطیب ہندوستان کے بڑے دریاؤں میں پیدا ہوتا ہے اور دریائے بصرہ و بحرین میں بھی پایا جاتا ہے۔ بحرین کے نکھّہ کو بہترین خیال کرتے ہیں۔

ان مقامات کے علاوہ بحر احمر میں بھی پیدا ہوتا ہے۔ بعض اشخاص تلنگی اظفار الطیب کو بہترین خیال کرتے ہیں۔

اس کو روغن زرد میں ملا کر گرم کرتے ہیں۔ بعض اشخاص بلا روغن ملائے ہوئے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پکاتے اور پیس کر خوشبو یات میں ملاتے ہیں۔

سُکَنْدَہ گوگلا۔ یہ ایک پودا ہے جو ہندوستان میں کثرت پیدا ہوتا ہے اور خوشبو یات میں کام میں لایا جاتا ہے۔

خوشبو یات کا ذکر کرنے کے بعد پھولوں کی بیرنگی کا بھی مختصر حال ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے۔

چنبیلی۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ رائے چنبیلی۔ اس کے پھول میں پانچ یا چھ پنکھڑیاں ہوتی ہیں جو بیرونی جانب سرخی مائل ہوتی ہیں چنبیلی برگ ریزہ جو قسم اوّل سے چھوٹی ہوتی ہے اور جس کے بالائی سطح پر ایک سرخ خط نمودار ہوتا ہے۔ اس کا پودا ڈیڑھ یا دو گز کا ہوتا ہے۔ یہ درخت زمین پر پھیلا رہتا ہے اور پودے میں بیشمار شاخیں بڑی اور کشادہ نکلتی ہیں۔ درخت پہلے ہی سال پھولتا ہے۔

رائے بیل۔ یہ درخت یاسمن سے مشابہ اور مختلف اقسام کا ہوتا ہے۔ اس میں ایک، نیز ایک سے زائد تہ ہوتی ہیں۔ پانچ تہ کا پھول بکثرت پایا جاتا ہے۔ اس کی تہیں ایسی جدا گانہ نمودار ہوتی ہیں کہ ہر تہ بجائے ایک پھول کے شمار کی جا سکتی ہے۔

اس کا پودا ایک گز تک بلند ہوتا ہے اور پتیاں برگ لیمو کی مانند لیکن اُن سے کسی قدر چھوٹی اور نرم ہوتی ہیں۔

مونگرا۔ رائے بیل سے مشابہ لیکن اُس سے بڑا ہوتا ہے۔ اس کی پنکھڑیاں سو سے زیادہ ہوتی ہیں

رائے بیل سے کم خوشبو دار ہوتا ہے لیکن اس کا درخت بہت بڑا ہوتا ہے۔

چنپہ۔ مخروطی شکل کا پھول ہے جو ایک انگشت دراز ہوتا ہے۔ پھول میں دس پنکھڑیاں یا اس سے زائد ہوتی ہیں۔ اس پھول میں مختلف تہیں اور ریزے پائے جاتے ہیں

اس کا درخت خوبصورت ہوتا ہے۔ پتیاں اور تنہ چار مغز سے مشابہ ہوتا ہے۔ سات سال کے بعد پھولتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کیتکی۔ اس کی وضع صنوبر کی سی ہوتی ہے۔ درخت تقریباً سو اگز لانبا ہوتا ہے۔ پھول میں بارہ یا اس سے زیادہ پنکھڑیاں ہوتی ہیں۔ اس کی خوشبو بھینی اور خوش آیند ہوتی ہے۔ اس کا درخت چھ یا سات سال میں پھولتا ہے۔

کیوڑہ۔ کیتکی کی مانند لیکن اس کا ڈنگا ہوتا ہے۔ اس کے پتے خاردار ہوتے ہیں۔ چونکہ اس کا درخت مختلف مقامات پر پیدا ہوتا اس لئے اس کا قد یکساں نہیں ہوتا۔ درمیان میں ایک چھوٹی سی شاخ ریشہ دار اور شہد کے رنگ کی نمودار ہوتی ہے۔ اس شاخ میں کچھ خوشبو ہوتی ہے۔

پھول میں خشک ہونے کے بعد بھی خوشبو رہتی ہے۔ پھول کو لباس میں رکھ کر کپڑے کو بساتے ہیں۔ اس کی خوشبو دیرپا ہوتی ہے۔ اس کے درخت کا تنہ چار گز یا اس سے کچھ زائد بلند ہوتا ہے۔ پتیاں جواری کی طرح، لیکن اس سے قدرے دراز ہوتی ہیں۔ پتیاں نکونی ہوتی ہیں اور ہر گوشہ خاردار ہوتا ہے۔ درخت چار سال میں پھولتا ہے۔ ہر سال درخت کی جڑ میں نئی مٹی ڈالتے ہیں۔

کیوڑے کا درخت دکن و گجرات و مالوہ اور بہار میں بکثرت پایا جاتا ہے۔

چانپہ۔ بڑے لالے کے پھول کی مانند ہوتا ہے۔ پھول میں اٹھارہ پنکھڑیاں ہوتی ہیں جن میں سے اوپر کی بالائی چھ پنکھڑیاں سبز، دوسری چھ میں کچھ سبزی مائل دکھچھ سرخ اور بعض نیلی اور باقی چھ قطعاً سفید ہوتی ہیں۔

درمیان میں سدا بہار کے پھول سے مشابہ ہوتا ہے جس میں دو سو ریشے زرد رنگ اور ایک تکمہ سرخ ہوتا ہے۔

شاخ سے توڑنے کے بعد پانچ یا چھ روز تر و تازہ رہتا ہے۔ خوشبو میں بنفشے سے ملتا جلتا ہے۔

تخم مردہ ہونے کے بعد پکا کر کھایا جاتا ہے۔ اس کا درخت انار کے درخت کا سا ہوتا ہے اور پتیاں برگ لیمو سے مشابہت رکھتی ہیں۔ سات سال میں پھولتا ہے۔

تسبیح گلال۔ بیحد خوشبودار ہوتا ہے۔ اس کی پنکھڑیاں نخجر سے مشابہ ہوتی ہیں درخت دو گز لانبا ہوتا ہے اور چار سال کے بعد پھول دیتا ہے۔ اس سے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

تسبیح بناتے ہیں۔ شاخ سے ٹوٹنے کے بعد بھی ایک ہفتہ شاداب رہتا ہے۔

بھولسری۔ اس کا پھول یاسمین سے چھوٹا ہوتا ہے اور پنکھڑیاں کنگرے دار ہوتی ہیں خشکی میں زیادہ خوشبو دیتا ہے۔ اس کا درخت چار مغز سے مشابہ اور دس سال میں پھولتا ہے۔

سدنگار ہار۔ لونگ کی شکل کا نارنجی رنگ ہوتا ہے۔ درخت انار کی مانند اور پتیاں برگ شفتالو سے مشابہ ہوتی ہیں۔ پانچ سال میں پھول دیتا ہے۔

کوزہ شکل و قطع میں گلاب سے مشابہ ہے لیکن پودہ گلاب سے بڑا ہوتا ہے۔ پتیاں برگ گلاب کی سی ہوتی ہیں۔ پھول پنج برگی و صد برگی ہوتا ہے۔ درمیان میں سنہرے تخم ریزے ہوتے ہیں۔ اس سے عبیر مایہ تیار اور عرق گلاب کشید کرتے ہیں۔

پادل۔ اس میں پانچ یا چھ بڑی پنکھڑیاں ہوتی ہیں۔ پانی میں ڈالا جاتا ہے جس سے پانی خوش مزہ و خوشبودار ہوتا ہے۔ اکثر اشخاص اس کو مٹی میں ملا کر محفوظ رکھتے ہیں اور جب پھول دستیاب نہیں ہوتا تو اسے پانی میں ملاتے ہیں۔ اس کا درخت اور پتیاں چار مغز سے مشابہ ہوتی ہیں اور بارہ سال میں پھول دیتا ہے۔

جوہی۔ اس کی پنکھڑیاں ریزہ دار ہوتی ہیں۔ اس کی بیل درخت میں لپٹ جاتی ہے اور تین سال میں پھولتی ہے۔

نواڑی۔ رائے بیل کی طرح تہ بہ تہ پھولتا ہے۔ لیکن اس کی پتیاں رائے بیل سے بڑی ہوتی ہیں۔ یہ بیل اس قدر پھول دیتی ہے کہ تمام پتیاں اور شاخیں پھولوں سے ڈھنک جاتی ہیں اور ایک سال بعد پھولنے لگتی ہے۔

کپور بیل۔ پھول پنج برگ اور گل زعفران سے مشابہ ہوتا ہے۔ عہد مبارک میں یہ درخت فرنگ سے لاکر ہندوستان میں نصب کیا گیا ہے۔

گل زعفران۔ ماہ اردی بہشت کے اوائل میں تیار و نرم زمین میں تخم ریزی کرتے ہیں۔ تخم آب باراں سے پرورش پاتا ہے۔ اس کا تخم پیاز و لہسن کی گٹھی کی طرح ہوتا ہے۔ وسط آبان میں کلیاں نکلتی ہیں پھر دا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پاؤگز بلند ہوتا ہے۔ زمین کی حالت مختلف ہوتی ہے شاخ دو حصے زمین کے اندر چلی آتی ہے اور کبھی اس کے برعکس بھی ہوتا ہے۔

پھول ڈنٹھل پر نمودار ہوتا ہے جس میں چھ پتیاں اور چھ بزرگ ریشے ہوتے ہیں۔ بیشتر تین پتیاں سپید شاداب اور بنفشی رنگ کی نمودار ہوتی ہیں جن کے بیچ میں تین پتیاں اور اسی رنگ کی ہوتی ہیں۔ ان کے درمیان میں تین ریشے زرد نمودار ہوتے ہیں جن کے آغوش میں تین دوسرے ریشے سرخ رنگ کے موجود ہوتے ہیں۔ انھیں آخرین ریشوں کو زعفران کہتے ہیں۔

اکثر اوقات زرد ریشے کبھی سرخ ریشوں میں مکاری سے ملا دئے جاتے ہیں۔

قدیم زمانے میں دستور تھا کہ مزدوروں پر جبر کیا جاتا تھا اور اُن کو مجبور کر کے اُن سے پنکھڑیوں اور ریشوں سے زعفران علیحدہ کرائی جاتی تھی اور مزدوروں میں اس کو دو پل نمک دیا جاتا تھا۔

غازی خاں چک کے عہد سے یہ قاعدہ مقرر کیا گیا کہ پھولوں کے گیارہ حصے پاک کرنے والوں کے سپرد کئے جاتے تھے۔ ایک حصہ اُن کی مزدوری میں دے کر بقیہ دس حصے اُن سے واپس لئے جاتے تھے اور اس طرح دو سیر اکبر شاہی خالص زعفران حاصل ہوتی تھی۔

خلاصہ یہ کہ اکبر شاہی دو من پھولوں سے دو سیر خالص زعفران حاصل ہوتی ہے۔

جہاں پناہ جب بارہویں کشمیر تشریف لے گئے تو قبلۂ عالم نے ازراہ مرحمت شاہانہ اس قاعدے کو منسوخ فرمایا اور نئے قوانین جاری فرمائے جن سے بیحد آسانیاں پیدا ہو گئیں۔

تخم کو ایک بار زمین میں بونے سے چھ سال تک پھول دیتا ہے بشرطیکہ زمین کی آبپاشی ہر سال ہوتی رہے پہلے دو سال خال خال پھول آتے ہیں لیکن تیسرے سال سے درخت بخوبی پھولنے لگتا ہے۔

چھ سال گزرنے کے بعد اگر گٹھی کو زمین سے نہ نکالیں تو سڑ جاتی ہے لہذا مجبوراً ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ کشتکاری کرتے ہیں اور اُس زمین کو

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پانچ سال غیر مزروعہ چھوڑ دیتے ہیں۔

زعفران کی کھیتی سب سے زیادہ موضع بانو پور میں جو ہار دراج (مقامات مذکورہ کشمیر کے پائے تخت سری نگر کے جنوب میں واقع ہیں) کے توابعات میں ہے کی جاتی ہے تخمیناً دس کوس تک برابر زعفران زار نظر آتا ہے۔

اس کے علاوہ اس کی کاشت پرگنہ پرس پور، نواح اندر اکال، توابع کمراج میں بھی قدرے ہوتی ہے چنانچہ پرس پور میں ایک کوس کے اندر اس کی کشتکاری ہوتی ہے۔

آفتابی۔ یہ پھول گول وکشادہ و پُر برگ ہوتا ہے۔ اس کا رخ ہمیشہ آفتاب کی سمت ہوتا ہے۔ اس کا پودا تین گز تک بلند ہوتا ہے۔

کنول۔ دو طرح کا ہوتا ہے۔ ایک قسم وہ جو آفتاب کے روشن ہونے کے بعد کھولتا ہے اور آفتاب جس جانب حرکت کرتا ہے پھول کا رخ بھی وہی سمت اختیار کرتا ہے اور غروب آفتاب کے بعد بند ہو کر کھلی ہو جاتا ہے۔

یہ قسم گل شقائق سے مشابہ ہے لیکن اس کی سرخی بہت پھیکی مائل بہ سفیدی ہوتی ہے اور اس کی پتیاں چھ سے کم نہیں ہوتیں۔ پھول کے اندر زرد ریشے ہوتے ہیں اور ریشوں کے بیچ میں ایک نموئے فاسد نمودار ہوتی ہے جس کی شکل مخروطی ہوتی ہے اور اُس کا قاعدہ اوپر کی جانب ہوتا ہے۔ اسی شے میں اُس کا میوہ ہے جس میں تخم پیدا ہوتے ہیں۔

کنول کی دوسری قسم کا پھول چہار برگی ہوتا ہے جو چاندنی رات میں کھلتا ہے اور اسی طرح چاند کے دورے کے مطابق سمت بدلتا رہتا ہے لیکن قسم اوّل کے خلاف کھل کر پھر بند نہیں ہوتا۔

جعفری۔ یہ پھول گول خوشنما ہوتا ہے اور صد برگ سے زیادہ بالیدہ ہوتا ہے۔ پھول پنج برگی و صد برگی ہوتے ہیں۔ صد برگ دو ماہ تک تروتازہ رہتا ہے۔ اس کا درخت انسانی قامت کے برابر ہوتا ہے اور اُس کی پتیاں برگ بید سے مشابہ لیکن دندانہ دار ہوتی ہیں۔ درخت دو ماہ کے بعد پھولتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

گڑھل۔ گل لالہ کی طرح خوشنما و پُربرگ ہوتا ہے۔ اس کا پودا دو گز یا اس سے زائد بلند ہوتا ہے۔ پتّیاں برگ توت سے مشابہ ہوتی ہیں، اور دو برس میں پھولتا ہے۔

رتن منجنی۔ پھول چہار برگی اور گل یاسمن سے چھوٹا ہوتا ہے۔ اس کا درخت اور اس کی پتّیاں رائے بیل سے مشابہ ہیں۔ دو سال میں پھولتا ہے۔

کیسو۔ پھول پنج برگی ہوتا ہے اور ہر پنکھڑی شیر کے ناخن کے مثل ہوتی ہے۔ پھول کے بیچ میں زرد ریشہ دار تولیدی شاخچہ ہوتا ہے جس کی شکل زبان کی سی ہوتی ہے۔ اس کا درخت بہت بڑا ہوتا ہے اور اس قدر پھولتا ہے کہ تمام عالم کو اپنی آتش انگیز روشنی سے منوّر کر دیتا ہے۔

کیتر۔ بہت دنوں تک شگفتہ رہتا ہے۔ پھول خوش منظر اور دو قسم کا ہوتا ہے ایک سرخ اور دوسرا سفید لیکن زہرآلود ہوتا ہے جو شخص اس پھول کو اپنے سر پر رکھتا ہے جنگ و جدال میں مبتلا رہتا ہے۔ پھول زیادہ تر پنج برگی ہوتا ہے۔ شاخیں پھولوں سے لدی رہتی ہیں۔ درخت دو گز اونچا ہوتا ہے اور ایک سال میں پھولتا ہے۔

کدم۔ شاہی ٹوپی کی شکل کا ہوتا ہے۔ درخت اور پتّیاں چار مغز کے پودے اور برگ سے مشابہ ہوتی ہیں۔

ناگ کیسر۔ گل سرخ کی طرح پنج برگی اور نازک، تولیدی ریشوں اور ذروں سے معمور ہوتا ہے درخت اور پتّیاں چار مغز کی مانند ہوتی ہیں۔ درخت سات سال میں پھولتا ہے۔

سرپن۔ اس کا پھول گل کنجد (سیسم کا پھول) کی مانند ہوتا ہے، جس کے درمیان میں زرد تولیدی ریشے ہوتے ہیں۔ اس کا پودا حنا سے اور پتّیاں برگ بید سے مشابہ ہوتی ہیں۔

سری کھنڈی چنبیلی کی مانند لیکن اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔ درخت دو سال میں پھولتا ہے۔

حنا۔ پھول چہار برگی گل نافرمان کی شکل کا ہوتا ہے۔ ہر پودے میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

رنگ یہ رنگ کے پھول کھلتے ہیں۔

دوپہریا۔ گول مگر چھوٹا ہوتا ہے ہمیشہ پھلتا ہے۔ نیمروز میں کھلتا ہے۔ اس کا پودا دو گز بلند ہوتا ہے۔

بھون چنبیا۔ نیلوفر سے مشابہ پنج برگی ہوتا ہے۔ اس کا پودا ایک بالشت بلند ہوتا ہے۔ یہ اکثر اُن مقامات پر اگتا ہے جو زیادہ تر تہ آب رہتے ہیں کبھی کبھی ایک پودا سطح آب کے اوپر نمودار ہوتا ہے۔

سدرسن۔ رائے بیل کی مانند ہوتا ہے پھول کے اندر زرد ریشے ہوتے ہیں۔ اس کا پودا سوسن کے درخت کا سا ہوتا ہے۔

سینبل۔ پنج برگی۔ ہر برگ کی درازی دس اور چوڑائی تین انگشت ہوتی ہے

رتن مالا۔ یہ گول اور چھوٹا ہوتا ہے۔ اس کے عرق کو پکا کر گندھک کے تیزاب میں ملاتے ہیں۔ رنگ پائدار اور سرخ ہو جاتا ہے۔ اس میں کپڑے رنگتے اور پہنتے ہیں۔ پھول اور جڑ کو روغن گاؤ و روغن کنجد میں اس کو جوش دے کر ارغوانی رنگ تیار کرتے ہیں۔

سوسن زرد۔ یاسمین کا سا ہوتا ہے، لیکن کسی قدر دراز اس میں پانچ یا چھ پتیاں ہوتی ہیں۔ درخت چنبیلی سے مشابہ ہوتا ہے اور دو سال میں پھولتا ہے۔

مالتی۔ چنبیلی سے مشابہ لیکن اُس سے چھوٹا ہوتا ہے پھول کے اندر دانۂ خشخاش کی مانند ذرّے ہوتے ہیں۔ دو سال یا اس سے کم و بیش میں پھولتا ہے۔

کرنیل۔ سہ برگی مگر چھوٹا ہوتا ہے۔ کثرت سے پھولتا اور آنکھوں کو تازگی بخشتا ہے۔ اس کو جوش دے کر پیتے اور اس کا اچار بھی ڈالتے ہیں۔

جیت۔ اس کا درخت بہت بڑا ہوتا ہے اور پتیاں برگ تمر ہندی سے مشابہ ہوتی ہیں۔

چنبیلہ۔ یہ پھول گلدستے کی مانند ہوتا ہے۔ اس کی پتیاں برگ چار مغز سے مشابہ ہوتی ہیں۔ درخت کی چھال کو پانی میں جوش دینے سے پانی کا رنگ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

سرخ ہو جاتا ہے۔ درخت زیادہ تر کوہساروں میں پایا جاتا ہے اور اس کی لکڑی شمع کی طرح جلتی ہے۔ درخت دو سال میں پھولتا ہے۔

لاہی۔ اس کا پودا ڈیڑھ گز بلند ہوتا ہے۔ پھولنے سے قبل اس کی شاخوں کو پیس کر بُرادے کی روٹیاں پکاتے ہیں۔ اونٹ اُن کو کھا کر فربہ مست ہو جاتے ہیں۔

کرونڈہ۔ جوہی کی مانند ہوتا ہے۔

دھتورہ۔ مانند نیلوفر بہت خوشنما ہوتا ہے۔ یہ درخت بیلدار ہوتا ہے۔

سرس۔ ریشمی نخ کی طرح ریشہ دار اور شاہی ٹوپی سے مشابہ ہوتا ہے۔ پھول بہت دور سے مہکتا ہے۔ اہل ہند اگرچہ پیپل اور بڑ کی پرستش کرتے ہیں لیکن سرس کو بادشاہِ درختاں خیال کرتے ہیں۔

درخت بہت بڑا اور عمارات کے کام میں آتا ہے۔ اس کے تنے کے اندر سے ایک قسم کی سیاہ لکڑی نکلتی ہے جس پر تیشہ کارگر نہیں ہوتا۔

کنگلانی۔ پنج برگہ ہوتا ہے۔ ہر پتی چہار انگشت دراز ہوتی ہے۔ پھول بید خوبصورت ہوتا ہے اور ہر شاخ پر صرف ایک ہی کھلتا ہے۔

سن۔ گلدستہ دار کھلتا ہے۔ درخت کی پتیاں برگ خیار سے مشابہ ہوتی ہیں۔ درخت کی چھال سے رسیاں بٹتے ہیں جو بید مضبوط ہوتی ہیں۔

ایک قسم گل پنبہ کی مانند ہوتی ہے جس کو پٹ سن کہتے ہیں۔ اس کی رسیاں بید نرم ہوتی ہیں۔

ملک ہندوستان کے پھولوں کا مفصل حال بیان کرنا مجھ ایسے نا واقف شخص سے محال ہے۔ ناظرین کی آگاہی کے لئے چند کی مختصر کیفیت معرض تحریر میں لائی گئی۔

ہندوستانی پھولوں کے علاوہ ایرانی و تورانی پھول یعنی گل سرخ، نرگس، بنفشہ، یاسمین کبود، سوسن، ریحان، رعنا، زیبا، شقائق، تاج خروس، لالہ، نافرمان، خطمی وغیرہ بکثرت ہوتے ہیں۔ جا بجا باغ اور چمن کثرت سے موجود ہیں جن سے آنکھوں کو تراوت و تازگی پہنچتی ہے۔

بیشتر ہر باغ میں پھولوں کے نصب کرنے میں ایک ایسی ترتیبی سی تھی،

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جب حضرت فردوس مکاں بابر بادشاہ نے اس مُلک کو عزّت بخشی، تو خیاباں بندی اور طرح ادائی نمودار ہوئی اور دلکشا عمارتیں تعمیر کرائی گئیں اور سامعہ افروز آبشاریں تیّار ہوئیں جن کو دیکھ کر اہل عالم حیرت زدہ ہو گئے۔

ملک ہندوستان کے وہ گل و میوہ اور وہ سبزہ و سبزی و ترکاری وغیرہ جو بطور غذا و دوا استعمال کئے جاتے ہیں، حد شمار سے باہر ہیں۔

اہل ہند کی کتابوں میں بیشمار اقسام و نام مذکور ہیں۔ حکمائے ہند کا مقولہ ہے کہ اگر ہر درخت کی ایک ایک پتی توڑ کر جمع کی جائے تو ان پتیوں سے اٹھارہ بار وزن ہو جائیگے۔

پانچ سرخ کا ایک ماشہ ہوتا ہے اور سولہ ماشے کا ایک گرگ اور چہار گرگ کا ایک پل اور سو پل کا ایک تُلا اور بیس تلا کا ایک بار ہوتا ہے۔

رائج الوقت وزن کے اعتبار سے اٹھارہ بار چھیانوے من کے برابر سمجھے جا سکتے ہیں۔

اہل ہند یہ بھی کہتے ہیں کہ درخت کی زندگی دو گھڑی سے کم اور دس ہزار سال سے زیادہ نہیں ہوتی اور کوئی درخت ایک ہزار جوجن سے زیادہ بلند نہیں ہوتا۔

حکمائے ہند کا مقولہ ہے کہ درخت اپنی حیات دُنیاوی کو پورا کر کے مندرجہ ذیل دس اشیا میں سے کسی ایک سے واصل ہو جاتا ہے:۔

(۱) آتش (۲) آب (۳) ہوا (۴) خاک (۵) نباتات (۶) جانوران۔ (۷) دو ماسہ (۸) سہ ماسہ (۹) چہار ماسہ (۱۰) پنج ماسہ۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۳۲)

کارخانہ و توشکخانہ

جہاں پناہ کی توجہ سے طرح طرح کی صنعت نے رواج پایا اور ایرانی و فرنگی و خطائی صنائع و سامان بکثرت میسّر آنے لگا۔

ہر ملک سے کارپرداز اُستاد اور بےمثل ہنرمند ہندوستان میں وارد ہوئے۔ اور اہل ہند جوق جوق اُن کے گرد جمع ہو کر مختلف صنعتیں سیکھنے لگے۔

دارالحکومت لاہور، آگرہ، فتح پور، احمد آباد اور گجرات میں عجیب و غریب صنّاعیاں نمودار ہوئیں اور انواع و اقسام کے نقش و نگار عجائب روزگار بیل بوٹے کاڑھے اور بنائے گئے جن کو دیکھ کر جہاں نورد سیاح بھی عالم حیرت میں مبتلا ہو گئے۔

شہریار دانش آگاہ نے قلیل زمانے میں اس صیغے کے تمام علمی و عملی مدارج سے آگاہی حاصل کر لی اور قبلۂ عالم کی قدردانی سے نادر روزگار اُستاد قلیل عرصے میں اس مُلک میں پیدا ہو گئے

جہاں پناہ کی قدر افزائی سے ہر طرح کی نقش بافی اور ابریشم طرازی انتہائے کمال کو پہنچ گئی اور جس قدر صنعتیں تمام عالم میں پائی جاتی ہیں تمام و کمال کارخانہ ہائے شاہی میں جمع ہو گئیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

تمام اہل عالم کو زیب و زینت کا جدید و انتہائی شوق دامنگیر ہوا اور جشن نشاط کی آرائش میں دوچند اضافہ ہوا۔

خرید کردہ و تیار شدہ و نیز پیشکش تمام اقسام کے سامان نہایت احتیاط و ضابطہ پر محافظین کے سپرد کر دئے جاتے ہیں۔

جو سامان کہ دیکھنے یا تراشنے یا سینے یا پہننے یا عطا کرنے کے لئے پیشی والا میں لایا جاتا ہے، اُس کو اسی ترتیب سے نکالتے ہیں جس طرح کہ وہ رکھا گیا تھا۔

فراہم شدہ مال کی قیمت کا اندازہ لگایا جاتا ہے اور قیمت کی کمی و زیادتی کے اعتبار سے کپڑوں کے مدارج اور اُس کی ترتیب مقرر کی جاتی ہے اور گزشتہ اور موجودہ زمانے کی قیمتوں کا مقابلہ کرنے سے مال کی زیادتی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

قلیل عرصے میں مرتبہ شناسی کی گرم بازاری ہوئی اور کثرت مال کی وجہ سے قیمت اس درجہ گر گئی کہ غیاث نقشبند کا تیار کیا ہوا مال جو اس سے پیشتر سوا شرفیوں سے بھی زائد پر خرید جاتا تھا، اُس کی قیمت اب پچاس اشرفی ہو گئی ہے۔)

بیشمار اشیا میں تیس اور دس یا چالیس اور دس کا فرق آگیا

جہاں پناہ کی بلند ہمتی سے ہر طبقے نے اپنے رسوم کے مطابق مختلف پوشاک اختیار کیں اور اُن پر گرفت نہ ہوئی اور نہ بازپرس کی گئی۔

تیار شدہ اشیا کی تفصیل اور اُن کے حالات کا بیان بیحد طولانی ہے۔ مولف ایسی تفصیل کو قلم انداز کر کے صرف ان لباسوں کا ذکر کرتا ہے جن کو قبلۂ عالم خود زیب تن فرماتے ہیں۔

(ٹکوچیہ۔ ایک تنے کا سادہ لباس ہے جو ہندی لوز کے موافق تیار کیا گیا ہے۔ قدیم زمانے میں یہ جامہ چاک دامن اور چپ بند تھا قبلۂ عالم نے اس کپڑے کا دامن گول کیا اور جانب راست بند لگایا۔ سات گز مکسرا اور آٹھ گرہ کپڑے میں تیار ہوتا ہے جس میں پانچ گرہ میں بند تیار ہوتے ہیں۔

سادہ سلائی کی اجرت ایک روپے سے تین روپے تک مقرر ہے۔)

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(جس جامے میں طرح طرح کے نقش و نگار بنائے جاتے ہیں اُس کی اُجرت ایک روپے سے لے کر پانچ روپے تک ادا کی جاتی ہے۔ اور اس میں ایک مثقال ابریشم خرچ ہوتا ہے۔)

پیشواز۔ یہ جامہ بھی ٹکوچیہ کا سا ہوتا ہے لیکن اس میں بند سامنے ٹانکے جاتے ہیں۔ بعض اشخاص بے بند کی پیشواز بھی تیار کراتے ہیں۔

دوتاہی۔ یہ جامہ چھ گز چار گرہ ابر۔ دو گز چھ گز استر میں تیار ہوتا ہے۔ چار گرہ بند اور نو گرہ گوٹ میں صرف ہوتا ہے۔ اس کی مزدوری تین روپے سے ایک روپے تک ہے اور ایک مثقال ابریشم خرچ ہوتا ہے۔

شاہ اجیدہ۔ ایک گرہ میں ساٹھ دھاریاں بناتے ہیں جن کو شصت خط بھی کہتے ہیں۔ اکثر اوقات یہ جامہ دُہرے استر کا ہوتا ہے۔ بعض اشخاص اس میں روئی بھی۔ ایک گز مکتسر کام کی اجرت دو روپے مقرر ہے۔

(سوزنی۔ پاؤ سیر روئی اور دو دام ریشم خرچ ہوتا ہے۔ سنجیہ دوز کی اُجرت آٹھ روپے اور آجید کار کی چار روپے۔)

قلمجی۔ ڈیڑھ پاؤ روئی اور ایک دام ابریشم صرف ہوتا ہے۔ اجرت دو روپے مقرر ہے۔

قبا۔ مروّجہ محاورے میں روئی دار لباس کو کہتے ہیں۔ اس میں ایک سیر صاف روئی اور دو مثقال ابریشم خرچ ہوتا ہے۔ مزدوری ایک سے چار روپے تک ادا کی جاتی ہے۔

گدڑ۔ یہ جامہ قبا سے بڑا اور چوڑا اور اُس میں روئی بھی زیادہ بھری جاتی ہے۔ گدڑ ہندوستان میں پوستین کا کام دیتا ہے۔ اس میں سات گز کپڑا ابرے میں، چھ گز استر میں، چار گرہ بند میں اور نو گرہ گوٹ میں صرف ہوتا ہے۔ ڈھائی سیر روئی بھری جاتی ہے اور تین مثقال ابریشم خرچ ہوتا ہے۔ سلائی ڈیڑھ روپے سے آٹھ روپے تک ادا کی جاتی ہے۔

فرجی۔ سامنے سے کھلا ہوا ہوتا ہے اور اس میں بند نہیں ٹانکے جاتے۔ لیکن بعض اشخاص اس میں تکمہ لگاتے ہیں۔ اکثر اوقات اس کو کسی دوسرے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کپڑے کے اوپر پہنتے ہیں۔ ابرے میں پانچ گز بارہ گرہ، استر میں پانچ گز پانچ گرہ، گوٹ میں چودہ گرہ کپڑا صرف ہوتا ہے۔ ایک سیر روئی اور ایک مثقال ابریشم صرف ہوتا ہے۔ مزدوری ایک روپے سے چار روپے تک ادا کی جاتی ہے۔

فرنگل۔ فرجی یا انگی سے مشابہ لیکن اُس سے بہتر و خوبصورت ہوتا ہے۔ اہل فرنگ کی ایجاد ہے۔ لیکن اس زمانے میں خاص و عام سب پہنتے ہیں۔ فرنگل طرح طرح کے تیار کیے جاتے ہیں۔

ابرے میں نو گز ساڑھے چھ گرہ۔ استر میں نو گز ساڑھے چھ گرہ کپڑا خرچ ہوتا ہے۔ چھ مثقال ابریشم اور ایک سیر روئی خرچ ہوتی ہے۔ یک تہی اور دو تہی ہر دو قسم کے فرنگل تیار کر لیتے ہیں۔ اجرت پانچ روپے مقرر ہے۔

چکمن۔ بانات و صوف اور موم جامے سے بنایا جاتا ہے قبلۂ عالم نے ایک خاص قسم کا موم جامہ ایجاد فرمایا ہے جو بیحد سبک اور خوشنما ہے اور بارش میں پانی اُس سے نہیں چھنتا۔

یہ لباس چھ گز کپڑے میں تیار ہوتا ہے اور پانچ گرہ کپڑا بند میں صرف ہوتا ہے۔ دو مثقال ابریشم بھی کام میں آتا ہے۔ بانات چکمن کی اجرت دو روپے، صوفی کی ڈیڑھ روپیہ اور موم جامے کی آٹھ آنے مقرر ہے۔

(شلوار۔ مختلف اقسام کے کپڑوں سے سی جاتی ہے۔ یہ ایک تہی بھی ہوتی ہے اور دو تہی بھی۔ بخیہ دار بھی ہوتی ہے اور سادہ بھی۔ نیفے میں چھ گرہ، استر میں تین گز پانچ گرہ کپڑا صرف ہوتا ہے۔ ½ مثقال ابریشم اور آدھ سیر روئی صرف ہوتی ہے۔ اس کی سلائی چار آنے سے آٹھ آنے تک مقرر ہے۔)

مذکورۂ بالا لباس میں ہر جامہ مختلف اقسام کا ہوتا ہے۔

(رومال و دستار، تہمد و دوپٹہ وغیرہ کا بیان حد امکان سے خارج ہے)

گرانمایہ خلعت، جو قبلۂ عالم ایام جشن میں زیب تن فرماتے ہیں اور جس کے عطیے سے ارکین و اعیان دولت کو سرفرازی حاصل ہوتی ہے اس قدر مختلف اقسام کی تیار کی جاتی ہیں کہ اُن کی تفصیل معرض تحریر میں نہیں آسکتی۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اس قدر مختلف اقسام کے تیار کیئے جاتے ہیں کہ ان کی تفصیل معرض تحریر میں نہیں آسکتی۔
(فصل کے خاص لباس ہزار کی تعداد میں تیار ہوتے ہیں اور بارہ بقچے میں ایک سو بیس کپڑے حفاظت سے رکھے جاتے ہیں)
جہاں پناہ پشمینے کو بیحد عزیز رکھتے اور اس کا استعمال زیادہ فرماتے ہیں۔
خاصکر شال کی تیاری میں پشمینہ بکثرت صرف ہوتا ہے۔
قبلۂ عالم کے اقبال جہاں کشائی کا حیرت انگیز کرشمہ یہ ہے کہ خاصے کا لباس ہر دراز و کوتاہ شخص کے جسم پر ٹھیک اور موزون ہوتا ہے جس کو دیکھ کر کہہ وہم حیرت میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔
جہاں پناہ نے ہر لباس کو ایک ایک جدید نام سے موسوم کیا ہے یہ ایجاد سامعے کو فروغ دانش سے مستفید کرتی ہے۔

سَرْبَتْ گاتی	جس سے تمام بدن چھپ سکے یعنی جامہ
یا ربیراہن	ازار
تن زیب	نیم تنہ
پَٹ گَت	رومال پگڑی، لنگی وغیرہ
چَتَر گَت	برقع
سَیلِش سُوبھا	ٹوپی و کلاہ
کَیلِش گھن	موباف
گَت زیب	پٹکہ
پَرم نرم	شال
پَرم گرم	پشمینے کی فرد

کپور دبور جو تبت میں بنی جاتی اور بیحد عمدہ ہوتی ہے۔
چرن دھرن ..... پائے افراز .....
اسی طرح بیشتر اشیا کو خوبترین و عمدہ ناموں سے موسوم کر کے شہرت دی۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۳۳)

شال

بادشاہ عالم پناہ نے اپنی کارآگہی سے شال میں ترمیم کرکے اُس کی چار قسمیں قرار دی ہیں۔

تحوس۔ اسی نام کے ایک جانور کے بالوں سے تیّار کی جاتی ہے۔ اس کے اصلی رنگ سیاہ و سفید و سرخ ہے ہیں لیکن سیاہ رنگ بکثرت پایا جاتا ہے

بعض شال قطعی سفید ہوتے ہیں۔ یہ قسم سبکی و گرمی و نرمی ہر صفت میں بینظیر ہے۔ اہل زمانہ محض نمائش کی وجہ سے اس میں تغیّر پسند نہیں کرتے تھے اور عام طور پر سفید ہی استعمال کرتے تھے۔ قبلۂ عالم نے اس کو مختلف الوان سے آراستہ و تیّار کرایا لیکن حیرت یہ ہے کہ یہ شال سرخ رنگ قبول نہیں کرتا۔

سفید ایچہ جس کو طرحدار بھی کہتے ہیں۔ اس کے اون کا رنگ سفید یا سیاہ ہوتا ہے۔ اس کی تین قسمیں ہیں قطعاً سفید، قطعاً سیاہ اور سیاہ و سفید آمیختہ (دھاری دار)۔

قدیم زمانے میں سفید رنگ کے شال صرف تین یا چار رنگ میں رنگے جاتے تھے۔ قبلۂ عالم نے اس کو بیشمار رنگوں میں رنگوایا اور طرح طرح کے نمونے

تیار ہوئے۔

جہاں پناہ نے علاوہ سادے شال کے کامدار شالیں بھی تیار فرمائے اور اب زردوزی، کلابتونی، کشیدہ، قلف، باندھنول، جھینٹ و ایچہ و پرتدار، تمام اقسام حضرت شاہ کی جدت پسند طبیعت کے نتائج ہیں۔

قبلۂ عالم نے چھوٹی چادروں کو اس قدر بڑھایا کہ جامہ رس ہو گئیں۔ چادروں کے مراتب روز و ماہ و سال و قیمت و رنگ و وزن کے اعتبار سے قرار پائے اور اس کام کے لئے ایک محکمہ قائم کیا گیا جس کو رائج الوقت محاورے میں مثل کہتے ہیں۔

عمال سررشتہ اس امر کا لحاظ کر کے ہر چادر کی نوعیت ایک کاغذ کے پرچے پر لکھ کر شال میں ٹانک دیتے ہیں۔ اور چادریں بیش قیمت و عمدہ بھی ہوتی ہیں اگر ایک ہی جنس کی چادریں قرار دیں، ماہ الٰہی میں آرمزد کے روز توشہ خانے میں داخل کی جاتی ہیں تو یہ چادریں اُن تمام شالوں سے ہوتی ہیں، وہی اعلیٰ خیال کی جاتی ہیں جو ارمزد کے علاوہ دیگر ایام میں داخل ہوتی ہیں۔ دوسری چادریں اگر قیمت میں یکساں برابر ہوتی ہیں تو برتری وکم پائگی کا لحاظ یوم داخلہ کے اعتبار سے کیا جاتا ہے۔ اور اگر داخلے کا روز بھی ایک ہی ہوتا ہے تو جو چادر سبک تر ہوتی ہے وہ اعلیٰ شمار کی جاتی ہے۔ لیکن اگر اس صفت میں بھی مساوی ہوئیں تو رنگ کے لحاظ سے بہتر و کمتر خیال کی جاتی ہیں۔

الوان کے اعتبار سے اعلیٰ و ادنیٰ شمار کرنے کی ترتیب حسب ذیل ہے۔

لحوس، سفید ایچہ، لعل، نرین، نارنجی، ترنجی، قرمزی۔ کاہی، گل پستہ، صندلی، بادامی، ارغوانی، عنابی، طوطکی، عسلی، سوسنی، بنفشی، گل کاسنی، سیبکی، علقی، پستئی، پرگل، گل خارِ برن، بھوج پتر۔ گلابی، آسمانی، قلقی، آبی، زیتونی، جگری، قمردی، چلتی، بنفشی، چھپائی، انبوہی، مشکین، فاختئی، ایک روزہ کے قواعد پر تمام سال کے آئین دستور کو قیاس کرنا چاہئے۔

قدیم زمانے میں شال گاہ کشمیر سے لائی جاتی تھی اور اس کے شقائق

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ایک ہی چادر کی چار تہ کر کے اوڑھتے تھے۔

اس زمانے میں ہر خاص و عام سے تہ کی چادروں سے کاندھوں کو زیب و زینت دیتا ہے۔

قبلۂ عالم نے چادر کو دو تہ کر کے اوڑھنا شروع کیا جو دیکھنے میں بہت خوش منظر و زینت افروز ہے۔

(جہاں پناہ کی توجہ سے کشمیر میں شال بافی کی صنعت میں بے انتہا ترقی ہوئی اور لاہور میں ہزار سے زاید کارخانے نکل گئے۔)

(شال کے علاوہ لاہور میں ایک دوسرے قسم کی اونی ریشمی چادر بھی تیار کی جاتی ہے جس کو مایاں کہتے ہیں۔ مایاں کے علاوہ پٹکے و دستار وغیرہ بھی ریشم و اون کے تیار کئے جاتے ہیں۔)

مزید آگاہی کے لئے اس کارخانے کی ایک مختصر جدول پیش کی جاتی ہے۔

جدول زری

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
مخمل زربفت یزدی	طاقی، پندرہ مہر سے ایک سو پانچ مہر تک	۱ صفحہ تا ۱۱۱ صفحہ
〃 فرنگی	دس مہر سے ستر مہر تک	۱۱۲ تا ۱۱۳
〃 گجراتی	دس مہر سے پچاس مہر تک	۱۱۴ تا ۱۱۶
〃 کاشی	دس مہر سے چالیس مہر تک	۱۱۷ تا ۱۱۸
〃 ہروی	.....	.....
〃 لاہوری	دس مہر سے چالیس مہر تک	۱۱۹ تا ۱۲۰
زربفت پرسر	تین مہر سے ستر مہر تک	۱۲۱ تا ۱۲۲
〃 مطبق	دو مہر سے ستر مہر تک	۱۲۳ تا ۱۲۴
〃 میلک	تین مہر سے ستر مہر تک	۱۲۵ تا ۱۲۶

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
زربفت گجراتی	چھ مُہر سے ساٹھ مُہر تک	لوحہ تا صالحہ
اطلس گجراتی	ایک مُہر سے تینتیس مُہر تک	لو تا ساط۹
دوارائی باف	دو مُہر سے پچاس مُہر تک۔	ساط۹ تا اسکے حہ
مقیش	ایک مُہر سے بیس مُہر تک	لو تا ثالحہ
شروانی	چھ مُہر سے سترہ مُہر تک	لوحہ تا ثاسحہ
مشجر فرنگی	فی گز ایک مُہر سے چار مُہر تک	لو تا سیحہ
دیبائے یزدی	ایک مُہر سے ڈیڑھ مُہر تک	لو تا سحہ
دیبائے فرنگی	ایک مُہر سے چار مُہر تک	لو تا سیحہ
خارا	پانچ روپے سے دو مُہر تک	حہ تا سحہ
اطلس ختائی	.....	.....
زار ختائی	.....	.....
غرمہ	.....	.....
تفصیلہ (مکہ معظمہ سے آتا ہے)	پندرہ روپے سے بیس روپے تک	حیحہ تا عحہ
کوتہ ور گجراتی	ایک مُہر سے بیس مُہر تک	لو تا ثالحہ
مندیل	ایک مُہر سے چودہ مُہر تک	لو تا ساحیحہ
چیرہ	نصف مُہر سے آٹھ مُہر تک	نصف تا ۷ حہ
دوپٹہ	چھ روپے سے آٹھ روپے تک	لے تا حہ
فوطہ	نصف مُہر سے بارہ مُہر تک	نصف تا ساحہ
پلنگ پوش	ایک مُہر سے بیس مُہر تک	لو تا ثالحہ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جدول ابریشمی

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
مخمل فرنگی	فی گز ایک مُہر سے چار مُہر تک	۱ تا ۴
" کاشی	طاقی دو مُہر سے سات مُہر تک	۲ تا ۷
" یزدی	دو مُہر سے چار مُہر تک	۲ تا ۴
" شہدی	دو مُہر سے چار مُہر تک	۲ تا ۴
" ہروی	ڈیڑھ مُہر سے تین مُہر تک	۱½ تا ۳
" خافی	دو مُہر سے چار مُہر تک	۲ تا ۴
" لاہوری	دو مُہر سے چار مُہر تک	۲ تا ۴
" گجراتی	فی گز ایک روپے سے دو روپے تک	۱ تا ۲
قطیفہ یزدی	ایک روپے سے ڈیڑھ روپے تک	۱ تا ۱½
تاجیباف	طاقی دو مُہر سے تین مُہر تک	۲ تا ۳
مُطبّق	ایک مُہر سے تیس مُہر تک	۱ تا ۳۰
شروانی	ڈیڑھ مُہر سے دس مُہر تک	۱½ تا ۱۰
سیلک	ایک مُہر سے سات مُہر تک	۱ تا ۷
کمخواب دلائتی	ایک مُہر سے پانچ مُہر تک	۱ تا ۵
نوار	ایک روپے سے دو مُہر تک	۱ تا ۲
جوزی	چار روپے سے دس روپے تک	۴ تا ۱۰
مشجّر فرنگی	فی گز دو روپے سے ایک مُہر تک	۲ تا ۱
مشجّر یزدی	طاقی ایک مُہر سے دو مُہر تک	۱ تا ۲
اطلس فرنگی	فی گز دو روپے سے ایک مُہر تک	۲ تا ۱
اطلس یزدی	پانچ روپے سے دو مُہر تک	۵ تا ۲
خارا	فی گز ایک روپے سے چھ روپے تک	۱ تا ۶

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
سہ رنگ	ایک مُہر سے تین مُہر تک	۱ تا ۳ مُہر
قطنی	ڈیڑھ روپے سے دو مُہر تک	۱/۸ تا ۱ مُہر
کتان فرنگی	نصف روپے سے ایک روپے تک	۱/۸ تا ۱/۴
تافتہ	چار دام سے دو روپے تک	۱/۴ تا ۱/۸
اَنبَرِی	فی گز ایک آنہ آٹھ پائی سے نصف روپے تک	۱/۸ تا ۱/۸
دارائی	فی گز تین آنے دو پائی سے دو روپے تک	۱/۲ تا ۱/۸
سِتی پُوری	چھ روپے سے دو مُہر تک	۱ تا ۱ مُہر
قبا بند	چھ روپے سے دو مُہر تک	۱ تا ۱ مُہر
طاقہ بند	دو روپے سے ڈیڑھ مُہر تک	۱/۸ تا ۱ مُہر
لاہ	فی گز دو آنے تین پائی ایک دمڑی سے پانچ آنے سہ پائی تک۔	۲ ۱/۳ پائی تا ۵ ۱/۴ پائی
مصری	نصف مُہر سے ایک مُہر تک	۱/۲ تا ۱ مُہر
سَاز	فی گز + دسواں حصّہ روپے سے پانچویں حصّے روپے تک۔	۱ ۱/۴ پائی ب تا ۳ ۱/۲ پائی ب
تَشتر	از روئے تعداد تیسرے حصّے روپے سے دو روپے تک	۵ ۱/۴ پائی تا ۵ ۱/۴ پائی
اطلس سادہ کرتہ دار	فی گز آٹھ آنے سے ایک روپے تک	۱/۸ تا ۱/۴
آلچہ	فی گز پانچویں حصّے روپے سے دو روپے تک۔	۳ ۱/۲ پائی ب تا ۱/۴
تفضیلیہ	آٹھ روپے سے بارہ روپے تک	۱/۲ تا ۱/۴
کمخوز نوز	فی گز نصف روپے سے ایک روپے تک	۱/۸ تا ۱/۴

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جدول پارچہ جات ریسمانی (سوتی)

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
خاصہ	تین روپے سے پندرہ مُہر تک	۳ تا ۱۵
چوتار	دو روپے سے نو مُہر تک	۲ تا ۹
ململ	چار روپے سے پانچ مُہر تک	۴ تا ۵
تن سکھ	چار روپے سے پانچ مُہر تک	۴ تا ۵
سرکار خاصہ	دو روپے سے پانچ مُہر تک	۲ تا ۵
گنگا جل	چار روپے سے پانچ مُہر تک	۴ تا ۵
بھیرون	چار روپے سے چار مُہر تک	۴ تا ۴
سہن	ایک مُہر سے تین مُہر تک	۱ تا ۳
جھونہ	ڈھائی روپے سے ایک مُہر تک	۲½ تا ۱
آلکان	ڈھائی روپے سے ایک مُہر تک	۲½ تا ۱
آسا ولی	ایک مُہر سے پانچ مُہر تک	۱ تا ۵
بافتہ	ڈیڑھ روپے سے پانچ مُہر تک	۱½ تا ۵
محمودی	ڈیڑھ مُہر سے چار مُہر تک	۱½ تا ۴
پنجشوکیہ	ایک مُہر سے تین مُہر تک	۱ تا ۳
سالو	تین روپے سے دو مُہر تک	۳ تا ۲
کرتہ سوتی	ڈیڑھ مُہر سے دو مُہر تک	۱½ تا ۲
ڈوریہ	دو روپے سے دو مُہر تک	۲ تا ۲
بہادر شاہی	دو روپے سے دو مُہر تک	۲ تا ۲
سیلہ و کھیس	ڈیڑھ مُہر سے دو مُہر تک	۱½ تا ۲
مہرجل	تین روپے سے دو روپے تک	۳ تا ۲
مندیل	ڈیڑھ مُہر سے دو مُہر تک	۱½ تا ۲

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
سرپند	نصف مُہر سے دو مُہر تک	۱/۸ تا ۱
دُوپٹّہ	ایک روپے سے ایک مُہر تک	۱/۴ تا ۱
کتانچہ	ایک روپے سے ایک مُہر تک	۱/۴ تا ۱
فوطہ	نصف روپے سے چھ روپے تک	۱/۸ تا ۳/۴
گوش پیچ	ایک روپے سے دو روپے تک	۱/۴ تا ۱/۲
جُھولہ	نصف مُہر سے ڈھائی مُہر تک	۱/۸ تا ۱/۲
چھینٹ	نی گز دو دام سے ایک روپے تک	۱/۱۰ پائی تا ۱/۴
گزینہ	آٹھ آنے سے ڈیڑھ روپے تک	۱/۸ تا ۱/۴
سِلاہٹی	نی گز دو دام سے چار دام تک	

جدول پشمینہ

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
سقرلاط فرنگی و رومی و پرتگالی	نی گز ڈھائی روپے سے چار مُہر تک	۱/۸ تا ۲
" ناگوری و لاہوری	دو روپے سے ایک مُہر تک	۱/۴ تا ۱
صوف مربع	چار مُہر سے پندرہ مُہر تک	۲ تا ۱۵
صوف مشجّر	تین روپے سے پانچ مُہر تک	۳ تا ۵
پرم نرم	دو روپے سے آٹھ مُہر تک	۱/۲ تا ۸
چیرہ پرم نرم	دو روپے سے پچیس مُہر تک	۱/۲ تا ۲۵
فوطہ	نصف مُہر سے تین مُہر تک	۱/۸ تا ۳
جامہ دار پرم نرم	نصف مُہر سے چار مُہر تک	۱/۸ تا ۲

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
گوشس پیچ	ڈیڑھ روپے سے ڈیڑھ مُہر تک	۱½ تا ۱½
اغری	سات روپے سے ڈھائی مُہر تک	۷ تا ۲½
پرم گرم	تین روپے سے ڈھائی مُہر تک	۳ تا ۲½
کتاش	ڈھائی روپے سے دس مہر تک	۲½ تا ۱۰
پھوک	ڈھائی روپے سے پندرہ روپے تک	۲½ تا ۱۵
دُرمہ	دو روپے سے چار مُہر تک	۲ تا ۴
پٹّو	ایک روپے سے دو روپے تک	۱ تا ۲
ریوکار	دو روپے سے ایک مُہر تک	۲ تا ۱۰
مصری	پانچ روپے سے پچاس روپے تک	۵ تا ۵۰
بُردِ یمانی	پانچ روپے سے پینتیس روپے تک	۵ تا ۳۵
یانچی نمد	دو روپے سے ایک مُہر تک	۲ تا ۱۰
کسک نمد	دو روپے سے ایک مُہر تک	۲ تا ۱۰
تکیہ نمد ولایتی	دو روپے سے ایک مُہر تک	۲ تا ۱۰
تکیہ نمد ہندی	ڈیڑھ روپے سے پانچ روپے تک	۱½ تا ۵
لوئی	چودہ دام سے چار روپے تک	۱۴ دام تا ۴
کنبل	دس دام سے دو روپے تک	۱۰ دام تا ۲
کلاہ کشمیری	دو دام سے ایک روپے تک	۲ پائی تا ۱

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۳۴)

پیدائش رنگ

ماہرین الوانیات سفید و سیاہ رنگ کو اصل اور مختلف رنگوں کے اجزائے ذاتی خیال کرتے ہیں اور بقیہ رنگ کو انھیں دو رنگوں کی آمیزش کا نتیجہ بیان کرتے ہیں۔

ان حکما کا مقولہ ہے کہ کثیر سفیدی اور قلیل سیاہی کی آمیزش سے زرد رنگ پیدا ہوتا ہے اور اگر سفیدی اور سیاہی وزن و مقدار میں برابر ہوں تو اس ارتباط سے سرخ رنگ نمودار ہوتا ہے۔

قلیل سفیدی اور کثیر سیاہی کی آمیزش سبز رنگ [illegible]

ان کے علاوہ دیگر الوان مذکورۂ بالا رنگوں کی [illegible]

ماہرین فن کا بیان ہے کہ سردی تر جسم کو سفید اور [illegible] کو سیاہ کرتی ہے اور کوئی [illegible] سیاہ اور [illegible] سفید ہوتی [illegible] انہی [illegible] سے [illegible] اثر [illegible] قابل بھی ہیں اور [illegible] خصوصاً [illegible] جو محصل [illegible]

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۳۵)

تصویر خانہ

صورت سے صاحب صورت کا نشان ملتا ہے اور اس نشان سے حقیقت کا اندازہ ہوتا ہے۔ پیکر خط سے حروف والفاظ معلوم ہوتے ہیں اور حرف ولفظ سے معنی کا پتا چلتا ہے۔

اگرچہ تصویر میں (جو عرف عام میں مشہور ہے) جسم کی شبیہ اُتارتے ہیں اور کارپردازان فرنگ عجیب وغریب صورتوں میں بیشمار خلقی عادات واطوار کو نمودار کرکے ظاہر بیں اشخاص کو خلوتکدۂ حقیقت کی سیر کراتے ہیں اور شبیہ پر اصل کا دھوکا ہوتا ہے لیکن خط تصاویر سے کہیں بلند پایہ وعالی مرتبہ ہے کیونکہ یہ قدیم اُستادوں کے تجربات سے آگاہ کرتا ہے اور اس واقفیت سے عقل وفہم میں ترقی نصیب ہوتی ہے۔ اسی امر کو ملحوظ رکھ کر مولف کتابخانے کا حال بیشتر معرض تحریر میں لاتا ہے۔

تصویر کشی کی بہترین قسم خطاطی ہے۔ جہاں پناہ اس پر خاص توجہ فرماتے ہیں اور ظاہر وباطن ہر شعبے میں دور بینی سے کام لیتے ہیں۔

یہ امر قطعاً صحیح ہے کہ خط حسن پرستوں کی نگاہ میں ایک مقید ومحدود جلوہ گاہ نور ہے اور دور بیں حضرات کی رائے میں جام جہاں نما ہے جس میں

عالم کی سیر آسانی سے ممکن ہے

خط قلم آفرینش کا ایک روحانی نقطہ اور دست تقدیر کے ہاتھ کے نوشتے سے آسمانی کتابیہ ہے۔ خط سخن کا رازدار اور قلم وہاتھ کی زبان ہے۔ سخن صرف حاضرین کے قلب کو مطمئن کرتا ہے لیکن خط نزدیک و دور ہر قسم کے شخص کو علم و کمال سے واقف کرتا ہے۔

اگر خط نہ ہوتا تو سخن میں جان نہ پڑتی اور دل تک آنکھوں سے دور احباب واعزہ کے پیام نہ پہنچتے۔

ظاہر پرست خط کو سیکر سیاہ خیال کرتے ہیں لیکن حقیقت شناس اس کو چراغ شناسائی سمجھتے ہیں۔

یہ سچ ہے کہ یہ ظلمت ہے لیکن اس تاریکی میں ہزاروں نورانی شمعیں پنہاں و تاباں ہیں۔ بلکہ یہ کہنا قطعاً صحیح ہے کہ نارسیدہ چشم کے خال کے قریب نورانی فانوس درخشاں ہے۔

صنعت الٰہی کا نقش اور شہرستان حقیقت و معنی کا سواد ہے۔ رات ہے جس میں خورشید تاباں جلوہ فگن ہے۔ ابر سیاہ ہے جس سے تابان و درخشاں موتی برس رہے ہیں۔ بینائی کا خزانہ ہے اور حقیقت کا نہاں خانہ عجیب و غریب طلسم ہے جو خاموشی کے عالم میں گویا ہے۔ بلا ماندہ ہے لیکن قوت رفتار کا مالک ہے۔ افتادہ ہے لیکن راہ بلند پروازی میں سالک ہے۔

اس کی اصل حقیقت یہ ہے کہ خدائی مشعل علم سے ایک پرتو نفس ناطقہ پر پڑتا ہے تو اب اس پرتو کو شہرستان خیال میں جو مجرد اور مادی عالموں کے درمیان ایک برزخ ہے، لے جاتا ہے تاکہ مجرد مادیات سے تعلق پیدا کرے اور مطلق شئے قیود کی جکڑبندیاں برداشت کرنے کی عادی ہو۔

اس مرحلے کے طے ہونے کے بعد پرتو آسمانی عالم خیال سے دل میں اترتا ہے اور دل سے زبان پر آتا ہے اور زبان سے نکل کر ہوا کے ذریعے سے کان میں داخل ہوتا ہے اور اس کے بعد یکے بعد دیگرے مادی تعلقات سے آزاد ہوتا ہو

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اپنے مرکز حقیقی کو واپس جاتا ہے۔
کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ اس آسمان پرواز مسافر کو سر انگشت سے امداد پہنچا کر قلم دسیاہی کے بر و بحر کی سیر کراتے ہیں اور تفریح سے فارغ کرا کے صفحۂ قرطاس کے عشرت کدے میں اس کو اتارتے ہیں
یہ آسمانی مہمان صفحات کاغذ پر اپنے نقش قدم چھوڑ کر خود نگاہوں کی راہ سے عالم بالا کو پرواز کر جاتا ہے
چونکہ خط حروف کا پتا دیتا ہے اس لئے تالیف کا اقتضا یہی ہے کہ ناظرین کی مزید آگاہی کے لئے حرف کی بھی مختصر کیفیت معرض بیان میں لائی جائے۔
واضح ہو کہ حرف ایک خاص کیفیت کا نام ہے جو ہوا کے اختلاف تموج سے پیدا ہوتی ہے۔
دو سخت چیزوں کے باہمی اتصال کو (ملنا) کو قرع کہتے ہیں اور ان کے شدید افتراق (جدا ہونا) کو قلع کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ میانہ ہوا پانی کی طرح لہریں لیتی ہے اور اس تموج سے ایک کیفیت پیدا ہوتی ہے جس کو آواز کہتے ہیں۔
بعض حکما تموج کو سبب قریب مان کر تموج ہوا ہی کو صوت کے نام سے یاد کرتے ہیں اور بعض اس کو سبب بعید جانتے ہیں۔ ان کی رائے ہے کہ تموج سے قرع اور قلع پیدا ہوتے ہیں اور ان دونوں کیفیتوں کے شدید اتصال کا نام آواز ہے۔ صوت کو دیگر کیفیات بھی عارض ہوتی ہیں یعنی زیری و بمی و غنگی و پیچیدگی۔ آخری کیفیت گرانی گلو کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔
مخارج اور اجزائے ہوائی کی تقطیع سے ایک دوسری کیفیت عارض ہوتی ہے جس سے دو زیر و بم و دو غنہ اور دو بیحوحت (پیچیدگی) باہم ایک دوسرے سے جدا ہوتے ہیں۔
بوعلی سینا کی رائے ہے کہ بعض کیفیت ثانی کے عارض ہونے کا نام حرف ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بعض حکما کی رائے ہے کہ دوگانہ کیفیتوں کے ایک دوسرے سے متمائز اور جدا ہونے کو حرف کہتے ہیں

خلاصہ یہ ہے کہ ابن سینا عارض کو حرف جانتا ہے اور گروہ دیگر کی رائے میں معروض کا نام حرف ہے۔

لیکن حقیقت شناس گروہ کا مذہب ہے کہ عارض و معروض کے مجموعے کو حرف کہتے ہیں اور خاکسار مولف کی رائے میں یہی مشرب قرین تحقیق ہے۔

ہندی زبان میں باون حروف بولتے ہیں، فارسی میں اٹھائیس اور عربی میں انتالیس جن کی صرف اٹھارہ آوازیں ہوتی ہیں۔ اگر ہمزہ کو الف سے جدا نہ سمجھیں تو حالت ترکیب میں صرف پندرہ آوازیں رہ جاتی ہیں۔

مفردات میں الف اور لام کو یکجا لکھتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ حرف ساکن کو ضرورتاً کسی دوسرے حرف سے ملانا پڑتا ہے۔ لام کو اس لئے مخصوص کر لیا ہے کہ لام الف کا اور الف لام کا دل ہے

قدیم زمانے میں اعراب نہ تھے، چند مختلف رنگ کے نقطے مقرر تھے جن سے اعراب کا کام لیا جاتا تھا، مثلاً سرخ نقطہ اگر حرف کے اوپر بنایا جاتا تو زبر کی علامت سمجھا جاتا تھا اور اس حرف کے سامنے پیش کی اور نیچے زیر کی علامات کا نشان تھا۔

خلیل بن احمد عروضی نے ہر حرکت کے لئے ایک خاص صورت مقرر کی جو آج تک رائج ہے۔

واضح ہو کہ خط کا حسن اس کے دیگر مراتب کی طرح اہل خط کے اختلاف مذاق کی طرح مختلف ہے۔ ہر گروہ خاص حروف رکن کا شیدائی ہے اور اسی کو خط کے بہترین محاسن میں شمار کرتا ہے۔ خط کے اقسام یہ ہیں۔ ہندی، سریانی، یونانی، عبری، قبطی، مقلی، کوفی، کشمیری، حبشی، ریحانی، عربی، فارسی، رومی، حمیری، بربری، اندلسی، رومانی وغیرہ جن کا قدیم کتابوں میں ذکر ہے۔ بعض عبرانی کتابوں میں خط عبری حضرت آدم صفی اللہ سے منسوب کیا گیا ہے اور ایک گروہ نے اس خط کو حضرت ادریس علیہ السلام سے نسبت دی ہے بعض اشخاص کی رائے ہے کہ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

حضرت ادریس علیہ السلام نے خط معقلی ایجاد کیا۔
ایک جماعت کہتی ہے کہ امیر المومنین علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مفضلی سے خط کوفی ایجاد کیا۔
خطوط کا اختلاف دَور اور سطح کے اختلاف پر مبنی ہے چنانچہ خط کوفی ایک دانگ دور ہے اور باقی سطح (قلم کی نَے اگر سیدھی ہے تو سطح ہے اور اگر مدوّر ہے تو دور کہلاتی ہے)۔ اور معقل تمام تر سطح ہے۔
قدیم عمارات کے کتابے بیشتر اس خط میں پائے جاتے ہیں۔ بہترین قسم خط کی وہ ہے جس میں سیاہی اور سفیدی اس خوبی و صفائی کے ساتھ متمائز و علٰحدہ ہوں کہ پڑھنے میں شبہ نہ واقع ہو۔
زمانۂ حال میں ایران و توران، روم و ہند میں آٹھ قسم کے خط رائج ہیں اور ہر گروہ ایک خاص خط کا شیدائی ہے۔ ان ہشت گانہ خطوط میں چھ خط ابن مُقلہ نے سنہ ۳۱۰ ہجری میں معقلی و کوفی سے ایجاد کئے جن کے اسما مندرج ذیل ہیں۔
۱ ثلث ۲۔ توقیع ۳۔ رقاع ۴۔ نسخ ۵۔ ریحان ۶۔ محقق۔
ایک گروہ خط غبار کو ان خطوط میں اضافہ کر کے ابن مقلہ کو سات خطوط کا موجد قرار دیتا ہے۔
دوسرا گروہ خط نسخ کو یاقوت مستعصمی کی ایجاد خیال کرتا ہے۔
ثلثین یعنی ثلث و نسخ دو دانگ دور اور چار دانگ سطح پر مشتمل ہیں۔ خط ثلث جلی ہے اور نسخ خفی۔
توقیع و رقاع سات حصے چار دانگ دور اور باقی سطح ہیں۔ ان دونوں خطوں کی اوراح جلی و خفی یعنی اقلام کلاں و متوسط و خرد کتابت ہوتی ہے۔
محقق و ریحان ... حصے چار دانگ سطح اور باقی دور ہیں۔ ان خطوط کی اوراح ثلثین و توقیع کی اوراح کے برابر ہوتی ہیں۔
علی بن ہلال جو ابن بواب کے نام سے مشہور ہے، مذکورہ بالا خطوط میں سے ہر خط کا کامل نمونہ لکھتا۔ یاقوت مستعصمی کو مشق خوشنویسی کو معراج کمال تک پہنچایا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اور چھ نامی و گرامی شاگرد یادگار چھوڑے۔ شاگردوں کے نام مندرج ذیل ہیں۔
۱۔ شیخ احمد المعروف بہ شیخ زادہ سہروردی، ۲۔ ارغون کابلی،
۳۔ مولانا یوسف شاہ مشہدی، ۴۔ مولانا مبارک شاہ زرین قلم،
۵۔ حیدر گندہ نویس، ۶۔ میر یحییٰ صوفی۔

نصر اللہ صدر عراقی، ارقون عبد اللہ، خواجہ عبد اللہ صیرفی،
مولانا عبد اللہ آتش پز، مولانا محی شیرازی، معین الدین تنوری، شمس الدین خطائی۔
عبد الرحیم جلولی، عبد الحی، مولانا جعفر تبریزی۔ مولانا شاہ مشہدی،
مولانا معروف بغدادی، مولانا شمس الدین بالیسغری، معین الدین فراہی،
عبد الحق سبزواری، مولانا نعمت اللہ بواب، خواجگی مومن موجد غبار افشانی و رنگ آمیزی،
سلطان ابراہیم فرزند میرانشاہ رخ، مولانا محمد حکیم، حافظ مولانا محمود سیاوش،
مولانا جمال الدین، مولانا پیر محمد، میر فضل الحق قزوینی بھی بے بدل خوشنویس،
اور خطوط شش گانہ کے کامل استاد تھے۔

خط کی ساتویں قسم تعلیق ہے جو رقاع و توقیع سے مستخرج ہے۔
خواجہ تاج سلمانی شش قلم نے اس خط میں کمال پیدا کیا۔ بعض افراد کی
رائے ہے کہ یہی شخص خط تعلیق کا موجد ہے۔

متاخرین میں عبد الحی منشی سلطان ابو سعید مرزا نے اس خط میں
بینظیر خوشنویسی کی۔

مولانا درویش و امیر منصور و مولانا ابراہیم استرآبادی و خواجہ اختیار منشی،
جمال الدین محمد قزوینی، مولانا ادریس اور خواجہ محمد حسین بھی اس خط کے مشہور آفاق
استاد ہیں۔

جہاں پناہ کے میر منشی اشرف خاں نے خط تعلیق کو معراج کمال تک پہنچایا۔
آٹھویں قسم خط کی نستعلیق ہے۔ اس خط میں تمام دور ہی دور ہے اور
سطح قطعاً نہیں ہے۔

مشہور ہے کہ حضرت صاحبقران کے عہد حکومت میں خواجہ میر علی تبریزی نے
یہ خط نسخ و تعلیق سے استخراج کیا، لیکن یہ روایت صحیح نہیں ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

صاحبقراں سے پیشتر زمانے کے چند رسالے اس خط میں ملے اور دیکھے گئے ہیں۔

میر علی تبریزی کے دو شاگرد اس خط کے بمثل اُستاد گزرے ہیں جو دوسروں پر سبقت لے گئے۔

یہ شاگرد مولانا جعفر تبریزی اور مولانا اظہر کے نام سے مشہور ہیں۔

اس خط کے خوشنویسوں میں مولانا محمد اولہی اپنے زمانے کے بینظیر منشی اور یکتائے روزگار خطاط تھے۔ مولانا باری ہروی بھی معروف خوشنویس ہیں، لیکن سرآمد خوشنویساں مولانا سلطان علی مشہدی ہیں جنھوں نے اگرچہ مولانا اظہر سے براہ راست تعلیم نہیں حاصل کی لیکن اُن کے نوشتوں سے بیشمار فوائد و نکات اخذ کئے۔ مشہدی کے چھ شاگردوں نے نام پیدا کیا جن کے اسما مندرج ذیل ہیں۔

(۱) سلطان محمد خنداں (۲) سلطان محمد نور (۳) مولانا علاؤ الدین ہروی (۴) مولانا زین الدین (۵) مولانا صبیدی نیشاپوری (۶) محمد قاسم شادی شاہ۔

ان اشخاص میں سے ہر ایک نے جدید طرز پر خوشنویسی کی۔

مولانا سلطان علی فانی و مولانا بحرانی بھی اس خط کے بینظیر اُستاد گزرے ہیں۔

ان حضرات کے بعد مولانا میر علی ہروی سر دفتر خوشنویساں ہوئے۔

یہ بزرگ اگرچہ بظاہر مولانا زین الدین کے شاگرد تھے لیکن مولانا سلطان علی کے نوشتوں سے تعلیم حاصل کر کے اُستاد زمانہ ہوئے۔

مولانا میر علی ہروی نے اپنی عالی دماغی و مناسبت طبع سے مولانا سلطان علی کی روش میں تغیرات پیدا کئے اور نمایاں و شائستہ تصرفات اپنی یادگار چھوڑے

کسی شخص نے میر علی ہروی سے سوال کیا کہ آپ کے اور مولانا کے خط میں کیا فرق ہے۔ ہروی نے جواب دیا کہ اگرچہ میں نے بھی اس خط میں کمال حاصل کیا ہے لیکن مولانا کے خط میں نمک ہی اور ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

محمود نیشاپوری، محمد اسحاق و شمس الدین کرمانی و مولانا جمشید سمرقندی و سلطان حسین خجندی و مولانا علیشی و غیاث الدین مذہب و مولانا عبدالصمد و مولانا مالک و مولانا عبدالکریم و مولانا عبدالرحیم خوارزمی و مولانا شیخ محمد و مولانا شاہ محمود زرّیں قلم و مولانا محمد حسین تبریزی و مولانا حسن علی مشہدی و میر مُعز کاشی و میرزا ابراہیم اصفہانی وغیرہ نے بھی اس خط کی مشق و خوشنویسی میں عُمر صَرف کی۔

جہاں پناہ کی قدر دانی سے انواع و اقسام کے خطوط کو کمال ترقی ہوئی اور نادر روزگار ہنرمند استادوں کی گرم بازاری ہوئی، خاصکر خط نستعلیق کا عالم ہی دوسرا نظر آنے لگا۔

جب جادو رقم نے عہد میں آکبری میں ناموری حاصل کی وہ محمد حسین کشمیری ہے جو زرّیں رقم کے خطاب سے سرفراز فرمایا گیا۔ یہ شخص مولانا عبدالعزیز کا شاگرد ہے لیکن انصاف یہ ہے کہ استاد سے بھی سبقت لے گیا۔

اس کے نوشتوں میں نزاکت و دوائر بہت مناسب و موزوں ہوتے ہیں۔

ماہرین فن محمد حسین کشمیری کو ملا میر علی کا ہم پلہ خیال کرتے ہیں۔

مولانا باقر پسر ملا میر علی مشہور و محمد امین شہدی، میر حسین کلنگی، مولانا عبدالحی، مولانا دوستی، مولانا عبدالرحیم، میر عبداللہ، ملا محمد حسین کشمیری، نورالدین اور قاسم ارسلان بیسیوں استاد ہیں جنہوں نے کتنے ہی کتابت یافتہ پیدا کئے۔

جہاں پناہ نے اپنے تحریر کئے ہوئے کتنے ہی نسخے کو بیش بہا انعاموں میں تقسیم فرمایا ہے۔

ایک مثنوی تقسیم شاہی ہے جو ایک ہزار دینار ہر دو شاعروں کو مختلف شعبوں میں تقسیم فرمایا ہے۔ جہاں تمام علوم و فنون کی کتابیں و رسائل تحریر و فنون کی ہیئت کے اختیار کئے ہوئے ہیں وہاں ہی ہندی و فارسی و یونانی و کشمیری و دیگر زبانوں کی کتابیں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نظم ونثر کے اختلاف کے لحاظ سے ترتیب وار پیشگاہ حضور میں لائی جاتی ہیں۔
علما و فاضلان آگاہ دل کتابوں کی نوعیت کے متعلق جہاں پناہ سے عرض کرتے ہیں اور بادشاہ علم پرور ہر کتاب کو اوّل سے آخر تک سنتے ہیں۔ ہر روز جس صفحے یا سطر تک کتاب پڑھی جاتی ہے حضرت خود اپنے قلم سے اُس مقام پر ہندسہ شمار تحریر فرما دیتے ہیں اور پڑھنے والے کو عدد اوراق کے مطابق زر سرخ و سفید بطور انعام عطا ہوتا ہے۔
شاید ہی کوئی مشہور کتاب باقی رہ گئی ہو جو محفل شاہی میں پڑھی نہ گئی ہو، اور کوئی داستان قدیم و کلمات حکمت و عجائبات علوم ایسے نہ ہوں گے جو اس پیشوائے عقلا کو یاد نہ ہوں۔ قبیلۂ عالم کسی کتاب کو مکرر سننے سے کبیدہ خاطر نہیں ہوتے بلکہ بیحد شوق کے ساتھ کتابوں کو بہ کرات سماعت فرماتے ہیں۔ اخلاق ناصری، کیمیائے سعادت، قابوس نامہ، مکتوبات شرف منیری، گلستاں، حدیقہ، مثنوی معنوی، جام جم، بوستاں، شاہنامہ، خمسۂ شیخ نظامی، کلیات خسرو و مولانا جامی، دیوان خاقانی و انوری و دیگر کتب تاریخ ہمیشہ محفل مبارک میں پڑھی جاتی ہیں۔
اہل زبان و زباں داں حضرات کا ایک گروہ ہمیشہ ہندی و یونانی و عربی و فارسی زبانوں کی کتابوں کا دوسری زبانوں میں ترجمہ کرتا ہے۔ چنانچہ اس کا مختصر حال ہدیۂ ناظرین کرتا ہوں۔
پنج جدید میرزائی میر فتح اللہ شیرازی کی جاں فشانی اور راتھم الحروف کی امداد سے کشن جوگی گنگا دھر مہانند نے فارسی سے ہندی میں ترجمہ کیا۔
کتاب مہابھارت کو جو ہندوستان کی قدیم تاریخ ہے نقیب خاں و مولانا عبد القادر بدایونی و شیخ سلطان تھانیسری نے ہندی سے فارسی میں ترجمہ کیا۔
انھی حضرات نے کتاب رامائن کا جو ہندی کی ایک قدیم تالیف اور راجہ رامچندر کے حالات و نیز بیشمار فوائد حکمت پر مشتمل ہے، فارسی زبان میں ترجمہ کیا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کتاب اتھربن جس کو اہل ہند کتب آسمانی میں سے ایک صحیفہ خیال کرتے ہیں۔ حاجی ابراہیم سمرقندی نے فارسی زبان کے قالب میں ڈھالا۔

لیلاوتی جو فن حساب میں حکمائے ہندوستان کی بہترین تصنیف ہے، برادر مکرم شیخ ابوالفیض فیضی کی کوشش سے فارسی زبان کا جامہ پہن کر نمودار ہوئی۔

تاجک جو علم نجوم کی بہترین و معتبر کتاب ہے، حضرت کے حکم سے مکمل خان گجراتی نے فارسی زبان میں ترجمہ کیا

واقعات حضرت گیتی ستانی جو فرمانروائی کے لئے بہترین دستور العمل ہیں، میرزا خان خانخاناں نے تُرکی زبان سے فارسی میں ترجمہ کیا۔

تاریخ کشمیر جو اُس مُلک کے چہار ہزار سال کے واقعات پر مشتمل ہے، مولانا شاہ محمد شاہ آبادی کے حُسنِ کوشش سے فارسی زبان میں ترجمہ کی گئی۔

معجم البلدان کی جو احوال بلاد و امصار میں عجیب و غریب و نیز ضخیم کتاب ہے، مُلّا احمد اللہ و قاسم بیگ و شیخ منور وغیرہ نے عربی سے فارسی زبان میں ترجمہ کیا۔

ہربنس جو سری کشن کے حالات کا ایک معتبر نسخہ ہے، مولانا شیری کی کوشش سے فارسی زبان میں نمودار ہوا۔

کتاب کلیلہ دمنہ کو جو فن حکمت عملی کا نادر روزگار کارنامہ ہے اور جس کا ترجمہ اس سے پیشتر مولانا نصر اللہ مستوفی و ملّا حسین واعظ کر چکے تھے، لیکن استعارات کی کثرت اور غریب الفاظ کی بہتات سے عام فہم نہ تھے، راقم الحروف نے فارسی کا جامہ پہنایا اور یہ جدید ترجمہ عیار دانش کے نام سے موسوم ہوا۔

تحفہ خوشنل و دمن کو جو ہندی زبان میں ایک حسن آفرین افسانہ ہے، شیخ فیضی فیاضی نے مثنوی لیلیٰ المجنوں کی بحر میں فارسی کا جامہ پہنایا جو نل دمن کے نام سے مشہور ہوا۔

جہاں پناہ کو سررشتۂ نقل و ترجمہ کی کارگزاری و نیز واقعات تاریخی سے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آگاہی ہوئی اور حضرت نے ارباب خدمت کو جو تاریخ سے ذوق رکھتے ہیں حکم دیا کہ ہزار سال آخر کے احوال عالم یکجا فراہم کریں۔

بیشتر نصیب خاں وغیرہ نے کام کا آغاز کیا۔ اس کے بعد مولانا احمد تتوی نے ایک معتد بہ حصّہ اس کتاب کا فراہم و تحریر کیا اور جعفر بیگ آصف خاں نے کتاب کو ختم کیا۔

آخر میں راقم الحروف نے کتاب کا مقدمہ لکھ کر تالیف کو مکمّل کیا اور کتاب تاریخ الفی کے نام سے مشہور ہوئی۔

شبیہ کشی جس کو عرف عام میں تصویر کہتے ہیں تفریح و جانفشانی کا خوبترین نتیجہ ہے۔

جہاں پناہ کو اس فن لطیف سے ابتدائے عمر سے ذوق و شوق ہے اور ہمیشہ اس امر پر توجّہ فرماتے ہیں کہ اس فن کو روز افزوں ترقی ہو۔

قبلۂ عالم کی قدر دانی و پرورش سے اس دلکش جادو نگاری کو انتہائی ترقی نصیب ہوئی اور ایک گروہ کثیر اس فن کا یکتائے روزگار استاد بن گیا۔

معمول ہے کہ وارد غہ و تنگچی ہر ہفتے ہر شخص کا کام ملاحظۂ عالی میں پیش کرتے ہیں اور ہر مصوّر اُس کے کام و کمال کے مطابق انعام و اضافہ تنخواہ سے سرفراز فرمایا جاتا ہے۔

قبلۂ عالم کے دست شفقت نے اہل عالم کی چشم بینش کو آگاہی کے سرمے سے روشن فرمایا اور تصاویر کی قدر و طلب کی گرم بازاری ہوئی۔ رنگ آمیزی کا فن معراج کمال کو پہونچا اور صفائی و لطافت کو روز افزوں ترقی نصیب ہوئی۔

جادو نگار ہنرمند پیدا ہوئے جن کے کمال نے بہزاد کی نادرہ کاری اور اہل فرنگ کی سحر پردازی کے جو تمام عالم میں مشہور و معروف ہے انبار کے انبار لگا دئے۔

کام کی نزاکت اور نقش و نگار کی صفائی اور ہاتھ کی قوّت کشید نے وہ مرتبہ حاصل کیا کہ ان کامل فن اُستادوں کی تصویر کشی نے جمادی اجسام کو مرتبۂ حیوانیت عطا کر دیا اور بے جان اشیا تصویر کے ذریعے سے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جیتی جاگتی صورتیں نظر آنے لگیں۔
سو سے زائد اس فن کے اُستاد پیدا ہو گئے جو گروہ کہ پایۂ کمال کے قریب ہے یا وہ طبقہ جس نے ابھی نصف راہ طے کی ہے، اندازۂ حساب سے باہر ہیں۔
اہل ہند کا کیا ذکر کروں کہ کیسی حقیقت طرازی کی ان باکمال اُستادوں نے ایسی تصویریں تیار کیں جن کا مثل خواب و خیال میں بھی دکھائی نہ دیتا تھا۔
سچ تو یہ ہے کہ تمام عالم میں اس جادو نگاری کا نشان کم تر مل سکے گا۔
باکمال اُستادوں میں ایک شخص میر سیّد علی تبریزی ہے۔
اس مصوّر نے اپنے باپ سے اس فن کی ابتدائی تعلیم حاصل کی اور قبلۂ عالم کے سایۂ عاطفت میں کمال کو پہنچ کر نامور ہوا اور ستارۂ اقبال نے عروج پر آ کر مُصوّر مذکور کو کامیاب و بامُراد بنایا۔
اس فن کا دوسرا جادو نگار اُستاد خواجہ عبد الصمد شیریں قلم ہے۔
اس نامور شخص نے اگرچہ اس فن کو ابتدائے ملازمت سے پیشتر ہی سیکھ لیا تھا لیکن ملازمت کے بعد قبلۂ عالم کی تعلیم و حضرت کی نکتہ آموزی کی برکت سے پایۂ تکمیل کو پہنچا۔
شیریں قلم نے بیشتر شاگردوں کو اُستاد زمانہ بنا دیا
(۱) دسونت۔ یہ شخص قوم کا کہار ہے۔ اس کارخانے میں ملازم تھا اور ہمیشہ در و دیوار پر نقش و تصویر بنایا کرتا تھا، ایک روز جہاں پناہ کی نگاہ پڑی اور حضرت نے اپنی دور بینی سے اُس کے ابتدائی نقوش سے جوہر طبیعت کا اندازہ کر کے اُسے خواجہ عبد الصمد کے سپرد کیا۔
شیریں قلم کی تعلیم سے دسونت تھوڑے ہی عرصہ میں یکتائے زمانہ ہو کر باکمال مصوّر ہو گیا۔
(۲) بسہاون۔ طرح انگنی چہرہ کشی و رنگ آمیزی میں یگانۂ وقت اور اس فن کی دیگر صنعتوں میں بیگانۂ تاک ہے۔ [illegible] ترجیح دیتے ہیں۔
ان کے علاوہ کیسو و لعل و مکند و مشکین و خیر النساء و نادر و مگن و مہیش

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دکھیجکرن وتارا وسانولا وہربنس ورآم جو اس فن کے طلبا تھے، بادشاہ رعیّت نواز و ہنرمند و باکمال اُستادوں کی شفقت سے اپنے فن میں نامور و مشہور ہوئے۔

حیرت انگیز امر یہ ہے کہ مجاز و صورت گری کی گرم بازاری نے، جو دراصل اس سے پیشتر خواب غفلت کا دل خوش کن نظارہ دے رہے، حقیقت و آگاہی کے جسم میں جان ڈال دی اور ناشناسائی کے مریض دوائے درد پاکر صحت یاب ہوئے۔ تقلید پرست و تصویر دشمن افراد کی چشم بصیرت وا ہوئی اور ہر فرد بشر کو مجاز میں حقیقت کا جلوہ نظر آنے لگا۔

ایک روز قبلۂ عالم نے خلوت کدے میں جہاں صرف مریدان سعادتمند کا مجمع تھا، فرمایا کہ ایک گروہ فن تصویر کشی کا دشمن ہے اور اس پیشے کے معائب بیان کرتا ہے لیکن اُن کے اقوال و دلائل کو دل قبول نہیں کرتا بلکہ فکر من قیاس یہ بتاتا ہے کہ مصور اکثر طبقات انسانی سے زیادہ خدا شناس ہو سکتا ہے اس لیے کہ یہ شخص جانور کی تصویر اتارنے میں اس کے ہر عضو کی شبیہ کھینچتا ہے اور تصویر کو تمام کر کے جب یہ دیکھتا ہے کہ باوجود اس ظاہری سحر نگاری کے وہ اس میں روح پھونکنے سے عاجز ہے تو اس کو خالق مطلق کی قدرت کاملہ کا اندازہ ہوتا ہے اور صانع باکمال کے آگے سربسجدہ ہو جاتا ہے۔

جس طرح کہ فن تصویر کشی معراج کمال کو پہنچا اسی طرح فن مذکور نے عجیب و غریب نمونے و کارنامے بھی اپنی یادگار چھوڑے، جنھوں نے اہل عالم کو حیرت میں مبتلا کر دیا۔

فارسی نظم و نثر کی کتابیں تصویر و نقوش سے آراستہ کی گئیں اور اُن کے دلچسپ بیانات کو واقعات کے اوراق و فصول میں سحر نگاری سے کام لیا گیا۔

داستان امیر حمزہؓ بارہ جلدوں میں تقسیم کی گئی اور اس کتاب میں ایک ہزار چار سو حیرت انگیز تصویریں بنائی گئیں جن سے ناظرین اشتیاب میں مبتلا ہو گئے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

چنگیز نامہ، ظفر نامہ، اکبر نامہ، رزم نامہ و رامائن و تل و دمن و کلیلہ و دمنہ و عیار دانش وغیرہ کتابیں بہترین نقوش و تصاویر سے آراستہ و مزیّن کی گئیں۔

قاعدہ یہ تھا کہ قبلۂ عالم خود جائے تصویر پر نشان بنا دیتے تھے اور ہنرمند اُستاد اس مقام پر سحر کاری کرتے تھے۔

حضرت کے حکم سے ملازمین بارگاہ کی تصویریں بھی کھینچی گئیں اور ان مختلف تصاویر کے مجموعے سے ایک بہت بڑی کتاب تیار ہوئی۔ اس کتاب نے مُردوں کو حیات تازہ اور زندوں کو زندگی جاوید عطا کی جس طرح کہ عہد معدلت میں مُصوّروں کی قدر و قیمت میں صد چند اضافہ ہوا اسی طرح نقّاش و مذہّب و جدول آرا و جلد بند وغیرہ کی بھی گرم بازاری ہوئی اور ہر چہار گروہ عطیّات و انعام و اکرام سے سرفراز و شاد کام ہوا۔

بیشمار منصبدار و احدی و سوار اس سررشتے کی خدمت پر مامور ہو کر ممتاز و معزّز ہوئے۔

پیادوں کی تنخواہ ایک ہزار دو سو دام سے زیادہ اور بیس سو دام سے کم نہیں ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۳۶)

توپخانہ یعنی سلاح خانہ

توپخانے سے خانہ آبادی کا مرتبہ بلند ہوتا ہے اور لشکر آرائی کے تمام فرائض بخوبی انجام پاتے ہیں۔ اسی سرشتے کی وجہ سے دنیا فتنہ و فساد کے غبار سے پاک و صاف ہو کر آباد و معمور رہتی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ بادشاہ مرتبہ شناس کو اس سررشتے پر بیحد توجہ ہے۔ اور اس محکمے کی آرائش اور اُس کی زیب و زینت میں نہایت غائر و انجام بیں نگاہ سے کام لیتے ہیں۔

قبلۂ عالم کی جدت طراز طبیعت نے نئے نئے اسلحے ایجاد فرمائے اور توپہا زرہی و اسلحہ سازی کے کاروبار میں رونق پیدا ہوئی۔

اسلحہ کی مضبوطی کا یہ عالم ہے کہ قبلۂ عالم کے حضور میں ایک جوشن پر گولی ماری گئی، بندوق کی قوت کے باوجود بھی گولی کی ضرب سے جوشن ذرہ برابر بھی نہ دبا اور نہ پچکا۔

اس قدر ہتھیار کارخانہ شاہی میں ہر وقت تیار رہتے ہیں کہ آسانی کے ساتھ تمام پیادوں اور سواروں کو کافی ہو جاتے ہیں جہاں پناہ کی دور بینی نے تجارت پیشہ افراد کی آسانی کے لئے ہر ہتھیار کی قیمت

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

قرار دی گئی اور ان قیمتوں پر کامل نگہداشت فرمائی۔

قبلۂ عالم نے خاصے کے ہتھیاروں کے نام و مراتب مقرر فرمائے ہیں۔

تلواروں میں تیس شمشیریں خاصے کی مخصوص کر دی گئی ہیں ہر روز ایک شمشیر حرم سرائے اقبال میں جاتی ہے اور اُس سے پیشتر کی تلوار باہر واپس کر دی جاتی ہے۔

بیرون حرم سرا کے ملازمین واپس کردہ شمشیر کو نوبت بہ نوبت جمع کرتے جاتے ہیں

ان کے علاوہ چالیس دوسری تلواریں محفوظ رکھی جاتی ہیں جن کو کوتل کہتے ہیں جب خاصے کی تلواروں میں عطیات و دیگر وجوہات سے کمی ہو جاتی ہے اور صرف بارہ تلواریں رہ جاتی ہیں تو کوتل سے خاصے کی خانہ پُری کر دی جاتی ہے۔ بارہ بک ہندی تلواریں ہفتے کے لئے مخصوص ہیں۔ ایک ہفتے کے بعد ہر تلوار کی نوبت آتی ہے۔

چالیس جمدھر اور چالیس کہیو بھی خاصے کے لئے مخصوص ہیں۔ اور ایک ایک ہفتے کے بعد بدلے جاتے ہیں۔ ان میں سے بھی ہر ایک تیس تیس کی عدد میں کوتل قرار دئے گئے ہیں تلواروں کی طرح ان کا بھی شمار ہوتا ہے۔ آٹھ چاقو اور بیس تیز سے اور بیس پر چھے بھی خاصے کے لئے مخصوص ہیں جو ہر ماہ بدلے جاتے ہیں۔ چھریاں شکاری و صحرائی و دیگر اقسام کی چھبیس کمانیں ہاتھ اور انتظام کے لئے مخصوص ہیں۔ ہر ماہ دو کمانوں سے کام لیا جاتا ہے اور کارگزاری کے بعد واپس کی جاتی ہیں ہر ماہ دو تلواروں کے حساب سے ہر سال بیس شمشیریں بازگشت ہوتی ہیں۔

ہفتے کے لئے تیس کمانیں بدآہنگ تجویز کر دی گئی ہیں ہر ہفتے ایک کمان واپس کی جاتی ہے۔

بتیس کمانیں ہاتھ کے لئے مخصوص ہیں۔

اسی طرح ہر ہتھیار کے مراتب و مدارج مقرر کئے گئے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

سواری کے وقت اور دربار عام میں امیرزادے، منصبدار اور احدیاں (قور) ہتھیاروں کو ہاتھ میں لیتے اور کاندھوں پر رکھتے ہیں۔
چار چار ترکش و کمان و شمشیر و سپر چار چار سپاہی اُٹھاتے ہیں۔
ان کے علاوہ نیزے، برچھے، تبر، زاغنول (تبر دستہ دار) پیازی (گرز کی ایک قسم) گپتین (گپتی) کمان گردیہ (کمان غلولہ اندازی، غلیل) اور کتک (چوب، دست، لاٹھی) نہایت ترتیب و ضابطہ کے ساتھ ہاتھ میں لئے اور کاندھوں پر اُٹھائے جاتے ہیں۔
اونٹوں اور گھوڑوں کی بیشمار قطاریں ہر قسم و نوع کے ہتھیار سے لدی ہوئی تیار و مستعد رہتی ہیں اور اسی طرح لاتعداد چندیں و شتی (اونٹوں کی قسم ہے) وغیرہ سفر میں ہتھیاروں کی باربرداری کے لئے مہیا موجود رہتے ہیں۔
بارگاہ شاہی میں امرا و درباری اصحاب قور کے مقابل مودّب استادہ رہتے ہیں اور سواری کے وقت عقب میں چلتے ہیں۔
ان کے علاوہ خاصے کے آراستہ ہاتھی، اونٹ و بہل و نقارے و علم و کوسے و دیگر سامان شکوہ و عظمت قور کے ہمراہ رہتے ہیں۔
جقاکش و چالاک بیساول اہتمام و انتظام کرتے ہیں اور میرسخشی اُن کو مدد دیتے ہیں۔
شکارگاہ میں تیز رفتار پیادے ہمراہ رہتے ہیں اور اکثر پیادے سامان و اسباب بھی اپنے ساتھ رکھتے ہیں۔
اختصار کو مدنظر رکھ کر اس سررشتے کے اسلحے کا مجمل حال جدول میں درج کیا جاتا ہے۔ چند ہتھیاروں کی کیفیت تصویر کشی کر کے واضح کردی گئی۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جدول آئین قورخانہ

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
شمشیر	نصف روپے سے پندرہ مہر تک	۸/۱ تا ۱۵
کھانڈہ	ایک روپے سے دس روپے تک	۱/۴ تا ۱۰
گپتی عصا	دو روپے سے بیس روپے تک	۱/۲ تا ۲۰
جمدھر	چار آنے سے ڈھائی مہر تک	۱/۴ تا ۲½
خنجر	نصف روپے سے پانچ روپے تک	۸/۱ تا ۵/۸
کھپوہ	نصف روپے سے ڈیڑھ مہر تک	۸/۱ تا ۱½
جمدھاک	نصف روپے سے ڈیڑھ روپے تک	۸/۱ تا ۱۵/۸
بانک	نصف روپے سے ایک مہر تک	۸/۱ تا ۱
جمبیہ	نصف روپے سے ایک مہر تک	۸/۱ تا ۱
کٹارہ	نصف روپے سے ایک مہر تک	۸/۱ تا ۱
نرسنگ مونہہ	نصف روپے سے دو مہر تک	۸/۱ تا ۲
کمان	چار آنے سے تین مہر تک	۴/۱ تا ۳
تخش کمان	ایک روپے سے چار روپے تک	۱/۴ تا ۴
ناوک	نصف روپے سے چار روپے تک	۸/۱ تا ۴
تیر	فی دستہ ساڑھے تین روپے سے تیس روپے تک	۸/۷ تا ۳۰
ترکش	چار آنے سے دو مہر تک	۴/۱ تا ۲
ڈاڈی	چار آنے سے پانچ روپے تک	۴/۱ تا ۵
تیر پردار	ایک دام سے ڈھائی دام تک	۵ پائی تا ۱
نیزہ	ایک روپیہ بارہ آنے سے چھ مہر تک	۱۲/۱۵ تا ۶
پیکان کش	چار آنے سے تین روپے تک	۴/۱ تا ۳
برچھہ	تین روپے چار آنے سے دو مہر تک	۴/۳ تا ۲

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
سانگت	چار آنے سے ڈیڑھ روپے تک	۴ر تا ۲ عصہ ۸ر
سَینْٹھی	چار آنے سے ایک روپے تک	۴ر تا عصہ
سِیلُڑہ	دس دام سے بارہ آنے تک	۴ر تا ۱۲ر
گوز	چار آنے سے پانچ روپے تک	۴ر تا صہ ر
شش پر	نصف روپے سے تین مُہر تک	۸ر تا ۳ عصہ
گپتین	ایک روپے سے تین روپے تک	عصہ تا ۳
تبرہ	چار آنے سے دو مُہر تک	۴ر تا ۲ عصہ
پیازی	نصف روپے سے پانچ روپے تک	۸ر تا صہ ر
زاغنول	نصف روپے سے ایک مُہر تک	۸ر تا ۱
چکڑ بسولہ	ایک روپے سے چھ روپے تک	عصہ تا ۳
تبرزاغنول	ایک روپے سے چار روپے تک	عصہ تا ۴
تَرنگالہ	چار آنے سے دو روپے تک	۴ر تا عدد
کارد	دو دام سے دو مُہر تک	۱۰ پائی کہ تا ۲ عصہ
گپتی کارد	تین روپے سے ڈیڑھ مُہر تک	۳ تا ۲ عصہ ۸ر
قمچی کارد	.....	.....
چاقو	دو دام سے چار آنے تک	۱۰ پائی کہ تا ۴ر
کروہ کمان	دو دام سے ایک روپے تک	۱۰ پائی کہ تا عصہ
کمنڈلہ	پانچ دام سے تین روپے تک	۲ر تا ۱۲ ۳
تفنگ دھان	دس دام سے دو روپے تک	۴ر تا ۱
پشت خار	دو دام سے نصف روپے تک	۱۰ پائی کہ تا ۸ر
شصت آمیز	دو دام سے ایک روپے تک	۱۰ پائی کہ تا عصہ
گرہ کشا	ایک دام سے چار آنے تک	۵ پائی کہ تا ۴ر
خارماہی	ایک روپے سے پانچ روپے تک	عصہ تا صہ ر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
گوپھن	ڈیڑھ دام سے چار آنے تک	۷ پائی ب تا ۴ ر
گجباگ	ایک روپے سے پانچ روپے تک	عصم تا صر
سپر	ایک روپے سے پچاس روپے تک	عصم تا صہ
ڈھال	نصف روپے سے چار مُہر تک	عصم تا یہ
کھیرہ	ایک روپے سے چار مُہر تک	عصم تا یہ
پھری	ایک روپے سے ایک مُہر تک	عصم تا لہ
اڈانہ	آٹھ آنے سے پانچ روپے تک	۸ ر تا صر
دُبلغہ	نصف روپے سے ساڑھے تین مُہر تک	۸ ر تا لہ
گوکھی	ایک روپے سے چار روپے تک	عصم تا ۸ ر لہ
زرہ کلاہ	ایک روپے سے پانچ روپے تک	عصم تا ص
گھوگھوہ	ایک روپے سے دو مُہر تک	عصم تا یہ
جنیبہ	بیس روپے سے دو سو ستّر تک	عصم تا ۸ ر کہ
زرہ	نو روپے بارہ آنے سے سو مُہر تک	لہ تا ۱۲ ر ک
بکتر	چار روپے سے بارہ مُہر تک	لہ تا لہ
جوشن	چار روپے سے نو مُہر تک	لہ تا لہ
چہار آئینہ	دو روپے سے سات مُہر تک	ہ تا یہ
کوتھی	پانچ روپے سے آٹھ مُہر تک	ص تا عہ
صادقی	تین روپے سے آٹھ مُہر تک	ے تا عہ
آنگرکھہ	ڈیڑھ روپے سے پانچ مُہر تک	عصم ۸ ر تا صہ
بگتر	تین روپے سے دو مُہر تک	ے تا مہ
چہرہ زرہ آہنی	تین روپے سے دو مُہر تک	ے تا مہ
سلح قبا	ڈیڑھ روپے سے ایک مُہر تک	عصم ۸ ر تا لہ
دستوانہ	ڈیڑھ روپے سے دو مُہر تک	عصم ۸ ر تا مہ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	قیمت	ملحقہ تطبیق باقیمت حال
رَاگ	ایک روپے سے دس مُہر تک	۱/۴ تا ۱۰
کَنْڈَا سُوْبَھا	ایک روپے سے دس روپے تک	۱/۴ تا ۱۰
موزۂ آہنی	آٹھ آنے سے دس روپے تک	۱/۸ تا ۱۰
کچم	پچاس روپے سے نوسو روپے تک	۵ تا ۹۰۰
ارتک کچم	چار روپے سے سات مُہر تک	۴ تا ۷۰
قشقہ	ایک روپے سے ڈھائی مُہر تک	۱/۴ تا ۲۵
گردنی	ایک روپے سے ایک مُہر تک	۱/۴ تا ۱۰
چہل قد	پانچ روپے سے پچیس روپے تک	۵ تا ۲۵۰
بندوق	نصف روپے سے ایک مہر تک	۱/۸ تا ۱۰
بان	ڈھائی روپے سے چار روپے تک	۱/۴ تا ۴۰

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۳۷)

توپ

یہ دیو پیکر آلہ ضرب جہانبانی کے قصر کا حیرت انگیز قفل اور کشور کشائی کے دروازے کی دل کشا کنجی ہے۔ فرمانروائی کا یہ فتح انگیز ہتھیار جس قدر کثرت سے عہد معدلت میں پایا جاتا ہے شاید ملک روم میں بھی دستیاب نہ ہو سکے۔

بعض توپیں اس قدر بڑی ہیں کہ ہر توپ بارہ من کا گولا سر کر سکتی ہے جس کو کئی ہاتھی اور ہزاروں گائے بیل اُسے کھینچتے ہیں۔ بادشاہ کشور کشا اس سررشتے کے انتظام کو اہم مقصد خیال فرماتے ہیں اور توپ سازی پر خاص توجہ سے جہاں پناہ نے اس محکمے میں جفاکش داروغہ اور دور اندیش منشی مقرر فرما کر سررشتے کا معقول انتظام فرمایا ہے۔

قبلۂ عالم نے طرح طرح کی نئی توپیں ایجاد فرمائیں جس نے تمام عالم کو حیرت و استعجاب میں مبتلا کر دیا۔

بادشاہ کارآگاہ نے ایک توپ ایسی ایجاد کی کہ سفر میں اُس کے اجزا علیحدہ کر لئے جاتے ہیں اور آسانی کے ساتھ ایک مقام سے دوسرے مقام پر لے جائے جاتے ہیں اور سر کرتے وقت تمام حصے اس خوبی کے ساتھ جوڑ دئے جاتے ہیں کہ گولہ اندازی میں مطلق فرق نہیں آتا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جہاں پناہ نے سترہ توپوں کو باہم ایسا مرتبط کر دیا ہے کہ ایک ہی فتیلے سے تمام توپیں سر ہو جاتی ہیں۔ ایک توپ ایسی ایجاد فرمائی جس کو ایک ہاتھی آسانی کے ساتھ کھینچ سکے اور اس توپ کو گج تال کے نام سے موسوم کیا۔

دوسری توپ ایسی تیار کی گئی کہ ایک شخص اُس کو آسانی سے اُٹھا کر بے تکلف چل سکتا ہے۔ یہ توپ ترتال کے نام سے موسوم ہوئی۔

قبلۂ عالم نے توپیں تمام ممالک محروسہ میں تقسیم فرمائیں اور ہر صوبے میں ضروریات کے لحاظ سے اُن کا ذخیرہ فراہم کیا گیا۔ ان کے علاوہ بڑی و بھری جنگ آزمائی کی توپیں جو سفر میں فتحمند فوج کے ساتھ رہتی ہیں جدا اور مخصوص کر دی گئیں۔ ان میں سے ہر ایک کی تعداد بیشمار ہے۔

ہنرمند اُستاد نئی نئی توپیں تیار کرتے رہتے ہیں، خاصکر گج تال و ترتال کی ساخت ہر وقت اور بکثرت جاری ہے۔

امراء واحدی اس اہم سررشتے میں ماہانہ تنخواہ پر مقرر ہیں۔

پیادے کی تنخواہ چار سو دام سے زائد اور سو دام سے کم نہیں ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۳۸)

بندوق

قبلۂ عالم کو اس ہتھیار سے بیحد شوق ہے۔ جہاں پناہ بندوق کے تیار کرنے اور اُس سے نشانہ لگانے میں یکتائے روزگار ہیں۔

جہاں پناہ نے ایسی بندوقیں تیار کرائی ہیں جن کو بارود سے لبالب بھر کر بھی چلاتے ہیں تو بھی نہیں پھٹتیں۔

پیشتر بندوق کو ایک ربع سے زائد نہیں بھر سکتے تھے اور نیز یہ کہ ہتھوڑے اور ہتھائی سے لوہے کے پتروں کو چوڑا کر کے پتروں کے سروں کو باہم جوڑ دیتے تھے۔

بعض بندوقوں کے سرے باہم ملائے نہیں جاتے بلکہ ایک جانب سرا آگے بڑھا رہتا تھا۔ اس میں نقصان کا اندیشہ تھا۔ خاصکر پہلی صورت میں زیادہ گزند پہنچ جاتا تھا۔

قبلۂ عالم نے اس کی ساخت کا بہترین طریقہ اختیار فرمایا۔ لوہے کی کوفتہ چادر کو تہ بہ تہ کر کے اس کو پیچکش سے اس طریقے پر موڑا کہ ہر پیچ میں چادر بڑھتی گئی۔ ان تہوں کو باہم بالکل نہیں ملایا بلکہ نہیں ایک کے اوپر دوسری رکھی گئیں جن کو آگ سے گرم کرتے گئے۔ لوہے کے پتروں کو آگ میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

گرم کرکے ان میں ایک کیل اس طرح ٹھونکی کہ سوراخ ہو گیا۔ تین یا چار ایسی تہیں بڑی بندوق کی ساخت کے لئے درکار ہوتی ہیں۔ چھوٹی بندوقوں میں اس طرح کی دو تہیں کافی سمجھی جاتی ہیں۔

بڑی بندوق دو گز کی اور چھوٹی سوا گز کی بنائی گئیں جس کو دمامک کے نام سے موسوم کیا گیا۔

اس کا دستہ بھی مختلف قسم کا تیار کیا جاتا ہے۔

جہاں پناہ کی ہنر نوازی سے ایسی بندوقیں بھی تیار کی گئیں جو بغیر فتیلے کے صرف مادے کو جنبش دینے سے آگ پکڑ لیتی ہیں اور چل جاتی ہیں۔

بیشتر گولیاں ایسی بنائی گئیں جو تلوار کا کام انجام دیتی ہیں۔

بادشاہ کی قدر نوازی و خرد آموزی نے بیشمار ہنرمند اُستاد پیدا کر دئے جن میں اُستاد کبیر اور حسین آہنگر خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

قاعدہ ہے کہ لوہا آگ میں پختہ کرنے سے تقریباً نصف کم ہو جاتا ہے۔

بندوق کی نلی کی درازی مکمل ہونے کے بعد قبل اس کے کہ چادر کی تہیں کی جائیں (یعنی ترچھا زیریں حصہ مکمل ہو) بندوق کے مدارج اُن پر نقش کر کے نمبر شمار کا ہندسہ بھی بنا دیتے ہیں۔ اس حالت پر پہنچ کر بندوق ڈول کہلاتی ہے۔

ان مراحل کے طے ہونے کے بعد بندوق نامکمل حالت میں جہاں پناہ کے ملاحظے میں پیش کی جاتی ہے اور ترتیب وار قصر شاہی کے ملازمین کے حوالے کر دی جاتی ہے اور پھر اسی ترتیب سے بندوقیں طوفان کے لئے بھی باہر لائی جاتی ہیں۔ اس وقت گولی کا وزن مقرر رہتا ہے اور ترچھا زیریں حصہ تیار کرنے کا حکم دیا جاتا ہے۔

بڑی بندوقوں کی گولیاں وزن میں پچیس ٹانک سے زائد نہیں ہوتیں اور چھوٹی بندوق کی گولیاں پندرہ ٹانک تک بنائی جاتی ہیں۔

اوّل قسم کی بندوقوں کو سوا قبضۂ عالم کے اور کوئی فرد سر کرنے کی جرأت نہیں کر سکتا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

یرغو کی انجام پذیری کے بعد (یعنی نلی کی صفائی و مصقلے کاری کے بعد بندوق بار دوم قصر شاہی میں واپس کر دی جاتی ہے۔

بندوقیں ترتیب کے ساتھ محل شاہی میں رکھی اور اسی طریقے پر باہر نکالی جاتی ہیں۔

اس کے بعد حکم شاہی کے مطابق بندوقوں میں ترچھا زیرین حصّہ نصب کر کے ایک کہنہ دستہ اُس میں لگایا جاتا ہے۔ نلی کا ایک تہائی چھرّے اور گولیوں سے بھر کر بندوق چھڑائی جاتی ہے۔ اگر بندوق سے گولی چھن کر نہ گری تو ہتھیار مکمّل و بہترین سمجھا جاتا ہے۔

ان مراحل کے بعد بندوق بار دگر حضور میں پیش ہوتی ہے اور قبلۂ عالم نلی کے دہانے کی تکمیل کا حکم صادر فرماتے ہیں۔

ہتھیار میں اسی طریقے پر دستہ لگا کر امتحان کرتے ہیں۔ اگر گولی کی رفتار میں کمی ہوتی ہے تو بندوق کے اندر ایک لکڑی ڈال کر نلی کو سیدھا کرتے ہیں اور جہاں پناہ کے حضور میں بندوق سوہان کر کے سپرد کی جاتی ہے۔ سوہان کر بندوق کے بیرونی حصّے کو حضرت کی فرمائش کے مطابق تراشتا اور تیار کرتا ہے۔

اس کے بعد بندوق پھر قبلۂ عالم کے حضور میں پیش ہوتی ہے اور بندوق کی لکڑی اور دستے کی نوعیت کا قرار داد ہوتا ہے۔ اس موقع پر چند امور نقش کیے جاتے ہیں۔

پختہ اور خام وزن جو پیشتر لکھا گیا تھا اور اب زنگ آلود ہو گیا ہے۔ جائے پیدائش آہن، نام آہنگر، جائے ساخت، سال و ماہ و ہفتہ۔

بعض اوقات بغیر لحاظ کسی خاص حکم کے ایک نامکمّل بندوق کی حسب الحکم تکمیل کی جاتی ہے، یعنی زیریں حصّہ نصب کر کے ملاحظے میں پیش کرتے ہیں اور جہاں پناہ ماتھے کی راستی و گز و پرگز کے درست کرنے کا حکم صادر فرماتے ہیں۔ اگر تمام امور حسب الحکم انجام پا گئے ہیں تو بار دگر امتحان لینے کا حکم ہوتا ہے۔ اگر بندوق امتحان میں پوری اُتری تو اُس کو بار سوم

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

حرم سرائے شاہی میں روانہ کر دیتے ہیں اور اس موقع پر بندوق کو سادہ کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

اس بندوق کے ہمراہ پانچ گولیاں حرم سرا کے اندر روانہ کر دی جاتی ہیں۔ قبلۂ عالم چار گولیاں خود داغتے ہیں اور پانچویں گولی کے ساتھ بندوق کو واپس فرماتے ہیں۔ اُس وقت نلی اور دستے کے رنگ کا تعین کیا جاتا ہے اور تو الوانوں میں دستے کے لئے ایک خاص رنگ مخصوص کر دیا جاتا ہے۔ سونے اور لاجورد کی زیادتی و کمی کی وجہ سے دستوں میں اختلاف و فرق پیدا ہو جاتا ہے۔ نلی پر صرف ایک ہی رنگ چڑھایا جاتا ہے اور اب بارہ ہزار بندوق رنگین کے نام سے حرم سرا میں داخل کی جاتی ہے۔ قبلۂ عالم اس مرتبہ بھی بندوق کو چار مرتبہ چھڑاتے ہیں اور پانچویں گولی کے ساتھ اُس کو واپس کر دیتے ہیں۔

جب دس رنگین بندوقیں تیار ہو جاتی ہیں تو حکم ہوتا ہے کہ نلیوں کے دونوں سرے طلائی کر دیئے جائیں۔ حکم شاہی کی تعمیل کے بعد ہتھیار قاعدے کے مطابق حرم سرائے شاہی میں روانہ کر دیا جاتا ہے۔ دس بندوقوں کی تکمیل کے بعد ہتھیار چیلوں کے سپرد کئے جاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۳۹)

یرغوساختن

(بندوقوں کو صاف کرنے کا آئین)

قدیم دستور تھا کہ جانکش مزدور بیشمار آلات کے ذریعے سے بہزار محنت و دقت بندوق کو کچھ صاف کر لیتے تھے۔ جہاں پناہ نے ایک چرخ ایسا ایجاد فرمایا کہ ایک بیل کی ایک گردش میں سولہ بندوقوں کی نلیاں قلیل مدت میں صاف ہو جاتی ہیں۔ ناظرین کی آگاہی کے لئے اس کی چرخ کی تصویر بنا دی گئی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مراتب بندوق

بندوقیں جو سلیم خانۂ شاہی میں موجود ہیں یا تو کارخانۂ خاصہ کی ساختہ ہیں یا خرید کردہ یا پیشکش۔ ہر قسم میں دوازدہ گونہ ہر قسم کی بندوقیں موجود ہیں۔
ان ہر دو اقسام میں بھی سادہ رنگین و کوفت کاری تینوں طرح کے ہتھیار بکثرت ہیں۔
ہزار ہا بندوقوں میں سے قبلۂ عالم نے ایک سو پانچ بندوقیں خاصے کی مخصوص کر لی ہیں۔
بارہ بندوقیں دوازدہ ماہ کے لئے علیحدہ کر لی گئی ہیں۔ ہر بندوق ایک ماہ تک کام دیتی ہے۔ دوسرے ماہ کے آغاز پر دوسری بندوق استعمال میں آتی ہے۔ اسی طرح گیارہ ماہ کے بعد ایک بندوق کی باردگر باری آتی ہے۔
تیئس[۲۳] بندوقیں ہفتوں کے لئے خاص ہیں۔ سات روز کے بعد دوسری کی نوبت آتی ہے۔
بتیس[۳۲] بندوقیں شمسی ماہ کے ساتھ خاص ہیں۔ ہر روز ایک بندوق کام میں لائی جاتی ہے۔
اکتیس[۳۱] کو تل رہتی ہیں اور بعض اوقات اٹھائیس[۲۸]۔
جس وقت اولین یا استعمالی بندوقیں از کار رفتہ ہو جاتی ہیں تو کوتل سے اُس کی خانہ پُری کی جاتی ہے۔
بندوقوں کی تقدیم و تاخیر کی ترتیب حسب ذیل ہے۔
ماہ، ہفتہ، ایام، کوتل، سادہ، رنگین، کوفت کاری جو ملازم کے حوالے نہ کی گئی ہو، کوفت کار حوالہ شدہ و از دو چیدہ، پیشکش یا خریدہ، دو یک چیدہ، پیشکش یا خریدہ، چیدہ چیدہ از ہر دو۔
جہاں پناہ نے خاصے کی بندوقوں کے سات حصے کر دیئے ہیں۔
پندرہ پندرہ بندوقوں کا ایک کشک ہے، جن کو بندوق انداز ہمیشہ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ہتیار و تیار رکھتے ہیں۔ ان کی ترتیب و تعداد استعمال حسب ذیل ہے۔
روز یکشنبہ دوازدہ اوّل، چہار از دوم، پنج از سوم، چہار از چہارم۔
دوشنبہ، سہ شنبہ و چہار شنبہ۔ کی ترتیب یکشنبہ کے مطابق ہے۔
پنجشنبہ اوّل و دوم، سابقہ تعداد سوم سہ من، چہارم پانچ۔
جمعہ اوّل ایک، دوم پانچ، سوم چار، چہارم پانچ۔
خاصے کی خارج کردہ بندوقوں کی خانہ پُری کے لئے بادشاہ نے پانچ مراتب اور مقرر فرمائے ہیں

نیم کوتل چودہ، پاؤ کوتل سات، نیم پاؤ ۱/۸ چار ۱/۴ کوتل دو اور ۱/۱۲ کوتل ایک۔
کوتل کی بندوق خارج ہونے کے بعد نیم کوتل سے خانہ پُری کی جاتی ہے اور اسی طرح ایک دوسری کی قائم مقام ہوتی ہے۔
آخرین قسم کی خارج شدہ بندوق کی بہترین خرید کردہ بندوقوں سے خانہ پُری کرتے ہیں۔

ایک سو ایک بندوقیں ہمیشہ قصر شاہی میں موجود رہتی ہیں جن کی ترتیب و سپردگی کی تفصیل مندرج ذیل ہے۔
غرّہ ماہ الٰہی کو گیارہ بندوقیں شبستان اقبال کے ملازمین کے سپرد کی جاتی ہیں۔ ان میں ایک ایک بندوق ماہ، ہفتہ، ایام، کوتل، سادہ، رنگین، کوفت کار نا سپردہ، کوفت کار حوالہ کردہ، دراز چیدہ، دانک چیدہ، اور چیدہ چیدہ یعنی گیارہ اقسام کی ہوتی ہیں۔

دوسرے روز سوا بندوق ماہ کے اُسی ترتیب سے ہتھیار حوالے کئے جاتے ہیں۔ چنانچہ دس روز برابر اسی تعداد میں بندوقیں خلوت کدے میں روانہ کی جاتی ہیں۔
قبلۂ عالم خود اکثر بندوقوں کو چھڑاتے ہیں۔
جب ہر بندوق سر کر لی جاتی ہے تو بار دیگر شروع سے ابتدا کی جاتی ہے اور جب چار مرتبہ بندوق چھڑائی جاتی ہے تو حرم سرا کے باہر واپس کر دی جاتی ہے اور واپس شدہ ہتھیار کی ترتیب وار اسی قسم کی بندوق سے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

خانہ پُری کی جاتی ہے۔

ماہ نو کے آغاز پر ماہ گزشتہ کی غیر استعمالی بندوقیں آخری قرار پاتی ہیں اور ماہ رواں کے ہتھیار نمبر شمار کے حساب سے اوّل ہو جاتے ہیں۔

قاعدہ ہے کہ تبکچی خاصے کے ہتھیاروں کے شکار کی تعداد کو لکھتے جاتے ہیں۔ چنانچہ قبلۂ عالم نے خاصے کی بہترین بندوق سے جو سنگرام کے نام سے مشہور اور فروردین ماہ کے لئے مخصوص ہے ایک ہزار انتیس جانور شکار کئے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۳۰)

مانصبداری منصب جمعی

قبلۂ عالم نے سپہ دہے کی تنخواہ کے چار مراتب قرار دئے ہیں جو مندرج ذیل ہیں۔

اوّل۔ تین سو دام۔
دوم۔ دو سو اسّی دام۔
سوم۔ دو سو ستّر دام۔
چہارم۔ دو سو ساٹھ دام۔

دیگر ملازمین کے پانچ مراتب ہیں اور ہر مرتبے کے تین مدارج ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

اوّل اوّل۔ دو سو پچاس دام۔
دوم اوّل۔ دو سو چالیس دام۔
سوم اوّل۔ دو سو تیس دام۔
اوّل دوم۔ دو سو بیس دام۔
اوسط۔ دو سو دس دام۔
ادنیٰ۔ دو سو دام۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اوّل سوم - ایک سو توے دام -
اوسط دوم - ایک سو اسّی دام -
ادنیٰ سوم - ایک سو ستّر دام -
اوّل چہارم - ایک سو ساٹھ دام -
اوسط یا میانہ - ایک سو پچاس دام -
ادنیٰ - ایک سو چالیس دام -
اوّل پنجم - ایک سو تیس دام -
اوسط - ایک سو بیس دام -
ادنیٰ - ایک سو دس دام -

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۴۱)

فیل خانہ

یہ عجیب و غریب جانور قوت مندی میں پہاڑ اور دلیری و جانبازی میں شیر ہے۔ کشور کشائی میں مالک کے لئے عظیم الشان طاقت اور اضافۂ شان و شوکت کا ذریعہ ہے۔ سپاہ و ملک کی آبادی کا محافظ اور حفاظتِ ملک و فوج کی بہترین سند ہے۔

ہندی ماہرین میدان جنگ میں بہترین ہاتھی کو پانچ سو سواروں کے برابر خیال کرتے ہیں۔

تیر انداز بہادروں کے ہمراہ ایک ہاتھی ہزار سواروں کا کام کرتا ہے۔

تُند خوئی اور سبک خرامی میں تازی گھوڑے کا جواب ہے اور اور اطاعت پذیری و رموز دانی میں انسان کی طرح ہوشمند و دانا ہے۔

شورش مستی اور انتقام کشی میں انسان سے زیادہ کینہ ور ہے۔ مادہ کو باوجود اس کے کہ وہ اُس کی گرفتاری کا باعث ہوتی ہے کبھی نقصان نہیں پہنچاتا۔

نوعمر ہاتھیوں سے جنگ آزمائی نہیں کرتا اور اُن کے نقصان رسانی کے درپے نہیں ہوتا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جانور کی حق شناسی کا یہ عالم ہے کہ اپنے خدمتگار کو آزار نہیں پہنچاتا۔ اُس کی عادت ہے کہ ہمیشہ خاک اُڑاتا ہے لیکن سواری میں اس حرکت سے باز رہتا ہے۔

حکایت ہے کہ ایک ہاتھی مستی کے عالم میں اپنے حریف سے جنگ آزمائی کر رہا تھا، ایک چھوٹا بچہ اُس کے پاؤں کے قریب پہنچ گیا۔ ہاتھی نے اُس خُرد سال کے ساتھ محبت کا برتاؤ کیا اور سونڈ سے اُٹھا کر اُس کو الگ رکھ دیا اور بار دگر لڑائی میں مشغول ہوا۔

مستی کے زمانے میں جب قید سے آزاد ہو کر خود سری کا ہنگامہ برپا کرتا ہے تو کسی شخص کی یہ مجال نہیں کہ اُس کے قریب جا سکے۔

اس عالم میں صاحب ہمت کارکُن مادۂ فیل پر سوار ہو کر اُس کے نزدیک جاتا ہے اور اس کے پاؤں میں زنجیر ڈال کر گرفتار کر لیتا ہے۔

مادہ کا یہ عالم ہے کہ اپنے بچے کے سوگ میں خورد و نوش ترک کر دیتی ہے بلکہ بعض اوقات غم و الم میں خود بھی فنا ہو جاتی ہے۔

یہ جانور طرح طرح کے قواعد کو سیکھتا اور اُن پر کاربند ہوتا ہے اور وہ اُصول جن کو بجز موسیقی داں کے دوسرا شخص سمجھ نہیں سکتا، یاد کر لیتا ہے اور اعضائے بدن کو اُنھیں اصول کے مطابق حرکت دیتا اور ہر قسم کے اشارے کرتا ہے۔

یہ جانور کمان کشی و گولہ اندازی بخوبی سیکھ لیتا ہے اور اُفتادہ شئے کو اُٹھا کر فیلبان کو دے دینے کی عادت جلد اختیار کر لیتا ہے۔ یہ قاعدہ ہے کہ اناج کا دانہ گھاس میں لپیٹ کر ہاتھی کو دیا جاتا ہے۔ جانور فیلبان کے اشارے سے دانے کو گوشۂ دہن میں محفوظ رکھتا ہے اور تنہائی میں دانہ مُنہ سے نکال کر پاسبان کو دے دیتا ہے۔

پستان و زادن گاہ کے اعتبار سے مادۂ فیل انسان سے مشابہ ہے۔ اس کی زبان طوطے کی سی طرح گول ہوتی ہے اور نیز جانور کے بیضے بظاہر نظر نہیں آتی۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پیٹ کے اندر سے پانی سونڈ کے ذریعے سے نکالتا ہے اور اپنے اوپر چھڑکتا ہے۔ پانی میں بدبو نہیں ہوتی۔ خورد و گھانس دوسرے روز تک سے نکالتا ہے لیکن گھاس میں فرق نہیں آتا۔

اس جانور کی قیمت ایک لاکھ روپے سے پانچ سو تک مقرر ہے۔ پنج ہزاری ہاتھی بکثرت پائے جاتے ہیں۔ دو ہزاری فیل بھی گاہ گاہ دستیاب ہو جاتا ہے۔

ہاتھی کی چار قسمیں ہیں۔

(۱) بھدر۔ اس کے اعضائے بدن متناسب ہوتے ہیں۔ بلند سر کشادہ سینہ دراز گوش ہوتا ہے۔ دُم لمبی ہوتی ہے اور جانور دلیر و محنتی ہوتا ہے۔

اس کی پیشانی سے ایک قسم کا مہرہ بڑے موتی کی شکل و وضع کا نکالا جاتا ہے۔ اس مہرے کو گج موتی کہتے ہیں جس میں عجیب و غریب خواص بیان کئے جاتے ہیں۔

(۲) مندھ۔ اس قسم کا جانور سیاہ فام و زرد موتھ بزرگ شکم ہوتا ہے۔ اس کا آلۂ تناسل دراز ہوتا ہے اور جانور بیحد شوخ و ناہنجار ہے۔

(۳) مرگ۔ سفید اندام خالدار (سفید جس پر سیاہ چتیاں ہوں) ہوتا ہے۔ اس کی آنکھوں کا رنگ سرخی دار زرد یا سیاہی و سفیدی کی آمیزش کا ایک مجموعہ ہوتا ہے۔

(۴) ہرّ۔ اس جانور کا سر چھوٹا ہوتا ہے اور آسمانی رنگ کے ساتھ ڑیاں پڑی ہوئی ہوتی ہیں۔ بادل کی گرج سے بیحد ڈرتا ہے۔

اقسام مذکورۂ بالا کے علاوہ مختلف قسموں کے جوڑا کھانے سے انواع و اقسام کے جانور پیدا ہوتے ہیں جن کے جداگانہ نام ہیں اور ہر قسم کے خواص علیحدہ ہیں۔

جانور کا رنگ تین قسم کا ہوتا ہے۔ سفید، سیاہ و گندم گوں۔

سنت رنج تم کے اعتبار سے بھی اس جانور کی تین قسمیں ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اس فقرے کی تشریح بعد میں کی جائے گی۔

(۱) فراز ال سلسلہ (جس میں صفت سبت غالب ہو) یہ جانور بیحد ہوشیار و متناسب اعضا، نیک منظر و میانہ قد و کم خوراک ہوتا ہے۔ یہ جلد مطیع ہو جاتا ہے اور مادہ کی کم خواہش کرتا ہے۔ اس کی عمر دراز ہوتی ہے۔

(۲) نشیب رج (جس میں رج غالب ہو) تیز نظر ہیبت ناک، بہادر، شوخ افعال، تند خو، بسیار خوار ہوتا ہے۔

(۳) افزول تم (جس جانور میں تم غالب ہو) خود سر و تباہ کار ہوتا ہے اور بیحد سونے اور کھانے والا ہے۔

مادہ اکثر اوقات اٹھارہ مہینے میں بچہ جنتی ہے تین مہینے نر و مادہ کا مادہ رحم میں آمیزش کھاتا ہے اور پارے کی طرح حرکت کرتا رہتا ہے۔ پانچویں مہینے مادے کی حرکت کم ہوتی ہے اور اس میں کچھ قوام آتا ہے۔

ساتویں مہینے تک نطفہ بخوبی بستہ ہو جاتا ہے۔
نویں مہینے اس میں بالیدگی پیدا ہوتی ہے۔
گیارھویں ماہ جسم بنتا ہے۔
بارھویں مہینے رگ و ناخن و بال جسم پر ظاہر ہوتے ہیں
تیرھویں مہینے نر و مادگی کی علامات پیدا ہوتی ہیں۔
پندرھویں مہینے جان پڑتی ہے۔ اگر مادہ قوی ہوتی ہے تو نر پیدا ہوتا ہے ورنہ مادہ۔
سولھویں مہینے بچے میں ہوش و حواس پیدا ہوتے ہیں اور سترھویں مہینے شکم مادر سے باہر آنے کی کوشش کرتا ہے۔
اٹھارھویں مہینے بچہ پیدا ہوتا ہے۔
بعض اشخاص کا بیان ہے کہ نطفہ پہلے ہی مہینے میں بستہ ہو جاتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دوسرے مہینے چشم و گوش و بینی و دہن و زبان نمودار ہو جاتے ہیں۔
تیسرے ماہ دیگر اعضا پیدا ہوتے ہیں۔
چوتھے مہینے بالیدگی و مضبوطی پیدا ہوتی ہے۔
پانچویں مہینے جانور مکمل ہو جاتا ہے۔
چھٹے مہینے ہوش و حواس پیدا ہوتے ہیں
ساتویں مہینے شناسائی کی قوت آجاتی ہے۔
آٹھویں مہینے اسقاط کا اندیشہ ہوتا ہے۔
نویں، دسویں اور گیارھویں مہینوں میں جانور میں بالیدگی ہوتی ہے۔
بارھویں مہینے بچّہ پیدا ہوتا ہے۔
اگر نر کا نطفہ قوی ہے تو بچّہ نر پیدا ہوتا ہے اور اگر مادہ طاقتور ہے تو مولود مادہ پیدا ہوتا ہے اور اگر دونوں کی طاقت برابر ہوتی ہے تو بچّہ خنثیٰ پیدا ہوتا ہے۔
نر کا نطفہ رحم مادر میں جانب راست رہتا ہے۔ مادہ کا جانب چپ، اور خنثے کا رحم کے درمیان میں۔
اکثر اوقات مادہ کی وہ مستی جس کے بعد وہ حاملہ ہوتی ہے، بارہ روز تک رہتی ہے۔ اس زمانے میں ایک قسم کا سرخ مادّہ اُس کی زادگاہ سے ٹپکتا رہتا ہے۔ اس حالت میں وہ عجیب و غریب حرکات کرتی ہے۔ پانی اور مٹّی سے کھیلتی اور کان اور دُم کو اُٹھاتی ہے۔ ہر وقت نر کے پاس رہتی ہے اور اپنے کو قطعاً نر کی مرضی کے حوالے کر دیتی ہے، اُس سے جدا ہونا پسند نہیں کرتی۔
نر کے دانت پر اپنا سر رکھ کر کھڑی رہتی ہے اور اس حالت میں نر کے بول و براز کو سونگھتی اور اُس کے قریب دوسری مادہ کو آنے نہیں دیتی۔
اکثر ایسا ہوتا ہے کہ نر کی ہاتھا پائی سے عاجز ہو کر جوڑا کھانے پر تیّار نہیں ہوتی اور نر جبر کرتا ہے۔ دوسری مادہ اس کی آواز سُن کر قریب جاتی اور اُس کو نر کے پنجے سے نجات دلواتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

قدیم زمانے میں خانگی طور پر ہاتھیوں کی نسل کو بڑھانے کا رواج نہ تھا اور اہل زمانہ اُس کو نامبارک خیال کرتے تھے۔ جہاں پناہ نے بہترین جانوروں کو پالا اور یہ شُبہ قلوب سے دور ہوا۔

اکثر اوقات مادہ ایک ہی بچّہ جنتی ہے لیکن بعض مرتبہ دو بچے بھی پیدا ہوتے ہیں۔

بچّہ پانچ سال تک دودھ پیتا ہے اور اس کے بعد قید طفلی سے آزاد ہوتا ہے۔ اس زمانے میں بچّے کو بال کہتے ہیں۔

دَہ سالہ جانور کو پوت، بیست سالہ کو بَبک اور سی سالہ کو تُلبہ کہتے ہیں۔

جانور ہر سن میں جداگانہ حالتیں اختیار کرتا ہے اور ہر حال میں جداگانہ نام سے پکارا جاتا ہے۔

ساٹھ برس کے سن میں کڑبل جوان ہوتا ہے اور ساٹھا تو پاٹھا کا مصداق ہو جاتا ہے۔ اُس وقت اُس کا سر گیند کے دو ٹکڑوں کی مانند ہوتا ہے اور کان پھاج کی طرح کُھلتے اور ہلتے رہتے ہیں۔

آنکھ کا رنگ اگر سفیدی زردی سیاہی اور سرخی ملا ہوا ہوتا ہے تو جانور شائستہ و خوب خیال کیا جاتا ہے۔ پیشانی ہموار ہوتی۔ اُس کی سطح پر شکن و گنبڑ نہیں ہوتے۔

ناک کی بجائے سونڈ ہوتی ہے لیکن اس قدر لانبی کہ زمین تک پہنچ جاتی ہے۔ جانور سونڈ سے غذا اُٹھا کر مُنہ میں ڈالتا ہے اور اسی سے پانی کھینچ کر مُنہ کے اندر لے جاتا ہے۔

ہاتھی کے کُل دانت اٹھارہ ہوتے ہیں۔ سولہ دانت منہ کے اندر ہوتے ہیں، آٹھ اوپر اور آٹھ نیچے اور دو دانت باہر نکلے رہتے ہیں۔ باہر کے دانت ایک گز یا اس سے زائد لانبے ہوتے ہیں۔

یہ دانت گول، آبدار، مضبوط اور سفید ہوتے ہیں۔

بعض اوقات بیرونی دانتوں کا رنگ سرخ بھی ہوتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دانت سیدھے اور کسی قدر اوپر کو اُٹھے ہوئے ہوتے ہیں۔
بعض اشخاص کا بیان ہے کہ بیرونی دانت کبھی چار بھی برآمد ہوتے ہیں۔
ان دانتوں کو ضرورت و زیبائش کے لحاظ سے کاٹ بھی ڈالتے ہیں
جو پھر بڑھ جاتے ہیں۔
اکثر ہاتھیوں کے دانت ہر سال اور بعض کے دوسرے یا تیسرے سال
کاٹے جاتے ہیں۔
دَہ سالہ دہشتاد سالہ جانوروں کے دانت نہیں کاٹے جاتے۔
عمدہ و خوبتر جانور دس ہاتھ بلند اور نو ہاتھ دراز ہوتا ہے اور
اور اس کے شکم اور پیٹھ کا دَور بھی دس ہاتھ ہوتا ہے۔
مذکورۂ بالا جانور سے بھی بڑے ہاتھی کو اعلیٰ و خوبترین خیال کرتے ہیں۔
اگر جانور کے نو اعضا زمین تک پہنچ جائیں تو وہ بہترین ہاتھی خیال
کیا جاتا ہے۔ یہ اعضا مندرج ذیل ہیں۔
چار ہاتھ و پاؤں، دو دانت، سونڈ، دُم و ذکر۔
ہاتھی کی پیشانی پر سفید تل بیحد مبارک خیال کئے جاتے ہیں۔ گردن کی
فربہی جانور کے محاسن میں داخل ہے۔
کان کے اوپر اور اُن کے گرد بالوں کا بڑا ہونا جانور کی خوبی نسل کا
پتا دیتا ہے۔
اکثر ہاتھی موسم سرما میں اور بعض گرما و بارش کے موسم میں مستی پر
آتے اور عجیب و غریب خوش فعلیاں کرتے ہیں۔
مکانات دھکا دے کر گراتے، سنگین دیواروں کو توڑتے اور
سوار کو مع گھوڑے کے سونڈ میں لپیٹ لیتے ہیں۔
ہاتھیوں کی دلیری و سخت مزاجی میں بھی بیحد فرق ہوتا ہے۔
دونوں کنپٹیوں کے درمیان یا ایک ہی شقیقے سے ایک قسم کا
سیاہ عرق ٹپکتا ہے جس کو انسان قطعاً سونگھ نہیں سکتا۔
بعض اوقات یہ پسینہ سفید سرخی آمیز بھی ہوتا ہے۔ ماہرین فیل کا بیان ہے کہ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جانور کے ہر دو شقیقے میں بارہ سورا خ تک ہوتے ہیں ان سے بھی عرق ٹپکتا ہے۔

جو جانور کہ جلد ہوش میں آتا ہے اُس سے عرق بہت زیادہ ٹپکتا ہے اور جو دیر میں باہوش ہوتا ہے اُس کے جسم سے قطرہ قطرہ عرق گرتا ہے۔ اس تراوش کے بعد جانور میں شورش پیدا ہوتی ہے۔ یہ حالت بیحد خوشنما ہوتی ہے جس کو تفنّی یا سرہری کہتے ہیں۔

اگر ایک ہی شقیقے کے قدرے بالائی حصّے سے عرق ٹپکتا ہے تو جانور کو سینگا ڈھال کہتے ہیں اور اگر ہر سہ مقامات سے پسینہ جاری ہوتا ہے تو ہاتھی کو تل جور کے نام سے یاد کرتے ہیں

اس زمانے میں ہاتھی کو اکثر ذی حیات حیوانات و انسان سے مانوس رکھتے ہیں۔ انسان اور گھوڑے وغیرہ دیگر چوپائے اس کے قریب رہتے ہیں اور بعض ہاتھی ہر قسم کے جانوروں کے قریب رکھے جاتے ہیں۔

بہدّر میزان و عقربیں، متدہ بہاریں، مرگ قوس و جدی میں اور مرہر موسم میں مست ہوتے ہیں۔

فیلبان ہاتھیوں کو دوا کے ذریعے سے بھی مست کرتا ہے لیکن اس طرح جانور کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔

اکثر بہترین ہاتھی طبل جنگ کی آواز سے مست ہو جاتے ہیں اور بعض اوقات شگفتہ خاطر ہونے سے بھی مستی طاری ہو جاتی ہے۔ چنانچہ خاصے کا گج ملک فیل طبل شاہی کی آواز سُن کر مست ہوتا ہے اور اس کے جسم سے مذکورہ بالا عرق کی تراوش شروع ہو جاتی ہے۔ اکثر تیس سال کے ہاتھی اس طرح مست ہوتے ہیں لیکن بعض جانور پچیس سال کے سن میں مست ہو جاتے ہیں۔ بعض جانوروں پر سالہا سال مستی طاری رہتی ہے چنانچہ خاصے کے اکثر ہاتھی پانچ پانچ سال تک مستانہ وار جھوما کرتے ہیں۔ اکثر جانور ہی مست ہوا کرتے ہیں۔

نر مستی میں خاک افشانی کرتا اور مادہ کو تلاش کرتا ہے اور کیچڑ و پانی میں رہنا اور اسی حالت میں تا دیر قیام کرنا پسند کرتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مستی کے عالم میں جانور غضبناک رہتا ہے اور بیشمار انگڑائیاں لیتا اور کم سوتا ہے۔ یہ حالت اس درجہ ترقی کرتی ہے کہ غذا بالکل ترک کر دیتا ہے اور قید سے بیقرار ہوتا اور آزاد ہو کر گھومنا اور پھرنا پسند کرتا ہے۔

ہاتھی کی عمر طبیعی انسان کی طرح ایک سو بیس سال قرار دی گئی ہے۔

اس جانور کے بیشمار نام ہیں۔ ہستی، گج، پیل، ہاتھی وغیرہ۔

یہ جانور تیز شناس پاسبانوں کی دیکھ بھال سے عمدہ و بہترین جوہر قابلیت پیدا کرتا ہے اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ سو روپے کی قیمت کا ہاتھی تربیت پاکر قلیل زمانے میں دس ہزار کو فروخت ہوتا ہے۔ ہندی حکمائے مذہب کا عقیدہ ہے کہ ہر ہشت جہات عالم میں ایک ایک قدسی نفس دیوتا فیل کے جسم میں دُنیا کی پاسبانی کرتا ہے۔

ان قدسی نژاد پاسبانوں کے متعلق عجیب و غریب داستانیں بیان کی جاتی ہیں۔

حکمائے ہند کہتے ہیں کہ مشرق کی جانب اِیرَاوَتْ، مشرق و جنوب کی سمت پُنڈریک، جنوب میں بامَنْ، جنوب و مغرب کے درمیان کُمُدْ، مغرب میں آنجَنْ، شمال و مغرب کے درمیان پُشپدَنْتْ شمال میں سَارْبَبَھُوْمْ، شمال و مشرق کے درمیان سُپرَتِیکْ نام فیل جسم دیوتا موجود اور پاسبان زمانہ ہے

اہل ہند حل مشکلات کے لئے ان کے نام کی دعائیں پڑھتے اور ان کی تعریف و ثنا کر کے ان دیوتاؤں سے امداد طلب کرتے ہیں۔

حکمائے ہند لکھتے ہیں کہ دُنیا کے تمام ہاتھی انہی آٹھ دیوتاؤں کی نسل سے ہیں۔ چنانچہ سفید مُو جانور کو اِیرَاوت کی اولاد سمجھتے ہیں۔

اگر جانور بزرگ سر دراز مُو، خشمناک و باہمت ہوتا ہے اور آنکھ کی پلکیں کھلی رکھ کر نظر کرتا ہے تو وہ دوسرے دیوتا کی نسل سے قرار پاتا ہے۔

جو ہاتھی خوش مزاج، دیدار و سیاہ فام ہوتا ہے اور جس کی پیٹھ درمیان سے بلند ہوتی ہے، تیسرے دیوتا کی اولاد سمجھا جاتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بلند قامت، سرخ چشم سیہ و سرخی آمیز، شوخ و صاحب فہم و کوتاہ مُو کو چوتھے دیوتا کی اولاد سمجھتے ہیں۔

اگر جانور چکیلا، سیاہ مو اور ایک دانت دوسرے سے بڑا اور سینہ و شکم سفید اور ہاتھ دراز و فربہ ہوں اور جسم متناسب ہو تو یہ جانور پانچویں دیوتا کی اولاد خیال کیا جاتا ہے۔

مہیب جانور جس کی رگیں جسم کی کھال پر نمودار ہوں اور جس کا سر و پشت و گوش و خرطوم دراز ہو اُس کو چھٹے دیوتا کی اولاد سمجھتے ہیں۔

اگر جانور نازک بدن، سرخ چشم، دراز خرطوم ہو تو ساتویں دیوتا کی نسل سے خیال کیا جاتا ہے۔

اور اگر کوئی جانور ہر صفت مذکورۂ بالا صفات سے متصف ہو تو وہ آٹھویں یا سیان کی اولاد سے سمجھا جائے گا۔

حکمائے ہند نے جانور کی طبیعت اور اُس کے مزاج کے موافق بھی اُس کی آٹھ قسمیں بیان کی ہیں۔

(۱) اگر جانور کی کھال چیچن زدہ نہ ہو اور جانور تندرست و باوقار ہو، میدان جنگ میں حریف کے مقابلے سے منہ نہ موڑے، گوشت سے رغبت نہ کرے اور عمدہ خوراک کا شائق اور ہر وقت خوش رہے تو ایسے ہاتھی کو دیو مزاج کہتے ہیں۔

(۲) اگر جانور میں اپنی نوع کی تمام خوبیاں پائی جائیں اور فرائض سے آگاہ و واقف ہو اور نیز یہ کہ منہ، سر، کان، سونڈ، ہاتھ اور پاؤں اور دُم کو ہر وقت جنبش دیتا رہے اور بلا اشارے کے کسی شے کو نہ ستائے تو اس جانور کو گندھرپ مزاج کہتے ہیں۔

(۳) اگر جانور غصہ ور ہو اور اشتہا کے وقت غذا کھائے اور پانی میں رہنا پسند کرے تو اُس کو برہمن مزاج کہتے ہیں۔

(۴) جو جانور کہ بجد طاقتور، خوشحال، جنگ دوست و شوخ مزاج ہوتا ہے اُس کو کھتری مزاج کے لقب سے یاد کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اگر پست قد، فراموش کار، اپنے کام میں شوخ اور مالک کی خدمتگزاری میں سست، بدترین خوراک کا شائق اور ہر ہاتھی سے جنگ کرنے پر تیار ہو تو اس جانور کو شور مزاج کہتے ہیں۔

(۶) اگر جانور کی مستی دیرپا ہو اور خود شعیدہ بازی و نقصان رسانی کا شائق و راہ کو فراموش کرنے والا ہو تو اس کو مار مزاج کے لقب سے یاد کرتے ہیں۔

(۷) اگر ہاتھی کج رو اور گمراہ ہو اور ہر وقت اپنے کو مست ظاہر کرے تو اس کو پشاچہ مزاج سمجھتے ہیں۔

(۸) اگر جانور زور آور اور تیز رو مردم آزار و شب گرد ہو تو اس کو راچھس مزاج سے یاد کرتے ہیں۔

اہل ہند نے ان خصائص میں ضخیم کتابیں لکھی ہیں اور جانور کی طرح طرح کی بیماری اور ہر قسم کی چارہ سازی کا ذکر کیا ہے۔

یہ جانور مندرجۂ ذیل مقامات پر پایا جاتا ہے۔

صوبۂ آگرہ میں جنگل بیاوان و نرواریں برار تک۔

صوبۂ الہ آباد میں حدود پٹھہ و گھور اگھاٹ و رتن پور و نندن پور و سرگجہ اور بستر میں۔

صوبۂ مالوہ میں ہنڈیہ و اچھود و چندیری و سنتو اس دیگاگڈھ و راسین و بھوسنگا یاد و گڈہ و بہرپاگڈھ میں۔

صوبۂ بہار میں رہتاس و چہار کھنڈ میں۔

صوبۂ بنگالہ میں اوڑیسہ اور سانگاؤں (ہگلی) میں بکثرت ہاتھی پائے جاتے ہیں۔ پٹھے کے ہاتھی بہترین خیال کئے جاتے ہیں۔

ہاتھی کے گلے کو ہندی میں تہن کہتے ہیں۔

گلے جانوروں کی تعداد کے اعتبار سے مختلف ہوتے ہیں۔ بعض اوقات ایک گلے میں ہزار ہاتھی ہوتے ہیں۔

یہ جانور جنگل میں بیحد ہوشیاری کے ساتھ رہتا ہے۔ جاڑے اور گرمی کے موسم میں سکونت کے لئے مناسب مقام مقرر کر لیتا ہے اور خوابگاہ کے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

قریب دیوار کے درختوں کو توڑ کر گرا دیتا ہے۔

ہاتھی تفریح و خوش فعلی و غذا و آب کے لئے دور دراز مقامات کو منتخب کرتے اور وہاں جاتے ہیں۔ چلنے کی حالت میں ایک ہاتھی گروہ کے آگے آگے بطور قراولی کے چلتا رہتا ہے۔ یہ ہاتھی اکثر اوقات مادہ ہوتی ہے۔

جب یہ جانور سوتے ہیں تو چاروں طرف چار چار مادۂ فیل کو پاسبانی کے لئے مقرّر کر دیتے ہیں جو نوبت بہ نوبت محافظ کے فرائض انجام دیتی ہیں۔

بچّہ پیدا کرنے کے بعد ماں مولود کو تین چار روز سونڈ سے اُٹھا کر پیٹھ پر یا دانتوں پر بٹھاتی ہے۔

ہاتھی مادۂ فیل کے لئے زچگی و بیماری کی حالت میں دوائیں تیّار کرتے ہیں اور خدمت کے لئے اُن کے گرد جمع ہوتے ہیں۔ جب ہاتھی گرفتار ہوتے ہیں تو مادہ جال کو توڑ دیتی ہے اور فیلبان کو نیچے اُتار لیتی ہے، جب فیل بچّہ دام میں گرفتار ہوتا ہے تو جانور کمین گاہ میں چھپ رہتے ہیں اور رات کے وقت مقام قید پر آکر بچّے کو چھڑا لیتے ہیں اور گرفتار کرنے والے کو پامال کر کے ہلاک کر دیتے ہیں۔

قبلۂ عالم فرماتے تھے کہ ایک مرتبہ جنگل میں ہاتھی کا ایک بچّہ کنویں میں گر پڑا۔ شب کے وقت میں نے اُس کو کنویں میں پڑا رہنے دیا صبح کو معلوم ہوا کہ دشتی ہاتھیوں نے کنویں کو لکڑی اور گھاس سے پاٹ کر بچّے کو نکال لیا۔

اور نیز یہ کہ ایک مادہ نے حیلے سے اپنی جان بچائی اور مردہ بن کر اس طرح زمین پر لیٹ گئی کہ گویا اُس میں مطلق جان نہیں ہے۔ میں اُس کو اُسی طرح زمین پر چھوڑ کر آگے بڑھ گیا، واپسی میں رات ہو گئی اور دیکھا کہ ہتھنی کا نام و نشان نہیں ہے۔

خاصے کا ایک ہاتھی ایار نام فیلبان کا دشمن ہو گیا اور ہر وقت اُس کی تاک میں رہتا تھا۔ ایک رات ہاتھی نے فیلبان کو سوتا ہوا پایا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جانور نے ایک بڑی لکڑی سے فیلبان کی پگڑی اُتاری اور اُس کے سر کے بالوں کو لکڑی میں لپیٹ کر کھینچا اور اُس کا کام تمام کر دیا۔

ہاتھی کی عقل و فہم کے متعلق بیشمار قصّے مشہور ہیں جو معرض تحریر میں نہیں آسکتے اور جن کو سُن کر اُن کی صحت کا کم یقین ہوتا ہے۔ فرمانروایان وقت اس جانور کو دل سے چاہتے ہیں اور ان کے فراہم کرنے میں بیحد سعی و کوشش کرتے ہیں، ان کے خدمتگاروں کی قدر کرتے اور اُن کی شناخت کرنے والوں کو بلند مراتب عنایت کرتے ہیں۔ کمینہ مزاج و بد اصل افراد کو نامرادی حاصل کرنے کے سامان بہم پہنچ جاتے ہیں جو اس جانور کے ذریعے سے سیہ کاری کرتے اور ظلم و ستم ڈھاتے ہیں۔ قدیم حکمرانوں نے نہ تو ان سفلہ مزاج ظالموں کے افعال کا کوئی علاج کیا اور نہ اس جانور کے فراہم کرنے کی آرزو کو گوشۂ خاطر سے فراموش کیا۔ غرضکہ اُن کی تمنا پوری نہ ہوئی اور دُنیا سے مایوسی کے عالم میں سفر کر گئے۔

قبلۂ عالم نے اپنی تائید یافتہ فطرت فرمانروائی سے باوجود کثرت کار و مشاغل اور نیز اس جانور کی کثرت کے فرومایہ غرور پسند افراد کو راہ سعادت کی رہنمائی کی اور بہترین قوانین وضع فرما کر دُنیا کو امن و امان کی برکات سے مستفید فرمایا۔

جہاں پناہ نے جانوروں کی مجموعی تعداد کو مختلف جماعتوں میں تقسیم کر کے انصاف منش داروغگاں کے سپرد کیا اور چند ہاتھی خاصے کے مخصوص فرمائے۔

مراتب فیل

قبلۂ عالم نے اپنے فروغ عقل و دانش سے اس جانور کو سات قسموں میں تقسیم فرمایا جن کے نام مندرج ذیل ہیں۔

مست، شیرگیر، سادہ، منجھولا، کرینہ، پھندر، کیہ اور موکل۔

جب جانور پر نشۂ جوانی چڑھتا ہے اور اُس کے قلب و دماغ میں سرور پیدا ہو کر جسم میں توانائی پیدا ہوتی ہے تو اُس کو مست کہتے ہیں۔

جو ہاتھی کہ پٹھا ہو اور دو ایک بار علامات جوانی کو ظاہر کرے اور ہمیشہ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

خوش فعلیاں کرتا رہے وہ شیر گیر کہلاتا ہے۔
تیسری قسم یعنی منجھولا وہ ہے جو شیر گیر کی حالت کے قریب پہنچ جائے۔
چوتھی قسم منجھولے سے بھی کم عمر ہاتھیوں کی سمجھی جاتی ہے۔
پانچویں قسم اُن جانوروں کی ہے جو قسم چہارم سے بھی کم ہوں۔
چھٹی قسم کے جانور قسم پنجم کے ہاتھیوں سے کچھ چھوٹے ہوتے ہیں۔
ساتویں قسم جانوروں کی وہ ہے جو سواری کے قابل نہ ہو۔
ہر قسم کے جانور تین صنف میں تقسیم کئے گئے ہیں، بزرگ، میانہ اور خرد۔
اور آخر الذکر کی دس قسمیں جدا قرار پائیں۔
ہر صنف کی خوراک اُن کے جثّے اور حالات کے مطابق مقرر فرمائی گئی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۴۲)

خوراک

قدیم زمانے میں جانور کی مرتبہ شناسی کا وجود نہ تھا اور خوراک کے معاملے میں بیحد بے عنوانیاں عمل میں لائی جاتی تھیں۔ قبلۂ عالم نے اس تاریکی کو دور فرمایا اور اہل عالم کی رفاہ پر توجہ فرماکر اپنی دور اندیشی سے کام فرمایا۔

جہاں پناہ نے بہترین وعجائب روزگار قوانین وضع فرمائے۔

مست بزرگ جانور کی خوراک دو من چوبیس سیر قرار پائی۔

مست میانہ کے لئے دو من انیس سیر	مست خرد دو من چودہ سیر
شیر گیر بزرگ ایک من چونتیس سیر	شیر گیر میانہ ایک من انیس سیر
شیر گیر خرد ایک من چوبیس سیر	منجھولہ بزرگ ایک من بائیس سیر
منجھولہ میانہ ایک من بیس سیر	منجھولہ خرد ایک من اٹھارہ سیر
کرہہ بزرگ ایک من چودہ سیر	کرہہ میانہ ایک من نو سیر
کرہہ خرد ایک من چار سیر	پھندرکیہ بزرگ ایک من
پھندرکیہ میانہ اچھتیس سیر	پھندرکیہ خرد بتیس سیر
موکل بزرگ اچھتیس سیر	موکل میانہ چوبیس سیر
موکل سوم بائیس سیر	موکل چہارم بیس سیر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

موکل پنجم، اٹھارہ سیر
موکل ہفتم، چودہ سیر
موکل نہم، نو سیر

موکل ششم، سولہ سیر
موکل ہشتم، بارہ سیر
موکل دہم، آٹھ سیر

ماؤہ فیل، کلاں، میانہ، خرد، موکل چار قسموں میں تقسیم کی گئی۔ پہلی دو قسمیں تین شاخوں میں، تیسری قسم چار شاخوں میں اور چوتھی نو شاخوں میں تقسیم کی گئی۔

ان کی خوراک کی جدول حسب ذیل ہے۔

کلاں کلاں، ایک من بائیس سیر
کلاں خرد، ایک من چودہ سیر
میانہ میانہ، ایک من چھ سیر
خرد کلاں، سینتیس سیر
خرد، ستائیس سیر
موکل اول، بائیس سیر
موکل سوم، اٹھارہ سیر
موکل پنجم، چودہ سیر
موکل ہفتم، دس سیر
موکل نہم، چھ سیر

کلاں میانہ، ایک من اٹھارہ سیر
میانہ کلاں، ایک من دس سیر
میانہ خرد، ایک من دو سیر
خرد میانہ، ستتیس سیر
خرد خرد، بائیس سیر
موکل دوم، بیس سیر
موکل چہارم، سولہ سیر
موکل ششم، بارہ سیر
موکل ہشتم، آٹھ سیر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۴۳)

خدمتگزاراں

(۱) مست ہاتھی کے لئے ساڑھے پانچ نفر خدمتگار مقرر کئے جاتے ہیں۔

مہاوت، یہ شخص جانور کی گردن پر بیٹھ کر اس عجیب الخلقت چوپائے کو اپنے قابو میں رکھتا ہے۔ جانور کی خوبیوں اور اس کے عیوب کو پہچانتا اور مشکل و کارگزاری میں اُس کی مدد کرتا ہے۔

مہاوت کی تنخواہ دو سو دام ماہانہ مقرر ہے۔

اگر جانور کٹھر یعنی بدکردار اور مہاوت کو گردن سے پھینک دینے والا ہے تو فیلبان کو دو سو چوبیس دام ماہوار ادا کئے جاتے ہیں۔

بھوئی، یہ جانور کے سر پر بیٹھتا ہے اور جنگ کے میدان و تیز رفتاری کے عالم میں ہاتھی کی مدد کرتا ہے اور کبھی مہاوت کے بھی فرائض انجام دیتا ہے۔ اس کی تنخواہ ایک سو بیس دام مقرر ہے۔

پیٹھو، یہ ملازم جانور کا چارہ لاتا اور ہاتھی کو باندھنے اور کھولنے میں دیگر ملازمین کی اعانت کرتا ہے۔

کلان و میانہ جانوروں کے لئے ساڑھے تین پیٹھو اور خرد کے لئے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

تین شخص مقرر ہیں۔
ہر ہیٹھ کو ہر کالی کے زمانے میں چار دام روزانہ اور عموماً ساڑھے تین دام روز ادا کئے جاتے ہیں۔
(۲) شیر گیر کے لئے پانچ ملازم۔
ایک مہاوت جو ایک سو اسّی دام ماہوار پاتا ہے۔
ایک بھوئی جس کو ایک سو تیس دام ماہوار دئے جاتے ہیں۔
تین ہیٹھ، جن کی تنخواہ وہی ہے جو مست ہاتھی کے حالات میں لکھی جا چکی ہے۔
(۳) ساوہ۔ ساڑھے چار ملازم۔
مہاوت، تنخواہ ایک سو ساٹھ دام۔
بھوئی، نوّے دام۔
ہیٹھ، تنخواہ مذکورۂ بالا۔
(۴) منجھولے کے لئے چار ملازم۔
مہاوت، تنخواہ ایک سو چالیس دام،
بھوئی، تنخواہ اسّی دام،
دو ہیٹھ، تنخواہ مذکورۂ بالا۔
(۵) کرہہ کے لئے ساڑھے تین ملازم۔
مہاوت، تنخواہ ایک سو بیس دام۔
بھوئی، تنخواہ ستّر دام۔
ڈیڑھ ہیٹھ، تنخواہ مذکورۂ بالا۔
(۶) پھندرکیہ کے لئے دو ملازم۔
ایک مہاوت، تنخواہ ایک سو دام۔
ایک ہیٹھ، تنخواہ مذکورۂ بالا۔
(۷) موکل کے لئے دو ملازم۔
ایک مہاوت، تنخواہ پچاس دام۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ایک میٹھ، تنخواہ مذکورۂ بالا۔

فوجدار۔ بادشاہ عالم پناہ نے دس دس بیس بیس تیس تیس ہاتھیوں کے حلقے مقرر فرما کر ہر حلقہ ایک ہوشیار کارگزار کے سپرد فرمایا ہے۔

ہاتھیوں کے گروہ کو حلقہ اور پاسبان کو فوجدار کہتے ہیں۔

فوجدار، جانوروں کی فربہی و تیز آموزی کی دیکھ بھال کرتا ہے اور آتش افروزی و توپ اندازی میں جانور کو دلیری کے ساتھ میدان میں ثابت قدم رہنے کی تعلیم دیتا ہے۔ غرضکہ جانور کے ہر نیک و بد کا یہ شخص جواب دہ ہے۔

جو فوجدار کہ صدی یا اس سے زیادہ کا منصبدار ہوتا ہے اُس کے سپرد پچیس سے لے کر تیس تک جانور کر دئے جاتے ہیں۔ اور دیگر بستی و دہ باشی فوجدار اس منصبدار کے ماتحت ہوتے ہیں۔ غرضکہ دہ باشی سے لے کر ہزاری تک تمام فوجداروں پر اسی قاعدے کا عمل ہوتا ہے۔ صدی سے بالاترین فوجداروں کی تنخواہ مختلف ہے۔ اکثر فوجدار مرتبۂ امارت تک فائز ہوئے ہیں۔

صدی فوجدار دو اسپ کو داغ دلاتے ہیں۔

بستی اوّل کے تیس روپے، دوم کے پچیس روپے اور سوم کے بیس روپے مقرر ہیں۔

دہ باشی اوّل کو بیس روپے، دوم کو سولہ روپے، سوم کو بارہ روپے ادا کئے جاتے ہیں۔

بستی اور دہ باشی ایک ہی اسپ کو داغ دلاتے اور گروہ احدیاں میں داخل سمجھے جاتے ہیں۔

وہ فوجدار جس کے سپرد تیس یا پچیس جانور ہوتے ہیں وہ ایک اُس ہاتھی کے مہاوت اور ایک بھوئی کے اخراجات جو وہ اپنی سواری کے لئے مخصوص کرلیتا ہے، خود ادا کرتا ہے۔

ہر فوجدار کہ بیس یا دس جانوروں کے ذمہ دار ہوتے ہیں وہ صرف [illegible] خود دیتا ہے۔

جہاں پناہ ان کارگزاروں کی خدمت پر اکتفا نہیں فرماتے،

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

حضرت نے مختلف امرا کو حلقے سپرد فرما دئے ہیں لیکن ان ہاتھیوں کی خوراک محکمۂ سرکار سے دی جاتی ہے۔

قبلۂ عالم نے ایک مستعد ہوشیار اور قابل منشی اس صیغے میں مقرر فرمایا ہے۔ یہ منشی سررشتے کی آمد و خرچ کا حساب قلمبند کرتا اور آئین مقررہ کی پابندی کی دیکھ بھال کر کے تمام حالات معروضے کے ذریعے سے حضور میں پیش کرتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۴۴)

رخت

دھڑتہ - یہ ایک بہت طویل آہنی زنجیر ہے جو بعض اوقات سونے اور چاندی کی بھی تیار کی جاتی ہے - اس میں ساٹھ طولانی حلقے ہوتے ہیں، اور ہر حلقے کا وزن تین سیر قرار دیا گیا ہے۔

ہاتھی کی طاقت کا اندازہ کر کے زنجیریں طول و وزن میں مختلف ہوتی ہیں۔

زنجیر کا ایک سرا زمین میں گاڑتے یا کسی ستون سے باندھتے ہیں اور دوسرا سرا ہاتھی کے بائیں پاؤں میں باندھا جاتا ہے۔

پیشتر دوسرا سرا ہاتھی کے ہاتھ میں باندھا جاتا تھا، ایک روز اس کی وجہ سے جانور کے سینے پر چوٹ آئی اور قبلۂ عالم نے اس قاعدے کو منسوخ فرمایا۔

آنڈو - یہ ایک زنجیر ہے جس سے جانور کے دونوں ہاتھ باندھے جاتے ہیں۔ وہ زنجیر و جانور کو نقصان و تکلیف پہنچائے، قبلۂ عالم کو پسند نہیں ہے۔

بیڑی - اس زنجیر سے ہاتھی کے دونوں پاؤں باندھے جاتے ہیں۔

بلند - یہ ایک قسم کی بیڑی ہے جو خود قبلۂ عالم نے ایجاد فرمائی ہے۔ یہ ہاتھی کے پاؤں میں ڈالی جاتی ہے جس سے جانور چل تو سکتا ہے لیکن دوڑ نہیں سکتا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

گدھ بیڑی - اس کی قطع آنڈو سے مشابہ ہے۔ اس بیڑی کا زور آور اور تیز رفتار ہاتھی کے پاؤں میں اضافہ کیا جاتا ہے۔

لوہ لنگر - ایک بڑی زنجیر کا نام ہے جو ہاتھی کی حیثیت کے مطابق تیار کی جاتی ہے۔ اس کا ایک سرا جانور کے داہنے ہاتھ میں باندھتے ہیں اور ایک سرا ایک گز کے کندے میں مضبوط باندھتے ہیں۔

اس رسّی کو فیلبان اپنے پاس رکھتے ہیں۔ جانور کی تیز رفتاری یا بھروسی کے وقت جب ہاتھی قابو سے باہر ہو جاتا ہے تو اس زنجیر کو اگلے پاؤں میں ڈال دیتے ہیں۔ زنجیر کے ڈالتے ہی زنجیر تو پاؤں میں لپیٹ جاتی ہے اور کندے سے جانور کو تکلیف پہنچتی ہے اور ہاتھی کھڑا ہو جاتا ہے۔

یہ زنجیر بھی جہاں پناہ کی ایجاد ہے جس نے مکانوں کو محفوظ اور اہل مکان کو مطمئن بنایا۔

چرخی - یہ ایک کھوکھلی نے ہے جس کے بیچ میں ایک سوراخ ہے۔ نے نصف گز دو طسوج لانبی ہے۔ اس کے بیچ میں مٹی بھر کر درمیان سے بند کر دیتے ہیں اور ہر دو سروں کی جانب بارود ڈال کر دونوں طرف ایک ایک فتیلہ لگاتے ہیں اور فتیلوں کو کاغذ میں لپیٹ دیتے ہیں۔

درمیانی سوراخ میں ایک لکڑی لگاتے ہیں۔ یہ لکڑی نے کے پار ہو جاتی ہے اور چرخی کی شکل صلیب کی سی نمودار ہوتی ہے۔ اسی لکڑی سے چرخی کو پکڑتے ہیں۔

چرخی میں آگ دینے سے یہ گھومتی اور خوفناک آواز دیتی ہے۔

ایک جری پیادہ اس کو ہاتھ میں لے کر آگے رہتا ہے۔ اس کی آواز و گردش سے ہاتھی اپنے ہمسر کی جنگ و دیگر بے روشنی سے باز رہتا ہے۔

پیشتر ہاتھیوں کو جنگ آزمائی سے روکنے کے لیے آگ روشن کی جاتی تھی جس میں محنت زائد اور فائدہ کم ہوتا تھا جہاں پناہ نے اس چرخی کو ایجاد کر کے اہل عالم کو تکلیف سے نجات دی۔

اندھیاری - جس کو قبلۂ عالم نے اجیالی کے نام سے موسوم کیا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

یہ ایک چہار گوشہ کتانی لباس ہے جو نصف گز یا اس سے کچھ زائد لانبا ہوتا ہے۔ اجیالی زربفت و مخمل وغیرہ بیش قیمت کپڑوں کی بھی تیار کی جاتی ہے۔ اس کے سرے کو کلاوے سے باندھ کر ہاتھی کے منھ پر ڈالتے ہیں اور جانور کچھ دیکھ نہیں سکتا جس کی وجہ سے بیشمار انسان اذیت و تکلیف سے نجات پاتے ہیں۔ اکثر اوقات غصّے کی حالت میں یہ اندھیاری جانور کے منھ پر سے ہٹالی جاتی ہے۔

قبلۂ عالم نے اجیالی کے آخر میں تین وزنی گھونگرو نصب کئے جن کی وجہ سے لباس اور زائد لٹک گیا اور حضرت کی جدّت آفرینی سے اس طرح کمی کو پورا کر دیا۔

کلاوہ۔ چند رسّیوں کو بلا لپیٹے ہوئے یکجا کرتے ہیں اس طرح کہ مختلف رسّیوں کا پھیلاؤ یا موٹائی آٹھ انگشت اور اس کی درازی ڈیڑھ گز ہوتی ہے۔ اس مجموعے کے دو طرف سے حلقے ڈال کر جانور کے گلے میں باندھتے ہیں۔ فیلبان اپنے دونوں پاؤں اس رسّی میں ڈال کر ہاتھی کی گردن پر بیٹھتا ہے۔ یہ رسّی ریشم و چمڑے کی بھی بنائی جاتی ہے۔

بعض رسّیوں میں لوہے کی تیز سلاخیں بھی لٹکا دیتے ہیں۔ اس سے فائدہ یہ ہوتا ہے کہ جانور سر کی جنبش سے فیلبان کو زمین پر نہیں گرا سکتا۔

دلٹھی۔ اینچ گز کی ایک لٹھ ہے جو لاٹھی کے برابر ہوتی ہے، اس کو کلاوے سے اوپر باندھتے ہیں جس کی وجہ سے کلاوے میں اور زیادہ استحکام ہو جاتا ہے۔

کنّار۔ یہ ایک تیز سنیچہ ہے جو نصف گز لانبا ہوتا ہے، اس کو بھی کلاوے میں لٹکاتے ہیں۔ ہاتھی کو جوش میں لانے یا اس کی رفتار کو تیز کرنے کے لئے اس سنیچے کو ہاتھی کے کان میں چبھوتے ہیں۔

ڈوور۔ یہ گندہ رسّی ہے جو دم سے گلے تک باندھی جاتی ہے۔ اس کو نہایت سلیقے سے باندھتے ہیں۔ علاوہ زیبائش کے کجروی کے عالم میں اسی رسّی کو پکڑ کر جانور کو قابو میں رکھتے ہیں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اسی رسی میں آرائش کی بیشمار چیزیں لٹکائی اور باندھی جاتی ہیں۔

گدیلہ - ایک تکیہ ہے جس کو ہاتھی کی پیٹھ پر رکھ کر نیچے طناب سے باندھتے ہیں۔ اس سے زخم نہیں لگتا اور جانور کو آرام حاصل ہوتا ہے۔

گڈوٹی - پیتل کی ایک زنجیر ہے جو دُم کے قریب باندھی جاتی ہے۔ یہ زنجیر دُم کو طناب کے گرنداور بوجھ سے محفوظ رکھتی ہے اور زینت و آرائش کا سبب بھی ہے۔

پچھوڑہ - رسّیوں کا ایک قسم کا جال ہے جو جانور کے سرین پر باندھا جاتا ہے۔ بھوئی اس سے سہارا لیتا ہے اور یہ جال تیر اندازی میں معین ہوتا ہے۔

چورا سی - چند گھونگرو تاگے میں گوندھ کر بانات کے ایک ٹکڑے میں سی دیتے ہیں اور اس کو ہاتھی کے سُرین و سینے کے قریب آگے کی طرف باندھتے ہیں۔ اس زیور سے ہاتھی کی آرائش اور اُس کی شان میں نمایاں اضافہ ہو جاتا ہے۔

پیٹ کچھہ - یہ دو زنجیریں ہیں جو جانور کے دونوں طرف میں باندھی جاتی ہیں اور ایک گھنٹا زنجیروں میں لٹکا کر شکم کے نیچے باندھتے ہیں۔ اس سے بھی جانور کی خوبصورتی اور شان میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

بڑے گھنٹے - جو دونوں پہلوؤں اور تین کلاوے میں لٹکائے جاتے ہیں۔ یہ خاص قبیلۂ عالم کی ایجاد ہیں۔

قطاس (تبت کے بیل کی دُم کے چھوٹے مورچل) یہ ساٹھ یا اس کے کم و زائد ہوتے ہیں اور جانور کے گلے، دانتوں، گردن اور پیشانی پر لٹکاتے ہیں۔ رنگ میں سیاہ، سفید اور ابلق ہوتے ہیں۔ ان سے بھی جانور کی آرائش بڑھ جاتی ہے۔

ٹیا - پانچ لوہے کی تیلیوں کو جو ایک ایک گز لمبی اور چار چار انگشت چوڑی ہوتی ہیں، لوہے کے چھلّوں سے ایک دوسرے سے باندھتے ہیں اور دونوں طرف دو دو زنجیریں ڈالتے ہیں جو ایک ایک گز لمبی ہوتی ہیں۔ ایک زنجیر کو کان کے اوپر سے اور دوسری کو کان کے نیچے سے اوپر لاکر کلاوے میں مضبوط باندھتے ہیں۔ ان دونوں کے درمیان میں ایک دوسری زنجیر باندھ کر اُس کو سر کے اوپر لاکر کلاوے سے باندھتے ہیں اور نیچے کی طرف چار سوئیوں کو جن کے سرے خمدار ہوتے ہیں صلیب کی طرح نصب کرتے ہیں۔ ان سوئیوں میں لٹو ہوتے ہیں اور

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اسی مقام پر قطاس آویزاں کیئے جاتے ہیں۔
نیچے کی جانب بھی اسی طرح تین زنجیریں لٹکاتے ہیں۔ اس کے بعد چار زنجیریں دوسرے حلقوں میں آویزاں کی جاتی ہیں۔ پہلی تین زنجیروں میں وہ کو سونڈ کے گرد باندھتے ہیں تیسری کو درمیان میں آویزاں چھوڑ دیتے ہیں۔ اگلی حلقوں میں پیشانی کے اوپر مورچل وغیرہ زیب و زینت کے ساتھ نصب کیئے جاتے ہیں۔ اس زیور سے بھی جانوروں کی آرائش بڑھ جاتی ہے اور ہاتھی بیحد خوبصورت معلوم ہوتا ہے اور اُس کو دیکھ کر اونٹ اور گھوڑے بھاگتے ہیں۔

پاکھر۔ برگستوان کی شکل کا ہوتا ہے اور فولاد کا تیار کیا جاتا ہے۔ یہ جانور کے سر اور خرطوم کے لیئے ایک جداگانہ زیور کا کام دیتا ہے۔

گجگاہ۔ یہ ایک پوشش ہے جو پاکھر کے اوپر ڈالی جاتی ہے۔ اس سے شان و شکوہ میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ ولایتی ٹاٹ کو تین تہ کر کے سیتے ہیں اور باہر کی جانب اس میں چوڑے بند ٹانکتے ہیں۔

مینگھ ڈمبر۔ یہ ایک شامیانہ ہے جس کو قبلۂ عالم نے ایجاد فرمایا ہے۔ ہاتھی کے اوپر تانا جاتا اور جانور کی شان و شوکت کو بڑھاتا ہے۔ فیلبان اُس کے سائے میں آرام پاتا ہے۔

ران بھل۔ پیشانی بند ہے۔ زربفت وغیرہ قیمتی کپڑوں کا تیار کیا جاتا ہے اس کے دامن میں بہترین نادوختہ کپڑے اور مورچل لٹکاتے ہیں جو ہوا میں ہلتے اور خوشنما منظر پیش کرتے ہیں۔

گتیلی۔ چار جھلوں کو باہم ملاتے ہیں اور تین حلقے ان کے اوپر اور دو حلقے سب سے اوپر جوڑ کر ہاتھی کے پاؤں میں لٹکاتے ہیں جس سے اُس کی شان دوبالا ہو جاتی ہے۔

پائے رنجن۔ چند گھونگرو کے مجموعے کا نام ہے جو گتیلی کی طرح پاؤں میں باندھے جاتے ہیں۔

انکس۔ یہ ایک چھوٹی لوہے کی سلاخ ہے۔ قبلۂ عالم اس کو گج باگھ کہتے ہیں۔ اس سے ہاتھی کو قابو میں رکھتے اور جہاں چاہیں کھڑا کر لیتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America. http://www.apnaorg.com

گنڈاسہ۔ لوہے کا دو زبانہ نیزہ ہے جو بھوئی کے ہاتھ میں رہتا ہے۔ بھوئی اس نیزے سے جانور کو گرفتاری سے روکتا ہے۔

بنگری۔ لوہے اور پیتل کے چند چھلّوں کو کہتے ہیں جو زینت اور استحکام کے لئے جانور کے دانت میں پہنائے جاتے ہیں۔

گنڈاسا۔ ایک ہاتھ لانبا نیزہ ہے۔ اس سے بھوئی ہاتھی کو اکساتا اور تیز رَو کرتا ہے۔

جھنڈا۔ علم کی طرح ہوتا ہے، اس میں خرد مورچل لٹکا کر جانور کی کمر میں باندھتے ہیں۔

ہاتھی کی زیب و زینت اور آرائش کا بیان معرض گفتار میں نہیں آسکتا۔

ہر سال مست اور شیر گیر و ساوہ کے لئے سات چادریں روئی دار کپڑے کی اور چار کنبل بافتہ سن کے اور چار عمدہ پشمینے کی رسّیاں جن کو کنبل کہتے ہیں اور آٹھ گائے کے چمڑے کی چادریں دی جاتی ہیں۔ روئی دار کپڑے کی قیمت آٹھ دام، کنبل دس دام اور چمڑے کی آٹھ دام مقرر ہے۔

منجھولے اور کرہے کے لئے روئی دار چار کنبل کی تین اور چمڑے کی سات چادریں مقرر ہیں۔

چھند رکیہ، موکل اور مادہ فیل کے لئے تین روئی دار چادریں، دو کنبل اور چار چمڑے کی چادریں مقرر ہیں۔ ابرہ و استر کو یا ہم سی کر ہاتھی کی جھول تیار کرتے ہیں۔ ہر جھول کے لئے نصف سیر ریسمانی سن دوخت کے لئے دی جاتی ہے۔ ایک من دانے کے ساتھ دس سیر لوہا زنجیر وغیرہ کے لئے مقرر ہے۔ دانے کے مقررہ وزن کے مطابق لوہے کا حساب کر کے افسر حلقہ کے سپرد کیا جاتا ہے۔ ایک سیر کی قیمت دو دام مقرر ہے۔

ہر پوست کے لئے ایک سیر روغن کنجد مقرر ہے۔ ایک من تیل کی قیمت ساٹھ دام ادا کی جاتی ہے۔

پانچ سیر صاف شدہ روئی ایک کلاوے کے لئے مقرر کی گئی ہے۔ لیکن یہ اُس جانور کے ساتھ مخصوص ہے جو فوجدار کی سواری میں رہتا ہے۔ ایک سیر روئی کی قیمت آٹھ دام مقرر ہے۔

دوسرے ہاتھیوں میں چمڑے وغیرہ دیگر اشیا جو صرف ہوتی ہیں وہ حلقہ دار خود فراہم کرتے اور اُن سے کلاوے تیار کرتے ہیں۔ جامہ کہنہ کے عوض ہر سال بارہ دام وضع کر لئے جاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۴۵)

خاصہ فیلاں

خاصے کی سواری کے لئے ہمیشہ ایک سو ایک ہاتھی جدا و مخصوص رہتے ہیں۔ خوراک، تعداد و وزن کے اعتبار سے دیگر جانوروں کی غذا کے موافق لیکن اقسام و نوعیت کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے۔

اکثر ہاتھیوں کے لئے پانچ سیر شکر، چار سیر روغن زرد اور نصف من چاول (فی راس) کے حساب سے مقرر ہیں۔ اس میں سیاہ و سرخ مرچیں وغیرہ بھی ملا لیتے ہیں۔

بعض جانوروں کو اس خوراک کے علاوہ ڈیڑھ من دودھ بھی دیا جاتا ہے۔

گنے کی فصل میں ہر ہاتھی کو تین سو یا اس سے کم و زائد نیشکر دو بار تک روزانہ دیئے جاتے ہیں۔ ان کے مہاوت خود قبیلۂ عالم ہیں۔

جانور کی مستی کے عالم میں اس کی خدمت پر تین اور ہوشیاری کے زمانے میں دو بھوئی مقرر ہیں۔

ان کی تنخواہ چار سو دام سے زائد اور ایک سو بیس دام سے کم نہیں ہے۔

تنخواہ کا تقرر قبیلۂ عالم کے حضور میں کیا جاتا ہے۔ ہر جانور پر چار منبھ مقرر ہیں۔

بڑے جانوروں کے حلقوں میں مادہ فیل کمتر شامل کی جاتی ہیں۔

خاصے کے ہاتھیوں میں ہر حلقے میں تین مادہ اور بعض حلقوں میں زائد داخل ہیں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مادۂ فیل اوّل کے لئے ڈھائی، دوم کے لئے دو، اور سوم کے لئے ڈیڑھ مقرر ہیں۔ دوسری قسموں کے جانوروں پر خدمتگاروں کا تقرر بھی حلقوں کے مطابق ہوتا ہے۔

جس طرح کہ ہر حلقہ ایک امیر کے سپرد ہے اسی طرح خاصے کے ہر جانور کی دیکھ بھال بھی ہر امیر کے حوالے کی گئی ہے۔

ہر دس ہاتھیوں کی نگہداشت ایک تجربہ کار کے ذمے ہے جس کو دہائی دار کہتے ہیں۔ اوّل کی تنخواہ بارہ دام، دوم کی دس دام، سوم کی آٹھ دام مقرر ہیں۔

ہر دس خاصے کے ہاتھیوں پر ایک تیز دست زبان آور خدمتگار مقرر ہے جس کو نقیب کہتے ہیں۔ یہ شخص جانوروں کی کم خوراکی، ملازمین کی خیانت، ہاتھیوں کی بیماری و نیز خلاف عادت واقعات کی قبلۂ عالم کو اطلاع دیتا ہے۔

نقیب ایک گھوڑے کی داغ دہی کرتا اور احدیوں کے سررشتے سے تنخواہ پاتا ہے۔ اس سے یہ مراد ہے کہ ایک گھوڑے کے رکھنے کی اُسے اجازت ہے۔

ان کے علاوہ خاصے کے ہر دس جانور پر ایک مقرب دباحضوری ملازم متعین کیا گیا ہے جو خود ہر ہفتے فیل خانے میں جاکر اپنے سپرد کردہ جانوروں کی دیکھ بھال کرتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۴۶)

خاصہ سواری

بادشاہ عالم پناہ ابتدا سے تا ایندم اس آسمان پیکر جانور پر سوار ہوتے ہیں۔ اور اس دیوزاد حیوان کو اپنے قابو میں رکھتے ہیں۔ قبلۂ عالم اس سواری میں اس قدر مشاق ہیں کہ ہاتھی کے عالم مستی میں جانور کے دانتوں پر پاؤں رکھ کر اُس پر سوار ہو جاتے ہیں جس سے تماشائیوں کو سخت حیرت و تعجب ہوتا ہے۔

جہاں پناہ کے حکم سے دلکش عماریاں ہاتھیوں پر کسی جاتی ہیں اور رفتار کی حالت میں بھی خوابگاہیں جانور پر باندھ کر اُس پر آرام فرماتے ہیں۔

خاصے کا ایک ہاتھی ہمیشہ بارگاہ عالی پر کھڑا رہتا ہے۔

سواری کے روز بھوئی کو ایک ماہ کی تنخواہ بطور انعام عطا ہوتی ہے۔

جب حلقے کے دسوں ہاتھیوں پر سواری ہو جاتی ہے تو مقرب ملازم ہفتے میں جلوداری کرتے ہیں، اُن کو انعام مرحمت ہوتا ہے۔ انعام کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

جلودار کو سو دام، دہائی دار کو اکتیس، نقیب کو پندرہ، سیاہہ نویس کو [illegible]

اس انعام کے علاوہ ہر کابی کے وقت ملازمین حسن خدمت کے صلے میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بیشمار عطیات سے فیضیاب ہوتے ہیں۔

ہر ہاتھی کا ایک حریف بھی مقرر ہے جو ہر روز بارگاہ عالی پر موجود رہتا ہے اور حسب الحکم اپنے رقیب سے آویزہ کشی کرتا ہے۔ لڑائی کے ختم ہونے کے بعد خاصے کے بھوئیوں کو ڈھائی سو دام اور دوسرے بھوئیوں کو دو سو دام بطور انعام مرحمت ہوتے ہیں۔

فیلان خاصہ میں بھوئی اور مہاوت کی تنخواہ سے ڈھائی دار ہر روپے میں ایک دام مشرف نصف دام اور نقیب ربع دام اپنے حق کا لے لیتے ہیں۔

صدی والے حلقوں میں افسر حلقہ سو میں ایک دام اپنا حق لیتا ہے اور مشرف و نقیب بدستور سابق نصف و ربع دام پاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۴۷)

غرامت

(ندامت و سزا)

جانوروں کے آرام و آسائش اور نیز ملازمین کو تعلیم خدمت کے لحاظ سے اس سررشتے میں بھی مثل دوسرے محکموں کے جرمانے مقرر فرمائے گئے ہیں۔

خاصے کے نر یا مادہ کی موت سے بھوئیوں کی تین ماہ کی تنخواہ واپس لی جاتی ہے۔

اگر جانور کا کوئی سامان گم ہو جاتا ہے تو بھوئی سے دس اور میٹھ سے پندرہ دام بطور جرمانہ وصول کئے جاتے ہیں۔

جھول کے تاوان کا بھی یہی دستور ہے۔

اگر مادہ لاغری اور کمی خدمت کی وجہ سے ہلاک ہو جاتی ہے تو اُس کی قیمت بھوئی سے وصول کی جاتی ہے۔

اگر فیلبان جانور کو مستی میں لانے کے لئے دوائیں کھلاتا ہے اور جانور اس طرح ہلاک ہو جاتا ہے تو مجرم کو قتل و ہاتھ کاٹنے یا اُس کو بَردے کی طرح فروخت کر ڈالنے کی سزائیں دی جاتی ہیں۔

اگر جانور خاصے کا ہوتا ہے تو بھوئی سے بھی تین ماہ کی تنخواہ باز یافت ہوتی ہے اور ایک سال کے لئے معطل کیا جاتا ہے۔ ہر ماہ دو تجربہ کار اشخاص

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

فیل خانے میں جاکر جانور کی لاغری اور فربہی کا اندازہ کرتے ہیں۔ جانوروں کی لاغری کی صورت میں آئین پاؤگوشت کے مقررہ اوزان کے متعلق ایک متعلقہ سے رقم بازیافت ہوتی ہے اور اُس رقم کے مطابق بھوئی کی تنخواہ میں بھی کمی کر دی جاتی ہے، چنانچہ پاؤگوشت کی کمی پر تنخواہ کا ایک ربع بطور جرمانہ وصول کیا جاتا ہے

فیلان حلقہ میں دستور یہ ہے کہ احدی فیل خانے میں جاکر جب جانوروں کی جانچ کرتا ہے اور جہاں پناہ کو جانوروں کی حالت سے بذریعہ معروضے کے مطلع کرتا ہے۔ اگر جانور مر گیا ہے تو مہاوت اور بھوئی کی تین تین ماہ کی تنخواہیں بطور جرمانہ ضبط کر لی جاتی ہیں۔

اگر جانور کا دانت ٹوٹ جاتا ہے یا پکلی پر زخم لگتا ہے اور جانور کاواک ہو کر بیکار ہو جاتا ہے تو اُس کی قیمت کا ایک ثمن بازیافت ہوتا ہے جس میں دو حصّے داروغہ کو اور ایک حصّہ فوجدار کو ادا کرنا پڑتا ہے۔

جانور کو دانت کی شکست یا زخم سے نقصان نہیں پہنچتا تو اُسی طریقے پر اُس کی قیمت کا سولھواں حصّہ وضع کر لیتے ہیں، لیکن اب قیمت کا ۱/۱۶ حصّہ بازیافت کیا جاتا ہے۔

خاصے کے ہاتھیوں میں اس قسم کے نقصان کا تاوان و سزا خود قبلۂ عالم اپنی زبان سے مقرر فرماتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۴۸)

اصطبل

گھوڑا ہر سہ آبادی میں بلند مرتبہ رکھتا ہے اور کشور کشائی و غم زدگی کا بہترین ذریعہ ہے۔ قبلۂ عالم اس جانور پر خاص توجّہ فرماتے ہیں۔

سوداگروں کے قافلے جہاں پناہ کے شوق کا اندازہ کر کے عراق و عجم، عرب و روم و ترکستان و بدخشان و شروان و قرغز و تبت و کشمیر و دیگر ممالک سے بہترین گھوڑے ہندوستان لاتے ہیں اور ہمیشہ ایران و توران سے قافلے کے قافلے چلے آتے ہیں۔ اس زمانے میں شاہی اصطبل میں بارہ ہزار گھوڑے موجود ہیں اور جس طرح کہ ہر روز جانوروں کی تعداد بڑھتی جاتی ہے اسی طرح قبلۂ عالم کی بخشش میں روز افزوں ترقی ہے۔

تیز نظر و تجربہ کار حضرات اس سمجھدار و انسان خو جانور کی نسل افزائی میں مصروف ہوتے اور قلیل زمانے میں عربی ہندوستان کا خراجگزار بن گیا۔ اور بیشمار عربی و عراقی گھوڑوں میں فرق باقی نہ رہا۔

اگرچہ جانور کی نسل ہر مقام پر بڑھائی جاتی ہے لیکن سرزمین کچ کا گھوڑا بالکل عربی نژاد معلوم ہوتا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک مرتبہ عرب کا ایک جہاز تباہ ہو کر کچ میں لنگر انداز ہوا۔ اس تباہ شدہ جہاز میں سات عربی گھوڑے تھے

جن کی نسل بڑھائی گئی اور اس زمانے کے گھوڑے اُسی نسل کے ہیں۔

پنجاب میں بھی عراقی نما گھوڑے پیدا ہوئے، خاصکر وہ حصۂ ملک جو دریائے سندھ و دریائے ستلج کے درمیان واقع ہے، بہترین جانور پیدا کرنے لگا۔ اس قسم کے گھوڑے کو **سلوجی** کہتے ہیں۔

صوبۂ دارالحکومت میں ہستیت پور و بچھوارہ و دہنارہ میں اور صوبۂ اجمیر میں میوات میں جو گھوڑے پیدا ہوتے ہیں اُن کو **بچھواریہ** کہتے ہیں۔

ہندوستان کے شمالی کوہسار میں ایک قسم کے چھوٹے گھوڑے پیدا ہوتے ہیں جو **گوٹ** کے نام سے مشہور ہیں۔

بنگالے کے آخری حصۂ ملک اور کوچ بہار کے قریب ایک قسم کا گھوڑا پیدا ہوتا ہے جس کا قد تُرکی اور گوٹ کے مابین ہوتا ہے، اس گھوڑے کو **ٹانگھن** کہتے ہیں۔ یہ جانور قوی اور مضبوط ہوتا ہے۔

جہاں پناہ نے اپنی دوربینی و آگاہ دلی سے اس جانور کے تمام کمال حالات سے واقف ہو کر اُس کے مراتب مقرر فرمائے۔ قبلۂ عالم نے اپنی شناسائی و تجربے سے طرح طرح کے اسباب و زیورات ایجاد فرمائے اور کاروبار میں رونق و قوت عطا فرما کر ضروریات زمانہ کو پورا فرمایا۔

جہاں پناہ گھوڑوں کے معاملات و حالات پر جو حکومت شاہانی کا زیور اور عظمت و شان کا ذخیرہ ہیں، بیحد توجہ فرماتے ہیں

قبلۂ عالم نے ایک جگہ خاص گھوڑوں کی خرید و فروخت کے لئے مقرر فرما دی ہے تاکہ سوداگر انتظار کی تکلیف برداشت کئے بغیر آرام سے قیام کریں اور ہر طرح کے نقصان و ضرر سے محفوظ رہیں اور خریداروں کی کثرت اور عام رعایا کی خواہش سے جو سوداگروں میں حرص و طمع کی گرم بازاری ہو گئی ہے اس کی وجہ سے گھوڑوں میں بے اعتدالی نہ واقع ہو، اور جو اشخاص نیک نہاد اور گھوڑوں کے شائق ہیں اُن سے بچ کر جانور کم مرتبہ افراد کے ہاتھ میں نہ جائے۔

جس سوداگر کی ایمانداری کا ثبوت مل چکا ہے وہ اپنے وعدہ وفائی میں نیک نام مشہور ہو چکا ہے، اُس کو اختیار ہے جس جگہ مناسب خیال کرے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اپنے گھوڑوں کو رکھے اور قرارداد کے وقت اُن کو لے آئے۔

دوسرے یہ کہ جہاں پناہ نے ایک صاحب فہم و راستباز شخص کو کاروان سرائے کی امینی پر مقرر فرمایا تاکہ یہ شخص اپنے تجربہ و واقفیت سے سوداگروں کو قوانین و احکام بادشاہی سے تجاوز نہ کرنے دے اور بدطینت سخن ساز افراد کو گرفت و طعنہ زنی کا موقع نہ ملے۔

تیسرے یہ کہ جہاں پناہ نے ایک قابل تبکچی اس سررشتے میں مقرر فرمایا جس کا فریضہ یہ ہے کہ گھوڑوں کے امور اور اُن کی نمائش کا کافی انتظام رکھے اور شاہی آئین و قوانین کو گوشۂ دل سے فراموش نہ ہونے دے۔

چوتھے یہ کہ قبلۂ عالم نے راستباز قیمت شناس مقرر فرمایا ہے جو گھوڑے کے مدارج اور ترتیب آمد کے لحاظ سے ان کی قیمت کا تعین کرتے ہیں۔

قبلۂ عالم ان اشخاص کو اپنی نوازش شاہانہ سے قرارداد سے بہت زیادہ عطا فرماتے ہیں اور یہ بغیر انتظار کی تکلیف برداشت کیے ہوئے کامیاب واپس آتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۴۹)

مراتب اسپ

گھوڑے دو قسم کے قرار پائے، خاصگی وغیر خاصگی۔
منتخب و بہترین عربی و عراقی گھوڑوں کے چھ طویلے قائم کئے گئے ہیں اور ہر طویلے میں چالیس گھوڑے ہیں۔
دیگر طویلے شاہزادوں کے ہیں۔ ان کے علاوہ ترکی نژاد جانوروں کے طویلے اور خانہ زاد گھوڑوں کے اصطبل میں ہر طویلہ ایک نام سے موسوم ہے جس میں تیس گھوڑوں سے زائد نہیں جمع کئے جاتے۔
قبلۂ عالم ہر چھ طویلوں کے جانوروں پر سوار ہوتے ہیں۔
خانہ زاد طویلے تین قسم کے ہیں۔ سی اسپی، بست اسپی، و دہ اسپی۔
جس گھوڑے کی قیمت دس اشرفی تک قرار پاتی ہے وہ دہ بہری طویلوں میں رکھا جاتا ہے اور جو گھوڑا گیارہ سے لے کر بیس اشرفیوں تک خرید اجاتا ہے وہ وہ بست بہری گھوڑوں کے طویلے میں داخل کیا جاتا ہے اور علیٰ ہذا القیاس۔
اس سررشتے کی نگہبانی کے لئے بھی امراء منصبدار و بزرگ احدی مقرر ہیں۔
جانور کے لئے سوکھی گھاس اور دلا ہوا دانہ سرکار سے دیا جاتا ہے۔
چونکہ فرمان مبارک یہ ہے کہ طویلے کا محافظ ایک گھوڑا اپنی سواری میں رکھے، اس کے جانور کے چارے اور تمام اخراجات کا یہ شخص خود کفیل ہوتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۵۰)

خوراک

گھوڑے کے ہر گھوڑے کے لئے آٹھ سیر دانہ مقرر تھا جب کہ سیر اٹھائیس دام کا تھا، لیکن جب سیر کے وزن میں دو دام کا اضافہ ہوا تو بجائے آٹھ سیر کے ساڑھے سات سیر روزانہ دانہ دیا جانے لگا۔

جاڑے میں موٹھ یا ماش پکا کر دیتے ہیں اور گرمیوں میں چنا دیا جاتا ہے۔ خوراک میں دو سیر آٹا اور ڈیڑھ سیر شکر بھی داخل ہے۔ جاڑے میں قبل تر گھاس دینے کے نصف سیر روغن زرد بھی دیا جاتا ہے۔

دو دام روزانہ گھاس کے لئے دئے جاتے ہیں لیکن تر گھاس کے زمانے میں خشک گھاس نہیں دی جاتی۔ ایک گھوڑا تین بیگھے کی پیداوار کھا جاتا ہے۔ جب شکر کے عوض گڑ دیا جاتا ہے تو گھی بھی بند کر دیا جاتا ہے۔

جب جانور کو تازی گھاس کھانا شروع کرتے ہیں تو ابتدا میں تین روز دانہ بند رہتا ہے اس کے بعد چھ سیر دانہ اور دو سیر گڑ ہر روز بطور راتب مقرر کر دیا جاتا ہے۔

دوسرے عراقی و ترکی طویلوں میں ہر جانور کو ساڑھے سات سیر دانہ روزانہ دیا جاتا ہے۔ چھ ماہ جب تک کہ ہوا میں خنکی رہتی ہے دانہ پکا کر دیا جاتا ہے۔

دانہ پکانے کے لئے ایک من کا خرچ ایک دام مقرر ہے۔ ایک ہفتے میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

چار سیر نمک دیا جاتا ہے۔ جس زمانے میں کہ گھی اور ترگھاس دی جاتی ہے تو جن گھوڑوں کی قیمت اکتیس اشرفیوں سے زائد ہوتی ہے ان کو ایک سیر شکر بھی دینا ضروری ہے اور جو جانور اکتیس اشرفی سے کم لیکن اکتیس اشرفیوں سے زاید کی قیمت کے ہوتے ہیں اُن کے لئے نصف سیر شکر روزانہ مقرر ہے۔ اسے کم قیمت کے گھوڑوں کو شکر مطلق نہیں دی جاتی

ترگھاس دینے کے قبل ہر اُس گھوڑے کو جس کی قیمت اکیس اشرفیوں سے لے کر سو اشرفیوں تک ہوتی ہے، ایک من دس سیر روغن تر دیا جاتا ہے اور اُس جانور کو جس کی قیمت گیارہ اشرفیوں سے بیس اشرفیوں تک ادا کی جاتی ہے تیس سیر روغن دیا جاتا ہے۔

جو گھوڑے گیارہ اشرفی سے کم قیمت کے ہیں اس کو روغن شکر و ترگھاس نہیں دی جاتی۔

ہر گھوڑے کے لئے روزانہ بلب دام نمک مقرر ہے۔ اگرچہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ گھوڑوں کو تمام نمک یکبارہی کھلا دیتے ہیں۔ اُن عراقی و ترکی گھوڑوں کے لئے جو ہمرکاب رہتے ہیں، دو دام روزانہ مقرر ہیں اور جو جانور پرگناتی کو روزانہ کر دئیے جاتے ہیں، اُن کے لئے فی راس ڈیڑھ دام مقرر ہے۔

جاڑے میں ہر گھوڑے کے لئے سوکھی گھاس کے عوض ایک بیگہ تازہ دانے کا مقرر ہے جس کے لئے ہمرکابی کے جانوروں پر دو سو چالیس دام اور پرگناتی گھوڑوں پر دو سو دام صرف ہوتے ہیں۔

تر دانے کی خورش کے زمانے میں ہر گھوڑے پر دو من گڑ خرچ ہوتا ہے۔ لیکن اسی قدر قیمت دانے کی رقم میں سے کم کر دیا جاتا ہے۔ کارخانے کے عمّال تمام اخراجات کی برآورد تیار کرتے ہیں اور بہترین قاعدے کے مطابق مقررہ وقت پر تنخواہ پاتے ہیں۔

جانور کی علالت کے زمانے میں بیطار کے صداقت نامے کے مطابق جانور کے علاج میں جو رقم صرف ہوتی ہے وہ ادا کی جاتی ہے۔ جو گھوڑا کہ گلہ یا دیان میں باندھا جاتا ہے اُس کی خوراک خاصے کے جانور کی قرار پاتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

گوٹے گھوڑوں کے لئے ساڑھے پانچ سیر دانہ مقرر ہے۔ نمک بدستور سابق دیا جاتا ہے۔ خشک گھاس کے لئے ہمرکابی کے جانوروں کو ڈیڑھ دام اور پرگناتی گھوڑوں کو $\frac{3}{4}$ ۱ دام مقرر ہیں۔

ان جانوروں کو قند و روغن و تر دانہ نہیں دی جاتی۔

قسراق (مادۂ اسپ) ان جانوروں کو ہمرکابی کی حالت میں ساڑھے چار سیر دانہ اور نمک بدستور اور گھاس کے لئے ایک دام پرگناتی گھوڑی کے لئے نمک کا وزن بدستور سابق مقرر ہے لیکن خشک گھاس کی قیمت ہمرکابی کے گھوڑوں کے مطابق ایک دام اور پرگناتی کے لئے $\frac{3}{4}$ دام مقرر ہے۔

مادۂ اسپ کے لئے $\frac{3}{4}$ ۲ سیر دانہ، اُن کے لئے خشک گھاس و نمک دلکڑی کی رقم مقررہ نہیں ہے۔

بچّہ پیدا ہونے کے بعد تین ماہ ماں کا دودھ پیتا ہے اور اس کے بعد نو ماہ تک اُس کو دو گائوں کا دودھ دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد چھ ماہ تک $\frac{3}{4}$ سیر دانہ پاتا ہے۔

اس مدت کے گزرنے کے بعد ہر چھ ماہ کے بعد ایک سیر دانہ زیادہ کیا جاتا ہے۔

تین سال گزرنے کے بعد مذکورۂ بالا دستور کے موافق خوراک دی جاتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۵۱)

رخت

خاصے کے گھوڑوں کو سواری کے وقت جن انواع و اقسام زیورات و جواہرات و مختلف پوشاک سے آراستہ کرتے ہیں اُن کی تفصیل دراز و دشوار ہے۔

ہر سالہ پوشش کے لئے دو سو ساڑھے ستتر دام دئے جاتے ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

اَرتنگ۔ چھینٹ کا لباس ہے جس میں روئی بھری جاتی ہے۔ قیمت سینتالیس دام۔

یال پوش بتیس دام..... روپاک پشمیں دو دام۔

یہ چیزیں ہر چھ ماہ پر دی جاتی ہیں اور پرانے ارتنگ کے عوض اصل کا ½ حصہ قیمت وضع کر لیا جاتا ہے۔ اسی طرح یال پوش میں اصل قیمت کا ⅙ حصہ باز یافت کر لیا جاتا ہے۔

جِل۔ ابرہ بالوں کا بنایا ہوا اور استر نمد کا ہوتا ہے۔ بیالیس دام۔

تختہ یا سر بند و پائے بند ریسمانی۔ چالیس دام۔

پشت تنگ۔ آٹھ دام۔

مگس ران۔ تین دام۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

تختہ وقفیرہ (دہانہ) چودہ دام۔
خرخرہ - ڈیڑھ دام۔
توبرہ - چھ دام۔
مٹی کا برتن، دانہ کھلانے کے لئے ایک دام۔
یہ تمام اشیا سال میں ایک بار دی جاتی ہیں اور پرانی چیزوں کے معاوضے میں ½ ۱۵ دام وضع کر لئے جاتے ہیں۔ غیر خاصے کے جانوروں میں اکتیس اشرفیوں کی قیمت تک کے گھوڑوں کے لئے ایک سال میں ½ ۱۹۶ دام صرف ہوتے ہیں۔ پرانے اسباب کے معاوضے میں ½ ۲۵ دام منہا کر لئے جاتے ہیں۔ گیارہ اشرفیوں سے لے کر بیس اشرفیوں کی قیمت کے جانوروں پر سال ¼ ۱۵۵ دام خرچ ہوتے ہیں۔ اخراجات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

ارتنگ ¾ ۳۹ دام	یال پوش ¼ ۷ دام۔
نمدی جل ..... تیس دام	پشت تنگ چھ دام۔
تختہ وقفیرہ - دس دام	تختہ بند و پائے بند بتیس دام
مگس ران - دو دام	دست مال ½ ۱ دام
خرخرہ ..... ¼ ۱ دام	مٹی کا برتن - ایک دام
توبرہ ..... ½ ۴ دام	.....

یہ اسباب کے عوض میں بیس دام وضع کر لئے جاتے ہیں۔
دَہ بہری و قسراق و گوٹ جانوروں پر ¼ ۱۱۷ سالانہ خرچ ہوتے ہیں۔

ارتنگ ..... سینتیس دام	یال پوش - چوبیس دام و نصف
جُل ..... چوبیس دام	تختہ بند و پائے بند - آٹھ دام
تختہ وقفیرہ ..... آٹھ دام	پشت تنگ ..... پانچ دام
مگس ران و دست مال تین دام	خرخرہ ..... ¼ ۱ دام
مٹی کا برتن ..... ایک دام	توبرہ - چار دام و نصف

باز یافت مذکورہ بالا۔
کراہ آہنین (لوہے کا کڑھاؤ) یہ وہ برتن ہے جس میں دس گھوڑوں کے لئے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دانہ پکایا جاتا ہے۔ ایک من لوہے کی قیمت ۱۴۰ دام ادا کی جاتی ہے۔ اس رقم میں لوہار کی اجرت بھی شامل ہے

تانبے کا طشت، اس میں جانوروں کو پانی پلایا جاتا ہے۔ خاصے کے دس گھوڑوں میں ایک۔ قیمت ۱۴۰ دام۔ دوسری قسم کے گھوڑوں کے بھی اسی طویلے وغیرہ میں ایک۔

کمند جس میں لوہے کی میخیں بھی لگی ہوتی ہیں۔ اس سے گھوڑوں کو باندھتے ہیں۔

یہ زنجیریں ہر طویلے میں تین سی اسی میں دو اور بقیہ میں ایک دی جاتی ہے۔

ہر زنجیر بیس سیر وزنی ہوتی ہے۔ لوہے کی قیمت ایک سو چالیس دام اور مزدوری کے سولہ دام ادا کئے جاتے ہیں۔

لوہے کی میخ۔ ہر زنجیر میں دو ہوتی ہیں۔ ہر میخ کا وزن پانچ سیر ہے جس کی قیمت پندرہ دام مقرر ہے۔

ہتوڑا پانچ سیر وزنی ہوتا ہے میخ ٹھوکنے کے کام آتا ہے ہر طویلے کے لئے ایک عدد مقرر ہے۔ پرانی تانبے اور لوہے کی چیزیں جو خاصے کے جانوروں کے لئے دی جاتی ہیں شکست ہو جانے پر جس حد تک درست ہو سکتی ہیں داروغہ اُن کو ٹھیک کر لیتا ہے اور جب بیکار ہو جاتی ہیں تو نرخِ حال کے مطابق رقم وضع کر کے بقیہ نقد ادا کر دی جاتی ہے۔

خاصے کے علاوہ دیگر اقسام کے جانوروں میں تین برس کے بعد نصف قیمت باز یافت ہوتی ہے۔

نعل سال میں دو بار بندھتے ہیں اور چاروں ہاتھ اور پاؤں میں نعل بندی کی اُجرت آٹھ دام دی جاتی تھی لیکن اب اجرت میں دو دام کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔

کونڈلان دس گھوڑوں میں ایک۔ قیمت ۸۰ روپے۔

خدمتگار

آقتہ بیگی۔ تمام جانوروں کے حالات سے واقفیت رکھتا اور اُن کی دیکھ بھال و علاج وغیرہ میں دیگر ملازمین کی رہنمائی کرتا ہے۔ یہ عہدہ بلند و بالا ہے جس پر کوئی نامی امیر مقرر کیا جاتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اس زمانے میں یہ خدمت خانخاناں کے سپرد ہے۔

داروغہ، ہر طویلے میں ایک ارادتمند و نیک خصال ملازم مقرر ہے۔ اس عہدے پر پنجہزاری امرا سے لے کر عالی رتبہ احدیوں تک کا تقرر ہوتا ہے۔

مشرف، جانوروں کا شمار کرتا اور خرچ کی نگہداشت و تیز اخراجات کی برآورد تیار کرنا اُس کے فرائض میں داخل ہیں۔ یہ افسر بھی امرا کے گروہ میں سے منتخب کیا جاتا ہے۔

اُشتچی، یہ شخص ساز و سامان کی حفاظت کرتا اور گھوڑوں پر زین کستا ہے۔

دیدہ ور، جانور کے حضور میں پیش ہونے کے قبل، یہ شخص گھوڑے کے تمام حالات کی تفتیش کر کے اُس کی نوعیت و مرتبہ کا تعیین کرتا ہے۔ ان ملازمین کی بیان کردہ کیفیت کو مشرف قلمبند کرتا ہے۔ ان میں سے اکثر ملازمین گروہ احدیاں میں داخل اور اسی سررشتے سے تنخواہ پاتے ہیں۔

چابک سوار، جانور پر سوار ہو کر اُس کی تیزی رفتار و طے کردہ مسافت کا اندازہ کر کے مشرف کو تمام حالات قلمبند کراتا ہے۔ اس ملازم کو بھی احدی کے برابر تنخواہ دی جاتی ہے۔

ہاڈا، یہ ملازمین قوم کے راجپوت ہیں، جو جانوروں کو مختلف اُصول کی تعلیم دیتے ہیں، جن میں سے چند احدیوں کے گروہ میں تنخواہ پاتے ہیں۔

میر دھہ، یہ شخص ایک سائیس ہے جو اپنے ماتحتوں سے زیادہ پیشے سے واقفیت رکھتا اور دس سائیسوں کا سردار ہے۔ یہ بھی گروہ احدیاں میں داخل ہے۔

خاصے کے طویلوں میں اس کی تنخواہ ایک سو بہتر دام ہے طویلۂ خانہ زاداں میں ایک سو ساٹھ۔ دیگر طوائل سی اسپی میں ایک سو چالیس دام بست اسپی میں سو دام اور دہ اسپی میں بتیس دام مقرر ہے۔

یہ کارکن بھی دو گھوڑوں کی تیمارداری کرتا ہے۔

بیطار (گھوڑوں کا طبیب) احدیوں کے گروہ میں تنخواہ پاتا ہے۔

نقیب یا محافظ، چند تیز دست و ہوشیار اشخاص کا اس غرض سے تقرر کیا جاتا ہے کہ طویلوں کے حالات سے داروغہ و مشرف کو آگاہ کرتے ہیں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

گھوڑوں کو حاضر کرنے کی خدمت انھی سے متعلق ہے۔ اس گروہ کے دو سردار احدیوں میں داخل ہیں اور تیس اشخاص ان کے ماتحت ہوتے ہیں۔ ان کی تنخواہیں ایک سو بیس سے لے کر ایک سو بیس دام تک مقرر ہیں۔

سائیس، دو گھوڑوں پر ایک شخص کا تقرر ہوتا ہے۔ اس کی تنخواہ طویلوں کے لحاظ سے مختلف ہے۔

چہل اسپی طویلے میں ایک سو ستر دام، شاہزادۂ ولی عہد کے طویلے میں ایک سو اڑسٹھ دام، دوسرے شاہزادوں کے طویلے میں ایک سو چھتیس دام، خانہ زاد طویلے میں ایک سو چھبیس دام، طوائل سی اسپی میں ایک سو چھ دام، بست اسپی طویلوں میں ایک سو تین دام، اور طوائل دو اسپی میں ایک سو دام مقرر ہیں۔

جلو دار یا پیک، ان کی تنخواہیں بارہ سو دام سے زائد اور ایک سو بیس دام سے کم نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ تیز رفتاری و حسن خدمات کے لحاظ سے تنخواہ میں تغیر بھی ہو جاتا ہے۔ اکثر اشخاص پچاس سے سو کوس تک ایک روز میں دوڑتے ہیں۔

نعلبند، اکثر احدی اور پیادے ہوتے ہیں۔ ہر کس کی تنخواہ ایک سو ساٹھ دام مقرر ہے۔

زین دار، یہ ملازم بھی مثل نعلبند کے ہے۔ خاصۂ چہل کافی طویلے میں ہر دو گھوڑوں کے لئے ایک زین مقرر ہے۔

جانوروں کی ترتیب حسب ذیل ہے۔

پہلا اور اکیسواں۔ دوسرا اور بائیسواں، تیسرا اور تیئیسواں۔ علیٰ ہذا القیاس۔

اگر پہلا گھوڑا طویلے میں نہیں رہتا تو زین تو اپنی جگہ برقرار رہتی ہے لیکن دوم گھوڑا اوّل ہو جاتا ہے اور دوسرے کی زین تیسرے کو اور تیسرے کی چوتھے کو ملتی ہے۔ اسی طرح درجہ بدرجہ تبدّل ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ نمبر ختم ہو جاتا ہے۔ اگر درمیان کا گھوڑا طویلے سے باہر ہو گیا تو اس کی زین اس کے مابعد کو ملتی ہے۔

آب کش، چہل اسپی طویلے میں تین شخص، سی اسپی میں دو اور دوسرے طویلوں میں ایک مقرر کئے جاتے ہیں۔ ہر آب کش کی تنخواہ سو دام ماہانہ ہے۔

خاکروب، ہندوستان میں کناس کو حلال خور کہتے ہیں۔ قبلۂ عالم نے اس کو خاکروب کے لقب سے یاد فرمایا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

چہل اسپی طویلے میں دو شخص سی و بست اسپی طویلوں میں ایک شخص مقرر کیا جاتا ہے۔ ہر خاکروب کو پینسٹھ دام ماہوار دیئے جاتے ہیں۔

کوچ کے وقت وہ داروغہ جو پیادوں کی تنخواہ ہی پاتے ہیں، چند خاکروبوں کو جانوروں کے کھینچنے کے لیئے اپنے ساتھ لے لیتے ہیں۔ سی اسپی طویلے میں پندرہ خاکروب اسی طرح ساتھ جاتے ہیں۔

جو داروغہ کہ تنخواہ میں اضافہ نہیں پاتے اُن کے لیئے خاکروب یا قلی سرکار سے نامزد کیئے جاتے ہیں۔

ہر خاکروب کو روزانہ دو دام دیئے جاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۵۲)

بارگیر

قبلۂ عالم اپنی قدر شناسی سے اکثر اشخاص کو سواری کا مستحق و سزاوار خیال فرماتے ہیں لیکن ان افراد کو گھوڑوں کا بہتر ان محافظ نہیں سمجھتے۔

جہاں پناہ نے چند طویلے جدا کر کے داروغگاں کے سپرد فرمائے ہیں اور ان طویلوں کے لئے جداگانہ مشرف کا تقرر فرمایا ہے۔ ضرورت کے وقت تیکچی کی تحریر کے مطابق ان اشخاص کو سواری کے لئے جانور عطا ہوتے ہیں اور یہ حضرات بلا نگہداشت کی تکلیف برداشت کئے ہوئے آرام حاصل کرتے ہیں ایسے افراد کو بارگیر سوار کے لقب سے یاد کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۵۳)

داغ

تغیر و پریشانی رفع کرنے اور شبہ کو مٹانے کے لئے داغ اندازی کا آئین وضع کیا گیا ہے۔ کبھی نظر و کبھی داغ کا لفظ اور ایک زمانے میں سات کا ہندسہ داغدہی کے لئے مقرر فرمایا گیا تھا۔

اگر سرکار بادشاہی میں داخلہ ہوتا تو نقش جانور کے رخسار راست پر لگایا جاتا ہے اور اگر جانور سرکار کے طویلے سے واپس ہوتا ہے تو اُس کے بائیں رخسار پر داغ لگاتے ہیں۔

کبھی کبھی قیمت کا ہندسہ عراقی و مجنّس کے رخسار راست پر اور ترکی و تازی کے رخسار چپ پر نقش کیا جاتا تھا۔

اس زمانے میں ہر طویلے کے جانور قیمت کے ہندسوں سے داغ انداز کئے جاتے ہیں۔

وہ مہری گھوڑوں کے لئے دس کا اور بست مہری جانوروں کے لئے بیس کا ہندسہ مقرر ہے اور علیٰ ہذا القیاس۔

اسی طرح جبکہ بیشی میں جانور کی قیمت میں اضافہ یا کمی ہوتی ہے تو قدیم نقش کو مٹا کر جدید قیمت کے لحاظ سے داغ اندازی کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۵۴)

پُرکرون

پیشتر یہ دستور تھا کہ اگر چہل اسپی وخانہ زاد طویلے کے دس جانور اور راہوار پانچ طویلوں میں کم ہو جاتے تھے تو اُن کی اس طرح خانہ پُری کر دی جاتی تھی۔

چہل اسپی طویلے کے جانوروں کیلئے شاہزادوں کے بہترین گھوڑے طویلۂ شاہی میں داخل کر دئے جاتے تھے اور خانہ زاد جانوروں کی اُن کے ہمجنس گھوڑوں سے اور راہوار کی دوسرے طویلوں کے جانوروں سے خانہ پُری کرتے تھے

اگر شاہزادۂ ولی عہد کے طویلے میں پندرہ گھوڑوں کی کمی واقع ہوتی تو دیگر برادران گرامی قدر کے بہترین جانور ولی عہد بہادر کے طویلے میں داخل ہو جاتے تھے۔

اگر منجھلے شاہزادے کے یہاں بیس جانوروں کی کمی ہوتی تو شاہزادۂ خُرد کے طویلے سے خانہ پُری ہوتی تھی۔

اگر شاہزادۂ خُرد کے پچیس جانور کم ہوتے تو دیگر بہترین طویلوں سے ان کا بدل حاصل کر لیا جاتا تھا۔

سینتیس سنہ الٰہی میں فرمان مبارک صادر ہوا کہ آیندہ سے ہر سال ہر طویلے میں ایک ایک جانور کا اضافہ کیا جائے۔

چنانچہ اس زمانے میں طویلۂ خاصہ کے گیارہ جانور ضائع ہوئے اور اُن کی خانہ پُری فرمان کے مطابق شروع کر دی گئی۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۵۵)

تاوان

خاصے کا گھوڑا اگر مرجاتا ہے تو اُس کی اوّلیں قیمت کے لحاظ سے ہر اشرفی کے عوض ایک روپیہ داروغہ سے لیا جاتا ہے اور دس دام میر دھہ کو اور چہارم تنخواہ بھوئی کو تاوان میں دینی پڑتی ہے۔

اگر جانور چوری جاتا ہے یا اُس میں کوئی عیب آجاتا ہے تو ایسی حالت میں تاوان کی رقوم مقرر نہیں ہیں بلکہ اس واقعے کا معروضہ حضور میں پیش ہوتا ہے اور حکم شاہی کے موافق ملازمین سے رقم جرمانہ وصول کی جاتی ہے۔

دوسرے طویلوں میں ایک گھوڑے کے تاوان میں فی اشرفی ایک روپیہ اور دو کے تاوان میں دو روپے اسی طریقے پر داروغہ سے وصول کیے جاتے اور سائیس سے مذکورۂ بالا رقم وصول کی جاتی ہے۔

اس زمانے میں ایک جانور سے لے کر تین جانوروں کے ضائع ہونے پر فی اشرفی ایک روپیہ اور چار جانوروں کی ہلاکت کی صورت میں فی اشرفی دو روپے اور پانچ جانوروں کے ضائع ہونے پر فی اشرفی تین روپے وصول کیے جاتے ہیں۔

اگر گھوڑے کا منھ پھٹ جاتا ہے تو ہر اشرفی پر دس دام میر دھہ سے جرمانہ وصول کیا جاتا ہے۔ اور میر دھہ دوسرے سائیسوں سے تاوان وصول کرتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۵۶)

آمادہ داشتن

خاصے کے دو جانور، مگر راہوار میں سے تین اور ہفتاد مُہری طویلے سے لے کر دہ مُہری طویلے تک ہر طویلے سے ایک ایک اور ایک گوشت ہمیشہ در دولت پر حاضر ہوتے ہیں اور جانوروں کی جوڑ تیار کرتے ہیں جس میں سے ہر ایک کو مثل کہتے ہیں۔

اوّل۔ ایک چہل اسپی ایک طویلۂ شاہزادۂ بزرگ۔ ایک طویلۂ شاہزادۂ اوسط۔ اور ایک راہوار۔

دوم۔ ایک متعلقۂ شاہزادۂ خُرد، ایک خانہ زاد، ایک چہل اسپی، اور ایک راہوار۔

سوم۔ تین شاہزادوں کے طویلوں سے ہر طویلے سے ایک اور ایک خانہ زاد۔

چہارم۔ چہل مُہری ایک، سی مُہری ایک، بست مُہری ایک اور دہ مُہری ایک۔

ان آخری چار گھوڑوں پر قبلۂ عالم خود کم سوار ہوتے ہیں۔

شاہزادۂ شاہ مراد کی وفات کے بعد چہل مہری کے بہترین جانور ہی سواریٔ خاصہ کے لئے حاضر کئے جانے لگے اور اب ترتیب حسب ذیل قرار پائی۔

اوّل۔ چہل اسپی ایک متعلقۂ شاہزادۂ بزرگ ایک شاہزادۂ خُرد ایک

اور راہوار ایک۔

دوم۔ خانہ زاد ایک، بیش از ہفتاد مہری ایک، خاصۂ چہل مہری ایک، اور راہوار ایک۔

سوم۔ شاہزادوں کے ایک ایک، خانہ زاد ایک اور ہفتاد مہری ایک۔

چہارم۔ شصت مہری ایک، پنجاہ مہری ایک، چہل مہری ایک اور سی مہری ایک۔

بست مہری دہ مہری دگوٹ بھی گاہ گاہ حاضر کئے جاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۵۷)

بخشش

جب جہاں پناہ خاصے کے چھ طویلوں کے جانوروں میں سے کسی گھوڑے پر سوار ہوتے ہیں تو خدمت آموزی اور ہنگامۂ سواری کی گرم بازاری کو ملحوظ خاطر رکھ کر آئین مقرر کے مطابق انعام عطا فرماتے ہیں۔

پیشتر یہ دستور تھا کہ اگر خاصے کے جانور پر سواری فرمائی جاتی تھی تو ایک روپیہ بطور انعام مرحمت ہوتا تھا جس میں ایک دام آقتہ بیگی، دو دام جلو دار اور نصف دام سائیس اور اسی قدر مشرف و نقیب و آبخچی و زیندار باہم تقسیم کر لیتے تھے۔

اگر طویلۂ شاہزادۂ بزرگ کا کوئی جانور شرف سواری سے باریاب ہوتا تو بیس دام انعام عطا ہوتا تھا اور ہر ملازم اس تقسیم میں پہلی تقسیم سے ۱/۳ دام کم پاتا تھا۔

اگر شاہزادۂ دوم کے گھوڑے پر سوار ہوتے تھے تو بیس دام عطا ہوتے تھے اور اسی حساب سے ملازمین باہم تقسیم کر لیتے تھے۔

اگر شاہزادہ خرد کے طویلے سے جانور حاضر کیا جاتا تھا تو سواری کے بعد دس دام اسی دستور کے مطابق عطا ہوتے تھے۔

لیکن اب قاعدہ یہ ہے کہ چہل گانی کی سواری میں بدستور سابق۔

طویلۂ شاہزادۂ بزرگ میں بیس دام۔

شاہزادۂ خرد کے جانور پر دس، راہوار پر پانچ، خانہ زاد پر چار اور دیگر طوائل کے جانوروں پر دو دام عطا ہوتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۵۸)

جلوانہ

جو گھوڑا بطور انعام عطا ہوتا ہے، ملازمین سررشتہ اس کی قیمت پچاس فی صدی بڑھا کر ہر اشرفی پر دس دام وصول کرتے ہیں۔

اس رقم میں پانچ دام آقتہ بیگی کے ڈھائی دام جلوبیگی کے اور سو دام مشرف کے مقرر ہیں۔

بقیہ میں پچیس حصّے کئے جاتے ہیں جس میں نو حصّے نقیبوں کو ایک حصّہ سائیس اور پانچ پانچ حصّے تحصیلدار و زمیندار و آقتیجی کو دئے جاتے ہیں۔

اس ملک میں جانور کی عمر طبیعی بتیس سال ہے اور قیمت کے لحاظ سے پانچ سو اشرفیوں سے لے کر دو روپے تک کے گھوڑوں کی خرید و فروخت ہوتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۵۹)

شتر خانہ

قبلۂ عالم کو ابتدائے عہد فرمانروائی سے اس عجیب الخلقت جانور کے ساتھ بیحد ذوق ہے۔

چونکہ یہ جانور ہر سہ آبادی میں رونق و معموری کا ذریعہ ہے اور نیز یہ کہ باربرداری کی حالت میں اس کا صبر و تحمّل اور کم خوراکی کے عالم میں اس کی قناعت حضرت کو بیحد مرغوب ہے۔ اسی وجہ سے جہاں پناہ کی توجّہ و مہربانی میں اور زیادہ اضافہ ہوگیا۔

اس مُلک میں بہترین و بلند و بالا جانور پیدا ہوئے اور شتر خیزی میں ہندوستان ایران و توران پر بھی سبقت لے گیا۔

جہاں پناہ اپنی عظمت و شان و نیز دیگر حاضرین کی نشاط اندوزی کے لحاظ سے ان جانوروں کی باہمی جنگ آزمائی کا تماشا ملاحظہ فرماتے ہیں اور چند بہترین شتر اس کام کے لیے ہمیشہ تیّار رکھے جاتے ہیں۔ خاصے کا بہترین جنگ آزما جانور شاہ پسند نام دوازدہ سالہ خانہ زاد جانور ہے جو اپنے ہمسروں پر ہمیشہ غالب رہتا ہے اور حریف کو پچھاڑنے میں کشتی کے داؤں پیچ اور عجیب و غریب کرتب دکھاتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

یہ جانور نواح اجمیر و جودھپور و ناگور و بیکانیر و جیسلمیر و بھٹنڈا و بھٹنیر میں بکثرت پایا جاتا ہے اور صوبۂ گجرات میں کچھ کے قریب بیشمار بہترین و خالص النسل جانور پیدا ہوتے ہیں لیکن صوبۂ سندھ افزائش شتر میں تمام ممالک و بلاد پر فوقیت رکھتا ہے۔

اکثر سندھی امیر دس ہزار یا اس سے بھی زائد جانوروں کے مالک ہوتے ہیں۔

تیز رفتاری میں اجمیری اونٹ اور باربرداری میں ٹھٹھہ کے جانور مشہور ہیں۔

اونٹ کی نسل میں بہترین و سرمایہ آفرینش مادّہ ہے جس کو آردانہ کہتے ہیں۔

مادۂ شتر ہر ملک میں جاڑے کے موسم میں مست ہو کر نر سے ہاتھا پائی کرتی ہے۔

اگر نر دو کوہانی ہے تو اُس کو بغر کہتے ہیں اور بچے کو نر اور مایہ۔

قبلۂ عالم نے نر کو بغدی اور مادہ کو جمّازہ کے نام سے موسوم کیا۔

باربرداری و جنگ آزمائی کے لئے بغدی زیادہ قوی ہے اور تیز رفتاری میں جمّازہ بہتر ہے۔

ہندی جانور جس کو لوک کہتے ہیں اور آردانہ بھی تیز رفتاری میں جمّازہ کے قریب قریب ہیں بلکہ اکثر جانور زیادہ ہیں۔

اگر بغر، جمّازہ کے ساتھ جفتی کھاتا ہے تو نر بچے کو گھُرڈ کہتے ہیں اور مادہ کو مایہ گھُرڈ۔

اگر بغدی یا لوک جمازی سے جفتی کھاتا ہے تو بھی بچے کو انھی ناموں سے موسوم کرتے ہیں۔ لیکن اگر بغدی یا لوک آردانہ سے جفتی کھاتا ہے تو نر باپ کے نام سے موسوم ہوتا ہے اور مادہ ماں کے نام سے پکاری جاتی ہے۔

لوک، گھُرڈ و مایہ گھُرڈ سے زیادہ خالص النسل ہوتا ہے۔

باربرداری میں اونٹوں کی قطاریں باندھتے ہیں ہر قطار میں پانچ جانور ہوتے ہیں۔ پہلے جانور کو پیشنگ، دوسرے کو پیش درہ، تیسرے کو میانہ قطار، چوتھے کو دم دست، اور پانچویں کو مدار کہتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۶۰)

خوراک

باربرداری کے جانوروں میں بختی کو ڈھائی سے تین برس کے سن تک جب کہ وہ گلے سے کام کیلئے باہر نکالا جاتا ہے، دو سیر دانہ روز دیتے ہیں۔

سہ و نیم سالہ و چہار سالہ جانوروں کو پانچ سیر دانہ دیا جاتا ہے اور اس کے بعد سے سات سالہ تک نو سیر اور ہشت سالہ اور بختی کو دس سیر روزانہ دیا جاتا ہے۔

اسی طرح جمّاز و کہرّہ و دایہ گھرّہ کو چار سال کی عمر تک بدستور سابق اور چار سالہ کے بعد سے ہفت سالہ جانور تک ہر اونٹ کو روزانہ سات سیر اور ہشت سالہ کو ساڑھے سات سیر۔

یہ مقدار اس وقت مقرر فرمائی گئی تھی جب کہ سیر آٹھ تنکہ دام کا تھا۔ اب جب کہ سیر کے وزن میں دو دام کا اضافہ ہو گیا ہے، دانے کی مقدار اسی حساب سے کم کر دی گئی ہے۔

مستی کے عالم میں بختی دانہ کم کھاتا ہے، لیکن آئین پاؤ گوشت کے مطابق دانے کے وزن میں کمی نہیں کی جاتی۔

داروغہ عالم مستی کے اندوختہ غلے کو ہوشیاری کے زمانے میں روزانہ خوراک میں ملا کر کھلاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اگر مستی طاری ہونے کے قبل معین مقدار سے دانہ زیادہ دیا گیا ہے اور اضافہ روزنامچے میں درج ہے تو اس زیادتی کو پاؤ گوشت میں بھری دیتے ہیں۔

اسی طرح اگر کسی دوسری وجہ سے اضافے کی نوبت آتی ہے تو اس زیادتی کو بھی پاؤ گوشت کے حساب میں شمار کر لیتے ہیں۔ قیام کے زمانے میں آٹھ ماہ گھاس دی جاتی ہے۔

جو جانور کہ شہر کے اندر اور داخل کشک ہیں (یعنی کار سرکاری میں لگائے گئے ہیں) اُن کے لئے فی جانور دو دام مقرر ہیں۔ اور جو شہر سے باہر ہیں اُن کو ڈیڑھ دام فی راس دئے جاتے ہیں۔

چار ماہ بارش و سفر میں گھاس کی قیمت نہیں دی جاتی۔ ساربان جانوروں کو چراگاہ میں لے جاکر چرا لاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۶۱)

رخت

جانوران خاصہ - اقسار (سربند) دُم افسار (دُمچی) مہسار، تماشی جو زین کی مانند لیکن اُس سے کسی قدر بڑی ہوتی ہے یہ سب جہاں پناہ کی ایجاد ہیں - جن سے جانوروں کی آرائش میں اضافہ ہو گیا ہے - ان کے علاوہ کوچی چار جامہ کا کام دیتی ہے -

قطار چہ سرپچی (ایک قسم کا بالا پوش) تنگ، سترتنگ، تازیانہ، تبرہ، گھونگرو بند، گردن بند اور سہ چادر - یہ چادریں یہ بانات یافتہ رنگین و موم جامے کی تیار کی جاتی ہیں -

ان جاموں کی آرائش و زینت میں جس قدر جواہرات و ریشم و چاندی و سونے کے تار و دیگر بیش قیمت کپڑے خرچ ہوتے ہیں اُن کی قیمت کا اندازہ امکان سے خارج ہے -

قاعدہ ہے کہ اونٹوں کی پانچ مکمل قطاریں سواری کے لئے اور دو محافہ کشتی کے لئے ہمیشہ تیار رہتی ہیں -

محفہ لکڑی کا وہ ستونی خوبصورت خیمہ ہے جو سواری کے وقت دو اونٹوں پر باندھا جاتا ہے -

سامان آرائش رنگین بھی ہوتا ہے اور سادہ بھی - دس سادہ قطاروں میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

تین رنگین ہوتی ہیں۔ رنگین قطاروں کے ہر جانور کے سامان کی تفصیل حسب ذیل ہے۔
بغدی پر دوسو ۲۵ ۳/۴ دام صرف ہوتے ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔
افسار مہرہ ۲۰ ۱/۲ دام، حلقہ برنجی ۱ ۱/۲ دام، زنجیر آہنی ۴ ۱/۲ دام، طلگی پانچ دام،
پشت پوزی کے لئے آٹھ دام۔
دُم افسار کی تیاری میں ۱ ۱/۲ دام، تگمتا و سر برنجی میں بیس دام کا نمک
خرچ ہوتا ہے، جُل ۶۸ دام، جہاز گج کاری جو مہار کاٹھی کا کام دیتا ہے، چالیس دام،
تنگ و تازیانہ بند و گلوبند چوبیس دام، طناب بارکش جس کو ساربان طاقہ طناب
اور خروار کہتے ہیں، اڑتیس دام، بالاپوش پندرہ دام،
جمازہ میں علاوہ مذکورہ بالا پوششوں کے دو چیزیں زائد ہوتی ہیں،
جن کے اخراجات کی تفصیل ذیل میں درج ہے۔
گردن بند دو دام، سینہ بند سولہ دام۔
ہفت قطاروں میں بغدی اور جمازہ پر حسب تفصیل ذیل ۱۶۸ ۱/۲ دام
صرف ہوتے ہیں۔
افسار مہرہ دوزدہ دام، دُم افسار ۱/۲ دام، جہاز ۱۶ ۱/۲ دام، جُل باون دام و نصف،
تنگ و پشت بند و گلوبند چوبیس دام، طاقہ طناب ۳۷ ۱/۲ دام، بالاپوش اٹھائیس دام،
لوک پر مندرجہ ذیل تفصیل کے مطابق ایک سو تینتالیس دام صرف
ہوتے ہیں۔
افسار و جہاز و خروار بدستور۔
جُل ۳۷ ۱/۲ دام، تنگ و پشت بند و گلوبند ۱۴ ۱/۲ دام، بالاپوش اٹھائیس دام،
بجز آہنی و چوبی ساز و سامان کے رنگین و سادہ تین سال کے بعد
ایک ایک عدد دیئے جاتے ہیں۔ پرانے رنگین تحفے کے عوض ایک قطار میں سولہ دام،
اور سادہ میں چودہ دام وضع کر لئے جاتے ہیں۔
تین سال گزرنے پر برآورد تیار کرتے ہیں اور چوتھائی حصہ قیمت منہا
کرتے ہیں اور اس کارروائی کے بعد بقیہ رقم کا دسواں حصہ وضع کر کے باقی رقم
تنخواہ میں ادا کی جاتی ہے۔ اس حساب سے برآورد کا ۲۷/۴۰ خزانۂ سرکار سے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ادا کیا جاتا ہے۔
علفی جانوروں کو (غلّہ انباری کے جانور جو سامان خوراک لاد سکتے ہیں)
پوشش سال میں ایک بار نئی دی جاتی ہے۔
خانہ زاد ولوک پر حسب تفصیل ذیل ۵۲ ½ دام خرچ ہوتے ہیں۔
آقسار پانچ دام، جل چھتیس دام، سرد وزنیم دام، تنگ وپشت بند ۱۰ ¾ دام۔
آقسار وتنگ وپشت بند بدتور جل چھیالیس ۴۶ ¾ ۵ دام ربع کم سرد وزنیم ¾ دام۔
ہر سال برآورد کا چوتھائی حصہ وضع کرکے بقیہ کا اجازت نامہ دیا جاتا ہے۔
شکیتہ ٹاٹ۔ دانہ کھلانے کے لئے دیا جاتا ہے۔ ہر قطار میں ایک مقرر ہے۔
بندی وجمازہ میں اس کی قیمت ¾ ۳۰ دام ادا کی جاتی ہے اور لوک میں
½ ۲۴ دام۔
اسی نرخ کے مطابق قیمت ہمیشہ برآورد سے منہا کرلی جاتی تھی گویا ساربانوں سے ایک قسم کا ٹھیکہ ہو جاتا تھا اور اسی پر علدر آمد ہوتا تھا۔
سنہ ۲۲ الٰہی میں معروضہ پیش ہوا کہ منہائی رقم کا یہ طریقہ سخت ہے اور ساربانوں کو نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے۔ قبلۂ عالم نے اس نرخ کو منسوخ فرما کر ہر زمانے کے مطابق رقم منہائی مقرر کرنے کا حکم صادر فرمایا۔
یہ حساب نرخ کے تغیر وتبدل کی وجہ سے ہر سال مختلف ہوتا ہے۔
نوروز کے آغاز پر افسر ساربان جانوروں کے بال تراشنے اور تیل ملنے ونیز روغن چکانی کی اجازت حاصل کرکے اپنے فرائض کو انجام دیتے ہیں اور علفی جانوروں کے اسباب وسامان کے لئے جدید معاہدہ کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۶۲)

تیل ملنے اور جانوروں کی ناک میں تیل چھکانے کے آئین

روغن مالی اور روغن چپکانی کو تطلیہ اور تجریع کہتے ہیں لیکن اگر تجریع کی بجائے تنشیق کہیں تو زیادہ مناسب ہے۔ کیونکہ تنشیق کے لفظی معنی بھی "ناک میں ٹپکانے" کے ہیں۔

ہر پیدی و جگاڑہ پر سال میں ۳ ۳/۴ سیر روغن کنجد صرف ہوتا ہے جس میں ایک سیر بدن پر ملنے اور تین پاؤ ناک میں ٹپکانے کے لئے مقرر ہے۔

اس کے علاوہ تین پاؤ گندھک اور ساڑھے چھ سیر چھاچھ بھی دی جاتی ہے۔

دوسری قسم کے جانوروں کے لئے ۲ ۱/۲ پاؤ گندھک اور ساڑھے چھ سیر چھاچھ مقرر ہے۔

ان جانوروں کی ناک میں ٹپکانے کے لئے تین پاؤ روغن دیا جاتا ہے۔

بیشتر روغن و نیز دیگر اشیا سال میں تین بار دی جاتی تھیں اب صرف ایک بار دیتے ہیں۔

پایہ شتران و خدمتگاراں

جہاں پناہ نے جانوروں کو قطاروں میں تقسیم فرمایا اور ہر قطار

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ایک ساربان کی نگہداشت میں سپرد فرمائی۔ ساربانوں کی تنخواہ کے چار مدارج مقرر فرمائے۔

اوّل چار سو دام، دوم تین سو چالیس دام، سوم دو سو اسی دام اور چہارم دو سو بیس دام۔

قطاروں کی تین طرح پر ترتیب دی گئی۔

اوّل۔ پانچ قطاریں ایک تجربہ کار شخص کے سپرد کی گئیں اور یہ ملازم بست پنجی کے نام سے موسوم ہوا۔ اس کی تنخواہ سات سو بیس دام قرار پائی۔ یہ شخص ایک یابو کی داغ دوزی کراتا اور چار ساربانوں کا افسر ہے۔

دوم۔ اس ترتیب میں دس قطاریں شامل ہیں۔ یہ قسم بھی ایک تجربہ آموز کے سپرد ہے جس کو پنجاہی کہتے ہیں۔ اسپ کی داغ دوزی کراتا اور نو ساربان دام تنخواہ پاتا ہے۔ نو ساربان اس کے ماتحت ہیں۔

سوم۔ ایک تجربہ کار و ہوشیار شخص کے سپرد نو قطاریں کی گئیں اس شخص کو پانصدی کہتے ہیں۔

دس قطاریں خاص اُس کے زیر اہتمام ہیں اور سوا ایک قطار کے بقیہ کے لئے ساربان سرکار سے عطا ہوتے ہیں۔ پنجاہی و بست پنجی اس کے ماتحت ہیں۔

اس کی تنخواہ میں اضافہ و کمی سے اختلاف ہوا کرتا ہے۔ اس زمانے میں اکثر یوز باشی امیر اس خدمت پر مامور ہیں۔

اس کے علاوہ تمایۂ عالم نے ایک اونٹ فراشوں کے لیے خاص کر دیا ہے۔ ایک تبکچی بھی مامور کیا گیا ہے۔

جہاں پناہ نے اپنی بےنظیر قوت عمل سے ہر پانصدی کو ایک امیر کی ماتحتی میں دیا ہے، نیز چند ہوشیار پیادے مقرر فرمائے ہیں۔

یہ ملازم سررشتے کی تمام جزئی و کلی حالات سے اطلاع دیتے ہیں اور اس طریقے پر عمال سررشتہ لاپروائی نہیں کر سکتے۔

سال میں دو بار پیش سوار جانوروں کی ضربی و لاغری کا اندازہ کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آخر تر برسات میں اور جیٹھی کے وقت۔

جانور کی کمی کی صورت میں ساربان اُس کی قیمت کے مطابق رقم تاوان داخل کرتا ہے۔ پنجاہی اور پانصدی بھی اس تاوان میں شرکت کرتے ہیں۔

اگر جانور اندھا یا لنگڑا ہو جاتا ہے تو اس کی قیمت کا چہارم حصہ بطور جرمانہ داخل کرنا پڑتا ہے۔

ریباری۔ اکثر اہل ہند اس جانور کے حالات سے بخوبی آگاہ ہوتے ہیں۔ اور ہندی نژاد لوگ کو رہ نوردی (تیز رفتاری) ایسی عمدہ سکھاتے ہیں کہ جانور قلیل مدت میں بعید مسافت طے کر سکتا ہے۔ ان اشخاص کو ریباری کہتے ہیں۔

ہر صید کہ پائے تخت سے انتہائے قلمرو سلطانی تک ہر چہار طرف ڈاک رساں مقرر کیے گئے ہیں اور ہر پانچ کوس کے فاصلے پر تیز رو پیادے متعین ہیں لیکن جہاں پناہ نے اپنی دور اندیشی سے ان شتر سواروں میں سے بعض کو ہمیشہ درگاہ بادشاہی پر حاضر و موجود رہنے کا حکم دیا ہے۔

ہر پچاس آدمانہ انھیں ریباریوں میں سے ایک شخص کے سپرد کی گئی ہیں اور انوائش نسل کے لیے ایک بغرہ اور دو لوک اُن کے ہمراہ ہیں۔ بغرہ لوک کے لئے دانہ حسب دستور سرکار سے ملا ہوتا ہے لیکن گھاس نہیں دی جاتی اور اردنہ کے پچاس نفر کے لئے دانہ بھی نہیں دیا جاتا۔

سال میں ایک بار تطلیہ و تشیق کے لئے بغرہ بلندی و اندازہ پر فی راس چار سیر روغن کنجد اور تین پاؤ گڑ ملک اور ساڑھے چھ سیر چھاچھ دی جاتی ہے جس میں سے تین پاؤ روغن تشیق کے لئے مخصوص ہے۔

لوک دار دانہ و گھرد و مایہ گھرد کے لئے فی راس ۳½ سیر روغن ساڑھے چھ سیر چھاچھ اور ½ سیر گندھک مقرر ہے جس میں ½ سیر روغن تشیق کے واسطے متعین ہے

بوتہ اور دنبالہ کے لئے فی راس دُنبائی سیر روغن جن میں ¼ سیر تشیق کے لئے، آدھ سیر گندھک اور ¼ ۴ چھاچھ مقرر کیا گیا ہے۔

بوتہ اور دنبالہ یہ دونوں شتر بچے میں۔ فرق اس قدر ہے کہ بوتے پر کچھ بوجھ لادا جاتا ہے اور دنبالہ بار برداری سے آزاد ہے۔ اور ہر ہفتے بوتہ کے لئے آدھ سیر شورہ و نمک اور دنبالہ کے لئے پاؤ سیر مقرر ہے۔

گلہ بانوں کی ماہوار تنخواہ دو سو دام مقرر ہے۔ ہر پچاس جانوروں پر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پانچ چرواہے بھی دئے جاتے ہیں جن کو روزانہ دو دام اُجرت دی جاتی ہے۔
دو گلّہ پنجاہی افسر کے لیے ضروری ہے کہ ہر سال تین اروانہ پیش کرے ورنہ ان جانوروں کی قیمت اُس کی تنخواہ سے وضع کرلی جاتی ہے۔
پیشتر بغدی و جمّازہ کے بال کے عوض چہارم حصّہ تنخواہ کا وضع کرلیا جاتا تھا۔ ہر جانور کے بال وزن میں چار سیر ہوتے تھے۔
قبلۂ عالم نے بالوں کی قیمت گلّہ بانوں کو بطور انعام عطا فرمائی اور اُس کے عوض میں گلّہ بان دم افسار وغیرہ پوششیں جانوروں کے لئے مہیا کرنے لگے۔
بغدی کی قیمت پانچ مُہر سے بارہ مہر تک مقرّر ہے جمّازہ کی قیمت تین چار مہر سے دس مُہر تک، بغیر تین مُہر سے لے کر سات مُہر تک فروخت ہوتا ہے۔ مادہ بغیر کی قیمت تین مُہر سے پانچ مُہر تک ہے۔ بقیّہ جانوروں کی قیمت حسب ذیل ہے۔
گھر و تین مُہر سے آٹھ مُہر تک، مادہ گھر و لوک تین مہر سے سات مُہر تک، لوک دوخلہ آٹھ مہر سے نو مُہر تک۔ لوک ہندوستانی و بلوچی تین مہر سے آٹھ مہر تک، اروانہ دو مُہر سے چار مُہر تک۔
قبلۂ عالم بہترین بغدے پر دس من تک وزن کا سامان لدواتے ہیں اور اور قسم دوم پر آٹھ من تک۔
عمدہ ترین جمّازہ و لوک وغیرہ آٹھ من تک کے بوجھ سے لادے جاتے ہیں اور قسم دوم چھ من تک۔
ہندوستان میں اونٹ کی عمر طبیعی چوبیس سال ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۶۳)

گاؤخانہ

ملک ہندوستان میں اس جانور کو بجید مبارک و مقدس سمجھ کر اس کی طرح طرح پر خدمتگزاری کرتے ہیں۔

ہند میں کھیتی باڑی کا کام بھی اسی جانور کی اعانت و جفاکشی پر چلتا ہے اور ما یحتاج زندگی کی فراہمی اسی کی محنت کا ثمرہ ہے۔ اس کے دودھ دہی وگھی سے دسترخوان کی زیب و زینت ہے۔ یہ جانور باربرداری اور ہل چلانے میں بجید قوی و طاقتور ہے اور ہر سہ آبادی کی معموری و مرفہ الحالی میں بہترین معین و مددگار ہے۔ اگرچہ یہ جانور ہندوستان میں ہر جگہ پایا جاتا ہے اور اپنی مختلف اقسام سے ملک کی گرم بازاری کو تازہ رونق دیتا ہے لیکن گجرات کے جانور بہترین خیال کئے جاتے ہیں۔ گجراتی گاؤ کی ایک جوڑ کی قیمت سو مہر دی جاتی ہے۔ جو شبانہ روز میں اسّی کوس تک کی مسافت طے کر سکتے ہیں۔ اس قسم کے بیل تیز رفتار گھوڑے پر بھی سبقت لے جاتے ہیں اور راہ میں بول و براز نہیں کرتے۔

بست مہری و دہ مہری جانور بکثرت ہیں۔

بنگال و دکن میں بھی عمدہ جانور پیدا ہوتے ہیں۔ بار کرتے وقت جانور بیٹھ جاتے ہیں اور ان ممالک کی گائے نصف من تک دودھ دیتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دہلی میں بیشتر جانور دس روپے تک میں خرید سے جاتے ہیں۔

قبلۂ عالم نے ایک جنت جانور ایک لاکھ دام (پانچ ہزار روپے) میں خرید فرمائی۔ کشمیر و تبت میں ایک خاص قسم کی گائے بیل پائے جاتے ہیں جن کو شکل و صورت عجیب و خوش آیند ہوتی ہے، ان کو قطاس کہتے ہیں۔

اس جانور کی عمر طبیعی پچیس سال ہے۔

بادشاہ قدردان نے اس جانور کی عجیب و حیرت انگیز کارگزاریوں کو ملاحظہ فرما کر اس کی پرورش و پرداخت پر خاص توجہ فرمائی اور اُن کو مختلف گروہ میں تقسیم کر کے انھیں نیک دل نگہبانوں کے سپرد فرمایا۔

جہاں پناہ نے سو جانور منتخب فرما کر ان کو خاصے کے لئے مخصوص فرمایا اور انھیں کوتل کے نام سے موسوم کیا۔ ان میں سے چالیس جانور سفر و شکارگاہ میں ہمراہ رہتے ہیں۔ اکاون جانور نیم کوتل اور اسی تعداد کے جانور پاؤ کوتل قرار دئے گئے۔ کمی کی صورت میں اوّل کی دوم سے اور دوم کی سوم سے خانہ پری کی جاتی ہے۔

ان جانوروں کے گورو باڑے کو گاؤخانۂ خاصہ کہتے ہیں۔ ان اقسام کے علاوہ دوسرے باڑے میں ترتیب دئے گئے ہیں۔

جہاں پناہ نے پچاس سے سو تک جانوروں کے مختلف باڑے بنائے اور راستباز خدمت گزاروں کے سپرد کئے۔ حضوری کے وقت جانوروں کے مراتب و مدارج مقرر کئے جاتے ہیں اور اس کے بعد جانور اپنے ہمسروں کے باڑوں میں داخل کئے جاتے ہیں

اسی طرح گروہ کے گروہ ہل کشی و آب کشی وغیرہ کے لئے مقرر فرمائے گئے۔

ایک قسم اس جانور کی گوٹ سے مشابہ ہوتی اور بیحد خوش شکل ہوتی ہے۔ اس کو گینی کہتے ہیں۔

اسی طرح دو دھاری گائیں اور بھینسیں بھی مختلف گروہ میں تقسیم کر کے تجربہ کار خدمتگزاروں کے سپرد فرمائی گئیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۶۴)

خوراک

کارخانۂ خاصہ میں ہر جانور کے لئے سوا چھ سیر دانہ اور ڈیڑھ دام کی گھاس مقرر ہے۔ ہر گوسالے کے لئے روزانہ ایک من انّیس سیر قند سیاہ مقرر ہے۔ داروغہ ہر جانور کو اُس کی خدمت و حالات کے لحاظ سے غذا دیتا ہے۔

دیگر خاصے کے جانوروں کے لئے چھ سیر دانہ اور گھاس بدستور لیکن اُن کو قند سیاہ نہیں دیا جاتا۔

دوسرے کارخانوں میں اوّل کو چھ سیر دانہ اور ہمرکابی کے جانوروں کو ڈیڑھ دام اور غیر کو ایک دام کی گھاس روزانہ دی جاتی ہے۔

دوم کو پانچ سیر دانہ اور گھاس بدستور۔

ہل کش بیلوں کو چھ سیر دانہ اور گھاس بدستور۔

گینی اوّل کو تین سیر دانہ اور ایک دام گھاس کے لئے اگر حضور میں رہے، ورنہ ۳/۴ دام۔

دوم کو ڈھائی سیر دانہ اور اگر حضور میں رہے تو ۳/۴ دام کی گھاس، ورنہ ۱/۲ نصف دام کی۔

بھینسا جس کو آرنہ کہتے ہیں۔ اس جانور کو روزانہ آٹھ سیر گیہوں کا آٹا،

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

سنجتہ دو سیر روغن زرد نیم سیر قند سیاہ و نیم سیر دانہ اور دو دام کی گھاس دی جاتی ہے۔ یہ جانور عالم شباب میں عجیب و غریب اقسام کی آویزہ گری کرتا ہے اور شیر کو پارہ پارہ کر ڈالتا ہے جب اُس کی طاقت کم ہو جاتی ہے تو نمبر دوم کے جانوروں میں داخل کیا جاتا ہے اور آب کشی میں لگا دیا جاتا ہے اور اُس وقت اُس کو آٹھ سیر دانہ اور دو دام کی گھاس روزانہ دی جاتی ہے۔

آب کشی کی بھینسیں۔ ہر جانور کو چھ سیر دانہ اور دو دام کی گھاس روزانہ دی جاتی ہے۔

عرابۂ چیتا کے اوّل نمبر کے بھینسے کو ۶½ سیر دانہ اور اس کے علاوہ دیگر اقسام کے جانور کو پانچ سیر اور ہر دو کو کاہ بدستور سابق۔

عرابۂ بارکشی کے بیلوں ہر جانور کو پیشتر پانچ سیر دانہ اور ڈیڑھ دام کی گھاس دی جاتی تھی لیکن اب دانے میں پاؤ سیر کی کمی کر دی گئی ہے اور گھاس بدستور سابق ہے۔

دودھاری گائیں اور بھینسیں اگر ہمرکاب رہتی ہیں تو دانہ دودھ کے وزن کے مطابق دیا جاتا ہے۔ گائے اور بھینس کے بچھڑے کو ٹھاٹ کہتے ہیں۔

ہر گائے روزانہ ایک سیر سے پندرہ سیر تک اور بھینس دو سیر سے تیس سیر تک دودھ دیتی ہے۔

پنجاب کی بھینس بہترین خیال کی جاتی ہے۔

ہر گائے کا تھوڑا تھوڑا دودھ الگ کر لیتے ہیں، بیشتر ہر گائے کے دودھ کی نوعیت کا تقرر ہوتا ہے اور ایک سیر دودھ میں دو دام کے برابر گھی نکلنے سے جانور کی نوعیت کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ ایک سیر دودھ سے دو دام گھی نکلتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۶۵)

خدمتگاران

خاصے کے کارخانوں میں ہر چار جانوروں پر ایک خدمتگار مقرر ہے۔ کارخانۂ اوّل میں اٹھارہ ملازم ہیں۔ ہر شخص کو پانچ دام روزانہ دئے جاتے ہیں۔ دوسرے کارخانوں کے ملازم چار دام روزانہ پاتے ہیں۔

خاصے کے علاوہ دوسرے کارخانوں میں بھی ملازمین کو اجرت اسی حساب سے دی جاتی ہے لیکن ہر ملازم بجائے چار کے چھ جانوروں کی دیکھ بھال کرتا ہے۔

اکثر بہلبان احدیوں کے زمرے میں تنخواہ پاتے ہیں۔ یعنی بہلبان جو گروہ احدیاں میں داخل نہیں ہیں اُن کی تنخواہ تین سو ساٹھ دام سے زیادہ اور ایک سو بارہ دام سے کم نہیں ہے۔

بہل کی دو قسمیں ہیں۔ چھتری دار بیس کے اوپر چار لکڑیاں یا اس سے زیادہ باندھ کر چھتر کو اُن پر آراستہ کرتے ہیں۔ اس قسم کی بہل کو گھر بہل کہتے ہیں۔ اس کے علاوہ سادہ بہل بھی ہوتی ہے۔

گھر بہل کو تیز رفتار گھوڑے بھی کھینچتے ہیں۔

دس عمارتوں پر بیس عمارتچی اور ایک بڑھئی مقرر ہے۔ میر دھ اور بڑھئی کو روزانہ پانچ دام اور دوسروں کو چار دام روزانہ دئے جاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بعض حالتوں میں صرف پندرہ ملازم مقرّر کئے جاتے ہیں اور بڑھتی بر طرف کر دیا جاتا ہے۔

عرابچی کہنہ سامان کی مرمّت خود کراتے ہیں جس کے معاوضے میں اُن کو ہر سال دو ہزار دو سو دام دئے جاتے ہیں۔

اگر جانور کا سینگ ٹوٹ جاتا ہے یا یہ کہ جانور اندھا ہو جاتا ہے تو اصل قیمت کی چوتھائی رقم داروغہ سے وصول کی جاتی ہے۔ اس قسم کا تاوان نقصان کی نوعیت کے لحاظ سے کم و بیش ہوتا رہتا ہے۔

پیشتر داروغہ مرمّت کے لئے خود رقم صرف کرتے تھے لیکن گردش کے روز اونگ کے لئے نیم دام وصول کرتے تھے (اونگ، سن کو روغن زرد سے چکنا کر کے عرابے کی کیلوں میں جو بمنزلہ محور ہیں لگیٹ دیتے تھے تاکہ گاڑی کا پہیا گھسنے اور ٹوٹنے سے محفوظ رہے) لیکن جب داروغگی کی خدمت بھی عرابچیوں کے سپرد کی گئی تو اونگ کے اخراجات بھی عرابچی ہی برداشت کرنے لگے۔ قاعدہ یہ تھا کہ سفر کے وقت کارخانہ جات شاہی کا اکثر اسباب بار کرنے اور گٹھڑیاں لاد کر پہنچانے کے بھی تمام اخراجات عرابچی بحیثیت داروغہ کے برداشت کرتے تھے لیکن بعد میں دو سو بہل عمارات کی تعمیر میں لکڑیوں کے اٹھانے کے لئے علیحدہ کر دئے گئے۔ اسی طرح چھ سو بہل اکاون ہزار من لکڑی باورچی خانۂ شاہی میں دس ماہ کے اندر پہنچانے کے لئے جدا متعیّن کئے گئے۔ اگر عرابوں کو کارپردازِ کسی دوسرے کام میں مصروف کر لیتے تو سامان ڈھونے کی اجرت مصارف سرکار میں شمار ہوتی تھی اور داروغہ اس میں پاؤ گوشت سے بھی بری کر دئے جاتے تھے۔

یہ بھی قاعدہ تھا کہ اگر کوئی بیل مر جاتا تو عرابچی اُس کا بدل خود مہیّا کرتے تھے لیکن قبلۂ عالم کو معلوم ہوا کہ مذکورۂ بالا طریقے میں ان بے زبان جانوروں کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ حضرت نے یہ قواعد منسوخ فرما دئے اور مستقل ملازمین کا تقرّر فرما کر جانوروں کو نیک دل خدمتگاروں کے سپرد کیا۔

عرابے کے جانوروں کی روزانہ خوراک اس طرح مقرّر فرمائی گئی۔

دانہ چار سیر، ڈیڑھ دام گھاس کی قیمت اور نصف دام دیگر اشیا کے لئے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بارش کے زمانے میں چار ماہ تک گھاس کی رقم وضع کر لی جاتی ہے۔
ہر اٹھارہ عرابوں پر بارہ ملازمین کا تقرر ہوا جن میں سے ایک شخص بڑھئی کا کام بھی جانتا ہے۔
بیل کے مر جانے کے بعد اُس کا بدل سرکار سے ملتا ہے اور اونگ و مرمت کے لئے بھی اجرت خزانۂ شاہی سے عطا ہونے لگی۔
ہر سال ایک باتجربہ کار اشخاص گاؤ خانے میں جاکر کارگزار جانوروں کی فربہی و لاغری کا اندازہ کرتے ہیں۔ جو جانور کہ بیکار ہیں اُن کی حالت کا اندازہ سال میں دو بار کیا جاتا ہے۔ لکڑیاں بار کرنے و نیز دیگر امور کی خدمت کی بجائے جو اب معاف کر دی گئی ہیں، عرابچیوں کو دیگر ضروری سرکاری خدمات انجام دینی پڑتی ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۶۶)

استرخانہ

خچر میں گھوڑے کی طاقت اور گدھے کا صبر و تحمل موجود ہے۔ اگرچہ یہ جانور گھوڑے کا سا سمجھدار نہیں ہوتا لیکن اس کے ساتھ گدھے کا سا نادان بھی نہیں ہوتا۔ خچر راہ نوردی میں اپنا طے کیا ہوا راستہ کبھی نہیں بھولتا۔

یہی وجہ ہے کہ شہریار قدر داں کی ہمہ دانی نے اس جانور پر توجہ فرمائی اور دوسرے جانوروں کی طرح اس کی پرورش و پرداخت کا بھی انتظام فرمایا۔

یہ جانور بارکشی، بیاباں نوردی و تیز رفتاری میں بےمثل ہے۔

عوام کا بیان ہے کہ گدھا گھوڑی سے جفتی کھاتا ہے اور اس سے یہ جانور پیدا ہوتا ہے لیکن کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ گھوڑا گدھی سے جفت ہوتا ہے جیسا کہ قدیم کتابوں میں مذکور ہے۔

بچہ بیشتر ماں سے مشابہ ہوتا ہے۔

جہاں پناہ نے بہترین گدھے کو گھوڑی پر چھوڑا جن کی نسل سے اعلیٰ درجے کا خچر پیدا ہوا۔

اکثر ممالک میں انصاف پرور فرمانروا اس جانور پر سواری فرماتے تھے مظلوم اس جانور کی اعانت سے جلد حکّام کی درگاہ تک پہنچ جاتے ہیں اور سوار کو بعید

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آرام کا سبب ہوتا ہے۔

ایسے تیز رفتار جانور ہندوستان میں صرف نواح پکھلی میں پائے جاتے ہیں۔

اہل ہند اس جانور کو بھی ایک قسم کا گدھا سمجھ کر اس کی سواری کو اپنی کسر شان سمجھتے تھے۔ شاہ عالم کی توجہ سے اب یہ نفرت قلوب سے قطعاً جاتی رہی۔

عراق عجم و عراق عرب سے بہترین جانور ہندوستان میں لائے گئے بہترین خچر کی قیمت ایک ہزار روپیہ تک ادا کی گئی۔

اس کی قطاریں بھی اونٹ کی قطاروں کی طرح ترتیب دی جاتی ہیں اور ہر قطار میں جانوروں کی تعداد بھی پانچ رہتی ہے۔ جانوروں کے نام بھی وہی ہیں سوا اس کے کہ ہر قطار کے دوسرے جانور کو بدرست کہتے ہیں۔ اس جانور کی عمر طبعی پچاس سال ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۶۷)

خوراک

غیر ہندی خچر کو چھ سیر دانہ اور ہمرکابی کی حالت میں دو دام کی ورنہ ڈیڑھ دام کی گھاس دی جاتی ہے۔

ہندوستانی جانور کے لئے چار سیر دانہ اور ہمرکابی میں ڈیڑھ دام، ورنہ ایک دام کی گھاس مقرر ہے۔

ہفتے میں ایک مرتبہ ۳ ½ دام نمک کے لئے دئے جاتے ہیں نمک ملازمین یکبارگی دانے میں ملا کر کھلاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۶۸)

رخت

تختۂ چوبی سہ امبیس ۲۰ دام، زنجیر آہنی وزنی دو سیر قیمتی دس دام، رانگی چوبین (چمڑے کی دیچی) چار دام، پالان ایک سو دو دام، شال تنگ و پلاس تنگ ۳۶ ½ دام، طاقہ طناب (بوجھ باندھنے کی رسّی) ترپسٹھ دام، چوب تازیانہ چھ دام، گھنٹہ فی قطار ایک دس دام، سوٹی جُل چالیس دام، کلاوہ چوبی تیرہ دام، رسّی نو دام، نمدہ ۴ ½ دام، سردوز چار دام، خرجین پندرہ دام، توبرہ چار دام، مگس ران چوبی ایک دام، خرخرہ دہنی چار دام۔

مذکورۂ بالا تفصیل کے مطابق ایک غیر ہندی خچر پر تین سو سوا چھیالیس دام صرف ہوتے ہیں۔

ہندوستانی خچر پر بتفصیل ذیل ایک سو اکاون دام خرچ کئے جاتے ہیں۔

تختۂ چوبی چار دام، پالان اکاون دام، سردو تنگ ۱۶ ½ دام، طاقہ طناب، سردوز چالیس دام، تنگ پانچ دام، توبرہ تین دام، رانگی تین دام۔ جُل چوبیس دام، خرخرہ دہنی چار دام۔

ہر تیسرے سال نیا اسباب دیا جاتا ہے اور آہنی و چوبی کہنہ سامان کے عوض

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نصف قیمت وضع کرلی جاتی ہے۔
ایک سال کے بعد چالیس دام سامان کی مرمت کے لئے دئے جاتے ہیں۔
حملہ آوری کے زمانے میں کہنہ سامان کو حسب ضرورت بنا دیا جاتا ہے۔
چھ ماہ کے بعد تعلیقندی ہوتی ہے۔ ہر مرتبہ آٹھ دام اجرت ادا کی جاتی ہے۔
ایک قطار ایک شخص کی نگہبانی میں دی گئی ہے۔ تورانی و ایرانی و ہندی خدمتگاروں کا تقرر کیا گیا ہے۔ ایرانی و تورانی ملازمین کی ماہوار تنخواہ ایک ہزار نوسو بیس دام سے زائد اور چار سو دام سے کم نہیں ہے۔ ہندی ملازمین کو زیادہ سے زیادہ دو سو پچپن دام اور کم از کم دو سو چالیس دام ماہوار دئے جاتے ہیں۔
جس ملازم کی تنخواہ دس روپے ماہوار یا اس سے زائد ہے وہ پیشگی جانور کے دانے اور گھاس کی خود سرپرستی کرتا ہے۔
سال میں دو بار تجربہ کار و مرتبہ شناس اشخاص جانوروں کی فربہی و لاغری کا اندازہ کرتے ہیں اور سالانہ ایک مرتبہ تمام جانور حضور میں پیش ہوتے ہیں۔
اگر جانور اندھا یا لنگڑا ہو جاتا ہے تو اس کی قیمت کا چہارم حصہ استربان سے وصول کیا جاتا ہے۔ اگر جانور گم ہو جاتا ہے تو نصف قیمت بطور تاوان وصول کی جاتی ہے۔
باربرداری و آب کشی کے لئے گدھے بھی مقرر کئے گئے ہیں۔ ہر گدھے کو روزانہ تین سیر دانہ اور ایک دام کی گھاس دی جاتی ہے۔ اسکے سامان خچر کے مثل ہیں سوا اس کے کہ اس کو جُل نہیں دی جاتی۔ سال میں تینتیس دام مرمت سامان کے لئے دئے جاتے ہیں۔ اس کا خدمتگار ماہانہ ایک سو بیس دام سے زائد نہیں پاتا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۶۹)

شبارروزی

اس آئین سے ہر سہ آبادی کو معموری و مرفہ الحالی حاصل ہوتی ہے، اور ہر خاص و عام اپنے تمام مقاصد میں کامیاب ہوتے ہیں۔ دل کے حالات سے خبردار رہنا اور خاطر پریشان کو جمع رکھنا بقائے دوام کی علامت و زندگیٔ جاوید کا نشان ہے۔

قبلۂ عالم اس مرتبے کو پہنچ کر دُنیاوی مشاغل میں مصروف اور بیشمار ظاہری حوادث میں گرفتار ہو کر بھی اپنے صفائے باطن کو اضطراب و پریشانی کے غبار سے مکدر نہیں ہونے دیتے اور حضرت کے نفس کی گوناگوں قابلیتوں اور ہمہ گیر واقفیت کا شیرازۂ اطمینان منتشر نہیں ہوتا۔

بادشاہ میں خدا کی رضامندی حاصل کرنے کی خواہش روز بروز ترقی کرتی ہے۔ اور انجام بینی و دور اندیشی میں کچھ نہ کچھ اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ دانا دل اور قدرشناس فرمانروا دیگر افراد کی قابلیتوں اور اُن کی کارفرما طبائع کا اندازہ کرتا اور اُس کی قدر افزائی کرتا ہے لیکن اس بزرگ ترین ہستی کی نگاہ اپنے محاسن اور اپنی خوبیوں پر نہیں پڑتی۔

اس کی نگاہ تلاش ہر خرد و بزرگ پر پڑتی ہے اور ہر انسان کے ظاہر و باطن کو محض اس لئے عمیق نگاہوں سے دیکھتا ہے کہ شاید کسی طرف سے کوئی دل آویز سخن ایسا سنائی دے یا کوئی بہترین فعل ایسا سرزد ہو جس سے دانائی کی جدید شمع اس کے قلب میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

روشن ہو سکے لیکن افسوس کہ زمانے کے مختلف دور گزر گئے اور کئی قرن بسر ہو چکے لیکن ایسا برگزیدہ خصائل انسان ایک بھی نظر نہ آیا۔

انصاف پسند گروہ اس صاحب تاج و تخت کے حالات کو دیکھ کر اظہار فراست کرتا ہے اور باوجودیکہ اس کی سعی و کوشش سے صحیفۂ دانش میں ہر روز ایک جدید ورق کا اضافہ ہوتا رہتا ہے لیکن یہ عالی حوصلہ ہستی اسی اوّلین سرگرمی کے ساتھ راہ طلب میں قدم دوڑا رہی ہے اور اس خیال پر کہ شائد برگزیدہ خصائل افراد کی ہمنشینی میسّر آ جائے اپنے حال میں خوش و شاداں ہے۔

یہ بالاتر و افضل ہستی ہزاروں ظاہری شان و شکوہ اور بیشمار اسباب عظمت کے باوجود اپنی خواہش اور اپنے غیض و غصہ کو عقل کی اطاعت کے دائرے سے باہر قدم رکھنے نہیں دیتی چہ جائیکہ کسی ایسے فعل کا سرزد ہونا جو اس کے گرانمایہ وجود کے شایان شان نہ ہو۔

وہ افسانہ سرائی جو تمام عالم کے لئے باعث غفلت ہوتی ہے، اس برگزیدہ انسان کی بیداری کا باعث ہے اور جذبۂ خدا طلبی کی شدت اسباب حق آگاہی کی کثرت کی وجہ سے بھی اپنی جان و تن کی نگہداشت میں ہر طرح کی ظاہری و باطنی ریاضت کرتا ہے۔

ہمارا سلطان اُن رسوم کی پابندی کرتا ہے جو اہل زمانہ میں رائج اور اُن کے نزدیک مقبول عام ہیں تاکہ کم بیں افراد کی طعنہ زنی سے محفوظ و مامون رہے۔

لیکن باوجود ان ظاہری رسوم کی پابندی کے دل سے ہر وقت انھی بہترین عادات کا جویا رہتا ہے جن کی تلاش میں بیدار دل انسان تمام عالم میں حلیۂ یکرنگی و یکجہتی اور عقیدہ و مذہب کی طعن و تشنیع سے محفوظ و مامون رہتے ہیں۔

قبلۂ عالم جن کی گرانمایہ ہستی اس تمہید کی کامل مصداق ہے وقت کو غنیمت سمجھ کر اپنے انفاس عمر کی جو درحقیقت بیحد گرانمایہ ہیں کامل نگہداشت فرماتے ہیں۔

چونکہ خیر و نیکی قباۓ عالم کے ہر حصے بدن میں جاری و ساری ہے اور حمیدہ خصائل نے حضرت کے سراپا کو آغوش میں لیا ہے جہاں پناہ کی عادات بھی عبادت بن گئی ہیں اور قبلۂ عالم کا ہر فعل رضائے الٰہی و عبادت الٰہی کی مکمل تصویر ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

قبلۂ عالم ایک لمحہ بھی نفس کی بازپرس اور خدائے ذوالجلال کی یاد سے غافل نہیں رہتے۔ حضرت کی عبادات کا تفصیلی ذکر معرض بیان میں نہیں آسکتا۔ جہاں پناہ خاص طور پر صبح کو جو نورپاشی کی ابتدا اور حصول مراد کا دیباچہ ہے، اور بارہ بجے جبکہ آفتاب عالمتاب کی روشنی تمام عالم کو منوّر و درخشاں کرتی ہے، اور نیز شام کو جبکہ آفتاب کی نورافشاں ہستی خاکی نژاد انسانوں سے پوشیدہ ہو کر انوار پرست قلوب کو مغموم و پریشان کرتی ہے، نیز نصف شب کو جبکہ مایہ نور و درخشندگی بارگاہ پستی سے بلندی اختیار کر کے شب تار کے غمزدوں کو اپنے طلوع کے قریب ہونے کا مژدہ سناتا ہے، خدائے ذوالجلال کی عبادت اور اس کی یاد میں مصروف ہوتے ہیں۔

حقیقت شناس حضرات کو معلوم ہے کہ یہ اوقات کس درجہ نیرنگی قدرت کے مظاہر ہیں اور انجام بیں نگاہیں ان اوقات میں کیا کچھ دیکھتی ہیں۔ نیز یہ کہ اس قسم کی تمام عبادتوں کا ماحصل خالق ذوالجلال کی یاد ہے جس کی نعمتیں حد شمار سے باہر ہیں۔

اگر شپرہ چشم نادان ان اسرار سے واقف نہ ہو اور زبان طعن دراز کرے تو سوال یہ ہے کہ خسارے میں کون ہے اور کس کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔

اسی وجہ سے تو تمام عقلا کو اتفاق ہے کہ منعم کی شکرگزاری کرنا اور اس کی حمد و ثنا زبان و دل سے بجا لانا ہر شخص پر فرض ہے۔ نورالانوار یعنی آفتاب جہانتاب کی فیض گستری و فائدہ رسانی سے ہر شخص مستفید ہوتا ہے اور جو گوناگوں نعمتیں اس روشن ترین ہستی سے حیوانات تک پہنچتی ہیں ان کا شمار آئین حساب سے باہر ہے۔

عوام تو ایک قسم کے بار احسان سے گرانبار ہیں، لیکن سلاطین کو اس سرگروہ اجرام سماوی کی ذات سے خاص تعلق ہے اور فرمانروایان گیتی اسی حکمراں سماوی کے تربیت یافتہ وزیر اثر ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ قبلۂ عالم آتش کی تعظیم و چراغ کی نگہداشت میں بھی خاص اہتمام فرماتے ہیں اور آتش ہو یا چراغ، تمام روشن چیزوں کو آفتاب عالمتاب کے حسن کا پرتو خیال فرماتے ہیں۔

کم عقل ظاہر پرست، جو تقلید کا دلدادہ ہے، حضرت کے اس فعل کو آتش پرستی و آفتاب معبودی سمجھ کر طعنہ زنی کرتا ہے لیکن ہم ایسے اشخاص کی نادانی پر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

خندہ زنی کرتے اور خاموش رہتے ہیں)۔

قبلۂ عالم جاں آزاری و دل شکنی کے درپے نہیں ہوتے بلکہ دلنوازی فرماتے رہتے ہیں اسی وجہ سے جہاں پناہ گوشت کھانے سے پرہیز کرتے ہیں اور مہینے گزر جاتے ہیں کہ حضرت ہاتھ سے گوشت کو مس بھی نہیں فرماتے۔ ظاہر ہے کہ ایسے جہاں پسند محبوب کی اس درجہ صاف و نورانی دل میں کیونکر جگہ ہو سکتی ہے۔

قبلۂ عالم کی بلند فطرت ظاہری لذات پر بہت کم مائل ہے۔ شب و روز میں اکثر ایک ہی مرتبہ خاصہ تناول فرماتے ہیں اور اپنا تمام وقت بجز ضروری ناگزیر کاموں کے صرف فرماتے ہیں۔

شبانہ روز میں بہت کم سوتے ہیں۔ اگرچہ حضرت کا خواب بھی عین بیداری ہے لیکن اس پر بھی شب کو بیحد کم اور دن میں قلیل وقت خواب میں صرف ہوتا ہے۔

حضرت کی بہترین عادت شب زندہ داری ہے۔ بادشاہ بیدار دل خلوت خانۂ خاص میں شیریں کلام حکماء و فضلا اور آئینہ باطن صوفیہ کی ہمنشینی میں شب صرف فرماتے ہیں اور ان میں سے ہر فرد اپنی اپنی جگہ بیٹھتا اور دلاویز گفتگو سے مجلس کو گرم کرتا ہے۔

جہاں پناہ جو فطرتاً ہر سر حقیقت سے آگاہ و واقف اور ہر سخن کو میزان صداقت میں تولتے ہیں اور قدیم آئین از سر نو تازہ ہوتے ہیں اور ان پر جدید تحقیقات کی جلادی جاتی ہے۔

نوعمر ہونہار ان حقائق سے مسرت و سعادت دارین حاصل کرتے اور بادشاہ کی تعظیم و توقیر کو عبادت الٰہی سمجھتے ہیں۔

ضعیف العمر اشخاص جو انصاف و حق طلبی کے دلدادہ ہیں زندان غم سے نجات پاکر مکتب حقائق میں از سر نو تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

اس محفل صفا میں خوش بیان تاریخ داں گروہ حاضر ہوتا اور عبرت انگیز قدیم افسانے بیان کرتا ہے۔ بادشاہ ذی فہم ان حکایات سے عجیب و غریب نکات اخذ فرماتے اور ان کو زبان سے ارشاد فرماتے ہیں۔

اکثر اوقات اس مجلس مبارک میں ملکی و مالی معروضات بھی پیش ہوتے ہیں اور

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اور ہر کام کی عقدہ کشائی کا فیصلہ ہوتا ہے۔ جب ایک پاس شب باقی رہتی ہے تو ہر مُلک کے ارباب نشاط حاضر ہوتے ہیں اور اپنے ساز و نغمہ میں شناگری سے اہل مجلس کے ہوش و حواس کو گم کر دیتے ہیں۔

جب چار گھڑی رات باقی رہجاتی ہے تو قبلۂ عالم خلوت کدے میں تشریف فرما ہو کر ظاہر کو ہمرنگ باطن بناتے اور دریائے حقیقت میں شناوری فرماتے ہیں، (یعنی عبادت الٰہی میں مصروف ہوتے ہیں)

رات ختم ہونے کے بعد تمام عالم کے بہترین افراد اہل سیف و اہل قلم، اہل پیشہ و اہل حرفت حاضر ہو کر دیدار اندوزی کے اشتیاق میں دست بستہ استادہ ہوتے ہیں۔ طلوع آفتاب کے کچھ دیر بعد منتظر گروہ سعادت کورنش سے بہرہ اندوز ہوتا ہے۔

کورنش کے بعد جہاں پناہ دولت خانے کے اندر تشریف لے جاتے ہیں۔ اہل حرم آداب کورنش بجالاتے اور بیشمار دینی و دنیاوی کام انجام پاتے ہیں۔ اس کے بعد خلوت کدۂ خاص میں آرام فرماتے ہیں۔

قبلۂ عالم کے بہترین خصائل اس قدر بیشمار ہیں کہ زبان قلم اُن کے بیان کرنے سے عاجز ہے۔ ان عادات کو تفصیل کے ساتھ بیان کرنا تو درکنار، ان کی عدد شماری بھی محال ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۷۰)

بار

یہ آئین عالم ظاہر کی بہترین آرائش وزینت ہر سہ آبادی کا محافظ اور حوادث روزگار کے لئے جائے پناہ ہے۔ گلشن سلطنت اُس کی آبیاری سے سرسبز وشاداب ہے اور امید وتمناؤں کی کھیتی اس کے ابر کرم سے بابرگ وبار ہے۔

اقبالمند شہریار شبانہ روز میں دو مرتبہ بحجاب رونق افروز ہوتے ہیں اور مشتاقان دیدار کے گروہ کے گروہ دیدہ ودل کو روشن ومنور کرتے ہیں۔

کورنش کے بعد صبح کو قبلۂ عالم پردے سے باہر آمد ہو کر ہر خاص وعام کو شرف دیدار سے بہرہ اندوز فرماتے ہیں اور ہر طبقے کا آرزومند بلا چوبداروں کی ممانعت اور چاؤشوں کی دور باش کے خداوند مجازی کے دیدار سے سعادت اندوز ہوتا ہے۔ اس شرف دید کو عرف عام میں درشن کہتے ہیں۔

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ علاوہ دیدار نصیبی کے دیگر کارہائے سلطنت بھی انجام پاتے ہیں، بعد ازاں دولتخانۂ اقبال میں جلوہ فرما ہو کر مخلوق خدا کو شاد کام فرماتے ہیں۔

یہ باریابی اکثر ایک پہر دن گزرنے کے بعد اور گاہ گاہ دن کے تمام ہونے کے بعد شام کو حاصل ہوتی ہے۔

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ قبلۂ عالم دولتخانے کے دریا میں رونق افروز ہوتے ہیں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اور ہر داد خواہ بلا کسی درمیانی واسطے کے اپنا درد دل بیان کرتا اور مالک کے انصاف سے بہرہ ور ہوتا ہے۔

کارپردازان ممالک مختلفہ مہمات ملکی و مالی حضرت کے حضور میں پیش کرتے اور ہر شخص کو جواب باصواب عطا ہوتا ہے۔ جہاں پناہ اپنے انتہائی جذبۂ حق پرستی اور مزاج زمانہ کی کامل واقفیت کی وجہ سے سلاطین سابق کے برخلاف انسانی ہستی کو آئینۂ خدا نما سمجھ کر کسی کام کو حقیر نہیں خیال فرماتے اور ہر فریضۂ حکمرانی کو اہم سمجھ کر مخلوق کی راحت رسانی کو خود اپنی آرام و آسائش سمجھتے ہیں اور کثرت کار سے کبیدہ خاطر نہیں ہوتے

قاعدہ یہ ہے کہ دیدار اندروزی کی اطلاع کے لئے ایک نقارہ بجایا جاتا ہے اور خدا کی حمد سرائی کر کے تمام رعایا کو بادشاہ کے برآمد ہونے کی اطلاع دی جاتی ہے۔

فرزندان عالی گہر و دیگر عالی نسب افراد و امرائے عظام و دیگر حاضرین دربار کورنش بجا لاتے ہیں اور ہر شخص اپنے مقام پر استادہ ہو جاتا ہے۔

اہل دانش و منتخب روزگار و پیشہ ور صاحبان صنعت و شناسا بجا لاتے ہیں اور کارآموز دارروغہ و انجام اندیش تنکچی اپنے معروضات پیش کرتے ہیں اور قبلۂ عالم اپنی اعلیٰ ترین فراست سے تمام معروضات کی تہ کو پہنچ کر ہر گزارش کا بہترین جواب ادا فرماتے ہیں اور ہر کام نہایت خوبی کے ساتھ انجام پاتا ہے۔

تیز دست شمشیر بار و ہر خطہ و ملک کے پہلوان فرمائش کے انتظار میں تعمیل احکام کے لئے دست بستہ استادہ رہتے ہیں۔

زرباب و نشاط حکم کا انتظار کرتے ہیں اور بیرت انگیز شعبدہ باز و بازیگر اپنے اظہار کمال کا موقع تلاش کرتے ہیں۔ قبلۂ عالم درست نیت و آزاد دل و نیاز مند ربانیت و بلند ہمت و عالی فطرت و کشادہ پیشانی و شگفتہ رو ہو کر مختلف اقسام کے درماندگان راہ کو فہم و فراست کی تعلیم دیتے ہیں اور اپنی خداداد قوت سے بہترین عطیۂ الٰہی ہے اس شریعتگاہ دنیا میں راحت و آرام رسانی کا انتظام فرماتے ہیں اور سپاہ و رعیت کو اطمینان دولت و حکومت کو ترقی اور سعادت و نیک بختی کو گرم بازاری عطا ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ صاحب حکومت کو تا دیر سلامت باکرامت رکھے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۷۱)

کورنش و تسلیم

ظاہر پرست افراد انصاف پسند فرمانروا کو دنیاوی پریشانیوں کو رفع کرنے والا اور سرچشمۂ اطمینان خیال کرتے ہیں لیکن حقیقت شناس و روشن ضمیر انسان کا عقیدہ ہے کہ عالم باطن کی درستی و آرائش بھی بلا امداد اُس طبقے کے جو سایۂ خدا مالک مجازی ہے ممکن نہیں ہے۔

حقیقت پرست حضرات کو بخوبی معلوم ہے کہ انسان کے قلب سے خود بینی کے نقش کو مٹا کر اُس کو نیازمندی کی محراب کے سامنے سربسجود کرانا بغیر اس کے ممکن نہیں ہے۔ کہ انسان فرمانروایان دادگر کے دربار میں حاضر ہو۔

یہی وجہ ہے کہ حکمراں طبقے کے ہر فرد نے اپنی رسائی طبیعت کے موافق اظہار نیاز کے مختلف قواعد وضع کیے ہیں۔ اکثر سلاطین نے سر جھکانے کا حکم دیا اور بعض نے دوزانو باادب بیٹھنے کو اظہار تعظیم کا ذریعہ بنایا لیکن (جہاں پناہ کا حکم ہے کہ حاضرین دربار دست راست کی ہتھیلی کو پیشانی پر رکھ کر اپنے سر جھکائیں۔ اس طریقے کو عرف عام میں کورنش کہتے ہیں۔)

کورنش کی قرار دادیں رمز یہ ہے کہ انسان اپنے سر کو جو محسوسات و معقولات کا خزینہ ہے اپنے نیازمند ہاتھ میں لے کر محفل اقدس پر قربان کرے اور اس طرح

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

فرماں برداری کا مُقرر ہو کر جاں سپاری کے لئے آمادہ و تیار رہے۔

(قاعدہ یہ ہے کہ مرحمت طلب بندگان درگاہ پشت دست راست کو زمین پر رکھ کر اطمینان و آرام کے ساتھ اس کو اُٹھاتے ہیں اور سیدھے کھڑے ہو کر دست راست کی ہتھیلی کو سر پر رکھتے ہیں اور اس بہترین طریقے پر اپنے نفس کو مالک کے ہاتھ فروخت کرتے ہیں۔ اس طریقے کو عرف عام میں تسلیم کہتے ہیں۔

جہاں پناہ نے ایک روز فرمایا کہ ایک مرتبہ حضرت جنّت آشیانی نے کلاہ خاص مجھ کو مرحمت فرمائی۔ میں نے ٹوپی کو اپنے سر پر رکھا چونکہ ٹوپی بڑی تھی میں نے اس کو ہاتھ سے پکڑ کر مذکورۂ بالا طریقے کے مطابق اظہار تشکر کیا۔ بادشاہ کو یہ جدید روش بہت پسند آئی اور حضرت نے اسی طریقے پر کورنش و تسلیم کے آداب مقرر فرمائے۔

دستور ہے کہ بندگان درگاہ سفر کو جاتے ہوئے یا منصب و جاگیر و عہدہ و اسپ و انعام ذیل کی عطیات کے مواقع پر تین تسلیم بجا لاتے ہیں اور باقی مراتب داد و دہش اور نیز دیگر عنایات کے حصول کے موقع پر ایک ہی تسلیم پر اکتفا کی جاتی ہے۔ ہر نوکر اپنے آقا کے حضور میں اسی طرح آداب و تعظیم بجا لاتا ہے اور ان قواعد کی بجا آوری کو اپنی بہبود کا ذریعہ سمجھتا ہے۔)

خاص مریدان عقیدتمند ان آداب کے علاوہ سجدۂ تعظیمی کرتے اور اس کو حقیقتاً سجدۂ ایزدی خیال کرتے ہیں۔ حضرت کی ذات اقدس قدرت پروردگار کی ایک نمونہ اور آفتاب وجود کا ایک خاص پرتو ہے۔ جہاں پناہ کے حضور میں سجدۂ تعظیمی بجا لانا ایک ایسی مقبول عبادت ہے کہ اُس کی خوبی اور اس کے صلے کی حقیقت کو سمجھ کر رعایا و مخلوق کے گروہ سعادت حاصل کرتے اور دینی و دُنیاوی برکات سے مالا مال ہوتے ہیں۔

چونکہ کج رائے تیرہ دل افراد اس رسم کو انسان پرستی خیال کرتے ہیں قبلۂ عالم اپنی مرتبہ شناسی سے ان اشخاص سے باز پرس نہیں فرماتے اور دربار عام میں زمین بوسی کو بھی اس تعظیم بجا لانے سے منع فرماتے ہیں۔ انجمن خاص میں چونکہ صرف خوش نصیب و روشن ستارہ بلند مکان درگاہ سعادت قدمبوسی سے فیضیاب ہوتے ہیں، یہ عقیدتمند گروہ اپنی پیشانی نیاز کو سجدۂ تعظیم کے انوار سے روشن و درخشاں کر کے سعادت اندوز ہوتا ہے۔

عقیدتمند ان مقاصد کو تکلم بجا آوری سے اور عوام کو مصافحت کرنے سے قبلۂ عالم نے ہر طریقے کو اس کی حیثیت کے مطابق پسند فرمایا اور تہذیب ظاہری و باطنی کے آئین کی ہر شخص کو تعلیم دے کر ہر گروہ کو سرفراز فرمایا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۷۲)

اِستادونشست

جس طرح کہ باطنی حکمرانی کے فرائض قلب کی صفائی اور جلا پذیری و نیز حرص و غضب کو قابو میں رکھنے سے انجام پاتے ہیں اسی طرح ظاہری فرماں روائی کی شان و شوکت، جسمانی زیب و زینت و بندگان درگاہ کی قدر شناسی و نیز داد و دہش کی گرم بازاری سے دوبالا ہوتی ہے۔ بادشاہ کی گرامی ذات باطنی محاسن سے آراستہ ہوتی ہے اور اُس کے فرائض جہانداری و منصب راہنمائی میں یگانگت پیدا ہوتی ہے۔ ہر دو شعبے آباد و معمور رہتے ہیں اور مختلف دُنیاوی کام خدا پرستی کے پیرائے میں انجام پاتے ہیں۔

جو شخص ان کلیات کو عملی جامہ پہنا کر دُنیا میں رونما ہوتا ہوا دیکھنا چاہے اُس کو چاہیئے کہ قبلۂ عالم کے اوقات شبانہ روزی پر نگاہ کرے اور دیدۂ دل کو وا کر کے حضرت کے حیرت انگیز توانین کی حقیقت کو پہچاننے اور خلوص کے ساتھ قلب و زبان سے حضرت کی تعریف و ثنا کرے

قبلۂ عالم تخت حکومت پر رونق افروز ہوتے ہیں اور خوش نصیب حاضرین دربار کورنش کی رسم بجا لا کر دست بدست اپنے اپنے مقام پر استادہ ہوتے ہیں۔ حاضرین حضرت کے دیدار سے امراض روحانی سے شفایاب ہوتے اور خدمتگزاری کے انتظار میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دولت جاوید حاصل کرنے کے خواہشمند رہتے ہیں۔

شاہزادۂ ولی عہد ایک گز سے زیادہ قریب اور چار گز سے زیادہ دور نہیں استادہ ہوتے اور نشست کی حالت میں دو گز سے زیادہ قریب اور آٹھ گز سے زیادہ دور نہیں رہتے۔

شاہزادۂ دوم ڈیڑھ گز سے زیادہ قریب اور چھ گز سے زیادہ دور حالت قیام میں اور تین گز سے آگے اور بارہ گز سے پیچھے حالت نشست میں نہیں رہتے۔

شاہزادۂ سوم اسی نسبت سے استادہ رہتے اور بیٹھتے ہیں۔

کبھی شاہزادۂ خرد برادر دوم سے نزدیک تر رہتے ہیں اور کبھی ہر دو برادر برابر قیام پذیر ہو کر خدمت بجالاتے ہیں۔

خرد سال شاہزادگاں اپنے سن و سال کے لحاظ سے زیادہ قریب رہتے ہیں۔

امرائے اول جو دیگر بندگان درگاہ کے رہنما و قبلۂ عالم کے خاص ارادتمند ہیں حالت قیام میں تین سے پندرہ گز تک اور حالت نشست میں پانچ سے بیس تک کھڑے ہوتے اور بیٹھتے ہیں۔

امرائے دوم امیران اول سے ہر حالت میں تین گز دور کھڑے ہوتے اور بیٹھتے ہیں۔

سوم مرتبے کے امیر و نیز تمام امرائے دربار اولیں امرا سے دس یا بارہ گز دور تر رہتے ہیں۔

دیگر افراد معروف افواج میں جگہ پاتے ہیں۔

دو یا ایک بندگان خاص عام حاضرین سے زیادہ نزدیک خدمتگزاری پر آمادہ رہتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۷۳)

دیدن مردم

قبلۂ عالم کے ہر روزہ فرائض جہانداری بیشمار ہیں جن کا معرض تحریر میں لانا دشوار ہے لیکن سعادت اندوزی کو مدنظر رکھ کر چند ضروری مشاغل کا ذکر ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے۔

محفل داد و دہش میں ہر طبقے کے اہل حاجت بکثرت حاضر ہوتے ہیں ہر حاضر دربار کی قدرشناسی و عزت افزائی اور بخشش و انعام کی گرم بازاری ہوتی ہے۔

اکثر اشخاص ارادتمندوں میں داخل ہونے کے لئے حاضر ہوتے ہیں اور ایک گروہ امراض سے شفایاب ہونے کے واسطے سعادت دارین حاصل کرتا ہے۔

کچھ لوگ مذہب کی مشکلات حل کرنے کے لئے قدمبوسی حاصل کرتے ہیں اور ایک گروہ بعض دنیاوی مصائب سے نجات حاصل کرنے کے لئے زمین بوس ہوتا ہے۔

غرضکہ ان واقعات کا مفصل ذکر معرض تحریر میں لانا دشوار ہے لہذا ان امور کی تفصیل کو قلم انداز کر کے مشاغل ضروری کے ذکر پر کفایت کی جاتی ہے۔

ایرانی و تورانی، رومی و فرنگی، ہندی و کشمیری، غرضکہ ہر ملک کے اہل حاجت جمع ہوتے ہیں اور آئین گزشتہ کے مطابق کارپردازان سلطنت ان کی ماہوار تنخواہ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مقرر کرتے ہیں بخشی ان کو حضور میں حاضر کرتے ہیں۔ پیشتر ایک زمانے تک دستور تھا کہ اسپ وسامان بھی درگاہ میں حاضر کیا جاتا تھا لیکن اب سوا احدیوں کے گھوڑے کے کوئی جانور پیش نہیں کیا جاتا۔

قرار داد تنخواہ میں کمی وزیادتی ہوتی ہے۔ لیکن اکثر ایسا ہوتا ہے کہ انعام وعطایا ونیز ماہوار تنخواہ ورقم روزینہ میں اضافہ ہوتا اور داد ودہش کی گرم بازاری میں ترقی ہوتی ہے۔

حاضرین واہل حاجت کی تعداد کی کمی وزیادتی کے لحاظ سے ہر روز چند دردمند حاضری سے شرفیاب ہوتے ہیں۔

جو سوار کہ ہفتے میں ملاحظے میں نہیں پیش ہو سکتے وہ دوشنبے کے روز حضور میں حاضر ہوتے ہیں قبلۂ عالم اُن کے جوش خدمتگزاری کو بڑھاتے اور حسن عقیدت میں ترقی پیدا فرمانے کا خیال مدنظر رکھ کر فی سوار دو دو دام کے حساب سے انعام عطا فرماتے ہیں۔

تپکچیان خاص احدیوں کو بھی اسی طریقے پر ملاحظے میں پیش کرتے ہیں اور اسی گروہ کی برآوردمیں بھی اضافہ منظور فرمایا جاتا ہے۔

چونکہ قاعدہ یہ ہے کہ احدی خود سواری کا گھوڑا خریدتا ہے اس لئے وہ سوار جن کے جانور ضائع ہو چکے ہیں حضور میں پیش ہوتے ہیں اور گھوڑے کی قیمت ماہوار تنخواہ میں اضافہ کردی جاتی ہے اور سوار انعام سے بہرہ اندوز ہوکر رخصت ہوتا ہے۔

ارکین دولت نیز دیگر امرا اپنے ملازمین کو منصب عطا فرمانے کی درخواست کرتے ہیں اور قبلۂ عالم کے حضور میں ہر شخص کی حیثیت کے مطابق اُس کے عہدہ ومرتبہ کا تعین ہوتا ہے اور منصب عطا کیا جاتا ہے۔

مقررہ مناصب پچاس روپے سے کم نہیں قرار پاتے۔

اسی محفل میں ہر کارخانۂ شاہی کے ملازمین کی ماہوار تنخواہ کا تعین کیا جاتا ہے اور بندگان درگاہ کو ملک کی مختلف خدمات بھی سپرد کی جاتی ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۷۴)

رہنمونی

جب پروردگار عالم کی مشیت یہ ہوتی ہے کہ انسانی جوہر فطرت جلوہ نمائی کرے اور اہل علم کشادہ نظری و پست ہمتی سے آشنا ہوں تو انسانی نگاہ دورنگی کے غبار سے آلودہ ہو جاتی ہے اور ہر شخص ایک نیا دین اپنے لئے منتخب کر کے اپنی جدید دنیا میں زندگی بسر کرتا ہے۔ ہر جماعت کے کارہائے دارین جدا جدا ہو جاتے ہیں اور ایک گروہ دوسرے کی مذمت و توہین میں اپنا وقت صرف کرتا ہے۔

بد اندیشی و کوتاہ نظری کی گرم بازاری ہوتی ہے اور قدر شناسی و مہر اندوزی گرانمایہ ہو کر تقریباً معدوم ہو جاتی ہیں۔

ورنہ ظاہر ہے کہ کسی دین و مذہب میں کوئی خاص خصوصیت نہیں ہے۔ ایک ہی دلاویز حسن ہے جو مختلف طریقے پر جلوہ آرائیاں کر رہا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ وجود کی ایک ہی وسیع چادر پھیلی ہوئی ہے جس پر طرح طرح کے نقش و نگار بنائے گئے ہیں۔ ایک شخص نفس کی توہین کو اپنا مطمح نظر جانتا ہے اور دوسرا اہل عالم کی نگہبانی کو خود اپنی حفاظت خیال کرتا ہے۔

اسی طرح مختلف گروہ اپنے اپنے عقائد کی گرم بازاری کرتا اور خواب و خیال میں مسرور و شادماں نظر آتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

لیکن جب انسان اپنی ان عادات کو ترک کرتا ہے اور اُس پر یکرنگی کی مہر انگیز شعاعیں پڑتی ہیں تو اُس کی آنکھیں کھُل جاتی ہیں اور تقلید کا شیرازہ بکھر کر تار تار ہو جاتا ہے۔

ظاہر ہے کہ دانائی کی مشعل ہر گھر میں روشن نہیں ہوتی اور ہر دل اس مبارک تنویر سے منوّر و تاباں نہیں ہوتا۔

اگر اتفاق سے کوئی قلب ان رموز و اسرار سے آگاہ ہوتا ہے تو وہ جاہل و بدخو قوم افراد سے ڈرتا اور اپنی جان کے خوف سے اُن حقائق کو زبان پر نہیں لا سکتا۔

اگر کوئی دردآشنا قلب مجبوراً ان اسرار کو ظاہر کرتا ہے تو کم فہم سعادت پذیر افراد تو اُس کو دیوانہ سمجھ کر اُس کے قول کا اعتبار نہیں کرتے اور بدسرشت نالائق اُس کو کافر و ملحد کہہ کر اُس کی زندگی کا خاتمہ کر دیتے ہیں۔

لیکن جب بنی نوع انسان کی بلندی طالع کا وقت آتا ہے اور مشیت الٰہی یہ ہوتی ہے کہ زمانہ حق پرستی کے مبارک آثار و برکات سے مستفید ہو تو فرمانروائے وقت کو اسرار یکرنگی سے آشنا کیا جاتا ہے اور بادشاہ کی ذات ظاہری حکمرانی کے علاوہ باطنی رہنمائی بھی کرتی ہے۔

بغیر کسی ممکن واسطے کے نور آگاہی کی شمع فرمانروا کے قلب میں روشن ہو جاتی ہے اور صحیفۂ دل سے دوئی کے نقوش حرف باطل کی طرح مٹ جاتے ہیں۔

اس عالم میں ترجیح کردہ بلند پایہ ہستی کثرت میں وحدت کا جلوہ و یکتائی اور شادی و غم رنج و مسرت کے جذبات سے مبرّا ہو کر عجیب خوشگوار و بادقار زندگی بسر کرتی ہے۔

ہمارے عصر کے فرمانروا اور ہمارے بادشاہ عالی جاہ کی مبارک زندگی مذکورۂ بالا مضامین کا ایک صحیح و کامل مرقع ہے۔ آثار پیشانی سے صاحب پیشانی کی رفعت و منزلت کا اندازہ کرنے والے ابتدا ہی سے حضرت کی قلبی وسعت و عالی فطرت سے آشنا ہو کر رازداران حقیقت سے مسرّت و شادمانی کی سرگوشیاں کر رہے تھے۔

بادشاہ حقیقت شناس نے ایک عرصے تک اپنی ذات کو مذہب بیگانہ کے پردے میں مخفی رکھا اور اپنے کو اس اہم ترین خدمت کا مستحق نہ ظاہر ہونے دیا لیکن جو فعل خدا کی مرضی سے ظہور میں آنے والا ہو اُسے کون روک سکتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ابتدا میں حضرت سے خود بخود ایسے حقائق و معارف کا ظہور ہونے لگا کہ زمانہ وابل زمانہ حیرت و تعجب میں مبتلا ہو گئے یہاں تک کہ صفت راہنمائی نے پورا جلوہ دکھایا اور اسرار الٰہی قلب مبارک سے نکل کر زبان پر آئے اور حقیقت انگیز کلمات و ہدایات نے دُنیا کو تازہ ہدایت و رونق بخشی۔

حضرت کے قلب مبارک میں ہدایت و رہنمائی کی لہریں اٹھیں اور بادشاہ حقیقت شناس نے اب مجبور ہو کر منصب پیشوائی اختیار کرنا مرضئ الٰہی سمجھی اور ہدایت کا دروازہ ہر خاص و عام پر وا کر کے حقیقت طلب تشنہ لبوں کو سیراب فرمانے لگے۔

بادشاہ کارآگاہ نے بعض حقیقت طلب افراد کو عرفان نصیبی سے اور بعض کو کامیابی سے سعادت دارین کے اعلیٰ مقصد تک پہنچایا۔

اکثر مخلص و صادق جویائے حقیقت حضرت کے فیض و نور بصیرت سے قلیل مدت میں عرفان کی اُس منزل تک پہنچ گئے جہاں دیگر روحانی مجاہدین برسوں کی چلہ نشینی سے بھی قدم نہیں رکھ سکے۔

اور رفتہ رفتہ ہر قسم کے فقیر، سنیاسی، جوگی، سیوڑہ، قلندر، حکیم، صوفی اور ہر طرح کے اہل سیف و اہل قلم، سوداگر، کسان و پیشہ ور حاضر ہونے لگے اور اُن کی آنکھیں نورِ آگاہی سے روشن ہو جاتی ہیں۔

ہر قوم و قبیلہ کے افراد ترک و تاجیک وغیرہ خرد و بزرگ آستانہ بیگانہ دور و نزدیک سے اپنے حل مشکلات کے لئے حضرت کے دیدار کی منت مانتے اور کامیاب ہو کر حاضر ہوتے ہیں اور درِ دولت کی جبہہ سائی سے سعادت دارین حاصل کرتے ہیں۔

بیشتر اشخاص دوری راہ و آستانہ مبارک کے ہجوم کی وجہ سے غائبانہ اپنی نذر پوری کر کے حضرت کے التفات و عنایت کے مشکور ہوتے ہیں۔

جب کبھی کہ جہاں پناہ انتظام ملک، تسخیر ولایت یا سیر و شکار کے لئے سفر فرماتے ہیں تو ہر قصبہ و ہر گاؤں میں گروہ کے گروہ حاجتمند شکر و سپاس کرتے ہوئے درِ دولت پر حاضر ہوتے ہیں اور اپنی دستگیری و امداد کی داستانیں بیان کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بے شمار اشخاص سعادت دارین و خوش کرداری، صحت و تندرستی، بینائی چشم، تمنائے اولاد، ملاقاتِ اقارب، درازیٔ عمر، وسعت رزق، ترقّیٔ جاہ وغیرہ تمنّاؤں کی بادشاہ فیض بخش سے آرزو کرتے ہیں اور جہاں پناہ حقیقت شناس ہر دردمند کو اس کی حاجت کے مطابق جواب ادا فرما کر اُس کے درد دل کا علاج فرماتے ہیں۔

شاید ہی کوئی دن ایسا گزرتا ہوگا کہ اہل حاجت کے گروہ کوزے میں پانی لے کر ہادی دارین کی خدمت میں حاضر نہ ہوتے ہیں اور بادشاہ مسیحا نفس سے پانی کو دم کرنے کی درخواست نہ کرتے ہوں۔

جہاں پناہ اپنے انوار باطن سے ہر شخص کے مدّعائے دلی سے واقف ہو جاتے ہیں اور نیازمند گروہ کے ہاتھ سے کوزۂ آب لے کر آفتاب کی روشنی میں رکھتے اور اُس کی درخواست کو قبول فرماتے ہیں۔

اکثر بیمار جو حاذق الطبّا کے معالجے سے بھی اچھے نہیں ہوتے اس طلسم الٰہی سے شفایاب ہو جاتے ہیں۔ ایک دفعہ ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔

واضح ہو کہ ایک آزادمنش اہل حاجت نے اپنی بریدہ زبان آستانۂ والا پر رکھ دی اور کہا کہ اگر خدائے برتر نے مجھ کو سعید و مخلص پیدا فرمایا ہے اور میرا عقیدہ صحیح ہے تو میری حسن نیّت سے میری زبان درست ہو جائے گی۔ خدا کی قدرت کا کرشمہ دیکھئے کہ قلیل ہی مدّت میں مریض کی تمنّا بر آئی۔

جو شخص بادشاہ دین پناہ کی خداشناسی و حق پرستی سے واقف ہو جاتا ہے وہ ان عجائب کو اہمیّت نہیں دیتا لیکن جو افراد حضرت کی اضافہ دوستی دہر اندوزی کا مشاہدہ کرتے ہیں اُن کو حضرت کے افعال میں کوئی امر باعث تعجب نظر ہی نہیں آتا۔ حوصلہ مند بادشاہ اپنی خوبیوں پر بہت کم نگاہ رکھتے ہیں اور جو شخص ارادتمندوں کے گروہ میں داخل ہونا چاہتا ہے جہاں پناہ اس کے معروضے کو قبول فرمانے میں خدرے تاخیر کرتے ہیں۔

قبلۂ عالم نے بارہا فرمایا ہے کہ میں خود کامل ہونے بغیر دیگر بنی نوع انسان کی کیونکر رہنمائی کر سکتا ہوں۔ اگر کسی طالب صادق کی پیشانی پر نشان راستی بخوبی نمودار ہوتے ہیں اور اُس کے قلب میں آتش طلب روز بروز زیادہ مشتعل ہوتی جاتی ہے تو

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

یہ دردمند اپنی مراد کو پہنچا یا جاتا ہے اور یکشنبے کے روز آفتاب عالم تاب کی روشنی میں منزل مقصود تک پہنچ جاتا ہے۔

حضرت کے اس قدر اغماض و نیز اس درجے دشوار پسندی کے باوجود بھی لاکھوں انسان طیلسان عقیدت کو دوش پر رکھ کر سلسلۂ ارادت میں داخل ہوتے اور سعادت دارین حاصل کرتے ہیں۔

سلسلۂ ارادت میں داخل ہوتے وقت طالب صادق اپنی دستار کو ہاتھ پر رکھ کر سر نیاز حضرت کے قدموں پر رکھتا اور زبان حال سے عرض کرتا ہے کہ میں نے اپنے طالع کی یاوری اور ستارۂ اقبال کے عروج سے خود غرضی و ریاکاری سے جو تمام برائیوں کی جڑ ہے کنارہ کشی کی اور حضرت کے عقیدتمندوں میں داخل ہوا اور دوائے زندگی کی تلاش میں حیات جاوید حاصل کی۔ بادشاہ توفیق یافتہ اپنے دست مبارک سے ارادتمند کا سر اٹھا کر دستار اس کے سر پر رکھتے ہیں جس کا تدعا یہ ہے کہ عالی ہمت فرماں روا نے طالب صادق کی دستگیری فرمائی اور ہست نما نیستی نے اب حقیقی ہستی کو قبول کیا۔

اس ارشاد کے بعد ارادتمند کو نثار یا انگشتری خاص جس پر اسم اعظم ونقش اللہ اکبر کندہ ہوتا ہے عطا فرماتے ہیں۔

بندگان درگاہ جہاں پناہ کے عجائب و غرائب حالات کو دیکھ کر رہنمائی حاصل کرتے ہیں اور انواع و اقسام کے رہبر دارین نصائح کو زبان خاموشی سے قبول کر کے سرچشمۂ فیض الٰہی سے سیراب ہوتے ہیں۔ ارادتمندوں کی آنکھوں میں دوسرے ہی عالم کے انوار سما جاتے ہیں اور افعال و کردار میں شمع سعادت کی جھلک نمودار ہوتی ہے۔

جہاں پناہ بعض خوصاحب ارادتمندوں سے تخاطب بھی فرماتے ہیں اور ان کے مرتبے کے مطابق گراں مایہ اقوال و حکم سے ان کو مستفید فرماتے ہیں۔

درماندگان راہ کی حاجت روائی و شدید امراض کے رنجور اشخاص کی کیفیت علاج اور ان کے معالجے کا ذکر اس مختصر دفتر میں نہیں ہو سکتا لیکن اگر زمانے نے فرصت دی اور عمر نے وفا کی تو ان واقعات کو جدید تصنیف میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

واضح کیا جائے گا۔

دیدار کے وقت ارادتمندوں کا عام دستور ہے کہ ایک شخص اللہ اکبر کہتا ہے اور دوسرا اُس کے جواب میں جل جلالہ زبان پر لاتا ہے۔

قبلۂ عالم کا اس قاعدے کی پابندی سے مقصد یہ ہے کہ بنی نوع انسان سرچشمۂ ہستی کو فراموش نہ کریں اور ہر وقت ذکر الٰہی سے سیراب دل و تر زبان و شیریں کام رہیں۔

نیز یہ کہ بادشاہ حق آگاہ و سردفتر عارفاں کا حکم ہے کہ جو خیر و خیرات کہ عام طور پر مرنے کے بعد کی جاتی ہے وہ یہ ارادتمند اپنی زندگی میں بجالائیں اور اس طرح سفر آخرت کا سامان سفر کرنے سے پیشتر ہی کرلیں۔

نیز یہ کہ مرید ہر سال اپنی ولادت کے روز ایک دعوت کریں اور دسترخوان پر انواع اور اقسام کی نعمتیں چنیں تاکہ اس طرح جود و سخا کی گرم بازاری ہو اور دور دراز سفر کے لئے زاد راہ مہیّا ہو جائے۔

ارادتمند اشخاص آئین مقدس کے مطابق گوشت خواری سے حتی الامکان پرہیز کرتے ہیں بلکہ اکثر مریدان با اخلاص دعوت میں بھی دوسروں کو تو گوشت کھلاتے ہیں لیکن خود اس ذائقے سے آشنا نہیں ہوتے۔

یہ مخلص و بختہ ارادت مرید دعوت میں تو گوشت کو ہاتھ سے چھوتے اور آنکھ سے دیکھ بھی لیتے ہیں لیکن اپنی ولادت کے مہینے میں گوشت کے گرد بھی نہیں پھٹکتے۔

یہ اشخاص نہ اپنے ذبیحے کے قریب جاتے ہیں اور نہ اس کے کھانے کی رغبت کرتے ہیں۔

ارادتمند افراد قصّاب و ماہی گیر شکارو (چڑی مار) وغیرہ کے ساتھ ہم پیالہ و ہم نوالہ نہیں ہوتے اور حاملہ عورت و ضعیف العمر اشخاص و عقیمہ و نابالغ لڑکیوں سے میل جول نہیں رکھتے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۷۵)

دیدن فیل

چوپایوں کے معائنے کی رسم کی ابتدا عام طور پر اسی عجیب وغریب جانور کے ملاحظے سے کی جاتی ہے۔ ہر روز پیشتر خاصے کا ایک ہاتھی ساز وسامان سے آراستہ پیشگاہ حضور میں لایا جاتا ہے۔ ہر ماہ الٰہی کی پہلی تاریخ دس ہاتھی پیش کیے جاتے ہیں اور اس کے بعد ملقوں کے ہاتھی اسی تعداد میں پیش ہوتے ہیں۔

دوشنبے کے روز دس سے بیس ہاتھیوں تک کا معائنہ ہوتا ہے۔

خاصے کے ہاتھیوں کو پیش کرتے وقت تپکچی چند امور عرض کرتا ہے۔

(ہاتھیوں کی تعداد پانچ ہزار سے زائد ہے اور ہر جانور کا جداگانہ نام ہے جہاں پناہ کو ہاتھیوں کے نام و ہاتھی کی تقسیم کے مطابق یاد ہیں۔ بادشاہ نے دس دس جانوروں کی ایک دہائی مقرر فرمائی ہے اور ہر دہائی ایک ایک ہوشیار مہاوتوں کے سپرد فرمائی ہے)

کہ جانور کس طریقے پر ہم پہنچایا گیا۔

جانور کی قیمت۔

اس کی خوراک کا اندازہ

جانور کی عمر۔

جنگ میں ان کا کیا مرتبہ ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کتنی مرتبہ جہاں پناہ کی سواری کے لئے پیش کیا گیا۔
کتنے بار قبلۂ عالم جانور پر سوار ہوئے۔
کس سال اور کس ماہ میں جانور شاہی فیل خانے کے ہاتھیوں میں داخل ہوا۔
کتنے بار مختلف حلقوں میں رہا۔
اس کے دانت کس زمانے میں نمودار ہوئے۔
اس کے علاوہ تیمارداروں کا حال اور محافظوں کے امیر کا نام بھی بتاتا ہے۔
فیل خانے کے علاوہ دوسرے ہاتھیوں کی بابت آٹھ امور کا عرض کرنا ناگزیر ہے۔ یعنی
نام۔
جانور کے جسم کی صفائی۔
صفائی کی تکرار۔
قیمت۔
جانور کے داخلے کی کیفیت۔
سواری کے لائق ہے یا باربرداری کے۔
جانور کا کیا پایہ ہے سادہ ہے یا غیر سادہ۔
فوجدار نے جانور کا کیا مرتبہ قرار دیا ہے۔

آئین یہ ہے کہ دیدبان اپنے ہاتھیوں کو دوم و سوم و چہارم مراتب کے مطابق چار گروہ میں تقسیم کرتا ہے۔ بہترین و بدترین جانور ایک دوسرے سے علیٰحدہ کر دئیے جاتے ہیں اور نگہبان اس امر کا اندازہ کرتا ہے کہ آیا یہ جانور اُسی کے تحت رہیں گے یا کسی دوسرے فوجدار کے سپرد کئے جائیں گے

ہر روز پانچ تحویلی ہاتھی شناخت کرنے والے کے سپرد کئے جاتے ہیں۔
قاعدہ یہ ہے کہ جب نئے جانور سرکار میں داخل ہوتے ہیں تو پچاس پچاس سو سو ہاتھیوں کی ایک ایک جماعت شناخت مراتب کے لئے آزمودہ کار فیل شناس افراد کے سپرد کی جاتی ہے۔ انھی جانوروں کو تحویلی ہاتھی کہتے ہیں۔
ان کی شناخت کے بعد جانور جہاں پناہ کے حضور میں پیش کیا جاتا ہے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اور وہاں جانور کا پایہ و مرتبہ طے پاتا ہے جس کے بعد وہ اس نوع کے ہاتھیوں میں داخل کر دیا جاتا ہے۔

یکشنبے کے روز ایک ہاتھی بخشش کے لئے حضور میں پیش کیا جاتا ہے اور کسی بندۂ خاص کو بطور انعام مرحمت ہوتا ہے۔

ہاتھیوں کے چند حلقے انعام و بخشش کی غرض سے علٰحدہ کر دئے گئے ہیں۔

خاصے کے ہاتھیوں میں پیشتر جانوروں کو پیشی کی تعداد کے اعتبار سے اوّل دوم شمار کرتے تھے لیکن اب تعداد سواری کے لحاظ سے تقدیم و تاخیر کے قواعد پر عمل کیا جاتا ہے۔

حلقے کے جانوروں میں پیشی و پیسی کا لحاظ قیمت کی کمی و زیادتی پر منحصر ہے۔

اس طرح خاصے کے جانوروں کا ملاحظہ ختم ہونے کے بعد بارِ دگر ان کی باری آتی ہے اور ہر روز دس جانور جہاں پناہ کے ملاحظے میں پیش ہوتے ہیں۔

اکثر اوقات شاہزادگان نامور اپنے جانوروں پر خود سوار ہو کر حضور کے سامنے سے گزرتے ہیں اور ان کے بعد حلقوں کے ہاتھی ملاحظۂ عالی میں پیش ہوتے ہیں۔

چونکہ جانوروں کے حلقے اُن کی قیمت کے لحاظ سے ترتیب دئے گئے ہیں اس لیئے ہر ملاحظے میں کمی و زیادتی میں تفاوت ہوتا ہے اور جانور ایک گروہ سے خارج کر کے دوسرے حلقے میں داخل کیا جاتا ہے۔

اسی بنا پر اکثر فوجدار حلقوں کے پر کرنے کے شائق و خواہشمند رہتے ہیں اور ہاتھیوں کے گزرنے کے وقت جانوروں کے مشتاق صف بستہ کھڑے ہوتے اور عطیے کا انتظار کرتے ہیں۔ قبلۂ عالم اپنی مرضی کے مطابق فوجدار کو ہاتھی عطا فرماتے ہیں۔

اگر آزمائش و پیشی میں کسی فوجدار کے جانوروں کی تعداد صحیح ثابت ہو جاتی ہے تو چند دوسرے جانوروں کا بھی اس کی تحویل میں اضافہ کیا جاتا ہے کیونکہ اس قسم کے ملازمین بہتر و درجۂ اوّل کے فوجدار سمجھے جاتے ہیں۔

جن فوجداروں کے جانور لاغر ثابت ہوتے ہیں وہ خانہ پُری کرنے میں اُن ملازمین پر مقدم خیال کیئے جاتے ہیں جن کے جانوروں کی تعداد میں کمی واقع ہوتی۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

فیلان نامزدگی کے شمار رخانہ پڑی کے بعد مقررہ مشرف جائے نگہداشت کو قلمبند کرتا ہے۔

امرا کے جانور اگرچہ نامزدگی میں داخل نہیں ہیں لیکن شاید ہی کوئی روز ایسا گزرتا ہو کہ چند جانور ملاحظے میں نہ لائے جاتے ہوں اور قبلۂ عالم اُن کے مراتب مقرر فرما کر خاص نشان سے اُن کو نقش اندوز فرما کر شرفیاب نہ فرماتے ہوں۔ اسی طرح سوداگروں کے ہاتھی بھی ملاحظہ والا میں پیش ہوتے ہیں اور ان کے مراتب کا اندازہ کر کے قیمت کا تعین کیا جاتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۷۶)

دیدن اسپ

ملاحظے کی ابتدا چہل گانی جانوروں سے ہوتی ہے۔ ان کے بعد شاہزادوں کے گھوڑے پیش ہوتے ہیں اور اس کے بعد راہوار خاصہ وخانہ زاد و دیگر طویلوں کی نوبت آتی ہے۔

دہ مہری جانوروں کے ختم ہو جانے کے بعد گوٹ و قبراقی وستوران جسہ و باربرداری کے جانوروں کو پیش کرتے ہیں۔ جانوروں کی تقدیم و تاخیر کا قیمت کی کمی و زیادتی پر انحصار ہے اور مساوی قیمت جانوروں کے مراتب تاریخ داخلہ کے اعتبار سے مقرر کئے جاتے ہیں۔

ملاحظۂ عالی میں پیش ہونے کے بعد تیز نظر اسپ شناس جانوروں کو لے جاتے ہیں اور ترخ کا جدید تعین ہوتا ہے اور جانوروں کے مراتب اول و دوم و سوم قرار پاتے ہیں۔

اگر جانور موٹا یا لاغر ہو جاتا ہے تو بہترین حلقے سے خارج کر کے ہمسر جانوروں میں داخل کیا جاتا ہے۔

سوم مرتبے کے جانوروں کے جداگانہ طویلے مقرر کیے گئے ہیں اور یہ گھوڑے انعام و بخشش کے لئے مخصوص ہیں جن گھوڑوں کی قیمت میں اضافہ کیا جاتا ہے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

وہ ان ملازمین کے سپرد کئے جاتے ہیں جن کے طویلے میں کمی نہیں ہوتی یا یہ کہ اُن کے صرف دو جانور ضائع یا بیکار ہوتے ہیں

طویلوں کے معائنے میں لاغر و مریض جانوروں کی خانہ پُری روزانہ کی جاتی ہے اور طویلے کی تعداد تمام ہونے کے بعد جانور سابقہ ملازم کے سپرد کر دئے جاتے ہیں۔

اگر خانہ پُری مکمل نہیں ہوتی تو جانوروں کو علیحدہ کر کے اس کی تکمیل ہونے تک کسی دوسرے نگہبان کے حوالے کرتے ہیں۔

ہر روز بیس جانور ملاحظے میں پیش ہوتے ہیں۔

اس جانور کے ملاحظے کی ابتدا ایکشنبے سے ہوتی ہے اور اس روز اس تعداد سے دو چند پیش ہوتے ہیں۔

ہمیشہ چند جانور درِ دولت پر حاضر رہتے ہیں شصت مُہری سے پہل مہری تک ایک ایک جانور کا حاضر رہنا ضروری ہے۔ سی مہری سے وہ مہری تک بھی ایک ایک جانور موجود رہتا ہے۔ آخری قسم کے گھوڑے بطور بخشش و جزو تنخواہ عطا کئے جاتے ہیں

سوداگروں کے جانوروں کے ملاحظے میں گزرنے کا دستور یہ ہے کہ ان کی آمد کے لحاظ و نرخ کی کمی و زیادتی اُن کی تقدیم و تاخیر کا باعث ہوتی ہے اور گھوڑوں کی کمی و زیادتی کے اعتبار سے ہر روز بیس سے لے کر سو جانور تک ملاحظۂ عالی میں پیش ہوتے ہیں۔

ملاحظے میں پیش ہونے سے قبل تجربہ کار کارپرداز جانوروں کا نرخ مقرر کرتے ہیں۔ ملاحظے میں پیش ہونے کے بعد اکثر نرخ میں اضافہ بھی ہو جاتا ہے۔

تیس مہری سے زائد قیمت کے جانوروں کی قیمت کا تعین پیشی مبارک میں کیا جاتا ہے۔

خزانہ دار بارگاہ عام میں مع رقم کے حاضر رہتا ہے اور سوداگروں کو بلا تکلیف انتظار رقم فوراً وصول ہو جاتی ہے۔

خریدنے کے بعد جانور پر خاص داغ لگایا جاتا ہے اور اس طرح تغیر و تبدل کا اندیشہ رفع ہو جاتا ہے۔

سوداگروں کے کثیر منافع کے لحاظ و نیز انتظام و نگہداشت کے سررشتوں کے اخراجات کو مدِ نظر رکھ کر عراقی و مجنس و تازی جانوروں میں جو دیگر ممالک سے آتے ہیں فی راس تین روپے محصول وصول کیا جاتا ہے۔

ہر ترکی و تازی جانور پر جو قندھار کی راہ سے آتا ہے۔ ڈھائی روپے اور ہر ایسے جانور پر جو کابل و ہندوستان سے آتا ہے دو روپے وصول کئے جاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۷۷)

دیدن شتر

معائنے کا آغاز خانہ زاد جانور سے ہوتا ہے ہر روز پانچ قطاریں پیش کی جاتی ہیں۔ پیشتر پانصدی ملازم اپنے جانور حضور میں پیش کرتے ہیں۔ قدیم ملازم بعد کے ملازم پر مقدم سمجھا جاتا ہے۔ بزرگ داروغہ کو حکم ہے کہ ایک قطار بہترین بغدی یا جمّازے کی پیش کرے۔

بعد ازاں بغدی حضور میں لائے جاتے ہیں اور ان کے بعد جمّازہ و کہر و لوک و دیگر جانور ترتیب وار پیش ہوتے ہیں۔

تیسرے کے روز اونٹوں کا ملاحظہ شروع ہوتا ہے اور اونٹ قبلۂ عالم کے سامنے سے گزرتے ہیں۔ ان کی تقدیم و تاخیر قیمتوں کی کمی و زیادتی پر منحصر ہے۔

آئین (۷۸)

دیدن گاؤ

قیمت کے لحاظ سے دس جوڑ ملاحظے میں پیش ہوتے ہیں۔ چہار شنبے کے روز اسی گائے کے ملاحظے کی ابتدا ہوتی ہے اور دو دو برابر پیش ہوتی رہتی ہیں

دیوالی کے روز جو ہندوستان کا قدیمی یوم جشن ہے، اہل ہند گروہ کے گروہ اس جانور کی پوجا کرتے ہیں اور اس کی تعظیم و تکریم بجا لاتے ہیں۔

قبلۂ عالم کے حکم سے چند شاہی جانور آراستہ و پیراستہ کر کے اس روز ملاحظۂ شاہی میں پیش کئے جاتے ہیں جن کو دیکھ کر تماشائیوں کے قلوب محظوظ ہوتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۷۹)

دیدن اسپ

پنجشنبے کے روز اس جفاکش جانور کے ملاحظے کی ابتدا کی جاتی ہے اور خچروں کی چھ قطاریں قیمت کی ترتیب کے لحاظ سے پیش ہوتی ہیں۔ سال میں ایک مرتبہ سے زیادہ ان کا ملاحظہ نہیں ہوتا۔

بیشتر جانوروں کا معائنہ مذکورۂ بالا ایام و ترتیب سے ہوا کرتا تھا لیکن اب ہر ایک کے لئے ایک جدا دن مقرر کر دیا گیا ہے۔

یکشنبہ، ملاحظۂ اسپ کے لئے۔

دوشنبہ، شتر و خچر و گاؤ۔

سہ شنبہ، معائنۂ سپاہ کے واسطے۔

چہارشنبہ، فرائض دیوان و زارت (خزانہ و محاصل وغیرہ)

پنجشنبہ، دادخواہ (یعنی مقدمات دیوانی کی سماعت)۔

جمعہ، شبستان اقبال میں بسر فرماتے ہیں۔

شنبہ، ملاحظۂ فیل

آئین (۸۰)

پاؤگوشت

قبلۂ عالم نے کار آموزی میں جدت پیدا کی اور بہترین قانون وضع فرمایا۔ جہاں پناہ نے جن کے وضع کردہ قوانین جانوروں کے نگہبان نیت کے محافظ، راستی کے معلم، قدرشناس اور افزائش محنت وجفاکشی کا ذریعہ ہیں۔ اس زمانے کی نگاہ بصیرت کو روشن اور نفع کے متلاشی اور نقصان سے خائف گروہ کو اطمینان ومواقع عطا فرمائے۔

قبلۂ عالم نے ہر جانور کی خوبی کا صحیح اندازہ فرمالیا اور اس کی تنومندی وصحت کے اسباب فراہم کرکے اپنی عمیق نظر ودوربینی ونیز اپنے حسن تعلیم سے غلط کاریوں کے مدارج قرار دیئے۔

ہرچند کہ کبھی ایک کارشناس ان جانوروں کے طولیوں پر اپنی وسعت نظر سے اُن کی لاغری وفربہی کا اندازہ کرتا ہے اور یہ حضور میں پیش کرتے وقت [illegible] کارشناس ہر جانور کی لاغری وفربہی کے مدارج مقرر کردیتے ہیں لیکن جہاں پناہ کی دوربینی کا یہ عالم ہے کہ پیشی کے وقت ان مقرر کردہ مدارج میں بھی کمی وزیادتی ہوتی ہے اور کمی پر بازیافت کا عملدرآمد ہوتا ہے اور نگہبان پر جرمانہ کیا جاتا ہے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اگر کسی وجہ سے جانور کے دانے اور اس کی گھاس کی رقم میں کمی کی جاتی ہے تو بازیافت میں اس رقم کے مناسب جرمانے ہی کو شمار کرتے ہیں فیل کی لاغری کے تیرہ مدارج مقرر کیئے گئے ہیں۔

(۱) سہ ۳½ و نیم پا[1]۔ آٹھ حصّوں میں سے سات باقی رہ گئے ہیں اور ایک حصّہ کم ہو گیا ہے۔
(۲) سہ یا شش حصہ ..... (۳) دو و نیم پا .....
(۴) پنج و نیم پا و نیم گوشت ..... (۵) چہار و نیم گوشت .....
(۶) چہار و نیم پا کم نیم گوشت ..... (۷) سہ و نیم یک و نیم پا .....
(۸) سوا پا ..... (۹) دو نیم پا گوشت .....
(۱۰) دو پون پا ..... (۱۱) یک و نیم پا .....
(۱۲) یک پا و پا نیم ..... (۱۳) سہ ٹانک .....

فیل کے علاوہ دوسرے جانوروں کے اندازۂ فربہی و لاغری کے چھ مدارج مقرر فرمائے گئے۔ مذکورۂ بالا مدارج میں سے دوم، سوم، پنجم، ہفتم، نہم اور دہم منتخب کر لیئے گئے ہیں۔

چونکہ قاعدہ یہ ہے کہ جب حلقہ ہائے قبل ملاحظے میں پیش ہوتے ہیں تو فوجدار اپنے اندازے کے موافق بہترین حلقے کو علیحدہ کر کے اسے پیش کرتا ہے۔ اسی طرح بدترین حلقہ بھی جدا کر لیا جاتا ہے۔ لاغری اور فربہی کے اندازہ کرنے والے چوپایہ اول حلقے کا قرار دیتے ہیں اُسی حساب سے وہ بست رقم بازیافت کی جاتی ہے اور سب سے بدتر حلقے میں نصف رقم پر بازیافت کا عملدرآمد کیا جاتا ہے۔

---

[1] نوٹ:۔ ان کسور و نیز لاغری کے مختلف مدارج کا جو آئین کتاب میں مرقوم ہیں مفہوم سمجھ میں نہیں آتا اور نیز یہ کہ جانور کی فربہی و لاغری کے اندازہ کرنے کا طریقہ کیا تھا آیا جانوروں کا محیط ناپ کر اندازہ کرتے تھے یا یہ کہ اُن کا وزن کیا جاتا تھا۔ پاؤ گوشت کے لفظی معنی گوشت کا ۱/۴ ہو سکتے ہیں۔ یہی نام اس آئین کا مقرر کیا گیا۔ قیاس یہ کہتا ہے کہ بادشاہ نے صحیح جانور کی فربہی کا ایک درجہ قرار دیا تھا اور اس عمدہ خوراک کا بھی جو اس فربہی کو قائم رکھے ایک مرتبہ قرار دیا گیا تھا نیز ہر دو مراتب کے لحاظ سے اس امر کا اندازہ کیا جاتا تھا کہ باوجود خوراک کے صحیح درجے کے فربہی کے مقررہ مرتبے میں کس قدر کمی ہوئی اور اسی کمی کے مختلف مدارج قائم کیئے گئے۔ (مترجم)

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اگر فوجدار نے داروغہ سے سازش کرلی ہے اور روزنامچے میں ہر دو ملازمین کی مہریں موجود ہیں تو جانور کی ½ خوراک داروغہ ادا کرتا ہے اور بقیہ فوجدار سے وصول کی جاتی ہے۔

ضعیف العمر جانور کے شمارہ لاغری پر اُس تمام حلقے کی کیفیت خرابی کا انحصار ہے جس حد تک کہ جانور ضعیف العمر میں خرابی معلوم ہوتی ہے وہی نقصان تمام حلقے میں شمار کیا جاتا ہے۔

اصطبل میں سائیس دستہ وخاکروب کی تنخواہیں بھی ایک چوتھائی وضع کرلی جاتی ہیں۔

شتر خانے میں دانے کا نقصان داروغہ سے پورا کرایا جاتا ہے اور گھاس کی قسط کا ساربان جواب دہ ہوتا ہے۔

بیل خانے میں دانے اور گھاس کے ایک حصے کا جواب دہ داروغہ ہے عرابچی یا نہ پرس سے محفوظ ہے۔

بارکشی کے عرابوں میں جرمانے کی نصف رقم مسترد کردی جاتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۸۱)

جانوروں کے کشتی لڑنے اور اس پر شرط لگانے کا

بادشاہ کی خواہش یہ ہے کہ طرح طرح کے اشخاص اتّفاق و اتحاد کے دلخوش کن مکان میں عیش و عشرت کے ساتھ زندگی بسر کریں اور اس طرح دوستی و یکدلی کی محفل آراستہ ہو۔ اس خواہش کا مقصد یہ ہے کہ تمام کام شائستگی کے ساتھ انجام پائیں اور انتظام میں استحکام پیدا ہو۔ ہر شخص کی عقل حقیقت تک نہیں پہنچتی اور واقعیت کی داستان سے ہر کان آشنا نہیں ہوتا اس لئے بادشاہ نے حصول مسرت کا بازار گرم کیا۔ اور بے شمار اشخاص کو اس کام میں لگایا۔ خیالات کی آبادی سے طبیعت کا خواہشمند میدان حقیقت کا جلوہ گاہ بن گیا اور اپنی ذات کی خوبیوں کو سمجھنا اور اپنی ہستی کو آراستہ کرنا خدائے برتر کی عبادت کا سرمایہ قرار پایا۔ ظاہر پرست اور صورت کے شیدائیوں کو دلبستگی اور سرگرمی کے گوہر مقصود ہاتھ آئے اور اس لگاؤ سے یہ افراد نیک بختی کی راہ طے کرنے لگے

ہرن کی لڑائی۔ ہرن کا رنگ اور اس کی چال دلنشیں ہوتی ہے اور اس کی رفت و خیز دیکھنے والوں کے دلوں کو خوش کرتی ہے۔ بادشاہ اس جانور پر بیحد توجہ فرماتے ہیں اور اس وحشی جانور کو رام کر کے اس کی طبیعت میں محبت پیدا کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ایک سو ایک ہرن خاصے کے ہیں اور ان میں سے ہر جانور کسی نہ کسی نام و صفت سے موسوم ہے۔ ہر دس جانوروں پر ایک پاسبان مقرر ہے۔ ان جانوروں کی تین قسمیں ہیں (۱) ایک قسم کے جانور پالو اور جنگلی دونوں قسم سے خوب لڑتے ہیں (۲) دوسری قسم کے جانور پلے ہوئے ہرنوں سے جنگ کرتے ہیں (۳) تیسری قسم وہ ہے جو صحرائی جانوروں سے خوب لڑتی ہے۔

ان جانوروں کی لڑائی بھی تین قسم کی ہوتی ہے۔ پہلا طریقہ یہ ہے کہ یہ ہرن آپس میں ایک دوسرے سے اس طرح لڑتے ہیں کہ پہلی قسم دوسری قسم کے ساتھ اور تیسری قسم چوتھے گروہ کے جانور کے ساتھ اور اسی طرح سب جانوروں کی باری آتی ہے جب دوسری قسم بازی جیت لیتی ہے تو پہلا گروہ تیسرے کے ساتھ اور دوسرا چوتھے کے ساتھ لڑایا جاتا ہے اور اس طرح برابر دورہ ہوا کرتا ہے۔ اور جو جانور مذکورۂ بالا طریقۂ جنگ میں بھاگ جاتا ہے وہ مرتبے میں آخری نمبر کا ہرن شمار ہوتا ہے۔ اور اگر کوئی جانور تین بار حریف کے سامنے سے منہ موڑ لیتا ہے تو اُسے خاصے کے گروہ سے علیحدہ کر دیا جاتا ہے۔ ان ہرنوں کی لڑائی میں شرط بھی لگائی جاتی ہے اور بازی کی رقم پانچ دام سے زیادہ نہیں ہوتی۔

دوسرا طریقہ جنگ کا یہ ہے کہ خاصے کے جانور شاہزادوں کے ہرنوں سے جنگ کرتے ہیں۔ خاصے کے پانچ جوڑ پہلے ایک دوسرے سے لڑتے ہیں اس کے بعد شکار خاصہ کے دو جوڑ آپس میں جنگ کرتے ہیں اس لڑائی کے بعد خاصے کے دوسرے پانچ جوڑ ایک دوسرے سے برسرپیکار ہوتے ہیں اور اس کے بعد شکار خاصہ کے دو جوڑ ایک دوسرے کے مقابلے میں لائے جاتے ہیں۔ اور پھر خاصے کے پانچ جوڑ شاہزادۂ بزرگ کے پانچ ہرنوں سے مقابلہ کرتے ہیں اور اس کے بعد خاصے کے چودہ جوڑ آپس میں لڑتے ہیں اور آخر میں اسی قدر ہرن شاہزادوں کے جانوروں سے جنگ کرتے ہیں۔ یہ مقابلہ اس وقت تک باقی رہتا ہے جب تک کہ شاہزادوں کے ہرن ختم نہ ہو جائیں۔ خاصے کی لڑائی کے بعد شاہزادوں کے ہرن ایک دوسرے سے لڑتے ہیں۔ اس لڑائی میں بازی کی رقم ایک مُہر سے زیادہ نہیں بڑھتی۔

تیسرا طریقہ جنگ یہ ہے کہ خاصے کے ہرن دوسرے درباریوں کے جانوروں کا مقابلہ کرتے ہیں۔ بادشاہ نے اپنے ہمنشینوں میں سے بیالیس ممتاز اشخاص کو منتخب کیا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اور ہر دو امیروں کا ایک حریفانہ جوڑ مقرر کیا۔ اس طرح اکیس جوڑ بازی لگانے والے حریفوں کے تیار ہو گئے۔ پہلی جوڑیں ہر شخص کو تیس تیس ہرن عنایت ہوتے ہیں۔ اس کے بعد ایک ایک کم ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ سب سے اخیر والے جوڑ کو گیارہ گیارہ ہرن عطا ہوتے ہیں۔ ہر جوڑ کو ایک مُل ایک بھینس ایک گائے ایک بیٹرھا ایک بکری اور ایک مرغ عنایت ہوتا ہے۔ قدیم زمانے میں گائے اور بکریوں کی لڑائی کا کم پتا چلتا ہے۔

اس سے پہلے کہ لڑائی کا بازار گرم ہو، خاصے کے دو ہرن آراستہ کر کے لائے جاتے ہیں اور مذکورۂ بالا جوڑوں کے دو ہرنوں سے ان کی جنگ ہوتی ہے۔ پہلے یہ ہنگامہ آرائی منصبداروں کے سامنے اور اس کے بعد بادشاہ کے حضور میں ہوتی ہے۔ اگر دربار عام ہوتا ہے تو بھی جانوروں کی لڑائی کا تماشا ہوتا ہے۔ بشرطیکہ ہرن بھی ایک ہزاری امیر کی ملکیت ہو۔ خاصے کے ہرن پر جو بازی لگائی جاتی ہے اُن کی رقم عموماً آٹھ مہر ہوتی ہے اور امیروں کے ہرن کی بازی اٹکل پر پانچ مہر اور آئین پر چار مہر کی لگائی جاتی ہے۔

چونکہ تمام جانور طاقت و جنگی اہمیت میں برابر نہیں ہوتے اس لیے بازی لگانے والوں کے لیے یہ قاعدہ مقرر کر دیا گیا ہے کہ وہ باری باری سے اپنے جانوروں کو منتخب کریں اور انھیں ایک ایک کر کے جنگی باڑھ میں مقابلے کے لیے لے جائیں۔ انھی ہرنوں کو آئین کہتے ہیں۔ جب کوئی امیر اس طرح اپنے جانور کو باڑھ میں لاتا ہے تو دوسرا حریف اپنے مقابل کے جانور کی طاقت کا اندازہ کر کے اپنا ہرن اس کے مقابلے میں لے کر آتا ہے۔ اس طرح کے جانور کو اٹکل کہتے ہیں۔ مل کی بازی پانچ مہر پر اور بھینسوں اور مرغوں کی بازی چار مہر پر لگائی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ گائے جنگلی بیٹرے اور بکروں کی ہار جیت دو مہر پر لگائی جاتی ہے۔

ایک ہزاری امیر کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ خاصے کے ہرن پر چھ مہر کی اور اپنے ہم پلہ امیر کے مقابلے میں اٹکل پر پچھ مہر اور آئین پر تین مہر اور اسی قدر مل اور بھینسوں اور مرغ پر بھی بازی لگا سکتا ہے۔ لیکن گائے جنگلی بیٹرے اور بکروں پر اسے دو مہر سے زیادہ بازی لگانے کا اختیار نہیں ہے۔ دو صدی امیر خاصے کے ہرن پر

پچاس روپے، اپنے ہم پلّہ امیر کے انکل پر سوا اکتیس روپے اور آئین پر پچیس روپے، کُل پر ۳ ۱/۸ مُہر اور بھینسے اور مرغ پر ۳ ۱/۴ مُہر اور دوسرے جانوروں پر ۱/۲ اہر کی بازی لگانے کا مجاز ہے۔

آٹھ صدی امیر خاصے کے ہرن پر اڑتالیس روپے، اپنے ہم پلّہ امیر کی انکل پر تیس روپے، آئین پر چوبیس روپے، کُل پر ۳ ۱/۴ مُہر، بھینسے اور مرغ پر ۲ ۱/۲ مہر اور دوسرے جانوروں پر ۱/۲ اہر کی بازی لگا سکتا ہے۔

ہفت صدی امیر خاصے کے ہرن پر چوالیس روپے، اپنے ہم مرتبہ امیر کے انکل پر ۲۷ ۱/۲ روپے اور آئین پر بائیس روپے کی بازی لگاتا ہے اور اُسے کُل اور دوسرے جانوروں پر آٹھ صدی امیروں کی طرح بازی لگانے کا اختیار ہے۔

چھ صدی امیر خاصے کے جانور پر چالیس اور اپنے حریف کے انکل پر پچیس اور آئین پر دس روپے اور دوسرے جانوروں پر ہفت صدی امرا کی طرح ہار جیت مقرر کر سکتا ہے۔

پانچ صدی امیر خاصے کے جانور پر ۴ مہر اور اپنے ہم مرتبہ حریف کے انکل پر ۳ ۱/۲ مہر اور آئین پر دو مُہر کی بازی مقرر کر سکتا ہے۔ دوسرے جانوروں پر وہی رقم لگا سکتا ہے جو چھ صدی امیر کے حالات میں بیان کی جا چکی ہے۔

چار صدی امیر خاصے کے ہرن پر چونتیس روپے اور اپنے مدمقابل امیر کی انکل پر ۲۱ ۱/۴ روپے اور آئین پر سترہ روپے کی ہار جیت مقرر کر سکتا ہے اور کل پر ۲ ۱/۴ مُہر، بھینسے اور مرغ پر ۲ مُہر، گائے اور جنگلی مینڈھے اور بکرے پر ایک مہر کی بازی لگاتا ہے۔

سہ صدی امیر خاصے کے ہرن پر تیس روپے اور اپنے ہم پلّہ امیر کے انکل پر ۸ ۳/۴ روپے اور آئین پر پندرہ روپے، کُل پر ۲ ۱/۲ مہر اور دوسرے جانوروں پر چار صدی امیروں کی رقم کے برابر بازی مقرر کر سکتا ہے۔

دو صدی امیر خاصے کے ہرن پر چوبیس روپے اور اپنے ہم مرتبہ حریف کے انکل پر پندرہ روپے اور آئین پر بارہ روپے اور دوسرے جانوروں پر تین صدی امیروں کی طرح بازی لگاتا ہے۔

یک صدی امیر خاصے کے ہرن پر دو مہر اور اپنے ہم رتبہ حریف کے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

انکل پر ½ اشرفی اور آئین پر ایک مُہر کی رقم لگا سکتا ہے۔ دوسرے جانوروں پر اُسے وہی اختیار ہے جو دو صدی امیروں کو حاصل ہے۔

ہشتاد سوار امیر خاصے کے جانور پر سولہ روپے اور اپنے ہم مرتبہ امیر کے انکل پر دس اور آئین پر آٹھ روپے اور مل پر سترہ روپے بھینسے اور مرغ پر ½ اشرفی کی بازی لگا سکتا ہے۔ دوسرے جانور پر اُسے وہی اختیار ہے جو یک صدی امیر کو حاصل ہے۔

چہل سوار امیر خاصے کے ہرن پر بارہ روپے اور اپنے حریف کے انکل پر ½ ۷۔ اور آئین پر چھ روپے کی بازی لگاتا ہے۔ دوسرے جانوروں پر اُسے ہشتاد سوار امیروں کی طرح اختیار حاصل ہے۔

بست سواری امیر خاصے کے ہرن پر دس روپے اور اپنے حریف کے انکل پر ½ ۶ اور آئین پر پانچ روپے کی بازی لگاتا ہے۔ دوسرے جانوروں پر اُسے بھی وہی اختیار ہے جو چہل سواری امیروں کو حاصل ہے۔

دہ سوار امیر خاصے کے جانور پر آٹھ روپے اور اپنے ہم رتبہ امیر کے انکل پر پانچ اور آئین پر چار روپے کی رقم مقرر کر سکتا ہے۔ دوسرے جانوروں کی نسبت وہی قاعدہ ہے جو بست سواری امیروں کے لئے مقرر ہے۔

جو اشخاص منصبدار نہیں ہیں وہ خاصے کے جانور پر چار روپے کی اور اپنے ہم مرتبہ حریفوں کے انکل پر ½ ۲ روپے اور آئین پر دو روپے کی بازی لگا سکتے ہیں۔ دوسرے جانوروں پر انہیں بھی وہی حق حاصل ہے جو دہ سواری اور بست سواری منصبداروں کو حاصل ہے۔

اگر کسی جوڑ میں ایک حریف دوسرے سے کم مرتبہ ہوتا ہے تو بازی کی وہی رقم مقرر کی جاتی ہے جو عالی رتبہ حریف اپنے ہم پلّہ امیر کی آئین پر لگا سکتا ہے جب آخری جوڑ مقابلے کے لئے آتا ہے تو جنگ ہر جگہ ہرن کی ہوتی ہے۔ پُل کی لڑائی میں جو رقم جیتنے والوں کو ایک دوسرے سے ملتی ہے اس کا چوتھائی حصہ اس کشتی گیر کو دیا جاتا ہے جو سب پر فتحیابی حاصل کرتا ہے۔

جو انعامات کہ خود بادشاہ کی طرف سے اس موقع پر عطا کئے جاتے ہیں اُن کا کوئی اندازہ اور کوئی حد نہیں ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

عام قاعدہ یہ ہے کہ ہر شخص جو بازی کے جانور پالتا ہے وہ ہر مہینے کی چودھویں رات کو ایک ہرن مقابلے کے لئے لاتا ہے۔ اس محکمے کا ناظم ان ہرنوں میں آدھے جانوروں کو انٹکل کے گروہ میں اور آدھے کو آئین کے حلقے میں داخل کرتا ہے۔ اس کے بعد انٹکل کے جانوروں کے نام کاغذ کے پرچوں پر لکھ کر کاغذ کو لپیٹ دیتا ہے اور بادشاہ کے حضور میں پیش کرتا ہے۔ بادشاہ ان پرچوں سے ایک اٹھا لیتا ہے اور جس جانور کا اس پر نام نکلتا ہے وہ آئین کے ہرن سے مقابلہ کرتا ہے۔ چونکہ ہر ماہ کی چودھویں رات روشن ہوتی ہے اس لئے جانوروں کی لڑائی عام طور پر اسی رات مقرر کی جاتی ہے۔

ان ہرنوں کے علاوہ دو قسم کے ہرن اور موجود ہیں جن کو کوتل اور نیم کوتل کہتے ہیں۔ ہر قسم کی تعداد معین ہے۔ اگر خالصے کے ہرن کم ہو جاتے ہیں تو کوتل سے خالصے کی تعداد پوری کی جاتی ہے اور اگر کوتل کی تعداد میں کمی ہو جاتی ہے تو نیم کوتل کے ہرنوں سے کمی پوری کر دی جاتی ہے۔ کوتل کا بھی ایک جوڑا ہمیشہ آزمائش کی خاطر مقابلے کے لئے لایا جاتا ہے۔ شکاری ہمیشہ جنگلی ہرن لایا کرتے اور بادشاہ کے حضور میں پیش کرتے ہیں۔ بادشاہ ان جانوروں کی قیمت مقرر فرماتے ہیں۔ خوبصورت فربہ ہرن کی قیمت دو مہر اور لاغر کی ایک مہر سے پندرہ روپے تک دی جاتی ہے۔ اوسط درجے کے فربہ ہرن کی قیمت بارہ روپے اور لاغر کی آٹھ روپے ادا کی جاتی ہے۔

تیسرے درجے کے فربہ ہرن کی قیمت سات روپے اور لاغر کی پانچ روپے مقرر ہے۔ چوتھے درجے کا فربہ ہرن چار روپے میں اور لاغر ڈھائی روپے سے دو روپے تک میں خریدا جاتا ہے۔

ان کی حفاظت اور خوراک کے لئے مندرجۂ ذیل قواعد ہیں۔

خالصے کے ان ہرنوں کو جو بادشاہ کے سامنے لڑنے کے لئے منتخب کئے جاتے ہیں دو سیر غلّہ دو سیر آٹا جو پک کر روٹی کی شکل اختیار کرتا ہے۔ پون سیر گھی اور ایک دام کی گھاس دی جاتی ہے۔ جو جانور بادشاہ کی شکارگاہ میں پالے جاتے ہیں ان میں سے اور ہر کوتل اور دیگر لڑنے والے جانور کو پونے دو سیر غلّہ اور اسی قدر دوسری چیزیں ملتی ہیں جو خالصے کے جانوروں کو دی جاتی ہیں۔ گھاس ہر پاسبان خود مہیّا کرتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

خاصہ۔ خانہ زاد کوتل اور شکارگاہ خاص کے جانوروں میں سے ہر ہرن پر ایک آدمی مقرر کیا جاتا ہے۔ لڑائی کے ہرنوں میں ہر جوڑ پر ایک نگہبان ہوتا ہے اور اگر اسطرح کوئی ہرن تنہا رہ جاتا ہے تو اس کے لئے ایک جدا پاسبان مقرر کیا جاتا ہے لیکن گھاس کے لئے اُسے کوئی رقم نہیں دی جاتی۔ فربہ کرنے کے لئے جو ہرن کسی پاسبان کے سپرد کیا جاتا ہے اُسے پونے دو سیر دانہ اور نصف دام گھاس کے لئے دیا جاتا ہے۔ اور ایسے ہر چار جانوروں پر ایک پاسبان مقرر کیا جاتا ہے۔ نوگرفتار ہرن کے لئے سات دن تک خوراک کا کوئی انتظام نہیں کیا جاتا اور اس طرح ایک ہفتہ گزرنے کے بعد دو ہفتے تک روزانہ آدھ سیر دانہ دیا جاتا ہے۔ اور اس کے بعد ایک سیر۔ اور اسی طرح ایک مہینہ گزرنے کے بعد ڈیڑھ سیر دانہ دیا جاتا ہے۔ ہرن خانے میں منصبدار، احدی و دیگر سپاہی ملازم ہیں۔ پیادوں کی تنخواہ چار سو دام سے زیادہ اور اسّی دام سے کم نہیں ہوتی ہے۔

اس طرح اعلیٰ قسم کے بارہ ہزار ہرن پلے ہوئے ہیں اور ان کے مختلف گروہ ہیں اور ہر گروہ کے لئے خاص قاعدے مقرر ہیں۔ ہرنوں کا ایک باڑہ ایسا بھی ہے جہاں نئی نسل حاصل کی جاتی ہے۔ بڑی ہرنی کو ڈیڑھ سیر دانہ اور نصف دام کی گھاس ملتی ہے۔ نوزائیدہ بچہ دو ماہ تک اپنی ماں کا دودھ پیتا ہے اس کے بعد اُسے پاؤ سیر دانہ دیا جاتا ہے اور ہر دو ماہ بعد پاؤ بھر دانے کا اضافہ ہوتا جاتا ہے اور اس طرح دو برس بعد بچے کی خوراک اپنی ماں کے برابر ہو جاتی ہے۔ گھاس کے لئے ساتویں مہینے سے دسویں مہینے تک نصف دام دیا جاتا ہے۔ نر بچوں کا بھی دو مہینے کے بعد دودھ چھڑا دیا جاتا ہے اور اس کے بعد انھیں ڈیڑھ پاؤ دانہ دیا جاتا ہے اور ہر دو ماہ بعد اسی قدر اضافہ ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ دو برس میں انھیں سوا دو سیر دانہ ملنے لگتا ہے۔ پانچویں مہینے سے آٹھویں مہینے تک پاؤ دام کی گھاس دی جاتی ہے اور اس کے بعد نصف دام کی گھاس پاتا ہے

میں نے جانوروں کی لڑائی کا مختصر حال کہہ دیا ہے۔ میرا بیان خود بادشاہ کے اُن احکام کے موافق ہے جو مجمع کے لئے جاری ہوا کرتے ہیں۔ بادشاہ ایسے مجمعوں کو دن میں یکجا ہونے کا حکم صادر فرماتا ہے۔ جب کبھی کہ دن میں کوئی اور ضروری عبادت کرنی ہوتی ہے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

تو یہ جلسے رات کے وقت منعقد ہوا کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ بادشاہ کو ہر وقت یاد خدا کا خیال رہتا ہے۔

بادشاہ ان کاموں کو سرانجام دینے میں گرمی اور سردی کا خیال نہیں کرتے۔ یہ حقیقت شناس فرماں روا ان اوقات میں جبکہ دوسرے لوگ آرام کرتے ہیں رعایا کی بہبودی میں مشغول رہتا ہے اور ہمیشہ محنت کو آرام و آسائش پر ترجیح دیتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۸۲)

عمارت

عمارتوں کے تعمیر کرانے کے لئے قواعد و احکام جاری کرنا عام طور پر ضروری ہے۔ تعمیر عمارت فوج کی آسائش میں اضافہ اور سلطنت کی شان و شوکت کا سرچشمہ ہے۔ جن اشخاص کو دُنیا کے کاروبار سے تعلّق ہے وہ شہروں میں جمع ہوتے ہیں۔

اگر بلند عمارتیں نہ ہوں تو مُلک میں کسی طرح کی ترقی و رونق نہیں ہو سکتی یہی وجہ ہے کہ بادشاہ بیحد شاندار عمارتیں تعمیر کرانے میں اپنے دل و دماغ کی عظیم الشّان قوّت کو عملی جامہ پہنا کر دُنیا میں رونما کرتا ہے۔ اسی بنا پر مضبوط اور سربفلک قلعے تعمیر کرائے گئے جن سے کمزوروں کو اطمینان حاصل ہو، باغیوں کی سرکوبی اور فرماں برداروں کے دلوں کو خوش کریں۔

دلکش عمارات سے شہر کو زیب و زینت حاصل ہوئی اور روح افزا منظر قائم ہوئے۔ یہ عمارتیں گرمی اور سردی کی آفتوں سے بچاتی ہیں اور حرم کی شاہزادیوں کو اُن سے آرام و آسائش حاصل ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ ان عمارتوں سے اُس عظمت و شان کا پتا لگتا ہے جو دُنیاوی شان و شوکت قائم رکھنے کے لئے بیحد ضروری ہے۔

ہر جگہ سرائیں تعمیر کرائی گئیں جو مسافروں کی جائے امن اور غریب الوطن اور نادار وں کے پناہ لینے کی جگہ ہیں۔ مُلک میں ہزاروں کنوئیں اور تالاب کھودے گئے ہیں

جن سے رعایا کو فائدہ اور کاشت کی زمین کو سیرابی حاصل ہوئی۔ مدرسے اور ریاضت خانے تعمیر کرائے گئے اور علم کی مقدس محراب نئی زیب و زینت سے آراستہ کی گئی ہے۔

دانشمند فرماں روا کو اس محکمے کے رطب و یابس سے جس کا انتظام بیحد مشکل اور جس کے اخراجات بہت زیادہ ہیں کامل واقفیت و آگاہی حاصل ہے اور اس سررشتے کا حسن انتظام برقرار رکھنے کے لیے بہت سے آئین و قوانین بنا کر چراغ راستی کو روشن کیا اور نادار اور ناتجربہ کار رعایا کے دامن کو علم و عمل کے جواہرات سے بھر دیا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۸۳)

نرخ

بیشمار اشخاص مکان بنانے کے خواہشمند ہیں لیکن دیانت و راستی سے اس زمانے میں کام کرنا کمیاب ہے۔ خاصکر سوداگروں میں تو یہ دونوں باتیں تقریباً ناپید ہیں۔ جہاں پناہ نے سوداگروں کے نفع و نقصان کی پوری تحقیق کی اور عمارت کے مسالے کی قیمت، مزدوروں کی اجرت کی شرح وغیرہ کے لئے ایسے آئین و قوانین بنائے اور ہر چیز کی ایسی قیمت مقرر کر دی کہ خریدنے اور بیچنے والے دونوں بالکل مطمئن و آسودہ حال ہو گئے۔

سنگ سرخ - اس کی قیمت فی من تین دام ہے۔ یہ دارالحکومت فتح پور کی پہاڑیوں سے لایا جاتا ہے۔ اس کی سلیں جس قدر لانبی اور چوڑی درکار ہوتی ہیں پہاڑیوں کی چٹانوں سے کاٹ لی جاتی ہیں۔ ہوشیار سنگ تراش ان سلوں کو اس سلیقے سے تراشتے ہیں کہ بڑھئی لکڑیوں کو اس خوبی سے نہیں بنا سکتے۔ ان سنگ تراشوں کا کام مرقع مانی کے نقش و نگار سے بھی بڑھ جاتا ہے۔

سنگ گلولہ کے ٹکڑے جو چٹانوں سے مختلف وضع کے کاٹے جاتے ہیں پتھری کے حساب سے بکتے ہیں۔ اس میں مٹی کی آمیزش نہیں ہوتی اور ہر پتھری تین گز لانبی ڈھائی گز چوڑی اور ایک گز اونچی ہوتی ہے اور اس کا وزن

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ایک سو بہتر من اور قیمت دو سو پچاس دام ہوتی ہے۔

اینٹیں :- اینٹیں تین قسم کی ہوتی ہیں۔ پختہ، نیم پختہ، خام۔ پختہ اینٹیں بہت بھاری بنائی جاتی ہیں لیکن عموماً ایک اینٹ کا وزن تین سیر سے زائد ہوتا ہے اور تیس دام فی ہزار کے حساب سے بکتی ہیں۔ دوسری قسم کی قیمت چوبیس دام فی ہزار اور تیسری دس دام فی ہزار مقرر ہے۔

لکڑی۔ آٹھ قسم کی لکڑی عام طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ (۱) شیشم۔ یہ لکڑی خوبصورتی اور پائداری میں بے مثل ہے شیشم کا ایک لٹھا ایک گز لانبا اور سات آٹھ طسوج چوڑا اور اونچا ہوتا ہے اور ۱۵ دام کو ملتا ہے۔ اگر اس لٹھے کی اونچائی پانچ یا چھ طسوج ہوتی ہے تو اس کی قیمت ۱۱ دام ہوتی ہے۔ دوسرے عرض و طول کے لٹھے کی قیمت اسی شرح سے دی جاتی ہے۔

(۲) ماڑو (چڑ) جسے ہندی میں جیڈہ کہتے ہیں ایک شہتیر دس طسوج چوڑی اور اونچی پانچ دام پونے چودہ جیتل فی گز کے حساب سے بکتی ہے اور نصف شہتیر کی لکڑی کی جو قیمت سات سے نو طسوج اونچی اور چوڑی ہوتی ہے پانچ دام پونے چار جیتل فی گز مقرر ہے

(۳) دسنگ (کری) ایک لٹھا تین طسوج چوڑا اور چار گز لانبا پانچ دام ساڑھے سترہ جیتل کو ملتا ہے۔

(۴) بیر۔ ایک دھنی ایک طسوج چوڑی اور اونچی اور چار گز لانبی پانچ دام پونے اٹھارہ جیتل کو خریدی جاتی ہے۔ تیرتک کی لکڑی بھی اسی شرح سے بکتی ہے۔

(۵) مغیلاں (ببول) ایک لٹھا تین طسوج چوڑا اور چار گز لانبا پانچ دام کو بکتا ہے۔

(۶) تیری کے بھی مندرجہ بالا عرض و طول والے لٹھے کی قیمت دس دام ادا کی جاتی ہے۔

(۷) ریاں کے اسی لانبائی اور چوڑائی رکھنے والی اول نمبر کی قیمت آٹھ دام سوا بائیس جیتل مقرر ہے۔ یہ لکڑی دوسرے نمبر کی اسی عرض و طول کی دس دام چار جیتل کو فروخت ہوتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۸) بکاہند۔ یہ لکڑی بھی مندرجۂ بالا عرض وطول کی پانچ دام دھتیل کو بکتی ہے۔

گچ شیرین۔ اس کی کان بھیرہ کے قریب ہے۔ جب سوداگر اس کو لے کر آتے ہیں تو یہ روپے کا تین من خریدا جاتا ہے۔ اگر کوئی شخص اپنے ذاتی ملازموں کو سالانہ کے لئے بھیجتا ہے تو ایک من کے لئے ایک دام ادا کرنا ہوتا ہے۔ قلعی سنگین ایک من سات دام اور پاکج صدفی کی قیمت پانچ دام اور چونے کی دو دام فی من ہے۔ چونہ زیادہ تر کانگر سے پکا کر بنایا جاتا ہے۔ کانگر ایک قسم کی مٹی ہے جو سختی میں پتھر کے قریب قریب ہوتی ہے۔

آہنی جامہ۔ اگر یہ قلعی دار ہے تو تیرہ عدد اٹھارہ دام کو خریدا جاتا ہے اور اگر سادہ ہے تو یہی تعداد چھ دام کو ملتی ہے۔

حلقۂ زنجیر۔ (دروازے کی زنجیر یا کنڈی) ایرانی و نوزانی قلعی دار بڑے فی جوڑا آٹھ دام اور چھوٹے فی جوڑ چار دام کو، ہندوستانی قلعی دار کلاں ساڑھے پانچ دام کو اور ساڑھے چار دام خرد کو ملتے ہیں۔

گل میخ۔ لابنی سلاخ اور چوڑے سر والی بارہ دام فی سیر۔ گوگھ۔ چھوٹے سلاخ والی قلعی دار اوّل نمبر سات دام فی سیکڑہ، دوم نمبر پانچ دام فی سیکڑہ اور سب سے چھوٹی چار دام فی سیکڑہ بکتی ہیں۔ نر ادے جو خاص کر دروازوں اور صندوقوں میں لگائے جاتے ہیں قلعی دار بارہ دام فی سیر اور سادے ساڑھے چار دام فی سیر بکتے ہوتے ہیں۔

کھپریل۔ یہ عموماً ایک ہاتھ لانبے اور دس انگل چوڑے ہوتے ہیں۔ کھپریل آگ میں پکائے جاتے ہیں اور مکان کی چھتوں پر گرمی اور سردی سے بچنے کے لئے بچھائے جاتے ہیں۔ سادے کھپریل چھیاسی دام فی ہزار بکتے ہیں۔ اور رنگین نیس سینتیس کو دس عدد ملتے ہیں

قلابے۔ تین عدد دو دام میں ملتے ہیں۔

بانس۔ یہ سنے اور نیزہ بنانے کے کام میں آتے ہیں۔ بانس کوڑی کے حساب سے بکتے ہیں قسم اوّل کی قیمت پندرہ دام۔ دوم کی بارہ اور سوم کی دس دام مقرر ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بعض قسم کے بانس گراں قیمت ہوتے ہیں یہاں تک کہ بہت نادر بانس کا ایک عدد آٹھ اشرفی کو ملتا ہے اس قسم کے بانس شاہی تخت تیار کرنے میں استعمال کیے جاتے ہیں لیکن عام طور پر ایک بانس ایک روپے کو ملتا ہے۔ **پتل**۔ (ایک قسم کی چٹائی) ان سرکنڈوں سے تیار کی جاتی ہے جن سے عام طور پر قلم بنائے جاتے ہیں۔ پتل سے چھت بنائی جاتی ہے۔ قسم اول کی صاف پتل ڈیڑھ دام فی مربع گز اور دوسری قسم کی ایک دام مربع فی گز بکتی ہے۔ بعض اوقات دو دام میں دو گز لانبی اور ڈیڑھ گز چوڑی چٹائی مل جاتی ہے۔

سرکی۔ قلم کی نَے یعنی سینٹے سے پتلی خوش رنگ اور زیادہ صاف ہوتی ہے۔ سرکی کی چٹائی فی جوڑ سوا تیس کو ملتی ہے اور ہر عدد ڈیڑھ گز لانبی اور چودہ گرہ چوڑی ہوتی ہے۔ مکان کی چھت اور دیواریں اس سے ڈھانکی جاتی ہیں۔

خس۔ خس ایک قسم کی گھاس کی خوشبو دار جڑ ہے جو دریا کے کنارے اُگتی ہے۔ گرمی کے موسم میں اس کی ٹٹیاں بنائی جاتی ہیں۔ یہ ٹٹیاں دروازوں پر لٹکائی جاتی ہیں اور اُن پر پانی چھڑکا جاتا ہے اور اس ترکیب سے ہوا ٹھنڈی اور خوشبودار ہو جاتی ہے۔ خس فی من ڈیڑھ روپے کے حساب سے فروخت ہوتا ہے۔

کاہ چھیر جسے ہندی میں پوَلا کہتے ہیں، گٹھے کے حساب سے بکتا ہے ایک گٹھے کا وزن ایک سیر اور قیمت سو دام سے دس دام تک ہوتی ہے۔

بھوسہ۔ گھاس کے کام میں آتا ہے اور فی من تین دام کے نرخ سے بکتا ہے۔

کاہ ڈابہ۔ یہ مکان کی چھت پر بچھایا جاتا ہے اور فی من تین دام کو فروخت ہوتا ہے۔

مونج۔ یہ سینٹے کی چھال ہے۔ اس سے رسیاں بنائی جاتی ہیں اور ان رسیوں سے چھپر کے بند باندھے جاتے ہیں۔ بیس دام فی من کے حساب سے ملتی ہے۔

سن۔ یہ ایک قسم کا پودا ہے۔ کسان اسے بھٹے کے کھیت میں ملاتے ہیں اس کی رسیاں بھی بنائی جاتی ہیں جس سے کنویں سے ڈول کھینچے جاتے ہیں۔ اس کی قیمت تین دام فی من ہے۔

گم۔ ادنیٰ درجے کا چھٹے کے کھیت میں ملایا جاتا ہے اور فی من ستر دام کے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

حساب سے ملتا ہے۔

سریش کاہی۔ اسے پانی میں جوشاندہ میں ملاتے ہیں اور فی من چار دام اس کی قیمت ہے۔

لک۔ سرکنڈے کے بالوں کے گچھے کو کہتے ہیں جو چٹائی بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے جو شمع کی طرح جلتا ہے، چونے اور قلعی میں ملایا جاتا ہے فی من ایک روپے کو بکتا ہے۔

سنجگیل (نقرئی مٹی) یہ ایک سفید اور چکنی مٹی ہے جو فی من ایک دام کے حساب سے فروخت ہوتی ہے۔ یہ دکانوں کو قلعی کرنے میں استعمال کی جاتی ہے۔ اس سے مکان ٹھنڈا اور خوش منظر ہوتا ہے۔

گل سرخ۔ جسے ہندی میں گیرو کہتے ہیں فی من چالیس دام کو بکتا ہے۔ گوالیار کی پہاڑیوں میں گیرو کی ایک کان ہے۔

شیشے۔ کھڑکیوں میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ سوا سیر شیشے کی قیمت ایک روپیہ ہے۔ نیز یہ کہ چار دام میں ایک ٹکڑا ملتا ہے۔

مزدوروں کی شرح اجرت

گل کار (چنائی کا کام کرنے والا) اعلیٰ درجے کے گل کار کی اجرت سات، دوسرے درجے کی چھ اور تیسرے درجے کی پانچ دام مقرر ہے۔

سنگ تراش۔ پتھر پر نقاشی کرنے والے کو چھ فی گز اور سادہ کام کرنے والے کو پانچ دام فی گز کے حساب سے اجرت دی جاتی ہے۔ کان کنوں کو ایک من وزنی پتھر توڑنے کی اجرت بیس دام دوچیتل ادا کی جاتی ہے۔

بڑھئی۔ اوّل درجے کے بڑھئی کی اجرت سات، دوسرے درجے کی چھ، تیسرے درجے کی چار، چوتھے درجے کی تین اور پانچویں درجے کی اجرت دو دام ہے۔ سادے اور معمولی کام کرنے والے بڑھئی کی اجرت فی گز ایک دام سترہ چیتل مقرر ہے اور دوسرے درجے کے بڑھئی کو ایک گز کام کرنے پر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ایک دام چھ پیتل دئے جاتے ہیں۔

پنجارہ۔ غیر فصلی دو گز مکسر کام کرنے والے اول نمبر کے پنجارے کو اڑتالیس دام اور نمبر دوم کو چالیس دام دئے جاتے ہیں۔

آرہ کش۔ آرہ کش کو اجرت پر کام کے لئے شیشم کی لکڑی کی اجرت فی گز ڈھائی دام اور ساز کی لکڑی کی فی گز دو دام دی جاتی ہے۔ جو مزدور کہ تمام دن کے لئے لگائے جاتے ہیں اُن کو دو دام اجرت دی جاتی ہے۔ ہر آرے کے لئے تین آدمی مقرر کئے جاتے ہیں۔ ایک شخص اوپر اور دو نیچے مل کر آرے کو چلاتے ہیں بعض کے لئے صرف دو کافی ہوتے ہیں۔

بیلدار۔ اول نمبر کے بیلدار کو ساڑھے تین دام دوسرے درجے کے بیلدار کو تین دام روزانہ دئے جاتے ہیں۔ جو بیلدار قلعے کے کنگرے بنانے کے لئے مقرر کئے جاتے ہیں انھیں ایک گز دیوار بنانے کی اجرت چار دام ادا کی جاتی ہے اور زیور رکھنے والوں کو ایک گز کے لئے ڈھائی دام اور دوسری دیواریں بنانے کے لئے دو دام دئے جاتے ہیں۔ خندق کھودنے والے بیلداروں کو ایک گز زمین میں کام کرنے کی اجرت نصف دام ملتی ہے۔ ان مزدوروں کا گز بائیس مسوج کا ہوتا ہے۔

چاہ کن۔ اول نمبر کے چاہ کن ایک گز کھدائی کی اجرت دو دام پاتے ہیں۔ اور دوسرے تیسرے درجے کے چاہ کن کو ایک گز کے لئے ڈیڑھ دام ملتے ہیں۔

غوطہ خور۔ کنویں میں غوطہ لگانے والے۔ یہ لوگ کنویں صاف کرتے ہیں سردی کے زمانے میں چار دام اور گرمی کے موسم میں ۳ دام روزانہ ادا کئے جاتے ہیں۔ اگر یہ کام ٹھیکے پر کرایا جاتا ہے تو ایک گز گہرائی کے صاف کرنے کی اجرت دو روپے دئے جاتے ہیں۔

خشت تراش۔ اینٹ تراشنے والے۔ کھپریل بنانے والا۔ سنوا چکنے کھپریل بنانے کی اجرت آٹھ دام مقرر ہے۔

تابدان تراش (جالی تراشنے والے) فی گز سو دام اُسے دئے جاتے ہیں۔

بانس تراش۔ دو دام فی روزانہ اُس کی اجرت ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

چھپر بند۔ تین دام روزانہ کے حساب سے اجرت پاتا ہے۔ اگر یہ کام ٹھیکے پر کرایا جاتا ہے تو سو گز چھپر بافتہ بننے کی اجرت چوبیس دام ادا کی جاتی ہے۔

پاتل بند۔ چار گز کام کرنے کی اجرت ایک دام مقرر ہے۔

تکھیرئے۔ یہ لکڑی کی چیزوں پر لاکھ چڑھاتے ہیں۔ ان کی اجرت دو دام روزانہ مقرر ہے۔

آبکش۔ اوّل درجے کے آبکش کو تین دام اور دوسرے درجے کو دو دام دیئے جاتے ہیں۔

جو آبکش کہ معماروں کو چونا اور گارا بنانے کے لئے دیئے جاتے ہیں انھیں روزانہ دو دام ادا کئے جاتے ہیں۔

مکان تعمیر کرانے کی شرح اور اُس کا اندازہ

پتھر کی عمارت۔ بارہ گز کے لئے ایک کھری پتھر اور پچہتر من چونہ خرچ ہوتا ہے۔ اگر دیواروں پر سنگ سرخ چڑھاتے ہیں تو ایک گز کے لئے تیس من چونہ زائد صرف ہوتا ہے۔

خشتی عمارت۔ ایک گز تعمیر میں دو سو پچاس اینٹیں صرف ہوتی ہیں۔ ہر اینٹ کا وزن تین سیر کا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ آٹھ من چونہ اور دو من ستائیس سیر اینٹ کا چورہ خرچ ہوتا ہے۔

گلی عمارت۔ ایک گز تعمیر میں تین سو کچی اینٹیں لگائی جاتی ہیں۔ ہر اینٹ میں ایک سیر مٹی اور آدھ سیر پانی صرف ہوتا ہے۔

استر کاری۔ ایک گز استر کاری کرنے میں ایک من چونہ، دس سیر قلعی، چودہ سیر سرخی اور پاؤ بھر سن خرچ ہوتا ہے۔

سفید کاری۔ ایک گز سفید کاری کرنے میں دس سیر قلعی کا خرچ ہوتا ہے۔

گچ کاری۔ دیواروں اور چھتوں کے گچ کرنے میں دس سیر فی گز اور چینی خانے میں چھ سیر اور باورچی خانے میں دس سیر چونہ صرف ہوتا ہے۔ کھڑکیوں میں چوبیس سیر چونہ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ڈھائی سیر شیشہ اور چار سیر کاہی سریش خرچ ہوتی ہے۔

دیواروں پر کیگل چڑھانے اور چھتوں اور فرش زمین میں دس گز کے لئے اور اندرونی چھتوں اور دیواروں میں پندرہ گز کے لئے ایک من بھوسہ اور بیس من مٹی صرف ہوتی ہے

لاک۔ لاک اگر چغ پر چڑھائی جاتی ہے (چغ سے مراد جوایازی ہے) اگر سرخ رنگ کی ہوتی ہیں تو فی گز چار سیر لاک اور ایک سیر شنجرف خرچ ہوتی ہے اور اگر اس کا رنگ زرد ہوتا ہے تو چار سیر لاک اور ایک سیر ہڑتال صرف ہوتا ہے۔ اور اگر سیاہ رنگ سے رنگی جاتی ہے تو چار سیر لاک اور آٹھ سیر نیل صرف میں آتا ہے۔

تراشے کا اندازہ۔ ایک گز میں چوبیس طسوج ہوتے ہیں اور ایک طسوج چوبیس تسوانسہ کا اور ایک تسوانسہ چوبیس خام کا اور ایک خام چوبیس ذرّے کا ہوتا ہے۔ جس قدر مقدار میں لکڑی خرچ ہوتی ہے اس میں نیم سوائی تراشہ سمجھا جاتا ہے

شیشم کی لکڑی میں ۲۶ ½ سیر پندرہ ٹانک میں ایک طسوج۔ بیول ۲۳ ½ سیر پانچ دام سرس ۲۱ ½ سیر و پندرہ ٹانک، آنزو بیس سیر بیر میں ۲۸ ½ سیر۔ دیال میں ستروسیر بیس ٹانک۔

مختلف قسم کی لکڑیوں کا وزن

جہاں پناہ کی ہمہ گیر گوہر افزائی، شناسائی، قوت عملی نے بیشمار دانشمندانہ خیالات کی بنا پر مختلف قسم کی لکڑیوں کے وزن کا اندازہ کرنے پر توجہ فرمائی اور اس طرح دنیا کے بازار میں ایک نئی سرگرمی اور زیب و زینت پیدا کر دی۔ ہر قسم کی سوکھی لکڑی کا ایک گز لانبا اور ایک گز چوڑا تختہ علیحدہ علیحدہ ترازو پر رکھ کر تولا گیا۔ سب سے بھاری خنجک کا ٹکڑا اور سب سے ہلکا سفیدار کا پایا گیا۔ ہر قسم کی ایک مکعب گز لکڑی کا وزن جو تعمیر کے کام میں آتی ہے، مندرج ذیل ہے۔

نام	من	سیر	ٹانک	نام	من	سیر	ٹانک
۱-خنجک	۲۵	۱۴	۰	۲-املی	۲۴	۸ ¾	۲۵

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	من	سیر	طانک
۳- زیتون	۲۱	۲۴	۰
۴- بلوط	۲۱	۲۴	۰
۵- کھیر	۲۱	۱۶	۰
۶ کھرنی	۲۱	۱۶	۰
۷- پرسدہ	۲۰	۱۴	۱۷
۸- آبنوس	۲۰	۹	۲۰
۹- سین	۱۹	۳۲	۰
۱۰- یقم	۱۹	۲۱ ½	۱۰
۱۱- کھرہر	۱۹	۱۱ ¼	۲۵
۱۲- جھوہ	۱۸	۳۲ ½	۲
۱۳- چندنی	۱۸	۲۰ ½	۱۰
۱۴- پھلاہی	۱۸	۲۰ ½	۱۰
۱۵- صندل سرخ	۱۸	۴ ½	۱۰
۱۶- چمری	۱۸	۲	۷ ½
۱۷- چمرمری	۱۷	۱۶ ¼	۰
۱۸- عناب	۱۷	۵	۴
۱۹- سیون پنگ	۱۷	۱ ¾	۲۷
۲۰- ساندن	۱۷	۱	۲۸
۲۱- شمشاد	۱۶	۱۸	۲۵
۲۲- دھو	۱۶	۱	۱۰
۲۳- آنولہ	۱۶	۱ ½	۱
۲۴- کوہل	۱۶	۱	۱۰
۲۵- صندل	۱۵	۱۷	۲۰

نام	من	سیر	طانک
۲۶- سال	۱۵	۴ ¾	۷
۲۷- آبنوس	۱۴	۳۶ ½	۱۰

قبلۂ عالم اس لکڑی کو شاہ آلو کہتے ہیں اور ولایت میں یہ لکڑی ابربالو کے نام سے موسوم ہے۔

نام	من	سیر	طانک
۲۸- کیلاس	۱۴	۳۵ ½	۰
۲۹- بینب	۱۴	۳۲ ¼	۳۱
۳۰- ڈارہرد	۱۴	۳۲ ¼	۱۹
۳۱- بین	۱۴	۲۲ ¾	۰
۳۲- ببول	۱۴	۲۲ ¾	۰
۳۳- ساگون	۱۴	۱۰	۲۰
۳۴- بجی سار	۱۳	۳۴	۰
۳۵- پیلو	۱۳	۳۴	۰
۳۶- توت	۱۳	۲۵ ½	۱۵
۳۷- وھامن	۱۳	۲۵	۲۰
۳۸- یان براس	۱۳	۱۰ سیر ۱۰	۲۹ کم
۳۹- سرس	۱۲	۳۲	۲۱
۴۰- سیسون	۱۲	۳۴ ¼	۵
۴۱- فندق	۱۲	۲۲	۴
۴۲- چھوکر	۱۲	۱۷ ½	۲۲
۴۳- ردھی	۱۲	۱۷ ½	۲۲
۴۴- ہلدی	۱۲	۱۳ ½	۳۰
۴۵- کیم	۱۲	۱۲ ½	۳۰
۴۶- جامن	۱۲	۸	۲۲

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نام	من	سیر	طانک	نام	من	سیر	طانک
۴۷- فراسی	۱۲	۸	۲۲	۶۰- پیپل	۱۰	۱۰ ۱/۴	۲۱
۴۸- بڑ	۱۲	۳ ۱/۴	۲۵	۶۱- کٹھل	۱۰	۷ ۱/۲	۳۴
۴۹- کدنبہ	۱۱	۲۹	۰	۶۲- نگرودین	۱۰	۷ ۱/۲	۳۴
۵۰- چنار	۱۱	۲۹	۰	۶۳- ریہیرا	۱۰	۷	۳۰
۵۱- چار مغز	۱۱	۹ ۱/۴	۱۷	۶۴- پلاس	۹	۳۴	۱۰
۵۲- چمپا	۱۱	۹ ۱/۴	۱۷	۶۵- سرخ بید	۸	۲۵	۲۰
۵۳- بیر	۱۱	۴	۰	۶۶- آک	۸	۱۹ ۱/۴	۲۵
۵۴- انب	۱۱	۲	۲۰	۶۷- پینبل	۸	۱۳	۳۴
۵۵- پاپری	۱۱	۲	۲۰	۶۸- ببکائن	۸	۹	۳۰
۵۶- دیار	۱۰	۲۰	۰	۶۹- لسوڑا	۸	۹	۲۰
۵۷- بید	۱۰	۲۰	۰	۷۰- بید مکھ	۸	۹	۲۰
۵۸- کنبھیر	۱۰	۱۹ ۱/۲	۲	۷۱- انڈ	۷	۷	۳۱
۵۹- چڑھ	۱۰	۱۹ ۱/۲	۲	۷۲- سفیدار	۶	۷ سیر میں	۲۳ ۱/۲ دام

مذکورۂ بالا اوزان میں ایک سیر ۲۸ دام کا سمجھا گیا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دفتر دوم

در سپاہ آبادی

آئین (۱)

شاہی فوج کے مختلف مدارج اور سپاہ کی تقسیم

جہاں پناہ اپنی بہترین رائے و عمدہ مشورے سے شاہی فوج کی رہنمائی فرماتے رہتے ہیں اور مختلف طریقوں سے ان میں نافرمانی کا مادہ پیدا نہیں ہونے دیتے۔ دولت آرائی فوج کی کثرت کی وجہ سے قبلۂ عالم نے اس طبقے کو مختلف مدارج میں تقسیم فرما کر فتنہ انگیز دنیا کو سکون و امان کی برکات سے مستفید فرمایا۔

فوج کے بعض حصے راست باد شاہ سلامت کی نگرانی میں رہتے ہیں جن سے وہ بہت زیادہ خدمت نہیں لیتے اور بے شمار وحشی قبائل کو تہذیب و نیک بختی کی راہ پر لے آئے ہیں

ممالک محروسہ کے صرف زمینداروں کی فوج کی تعداد چار لاکھ چار سو سے کچھ زائد ہے جیسا کہ بعد میں بیان کیا جائے گا۔ فوج کے چند رسالوں کے گھوڑوں پر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

شاہی داغ لگائے گئے۔ قبلۂ عالم نے ان دستوں کو مختلف مدارج میں تقسیم فرمایا اور چہرہ نویسی کا قانون جاری فرما کر تازہ رونق بخشی

سپاہیوں کا ایک گروہ ایک ہی افسر کی ماتحتی و اطاعت گزاری میں رکھا گیا۔ چونکہ یہ جماعت خوش اسلوبی سمجھنے کے لئے بیحد موزوں ہے اس لئے مذکورہ جماعت کے افراد احدی کے نام سے موسوم کئے گئے۔ قبلۂ عالم نے ایک گروہ میں سرداری کی قابلیت دیکھ کر اُن کو افسر و حاکم مقرر کیا۔

بے شمار اشخاص فوجی خدمتوں کے لائق تھے لیکن مفلسی و ناداری کی وجہ سے یہ کام انجام نہ دے سکتے تھے۔ قبلۂ عالم نے ان کی سواری کے اخراجات کا انتظام کیا اور ان کے مصارف کے لئے زمینیں عطا کیں اور یہ سوار گھوڑوں پر شاہی داغ لگانے سے مستثنیٰ کئے گئے۔

ایرانیوں اور تورانیوں کو پچیس روپے اور ہندوستانیوں کو بیس روپے ماہوار عطا کئے گئے۔ جو اشخاص خالصے کی خدمت پر مامور کئے گئے اُن کو پندرہ روپے ماہوار مرحمت ہوئے اور ان فوجیوں کا نام برآوردی رکھا گیا۔

بعض افسروں کے لئے سپاہیوں کا جمع کرنا مشکل و تکلیف دِہ کام تھا ایسے حکام کو نقش پذیر سپاہی عطا کئے گئے اور یہ گروہ داغلی کے نام سے موسوم کیا گیا۔

دس ہزاری امیروں کی ماتحتی میں ایک ہزاری تک اور ہشت ہزاری کی ماتحتی میں آٹھ صدی تک اور ہفت ہزاری کی ماتحتی میں سات صدی تک اور پنج ہزاری کی ماتحتی میں پانچ صدی تک اور پنج صدی کی ماتحتی میں یک صدی امرا تک فوجی خدمات انجام دینے کے لئے مقرر کئے گئے۔ مذکورۂ بالا امیروں سے کم مرتبہ منصبدار اعلیٰ امیر نہیں سمجھے جاتے۔ بعض منصبداروں کو امدادی سپاہی عطا ہوئے اور یہ سوار کمکی کے نام سے موسوم ہوئے۔ آجکل داغ اندوزی کا بہت رواج ہے اور جو سپاہی داغ شدہ گھوڑوں پر سوار ہوتے ہیں اُنھیں کو فوقیت دی جاتی ہے اور یہی سوار لشکر کے بہترین سپاہی سمجھے جاتے ہیں۔

جہاں پناہ کی اصل غرض یہ ہے کہ سپاہی گھوڑوں کو نہ عاریت دے سکیں اور نہ اُن کو کسی کم دوسرے مرتبہ جانور سے بدل سکیں اور نیز یہ کہ شاہی گھوڑوں کی پوری خدمت

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اور اُن کی حفاظت کریں۔

قبلۂ عالم کو معلوم ہے کہ طمع انسان کو اس قدر اندھا کر دیتی ہے کہ وہ نقصان کو نفع سمجھنے لگتا ہے۔ جہاں پناہ کے ابتدائی عہد حکومت میں جبکہ قبلۂ عالم عام طور پر رعایا کے سامنے جلوہ فرما نہ ہوتے تھے بیشمار شاہی ملازمین نے خیانت۔ بے ایمانی کو اپنا شعار بنا رکھا تھا خدام پر کوئی نگرانی نہ تھی اور شاگرد پیشہ ملازمت میں داخل ہونے کے بعد ہر قسم کی نگرانی اور نقصان کے خوف سے آزاد ہو کر بدکردار بن جاتے تھے۔

کمینہ وطمع دار اشخاص اپنے عمدہ گھوڑے فروخت کر کے یا تو پیادوں میں شامل ہو کر زندگی بسر کرتے تھے یا عمدہ جانور کے عوض کم مرتبہ گھوڑا جو بظاہر خیر معلوم ہوتا تھا خرید کر لاتے اور سواروں میں شامل ہو جاتے تھے۔

یہ اشخاص بے وفائی میں کامل اور تنخواہ طلب کرنے میں بیحد لفاظ و بیہودہ گو تھے یہاں تک کہ بعض وقت معاملہ اس قدر بڑھ جاتا کہ یا تو اپنی ناخوشی کا اظہار کرتے یا جنگ آزمائی کے لئے تیار ہو جاتے تھے۔

جہاں پناہ نے آئین چہرہ نویسی جاری کیا اور اسی قاعدے کی بنا پر تنخواہوں کا ادا کرنا منحصر رکھا۔ اس آئین نے نافرمانی و خود غرضی کو دور کیا اور فوجی کاروبار میں تنظیم پیدا ہوئی۔

پیشتر جانوروں کی داغ اندوزی کا آئین نہ تھا کیونکہ لوگ اپنی نادانی کی وجہ سے داغ دہی کو جانوروں کی آزار رسانی سمجھتے تھے۔

قاعدہ ہے کہ حریص وطمع دار اشخاص نیک و بد میں تمیز نہیں کر سکتے۔ ان افراد میں نہ خود داری پائی جاتی ہے اور نہ اُن کو مالک کی عزت اور اُس کے ساتھ وفاداری کا خیال ہوتا ہے اس طرح کے انسان اپنے ذاتی اغراض کو مدنظر رکھ کر ہر بد کام کو اس طرح رونق دیتے ہیں کہ وہ ترقی دراصل تباہی ثابت ہوتی ہے۔ اسی بنا پر بعض شامت زدہ اشخاص نے بُری عادات اختیار کر کے کج روی کو اپنا شعار بنایا جس کی وجہ سے فوج میں بدانتظامی و بے قاعدگی پیدا ہو گئی۔ اور گھوڑوں کو عاریتاً ایک دوسرے کو دینا سواروں کا عام مشغلہ ہو گیا۔

جہاں پناہ نے یہ حال دیکھ کر چہرہ نویسی کے علاوہ داغ اندوزی کا قانون بھی

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جاری فرمایا۔ نادان و گم کردہ راہ افراد کو حقیقت کا راستہ ملا، اور اس طرح یہ اشخاص بھی انجام بین و عاقبت اندیش ہو گئے۔ کمینہ خصلت افراد کو خود داری کی تعلیم دی گئی اور ان میں انسانیت و مہر و محبت پیدا ہوئی۔ افسردہ دل حریص لوگ تونگر بن گئے فوج میں جب ترتیب و تنظیم ہوئی، اور شاہی خزانہ بھی معمور ہوا۔ یہ ہیں وہ نتائج، جو فہم و فراست اور قوت عمل کے ذریعے سے پیدا کئے جاتے ہیں۔

گھوڑوں کو داغنا بظاہر تو اُن کے لئے تکلیف دہ معلوم ہوتا ہے لیکن اس کے فوائد پر غائر نظر ڈالنے سے عقلمند افراد کے دل و دماغ کو سکون و مسرت حاصل ہوتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲)

لشکر کے جانور

سنہ جلوس کے اٹھارھویں سال جہاں پناہ نے داغ اندوزی کا طریقہ جاری فرمایا۔ مختلف اشخاص کے مراتب میں پسندیدہ امتیاز پیدا ہوا اور جانوروں کے مدارج مقرر کئے گئے۔ ہر جاندار کی ضروریات زندگی کی فہرست مرتّب کی گئی۔ اور بہترین قانون اس بارے میں نافذ ہوا۔

قبلۂ عالم نے ہر شے کی گرانی و ارزانی کو پیش نظر رکھ کر ہر امر میں مسیاندروی اختیار کی۔ حساب و کتاب کی باضابطہ نگرانی شروع ہوئی اور اس کے لئے عمدہ قوانین وضع فرمائے گئے۔ فوج کے بخشی سفارش کے گراں بوجھ سے آزاد ہوئے۔ اور ہر طرف چین و آرام کا دور دورہ ہوا۔

گھوڑے سات قسموں میں تقسیم کئے گئے اور ہر قسم کی روزانہ خوراک مقرر کی گئی۔ گھوڑوں کی سات قسمیں مندرج ذیل ہیں۔

عربی، عراقی، مجنس، ترکی، یابو، تازی اور جنگلہ۔

پہلا درجہ عربی گھوڑوں کا یا ان جانوروں کا ہے جو رفتار و نزاکت و قد و قامت میں عربی گھوڑوں کی مثل ہیں۔ ان کے اخراجات کے لئے ۷۲۰ دام ماہوار مقرر کئے گئے۔ ان گھوڑوں کو چھ سیر دانہ روزانہ دیا جاتا ہے (ہر جانور کی برآمد و خوراک میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دانے کی قیمت فی من بارہ دام لکھی گئی) ۲½ دام گھی کے لئے۔ ۲ دام شکر کے لئے۔ اور تین دام گھاس کے لئے مقرر کئے گئے۔ اس کے علاوہ جل، ارتنگ، ایال پوش، تنگ، جیسے جہاں پناہ (فراخی) کہتے ہیں گدی، تختہ بند، قفیرہ، جسے عام لوگ قائزہ کہتے ہیں، مورچھل، تولیہ، پائے بند و تسمہ وغیرہ کے لئے ستر دام ماہوار کا خرچ منظور ہوا۔ یہ رقم خرچ یراق اسپہ کے نام سے درج کی گئی۔ ۶۰ دام ہر مہینے زین و لگام کے لئے اور ہر دوسرے مہینے میخ و نعل بندی کے لئے، دام ماہوار ادا کرنے کا حکم ہوا۔ سائیس کی تنخواہ ۳۶ دام ماہوار مقرر کی گئی۔ لیکن اگر کوئی شخص دو گھوڑوں کی خدمت کرتا ہے تو اُسے دُگنی تنخواہ ملتی ہے۔ اس گھوڑے کے اخراجات میں جملہ ۴۷۹ دام خرچ ہوتے ہیں۔

اس کے بعد جہاں پناہ نے سپاہیوں کی فارغ البالی اور اُن کے اطمینان پر نظر فرمائی اور تنخواہوں میں ۸۱ دام کا مزید اضافہ فرمایا۔ جس زمانے میں کہ روپے کی قیمت ۳۵ دام ہو جاتی ہے اور شاہی حکم سے اُس کی قیمت وہی چالیس دام سمجھی جاتی تھی تو ۸۰ دام کا اضافہ اور منظور کیا جاتا ہے۔ یہ چاندی کا سکہ قلعے کے لین دین میں ہمیشہ چالیس دام کا سمجھا جاتا ہے۔ اس کے بعد ہر قسم کے گھوڑے کے لئے اخراجات میں دو روپے اسّی دام کا اور اضافہ کیا جاتا ہے۔ اس اضافے سے جنگلے کی قسم محروم رہتی ہے اور اس زمانے میں جنگلہ گھوڑوں کے حساب و کتاب کا داخلہ ہی نہیں ہوتا۔

دوسری قسم کا گھوڑا عراق عجم سے آتا ہے، اس گھوڑے کو عراقی کہتے ہیں عراقی گھوڑے یا ان سے رفتار و صورت میں مشابہ جانور کے اخراجات کے لئے ۶۸۰ دام ماہوار عطا ہوتے ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

اس رقم میں چار سو آٹھاون دام کے ضروری اخراجات ہیں۔ یہ رقم عراقی گھوڑے کی رقم سے ۲۱ دام کم ہے۔ اس طرح پر کہ ۱۰ دام کی کمی یراق میں ہے اور دس دام زین و لگام اور ایک دام نعل بندی میں کم ہے۔ پہلا اضافہ ۶۷ دام کا دوسرا ۷۵ دام اور تیسرا ۸۰ دام کا منظور ہوا۔

تیسری قسم گھوڑوں کی مجنس ہے۔ یہ جانور قد و قامت وغیرہ میں عراقی گھوڑوں کے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مشابہ ہوتے ہیں ان میں سے اکثر ترکی و عراقی نسل کے میل سے تیار ہوتے ہیں۔
ان کا ماہوار خرچ ۵۶۰ دام ہے۔ اس رقم میں ۳۵۸ دام ضروریات زندگی کے لئے ہیں۔
ان گھوڑوں کے اخراجات میں عراقی جانوروں کے مصارف سے ۱۰۰ دام کی
کمی ہے، جس کی تفصیل یہ ہے کہ تیس تیس دام شکر اور زین و لگام میں کم ہیں، اور
پندرہ دام کی روغن میں، اور تین دام کی سائیس کی تنخواہ میں، دو دام کی نعل بندی میں
کمی ہے۔ ان جانوروں کے لئے ۲۷ دام کا پہلی مرتبہ اور پچاس دام کا دوسری بار
اور ۸۰ دام کا تیسری بار اضافہ منظور کیا گیا۔

چوتھی قسم ترکی۔ اس قسم کے گھوڑے توران سے لائے جاتے ہیں۔
ترکی گھوڑے اگرچہ طاقتور و بلند قامت ہوتے ہیں، لیکن پھر بھی مجنس جانوروں
کے ہم پلہ نہیں ہوتے۔ اس گھوڑے کا ماہوار خرچ ۴۸۰ دام ہے، جس میں
۲۹۸ دام ما یحتاج زندگی کے لئے ہیں۔ مجنس جانوروں کے ماہواری مصارف
سے یہ رقم ۶۰ دام کم ہے، یعنی تیس تیس دام کی شکر اور گھاس میں کمی ہے، اور دس دام
یراق کے اخراجات میں، چار دام زین و لگام میں، دو دام نعل بندی اور گھی میں کم ہیں۔
لیکن ان جانوروں کی خوراک میں دو سیر غلّے کا اضافہ کیا گیا ہے، جس سے ۸۰ دام
ماہوار کا خرچ بڑھ گیا ہے اور شکر میں کمی کر دی گئی ہے۔
مصارف میں پہلا اضافہ ۵۲ دام کا، دوسرا پچاس دام کا اور تیسرا ۸۰ دام کا
منظور ہوا ہے۔

پانچویں قسم یابو کی ہے۔ یہ گھوڑے بھی توران میں تیار کئے جاتے ہیں۔
لیکن وہ طاقت اور قد و قامت میں مجنس سے کم رتبہ ہوتے ہیں اور ان کے
حرکات و سکنات بھی اکثر خراب ہوتے ہیں۔ یہ گھوڑے ترکی نر اور اس سے
کم مرتبہ مادہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ اس گھوڑے کے ماہواری اخراجات میں
۴۰۰ دام صرف ہوتے ہیں، جن میں سے ۲۳۹ دام ضروریات زندگی کے لئے
ناگزیر ہیں، اس کے اخراجات ترکی گھوڑے کے مصارف سے ۵۶ دام
کم ہوتے ہیں یعنی اٹھائیس دام کی کمی گھی میں اور پندرہ دام کی سائیس کی تنخواہ میں،
اس کے علاوہ یراق میں دس دام اور زین و لگام میں چھ دام کم ہوتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اس گھوڑے کے مصارف میں اول مرتبہ ۱۴ دام کا، دوسری دفعہ چالیس دام اور تیسری بار ۸۰ دام کا اضافہ منظور کیا گیا۔

چھٹی اور ساتویں قسمیں ہندی نژاد ہیں جس میں سے بہترین کو تازی، متوسط کو جنگلہ اور سب سے کم مرتبہ جانور کو ٹٹو کہتے ہیں۔

عمدہ گھوڑیاں تازی جانوروں میں شمار کی جاتی ہیں اور دوسری قسم کی گھوڑیاں جنگلے کی قسم میں داخل کی جاتی ہیں۔

تازی کا ماہوار خرچ ۳۲۰ دام ہے جس میں سے ۱۸۸ احتیاج کے لئے ہیں اس کے مصارف یابو سے ۵۱ دام کم ہیں، یعنی ۱۸ دام کی غلّے میں (اس لئے کہ ان کی خوراک کی قیمت فی دام چھ سیر ہے) پندرہ دام کی گھاس میں، دس دام کی گھی اور شکر میں اور آٹھ دام کی یراق میں کمی ہے۔ اس کا پہلا اضافہ ۲۲ دام کا، اور دوسرا تیس دام اور تیسرا اسّی دام کا منظور فرمایا گیا۔

جنگلہ کے مصارف میں ۲۴۰ دام ہر ماہ صرف ہوتے ہیں جن میں سے ۱۴۵ ½ دام ضروریات زندگی کے لئے لازمی ہیں۔ اس گھوڑی کے مصارف میں تازی جانور کے اخراجات سے ۴۲ ½ دام ماہوار کی کمی ہے یعنی (پانچ سیر دانہ اُسے روزانہ دیا جاتا ہے) گھاس میں پندرہ دام، دانے میں نو دام، گھی اور گڑ میں چھ دام۔ ساز و سامان میں ۴ ½ دام اور نعل بندی میں دو دام کم ہیں۔ اس جانور کا پہلا اضافہ ۳۹ ½ دام، اور دوسرا پچیس دام کا اور تیسرا چالیس دام کا منظور کیا گیا ہے۔

پہلے زمانے میں خچر تازی گھوڑوں میں شمار کئے جاتے تھے لیکن اب انھیں جنگلے میں داخل کر دیا گیا ہے۔ ٹٹو کا ماہوار خرچ ۶۰ دام ہے لیکن اب یہ قسم قطعاً نظر انداز کر دی گئی ہے۔

ہاتھی۔ داغ اندوزی کے لحاظ سے شاہی ہاتھیوں کی سات قسمیں ہیں۔ مست، شیر گیر، سادہ، منجھولہ، کرہ، پھنڈر کیہ، موکل۔

فیل خانے سے زیادہ کسی دوسرے شاہی سررشتے میں جانوروں کی اس قدر شاخ در شاخ قسمیں نہیں ہیں۔

مست۔ اس جانور کا ماہوار خرچ ۱۳۲۰ دام ہیں، اس کو روزانہ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ڈھائی من غلّہ دیا جاتا ہے۔ کسی ہاتھی کی خدمت کے لئے تین سے زیادہ ملازم مقرر نہیں ہیں یعنی مہاوت، بھوئی اور میٹھ۔ مہاوت کی تنخواہ ۱۲۰ دام ماہوار ہے اور بھوئی اور میٹھ دونوں کو نوّے نوّے دام ہر مہینے دئے جاتے ہیں۔ اس جانور کے اخراجات میں ۱۲۰ دام کا اضافہ منظور کیا گیا ہے۔ شروع میں ہاتھی کو داغ دیا جاتا تھا، لیکن آجکل اس آئین میں تغیّر کر دیا گیا ہے۔

شیر گیر۔ اس ہاتھی کے مصارف میں ۱۱۱۰ دام ماہوار خرچ ہوتے ہیں۔ یہ رقم اوّل قسم کے مصارف سے ۲۲۰ دام کم ہے۔ شیر گیر کو دو من غلّہ روزانہ دیا جاتا ہے جس سے ۱۸۰ دام ماہوار کا خرچ کم ہو جاتا ہے، اسی طرح مہاوت اور بھوئی وغیرہ کی تنخواہوں میں بھی پندرہ پندرہ دام کی کمی ہے۔ جہاں پناہ نے اس جانور کے اخراجات میں ۱۲۰ دام کا اضافہ منظور فرمایا ہے۔

سادہ۔ اس جانور کا ماہوار خرچ ۸۰۰ دام ہے جو شیر گیر کے اخراجات کی رقم سے ۳۰۰ دام کم ہے۔ سادہ ہاتھی کو ½ اَمن غلّہ روزانہ دیا جاتا ہے جس سے ۸۰ دام کی ہر مہینے بچت ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ ۳۰ دام میٹھ کی تنخواہ میں اور پندرہ پندرہ داموں کی بھوئی اور مہاوت کی تنخواہوں میں کمی ہے۔ اس کے اخراجات میں ۵۰ دام کا اضافہ منظور ہوا ہے۔

منجھولہ۔ اس جانور کے اخراجات ۶۰۰ دام ماہوار ہیں۔ منجھولہ ہاتھی کو ایک من غلّہ روزانہ دیا جاتا ہے۔ منجھولہ اور سادہ ہاتھیوں کے اخراجات میں کمی و بیشی کا وہی معیار ہے جو سادہ اور شیر گیر کے درمیان قرار دیا گیا ہے۔

کرہہ ہاتھی۔ اس کے اخراجات ۴۲۰ دام ہیں اور اس کی خوراک ۳۰ سیر روزانہ ہے۔ اس لئے اس کے اخراجات میں منجھولہ ہاتھی کے مصارف سے ۳۰ دام ماہوار کی کمی غلّے میں اور پندرہ دام کی کمی مہاوت کی تنخواہ میں ہے۔ کرہہ کے لئے بھوئی مقرر نہیں کیا گیا ہے۔ اس جانور کے مصارف میں ۶۰ دام ماہوار کا اضافہ منظور کیا گیا ہے۔

پھنڈر کیہ۔ اس کا خرچ ۳۰۰ دام ماہوار ہے اور اس کو پندرہ سیر غلّہ روزانہ دیا جاتا ہے جس سے ۱۳۵ دام ماہوار کی کمی ہوتی ہے۔ اس جانور کی خدمت کے لئے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ہر خیمہ ایک ملازم مقرر ہے جسے ۶۰ دام ماہوار دیئے جاتے ہیں۔ اس کے اخراجات میں ۱۰۵ دام کا اضافہ منظور ہے۔

سوکل پہلے کسی شمار میں نہ تھے لیکن اب یہ بھی ہاتھی کے مختلف مدارج میں داخل کرنے کے لائق سمجھے جاتے ہیں۔ ان کے اخراجات میں ۲۸۰ دام ماہوار صرف ہوتے ہیں۔

ہاتھیوں کے عام مصارف اور اخراجات دام میں شمار کئے جاتے ہیں۔ اور روپے سے حساب و کتاب نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ شمار و تعداد میں کسی طرح کی کمی نہیں واقع ہوتی۔

اونٹ۔ ہر اونٹ کا ماہوار خرچ ۲۴۰ دام ہیں اور چھ سیر غلّہ روزانہ دیا جاتا ہے۔ گھاس کے لئے ایک دام ساز و سامان کے لئے ۲۰ دام اور شتربان کی تنخواہ کے لئے ۶۰ دام کی منظوری ہے۔ اس کے اخراجات میں ۵۸ دام کا اضافہ کر دیا گیا ہے اور جب روپے کی قیمت ۴۰ دام ہو جاتی ہے تو ۲۰ دام کا مزید اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔

بیل۔ اس کا ماہوار خرچ ۱۲۰ دام ہے اور چار سیر روزانہ غلّہ دیا جاتا ہے۔ گھاس کے لئے ایک دام اور ساز کے واسطے چھ دام مقرر ہیں۔ اس کے اخراجات میں ۳۸ دام کا اضافہ منظور کیا گیا ہے۔ جب روپے کی قیمت بڑھ جاتی ہے تو ۱۰ دام اور زیادہ کر دیئے جاتے ہیں۔

عرابہ (بیل گاڑی یا چھکڑا) ہر عرابے کا ماہوار خرچ ۶۰۰ دام ہے۔ یعنی ۴۸۰ دام کی چار بیلوں کے لئے منظوری دی گئی ہے اور ۱۲۰ دام مصالح اور گاڑی کی مرمت و آسائش کے سامان کے لئے منظور کئے گئے ہیں۔ ہاتھی اور عرابے سوا منصبداروں کے اور کسی شخص کو نہیں دیئے جاتے۔

(۴)

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بقیۂ جدول مناصب

مناصب		سی هزاری	بیست و نهصدی	بیست هزاری	نوزده هزاری	هجده هزاری	سی و پنج هزاری	سی و چهار هزاری	سی و سه هزاری	سی و دو هزاری	سی و یک هزاری
	عراقی	۲۹	۲۸	۲۷	۲۶	۲۷	۲۶	۲۶	۲۵	۲۵	۲۳
	مجنس	۲۸	۲۷	۲۷	۲۶	۲۷	۲۶	۲۶	۲۵	۲۵	۲۳
	ترکی	۵۹	۵۸	۵۶	۵۳	۵۴	۵۳	۵۱	۴۹	۵۰	۴۷
	یابو	۵۹	۵۸	۵۶	۵۳	۵۴	۵۳	۵۱	۴۸	۵۰	۴۷
	تازی	۵۸	۵۷	۵۶	۵۳	۵۴	۵۳	۵۱	۴۸	۵۰	۴۷
	جنگله	۵۸	۵۶	۵۵	۵۳	۵۴	۵۳	۵۱	۴۷	۴۹	۴۶
فیل	شیرگیر	۱۷	۱۶	۱۶	۱۶	۱۶	۱۶	۱۶	۱۶	۱۶	۱۶
	ساده	۲۷	۲۶	۲۶	۲۴	۲۵	۲۴	۲۳	۲۳	۲۳	۲۳
	منجهوله	۱۹	۱۹	۸	۱۸	۱۸	۱۸	۱۸	۱۷	۱۷	۱۷
	کوهیه	۱۶	۱۶	۱۶	۱۵	۱۵	۱۵	۱۵	۱۴	۱۵	۱۴
	پنج کوهیه	۷	۷	۶	۶	۶	۶	۶	۶	۶	۵
ارابه و قاطر	شتر	۳۶۶۹ قطار	۶۸ گاری	۶۵ گاری	۶۳ گاری	۶۵ گاری	۶۳ گاری	۶۲ گاری	۵۹ گاری	۳۶۷۰ گاری	۵۶
	خچر	۱۸ قطار	۳۶۱۷ گاری	۳۶۱۷ گاری	۳۶۱۶ گاری	۱۷ گاری	۳۶۱۶ گاری	۳۶۱۶ گاری	۳۶۱۵ گاری	۳۶۱۵ گاری	۱۵
	عرابه	۱۳۹ قطار	۱۳۶ گاری	۱۳۳ گاری	۱۳۰ گاری	۱۳۰ گاری	۱۲۷ گاری	۱۲۴ گاری	۱۱۸ گاری	۱۲۱ گاری	۱۱۲
انعام	اوّل	۲۴۴۰۰ روپے	۲۳۹۰۰	۲۲۸۰۰	۲۲۰۰۰	۲۱۴۰۰	۲۰۸۰۰	۲۰۲۰۰	۱۹۶۰۰	۱۹۰۰۰	۱۸۶۰۰
	دوم	۲۴۰۰۰ روپے	۲۳۴۰۰	۲۳۴۰۰	۲۱۸۰۰	۲۱۲۰۰	۲۰۶۰۰	۲۰۰۰۰	۱۹۴۰۰	۱۸۸۰۰	۱۸۴۰۰
	سوم	۲۳۶۰۰ روپے	۲۳۳۰۰	۲۲۳۰۰	۲۱۶۰۰	۲۱۱۰۰	۲۰۵۰۰	۱۹۹۰۰	۱۹۳۰۰	۱۸۷۰۰	۱۸۳۰۰

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بقیۂ جدول مناصب

	مناصب	سہ ہزاری	سہ ہزاری دو صدی	سہ ہزاری یک صدی	سہ ہزاری	دو ہزار نہ صدی	دو ہزار پنجاہ صدی	دو ہزار	دو ہزار پنجاہ صدی	دو ہزار یک صدی	دو ہزار
سپاہ	عراقی	۲۲	۲۱	۲۰	۲۰	۱۹	۱۸	۱۷	۱۷	۱۷	۱۷
	مجنس	۲۲	۲۱	۲۰	۲۰	۱۹	۱۸	۱۷	۳۴	۳۴	۳۳
	ترکی	۴۵	۴۴	۴۳	۴۰	۳۹	۳۸	۳۷	۳۶	۱۷	۱۷
	یابو	۴۵	۴۴	۴۲	۴۰	۳۹	۳۸	۳۷	۳۶	۳۴	۳۳
	تازی	۴۴	۴۲	۴۱	۴۰	۳۹	۳۸	۳۷	۳۵	۳۴	۳۳
	جنگلہ	۴۳	۴۲	۴۰	۴۰	۳۹	۳۸	۳۷	۳۵	۳۴	۳۳
فیل	شیرگیر	۱۵	۱۵	۱۵	۱۵	۱۵	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۲
	سادہ	۲۲	۲۱	۲۰	۲۰	۱۹	۱۸	۱۷	۱۵	۱۴	۱۳
	منجھولہ	۱۷	۱۷	۱۷	۱۶	۱۶	۱۴	۱۳	۱۲	۱۲	۱۱
	کربیہ	۱۴	۱۴	۱۴	۱۴	۱۳	۱۲	۱۱	۱۱	۱۰	۱۰
	پھندکیہ	۵	۵	۵	۵	۴	۳	۳	۳	۲	۲
اسپ و شتر	شتر	۳۵۴ و ۳ قطار	۵۳ ۵	۵۱ و ۳	۵۰ ۵	۴۸ ۵	۴۶ ۵	۴۴ ۵	۴۲ ۵	۴۰ ۵	۳۸ ۵
	خچر	۱۵ ۵	۱۴ و ۳	۱۴ و ۲	۱۴ ۵	۱۳ و ۱	۱۲ و ۲	۱۱ و ۳	۱۰ و ۴	۱۰ ۵	۹ و ۲
	عرابہ	۱۰۹ ۵	۱۰۶ ۵	۱۰۳ ۵	۱۰۰ ۵	۹۶ ۵	۹۲ ۵	۸۸ ۵	۸۴ ۵	۸۰ ۵	۷۶ ۵
نقد	اوّل	۱۸۲۰۰ روپے	۱۷۸۰۰ ؍	۱۷۴۰۰ ؍	۱۷۰۰۰ ؍	۱۶۴۰۰ ؍	۱۵۸۰۰ ؍	۱۵۲۰۰ ؍	۱۴۶۰۰ ؍	۱۴۶۰۰ ؍	۱۳۶۰۰ ؍
	دوم	۱۸۰۰۰ ؍	۱۷۶۰۰ ؍	۱۷۲۰۰ ؍	۱۶۸۰۰ ؍	۱۶۲۰۰ ؍	۱۵۶۰۰ ؍	۱۵۰۰۰ ؍	۱۴۴۰۰ ؍	۱۴۴۰۰ ؍	۱۳۴۰۰ ؍
	سوم	۱۷۹۰۰ ؍	۱۷۵۰۰ ؍	۱۷۱۰۰ ؍	۱۶۷۰۰ ؍	۱۶۱۰۰ ؍	۱۵۵۰۰ ؍	۱۴۹۰۰ ؍	۱۴۳۰۰ ؍	۱۴۳۰۰ ؍	۱۳۳۰۰ ؍

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بقیۂ جدول مناصب

	مناصب	دو هزار سد صدی	دو هزار دو صدی	دو هزار یک صدی	دو هزاری	هزار و نه صدی	هزار و هشت صدی	هزار و هفت صدی	هزار و شش صدی	هزار و پانصدی	هزار و چهار صدی
اسپ	عراقی	۱۶	۱۶	۱۵	۱۵	۱۴	۱۴	۱۴	۱۳	۱۲	۱۲
	مجنس	۱۶	۱۶	۱۵	۱۵	۱۴	۱۳	۱۳	۱۳	۱۲	۱۲
	ترکی	۳۳	۳۲	۳۱	۳۰	۲۹	۲۸	۲۷	۲۶	۲۴	۲۴
	یابو	۳۳	۳۲	۳۱	۳۰	۲۹	۲۸	۲۷	۲۶	۲۴	۲۴
	تازی	۳۲	۳۱	۳۱	۳۰	۲۹	۲۸	۲۷	۲۵	۲۴	۲۳
	جنگله	۳۲	۳۱	۳۱	۳۰	۲۹	۲۹	۲۷	۲۵	۲۴	۲۳
فیل	شیرگیر	۱۲	۱۱	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۹	۹	۸	۸
	ساده	۱۲	۱۲	۱۲	۱۲	۱۲	۱۱	۱۱	۱۰	۱۰	۱۰
	منجهوله	۱۰	۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹	۸	۸
	گربه	۱۰	۹	۹	۷	۷	۷	۷	۷	۷	۷
	پهندگیه	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲
اشتر و ارابه	شتر	۳۶ قطار	۳۴	۳۲	۳۰	۲۸ و ۲/۳	۲۷ و ۲/۳	۲۶ و ۲/۳	۲۵ و ۲/۳	۲۴ و ۲/۳	۲۳ و ۲/۳
	خچیر	۴ و ۲/۳	۱ و ۲/۳	۱ و ۲/۳	۷	۳ و ۲/۳	۱ و ۲/۳	۴ و ۲/۳	۲ و ۲/۳	۵	۴ و ۲/۳
	عرابه	۷۲	۶۸	۶۴	۶۰	۵۸	۵۶	۵۴	۵۲	۵۰	۳۹
گاو	اول	۱۳۲۰۰ دینار	۱۲۸۰۰ دینار	۱۲۴۰۰ دینار	۱۲۰۰۰ دینار	۱۱۷۵۰ دینار	۱۱۴۰۰ دینار	۱۱۲۲۵ دینار	۱۰۶۰۰ دینار	۱۰۰۰۰ دینار	۹۶۰۰ دینار
	دوم	۱۳۰۰۰ دینار	۱۲۶۰۰ دینار	۱۲۲۰۰ دینار	۱۱۹۰۰ دینار	۱۱۶۵۰ دینار	۱۱۳۵۰ دینار	۱۱۰۰۰ دینار	۱۰۴۰۰ دینار	۹۸۰۰ دینار	۹۴۰۰ دینار
	سوم	۱۲۹۰۰ دینار	۱۲۵۰۰ دینار	۱۲۱۰۰ دینار	۱۱۸۰۰ دینار	۱۱۴۵۰ دینار	۱۱۳۰۰ دینار	۱۰۸۰۰ دینار	۱۰۲۰۰ دینار	۹۷۰۰ دینار	۹۳۰۰ دینار

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بقیۂ جدول مناصب

	مناصب	هزار و سه صدی	هزار و دو صدی	هزار و صدی	هزاری	نهصدی	هشتصد صدی	هفتصد صدی	ششصدی	پانصدی	چهارصد و پنجاه ہی
	عراقی	۱۲	۱۱	۱۱	۱۰	۱۰	۱۰	۶	۵	۴	۴
	مجنس	۱۲	۱۱	۱۱	۱۰	۱۰	۹	۸	۷	۷	۶
	ترکی	۲۳	۲۲	۲۲	۲۱	۲۰	۱۷	۱۳	۱۱	۸	۸
اسپ	یابو	۲۳	۲۲	۲۲	۲۱	۲۰	۱۷	۱۳	۹	۸	۸
	تازی	۲۳	۲۲	۲۱	۲۱	۲۰	۹	۱۴	۴	۴	۴
	جنگله	۲۲	۲۲	۲۱	۲۱	۲۰	۱۳	۷	۴	۳	۳
	شیرگیر	۸	۷	۷	۷	۷	۷	۴	۴	۴	۳
	ساده	۱۰	۹	۹	۸	۸	۸	۵	۳	۱	۲
فیل	منجهوله	۷	۷	۷	۶	۶	۶	۵	۵	۲	۲
	کربیه	۷	۷	۷	۷	۷	۵	۴	۲	۲	۲
	پهندکیه	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۱	۱	۱	۱
	شتر	۲۳ قطار	۲۳ و ۲/۳	۲۲	۲۱	۲۰	۱۷ و ۲/۳	۱۵ و ۲/۳	۱۴	۱۳	۱۰
گاو نر	خچر	۴ و ۳/۴	۴ و ۳/۴	۴ و ۳/۴	۴ و ۱/۴	۴	۳ و ۳/۴	۳	۲ و ۲/۳	۲	۰
	عرابه	۴۸	۴۶	۴۴	۴۲	۴۰	۳۴	۲۷	۲۱	۱۵	۱۲
	اول	۹۳۰۰ و ۲/۳	۹۰۰۰	۸۰۰۰	۸۲۰۰	۷۰۰۰	۵۰۰۰	۴۰۰۰	۳۵۰۰	۲۸۰۰	۲۵۰۰
سپاه	دوم	۹۱۰۰	۸۹۰۰	۸۵۰۰	۸۱۰۰	۷۴۰۰	۴۰۰۰	۳۷۰۰	۳۳۰۰	۲۷۲۰	۲۳۰۰
	سوم	۹۰۵۰	۸۸۰۰	۸۴۰۰	۸۰۰۰	۷۱۰۰	۳۰۰ و ۲/۳	۳۶۰۰	۳۰۰۰	۲۷۰۰	۲۱۰۰

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بقیۂ جدول مناصب

مناصب		چہارصدی	سہ صدی و پنجاہی	صدی	دو صد و پنجاہی	دو صدی	صد و پنجاہی	صد و پچاسی	صد و پنجاہی
اسپ	عراقی	۳	۳	۳	۳	۲	۲	۲	۲
	مجنس	۴	۴	۳	۳	۳	۳	۲	۲
	ترکی	۵	۴	۳	۳	۳	۳	۲	۲
	یابو	۶	۴	۴	۴	۳	۳	۳	۲
	تازی	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲
	جنگلہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
فیل	شیرگیر	۲	۱	۱	۱	۱	۱	۰	۰
	سادہ	۳	۱	۱	۱	۱	۲	۱	۱
	منجھولہ	۲	۲	۲	۲	۱	۱	۱	۱
	کربیہ	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲
	پھندکیہ	۱	۱	۱	۰	۰	۰	۰	۰
اشتر و خچر	شتر قطار	۴ و ۲	۴	۳ و ۲	۳	۳	۲	۲ و ۱	۲ و ۱
	خچر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	عرابہ	۱۲	۱۱	۸	۷	۶	۵	۵	۵
نقد	اوّل	۲۰۰۰ روپے	۱۴۵۰	۱۳۰۰	۱۱۵۰	۹۷۵	۸۷۵	۷۸۰	۷۴۵
	دوم	۱۷۰۰	۱۳۷۵	۱۲۵۰	۱۱۰۰	۹۵۰	۸۵۰	۷۶۰	۷۴۰
	سوم	۱۵۰۰	۱۳۵۰	۱۲۰۰	۱۰۰۰	۹۰۰	۸۰۰	۷۵۰	۷۳۰

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بقیہ جدول مناصب

مناصب		سوار توپچی	سوار جزائرچی	سوار بندوقچی	سوار توپخانہ	سوار جنگلہ	سوار تفنگچی	سوار بندوقچی	سوار توپچی
اسپ	عراقی	۲	۲	۱	۱	۱	۰	۰	۰
	مچھلی	۲	۱	۱	۱	۲	۱	۱	۰
	ترکی	۲	۲	۲	۲	۲	۱	۱	۰
	یابو	۲	۲	۱	۲	۱	۲	۱	۰
	تازی	۲	۱	۱	۱	۱	۱	۰	۰
	جنگلہ	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۰	۰
فیل	شیرگیر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	سادہ	۱	۰	۰	۰	۱	۰	۰	۰
	منجھولہ	۱	۱	۱	۱	۰	۰	۰	۰
	کربیہ	۱	۲	۱	۱	۰	۱	۰	۰
	پھندرکیہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
اسپ و شتر و ماده	شتر	۲ قطار	۲ ″	۲ و ۱	۲ ″	۲ و ۱	۲ ″	۲ و ۱	۰
	خچر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	عرابہ	۵	۳	۲	۲	۱	۱	۱	۰
مواجب	اول	۷۰۰ روپے	۴۱۰ ″	۳۰۱ ″	۲۵۰ ″	۲۲۳ ″	۱۷۵ ″	۱۳۵ ″	۱۰۰ ″
	دوم	۶۰۰ ″	۳۸۰ ″	۲۸۵ ″	۲۴۰ ″	۲۰۰ ″	۱۶۵ ″	۱۲۵ ″	۸۲½ ″
	سوم	۵۰۰ ″	۳۵۰ ″	۲۷۰ ″	۲۳۰ ″	۱۸۵ ″	۱۵۵ ″	۱۱۵ ″	۷۵ ″

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۴)

احدی

جہاں پناہ اپنے ذاتی تجربے سے بعض جری و قابل قدر اشخاص کو منصبداری کا عہدہ نہیں دیتے، لیکن ان افراد کو دوسروں کی ماتحتی سے بھی سبکدوش فرما دیتے ہیں۔ یہ سوار صرف شاہی فرماں بردار ہوتے ہیں اور اس طرح اپنی خاص خدمت کی وجہ سے دوسرے ملازموں میں ممتاز نظر آتے ہیں یہ اشخاص انکی خدمات کے لحاظ سے انھیں تعلیم دی جاتی ہے اور ان کی استعداد و قابلیت کی جانچ کی جاتی ہے۔

چونکہ بادشاہ کا مقصد یہ ہے کہ ظاہر بھی باطن کی طرح جلوہ نما ہو اس لئے ان ملازمین کو احدی کا خطاب دیا گیا ہے۔ ان سواروں کے لقب سے خدائے واحد کی یاد ہر وقت دلوں میں تازہ رکھی گئی اور مرتبہ شناسی کے لئے ایک تازہ قانون نافذ ہوا۔

احدیوں کی نگرانی کے لئے دیوان و بخشی جدا مقرر کئے گئے اور ایک عالی مرتبہ امیر ان کا سردار مقرر ہوا اور ایک ہوشیار افسر کا تقرر اس لئے عمل میں آیا کہ وہ اس فوج میں داخل ہونے والے امیدواروں کو بادشاہ کے ملاحظے میں پیش کرے۔ یہ اہلکار بلا کسی قسم کی رشوت ستانی و احسان کے چند امیدواروں کو روزانہ جہاں پناہ کے حضور میں لاتا ہے اور قبلۂ عالم ان اشخاص کی آزمائش کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جب ان امیدواروں کی حالت سے اطمینان ہو جاتا ہے تو یادداشت اور تعلیقہ ہونے کے بعد چہرہ نویسی و برآوردگی نوبت آتی ہے۔ ان تمام مراتب کے طے ہونے کے بعد بخشی ان امیدواروں سے ضمانت لیتا ہے۔ اور انھیں دوبارہ بادشاہ کے حضور میں پیش کرتا ہے۔

جہاں پناہ امیدواروں کی ماہانہ تنخواہ میں ہر مرتبہ کچھ نہ کچھ اضافہ کرتے ہیں جو چھائی و نصف تنخواہ تک ہو جاتا ہے لیکن زیادہ تر سات روپے سے دس تک کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ اکثر احدیوں کی تنخواہ پانچ سو روپے ماہوار سے بھی زیادہ ہے۔

ان سواروں کے گھوڑوں پر ۹ کے ہندسے سے داغ ڈالا جاتا ہے۔ ابتدائی زمانۂ حکومت میں اکثر گھوڑوں پر داغ ڈالنے کی ضرورت ہو جاتی تھی یعنی ایک سوار آٹھ گھوڑوں تک رکھ سکتا تھا، لیکن اب پانچ سے زیادہ پر داغ نہیں پڑتا۔

اپنے سرخط کی بنا پر ہر شخص ایک پروانہ حاصل کرتا ہے جسے دیکھ کر افسر خزانہ تمام سال سوار کو تنخواہ دیتا رہتا ہے۔ ہر چوتھے مہینے احدیوں کا چہرہ نویسی کے لئے مجمع ہوتا ہے۔ اس جلسے میں ایک سند جس پر دیوان اور بخشی کے دستخط ثبت ہوتے ہیں خزانے کے اہلکار کو دی جاتی ہے، اور وہ اس سند کی بنا پر جسے اصطلاح میں تصحیحہ کہتے ہیں، ایک رسید لکھتا اور اُس پر اپنے دستخط کرتا ہے، اسکے بعد رسید وزیر سلطنت کی مُہر سے مزین کی جاتی ہے اور خزانچی اس رسید کو اپنے پاس رکھ کر رقم ادا کر دیتا ہے۔

قبل اس کے کہ چار ماہ کی مدت ختم ہو احدی کو ایک مہینے کی تنخواہ پیشگی دی جاتی ہے۔ پورے سال میں اُسے ماہانہ تنخواہ کی $\frac{19}{20}$ رقم دس مہینے تک ہر ماہ ادا کر دی جاتی ہے۔ ان دس مہینوں کی بچت اور بقیہ دو ماہ کی پوری تنخواہ کی مجموعی تعداد گھوڑے اور دیگر ضروری مصارف میں صرف کی جاتی ہے۔

ملازمت میں داخل ہونے کے وقت احدی عموماً اپنا گھوڑا آپ لاتا ہے لیکن اس کے ضائع ہونے کے بعد سرکار سے اُسے گھوڑا دیا جاتا ہے۔ گھوڑے کے مرنے کے بعد وہ متعلقہ عہدہ دار کی سند پیش کرتا ہے جسے اصطلاح میں سقط نامہ کہتے ہیں۔ اس کے مطابق اس کی تنخواہ جاری کی جاتی ہے۔ کیونکہ جب تک

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اس قسم کی سند پیش نہیں ہوتی اُس کی تنخواہ جاری نہیں ہو سکتی۔ اگر سوار سقط نامہ پیش نہیں کرتا تو ماقبل کی چہرہ نویسی سے لے کر اس وقت تک کے گھوڑے کے اخراجات کی رقم اُسے مطلق نہیں دی جاتی۔

جن سواروں کو گھوڑے کی ضرورت ہوتی ہے وہ برابر بادشاہ کے حضور میں پیش ہوتے رہتے ہیں اور قبلۂ عالم ان اشخاص کو بطور انعام یا بطور جزو تنخواہ گھوڑے عنایت فرماتے ہیں۔ اگر گھوڑا جزو تنخواہ کے معاوضے میں عطا کیا جاتا ہے تو گھوڑے کی نصف قیمت انعام کی مد میں مجری ہو جاتی ہے، اور نصف رقم چار قسطوں میں وصول کی جاتی ہے۔ اگر سپاہی قرضدار ہے تو بجائے چار کے آٹھ قسطوں میں رقم وصول کی جاتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۵)

دوسری قسموں کے سوار

منصبداروں اور احدیوں کے مختصر حالات معرض تحریر میں لانے کے بعد تیسرے درجے کے سواروں کا بھی کچھ ذکر کیا جاتا ہے تاکہ ناظرین کو اس سررشتے سے کامل واقفیت ہو جائے۔

گھوڑے کی نوعیت خود سوار بیان کرتا ہے اور بخشی نہایت احتیاط کے ساتھ جانور کی جانچ پرتال کرتا ہے۔ اس آزمائش کے بعد چہرہ نویسی ہوتی ہے۔ اگر سوار کے پاس ایک سے زیادہ جانور ہیں تو اُس کے حساب میں علاوہ گھوڑے کے ایک گائے یا اونٹ کے اخراجات کا بھی داخلہ ہوتا ہے۔ اس مزید داخلے کے لئے سوار کو اس مقدار کی نصف رقم ملتی ہے جو اوّل درجے کے سوار کو گھوڑے کے مصارف کیلئے دی جاتی ہے۔ اگر یہ اضافہ نہیں دیا جاتا تو مقررہ رقم کا $\frac{۲}{۵}$ حصّہ اصل مقدار پر بڑھا دیا جاتا ہے۔ یک اسپہ سوار کو حسب ذیل شرح سے رقم ادا کرتے ہیں۔

عراقی گھوڑے کے لئے تیس روپے۔
نجدی کے لئے پچیس روپے۔
ترکی کے لئے بیس روپے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

یابو کے لئے اٹھارہ روپے۔
تازی کے لئے پندرہ روپے۔
جنگلہ کے لئے بارہ روپے۔
خالصہ کے عمل گزاروں کو ایک گھوڑے کے لئے پچیس روپے ملتے تھے لیکن اب صرف پندرہ روپے ملتے ہیں۔

ان سواروں کو پہلے چار گھوڑوں تک رکھنے کا حکم تھا لیکن اب تین سے زیادہ جانور رکھنے کا دستور نہیں۔ ہر دہ باشی امیر کے رسالے میں دو چہار اسپہ، تین سہ اسپہ، تین دو اسپہ اور دو یک اسپہ سوار رہتے تھے (دس سوار اور ۲۵ گھوڑے) اور دوسرے منصبدار بھی اسی تناسب سے سواروں اور گھوڑوں کے سردار مقرر ہوتے ہیں۔ لیکن اب دو یا تین امیر کی ماتحتی میں تین سہ اسپہ، چار دو اسپہ اور تین یک اسپہ سوار رہتے ہیں (یعنی دس سوار اور بیس گھوڑے)۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۶)

پیادہ فوج

سواروں کا مختصر حال لکھنے کے بعد پیادہ فوج کا بھی کچھ ذکر کیا جاتا ہے۔ پیادوں کی مختلف قسمیں ہیں اور یہ گروہ بھی قابل قدر خدمتیں انجام دیتا ہے۔ جہاں پناہ نے اپنی قدر دانی سے ان کے مختلف مدارج کے لئے بہترین قانون وضع اور نافذ کئے ہیں جن کی بنا پر اس طبقے کا ہر خاص و عام آرام و آسائش کے ساتھ اپنی خدمتوں کے انجام دینے میں مصروف ہے۔ چونکہ ادارہ نویس کا گروہ بھی اپنی خدمات کی وجہ سے اہمیّت رکھتا ہے اس لئے پیادوں کے زمرے میں شامل ہے۔ ان پیادوں کے کئی مدارج ہیں۔ درجہ اوّل کے ملازم پانچ سو دام ماہوار پاتے ہیں۔ درجۂ دوم کے پیادوں کو ۴۰۰ درجۂ سوم کے ملازموں کو ۳۰۰ اور درجہ چہارم کے نوکروں کو ۲۴۰ دام ماہوار ملتے ہیں۔

بندوقچی۔ بارہ ہزار بندوقچی شاہی ملازم ہیں جو ہر وقت خدمت کے لئے کمربستہ رہتے ہیں۔ اس گروہ کی آسائش کے لئے ایک تجربہ کار تفنگچی، ایک ایماندار خزانچی اور ایک جفاکش داروغہ بھی مقرر کئے گئے ہیں۔ اگرچہ یہ جدا عہدے ہیں لیکن اکثر تینوں عہدوں پر ایک ہی شخص مامور ہوتا ہے۔ ان میں جو اشخاص تجربہ کار و منتظم ہیں اُن کو دوسروں کا سردار مقرر کیا جاتا ہے۔ ان تمام انتظامات کا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مقصد یہ ہے کہ تمام اشخاص ایک ہی رنگ میں رنگ جائیں اور کام سمجھداری اور حسن و خوبی کے ساتھ انجام پائے۔

افسر کی تنخواہ کے چار مدارج ہیں ۳۰۰، ۲۸۰، ۲۷۰، اور ۲۶۰ دام۔

افسروں کے علاوہ دوسرے بندوقچیوں کے پانچ مدارج ہیں۔ اور ہر درجے میں تین شاخیں ہیں۔ اول درجے کے بندوقچی ۲۵۰، ۲۴۰، اور ۲۳۰ دام ماہوار پاتے ہیں دوسرے درجے کے ملازمین کو ۲۲۰، ۲۱۰، اور ۲۰۰ دام ماہوار ملتے ہیں۔ تیسرے درجے کے بندوقچیوں کو ۱۹۰، ۱۸۰، اور ۱۷۰ دام دئے جاتے ہیں۔ چوتھے درجے کے ملازموں کو ۱۶۰، ۱۵۰، اور ۱۴۰ دام ماہوار ملتے ہیں۔ اور پانچویں طبقے کو ۱۳۰، ۱۲۰، اور ۱۱۰ دام ماہوار دئے جاتے ہیں۔

دربان۔ ایک ہزار ہوشیار اور مستعد دربان کمر باندھے شاہی آستانے کی پاسبانی کرتے ہیں۔ ان کے بیرہ کی تنخواہ کے پانچ مدارج ہیں۔ پہلا درجہ ۲۰۰ کا ہے، دوسرا ۱۶۰ کا اور بقیہ تین مدارج ۱۴۰، ۱۳۰، اور ۱۲۰ دام کے مقرر کئے گئے ہیں۔ غرضکہ دوسرے دربانوں کو عام طور پر ۱۲۰ دام سے زاید اور سو دام سے کم ماہوار نہیں دیئے جاتے۔

خدمتیہ۔ یہ گروہ بھی پیادہ فوج میں شمار کیا جاتا ہے۔ یہ بھی تعداد میں ایک ہزار ہیں۔ یہ اشخاص محل شاہی کے قرب وجوار اور اس کے اطراف میں پہرہ دیتے ہیں اور راستوں کی نگرانی احکام کی تعمیل کرتے ہیں۔

ان میں پنجاہی سے لے کر دو میتی تک ۲۰۰ دام ماہوار پاتے ہیں اور وہ باشیوں کو ۱۸۰ سے لے کر ۱۴۰ دام تک ماہانہ دئے جاتے ہیں۔ دوسرے خدمتی ۱۲۰ - ۱۱۰ اور ۱۰۰ داموں تک تنخواہ پاتے ہیں۔

یہ گروہ بیشتر چوری اور ڈاکہ زنی میں شہرۂ آفاق تھا۔ قدیم فرماں روا ان کو راہ راست پر نہ لا سکے لیکن جہاں پناہ کے نتیجہ خیز احکام نے ان اشخاص کو دیانتدار اور راستباز بنا دیا ہے یہ اشخاص پیشتر ماوی کہلاتے تھے، جہاں پناہ کے عہد معدلت میں ان کا سردار خدمت رائے کے خطاب سے سرفراز کیا گیا ہے۔ جو اپنے تقرب کی وجہ سے آرام و آسائش کے ساتھ زندگی بسر کرتا ہے اور

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اس کے ماتحت اب خدمتیہ کے نام سے موسوم ہیں۔

میوڑہ ۔ یہ گروہ میوات کا باشندہ ہے جو اپنی تیز رفتاری میں بیمثل و مشہور زمانہ ہے ۔ یہ اشخاص دور و دراز فاصلے سے ہر مطلوبہ شے بیحد احتیاط و ہوشیاری سے لے آتے ہیں۔

میورے بہترین جاسوس بھی ہیں جو بیحد پیچیدہ فرائض کو انجام دیتے ہیں۔

ان کی تعداد بھی ایک ہزار ہے جو بروقت خدمات کی بجاآوری کے لئے تیار رہتے ہیں۔

ان کی ماہوار تنخواہیں خدمتیوں کے مساوی ہیں۔

شمشیر باز۔ اس سرفروش گروہ کے بھی مختلف مدارج ہیں ۔ یہ پیادے عجیب و غریب قابل قدر خدمتیں انجام دیتے ہیں ۔ حریف سے مقابلہ کرنے میں بڑی پھرتی اور ہاتھ کی صفائی سے کام کرتے ہیں اور پیترا بدلنے میں مشاقی اور اور بہادری کے جوہر دکھاتے ہیں ۔ ان میں ایک گروہ سپر بھی اپنے ساتھ رکھتا ہے۔ کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو لاٹھیوں کو استعمال کرتے ہیں ۔ ان جاں بازوں کو لکرایت کہتے ہیں۔

بعض شمشیر باز ایسے ہیں جو ایک ہاتھ خالی حریف سے مقابلہ کرتے ہیں۔ ان لوگوں کو یک ہاتھ کہتے ہیں۔

پہلا گروہ مشرقی ممالک کے باشندے ہیں ۔ ان کی ڈھال معمولی سپر سے کچھ چھوٹی ہے، جسے یہ لوگ چرّہ کہتے ہیں ۔ جو شمشیر باز اضلاع دکن کے رہنے والے ہیں ان کی سپر اس قدر لانبی ہوتی ہے کہ ایک سوار ان کی آڑ میں چھپ جاتا ہے ۔ دکھینیوں کی سپر کو تلوڑہ کہتے ہیں ۔ دوسرا گروہ پھریرایت کہلاتا ہے۔ ان کی سپر اتنی بڑی نہیں ہوتی جو ایک سوار کو چھپا سکے بلکہ صرف ایک گز چوڑی ہوتی ہے ۔

بعض پائنایت کہلاتے ہیں ۔ ان کی تلوار بہت لانبی ہوتی ہے جس کا قبضہ ایک گز سے زیادہ لانبا ہوتا ہے ۔ یہ گروہ دونوں ہاتھوں سے تلوار کو پکڑ کر عجیب و غریب ہنر اور کرتب دکھاتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اسی طرح بنگوئی گروہ بھی شہرۂ آفاق ہے۔ بنگوئی ایک قسم کی خاص تلوار استعمال کرتے ہیں جو سرے پر خمدار لیکن قبضے کے قریب بالکل سیدھی ہوتی ہے۔ یہ گروہ سپر نہیں استعمال کرتا۔ ان کی ہنرمندیاں حد بیان سے باہر ہیں۔

بعض شمشیر باز ایسے ہیں جو طرح طرح کے شجرے اور چہرے بناتے ہیں، اور ان ہتھیاروں سے نادرۂ روزگار ہنر اور کرتب دکھاتے اور عجیب و غریب کام انجام دیتے ہیں۔ اس گروہ کے مختلف طبقے ہیں اور ہر طبقہ ایک خاص نام سے معروف ہے۔ ہر طبقے کے ہنر بھی دوسرے طبقے والوں کے کرتبوں سے بالکل مختلف ہیں۔ ان کے کام اور ان کی ہنرمندیوں کو مفصل بیان کرنا تقریباً ناممکن ہے اور نہ صرف سننے سے ان کے تیر اور کمال کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ یہ اشخاص تعداد میں ایک لاکھ سے زائد ہیں جن میں ایک ہزار شمشیر باز ہر وقت آستانۂ شاہی پر کمربستہ موجود رہتے ہیں۔ ان کا ایک صدی افسر احدی کے عہدے پر یا اس سے بھی برتر مرتبے پر فائز ہے۔ ان کی تنخواہ اسّی دام سے ۶۰۰ دام تک مقرر ہے۔

پہلوان۔ بیشمار ایرانی اور تورانی کشتی گیر اور مشت زن، نشانہ باز، سنگ انداز، ہندوستانی بازیگر اور گجرات کے اہل ہنر جن کو **مل** کہتے ہیں اور دوسرے لڑنے والے کثیر تعداد میں آستانۂ شاہی پر ملازم ہیں۔ ان کی تنخواہیں ستر دام سے لے کر ۵۰۰ دام تک مقرر ہیں

ہر روز ایک جوڑ بے مثل پہلوانوں کی کشتی لڑتی ہے اور طرح طرح کے انعام ان لڑنے والوں کو دیئے جاتے ہیں۔ اس زمانے کے بہترین پہلوانوں کے نام حسب ذیل ہیں:۔ میرزا جان گیلانی، محمد علی تبریزی (جسے جہاں پناہ شیر حملہ کے نام سے یاد فرماتے ہیں) صادق بخاری، علی تبریزی، مراد ترکستانی، محمد علی تورانی فولاد تبریزی، قاسم تبریزی، مرزا کہنہ سوار تبریزی۔ شاہ قلی گرد۔ بلال حبشی، سدھو، دیال، علی، سری رام، کنہیا، مبلوک، گنیش، اینا نا، نانکا، بلبھدر و بجرناتھ۔

چیلہ۔ جہاں پناہ اپنی مذہبی پابندی و جذبۂ خدا پرستی کی وجہ سے پناہ گرفتہ غریب الوطنوں کو بندہ یا غلام کہنا بے ادبی خیال کرتے ہیں۔ بادشاہ کا خیال ہے کہ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کہ انسان کا حقیقی مالک خالق عالم ہے اور اسی کو یہ لقب زیبا ہے۔ اسی خیال سے یہ افراد چیلے کے نام سے مشہور ہیں۔

ہندی زبان میں عقیدتمند مرید کو چیلہ کہتے ہیں۔ جہاں پناہ کی مہربانی سے ان میں سے اکثر اشخاص اس مرتبے پر فائز ہو کر سعادتمندی سے بہرہ اندوز ہوئے۔

(بندے کے مختلف معنی مراد لئے گئے ہیں) اور ہر معنی کے اعتبار سے ایک گروہ موسوم ہے۔ پہلا مفہوم وہی ہے جو عام اشخاص سمجھتے ہیں۔ بعض افراد غیر قوم و مذہب کے کمزور اشخاص پر غلبہ حاصل کر کے انھیں بیچتے اور خریدتے ہیں اور یہ غریب افراد بندے یا غلام کہلاتے ہیں۔ عقلمند طبقہ اس طریقے کو قطعاً ناپسند کرتا ہے۔

اس لفظ کے دوسرے معنی یہ ہیں کہ ایک شخص خود غرضی و نفس پرستی کو چھوڑ کر اطاعت شعاری اختیار کرتا ہے اور عقیدتمندی کے ساتھ روحانی تعلیم حاصل کرتا ہے۔ تیسرے معنی وہ ہیں جو اولاد کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ چوتھے معنی یہ ہیں کہ قاتل مقتول کے وارث کا غلام ہو جاتا ہے۔ پانچویں یہ کہ چور اپنے ناشائستہ افعال سے توبہ کر کے صاحب مال کی خدمتگزاری اختیار کرتا ہے۔ چھٹویں یہ کہ قاتل جس کا جرم روپے کے ادا کرنے سے معاف کیا جاتا ہے اور اپنے محسن کا جو اسے رہائی دلواتا ہے بندہ اور غلام ہو جاتا ہے۔ ساتویں جو شخص اپنی خوشی سے آزاد زندگی پر غلامی کو ترجیح دے کر بندہ کہلائے۔

ان ملازمین کے لئے ایک روپے سے ایک دام روزانہ تک مقرر ہے۔

جہاں پناہ نے چیلوں کے مختلف گروہ بنا دئے ہیں اور ہر گروہ کو ایک تجربہ کار اور جفاکش افسر کی ماتحتی میں دے دیا ہے۔ ہر افسر اپنے گروہ کو مختلف ہنروں کی تعلیم دیتا ہے اور اس طرح یہ اشخاص علم حاصل کرتے اور شائستگی و تہذیب و انسانیت سیکھ کر خدمات انجام دیتے ہیں۔

جہاں پناہ اپنی جوہر شناسی سے ملازمین کے حسن کارگزاری کی قدر فرماتے ہیں اور بیشمار اشخاص سپاہیوں کے مختلف گروہ میں داخل کئے جاتے ہیں جن میں سے اکثر ملازم پیادگی کی خدمت سے امارت کے مرتبے تک ترقی کر جاتے ہیں۔

کہار۔ یہ ملازم بھی ایک قسم کے پیادے ہیں جو خاص ہندوستان میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پائے جاتے ہیں۔ کہار بھاری بوجھ اپنے کاندھوں پر اٹھاتے ہیں اور اونچے نیچے ہر طرح کے راستوں کو طے کرتے ہیں۔ یہ لوگ پالکی سنگھاسن، چوڑول اور ڈولی اپنے کاندھوں پر اٹھا کر اس خوش رفتاری سے چلتے ہیں کہ سوار کو کوئی جھٹکا محسوس نہیں ہوتا۔ اس ملک میں کہار بہت ہیں لیکن ان میں بہترین لوگ دکن اور بنگالے کے باشندے ہیں۔ شاہی آستانے پر کئی ہزار کہار خدمت کے لئے موجود رہتے ہیں۔ ان کے سردار کی تنخواہ تین سو پچھتر (۳۷۵) دام سے زیادہ اور ایک سو بانوے (۱۹۲) دام سے کم نہیں ہوتی۔ معمولی کہار ایک سو بیس (۱۲۰) سے لے کر ایک سو ساٹھ (۱۶۰) دام تک ماہوار تنخواہ پاتے ہیں۔

پیادہ داخلی۔ ان ملازمین کی ایک کثیر تعداد امرا کے سپرد کی جاتی ہے لیکن ان کو تنخواہ خالصے سے ادا کی جاتی ہے۔ چہرہ نویسی کے دفتر میں یہ اشخاص شاہی حکم کے موافق نیمچہ سوار لکھے جاتے ہیں۔ داخلی پیادوں کا چوتھائی حصہ بندوقچیوں کی خدمت پر مامور رہتے باقی تیر انداز ہیں۔

بڑھئی، لوہار، بہشتی اور بیلدار بھی اسی گروہ میں شامل سمجھے جاتے ہیں بندوقچیوں کے سردار کو ایک سو ساٹھ دام اور ماتحتوں کو ایک سو چالیس دام ماہوار دئے جاتے ہیں۔ تیر اندازوں کے میر دھہ کو ایک سو بیس سے لے کر ایک سو اسی دام تک ماہوار ملتے ہیں اور دوسرے ماتحت سو سے لے کر ایک سو بیس دام تک ماہوار پاتے ہیں۔ ان پیادوں کا تفصیلی بیان بہت طویل ہے۔ ان کے خاص خاص طبقوں کا اس جگہ مجمل تذکرہ کر دیا گیا ہے۔ ان پیادوں کا قدرے حال مولف نے کارخانوں کے حالات میں بھی بیان کیا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۷)

جانوروں کی داغ دہی کے قوانین

جہاں پناہ نے سپاہیوں کے مختلف مدارج مقرر فرما کر جانوروں کی نوعیت اور ان کے حالات سے بھی کامل واقفیت حاصل کی اور چند ہر استیاز نیکبختوں کو مقرر کیا تاکہ وہ چہرہ نویسی کی بابت اُن کے لئے خاص خاص علامات بھی مقرر کریں۔ اس طرح ہر ملازم کی عمر، اُس کے باپ کا نام، اُس کی ذات اور اُس کی سکونت تحریر کی جاتی ہے۔ حالات سے واقفیت حاصل کرنے کے لئے ایک داروغہ کا تقرر بھی عمل میں آیا تاکہ وہ اس امر کی نگہداشت کرے کہ لوگ بلاوجہ امید و بیم میں گرفتار نہ رہیں۔ ان اہلکاروں کو حکم ہے کہ ایسی خدمات انجام دینے میں رشوت و محنتانے کی طمع میں گرفتار نہ ہوں۔

ہر شخص جو فوجی ملازمت کا آرزومند ہوتا ہے بادشاہ کے حضور میں لایا جاتا ہے۔ بادشاہ کے سامنے امیدوار کی ملازمت کی نوعیت قرار دی جاتی ہے اور اس کے بعد ملازمین سررشتۂ تعلیقہ لکھتے ہیں۔ داخلی سوار اپنے سردار کے دستخط سے سند حاصل کرتے ہیں۔ جہاں پناہ نے اس سررشتے کی نگرانی کے لئے پانچ تجربہ کار اور انجام اندیش افسروں کا تقرر کیا ہے تاکہ یہ اشخاص سپاہیوں اور گھوڑوں کے حالات معلوم کرکے تنخواہ مقرر کریں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

داخلی سپاہ سے بادشاہ کے حکم سے ایک کھلے میدان میں جمع ہوتے ہیں۔ چہرہ نویسی کے کاغذات شاہی ملاحظے میں پیش کیے جاتے ہیں اور سپاہی مع اپنے گھوڑوں کے مقررہ پانچ عہدہ داروں کے سپرد کر دیئے جاتے ہیں۔ فرد چہرہ نویسی کے اخیر میں سپاہی کی تنخواہ کی تعداد لکھی جاتی ہے اور اس کے بعد ہر عہدہ دار متعلقہ کے دستخط کرا لیے جاتے ہیں۔ اس کارروائی کا مقصد یہ ہے کہ حالات معین میں کسی طرح کی تبدیلی نہ ہو اور ہر نوشتہ قابل اعتبار سمجھا جائے۔ اس کے بعد تحریر دار و غہ کے پاس جانچ کے لئے بھیجی جاتی ہے۔ دار و غہ اسی طریقے کے مطابق جیسا کہ مذکور ہوا، شاہی ملاحظے میں پیش کرتا ہے۔ قبلۂ عالم ہر شخص کے مناسب حال تنخواہ میں کمی یا اضافہ فرماتے ہیں۔

جہاں پناہ ہر شخص کی اصلیت اور اس کے جوہر فطرت کا پیشانی کے خطوط سے اندازہ فرما لیتے ہیں اور اسی اندازے کے مطابق ہر سپاہی کی تنخواہ میں کمی و بیشی کا حکم صادر ہوتا ہے۔ بادشاہ چہرے کے خط و خال سے پیشہ وروں اور سپاہیوں میں تمیز کر کے ایک گروہ کو دوسرے سے بالکل علیحدہ کر دیتے ہیں۔ جہاں پناہ کی اس قیافہ شناسی سے بڑے بڑے تجربہ کار حیران ہوتے ہیں اور اس شناخت کو بادشاہ کی کرامت و روشن ضمیری پر محمول کرتے ہیں۔ جب فرد تقرر کی اس طرح توثیق ہو جاتی ہے تو واقعہ نویس، میر عرض اور سردار کشک بھی دستخط ثبت کر دیتے ہیں اور اسی سند کی بنا پر سررشتۂ نقش پذیری کا داروغہ جانوروں کو داغ دیتا ہے۔

ابتداءً جب داغ ڈالنے کا رواج ہوا تو گھوڑے کی گردن کی داہنی جانب صرف تین کے دندانوں کی شکل کا ایک نقش بنا دیا جاتا تھا۔ بعد ازاں تھوڑے زمانے تک نشان کی شکل دو الفوں کی ہوتی تھی، جو ایک دوسرے کو زاویۂ قائمہ پر قطع کرتے تھے (ا—ب) الف کے سرے نلی ہوتے تھے اور یہ نشان جانور کی داہنی ران پر ڈالا جاتا تھا۔ اس کے بعد نشان ایک کمان کی شکل کا بنایا گیا جس کا چلہ انڑا ہوا ہوتا تھا لیکن اخیر میں راستی کی تعلیم دینے کے لیے ہندسوں سے داغ ڈالنے کا طریقہ جاری کیا گیا۔ لوہے کے ہندسے تیار کیے گئے اور اس طرح کسی شک و شبہ کے واقع ہونے کی گنجائش باقی نہ رہی۔ یہ نشانات بھی گھوڑے کی داہنی ران پر لگائے گئے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پہلی مرتبہ جانور کے داغ لگانے میں ایک کے ہندسے کا نشان گھوڑے کی ران پر بنایا جاتا تھا' اور دوسری مرتبہ دو کے ہندسے سے داغ دیا جاتا تھا' اور اسی طرح جس قدر داغ ڈالے جاتے اُسی اعتبار سے ہندسوں میں بھی اضافہ ہو جاتا تھا۔ لیکن اب بادشاہ نے انجام اندیشی اور مہربانی سے حکم دیا کہ شہزادوں' شاہی قرابتداروں' سپہ سالاروں اور دوسرے درباریوں کے مختلف طبقوں میں سے ہر طبقے کے جانور جدا جدا نشانات سے داغے جائیں۔ جس ہوشیاری سے یہ کام انجام دیا جاتا ہے اُس کا نتیجہ یہ پیدا ہوا کہ گھوڑوں کی موت کے حالات معلوم ہونے لگے۔ عام طور پر داغ مکرر کے وقت اگر سوار بدلا ہوا گھوڑا لاتا تھا تو سوار تو اس بات کی درخواست کرتا تھا کہ اُسے آخری تنخواہ پانے کے بعد سے گھوڑا لانے کے وقت تک کی کُل بقایا رقم دی جائے اور بخشی سوار کو دوسرا گھوڑا لانے کے وقت سے تنخواہ دلانے کی سفارش کرتا تھا جس زمانے سے کہ داغ اندوزی کا یہ طریقہ جاری کیا گیا۔ یہ قرار پایا کہ سپاہی مردہ گھوڑے کی بجائے جو نیا جانور لائے تو اُس کی چہرہ نویسی کر کے نئے جانور کو اُسی نشان سے داغ اندوز کریں جو مردہ گھوڑے کے لگایا گیا تھا اور داغ مکرر کے موقع پر بخشی اسی داغ و چہرہ نویسی کے مطابق عملدرآمد کریں۔ سواروں کا یہ بھی دستور تھا کہ چہرہ نویسی کے وقت کرائے کے جانور لے آتے تھے لیکن اب چونکہ جانوروں کی داغ اندوزی باضابطہ جاری ہے کرائے کے جانور بے داغ ہونے کی وجہ سے پہچان لئے جاتے ہیں۔

اس طریقے نے خیانت کا خاتمہ کیا اور سواروں کو راستبازی کی تعلیم دی گئی۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۸)

داغ مکرر

جہاں پناہ کے تمام عقیدتمند خدام ہر تیسرے سال نقش پذیری کی تجدید کراتے اور اس طرح فوج کی آرائش اور زیبائش کو برقرار رکھتے ہیں۔ ان امرا کی تقلید میں بے اصول افراد اس رسم کو تازہ رکھ کر راہ راست پر چلنے کی ہدایت حاصل کرتے رہتے ہیں۔ اگر کوئی عہدہ دار اپنے جانوروں پر داغ ڈلوانے میں تاخیر کرتا ہے تو اُس کی جاگیر کا دسواں حصہ ضبط کر لیا جاتا ہے۔

پیشتر جب داغ پذیری مکرر کی جاتی تھی تو نقش پذیری کے مرتبے کے مواقق ہندسے کا جانور کی ران پر بنا دیا جاتا تھا مثلاً اگر داغ دہی مکرر کی جاتی تھی تو ۲ کا ہندسہ بنا دیا جاتا تھا اور اسی طرح داغ پذیری کے ساتھ ہی ساتھ ہندسوں میں بھی تغیر و تبدل ہوتا رہتا تھا۔ مگر اب جبکہ ہر طبقے کے لئے ایک خاص نشان مقرر کر دیا گیا ہے تو جب کبھی کہ تازہ داغ دہی عمل میں آتی ہے تو اُسی خاص نشان سے جانور کو مکرر داغ دے دیتے ہیں۔

احدی سپاہیوں کے لئے دہی پرانا قاعدہ اب تک مستعمل ہے۔ بہت سے تبکچی اور جہاں پناہ کے وہ ملازم جن کو اپنی جاگیر کے کام انجام دینے کی مہلت نہیں ملتی، اور اپنی ماہوار سرکاری خزانے سے نقد وصول کر لیتے ہیں۔ ڈیڑھ برس کے بعد

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اپنے جانوروں کو بار دگر نقش پذیر کراتے ہیں۔ جو امیر کہ دار الخلافت سے دور ہیں بارہ برس کے اندر داغ کی تجدید کر لیتے ہیں۔ لیکن اگر نقش پذیری کو مسلسل چھ سال گزر جاتے ہیں تو جاگیر کا دسواں حصہ ضبط کر لیا جاتا ہے۔

اگر کسی امیر کے منصب میں اضافہ ہوتا ہے اور اس کے جانوروں کی نقش پذیری کو تین برس گزر چکے ہوتے ہیں تو اس امیر کی ذاتی تنخواہ میں تو اضافہ کر دیا جاتا ہے لیکن اُس کے اضافہ شدہ سوار و سپاہیوں کی تنخواہیں داغ پذیری کے بعد جاری کی جاتی ہیں۔ اس داغ پذیری کے بعد ترقی یافتہ امیر کے نئے اور پرانے ملازم اپنی مقررہ رقم وصول کرتے ہیں۔ اگر تجدید کے وقت کوئی سوار کسی نقش پذیر جانور کے عوض دوسرا عمدہ گھوڑا لاتا ہے تو نیا جانور بادشاہ کے ملاحظے میں پیش ہوتا ہے اور شاہی حکم کے موافق قبول کر لیا جاتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۹)

کِشک (چوکی)

کِشک کو آجکل کی اصطلاح میں چوکی کہتے ہیں۔ چوکی کی تین قسمیں ہیں۔ فوج کے مدارج سات شعبوں میں تقسیم کیے گئے ہیں اور ہر طبقے کو ایک دن کی خدمت دی گئی ہے۔

ایک معتبر اور کارکردہ امیر ہر گروہ کا سردار مقرر کیا گیا ہے اور ایک دوسرا امیر جو شاہی بارگاہ کے تمام آداب و قواعد سے واقف ہے، میر عرض کے عہدے پر مامور ہے۔ جہاں پناہ کے تمام احکام انکی کے ذریعے سے دوسروں تک پہنچتے اور تعمیل کیے جاتے ہیں۔

یہ دونوں عہدہ دار دن رات شاہی آستانے پر موجود اور تعمیل ارشاد کے لئے کمربستہ تیار رہتے ہیں۔ شام کے وقت شاہی تور باد شاہی مجلس میں حاضر کیا جاتا ہے۔ نئے سواروں کا دستہ داہنی جانب کھڑا ہو جاتا ہے، اور جو گروہ خدمت سے سبکدوش کر دیا جاتا ہے وہ دوسری جانب صف بستہ کھڑا ہو جاتا ہے۔

جہاں پناہ ان دستوں کا خود معائنہ کر کے سواروں کی حاضری یا غیر حاضری کا بخوبی اندازہ فرما لیتے ہیں۔ داہنے اور بائیں دونوں جانب کے سوار آداب و کورنش بجا لاتے ہیں۔ اگر جہاں پناہ کسی خاص ضرورت کی وجہ سے کسی دن ان سواروں کو ملاحظہ نہیں فرماتے تو کوئی شاہزادہ ان دستوں کے معائنہ کرنے کے لئے نامزد کیا جاتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

قبلۂ عالم ان سپاہیوں کی وفاداری، خدمتگزاری اور اپنی گوہر شناسی نیز خوبی انتظام کو مدنظر رکھ کر اس طبقے پر بہت زیادہ توجہ فرماتے ہیں۔ جو سوار کسی عذر لنگ یا کاہلی کی وجہ سے پہرے پر حاضر نہیں ہوتا تو اس کی ایک ہفتے کی تنخواہ ضبط کر لی جاتی ہے، بلکہ کبھی کسی ایسے غافل ملازم کو آئندہ ہوشیار رہنے کے لئے مناسب سزا بھی دی جاتی ہے۔

شاہی فوج بھی بارہ گروہ میں تقسیم کی گئی ہے اور ہر دستہ ایک ماہ حفاظت کے لئے مقرر کیا گیا ہے۔ اس انتظام سے دور نزدیک ہر مقام کے رہنے والے سپاہیوں کو شاہی حضور میں حاضر رہنے کا موقع مل جاتا ہے اور اس طرح فوج کا ہر طبقہ شاہی نوازش سے سرفراز ہوتا ہے۔ شاہی فوج کا وہ حصہ جو سرحد کی حفاظت یا کسی خاص مہم پر مامور ہوتا ہے اپنی حقیقت سے آگاہ کرتا رہتا ہے اور جو حکم ہوتا ہے اس پر کاربند رہتا ہے۔

ہر شمسی مہینے کی پہلی تاریخ ان سپاہیوں کے دستے ہفتہ واری طریقے کے موافق آداب بجا لانے کے لئے حاضر حضور ہو کر قبلۂ عالم کی عنایتوں سے ممتاز و سرفراز ہوتے ہیں۔ اسی طرح فوج شاہی کے بارہ حصے اور بھی کیے گئے ہیں، اور ہر حصہ ایک سال خدمت کرنے پر مامور کیا گیا ہے۔ ہر گروہ اپنے مقرر سال پر شاہی آستانے پر حاضر ہوتا ہے اور بادشاہ کی حضور میں اپنی خدمتیں انجام دیتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۰)

واقعہ نویسی

واقعات سلطنت کو قلمبند کرنا نہ صرف ملک و دولت کی ترقی اور انتظام برقرار رکھنے کے لئے ضروری ہے، بلکہ ہر طبقے اور ہر مجلس کی رونق بحال رکھنے کے لئے بھی لازمی ہے۔ اگرچہ قدیم زمانے میں بھی اس طریقے کا کچھ پتا چلتا ہے، لیکن اس کی اصل حقیقت سے اہل زمانہ کو اسی مبارک عہد میں آگاہی ہوئی۔

قبلۂ عالم نے چودہ جفاکش دیانت شعار و تجربہ کار بخشی مقرر کئے ہیں جن میں سے ہر روز نوبت بہ نوبت دو شخص اس خدمت کو انجام دیتے ہیں اس طرح چودہ دن کے بعد ایک بخشی کی باری آتی ہے۔

قبلۂ عالم نے اپنی دور اندیشی سے ان کے علاوہ چند دیگر اشخاص بھی متعین فرمائے ہیں جو اس خدمت کو منصرمانہ انجام دیتے ہیں۔ ان میں سے ہر شخص ایک روز کام کرتا ہے۔ اگر مقررہ بخشی کسی خاص ضرورت سے خدمت پر حاضر نہیں ہو سکتا تو کوئی منصرم اس کی خدمت انجام دیتا ہے۔ ان منصرموں کو کوتل واقعہ نویس کہتے ہیں۔

جہاں پناہ کے احکام و حضرت کے روزانہ معمولات و کارہائے ضروری اور بیشکار پردازان سلطنت کے معروضات کو قلمبند کرنا ان کا فریضہ منصبی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

واقعہ نویس قبلۂ عالم کے خورد و نوش کی نوعیت، حضرت کی بیداری و خواب و نیز جہاں پناہ کے محل سرا میں قیام فرمانے کے اوقات، دربار خاص و عام میں برآمد ہونے کی کیفیت، جہاں پناہ کی صید افگنی کے حالات، جانوروں کے ذبح ہونے کی کیفیت، حضرت کے کوچ و مقام کے واقعات، بادشاہ کی روحانی پیشوائی و نیز اس صیغے میں نذر وغیرہ گزرنے کے واقعات، حضرت کے ارشادات، جہاں پناہ کا صیغے کو پڑھنا، قبلۂ عالم کی روزانہ و ماہانہ ورزش، حضرت کے انعام عطا فرمانے اور عطیات مرحمت کرنے کی تفصیل، جہاں پناہ کے روزینہ، سالانہ و ماہانہ وظائف عطا فرمانے کی کیفیت، جاگیر و منصب، افواج کا تذکرہ، اراس و سیورغال کی نوعیت، محاصل کی کمی و زیادتی کے تقرر، معافیات، خرید و فروخت، تحویل، پیشکش، تحائف و انعامات کی روانگی، فرمان مبارک کے صدور و نیز اس کے مہر مبارک سے مزین ہونے کے حالات، عرائض کا بارگاہ عالی میں پہنچنا، معروضات کا جواب ادا ہونا، عہدہ داروں کا ملازمت حاصل کرنا، امرا کا بارگاہ عالی سے رخصت ہونا، کارہائے سلطنت کے انصرام کی مدت کا تعین، رسالۂ محافظ، و چوکیداروں کا معائنہ، جنگ و فتح و صلح کی تفصیل، جانوروں کی آویزہ کشی اور اس پر شرط لگانے کی کیفیت، گھوڑوں کی موت، قبلۂ عالم کی سیاست و سزادہی، مجرموں کے قصور معاف فرمانے کی کیفیت، دربار عام کا جلوس، شادی و بیاہ و نیز ولادت وغیرہ کے حالات، چوگان بازی، چوپڑ، نرد، شطرنج اور گنجفہ بازی کے مفصل حالات، غیر معمولی واقعات کا ظہور، سال کی فصل کی کیفیت اور واقعات کا حضرت کے حضور میں عرض کیا جانا وغیرہ، امور کو بھی روزنامچے میں درج کرتا ہے۔

اس کے بعد ایک خاص ملازم شاہی روزنامچے کی صحت کرتا ہے اور کاغذ قبلۂ عالم کے حضور میں پیش کرتا ہے، جہاں پناہ روزنامچے کو منظور فرماتے ہیں۔

تبلکچی ہر واقعے کی ایک نقل کر لیتا ہے اور اس پر اپنی مہر کرتا ہے اور جو اشخاص اس کو بطور سند حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کو دیتا ہے ایسی صورت میں کاغذ پر دو بخی اور میر عرض کی بھی مہریں کی جاتی ہیں اور اس کے بعد جس ملازم نے جہاں پناہ سے روزنامچے کی منظوری لی ہے وہ اپنی مہر ثبت کرتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ان تمام مراحل کے طے ہونے کے بعد نوشتہ یادداشت کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

جہاں پناہ نے ایک جداگانہ شیریں قلم انشا پرداز خوشنویس مقرر فرمایا ہے۔ یادداشت مذکور اس خوشنویس کے حوالے کی جاتی ہے۔

خوشنویس یادداشت کا خلاصہ اپنی زبان میں قلمبند کرتا ہے اور یادداشت کو اپنے پاس محفوظ رکھ کر خلاصہ واقعہ نویس کے حوالے کر دیتا ہے۔

اس خلاصے پر واقعہ نویس، رسالہ دار، میر عرض اور داروغہ کی مُہریں ہوتی ہیں اور اب خلاصے کو تعلیقہ اور اُس کے قلمبند کرنے والے کو تعلیقہ نویس کہتے ہیں۔

ان مراحل کے طے ہونے کے بعد جس طریقے پر کہ مذکور ہوا تعلیقے پر دوسرے عہدہ داران سلطنت کی مُہریں ہوتی ہیں اور نوشتہ مکمل ہو جاتا ہے۔

جہاں پناہ کا مقصد یہ ہے کہ ہر فریضہ حسن وخوبی کے ساتھ انجام پائے اور کسی سررشتے میں ناروا اضافہ وناجائز کمی نہ واقع ہو۔

معتبر اشخاص کی قدر افزائی ہو اور جفاکش خدام درگاہ اطمینان کے ساتھ اپنے فرائض منصبی انجام دیں اور بدگمان وفراموش کار اشخاص کی نگہداشت وچارہ جوئی کی جائے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۱)

سرانجام سند

داد و ستد کا ہر معاملہ اُسی وقت اطمینان کے ساتھ طے ہو سکتا ہے جبکہ فریقین اپنے مدعائے قلبی کو دل سے زبان تک لائیں اور زبان کی ادا کردہ تقریر قلم کی امداد سے معرض تحریر میں آئے اور متعلقہ راستباز عہدہ داروں کے دستخط سے درست ہو۔ اس قسم کی تحریر کو سند کہتے ہیں اور اسی کے ذریعے سے لوگ اپنے مقاصد میں کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ سند ہی کے ذریعے سے خزانچی اپنی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہوتا ہے اور اسی کی بنا پر اہل احتیاج اپنے مقاصد میں کامیاب ہوتے ہیں۔

قاعدہ یہ ہے کہ تجربہ کار و امانتدار اشخاص جن کی پیشانی انوار راستی سے منور و تاباں ہے۔ طرفین کے حالات اوراق و صفحات پر تحریر کرتے ہیں تاکہ فیصل شدہ معاملات گوشۂ خاطر سے فراموش نہ ہوں۔ انکی اوراق و صفحات کے مجموعے کو دفتر (رجسٹر) کہتے ہیں۔

قبلۂ عالم نے اس سررشتے کے معاملات سے بخوبی واقفیت حاصل کی اور سررشتے کو باقاعدہ نظام کے تحت میں داخل فرمایا۔

دیانتدار و تجربہ کار و راستباز و بیرچشم افراد کا اس سررشتے میں تقرر فرما کر

دفتر کا انتظام بے غرض افسروں کے سپرد فرمایا اور اُن کے حالات سے خود آگاہ رہتے ہیں

دفتر (رجسٹر) تین قسم کے ہیں۔

(۱) ابواب المال۔ ممالک محروسہ کی آمدنی کی تعداد محاصل میں کمی یا زیادتی کی تفصیل و نیز ہر شعبے کی آمدنی میں کمی و زیادتی واقع ہونے کا مفصل تذکرہ اسی میں موجود و مکمل رہتا ہے۔

(۲) ارباب التحاویل۔ اس دفتر میں حرم سرائے شاہی کے تمام اخراجات کا اندراج ہوتا ہے اور نیز یہ کہ خزانہ داروں کے داخل کردہ حسابات کی تنقیح اور روزانہ خرید و فروخت کے خرچ و آمدنی کا سیاہہ اسی حصے سے متعلق ہے۔

(۳) توجیہ۔ اس دفتر میں فوج کے تمام مصارف کا اندراج ہوتا ہے اور نیز یہ کہ ان کی داد و ستد کا کیا انتظام ہے۔

بعض اسناد پر صرف مُہر شاہی ثبت کی جاتی ہے۔ بعض اسناد ارکان دولت کی مہروں سے مکمل ہونے کے بعد مُہر مبارک سے مزین کی جاتی ہیں اور اکثر ایسی ہیں جن پر صرف اعیان سلطنت کی مہریں کافی خیال کی جاتی ہیں۔ اس اجمال کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

فرمان تملیک۔ یہ فرمان تین اغراض کے لئے صادر ہوتا ہے۔

(۱) اعلیٰ تقررات۔ تقرر وکیل سلطنت و اتالیق شاہزادگاں، تقرر امیر الامرا و صوبہ دار (ناچینی) تقرر وزرا و بخشی، تقرر مشرف و صدارت۔

(۲) عطائے جاگیر بلا خدمت فوج، نو مفتوحہ ملک کا ممالک محروسہ میں شمول اور اُن پر حکام کا تقرر اور عطیۂ مملکت۔

(۳) سیورغال و روزانہ اخراجات کے عطیے و نیز مقامات متبرکہ کے مصارف کے لئے عطیات۔

تعلیقہ کی تکمیل کے بعد دیوان جاگیر عطیہ کی رقومات ادا کرتا ہے۔

اگر جاگیر فوجی خدمات کے صلے میں دی گئی ہے اور فرمان مبارک کا منشا یہ ہے کہ گھوڑے بھی چہرہ نویسی کے لئے حاضر کیے جائیں تو تعلیقے کی تنقیح کے لئے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بخشیوں کے پاس بار دگر روانہ کیا جاتا ہے۔

عہدہ دار تعلیقہ کی پشت یا اُس کے حاشیے پر یہ عبارت تحریر کر دیتے ہیں۔

"خلاصہ مردم برآورد نمایند" کارگزاران آئین شغل چہرہ نویسی کنند" (یعنی تنخواہ کی برآورد تیار کی جائے حکّام متعلقہ چہرہ نویسی کے لئے آمادہ رہیں)

گھوڑوں کی داغ اندوزی کے بعد بخشی بزرگ تعلیقے کو اپنے پاس محفوظ رکھتا ہے اور اس کے عوض ایک نوشتہ دیتا ہے جس میں ماہانہ تنخواہ کا اندراج ہوتا ہے۔ نوشتۂ مذکور بخشی کے دستخط اور اس کی مہر سے مزیّن ہوتا ہے۔ اس نوشتے کو عرف عام میں سرخط کہتے ہیں۔

یہ سرخط تمام ماتحت بخشیوں کے دفاتر میں داخل ہوتے ہیں اور مختلف نشانات سے متمائز کئے جاتے ہیں۔

دیوان سرخط کو اپنے سامنے رکھ کر ایک تختہ تیار کرتا ہے جس میں سالانہ و ماہانہ تنخواہ کا تمام حساب سرخط کی رو سے درج کر کے اپنا تیار کردہ تختہ بادشاہ کے حضور میں پیش کرتا ہے۔

اگر قبلۂ عالم بادگیر عطا فرمانے کا حکم صادر فرماتے ہیں تو کاغذ کی پیشانی پر یہ فقرہ تحریر کیا جاتا ہے "تعلیقۂ تن قلمی نمایند" (یعنی تعلیقہ تن (تنخواہ کی سند) تحریر کیا جائے۔

یہ حکم تنکچی بطور سند کے اپنے پاس رکھ لیتے ہیں اور اس مضمون کے مطابق ایک مسودہ تیار کر لیتے ہیں۔

دیوان اس مسودے کی تنقیح کرتا ہے اور اس مسودے پر الفاظ "ثبت نمایند" (دفتر میں داخل کیا جائے) لکھ کر مسودے کی تصدیق کرتا ہے۔

اس کے بعد نوشتے پر نشان دفتر بنایا جاتا ہے اور دیوان بخشی و مشرف دیوان کی مُہریں ترتیب وار لگائی جاتی ہیں اور حاشیے پر شاہی عطیے کی نوعیت لکھ کر نوشتے کو تکمیل کے لئے دیوان کے پاس روانہ کرتے ہیں اور دیوان اُس پر دستخط کر دیتا ہے۔

صاحب توجیہ (مشرف فرج) تعلیقۂ آخر کو اپنے پاس رکھ لیتا ہے اور تعلیقے کے تمام تفصیلی واقعات فرمان کے متن میں لکھ کر دستخط اور اپنی مُہر لگاتا ہے۔

اس کے بعد فرمان مستوفی کے ملاحظے میں آتا ہے اور وہ اُس پر اپنے دستخط اور مہر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ثبت کرتا ہے۔

مستوفی کے بعد ناظر و بخشی اپنی اپنی مہریں لگاتے اور دستخط کرتے ہیں اور سب کے آخر میں فرمان مذکور دیوان و وکیل و مشرف کی مہروں سے مزین ہوتا ہے۔

اگر فرمان نقد تنخواہ کے متعلق ہوتا ہے تو اسی طریقے کے مطابق پایۂ تکمیل کو پہنچتا ہے اور اس قسم کے فرمان کو عام طور پر براٰت کہتے ہیں۔

معاملۂ متعلقہ کی انجام دہی کے واقعات فرمان کے ذیل میں تفصیل کے ساتھ لکھے جاتے ہیں۔

ناظر کے بعد دیوان بیوتات اپنی دستخط اور مُہر ثبت کرتا ہے اور بخشیوں اور دیوان کی مہروں کی تکمیل کے بعد نوشتے پر خانساماں کی مُہر ہوتی ہے۔

کارخانجات شاہی کے اخراجات اور اُس کی رسیدیں، تحویل و ملازم جن کی تنخواہ کی ادائی (جن میں فوج اور فیل خانہ و اصطبل و عرابہ خانہ کا عملہ بھی داخل ہے) کی تمام کارروائیاں براٰت نامے کے ذریعے سے انجام پاتی ہیں۔

ہر سر شتے کا مشرف سال میں دو بار براٰت تیار کرتا ہے۔ ایک براٰت فروردین سے شہریور تک اور دوسری مہر سے اسفندارمذ تک بنائی جاتی ہے۔ مشرف اس کاغذ میں دانہ و گھاس وغیرہ کی قیمت و مقدار جنس اور نیز خدمتگاروں کی ماہوار تنخواہ وغیرہ کی تمام رقوم کا اندراج کر کے نوشتے پر اپنی مُہر کرتا اور اُس کو آگے بڑھاتا ہے۔ مشرف کی مُہر و دستخط کے بعد دیوان بیوتات نوشتے کی تنقیح کرتا اور ادائی رقوم کے احکام صادر کرتا ہے اور کمی و زیادتی کی صورت میں ہر رقم کی بخوبی تفتیش کرتا ہے اور نوشتے پر یہ فقرہ تحریر کر دیتا ہے "از تحویل فلانی براٰت نویسند" (یعنی فلاں بات نے فلاں فلاں مشرف رقم ادا کریں)۔

دیوان بیوتات کی ہدایت کے مطابق مشرف متعلقہ اس نوشتے پر کاربند ہوتا ہے اور احکام ادائی و رسائد لکھ کر اُن پر اپنے دستخط و مُہر ثبت کرتا ہے۔

نقد ادائی کی صورت میں ایک ربع رقم منہا کر لی جاتی ہے جس کے لئے دوسری سند دی جاتی ہے۔

دیوان بیوتات نوشتے پر "ثبت نمایند" (یعنی توثیق کی جائے) کے الفاظ تحریر کرتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اس کے بعد مشرف اس حکم کی تعمیل کرتا ہے اور برات در سید پر اپنی مہر و دستخط کرتا ہے۔

اس مرحلے کے بعد برات پر صاحب توجیہ و مشرف، ناظر، دیوان بیوتات، دیوان کُل، خانساماں اور مشرف دیوان اور وکیل اپنے اپنے دستخط کرتے اور مُہر لگاتے ہیں۔

ہر صورت اور ہر مرحلے میں برات کے ہمراہ برآورد بھی رہتی ہے تاکہ رقم میں شک و شبہ نہ واقع ہو۔

ان تمام کارروائیوں کے بعد برات نامہ مہر مبارک کے نشان سے مزین و آراستہ کیا جاتا ہے اور بعد ازاں مشرف اُس کی رسید لکھتا ہے جو مذکورۂ بالا طریقے کے مطابق مختلف دفاتر میں داخل ہوتی ہے۔

ادائی رقم کی تفصیل اور اُس کا طریقہ نوشتے کی پشت پر تحریر کیا جاتا ہے جس کی ترتیب حسب ذیل ہے۔

ایک ربع رقم اشرفیوں میں، نصف رقم روپیوں میں اور ایک ربع دام میں ادا کی جاتی ہے۔ رقم کی ادائی میں ہر سکّے کی مقرّرہ قیمت کا لحاظ رکھا جاتا ہے۔

فرمان منصب بھی اسی طریقے کے مطابق تحریر و اجرا ہوتا ہے لیکن اس کے کاغذات صرف خاص مبارک کے عہدہ داروں کے پاس نہیں جاتے۔

سپہ و رسالہ کی صورت میں فرمان مشرف کے دستخط کے بعد دیوان سعادت کے دفتر میں داخل ہوتا ہے اور صدر الصدور، دیوان کُل کی مُہر و دستخط کے بعد فرمان پر اپنے دستخط و مُہر ثبت کرتا ہے۔

بعض اوقات فرامین کے عنوان طغریٰ میں لکھے جاتے ہیں اور ایسی صورت میں پہلی دو سطریں دیگر سطور سے چھوٹی ہوتی ہیں۔

اس فرمان کو اصطلاح عام میں پروانچہ کہتے ہیں۔

پروانچے عام طور پر خواتین حرم و نیز شاہزادگان کی مقررہ تنخواہوں کے اجرا کرنے کے لیئے جاری ہوتے ہیں بیگمات اور شاہزادوں کے علاوہ احدی اور چیلوں کی تنخواہیں اور بارگیر گھوڑوں کے اخراجات کی ادائی کے لیئے بھی عموماً پروانچے صادر ہوتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

خزانچی ہر سال نئے اسناد نہیں طلب کرتے بلکہ صرف رسائد کے داخلے پر، جو وزرائے سلطنت کی مُہروں سے مزیّن ہوتی ہیں، رقم ادا کر دیتے ہیں۔ مشرف رسائد لکھتا ہے اور ان رسیدوں پر صاحب تحویل اپنے دستخط کرتا ہے اور اس کے بعد رسائد اجرائے احکام کے لئے دیوان کے پاس روانہ کر دی جاتی ہیں۔

اس مرحلے میں رسائد پر مشرف، مستوفی، ناظر بیوتات، دیوان کُل، خانساماں اور مشرف دیوان کے دستخط لئے جاتے اور مُہریں ثبت ہوتی ہیں اور رسائد مکمّل ہو جاتی ہیں۔

جو پروانچے کہ احدیوں کی اجرائی تنخواہ کی بابت صادر ہوتے ہیں، اُن پر مستوفی، دیوان اور بخشی کی مُہروں اور دستخط کے بعد احدی باشی کی منظوری اور اُس کی مُہر اور دستخط بھی ضروری خیال کی جاتی ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ قبلۂ عالم نے ازراہ نوازش شاہانہ و نیز اس خیال سے کہ ادائی رقوم میں زیادہ تاخیر نہ ہو، پروانچوں کو اپنے ملاحظے کی شرط سے بری فرما دیا ہے۔

پروانچوں کے علاوہ سرخطوں اور خرید و فروخت کی رسیدوں اور نرخ ناموں، عرض ناموں (رقومات کی تفصیلی یادداشت جو خالصے کے تحصیلدار و ناظم رقم کے ہمراہ روانہ کرتے ہیں) قرار نامجات (وہ نوشتہ جس کے محاصل جمع کرنے والوں کی فراہم کردہ رقوم کی تصریح و توثیق ہوتی ہے) اور مقالے (تختۂ حساب جو تنقیح کے بعد تحویلدار مستوفی سے وصول کرتا ہے) پر بھی شاہی مُہر نہیں لگائی جاتی۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۲)

پایۂ نگین ہا

(مہروں کے مراتب و مدارج)

فرمان، پروانچہ اور برات کے کاغذات چار تہوں میں موڑے جاتے ہیں۔ موڑ کی ابتدا صفحے تہ کے آخر سے ہوتی ہے۔ پہلی تہ دوسری تہوں سے کم چوڑی ہوتی ہے۔ اس تہ کے کنارے پر جہاں کہ کاغذ قطع کیا جاتا ہے، وکیل اپنی مُہر ثبت کرتا ہے۔ وکیل کی مُہر کے مقابل، مگر قدرے اُس سے نیچے مشرف دیوان کی مُہر ہوتی ہے۔ اس مُہر کا ایک حصہ دوسرے پرت پر ثبت ہوتا ہے۔ اسی طرح مگر اس سے کچھ نیچے صدر کی مُہر ہوتی ہے لیکن شیخ عبدالنبی اور سلطان خواجہ اپنی مُہریں وکیل کی مُہر کے مقابل ثبت کرتے تھے۔

اس تہ کے وسط میں اُس شخص کی مُہر ہوتی ہے جس کا مرتبہ وکیل کے عہدے سے زیادہ قریب ہوتا ہے، جیسا کہ معتصم خاں اور آدہم خاں کے زمانے میں اتکہ خاں کا حال تھا۔

میربل، خانسامان، دیوان وغیرہ دوسری تہوں میں اپنی مُہریں ثبت کرتے ہیں، اس طرح کہ مُہروں کا قلیل حصہ پہلی تہ پر ثبت ہوتا ہے۔ دیوان اور بخشی کی مُہریں دوسری تہ کی سطح سے کم و بیش نہیں ہوتیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دیوان جزو اور بخشیٔ جزو اور دیوان بیوتات تیسری تہ پر اپنی مہریں ثبت کرتے ہیں۔

چوتھی تہ پر مستوفی اور پانچویں تہ پر صاحب توجیہ کی مُہریں ہوتی ہیں۔

جہاں پناہ کی مُہر سطر طغرا کے اوپر فرمان کی پیشانی پر ثبت کی جاتی ہے۔

تعلیقہ کی پیشانی پر شاہزادوں میں سے بھی ایک کی مُہر لگائی جاتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۳)

فرمان بیاضی

مُلک کے اکثر اہم معاملات ایسے ہوتے ہیں کہ نہ تو اُن میں تاخیر کی گنجائش ہوتی ہے اور نہ وہ ہر خاص و عام پر ظاہر کیے جا سکتے ہیں۔ اس قسم کے امور کی بابت جو فرامین جاری ہوتے ہیں وہ صرف مُہر مبارک شاہی سے مزیّن کیے جاتے ہیں اور انھیں فرمان بیاضی کہتے ہیں۔

ان فرامین کو لپیٹ کر ان کے دونوں سروں کو باہم ملا دیتے ہیں۔ کاغذ کی ایک گرہ سروں میں دے کر گرہ پر لاکھ کی مُہر کر دیتے ہیں۔ اس سے فرمان کے سرے ایسے باہم جڑ جاتے ہیں کہ مضمون نظر نہیں آتا۔ لاکھ کتیرا، برگد اور پیپل وغیرہ کے گوند سے بنائی جاتی ہے۔ یہ موم کی طرح آگ میں پگھل جاتی ہے اور ٹھنڈی ہو کر بستہ و سخت ہو جاتی ہے۔

مُہر کردہ فرمان زرّیں خریطوں میں رکھے جاتے ہیں اس لئے کہ قبلۂ عالم ظاہر ہے ہر تیہ افزائی کو بھی پرستش الٰہی کا ایک ضمیمہ خیال فرماتے ہیں۔ اس فرمان کو منصبدار و احدی و پیادے مکتوب الیہ تک پہنچاتے ہیں۔

جب بندگان سعادتمند کے پاس فرمان پہنچتا ہے تو وہ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

استقبال کے لئے آتا اور منشور شاہی کی تعظیم و تکریم بجا لاکر اُس کو سر پر رکھتے اور سجدۂ شکر بجا لاتے ہیں۔ فرمان پہنچانے والے شاہی عطیہ و نوازش کے مناسب حال یا اپنی حیثیت کے مطابق انعام و اکرام پاتے ہیں۔ قبلۂ عالم کے حکم سے فرمان کی طرح خریطوں پر بھی لاکھ بندی کی گئی جس کی وجہ سے مضمون میں کمی و بیشی کی گنجائش نہیں رہی اور اس جدت طرازی سے بیشمار تکالیف و انواع و اقسام کی بے عنوانیوں کا سدباب ہوگیا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۴)

بر گرفتن مواجب

(طریقہ وصولیابی تنخواہ)

جو شخص اپنی خوش نصیبی سے فوج میں داخل ہوتا ہے اور جب گھوڑے کی داغ اندوزی ہو جاتی ہے تو بغیر کسی انتظار کی تکلیف برداشت کئے و نیز بلا کسی خرچ کے اُسے سند مل جاتی ہے۔

تنخواہوں کے تمام حسابات دام میں کئے جاتے ہیں۔

بہار اور دسہرہ کی تیاری میں نصف تنخواہ روپے میں ادا کی جاتی ہے۔ ہر روپیہ اڑتالیس دام کا ہوتا ہے۔ اور بقیہ نصف کے دو حصے کئے جاتے ہیں۔ ایک حصہ اشرفیوں میں ادا کیا جاتا ہے اور ہر اشرفی نو روپے کے برابر ہوتی ہے۔ دوسرا حصہ یعنی کل تنخواہ کا ربع دام میں ادا کیا جاتا ہے۔ جب روپیہ چالیس دام کا قرار پایا تو جہاں پناہ کی شاہانہ نوازش سے سواروں کو تنخواہ بھی اُسی حساب سے ملنے لگی۔

ہر سال ایک ماہ کی تنخواہ گھوڑے و نیز ساز و سامان کے معاوضے میں منجا کی جاتی ہے۔ گھوڑے کی قیمت اصل قیمت سے دس پندرہ روپے زائد قرار دی جاتی ہے۔ لیکن چونکہ گھوڑوں کی خرید اسی میں بے حد احتیاط سے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کام لیا جاتا ہے اس لئے قیمت میں اس قلیل اضافے سے سواروں کا کوئی مالی نقصان نہیں ہوتا۔

اس کے علاوہ احدی سوار ضروری امور سلطنت کے انصرام و تسہیل جہاں پناہ کے احکام و فرامین پہنچانے میں ہمیشہ مصروف رکھے جاتے ہیں۔ ان سواروں کو مکتوب الیہ اُن کے حسن خدمت کے لحاظ سے انعام عطا کرتے ہیں۔ اگر سوار خدمات کو بخوبی بجالاتے ہیں تو انعامات کی تمام رقوم احدیوں کو عطا ہوتی ہے ورنہ اس انعام کا ایک حصّہ ماہوار تنخواہ میں محسوب ہوتا ہے۔

جہاں پناہ نقش کاہلی کو مٹانے اور فرائض خدمات کی تعلیم دینے کی غرض سے سواروں پر غیر حاضری کی صورت میں جرمانہ عائد فرماتے ہیں۔ سزا یابی کی صورت میں احدی پر نصف ماہ کی تنخواہ اور دیگر سواروں پر ایک ہفتے کی تنخواہ کے مساوی جرمانہ کیا جاتا ہے۔

تابین باشی کو اختیار ہے کہ اپنے سواروں کی تنخواہ کا بیسواں حصہ ہمیشہ اپنے پاس رکھے اور ضرورت کے وقت اس رقم میں سے اخراجات کو پورا کرے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۵)

مساعدت

(فوجی عہدہ داروں کو مالی امداد)

جاگیردار و ماہوار تنخواہ یاب عہدہ داروں کو اتفاق سے مالی مشکلات سے سامنا کرنا پڑتا ہے اور اس صورت میں ان لوگوں کو یہ سزاوار نہیں ہے کہ وہ کسی شخص سے تحفے یا ہدیے کے خواستگار ہوں۔

قبلۂ عالم نے اس پریشانی کو رفع کرنے کی غرض سے ایک خزانچی جداگانہ مقرر فرمایا ہے اور ایک میر عرض کا تقرر بھی عمل میں آیا ہے۔

جو اشخاص ضرورت کے وقت قرض لینا چاہتے ہیں وہ بلا کسی توہین و تکلیف انتظار کے اپنے مقاصد میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ سال اوّل قرضے کی رقم میں مطلق اضافہ نہیں ہوتا۔ دوسرے سال قرضے میں $\frac{1}{12}$ کا اور تیسرے سال $\frac{1}{8}$ چوتھے سال $\frac{1}{6}$ کا اور پانچویں سال سے ساتویں سال تک [illegible] اور آٹھویں سال سے دسویں سال تک ساڑھے تیرہ فی صدی کا اور دس کے بعد قرضے کی دگنی مقدار وصول کی جاتی ہے

اس مدت کے گزرنے تک [illegible] مزید اضافہ نہیں ہوتا۔

جہاں پناہ کا منشا اس سہولت کے قیام و نیز اس کے آئین الکلام سے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

یہ ہے کہ داد و ستد میں راستبازی پیدا ہو ورنہ ظاہر ہے کہ تجارتی کاروبار کی نوعیت انسان میں باہمی مساوات نیز باہمی قدر شناسی کے جذبات کو ترقی نہیں دے سکتی۔ اس آئین سے خائن سوداگروں کو راہ راست کی رہنمائی ہوئی اور مُلک میں بہترین انتظام رائج ہوا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۶)

انعام

قبلۂ عالم بنی نوع انسان کی عادات اور اُن کی مختلف طبائع سے بخوبی واقف ہیں۔ جہاں پناہ الٰہی امور کو مدّ نظر رکھ کر مختلف طریقوں پر انعام و اکرام عطا فرماتے ہیں۔ ظاہر میں بھی عطا کرتے ہیں اور پوشیدہ طور پر بھی بخشش کرتے ہیں۔ بعض مرتبہ قرض کے نام سے بھی انعام عطا ہوتا ہے وہ واپس نہیں لیا جاتا۔

دور و نزدیک، دولتمند و محتاج، ہر طبقہ جہاں پناہ کے انعام و بخشش سے فیضیاب ہوتا ہے۔

قبلۂ عالم علاوہ نقد کے اسپ و فیل و نیز دیگر بیش قیمت اشیا بطور انعام عطا فرماتے ہیں۔

ہر روز بخشیان بارگاہ، چوکیداروں اور دوسرے سواروں کے نام کی فہرست پڑھتے ہیں اور جن اشخاص کو ہنوز بخشش و انعام عطا نہیں ہوئے بیشتر انھی کا نام لیتے اور انکو ملاحظۂ عالی میں پیش کرتے ہیں۔

جہاں پناہ اُن کو گھوڑے بھی عطا فرماتے ہیں۔

جو سوار کہ انعام میں گھوڑا پاتے ہیں وہ تاریخ انعام سے ایک سال تک عطائے بخشش کے لئے قبلۂ عالم کے حضور میں نہیں پیش کیے جاتے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۷)

خیرات

جہاں پناہ محتاج و تہی دست افراد کو نقد رقم و نیز دیگر ضروریات زندگی عطا فرماتے اور اس طرح خفیہ و علانیہ ہر طریقے پر اپنی بخشش سے قلوب انسانی کو اپنا گرویدہ بناتے ہیں۔

بیشمار اشخاص روزینہ، ماہانہ اور سالانہ نقد و انعام پاتے اور بغیر انتظار کی تکلیف برداشت کئے ہوئے کامیاب ہوتے ہیں۔

حاضرین بارگاہ کے معروضات کے مطابق جس قدر رقم از آنجا صادر ہوتی ہے وہ حدّ حساب سے باہر ہے جو تحریر میں نہیں آسکتی۔ اور جو رقم کہ روزانہ فقرا کو بطور خیرات و نیز محتاج خانوں کے اخراجات طعام کے لئے دی جاتی ہے اُس کو بتفصیل معرض بیان میں لانا دشوار ہے۔

ایک جداگانہ خزانچی ہمیشہ جہاں پناہ کے حضور میں حاضر رہتا ہے اور جونہی دست ملاحظۂ عالی میں پیش ہوتا ہے اُسی وقت کامیاب و دلشاد واپس آتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۸)

وزن مقدّس

عظم وشان کو برقرار رکھنے اور نیز تہی دست اشخاص کو عطیۂ بخشش سے فیضیاب فرمانے کی غرض سے جہاں پناہ کے تولنے کی رسم سال میں دو بار ادا کی جاتی ہے اور ہر قسم کی جنس اور اشیا ترازو میں رکھی جاتی ہیں۔ اوّل بار یکم آبان کو جہاں پناہ کی شمسی سالگرہ کا روز ہے۔

اس مرتبہ قبلۂ عالم مندرجہ ذیل بارہ چیزوں میں بارہ دفعہ تولے جاتے ہیں۔ سونا[۱]، چاندی، ابریشم[۲]، خوشبو[۳]، تانبا[۴]، روح قوتیا[۵]، گھی[۶]، لوہا[۷]، دودھ[۸]، چانول[۹]، سات قسم کا اناج[۱۰]، اور نمک[۱۱]۔ وزن میں تقدیم و تاخیر ان اشیا کی قیمت پر منحصر ہے، جو شے زیادہ گراں قیمت ہے وہ وزن میں کم قیمت شے سے اوّل تولی جاتی ہے۔

اس کے علاوہ جہاں پناہ کی عمر گرامی کا جو سال ہوتا ہے اُسی تعداد میں بکرے، بکریاں اور مرغیاں مفلس اشخاص کو (جو ان جانوروں کو پالتے اور ان کی نسل بڑھا کر فائدہ اُٹھاتے ہیں) دی جاتی ہیں اور بیشمار پرند قفس سے اڑا دئے جاتے ہیں۔

دوم پانچویں رجب کو (جو جہاں پناہ کی قمری سالگرہ کا روز ہے) قبلۂ عالم آٹھ چیزوں میں جدا جدا تولے جاتے ہیں۔

چاندی، رانگ[۱]، پارچہ[۲]، سیسہ[۳]، میوہ[۴]، شیرینی[۵]، روغن کنجد[۶]، سبزی[۷]۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

شمسی و قمری دونوں سالگرہ میں تولنے کی رسم کے علاوہ عظیم الشان جشن سالگرہ منعقد ہوتا ہے اور بادشاہ کی ہمہ گیر بخشش سے اہل عالم فیضیاب ہوتے ہیں۔

شاہزادگان بلند اقبال اور اُن کے فرزندان سعادتمند سال میں ایک بار یعنی شمسی سالگرہ کے روز تولے جاتے ہیں۔

شاہزادوں کی رسم دو برس کے سن سے شروع ہوتی ہے اور پہلی مرتبہ وہ صرف ایک ہی چیز سے تولے جاتے ہیں۔ ہر سال ایک شے کا اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

جوان ہونے کے بعد سات یا آٹھ اشیا میں تولنے تک نوبت آتی ہے لیکن بارہ سے زائد چیزوں میں کبھی نہیں تولے جاتے۔ شاہزادوں کی سالگرہ میں بھی اُسی طرح جانور صدقے میں دئے جاتے ہیں۔

ایک خزانچی اور ایک محاسب اس سررشتے کے لئے بھی جداگانہ مقرر ہیں تاکہ سررشتے کے اخراجات میں بدعنوانی نہ ہونے پائے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۱۹)

سیور غال

قبلۂ عالم اپنی روشن ضمیری و رعیت نوازی سے بیشمار افراد کو اپنے عطیات شاہانہ سے فیضیاب فرماتے ہیں اور اپنی خداداد فہم و فراست سے اس بخشش و عطیہ کو عبادت الٰہی خیال فرماتے ہیں۔

قبلۂ عالم ہمیشہ اس امر پر توجہ فرماتے ہیں کہ بنی نوع انسان کی قدر شناسی و عزت افزائی کے مدارج میں ترقی و تمایز پیدا ہو۔ بادشاہ رعیت نواز چار طبقوں کو عطیۂ زمین اور وظائف سے مالا مال فرماتے ہیں۔

اوّل حقیقی علوم کے پرستار، جنھوں نے دُنیا کی ہر شے سے کنارہ کشی کر لی ہے اور شبانہ روز ایک ہی عالم تحقیق و جفاکشی میں زندگی بسر کرتے ہیں۔

دوم وہ گروہ، جو تمام عالم سے بے نیاز ہو کر خلوت کدۂ عبادت میں اپنے نفس کی آراستگی میں مصروف ہے۔

سوم وہ گروہ جو کمزور و غریب ہیں اور حصول معاش میں کوشش و دوا دوش کرنے سے عاجز و لاچار ہیں۔

چہارم معزز بزرگ زادے، جو کمی علم و فراست کی وجہ سے حصول معاش کا کوئی ذریعہ نہیں رکھتے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

زبان وقت میں نقد عطیے کو وظیفہ اور عطیۂ زمین کو ملک، اور مدد معاش کہتے ہیں۔

اس عنوان کے نام سے بھی کرور ہا روپیہ اور بیگھے شمار کئے جا سکتے ہیں۔ اور اس پر بھی عطا و بخشش کا بازار اُسی طرح گرم ہے۔

چونکہ حاجتمندوں کے حالات کا علم اور اُن کی حاجت روائی و نیز اُن کی ضروریات کا اندازہ ایک اہم و ضروری کام ہے، اس لئے ایک تجربہ کار، نیک نیت شخص کا جس کے اقوال و افعال میں راستبازی و دائمی جفاکشی کے آثار روشن و ظاہر ہوتے ہیں، اس خدمت پر تقرر فرمایا جاتا ہے اور اسے صدر کہتے ہیں۔ قاضی و میر عدل اس کے ماتحت ہوتے ہیں۔

صدر کو اُس کے فرائض منصبی میں مدد دینے کے لئے ایک تنکچی عطا کیا گیا ہے جو سررشتۂ حساب کو درست رکھتا ہے۔ اس شخص کو دیوان سعادت کہتے ہیں۔

جہاں پناہ نے رحم دلی سے ملازمین سررشتہ کو حکم دے رکھا ہے کہ وہ قابل توجہ حاجتمندوں کو حاضر کریں اور اس طرح بیشمار اشخاص اپنی تمناؤں میں کامیاب ہوتے ہیں۔

جہاں پناہ نے جب اس سررشتے کے حالات کی تفتیش کی تو قدیم صدر رشوت ستانی اور خیانت کے مجرم ثابت ہوئے۔

قبلۂ عالم نے اپنے مقرب اراکین کے مشورے سے شیخ عبدالنبی کو عہدۂ صدارت پر مامور کیا۔

جو زمینیں کہ افغانوں اور چودھریوں کے قبضے میں تھیں وہ ضبط کر کے خالصے میں داخل کر دی گئیں۔

ان کے علاوہ دیگر اشخاص جو مدد معاش کے عطیات سے سرفراز تھے اُن کے اسناد کی تصدیق و تصحیح کی گئی اور اس کے مطابق اُن کی املاک واگزاشت کی گئیں۔

قلیل مدت کے بعد قبلۂ عالم کے حضور میں اس مضمون کا ایک معروضہ پیش ہوا کہ جو افراد مدد معاش کے عطیات سے سرفراز کئے گئے ہیں اُن کی زمین ایک ہی قصبے اور ایک ہی سلسلے میں واقع نہیں ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ کمزور و کم طاقت افراد

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جن کی زمین خالصہ یا کسی سنسیدار کی جاگیر کے قریب واقع ہے زبردست حریف کی زور آوری سے بیحد تکلیف اُٹھاتے اور طرح طرح کی پریشانیوں میں گرفتار ہوتے ہیں۔

قبلۂ عالم نے حکم دیا کہ ایسے اشخاص، مدد معاش کی زمینیں ایک ہی مقام پر منتخب کر سکتے ہیں۔ تنخواہ ایسی اراضی پر اُتاری جائے جو ایک ہی جگہ واقع ہو اور ہر دیگر دہ کا اطمینان کیا جائے۔

کارپردازان سلطنت نے اس حکم کی بنا پر چند قریئے اس غرض کے لئے جدا کر دئے۔

سعادت مند ناتوان گروہ کو آرام نصیب ہوا اور بدطینت لوگوں کو دست درازی کرنے کا موقع نہ رہا۔

زمانے نے اپنی دیرینہ عادت کے مطابق پارہ گریبردہ دری کی اور موجودہ صدر کے افسانے بھی جہاں پناہ تک پہنچے۔ قبلۂ عالم نے فرمان صادر فرمایا کہ جو اشخاص پانچ سو بیگھے سے زائد کے معافی دار ہیں وہ اپنی اسناد بذات خود جہاں پناہ کے ملاحظے میں پیش کریں۔ جو معافی دار احکام شاہی کی تعمیل نہ کریں گے اُن کی زمین ضبط کر لی جائے گی۔ ان احکام کے باوجود بھی معافی داروں کے اعمال و کردار قبلۂ عالم کی مرضی کے مطابق درست نہ ہوئے اور جہاں پناہ نے حکم صادر فرمایا کہ ایک سو بیگھے سے زائد کی زمینوں میں اگر اضافے کی تصریح فرمان میں نہیں کی گئی ہے تو اضافے کا ۱/۴ حصہ خالصۂ مبارک میں شامل کر دیا جائے۔

ایرانی و تورانی عورات ان احکام سے بری سمجھی گئیں۔

بعد میں قبلۂ عالم کو معلوم ہوا کہ بعض حریص و گستاخ معافی دار اپنی قدیم زمینوں کو چھوڑ کر اُن کی بجائے نئی زمین حاصل کرتے ہیں۔ جہاں پناہ نے حکم دیا کہ جو شخص اس فعل کا مرتکب ہو اُس کی معافی کا ۱/۴ حصہ ضبط کر کے اُس کو از سر نو سند عطا کی جائے۔ قبلۂ عالم کو یہ بھی معلوم ہوا کہ قاضی رشوت ستانی کے مرتکب ہوئے ہیں اور معافی داروں سے روپیہ وصول کر کے اپنی جیب گرم کرتے ہیں۔ جہاں پناہ نے رضائے الٰہی کا حاصل کرنا مقدم خیال فرمایا اور ان ظاہر دار عامہ بندوں و دراز آستین جبہ پوشوں اور کوتاہ عقل اشخاص سے بدظن ہو گئے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

قبلۂ عالم نے معاملات کی ازسرِنو تحقیق کی اور بجز اُن تمام اشخاص کے جو سلطان خواجہ کے عہدِ صدارت میں قاضی مقرّر ہوئے تھے، یقیّہ قاضیوں کو برطرف فرما دیا۔

ایرانی و تورانی عورات بھی خائن ثابت ہوئیں۔ لہٰذا حکم ہوا کہ ان میں سے جو عورت سو سے زاید بیگوں کی معافی دار ہے، وہ ازسرِنو اپنی اسناد کی تجدید کرائے۔

عضد الدّولہ میر فتح اللہ شیرازی کے عہدِ صدارت میں مندرجۂ ذیل حکم صادر ہوا۔

اگر کوئی معافی دار مدد معاش کی زمین پر کسی دوسرے فرد کا شریک ہے اور فرمانِ مبارک میں ہر دو فریق کے حصّوں کی صراحت نہیں ہے تو کسی شریک کی وفات کی صورت میں تاوقتیکہ متوفی کے وارثان بذاتِ خود جہاں پناہ کے حضور میں حاضر نہ ہوں صدر بغیر کسی مزید تفتیش کے زمین تقسیم کرے اور اس نصف کو خالصے میں شامل کر لے۔

جدید صدر کو اختیار دیا گیا کہ وہ صرف پندرہ بیگے زمین اپنے اقتدار سے عطا کرے اور اس سے زائد کے لئے جہاں پناہ کے حضور میں معروضہ پیش کر کے قبلۂ عالم کی منظوری حاصل کرے۔

چونکہ مُلک امن و امان کی برکات سے معمور و مرفہ الحال ہو رہا ہے اس لئے معافیداروں نے اپنی زمینوں کے بیشتر حصّوں میں باغات نصب کر کے بیشمار فائدہ حاصل کیا۔ سلطنت کے عمّال کو کفایت شعاری اور سلطنت کے مفاد کا خیال پیدا ہوا اور انھوں نے سیورغال کے منافع کا اندازہ لگا کر معافی داروں سے محاصل طلب کئے۔

عمّال کا یہ فعل جہاں پناہ کو پسند نہ آیا اور قبلۂ عالم نے حکم دیا کہ اس قسم کے منافعوں میں کسی طرح کی دست اندازی نہ کی جائے۔

بعد میں جب یہ ثابت ہوا کہ سو بیگے بلکہ اس سے کم کے معافی دار بھی خیانت کے مجرم ہیں تو میر صدر جہاں کو حکم ہوا کہ وہ ان اشخاص کو قبلۂ عالم کے حضور میں پیش کرے۔

آخر کار یہ طے پایا کہ صدر جہاں راقم الحروف کے مشورے سے عطیّات میں زیادتی و کمی کرے اور اسی بنا پر فی الحال مندرجۂ ذیل اصول پر عمل درآمد

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ہوتا ہے۔

معافی کی زمین نصف مزروعہ اور نصف قابل کاشت ہونی چاہیئے اور اگر نصف آخر بھی مزروعہ ہو تو کل زمین کا ایک ربع ضبط کیا جائے اور بقیہ کے لئے جدید اسناد اجرا کیئے جائیں۔

مختلف قصبات میں ایک بیگے کا محصول مختلف ہے لیکن کسی مقام پر ایک روپیہ سے کم نہیں ہے۔

جہاں پناہ کے عقل و دانش سکھانے اور رعایا کو جفاکشی کا عادی بنانے کی بنا پر اس سررشتے پر خاص توجہ فرماتے ہیں اور بے لوث و بے غرض اشخاص کو صدارت کل و جز کے عہدوں پر مقرر فرماتے رہتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۰)

گردون گرداں

(جہاں پناہ کے ایجاد کردہ چرخ اور گاڑیاں)

قبلۂ عالم نے اپنی بہترین دور اندیشی سے ایک عجیب و غریب گاڑی ایجاد فرمائی ہے۔ اس جدت طرازی سے اہل عالم کو بیحد آرام و آسائش حاصل ہے۔

گاڑی سفر میں سواری یا بارکشی کے لئے استعمال کی جاتی ہے اور اسی کے ساتھ چکی کا کام بھی دے سکتی ہے اور اناج کا آٹا تیار ہو جاتا ہے۔

اس کے علاوہ ایک دوسری بڑی گاڑی تیار کرائی جس کو ایک ہاتھی کھینچتا ہے۔ گاڑی میں اس قدر وسعت ہے کہ اس میں مختلف حمام بنے ہوئے ہیں گویا کہ یہ گاڑی خود ایک سفری حمام ہے جس سے بیحد آرام و نشاط حاصل ہوتا ہے۔

تعجب یہ ہے کہ اس گاڑی کو بیل بھی آسانی کے ساتھ کھینچ سکتے ہیں۔

اونٹ اور گھوڑے بھی گاڑیوں کے چلانے میں استعمال کئے جاتے ہیں جن سے بنی آدم کے آرام و آسائش میں ایک معتدبہ اضافہ ہو گیا ہے۔

عمدہ اور سبک گاڑی کو بہل کہتے ہیں۔ یہ گاڑی ہموار زمین پر چلتی ہے اور چند اشخاص اس میں بیٹھ کر آرام سے سیر و تفریح کر سکتے ہیں۔ پانی کے چرخ اور دولابے بھی

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ایجاد فرمائے جو زمین کی انتہائی گہرائی سے بھی پانی کھینچتے ہیں۔

چار چرخ کو دو بیل اور وہ چرخ کو ایک بیل آسانی سے چلاتا ہے۔

ایک دوسری مشین ایسی تیار فرمائی جو ایک ہی وقت میں دو کنوؤں سے پانی کھینچتی ہے اور اسی کے ساتھ چکی کا بھی کام دیتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۱)

دہ سیری

قبلۂ عالم نے خداداد فہم و فراست کی بنا پر ابتدائے عہد سعادت سے یہ قاعدہ مقرر فرمایا کہ ممالک محروسہ میں ہر مقام پر ایک بیگہ مزروعہ کی پیداوار میں سے دس سیر غلّہ بطور حق شاہی سرکار میں جمع کیا جائے۔

اس حکم کی بنا پر ملک میں ہر چہار طرف غلّے کے انبار کے انبار لگ گئے۔

سرکاری چوپایوں کی خورش کا بہترین انتظام ہوا اور غلّہ بازار سے خریدنے کی نوبت نہ آئی۔

سرکاری گودام (غلّہ خانے) رعایا کے لئے بھی بیحد مفید ثابت ہوئے اس لئے کہ غریب کسان کاشتکاری کے لئے سرکار سے بہ آسانی غلّہ حاصل کر سکتے ہیں اور قحط کے زمانے میں رعایا انہی گودام سے غلّہ ارزاں قیمت پر خرید کرتی ہے لیکن غلّہ خریدار کی ضرورت سے زاید نہیں دیا جاتا۔ علاوہ ازیں یہ ذخیرہ کار خیر میں صرف ہوتا ہے۔

قبلۂ عالم نے ممالک محروسہ میں اکثر مقامات پر طعام خانے قائم کئے ہیں جہاں غربا و محتاج رعیت کو کھانا تقسیم ہوتا ہے۔

جہاں پناہ نے جا بجا تجربہ کار ملازمین کا تقرر فرمایا اور ان کے علاوہ جفاکش داروغہ اور ہوشیار تبکچی مقرر فرمائے جو آمد و خرچ کا حساب مرتب کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۲)

(۲)

جشن آرائی

(مختلف تہواروں کا آئین)

بادشاہ قدرشناس گزشتہ زمانے کے رسوم کی نوعیت پر غور فرماتے اور اہل رسوم کے ذاتی حالات سے قطع نظر کرکے خود اُن رسموں کی نیکی و بدی کا اندازہ فرماکر جو رسم عمدہ ہوتی ہے اُس کو گراں سے گراں مصارف کے باوجود اختیار فرماتے ہیں۔

بادشاہ سلامت لوگوں کی پرورش کی طرف خاص توجہ فرماتے ہیں اور بخشش کرنے کے لیئے کچھ نہ کچھ بہانہ تلاش کر لیتے ہیں۔

اسی بنا پر جب قبلۂ عالم کو جشن جمشیدی اور پارسی تہواروں کا حال معلوم ہوا تو حضرت نے بلا تامل ان رسوم کو اختیار فرمایا اور داد و دہش اور جود و عطا کی گرم بازاری ہونے لگی۔

پہلا جشن جشن نوروزی کے نام سے موسوم ہے جب آفتاب سال کا دورہ تمام کرکے برج حمل میں داخل ہوتا اور اپنی برکات سے اہل عالم کو مستفید کرتا ہے تو انیس روز کامل عشرت و نشاط کی ہنگامہ آرائی ہوتی ہے

اس زمانے میں دور روز عید کا تہوار منایا جاتا ہے اور بیشمار نقد و طرح طرح کی اشیا بطور صدقے اور تحفے اور ہدیے کے تقسیم کی جاتی ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

یکم فروردین اور اُنّیس فروردین جو یوم شرف ہیں عید کے لئے مخصوص ہیں۔
پارسیوں کا دستور ہے کہ ہر ماہ کے اُس روز جو ماہ کا ہمنام ہوتا ہے بجید مبارک خیال کرتے ہیں اور اس روز جشن عشرت منعقد کر کے بیحد نغمہ نوازی وسامان ضیافت وغیرہ کرتے ہیں۔ قبلۂ عالم نے بھی اس رسم کی تقلید کی اور ہر شمسی ماہ ایک خاص جشن کے لئے مخصوص ہو گیا۔ ان آیام کی فہرست مندرج ذیل ہے۔
اُنیس[19] فروردین، تیسری اردی بہشت، چھٹی[6] خورداد، تیرہ[13] تیر، ساتویں امرداد، چوتھی[4] شہریور، سولہ[16] مہر، دسں آبان، نویں[9] آذر، آٹھویں[8] پندرھویں[15] اور تیئیس[23] دے، دوسری[2] بہمن، پانچویں[5] اسفندار،
ان آیام میں جشن منعقد ہوتا ہے اور ہر جشن میں انواع واقسام کی زیب وزینت وآرائش کی جاتی ہے۔
حاضرین فرط مسرت سے بے اختیار ہو کر نعرہ ہائے نشاط بلند کرتے ہیں۔
ہر پہر کے آغاز پر نقارہ نوازی ہوتی ہے اور ارباب نشاط اپنی نغمہ سرائی اور اپنے ساز سے ہنگامۂ عیش برپا کرتے ہیں۔
پہلے جشن کی تین راتیں اور دوسرے جشن کی ایک رات چراغان کے لئے مخصوص ہے جس سے رونق ونشاط میں اضافہ ہو جاتا ہے۔
اس قسم کے جشنوں کا مختصر حال دفتر اوّل میں ہدیۂ ناظرین ہو چکا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۳)

خوشروز

(مینا بازار)

قبلۂ عالم دُنیا کی عجیب و غریب صنعتوں سے واقفیت حاصل کرنے کی غرض سے ماہانہ جشن کے تیسرے روز ایک بازار آراستہ کرنے کا حکم صادر فرماتے ہیں۔

اس بازار میں عورتیں بے حد شوق کے ساتھ سوداگری کے لئے جمع ہوتی ہیں اور تمام بلاد و ممالک کی صنعتیں اور ساز و سامان دُکانوں میں جمع کئے جاتے ہیں۔

خواتین حرم و دیگر پردہ نشین مستورات اس بازار میں آتی ہیں اور خرید و فروخت عام طور پر کی جاتی ہے۔ دور بیں بادشاہ بھی نقاب ڈال کر پہنچ جاتے ہیں اور سامان خرید کر کے نرخ سے واقفیت حاصل کرتے ہیں اور اس طرح سلطنت کے متعلق لوگوں کے خیال معلوم ہوتے ہیں اور ہر سررشتے اور ہر کارخانے کے نیک و بد احوال سے قبلۂ عالم کو واقفیت حاصل ہوتی ہے۔

قبلۂ عالم ان ایّام کو خوش روز (یوم نشاط) کے نام سے یاد کرتے ہیں حقیقت یہ ہے کہ یہ نام قطعاً بامعنی و صحیح ہے۔ اس لئے کہ یہ ایّام رعایا کے لئے ہر طرح سرچشمہ نشاط و سرور ہیں۔

زنانہ بازار کے اختتام کے بعد مردوں کے لئے بازار آراستہ ہوتا ہے۔

مختلف ممالک کے سوداگر اپنا مال فروخت کرتے اور اپنے مقاصد میں کامیاب

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ہوتے ہیں۔
جہاں پناہ یہ دین کی نگہداشت فرماتے ہیں اور اہل دربار خرید و فروخت سے مسرور و شادمان ہوتے ہیں۔
اس ہنگامۂ عشرت میں اہل بازار قبلۂ عالم کو اپنے درد دل کی داستان بھی سناتے ہیں اور اپنے مہالیات کو پیش کر کے مقاصد میں کامیابی حاصل کرتے ہیں۔
اس گروہ کو چاؤش و دربانوں کی دربانش کی زحمت بھی گوارا نہیں کرنی پڑتی۔
یہ سوداگر قبلۂ عالم کے حضور میں اسباب پیش کرنے کو عرض حال کا ذریعہ بناتے اور اس طرح مسرور و شادکام ہوتے ہیں۔
نیک و سعادتمند افراد اپنی مراد حاصل کرتے ہیں اور بدبخت و نیہ کار اشخاص اپنے افعال بد کی سزا پاتے ہیں۔
جہاں پناہ نے خرید و فروخت کے کاروبار کو بحسن و خوبی انجام پانے کی غرض سے ایک جداگانہ خزانچی اور ایک خاص مشرف کا تقرر فرمایا ہے جس کی وجہ سے سوداگر فروخت کردہ اسباب کی قیمت بلا تاخیر وصول کر لیتے ہیں اور اس طرح انھیں بیحد فائدہ پہنچتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۴)

کدخدائی

ظاہر ہے کہ اس عجیب و غریب پیوند زندگانی کی نگہداشت کرنا درحقیقت بقائے انسانی کو بحال و محفوظ رکھنا اور دُنیا کی ترقّی و آبادی میں اضافہ ہونے کے ذرائع کو فراہم کرنا ہے۔

یہ رشتہ بُرے جذبات نفس کا محافظ و نگہبان اور خانہ آبادی کا بہترین سرمایہ ہے۔

قبلۂ عالم چونکہ ہمہ تن خیر ہیں اور حضرت کا فیض تمام عالم کے لئے یکساں ہے، جہاں پناہ ہر خاص و عام کی دستگیری فرماتے ہیں اور امیر و غریب، ہر طبقے کے حالات سے باخبر ہیں۔

قبلۂ عالم رشتۂ عقد و مناکحت میں فریقین کے حسب و نسب میں مساوات اور اُن کی ہمسری و غیرہ کا بیحد لحاظ فرماتے ہیں اور اس رشتے کے مساوی تعلقات کا کوئی پہلو فروگذاشت نہیں فرماتے۔

عورت و مرد ہر دو فریق کے قبل بلوغ نکاح کو جہاں پناہ ناپسند فرماتے ہیں۔ اس رشتے سے کوئی ثمرہ نہیں حاصل ہوتا بلکہ قبلۂ عالم کی رائے میں ایسا قبل از وقت رشتہ دائمی مضرت و نقصان کا باعث ہوتا ہے۔ اس لئے کہ جب زن و شوہر جوان و صاحب فہم ہو جاتے ہیں تو اکثر اوقات اُن میں باہمی اتّفاق نہیں ہوتا اور بجائے آبادی کے خانہ ویرانی ہو جاتی ہے۔

ہندوستان کے ایسے حیا پرور ملک میں جہاں کہ عقد سے پیشتر شوہر و زوجہ،

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ایک دوسرے کی صورت نہیں دیکھ سکتے۔ قبل بلوغ کی شادی اور بھی زیادہ نقصان رساں ہے۔

قبلۂ عالم کا خیال ہے کہ عقد سے پیشتر نوشہ و عروس کی رضامندی اور طرفین کے ماں اور باپ کی اجازت حاصل کرنا ضروری ہے۔

جہاں پناہ قریبی رشتہ داروں میں عقد نکاح کو مناسب خیال نہیں فرماتے۔ حضرت نے اکثر زبان مبارک سے ارشاد فرمایا ہے کہ قدیم زمانے کی صرف یہی ایک رسم کہ لڑکی تو ام برادر کو نہیں دی جاتی تاریخ نقل پرست افراد کی زبان بند کرنے کے لئے کافی ہے۔

جو لوگ کہ دین محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے پابند ہیں اُن کو حقیقی بنی اعمام میں شادی و بیاہ کرنا ناروا اور بیجا نہیں نظر آتا حالانکہ اس رسم کی پابندی کا منشا یہ ہے کہ گویا مذہب کی ابتدا آفرینش عالم کی ابتدا سے مشابہ ہے۔ مہر میں گراں قدر رقم مقرر کرنا جہاں پناہ کی رائے میں بہتر نہیں ہے اس لئے کہ ایسی رقم کمتر ادا ہوتی ہے اور عقد کے وقت دروغ بیانی سے کام لیا جاتا ہے اسی کے ساتھ قبلۂ عالم یہ بھی فرماتے ہیں کہ گراں قدر مہر سے ایک فائدہ یہ ضرور ہے کہ رشتۂ نکاح جلد نہیں ٹوٹ سکتا اور طلاق آسانی سے نہیں دی جا سکتی۔

جہاں پناہ ایک سے زاید عورت کو نکاح میں لانے کے سخت مخالف ہیں۔ حضرت کا خیال ہے کہ اس سے انسان کی صحت خراب اور اُس کی خانہ داری درہم برہم ہو جاتی ہے۔

قبلۂ عالم کی رائے میں بوڑھی عورت کا جوان سے شادی کرنا شرم و حیا سے دور اور ناشائستہ فعل ہے۔ جہاں پناہ نے دو صاحب فہم و بے لوث اشخاص کا تقرر فرمایا ہے جن میں سے ایک نوشہ کے ذاتی و خاندانی حالات دریافت کرتا ہے اور دوسرا عروس کی شکل و صورت، اُس کے مزاج نیز اُس کی خاندانی وجاہت کے متعلق معلومات حاصل کرتا ہے۔

ان ملازمین کو توی بیگی کہتے ہیں۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ایک ہی شخص طرفین کے حالات معلوم کر لیتا ہے۔

جہاں پناہ اس دریافت حال کے معاوضے میں بطور نذر شکریہ ایک رقم وصول فرماتے ہیں۔

اس رقم کا ادا کرنا مبارک خیال کیا جاتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پنج ہزاری سے ہزاری امرا تک دس اشرفیاں اور ہزاری سے پانصدی تک چار اشرفیاں اور پانصدی سے دوصدی تک دو اشرفیاں اور دوصدی سے دوبیستی تک ایک اشرفی، دوبیستی سے دہ باشی تک چار روپے بطور نذر شکر سرکار میں داخل کرتے ہیں۔

دیگر دولتمند اشخاص سے چار روپے، متوسط طبقے سے ایک روپیہ اور عوام سے ایک دام وصول کیا جاتا ہے۔ اس رقم کی وصولیابی میں عروس کے باپ کے حالات اور اُس کی حیثیت کا لحاظ رکھا جاتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۶)

منجنیری

یہ سررشتہ فوج کی کارگزاری اور کامیابی اور ملک کے عام فوائد کی ترقی حاصل کرنے کے لئے بیحد ضروری ہے اس کے ذریعے سے کاشتکار اپنی کامیابی کا سامان مہیا کر لیتے اور اس طور سے جملہ آبادی کی ضروریات پوری ہوتی ہیں۔

جہاں پناہ اس سرچشمۂ اقبال کو چار چیزوں سے سیراب فرماتے اور اس خدمت کو خدا کی عبادت خیال فرماتے ہیں اوّل یہ کہ قبلۂ عالم نے اس قدر بڑی کشتیاں تیار فرمائی ہیں جن پر ہاتھی آسانی سے جا سکتے ہیں۔ بعض کشتیاں ایسی مستحکم اور اس وضع کی بنائی گئی ہیں جو قلعوں کے محاصرے میں کام آتی ہیں اور اُن کی مدد سے مضبوط ترین حصار فتح ہو جاتے ہیں۔

جو لوگ عادی ہیں وہ ان جہازوں کو بطور مکان کے استعمال کرتے ہیں اور سفر میں جو خاص طور پر تبت کی افریقہ اور عیسائی ممالک کی طرف ہوتا ہے استعمال کرتے ہیں۔

ممالک محروسہ میں ہر چہار طرف جہاز بکثرت پائے جاتے ہیں لیکن بنگال، کشمیر اور ٹھٹھہ میں تو اس قدر کثرت ہے کہ ان صوبوں کی تجارت کا دارومدار ہی جہازوں پر ہے۔

جہاں پناہ نے اکثر کشتیوں کے سر مختلف جانوروں کی شکل کے تیار کرائے ہیں اور اس طرح خوف و نشاط کو یکجا کر دیا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

غرضکہ بلند و عالی شان گنبد و دلکش عمارات و معمور و آباد بازار و سبزہ زار سطح دریا پر نمودار ہو گئے ہیں۔ ہندوستان کے مشرق و مغرب و جنوب کی سمت ساحل سمندر پر عظیم الشان جہاز لنگر انداز رہتے ہیں جو دریائی سفر کرنے والوں کے لئے مایۂ نشاط و آرام ہیں۔ بندرگاہوں میں جدید رونق پیدا ہوئی اور ملاحوں اور جہازرانوں کے تجربات و واقفیت میں بیحد اضافہ ہوا۔ جہاں پناہ نے الہ آباد و لاہور میں دریا کے کنارے جہازوں کا ذخیرہ فراہم کیا اور ان مقامات سے جہاز براہ راست ساحل سمندر کو روانہ ہوتے ہیں۔

کشمیر میں ایک نمونے کا جہاز تیار ہوا جس کو دیکھ کر سب کو حیرت و استعجاب ہوا۔

دوم قبلۂ عالم نے تجربہ کار جہازرانوں کو مقرر فرمایا ہے۔ یہ ملازمین سمندر کے مدّ و جزر، اُس کی گہرائی، مختلف موسمی ہواؤں کی نوعیت اور اُن کے اوقات، باد مراد و یا دطوفانی کے فوائد و نقصانات سے بخوبی آگاہ و واقف ہیں۔

جہازراں سمندروں کے سواحل کی نوعیت اور ہر سمندر و دریا کے نشیب و فراز کی شناخت میں بھی ماہر و کامل ہیں۔ اپنے پیشے میں کامل ہونے کے علاوہ ہر جہازراں کو صحیح و تندرست و قوی و مضبوط، نیک مزاج، جفاکش، محنتی و بردبار ہونا بھی ضروری ہے۔

مختصر یہ کہ ان ملازمین میں تمام عمدہ صفات کا پایا جانا ملازمت کے لئے اوّلین شرائط میں داخل ہے۔ ظاہر ہے کہ ایسے کامل فن و پسندیدہ صفات اشخاص کا میسّر آنا بیحد دقّت طلب ہے لیکن جہاں پناہ کی ہمہ گیر واقفیت اور حضرت کی قدر افزائی نے ان اشخاص کو کثیر تعداد میں آستانۂ والا پر جمع کر دیا ہے۔

بہترین جہازران و ملّاح ملک ملابار کے باشندے ہیں۔

دریاؤں اور بڑی ندیوں اور نہروں میں بھی کشتیاں چلتی ہیں اور تجربہ کار ملّاح مسافروں و نیز ضروری سامان کو ایک ساحل سے دوسرے ساحل تک بہ آسانی پہنچا دیتے ہیں۔

کشتیوں اور جہازوں میں ملازمین کی تعداد اُن کی وسعت و ساخت پر منحصر ہے۔

بڑے جہازوں میں بارہ اقسام کے ملازم کارگزار ہیں۔

(۱) ناخدا، یعنی صاحب جہاز، ناخدا کا لفظ ناوخدا کا محرّف ہے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جہازوں کی سمت سفر و راہ کو متعیّن کرنا اسی ملازم کی رائے پر منحصر ہے۔

(۲) **معلم**، یہ شخص سمندر کے نشیب و فراز سے بخوبی واقف اور علم نجوم کا ماہر ہوتا ہے۔ یہی شخص جہاز کو ہر سمت چلاتا اور اُس کو خطرناک راستوں سے گزرنے نہیں دیتا۔

(۳) **تندیل**، خلّاصیوں کا سردار، جہازرانوں کی اصطلاح میں ملّاح کو خلّاصی اور خارروہ کہتے ہیں۔

(۴) **ناخدائے خشب**، یہ شخص مسافروں کو لکڑی اور آگ بہم پہنچاتا ہے اور جہاز کو خالی کرنے میں مدد دیتا ہے۔

(۵) **سرہنگ**۔ جہاز کو لنگر انداز کرنا اور اُس کا لنگر اُٹھا کر جہازوں کو ساحل سے روانہ کرنا، اسی شخص کے فرائض منصبی میں داخل ہے۔ سرہنگ اکثر اوقات معلم کی خدمات بھی بجا لاتا ہے۔

(۶) **بھنڈاری**۔ جہازی ضروریات کے ذخیرے اس شخص کے سپرد کیے جاتے ہیں۔

(۷) **کرانی**، جہاز کے تمام اخراجات کو لکھتا اور مسافروں کو پانی بہم پہنچانا اس کا کام ہے۔

(۸) **سکّان گیر**، معلّم کی ہدایت کے مطابق جہازوں کی سمت بدلتا رہتا ہے۔ جہازوں پر ان کا ایک گروہ ہوتا ہے اور کبھی کبھی ان کی تعداد بیس سے بھی زیادہ ہوتی ہے۔

(۹) **پنجری**۔ جہاز کے مستول پر بیٹھتا اور راہ کی حفاظت کرتا ہے اور ساحل کے نمودار ہونے کی، دوسرے جہاز کی آمد اور باد طوفان کی بہمی وغیرہ سے اطّلاع دیتا ہے۔

گنہیتی، یہ شخص ایک قسم کا خلّاصی ہے جو جہاز سے اُس پانی کو نکالتا ہے جو جہاز کے سوراخوں کے ذریعے سے اندر آجاتا ہے۔

(۱۱) **توپ انداز**۔ یہ شخص بحری جنگ میں اپنی خدمات بجالاتا ہے۔ ان کی تعداد کی قلت و کثرت جہازوں کی وسعت و ساخت پر منحصر ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۱۲) **خاروہ**، متعدّد اشخاص ملازم رکھے جاتے ہیں۔ بادبان کو کھینچنا اور اُس کو باندھنا الگ الگ کے سپُرد ہے۔ بعض اشخاص سمندر و دریا کی تہ تک غوطہ لگا کر جہازوں اور کشتیوں کے سوراخ کو بند کرتے اور فرو ماندہ لنگر کو کھولتے ہیں۔

جہاز رانوں کی تنخواہیں ہر سفر میں، جسے اصطلاح میں کوش کہتے ہیں، مختلف ہوتی ہیں۔ مختلف بندرگاہوں کے ملازمین کی تنخواہیں حسب ذیل ہیں۔

بندرگاہ سات گاؤں (چٹگاؤں) ناخدا کی تنخواہ چار سو روپے ماہوار مقرر ہے۔ اس رقم کے علاوہ اُس کو جہاز میں چار ملیح یعنی حجرے بھی دئے جاتے ہیں۔ ناخدا ان کوٹھریوں میں طرح طرح کے اسباب جمع کرتا اور اُن کو فروخت کر کے بیشمار فوائد حاصل کرتا ہے۔

(ہر جہاز کو آدمیوں اور سامان کے لحاظ سے مختلف حصّوں میں تقسیم کر دیتے ہیں اور ہر ایسے حصّے کو ملیح کہتے ہیں۔

اس بندرگاہ میں معلّم کو دو سو روپے ماہوار دئے جاتے ہیں اور دو ملیح اُس کے لئے مخصوص ہیں۔

ٹنڈیل کی تنخواہ ایک سو بیس روپے ماہوار ہے اور ایک ملیح اُس کے سپرد ہے۔

ناخدائے خشک کو تیس روپے، سرہنگ کو پچیس، سکّان گیر، بجری اور بھنڈاری کو پندرہ پندرہ روپے، خاروہ کو چالیس اور تنمتی کو دس روپے ماہوار دئے جاتے ہیں۔

خاروہ کو تنخواہ کے علاوہ روزانہ خوراک یا اُس کا بھتّہ بھی دیا جاتا ہے۔ دیگ انداز (باورچی) کی تنخواہ دس روپے ماہوار مقرر ہے۔

بندرگاہ کنبایت (کیمبے) میں ناخدا کی تنخواہ آٹھ سو روپے ماہوار مقرر ہے دیگر ملازمین کو بھی اسی مناسبت سے تنخواہیں دی جاتی ہیں۔

لاہری میں ناخدا کو تین سو روپے ماہوار دئے جاتے ہیں اور اسی مناسبت سے دیگر ملازمین کی تنخواہیں مقرر کی گئی ہیں۔ جنوبی بندرگاہوں کے ملازمین کی تنخواہ اگر دس ہے تو بندرگاہ آچی کے ملازمین کی پندرہ، اور بندرگاہ پرتگال کے ملازمین کی پچیس روپے اور ملاکا (ملاکہ) کے ملازمین کی بیس ہے (یعنی جنوبی بندرگاہ آچی

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پرتگال اور ملاکا کے ملازمین کی تنخواہوں میں حسب ترتیب دس، پندرہ، پچیس اور تیس کی مناسبت ہے)۔ پیگو اور دھناسری کے ملازمین کو بندر کنبایت کے ملازمین سے ڈیوڑھی تنخواہ دی جاتی ہے۔

اسی طرح مقام و طول مسافت کے لحاظ سے ملازمین کی تنخواہوں میں اختلاف ہوتا ہے جس کی تفصیل دشوار ہے۔ ملاحوں کو دریاؤں اور ندیوں میں کشتی بانی کی اجرت ایک ماہ میں پانچ سودام سے زائد اور ایک سودام سے کم ادا نہیں کی جاتی۔

سوم، جہاں پناہ نے ایک تجربہ کار شخص کو دریاؤں کی نگہداشت پر مقرر فرمایا ہے۔

یہ شخص بلند قامت، وجیہ، باوقار، بلند آواز، جفاکش، ہوشیار، کارگزار، مہربردار، سفر دوست، شناور (تیرنے میں مشاق) ہوتا ہے۔

چونکہ یہ شخص زمانہ شناس ہوتا ہے اس لئے گزرگاہ (گھاٹ) کی تمام مشکلات کو آسانی سے حل کر دیتا ہے اور اس امر کا لحاظ رکھتا ہے کہ نہ تو گزرگاہوں پر زیادہ مجمع ہو اور نہ گزرگاہوں کا راستہ تنگ و ناہموار و غلیظ رہے۔

ہر کشتی میں وہ مسافروں کی تعداد مقرر کرتا ہے اور بقیہ مسافروں کو گزرگاہ پر روک کر اُن کا وقت زیادہ ضائع نہیں کرتا۔ اس کا یہ بھی فریضہ ہے کہ غربا اور اہل احتیاج کو بلا محصول آسانی سے دریا یا نہر سے عبور کرا دے۔

اہل مجمع کو تیرنے کی اجازت نہ دے اور اسباب کو سوا گزرگاہوں کے اور کسی مقام پر اُترنے نہ دے اور مسافروں کو سوا شدید ضرورت کے رات کے وقت دریا کو عبور کرنے سے باز رکھے۔

چہارم، معافی محصول، جہاں پناہ نے بیشتر محاصل جن کی مجموعی رقم دیگر ممالک کی آمدنی کے برابر ہے، اپنی شاہانہ نوازش سے معاف فرما دئے ہیں۔

قبلۂ عالم نے صرف اُسی قدر محصول مقرر فرمایا ہے جو بحری ملازمین کی تنخواہوں کو کفایت کر سکے۔

سرکاری محاصل پنجگانہ ہیں جن کی تفصیل مندرج ذیل ہے۔

بندرگاہوں پر ۲½ فی صدی محصول سے زائد نہیں لیا جاتا۔ یہ رقم قدیم محاصل کے مقابلے میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اس قدر قلیل ہے کہ سوداگر اس رقم کا وجود و عدم برابر خیال کرتے ہیں۔

دریاؤں کے محاصل حسب ذیل ہیں۔

ہر کشتی پر جس میں ایک ہزار من کا بوجھ ہو فی کوس ایک روپیہ محصول مقرر ہے بشرطیکہ کشتی اور اُس کا بار ایک ہی شخص کی ملک ہوں۔

لیکن اگر کشتی کرائے کی ہے اور کشتی کا تمام مال و بار دوسرے شخص کا ہے جس نے کشتی کرائے پر لی ہے تو ڈھائی کوس کی مسافت پر ایک روپیہ محصول لیا جاتا ہے۔

گزرگاہوں کے محاصل کی تفصیل حسب مندرج ذیل ہے۔

فی ہاتھی دس دام، لدا ہوا بھینسا یا گاڑی چار دام، خالی گاڑی دو دام، لدا ہوا اونٹ ایک دام، خالی اونٹ، لدا ہوا گھوڑا اور بیل نیم دام، خالی چوپائے ربع دام، دوسرے باربرداری کے جانور یا بوجھ اور گٹھے پر فی عدد ½ دام۔

بیس آدمیوں پر ایک دام محصول لیا جاتا ہے لیکن یہ محصول اکثر معاف بھی کر دیا جاتا ہے۔

قاعدہ یہ ہے کہ ان محاصل کا نصف یا ایک تہائی سرکار میں داخل ہوتا ہے جہاں پناہ کے حسن انتظام سے سوداگروں کی تمنا پوری ہوئی اور درآمد مال میں بیحد اضافہ ہوا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۷)

شکار

ظاہر بیں دُنیا پرست طبقہ جانوروں کی صید افگنی کو ایک مسرت خیز مشغلہ سمجھتا ہے اور اپنی لاعلمی کی وجہ سے اس پر ناز کرتے ہیں، لیکن حقیقت شناس افراد جو صید افگنی کو تحصیلِ علم کا ذریعہ اور اضافۂ معلومات کا واسطہ خیال کر کے اپنے خلوتکدۂ عبادت کو ایک خاص نورانی شمع سے روشن و درخشاں کرتے ہیں۔

حقیقت پرست افراد کا مقصد جہاں پناہ کے مشغلۂ صید افگنی سے ظاہر و روشن ہو گیا۔

جہاں پناہ اس شغلے کو سرمایۂ دانش خیال فرما کر بغیر عمل کو مطلع کئے ہوئے شکار کے بہانے سے رعیت و سپاہ کے حالات سے واقفیت حاصل کرتے ہیں اور ناشناسی کا لباس پہن کر مالی، ملکی اور خانگی واقعات سے آگاہ ہوتے ہیں، مظلوم طبقے کی دستگیری کرتے اور ظالم افراد کو اُن کے افعالِ بد کی سزا دیتے ہیں۔

جہاں پناہ ان بہترین اغراض کو حاصل کرنے کے لئے صید افگنی کا مشغلہ فرماتے ہیں اور اس شغل میں اس قدر انہماک ظاہر فرماتے ہیں کہ ظاہر بیں طبقہ حضرت کو صرف جانور کشی کا شیدائی خیال کرتا ہے، لیکن اربابِ بصیرت اصل مقصد سے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آگاہ ہو کر یہ سمجھتے ہیں کہ قبلۂ عالم کا مشغلۂ صید افگنی اس سے کہیں زیادہ بلند و بالا مقاصد کے حاصل کرنے کا محض ایک ظاہری واسطہ ہے۔

قبلۂ عالم جب شکار کے لئے روانہ ہوتے ہیں تو تیز و چابک دست قراول شکارگاہ کو ہر چہار طرف سے گھیر لیتے ہیں۔ قور شکارگاہ سے تقریباً چار پانچ کوس کے فاصلے پر خدمت کے لئے تیار رہتا ہے۔

امرائے سلطنت و دیگر اشخاص قور کے قریب قیام کر کے حضرت کی تشریف آوری کا انتظار کرتے ہیں۔

جو ملازم کہ اشیا کی حفاظت پر مقرر کئے جاتے ہیں وہ اپنے متعینہ مقام پر بیٹھتے اور اپنے فرائض کو انجام دیتے ہیں۔

ان ملازمین سے ایک گز پیچھے میر توزک کمربستہ رہتا ہے اور ڈیڑھ کوس کے فاصلے پر اکثر ملازمین و درباری حاضر رہتے ہیں۔ اس مقام کی خدمت خدمتیہ گروہ کے سپرد ہے۔

اتنے ہی فاصلے پر ایک ہوشیار اور قابل اعتماد قراول سردار مع چند ملازمین کے موجود رہتا ہے اور آہستہ آہستہ آگے بڑھتا اور شکارگاہ فاصلہ کی حفاظت کرتا رہتا ہے۔

اس شخص کے عقب میں ایک تجربہ کار افسر تمام معاملات کی نگہبانی کے لئے موجود و حاضر رہتا ہے۔

قبلۂ عالم کے چند مقرب ملازمین کو بھی اس مقام پر حاضر رہنے کی اجازت مرحمت ہوتی ہے لیکن ان میں خاصکہ وہی اشخاص ہوتے ہیں جو شکارگاہ کے فرائض کو انجام دے سکیں۔

قبلۂ عالم تھوڑی دور چلنے کے بعد چند ہمراہیوں کو ساتھ لے کر آگے قدم بڑھاتے ہیں اور قدرے فاصلہ طے کرنے کے بعد اکثر تنہا اور بعض اوقات ایک یا دو ملازم کے ہمراہ اور آگے بڑھتے ہیں۔

آرام کے اوقات میں ہر دو ہمراہیوں کا گروہ خدمت مبارک میں حاضر رہتا ہے۔

مشغلۂ صید افگنی کی بابت قبلۂ عالم کے خیالات و مقاصد نیز حضرت کے انتظامات شکارگاہ کو معرض تحریر میں لانے کے بعد جہاں پناہ صید افگنی کے مختلف طریقوں اور عجیب و غریب کارگزاریوں کا ذکر بھی کیا جاتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

شیر کا شکار

(۱) لوہے کی سلاخوں کا ایک مضبوط پنجرہ شیر کی گزرگاہ میں رکھ دیا جاتا ہے۔ اُس کا دروازہ کھلا رہتا ہے اور اُسی کے اندر ایک بکرے کو اس طرح باندھتے ہیں کہ شیر بکرے کو دیکھ تو سکتا ہے لیکن بغیر اندر جائے اُس پر ہاتھ نہیں ڈال سکتا۔ پنجرہ ذرا سی حرکت میں بند ہو جاتا ہے۔

اس طور سے شیر طمع کا شکار ہو کر قفس کے اندر جاتا اور گرفتار ہو جاتا ہے۔

(۲) ایک زہر آلود تیر کو کمان میں لگا کر درخت کی شاخ سے اس طرح باندھتے ہیں کہ خفیف سی جنبش میں تیر چل جائے۔ شیر اس راہ سے گزرتا ہے اور کمان میں خفیف حرکت ہوتی ہے اور تیر چلے سے نکل کر جانور کے جسم میں پیوست ہو کر اُسے ہلاک کر دیتا ہے۔

(۳) ایک بکرے کو شیر کی گزرگاہ پر مضبوط باندھتے ہیں اور بکرے کے ہر چہار طرف زمین پر خشک گھاس کے چھوٹے چھوٹے پولے رکھتے ہیں۔ ان پولوں کو سرپوش سے بالکل ڈھک دیتے ہیں۔ شیر جھپٹتا ہوا آتا ہے اور پولوں پر پنجہ مارتا ہے، سرپوش اُس کے پنجوں میں چپک جاتی ہے اور وہ اُس کو چھڑانے کی کوشش کرتا ہے۔

جتنا بھی زیادہ وہ سرپوش کو چھڑانا چاہتا ہے اُس قدر وہ اُس کے ہاتھ پاؤں میں زیادہ چپک جاتی ہے۔ اس طور سے وہ پریشان ہو جاتا ہے اور شکاری یا تو اُس کا کام تمام کر دیتے ہیں یا زندہ گرفتار کر کے اُس کو سدھا لیتے ہیں

قبلۂ عالم اپنی صداقت پسندی و راستبازی سے اس قسم کے مکر و فریب سے شکار کرنا پسند نہیں فرماتے اور اس مردم آزار جانور کو تیر یا بندوق سے ہلاک کرنا زیادہ پسند فرماتے ہیں۔

(۴) ایک دلیر و تجربہ کار شکاری بھینسے کی پشت پر سوار ہو کر شیر کے سامنے آتا اور جانور کو شیر سے لڑاتا ہے۔ بھینسا شیر کو اپنی سینگوں پر رکھ لیتا ہے اور اُس کو اس قدر اوپر اُچھالتا اور نیچے گراتا ہے کہ جانور ہلاک ہو جاتا ہے۔ اس طریقۂ شکار کا نظارہ اور اُس کا تعجب انگیز منظر حد بیان سے باہر ہے

سوار کی دلیری اور اُس کا بھینسے کی برہنہ پیٹھ پر اس طرح جم کر کھڑا رہنا حیرت انگیز ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ایک مرتبہ یہ معلوم ہوا کہ ایک مردم خوار شیر قصبۂ باری میں نمودار ہوا ہے۔
قبلۂ عالم ناہر خاں ہاتھی پر سوار ہو کر شیر کے جنگل کو تشریف لے گئے۔
شیر نے نکل کر ہاتھی کی پیشانی پر پنجہ مارا اور اُس کا سر زمین پر جھکا دیا۔ بادشاہ نے زیردست پہلوان کی طرح حملہ کر کے اُس قوی ہیکل اور خشم آلود جانور کا کام تمام کر دیا' جس سے تجربہ کار بہادر بھی حیرت میں رہ گئے۔

دوسرے موقع پر جہاں پناہ نے ٹوڈہ کے قریب ایک جانور کا شکار کیا۔ شیر نے ایک شخص کو پنجے میں دبوچا۔ جہاں پناہ نے تاک کر ایسا تیر مارا کہ وہ جانور کے پیوست ہو گیا اور آدمی اُس کی گرفت سے رہا ہو گیا۔

ایک مرتبہ قمرغہ کے شکار میں ایک شیر بپھر اٹھا گیا۔ شیر نے جہاں پناہ پر حملہ کیا اور بادشاہ قادر انداز نے اپنے کمال جرأت سے جانور کے سر پر ایسا تیر لگایا کہ وہ وہیں ہلاک ہو گیا۔

ایک بار شیر نے ایک پیادے کو پنجے میں دبوچا۔ ہر شخص اُس گرفتار بلا کی زندگی سے مایوس ہو گیا' لیکن قبلۂ عالم نے جانور کے جسم پر ایسی گولی ماری کہ جانور ہلاک ہوا اور پیادہ رہا ہو گیا۔

ایک مرتبہ متھرا کے جنگل میں ایک عجیب و غریب واقعہ پیش آیا۔ ایک شیر ہانکا گیا اور شجاعت خاں جو بہت آگے نکل چکا تھا' سہم کر واپس ہوا۔ جہاں پناہ اپنی خداداد ہمت کی بنا پر اپنی جگہ پر مستقل کھڑے رہے' شیر آپ کے قریب آیا اور آپ نے اسے تیز نظر سے دیکھا اس نگاہ ایزدی ہیبت نے جانور پر ایسا اثر کیا کہ وہ تھرّاتا ہوا واپس ہوا' اور قلیل عرصے میں تیر کی ضرب سے ہلاک کیا گیا۔

قبلۂ عالم کی ذات گرامی یگانۂ عصر اور حضرت کے کارنامے انسانی عقل و فہم سے بالاتر ہیں اور میرے لئے ہندی نژاد زبان میں ان کارناموں کا مناسب طریقے پر معرض بیان میں لانا ناممکن ہے

شیر ان جہاں شکار کردہ — وز مور چہ کنار کردہ
در معرکہ کہ بستہ شمشیر
از بیم فتادہ ناخن شیر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ہاتھی کا شکار

اس جانور کو شکار کرنے کے مختلف طریقے ہیں۔

(۱) کھیدہ، شکاری سوار اور پیادے موسم گرما میں اس عجیب و غریب جانوروں کی چراگاہ میں جاتے اور ڈھول اور بانسری بجاتے ہیں۔ باجے کی آواز سے جانور بیحد خوف زدہ ہوتا اور بے اختیار دوڑتا ہے۔

ہاتھی اپنی جسامت اور دوڑ دھوپ کی محنت سے تھک کر کسی درخت کے سائے میں پڑ جاتا ہے، اُس وقت چند تجربہ کار شکاری جانور کے قریب جاتے اور اُس کے پاؤں اور گردن میں رسّی ڈال کر رسّی کو درخت سے مضبوط باندھ دیتے ہیں۔ اس قسم کی رسّیاں سَن یا کسی درخت کی چھال سے تیّار کی جاتی ہیں۔

جانور کو اس طرح مضبوط باندھ دینے کے بعد چند پالو ہاتھیوں کو اس نوگرفتار جانور کے پاس لاتے ہیں۔ اس طرح رفتہ رفتہ نوگرفتار جانور مانوس ہو جاتا ہے۔

گرفتار شدہ ہاتھی کی قیمت کا چوتھائی حصّہ گرفتار کرنے والوں کو بطور اُجرت دیا جاتا ہے۔

(۲) چورکھیدہ، شکاری ایک پالو ہاتھی کو جنگلی ہاتھیوں کی چراگاہ میں لے جاتے ہیں۔

فیلبان جانور کی پیٹھ سے ایسا چمٹ کر لیٹ جاتا ہے کہ کسی جنبش و حرکت سے اُس کا پتا نہیں چلتا۔ جنگلی ہاتھی اُس سے آویزش شروع کر دیتے ہیں اور اس درمیان میں فیلبان بیحد احتیاط کے ساتھ اُن میں سے ایک کے پاؤں میں رسّی ڈال کر اُس کو گرفتار کر لیتا ہے۔

(۳) گاؤ، ہاتھیوں کی گزرگاہ میں ایک گہرا گڑھا کھودا جاتا ہے، خندق کی سطح پر سوکھی گھاس بچھا دیتے ہیں۔

جانور اس گڑھے کے قریب آتا ہے اور شکاری جھاڑیوں کے اندر سے شور و غل مچاتے ہیں۔

ہاتھی شور و غل سے گھبرا جاتا ہے جس سے اُس کی فطری ہوشیاری زائل ہو جاتی ہے اور چلّاتا ہوا تیزی کے ساتھ دوڑتا اور گڑھے میں گر پڑتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

گرفتار شدہ جانور کو چند روز بھوکا اور پیاسا رکھتے ہیں جس کے بعد وہ رفتہ رفتہ مانوس ہو جاتا ہے۔

(۴) بارہ ہاتھیوں کی آرام گاہ کے تین طرف گڑھا کھود کر صرف ایک سمت ہموار زمین چھوڑ دیتے ہیں اور اسی جانب ایک دروازہ لگاتے ہیں، دروازہ کھلا رہتا ہے لیکن اُس کو اس طرح رسیوں سے باندھتے ہیں کہ جب چاہیں بند کر دیں۔

اس دروازے کے اندر اور باہر ہاتھی کی مرغوب غذا رکھتے ہیں۔

جانور اُس کو کھانا شروع کرتا ہے اور حرص و طمع میں ایسا گرفتار ہو جاتا ہے کہ بلا کسی خیال کے دروازے کے اندر چلا جاتا ہے۔

ایک بے خوف شکاری جو دروازے کے قریب کسی مقام پر چھپا رہتا ہے رسیاں کاٹ کر دروازہ بند کر دیتا ہے۔

ہاتھی اس حرکت سے چوکنا اور دروازہ توڑنے کی کوشش کرتا ہے ایسی حالت میں شکاری آگ روشن کرتے ہیں اور شور و غل مچاتے ہیں، جانور پریشان ہو کر اس قدر ہر چہار جانب دوڑتا ہے کہ آخر تھک جاتا ہے اور اُس میں قوت باقی نہیں رہتی۔ اس کے بعد پالو ہاتھی کے پاس باندھ دیا جاتا ہے اور اس طرح رفتہ رفتہ وہ مانوس ہو جاتا ہے۔

قدیم زمانے سے یہی دستور ہے کہ ہر ہاتھی کو مندرجۂ بالا طریقوں سے گرفتار کرتے ہیں لیکن جہاں پناہ نے اپنی جدت طرازی سے ایک نیا قاعدہ بھی ایجاد فرمایا ہے جس کی خوبی حد بیان سے باہر اور تعجب انگیز ہے۔

حقیقت تو یہ ہے کہ اس جانور کی گرفتاری کا بہترین طریقہ جہاں پناہ کی ایجاد ہے جو حسب ذیل ہے۔

جنگلی ہاتھیوں کے گلّے کو شکاری تین طرف سے گھیر کر ہنکاتے ہیں، صرف ایک راہ محفوظ رکھی جاتی ہے، اس محفوظ راہ پر چند ہتھنیاں کھڑی کر دی جاتی ہیں، ہاتھی مادہ جانوروں کو دیکھ کر اُن کی طرف بڑھتے ہیں اور یہ ہتھنیاں رفتہ رفتہ آگے بڑھتی ہیں یہاں تک کہ حلقے میں داخل ہو جاتی ہیں اور ہاتھی بھی ان کے ساتھ ساتھ اس حلقے میں مذکورۂ بالا طریقے پر گرفتار ہو جاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

چیتوں کا شکار

یہ جانور جنگل میں تین قسم کی زندگی بسر کرتے اور نہایت ہوشیاری سے رہتے ہیں۔ ایک جگہ شکار کرتے ہیں۔ دوسری جگہ آرام کرتے اور سوتے ہیں اور تیسری جگہ سیر کرتے اور باہم کھیلتے کودتے ہیں۔

چیتے اکثر اوقات پہاڑی کی چوٹی پر سوتے ہیں۔

چیتوں کے لئے درخت کا سایہ بہترین نعمت ہے۔ یہ جانور درخت کے تنے سے اپنے جسم کو رگڑتا ہے اور اُسی درخت کے گرد خلیظ کرتا ہے، جس کو ہندی میں آکھر کہتے ہیں۔

قدیم زمانے میں چیتوں کو گرفتار کرنے کا یہ قاعدہ تھا کہ گہرے گڑھے کھود کر اُن کو خس پوش کرتے تھے۔ ان گڑھوں کو آودی کہتے ہیں۔ چیتے ان گڑھوں کے قریب آتے اور اُن میں گر پڑتے تھے لیکن اس طرح اُن کے دفعتہً گرنے سے اُن کے پاؤں میں ضرب آجاتی تھی۔ گڑھے میں گرنے کے بعد اکثر جست لگا کر وہ باہر نکل جاتے تھے اور اس طرح کبھی کبھی ایک جانور سے زیادہ گرفتار نہیں ہوتا تھا۔

جہاں پناہ نے ان جانوروں کے گرفتار کرنے کا ایک نیا قاعدہ ایجاد فرمایا جس سے بڑے بڑے نامی شکاری حیرت زدہ ہو گئے۔ قبلۂ عالم نے گڑھا کھدوایا جو صرف دو یا تین گز گہرا ہوتا ہے اور اس خندق میں ایک چھوٹا دروازہ نصب کیا جاتا ہے جو جانور کے گڑھے میں گر جانے کے بعد خود بخود بند ہو جاتا ہے۔ اس طریقے پر جانور کے چوٹ نہیں لگتی اور نیز یہ کہ بعض اوقات ایک سے زیادہ جانور گرفتار ہو جاتے ہیں۔ ایک مرتبہ سات چیتے بہ یک وقت گرفتار کئے گئے۔

موسم سرما میں جو ان جانوروں کی مستی کا زمانہ ہے، ایک مادہ جانور جنگل میں گھوم رہی تھی، چھ نر چیتے اُس کے عقب میں ہمراہ آرہے تھے۔

اتفاق سے مادہ اس قسم کے ایک گڑھے میں چلی گئی اور اُس کے نر ساتھی اُس کی آرزو میں اُس کے پیچھے چلے گئے۔ اُس گڑھے میں کود پڑے جو درحقیقت ایک عجیب و دلکش نظارہ تھا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

قبلۂ عالم اس جانور کو تھکا کر بھی اس کا شکار کرتے ہیں جو ہمراہیوں کے لئے بیحد نشاط انگیز تماشا ہوتا ہے۔ ایک طریقہ اس جانور کو شکار کرنے کا یہ ہے کہ جس درخت کے سائے میں چیتا آرام لیتا ہے اُس کی جڑ میں زنجیریں باندھتے ہیں، جانور جب اس درخت سے اپنے جسم کو رگڑتا ہے تو زنجیریں اُس کے پاؤں میں پھنس جاتی ہیں قبلۂ عالم دارالحکومت میں تیس یا چالیس کوس کے فاصلے پر اس جانور کا شکار کرتے ہیں۔ اس جانور کا شکار خاصکر بازی سپاہ والی الہ پور سنام، بھٹنڈا، کھیڑ، پائن، پنجاب، فتحپور، جھنجھانو، ناگور، میرتھا، جودھپور، چتیڑ، پٹن اور امرسر تا ئن میں کھیلا جاتا ہے۔

ان کے علاوہ بعض دیگر دور و دراز مقامات پر بھی شکارگاہیں تیار کی گئی ہیں۔ جہاں پناہ اکثر مذکورۂ بالا مقامات میں سے (خود اوّل الذکر مقامات پر) تشریف لے جاتے ہیں اور جانوروں کو جو گڑھے میں گر کر گرفتار ہوتے ہیں، اپنے ہمراہ لاتے اور اُن کو یوزبانوں کے سپرد کر دیتے ہیں۔

اکثر اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ بادشاہ سلامت اس جانور کے شوق میں دور و دراز مقامات کا سفر کرتے ہیں اور راہ میں کسی مقام پر آسائش کے لئے قیام فرماتے ہیں کہ اسی اثنا میں ان جانوروں کی گرفتاری کی خبر کسی دوسرے مقام سے آتی ہے اور قبلۂ عالم پہلا ارادہ ملتوی فرما کر جلد سے جلد دوسری جگہ روانہ ہو جاتے ہیں۔

قدیم زمانے میں شکاری لوگ گرفتار چیتے کو تین ماہ میں شکار خانے کے لئے تیار کرتے تھے اور بعض اوقات محنت و مشقت کر کے صرف دو ماہ میں جانور تیار ہو جاتا تھا لیکن قبلۂ عالم کی خاص توجہ کی بنا پر اب یہ جانور بہترین طریقے پر صرف اٹھارہ روز میں تربیت پذیر ہو جاتے ہیں۔ قدیم و ہوشیار یوزبان حضرت کے ایجاد کردہ طریقے کو دیکھ کر حیرت زدہ ہو گئے اور قبلۂ عالم کی جدت طرازی و پایہ شناسی کی مدح میں ترزبان ہوئے۔

جہاں پناہ دربار کی زینت میں اضافہ فرماتے، نیز بہترین خیالات کو دل و دماغ میں جگہ دے کر کبھی کبھی چیتوں کی پرداخت و تربیت کی اور اس طرح جانوروں کو تعلیم دی کہ حضرت کے تعلیم کردہ چیتوں کو دیکھ کر بڑے بڑے تجربہ کار یوزبان تعجب کرنے لگے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com


ایک عجیب و حیرت انگیز واقعہ حسب ذیل ہے۔

ایک مرتبہ ایک چیتا گرفتار کیا گیا اور جہاں پناہ نے اس نوگرفتار جانور کو جو ہنوز تربیت یافتہ نہ تھا، شکار کا اشارہ کیا اور اس جانور نے بہترین تربیت یافتہ چیتے کی طرح خدمت انجام دی۔

تماشائی اس امر کو دیکھ کر بیحد حیران ہوئے اور اُن کی چشم حقیقت وا ہوگئی تجربہ کار یونان سجدۂ عقیدت میں گر پڑے اور حضرت کی تعریف میں رطب اللسان ہوئے۔

قبلۂ عالم کے مہر انگیز قلب مبارک کی سحر کاری کا ایک نمونہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ ایک چیتا بلا پٹے اور زنجیر کے حضرت کے ہمرکاب تھا اور مثل دانا انسان کے حضرت کے اشارے پر چلتا تھا اور ہر شکار میں یہ جانور کمال دکھاتا اور اپنی کارگزاریوں سے دوسروں کو مسرور کرتا تھا۔

خاصے کے چیتوں پر دو سو یوزبان مقرر ہیں اور جانوروں کی تربیت کا باقاعدہ انتظام فرمایا گیا ہے۔



Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۸)

چیتوں کی خوراک اور یوزبانوں کی تنخواہ

اوّل درجے کے جانور کو پانچ سیر، دوم کو ساڑھے چار سیر، سوم کو چار سیر، چہارم کو پونے چار سیر، پنجم کو ساڑھے تین سیر، ششم کو سوا تین سیر، ہفتم کو تین سیر، ہشتم کو پونے تین سیر گوشت روزانہ دیا جاتا ہے۔

چونکہ یکشنبے کو جانوروں کی قربانی نہیں ہوتی، نیز دوشنبے کو ہر جانور کو دُگنا راتب دیا جاتا ہے۔

پیشتر ہر چھ ماہ کے بعد اور اب سال میں ایک بار چار سیر روغن اور ۱/۱۰ سیر گندھک بدن پر مالش کے لئے دی جاتی ہے تاکہ جانور خارش کے مرض سے محفوظ رہیں۔

ہر چیتے کی خدمت و تیمارداری کے لئے چار ملازم مقرر تھے، چونکہ اب انھیں گھوڑے، گاڑی اور ڈولی بھی دی جاتی ہیں اس لئے ان کی تعداد دُگنا کر دی گئی ہے۔

یوزبانوں کو تیس روپے سے پانچ روپے تک ماہوار تنخواہ دی جاتی ہے اور گاڑی کے بیلوں کی نگہداشت بھی انہی کو کرنی پڑتی ہے۔

یوزبان دو مدارج میں تقسیم کئے گئے ہیں اور ہر درجے کے پانچ مراتب ہیں جن کی تنخواہیں حسب ذیل ہیں۔

درجۂ اوّل میں اعلیٰ کو تین سو دام، دوم کو دو سو ساٹھ دام، سوم کو دو سو چالیس دام،

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

چہارم، دو سو دام، پنجم، ایک سو اسّی دام،

درجہ دوم میں، اوّل کو ایک سو ساٹھ دام، دوم، ایک سو چالیس دام، سوم ایک سو بیس دام، چہارم، ایک سو دس دام، پنجم ایک سو دام۔

ظاہری شان و شوکت کو برقرار رکھنے کے لئے چیتوں کے لئے زربفت کی جھولیں، مرصع زنجیریں، اور ہر چیتے کی نگہداشت ایک امیر سے متعلق ہے جو اُس کی آرائش و زینت کا ہمیشہ خیال رکھتا ہے۔

ہر چیتے کا اُس کی صفات کے لحاظ سے نام رکھا جاتا ہے۔

ہر دس جانور کے ایک گروہ کو مشکل یا طرف کہتے ہیں

چیتے اپنے مدارج کے اعتبار سے بھی مختلف اقسام میں منقسم کئے گئے ہیں۔

شاہی شکارگاہ میں ایک ہزار چیتے فراہم کئے گئے ہیں جن سے ایک عجیب و لفریب لشکر تیار ہو گیا ہے۔

درجۂ اول کے تین چیتے خاص بادشاہ سلامت کے لئے مخصوص ہیں، پہلے بارگاہ دولت پر پانچ چیتے حاضر رہتے تھے، تین خاصے کے اور دو دوسرے۔

چیتوں کی سواری کے لئے دو محافے ایک ہاتھی پر کسے جاتے ہیں، ہاتھی کے ہر طرف ایک محافہ ہوتا ہے اور ہر محافے میں ایک شکاری چیتا بٹھلایا جاتا ہے۔ جو نہایت خوبی سے جانوروں کا شکار کرتا ہے۔

اس طرح محافے اونٹوں، گھوڑوں، خچروں پر بھی کسے جاتے ہیں۔

چیتوں کی سواری کے لئے گاڑیاں بھی بنائی گئی ہیں جن کو بیل یا گھوڑے کھینچتے ہیں۔ بعض اوقات گھوڑے کی پیٹھ پر بھی ان کی نشست کا انتظام کیا جاتا ہے اور کبھی کبھی ان کو کہار ڈولی میں بھی لے جاتے ہیں

بہترین چیتا سمند ہاتک نام چڈول پر سوار ہوتا ہے، اسے بحد اہتمام کے ساتھ سوار کرایا جاتا ہے اور اس کی سواری کے گرد اگرد ملازمین عمدہ پوشاک پہنے ہوئے دوڑتے ہیں اور سواری کے آگے نقارہ بجتا ہے۔

بعض اوقات اس جانور کو دو شخص گھوڑے پر لے جاتے ہیں اور چڈول کے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دونوں ڈنڈے گھوڑوں کی گردنوں پر رکھے رہتے ہیں۔

پیشتر ایک چیتے کے لئے دو گھوڑے مخصوص تھے لیکن اب دو چیتوں پر تین گھوڑے مقرر ہیں۔ بعض جانوروں کے لئے ڈولی اور بعضوں کے لئے بیل گاڑی مقرر ہے۔

اکثر جانور ایسے ہیں جو ایک خاص ڈولی میں تنہا سفر کرتے ہیں۔

پالو اور تربیت یافتہ چیتے کی ڈولی کو دو اشخاص اور دوسرے جانوروں کی ڈولیوں کو تین کہار اٹھاتے ہیں۔

شکاری چیتے کی چالاکی و تیز دستی

چیتے ہوا کے ساتھ دوڑتے ہیں اور شکار کی بو سونگھتے اور اُس کی آواز سنتے ہیں۔

شکار کا پتا چلانے کے بعد جانور کو پکڑنے کا ڈھنگ تیار کرتے اور شکاری کو جانور کے مقام سے آگاہ کرتے ہیں

شکاری چیتوں کو اپنے ہمراہ لے کر شکار پکڑنے کے لئے آگے بڑھتے ہیں چیتوں کے ذریعے سے تین طریقوں پر شکار کیا جاتا ہے۔

(۱) 'اُپَج گھیٹی' شکاری اس مقام کے جانب راست سے جہاں کہ ہرن نظر آتے ہیں اپنے چیتے کو ہرنوں پر چھوڑتے ہیں اور چیتا جھپٹ کر ہرن کو اپنے پنجے میں پکڑ لیتا ہے۔

(۲) 'رگھنی' چیتا ہرن کی نگاہ سے چھپا رہتا ہے۔ شکاری چیتے کو دور سے ہرن دکھلاتے ہیں اور یہ مشاق و حیلہ گر جانور ایک جھاڑی سے دوسری جھاڑی کو پھاندتا ہوا ہرن کے قریب پہنچتا ہے اور اُس کو پکڑ لیتا ہے۔

(۳) 'گوہاری' چیتے کو گاڑی سے اُتار کر ایک جھاڑی میں چھپا دیتے ہیں لیکن ہوا کا رخ چیتے کی طرف ہوتا ہے۔ گاڑی کو مخالف سمت لے جاتے ہیں۔ ہرن ہر دو جانب سے مشتبہ ہو کر پریشان ہوتا ہے، جانور کو شتاب دیکھ کر مکا چیتا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جھاڑی سے نکل کر اُس کو گرفتار کر لیتا ہے۔

اس شکاری جانور کی حیلہ سازی اور اس کی چالاکی کے حالات زبان و قلم سے ادا کرنا محال ہے اور اُس کی ہوشیاری اور صفائی کو تحریر کے ذریعے سے معرض بیان میں لانا ناممکن ہے۔ نر کی موجودگی میں مادہ کو شکار نہیں کرتا اور بڑے جانور کے ہوتے ہوئے بچوں کا شکار نہیں کرتا اور ہرنوں کے جھنڈ میں ہمیشہ نر جانور کو گرفتار کرتا ہے۔

اس جانور کا قاعدہ ہے کہ جب شکار پر دوڑتا ہے تو اپنے ہاتھ اور پاؤں سے مٹی اُڑاتا ہوا چلتا ہے تاکہ گرد و غبار میں اپنے کو چھپائے رکھے اور ہرن کو ہوشیار دیکھ کر زمین پر اس طرح لیٹ جاتا ہے کہ اُس کا نام و نشان ہی نظر نہیں آتا۔

قدیم زمانے میں چیتے ایک حملے میں تین سے زیادہ جانوروں کا شکار نہیں کر سکتے تھے لیکن اب ایک مرتبہ میں بارہ ہرن تک پکڑ لیتے ہیں۔

قبلۂ عالم نے خود ہی شکار کا ایک طریقہ ایجاد فرمایا ہے جس کو چتر منڈل کہتے ہیں۔

شکاری ہرنوں کی چراگاہ کے قریب مختلف جھاڑیوں میں چھپ کر بیٹھتے ہیں اور حلقہ بنا کر ہرنوں کو ہر طرف سے گھیر لیتے ہیں اس کے بعد چیتوں کو ہر چہار طرف چھوڑتے اور ایک ہی حملے میں متعدد جانوروں کا شکار کر لیتے ہیں۔ یوزباتوں اور تربیت کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کے لئے جانوروں کی تیز دستی دیکھنے میں جہانگیری کے موقع پر انعام دیا جاتا ہے اور اس طرح حسن خدمت کی قدر کی جاتی ہے۔

ہر جانور پر ایک خاص انعام بھی مقرر ہے جس کی تفصیل بیحد دشوار ہے۔

جہاں پناہ کے جذبۂ جہانگیری کا ایک عجیب و غریب کرشمہ یہ ہے کہ ایک چیتے اور ایک ہرن میں باہم اس قدر موافقت ہو گئی کہ ہر دو جانور ہر وقت ساتھ رہتے اور ایک دوسرے سے بیحد محبت کرتے

تعجب انگیز امر یہ ہے کہ جب چیتا جنگل میں دوسرے ہرنوں پر جھپٹتا ہے تو مثل دیگر جانوروں کے اس کا شکار کرتا ہے۔

قدیم زمانے میں بعض اس خوبی سے کہ جانور اس سرکشی و ناپسندی کے غلبے سے بے قابو ہو کر بھاگ نہ جائیں چیتے سر شام ہی سے باندھ دیئے جاتے تھے

لیکن اس مبارک عہد میں قبلۂ عالم کے بہترین قوانین کی برکات سے یہ جانور اس قدر مانوس ہو گئے ہیں کہ شام کو بھی کھلے رہتے ہیں اور اُن کو جنگل کی یاد نہیں آتی اور ہر طرح فرماں برداری کرتے ہیں۔

قدیم زمانے میں یہ بھی دستور تھا کہ چیتوں کی آنکھوں پر بجز شکار کے موقع کے ہر وقت پٹی بندھی رہتی تھی تاکہ جانور بھڑک کر بیتابی کا اظہار نہ کر سکیں لیکن آجکل بے نقاب ہر طرف گھومتے اور آزاد رہتے ہیں۔

خاصے کے چالیس چیتے ایسے ہیں جن پر اُمرا بازی لگاتے ہیں جس کا چیتا پہلے شکار کرتا ہے وہ دوسروں سے بازی جیت جاتا ہے اور اسی طرح جس کا چیتا تمام جانوروں سے قبل بیس ہرن شکار کر لاتا ہے تو وہ دوسروں سے فی کس پانچ روپے وصول کرتا ہے۔

سید احمد بارہہ جو خاصے کے چیتوں کا سردار ہے ہر شرط میں ایک مہر اپنا حصہ لیتا ہے۔ اس طرح اُس نے بیشمار رقم حاصل کی ہے۔ اگر کوئی امیر بیس سیاہ ہرنوں کے سینگ جہاں پناہ کے ملاحظے میں پیش کرتا ہے تو اپنے ہم عصر امرا میں ہر ایک سے ایک اشرفی وصول کرتا ہے۔

اسی طرح قراولوں اور طرفداروں میں بھی باری لگائی جاتی ہے۔

مختصر یہ کہ ہر شخص ہر موقع پر زیادہ سے زیادہ ہرن لانے کی کوشش کرتا ہے۔

ہرنوں کی کھالیں غربا کو انعام کے ضمن میں عطا ہوتی ہیں۔

حیرت انگیز امر یہ ہے کہ جہاں پناہ ہرنوں کی کھال دیکھ کر فوراً بتلا دیتے ہیں کہ ہرن کس شکارگاہ کا جانور ہے۔

جمعے کے روز قبلۂ عالم شکار نہیں کھیلتے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ شاہزادہ ولی عہد بہادر کی ولادت کی بابت جہاں پناہ نے اس قسم کی نذر کی تھی جس کو پورا فرماتے ہیں۔

سیاہ گوش

قبلۂ عالم اس کوتاہ قامت مگر جری و بہادر جانور سے شکار کرانا بیحد پسند فرماتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

قدیم زمانے میں سیاہ گوش، لومڑی اور غرگوش کا شکار کرتے تھے لیکن اب سیاہ ہرن کو بھی پکڑتے ہیں۔

ہر جانور کو روزانہ ایک سیر گوشت دیا جاتا ہے۔
ہر سیاہ گوش کے لئے ایک خاص ملازم مقرر ہے۔
ہر خدمتگار کو سو دام ماہوار تنخواہ دی جاتی ہے۔

کتے

جہاں پناہ اس جانور کو اس کی بہترین عادات کی وجہ سے بیحد پسند کرتے ہیں۔
قبلۂ عالم مختلف ممالک سے کتے منگواتے ہیں جن میں بہترین قسم کا جانور کابل سے لایا جاتا ہے خاصکر اصلاع ہزارہ سے۔
کتوں کو زیورات سے آراستہ کرتے اور ان کے مختلف نام رکھے جاتے ہیں۔
کتے ہر قسم کے جانور پر حملہ آور ہوتے ہیں جس میں زیادہ تعجب انگیز امر یہ ہے کہ بعض اوقات شیر پر بھی حملہ کرتے ہیں۔
بعض کتے دشمن پر حملہ کر کے اس کو خاک و خون میں ملا دیتے ہیں۔
خاصے کے جانوروں میں ہر کتے کو روزانہ دو سیر گوشت دیا جاتا ہے۔
دوسرے کتوں کے لئے فی جانور پاؤ سیر گوشت مقرر ہے۔ ہر دو تازی جانوروں پر ایک نگہبان مقرر ہے۔ ہر خدمتگار کو سو دام ماہوار تنخواہ دی جاتی ہے۔

ہرن کا شکار ہرن سے

یہ فراری ہونے والا جانور بھی مانوس ہو کر الفت سے بچا لاتا ہے۔ شکار کا طریقہ حسب ذیل ہے۔
ہرن کے سینگ پر ایک جال باندھ دیتے ہیں اور اس کو جنگلی جانور کے مقابلے میں چھوڑ دیتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دشتی ہرن خوف زدہ ہو کر پالو جانور سے جنگ آزمائی کرتا ہے۔

دوران جنگ میں جنگلی ہرن کے سینگ یا پاؤں یا کان جال میں پھنس جاتے ہیں، شکاری جو جھاڑیوں میں چھپے رہتے ہیں، دوڑ کر گرفتار شدہ ہرن کو پکڑ لیتے ہیں۔

نو گرفتار جانور رفتہ رفتہ مانوس ہو جاتا ہے۔

اگر جال ٹوٹ جاتا ہے یا یہ کہ ہرن اپنے حریف سے جنگ کرتے کرتے تھک جاتا ہے تو اپنی دانائی سے محافظ کے پاس واپس آتا ہے جو یا تو جال کو درست کر دیتا ہے یا دوسرے جانور کو آویزہ کشی کے لئے روانہ کرتا ہے۔

سلطان فیروز خلجی اس طرح کے شکار کو بیحد پسند کرتا اور ہمیشہ اس میں مشغول رہتا تھا، لیکن قبلۂ عالم نے شکار کے اس طریقے میں جدت پیدا کی اور اس کو بہتر بنایا۔

بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ جنگلی ہرن صبح سے شام تک برابر آویزہ کشی جاری رکھتا ہے اور چار جانوروں تک کو شکست دیتا اور پانچویں ہرن سے گرفتار ہوتا ہے۔

اس زمانے میں ہرن اس درجہ فرماں پذیر بنا دئے گئے ہیں کہ شب کے وقت بھی جنگ آزمائی کرتے ہیں۔ اگر جال ٹوٹ جاتا ہے یا یہ کہ صحرائی جانور بھاگ جاتا ہے تو پالو ہرن اپنے نگہبان کے پاس واپس آتا ہے۔

ایسا بھی ہوتا ہے کہ آوازِ طلب سُن کر جنگ آزمائی سے باز آتا اور نگہبان کے پاس واپس آتا ہے اور دوبارہ جنگ کا اشارہ پاتا ہے تو حریف کے مقابلے میں جا کر جنگ شروع کر دیتا ہے۔

قدیم زمانے میں ہرن شب کو آزاد نہیں کئے جاتے تھے اور یہ خوف رہتا تھا کہ جانور کھلا رہنے سے ممکن ہے کہ جنگل کی راہ لے، اور اگر کبھی آزاد کرتے بھی تھے تو اُس کے پاؤں میں ایک وزنی گیند باندھ دیتے تھے تاکہ فرار نہ ہو سکے۔

ہرن کی دانائی اور وفاداری کے بیشمار افسانے زبان زد ہیں۔

زمانِ حال میں ایک جانور کی حیرت انگیز داستان بیان کی جاتی ہے کہ صوبۂ الہ آباد کے ایک ہرن نے جنگل کی راہ لی اور مختلف دریاؤں اور میدانوں کو طے و عبور کرتا ہوا اپنے وطن یعنی صوبۂ پنجاب میں پہنچ کر اپنے قدیم مالک کے در پر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جا کھڑا ہوا۔

قدیم زمانے میں ہرن کے شکار میں ایک دو سے زیادہ اشخاص شریک صید افگنی نہ ہوتے تھے۔ یہ اشخاص بھی ہرن کے رمیدہ مزاجی کے خوف سے بھیس بدل کر جھاڑیوں میں چھپے رہتے تھے اور سدھا جنگلی ہرن کے یا دوسرے جانور سے شکار کا کام نہ لیتے تھے جن کو کسی نہ کسی طرح گرفتار کر کے صید افگنی کی تعلیم دیتے تھے۔

قبلۂ عالم نے اس زمانے میں ایک ایسا جدید طریقۂ شکار ایجاد فرمایا جس میں دو سے زائد اشخاص ایک مرتبہ شکار کھیلتے ہیں۔ صید افگنی کا قاعدہ یہ ہے کہ شکاری چالیس بیل سدھا کر آہستہ آہستہ آہو زار میں لئے جاتے ہیں اور خود اُن کے پیچھے چھپ جاتے ہیں اور قریب پہنچ کر جانوروں کا شکار کرتے ہیں۔

اس زمانے میں اس جانور کی نسل بھی بڑھائی جاتی ہے اور اس طرح خانہ زاد شکاری تیار ہو جاتے ہیں

ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ ہرن کے خدمتگار خود جھک جاتے ہیں اور جانور اُن کے عقب سے اُن کو پھاندتا ہے، وحشی ہرن یہ خیال کرتے ہیں کہ جانور جفتی کھا رہا ہے اور اس کے قریب آکر لڑتے اور گرفتار ہوتے ہیں۔

قبلۂ عالم اس طریق شکار کو ناپسند کرتے ہیں اور مادہ ہرن کے ذریعے سے جنگلی جانوروں کو پالو ہرن سے آویزش کراتے ہیں۔

ایک مرتبہ ایک ہرن نے چیتے کو گرفتار کیا جس کا پاؤں ہرن کے جال میں پھنس گیا تھا۔ ہر دو جانور گجرات سے قبلۂ عالم کے حضور میں لائے گئے جیسا کہ پیشتر مذکور ہوا۔

گھنٹا بیڑہ ایک دوسرے طریقۂ شکار کا نام ہے۔

شکاری ایک سینگ یا ٹوکرے کو اُلٹا پکڑتے ہیں اور اس کی آڑ میں روشن چراغ رکھتے ہیں اور دوسرے ہاتھ سے گھنٹی بجاتے ہوئے دوڑتے ہیں۔ جانور چراغ کی روشنی دیکھ کر اور گھنٹیوں کی آواز سُن کر جمع ہو جاتے ہیں اور جو اشخاص تاک میں رہتے ہیں وہ ہرنوں کو تیر سے شکار کر لیتے ہیں، بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ جانور باجے کی آواز سُن کر مست و مدہوش ہو کر گرفتار ہو جاتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بعض شکاری خوش آوازی کے ساتھ گاتے ہیں اور جانور نغمہ سرائی سے مبہوت ہو کر قریب آکر کھڑے ہو جاتے ہیں تو سنگ دل شکاری اُن کا کام تمام کر دیتے ہیں قبلۂ عالم نے عرصے سے دونوں طریقوں کو معیوب سمجھ کر ترک فرما دیا ہے۔

تھانگی، ایک برہنہ سر شکاری جنگلی جانور کے روبرو آتا ہے اور دیوانہ وار اپنے سر کو ہلاتا اور مجنونانہ حرکات کرتا ہے، جانور اس شخص کو پاگل سمجھ کر اس کے قریب آتا ہے اور متحیر ہوتا ہے، دوسرے شکاری جو چھپے رہتے ہیں جھپٹ کر اس کا شکار کرتے ہیں۔

بوکارہ، چند شکاری تیر و کمان ہاتھ میں لے کر دو رویہ ایک دوسرے سے کسی قدر فاصلے پر آڑ میں بیٹھ جاتے ہیں اور ہرن اسی سمت ہانکے جاتے ہیں، ہانکنے والے اپنے ہاتھ میں سفید چادر لے کر ہوا میں اڑاتے ہیں، ہرن خوف زدہ ہو کر بھاگتے ہیں اور شکاریوں کے قریب پہنچ کر اپنی جان کھو بیٹھتے ہیں۔

ڈواؤن، بوکارہ سے مشابہ ایک قاعدہ ہے، دو کماندار سبز پوش اسی طرح کھڑے ہوتے ہیں اور جانور ان تیر اندازوں کی طرف ہانکے جاتے ہیں۔ شکار کا یہ طریقہ بیحد نشاط انگیز ہے جس میں ہرن پریشان ہو کر گرفتار ہو جاتے ہیں۔

اجارہ، شکاری سر سے پاؤں تک سبز رنگ کے کپڑے پہنتے ہیں اور تیر و کمان کو بھی سبز کپڑوں سے لپیٹ دیتے ہیں، اور اس کے بعد آزادی سے آہو زار میں جاتے اور جانوروں کا شکار کرتے ہیں۔ یا یہ کہ ہرن کی کھال کی رسیاں بناتے ہیں اور رسیوں کو درخت سے مضبوط باندھ دیتے ہیں۔ یا پھر رسیوں کو درخت کے اوپر باندھ کر اُن کو اُس مقام پر جہاں کہ ہرن ہوتے ہیں لٹکا دیتے ہیں اور ہوا کے رخ جال بچھاتے ہیں، شکاری ایک طرف سے نمودار ہوتے ہیں اور ہرن مجبور ہو کر اسی مقام کی طرف بھاگتے ہیں، جہاں جال بچھے ہوئے ہیں، اور اس طرح جال میں گرفتار ہو کر پکڑ لئے جاتے ہیں۔

بعض اوقات شکاری درخت کی آڑ میں چھپ کر ہرن کی بولی بولتا ہے جانور اپنے جنس کی آواز سن کر درخت کے قریب آتا اور گرفتار مصیبت ہو جاتا ہے۔

بعض شکاری مادہ ہرن کو میدان میں ایک جگہ باندھ دیتے ہیں، یا یہ کہ پالو ہرنوں کو

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جنگلی ہرن کی چراگاہ میں چھوڑ دیتے ہیں، جنگلی ہرن پالو جانوروں کے پاس آتے اور گرفتار ہوتے ہیں۔

وہ ٹھگی۔ شکاری دیوانوں کی طرح برہنہ سر دوڑتے ہیں اور ان کے کپڑے پان کی پیک سے اس طرح تر رہتے ہیں کہ گویا جسم زخم آلود ہو گیا ہے، شکاری خود مجنونانہ حرکت کرتا ہے، جنگلی جانور اس خود ساختہ دیوانے کے گرد جمع ہو کر اُس کی موت کا انتظار کرتے ہیں اور اس طرح بیجا خواہش کی طمع میں گرفتار ہو کر نذر اجل ہو جاتے ہیں۔

شکارنرگاؤمیش (بھینسے کا شکار)

اس جانور کے شکار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک بڑی رسّی زمین میں مضبوط دبا دیتے ہیں، اس رسی کا سرا اوپر رہتا ہے جس میں پھندا لگا رہتا ہے۔

اس رسّی میں ایک دوسری رسّی باندھتے ہیں اور دوسری رسی میں ایک مست بھینس کو باندھ کر شکاری چھپ جاتا ہے، جنگلی بھینسا مادہ کو دیکھ کر اس مقام پر آتا اور اُس سے جفتی کھاتا ہے۔ ایسی حالت میں شکاری جھاڑی سے نکل کر پھندا بھینسے کے پاؤں میں ڈال دیتا ہے۔

بعض اوقات شکاری بدحواس ہو جاتا ہے اور بھینسے کی ایک ہی لات میں اپنی جان سے ہاتھ دھوتا ہے۔

اس جانور کے شکار کرنے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ شکاری اُن تالابوں پر جاتے ہیں جہاں جنگلی بھینسے نہانے کے لئے جمع ہوتے ہیں اور تالابوں کے ہر چہار طرف جال بچھا دیتے ہیں۔

شکاری پالو بھینسوں پر سوار ہاتھ میں نیزے لئے ہوئے پانی میں اُترتے ہیں جنگلی جانور اُن کو دیکھ کر قریب آتے ہیں جن میں سے بعض تو نیزوں سے ہلاک ہو جاتے ہیں اور چند جال میں گرفتار ہو جاتے ہیں۔

جنگلی بھینسوں کی چراگاہوں میں بھی جانوروں کو اسی طرح شکار کرتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پرندوں کا شکار

قبلۂ عالم ان بلند پرواز جانوروں کو بیحد پسند فرماتے ہیں اور ان کے طرح طرح کے شکار سے مسرور و خوش ہوتے ہیں۔

جہاں پناہ اگرچہ باز و شاہین و شاہباز و بزگت، تمام جانوروں کو پالتے اور ان کی تربیت فرماتے ہیں لیکن باشہ کو حد درجہ عزیز رکھتے اور اس کو مختلف ناموں سے پکارتے ہیں۔

خاکسار مولّف کو تعجیل کے ساتھ اس کام کو ختم کرنا ہے اور ظاہر ہے خلاصہ نویسی میں اتنی گنجائش کہاں کہ اس دل آویز داستان کو تفصیل کے ساتھ معرض بیان میں لائے اور ہر جانور کی کاربردازی کے مفصل حالات جداگانہ لکھے۔

مولّف اوّل تو ان جانوروں کی بابت بہت کم واقفیت رکھتا ہے، دوسرے یہ کہ فطرتاً جانورکشی سے نفرت رکھتا ہے، ان وجوہات کی بنا پر مفصل نظرانداز کرکے ناظرین کی واقفیت کے لئے چند سطور میں اس دراز قصّے کو ختم کرتا ہے۔

موسم بہار کے وسط میں پرندے ملاحظۂ عالی میں پیش ہوتے ہیں اور اس کے بعد ان کو کریز کے لئے (پر جھڑنا) تیلاتے اور شہروں میں روانہ کرتے ہیں۔

کریز کا وقت ختم ہونے کے بعد پھر بار دیگر جہاں پناہ کے حضور میں پیش کئے جاتے ہیں۔

معائنے کی ابتدا خاصے کے بازوں سے ہوتی ہے اور یہ پرندے خریدکے تقدم و تاخر کے اعتبار سے یکے بعد دیگرے پیش کئے جاتے ہیں۔ دوسرے باز اپنے شکار کی تعداد کے لحاظ سے پیش ہوتے ہیں۔

ان کے بعد باشہ، شاہین، کہربا، باشہ بحری، چہچہ، بحری، شکرہ، چپک، شکرہ ترمتی، ایکی، بیسرہ، دھوتی، چرغ، چرغیلہ، لگا اور چگہ (چیکہ) لگر ملاحظۂ عالی میں ترتیب وار پیش کئے جاتے ہیں۔

مولچین یا موچین بھی ملاحظۂ عالی میں پیش ہوتا ہے، یہ ایک پرندہ ہے جو گوریا سے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مشابہ نر دورنگ کا ہوتا ہے۔ شاہین کی طرح یہ بھی کلنگ کا شکار کرتا ہے۔ اس کے متعلق یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ پرواز میں کلنگ کے پر کتر ڈالتا ہے، یا یہ کہ اس کی آنکھوں کو زمی کر دیتا ہے لیکن اس روایت کی ہنوز صحت نہیں ہوئی۔

آودپیر بھی ایک قسم کا شکاری پرند ہے جو کشمیر سے لایا جاتا ہے۔ جانور سے رنگ اور طوطے سے کسی قدر چھوٹا ہوتا ہے اس کی چونچ سرخ، سینہ سبی اور دم زیادہ لانبی ہوتی ہے۔ یہ ہوا میں اڑتا اور چھوٹے پرندوں کا شکار کرتا اور مالک کے ہاتھ پر آکر بیٹھ جاتا ہے۔

ان کے علاوہ بے شمار اقسام کے پرندوں کو شکار کی تعلیم دی جاتی ہے جن کی تفصیل بسیط طویل ہے مثلاً کوّے، کنجشک، پودنہ اور سارو کو بھی شکار کرنے کی تعلیم دی جاتی ہے

قبلۂ عالم اپنی حوصلہ مندی اور اضافۂ شان و حشمت کے لئے باز کے شکار کو پسند فرماتے ہیں، اگرچہ ظاہر بیں افراد یہ خیال کرتے ہیں کہ جہاں پناہ کا منشا صرف جانور کشی ہے۔

اس سررشتے میں بھی بشمار منصبدار، احدی اور دیگر سوار ملازم ہیں۔

اس سررشتے کے پیادے اکثر کشمیری وہندی ہیں۔ پیادوں کی تنخواہ حسب ذیل ہے۔

کشمیری:۔

درجۂ اول میں

(۱) اول رتبے والوں کو ساڑھے سات روپے ماہوار۔

(۲) دوم کو سات روپے ماہوار "

(۳) سوم کو پونے سات روپے "

درجہ دوم میں

(۴) دوم اوّل رتبے والوں کو ساڑھے چھ روپے "

(۵) دوم کو سوا چھ روپے "

(۶) سوم کو پونے چھ روپے "

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

درجۂ سوم میں

(۷) سوم اول کو ساڑھے پانچ روپے ماہوار

(۸) دوم کو پانچ روپے

(۹) سوم کو ساڑھے چار روپے "

ہندی

درجۂ اول میں

(۱) اوّل کو، پانچ روپے "

(۲) دوم کو، پونے پانچ روپے "

(۳) سوم کو، ساڑھے چار روپے "

درجۂ دوم میں۔

(۴) دوم اول کو، سوا چار روپے "

(۵) دوم کو، چار روپے "

(۶) سوم کو پونے چار روپے "

درجۂ سوم میں

(۷) سوم اول کو ساڑھے تین روپے "

(۸) دوم کو، سوا تین روپے "

(۹) سوم کو تین روپے "

پرندوں کی خوراک

اگرچہ کشمیر و دیگر بلاد ہندوستان کے چڑیا خانوں میں ان پرندوں کو ایک بار روزانہ گوشت دیا جاتا ہے لیکن قوش خانۂ شاہی میں پرند ایک روز میں دوبار گوشت پاتے ہیں، خوراک کا وزن مندرجۂ ذیل ہے۔

باز، سات دام۔ جرّہ، چھ دام۔ بحری، لاچین اور کہیلہ، پانچ پانچ دام۔ باشہ تین دام۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

چپک۔ باشہ و شکرہ چپک۔ شکرہ بسیرہ دھوتی و دیگر جانور، دو دام۔

شام کے وقت پرندوں کو گنجشک کا گوشت کھلاتے ہیں جن کی تعداد مندرج ذیل ہے۔

باز سات چڑیاں۔ جرّہ بحری سات سات چڑیاں، لاچین پانچ چڑیاں۔ باشہ تین چڑیاں، دیگر جانور دو چڑیاں۔ اس وقت چرغ و لگر کو بھی گوشت دیا جاتا ہے۔

شکار، شاہباز و برکت کو روزانہ ایک سیر گوشت کھلایا جاتا ہے۔ شکار کے روزیہ جانور اپنے صید سے شکم سیر ہوتے ہیں۔

پرندوں کی قیمت

شوقین اپنی خواہش، نیز ناتجربہ کاری کی وجہ سے پرندوں کو گراں قیمت پر خرید کرتے ہیں۔

قبلۂ عالم اگرچہ چڑی ماروں کے منافع کا لحاظ فرماتے ہیں لیکن اس کے ساتھ اپنے عدل و انصاف سے قیمت میں یکسانی بھی پیدا کر دی ہے۔

جہاں پناہ نے پرندوں کا نرخ ایسا مقرر فرمایا کہ بیچنے والے نفع سے فائدہ اُٹھاتے ہیں اور خریداروں کو نقصان برداشت کرنا نہیں پڑتا۔ ان کی صفات کے لحاظ سے قیمتوں کے تین مدارج مقرر فرمائے ہیں۔

(۱) خانہ کریز جانور۔ یہ وہ جانور ہیں جن کے بال و پر شکار آموز ملازمین کی نگہداشت میں تیار ہوتے ہیں۔

(۲) چوزہ۔ وہ پرند جن کے ابھی بال و پر نہیں نکلے۔

(۳) ترینک۔ وہ پرند جو جنگل ہی میں تیار ہو چکے ہیں۔

قیمتوں کا تعین

(۱) بہترین باز درجۂ اوّل، بارہ اشرفی۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بہترین باز درجۂ اول میں دوم کی نو اشرفی۔
ایضاً سوم کی چھ اشرفی۔
درجۂ دوم میں دوم اول کی دس اشرفی۔
دوم کی سات اشرفی
دوم سوم کی چار اشرفی۔
دوم چہارم کی دو اشرفی۔
تیسرے درجے کے باز کی قیمتیں درجۂ دوم سے کم ہیں۔
(۲) جرّہ یعنی سفید باز
درجۂ اول کی قیمتیں حسب مدارج آٹھ، پانچ، دو، اور ایک اشرفی ہے۔
دوسرے درجے کی قیمتیں حسب مراتب چھ، چار، ڈیڑھ، ایک اشرفی
اور پانچ روپے مقرر ہیں۔
باشہ۔
درجۂ اوّل تین، دو، ایک اشرفی اور چار روپے،
درجۂ دوم دو، ایک اشرفی اور پانچ روپے۔
(۳) شاہین ہر دو قسم، تین، دو اور ایک اشرفی۔
(۴) بحری، دو، ڈیڑھ اور ایک اشرفی۔
(۵) بچۂ بحری۔ اس کی قیمت جوان پرندوں سے قدرے کم ہے۔
(۶) چرغ، ڈھائی، دو اور ڈیڑھ روپیہ۔
(۷) چپک باشہ ایک روپیہ، آٹھ آنہ، چار آنے۔
(۸) خیلہ، ڈیڑھ روپیہ، ایک روپیہ، آٹھ آنہ۔
(۹) شکرہ، ڈیڑھ روپیہ، ایک روپیہ، آٹھ آنہ۔
(۱۰) بیسرہ، دو روپیہ، ڈیڑھ روپیہ، ایک روپیہ۔
چپک شکرے، لگر، جھگر، ترمتی اور ریکی کی قیمتوں کے مدارج مقرر نہیں ہیں۔
قبلۂ عالم ہر پرندِ شکار کو اُس کی حیثیت کے مطابق انعامات بھی عطا فرماتے ہیں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ہر شکاری جو رقم بطور انعام مقرر ہے وہ ایک اشرفی سے لے کر ایک دام تک ہی جاتی ہے۔

اگر باز شکار کو مردہ باز زندہ پکڑ لاتے ہیں تو انعام شکار کی خوبیوں اور شکار کی جسامت کے اعتبار سے دیا جاتا ہے

پرند کا خاص ملازم انعام کا نصف حصہ خود لیتا ہے۔

اگر متابعہ عالم خود شکار کرتے ہیں تو انعام پچاس فی صدی کم ہو جاتا ہے۔

اگر پرند بطور پیشکش ملاحظے میں گزرانا جاتا ہے تو فی پرند ڈیڑھ روپیہ قوش بیگی اور ایک روپیہ محاسب کو عطا ہوتا ہے۔ دیگر جانوروں میں انعامات کی تقسیم حسب ذیل ہے۔

جرّہ کے شکار میں قوش بیگی کو ایک روپیہ اور محاسب کو ½ روپیہ۔

باشہ کے شکار میں قوش بیگی ¼ اور محاسب ⅛ روپیہ۔

ہر لاچین، چرغ، چرغیلہ، خیلہ بحری بچہ کے شکار میں قوش بیگی ⅛ اور محاسب 1/16 روپیہ۔

ہر چپک باشہ دھوتی وغیرہ کے شکار میں قوش بیگی 1/16 اور محاسب 1/32 روپیہ۔

سرکاری چڑیا خانے میں جانوروں کی کم از کم تعداد مندرج ذیل ہے۔

باز و شاہین چالیس چالیس۔

جرہ، بند باز، تیس

باشہ، ایک سو

بحری و چرغ، بیس بیس

لگر و شکرہ، دس دس۔

مرغابی

اس جانور کا شکار بیحد مسرت خیز ہے۔

اس کے شکار کرنے کا عجیب دلآویز طریقہ یہ ہے کہ ان کا ایک مصنوعی جسم

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

خود اسی چڑیا کے چمڑے سے تیار کرتے ہیں جس میں پر و بازو و چونچ و دُم وغیرہ تمام اعضا ہوتے ہیں اور اس مصنوعی جسم میں دو سوراخ آنکھوں کی بجائے بنا دئے جاتے ہیں۔

شکاری اس جسم میں اپنا سر داخل کر کے پانی میں کھڑا ہوتا ہے پانی اُس شخص کی گردن تک ہوتا ہے۔

شکاری نہایت ہوشیاری کے ساتھ آگے بڑھتا ہوا جانوروں کے پاس جاتا ہے اور ایک ایک کر کے اُن کو غرق آب اور گرفتار کرتا ہے۔ ان میں سے بعض اپنی ہوشیاری کی وجہ سے اُڑ کر نکل بھی جاتے ہیں۔

کشمیر میں باز کو ایسا سدھاتے ہیں کہ وہ اُس کو تیرنے کی حالت میں پکڑتا اور شکاری کے پاس کشتی میں لے آتا ہے، یا یہ کہ مرغابی کو پانی کے اندر ڈبو کر خود اُس کی پیٹھ پر بیٹھ جاتا ہے یہاں تک کہ ملّاح قریب پہنچ کر اُسے پکڑ لیتا ہے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ بھینسوں کو پانی میں چھوڑ دیتے ہیں اور خود اُن کی آڑ میں چلتے اور قریب پہنچ کر ان کو گرفتار کر لیتے ہیں۔

دُرّاج

اس جانور کا شکار کرنے کے مختلف طریقے ہیں جن میں سب سے زیادہ عجیب و غریب طریقہ یہ ہے کہ دُرّاج کے بچوں کو پکڑتے اور اُن کو شکار کی تعلیم دیتے ہیں۔

پرند تربیت پا کر دوسرے پرندوں سے لڑتا ہے۔ پالو دُرّاج کو ایک قفس میں بند کرتے ہیں اور پنجرے کے قریب جال بچھا دیتے ہیں، جانور شکاری کا اشارہ پا کر بولنا شروع کرتا ہے۔

نر بند دُرّاج کی آواز سُن کر دوسرے جانور جذبۂ مہر و محبت سے متاثر ہو کر یا یہ کہ اُس سے جنگ کرنے کے لئے اُس کے قریب آتے ہیں اور جال میں گرفتار ہو جاتے ہیں۔

پودنہ

اس جانور کا شکار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ شکاری مٹی کا ایک بھوتپو بناتا ہے جس کی گردن تنگ ہوتی ہے، شکاری رات کو اُس کو بجاتا ہے جس سے اُلّو کی آواز نکلتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جانور اس وحشی آواز کو سُن کر خوف زدہ ہوتے اور ایک ہی مقام پر جمع ہو جاتے ہیں۔
دوسرا شخص خس کا ایک گٹھا روشن کرتا ہے اور اُس کو تیزی کے ساتھ گردش دیتا ہے اور غریب بے زبان آسانی سے گرفتار ہو جاتے ہیں۔

لگڑ

یہ شکل و صورت میں چرغ سے اور جسامت و قامت میں جُرّہ سے مشابہ ہے۔
تربیت شدہ پرند کے جسم کے چاروں طرف جال باندھتے ہیں اور پرندوں کے پَر اُس کے پنجوں میں دے دیتے ہیں۔ پالو لگڑ کو اس طرح تیار کر کے ہوا میں چھوڑتے ہیں۔
دوسرے جانور یہ خیال کر کے کہ پرند کے پنجے میں شکار ہے اُس کے قریب آتے اور جال میں گرفتار ہو جاتے ہیں اور اس طرح زمین پر گر پڑتے ہیں۔

غوغائی

اہل شکار پالو غوغائی کو اُلو کے ساتھ ایک صلیب نما لکڑی کے اوپر مضبوط باندھتے ہیں اور ان کے چاروں طرف بالوں کے جال لگا دیتے ہیں۔
اُلو مضطرب ہو کر پھڑپھڑاتا ہے، غوغائی یہ سمجھ کر کہ اُس کا ہمنشین آویزہ کشی کرنا چاہتا ہے، چلّانا شروع کرتا ہے۔ دوسرے ہمجنس جانور آواز سن کر امداد کو آتے اور جال میں گرفتار ہو جاتے ہیں۔

غوک (مینڈھک)

اس جانور کو بھی گوریا پکڑنے کی تعلیم دیتے ہیں۔ یہ شکار بہت دلچسپ و خوشنما ہوتا ہے۔
قبلۂ عالم لکڑیوں کی باہم جنگ آزمائی دیکھنے کے بھی بہت شائق ہیں، چونکہ مکھی اس جانور سے بھاگتی ہے، جہاں پناہ مکھیوں کی گریز کی سعی و کوشش اور اُس کی اُچھل کود و نیز اُس کا دشمن سے لڑنا وغیرہ ملاحظہ فرماتے اور خوش ہوتے ہیں۔

بیت

عشق است و صد ہزار تمنا مرا چہ جرم — گر خواہشے کند دل شوریدہ مرا چہ جرم

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

حقیقت یہ ہے کہ جہاں پناہ کا چیتوں سے اس درجہ مانوس ہونا حضرت کی محبت کا ایک ادنیٰ کرشمہ اور قبلۂ عالم کی قوت پایہ شناسی کا کم ترین نمونہ ہے۔

میرے لئے ان مشاغل کی تفصیل بیان کرنا بیحد مشکل ہے، اس لئے جزئی حالات کو نظرانداز کر کے اس بحث کو ختم کرتا ہوں اور دوسرا عنوان شروع کرتا ہوں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۲۹)

نشاط بازی

جہاں پناہ نے اپنی غائر نگاہ سے نشاط و مسرت حاصل کرنے کے مختلف ذرائع اختیار فرمائے ہیں۔

قبلۂ عالم مشغلۂ نشاط اندوزی کو بھی بنی نوع انسان کے افعال و کردار کے جانچنے کا ذریعہ خیال فرماتے ہیں۔

حصول نشاط کے مختلف طریقے ہیں جن میں سے بعض خاص مشاغل کا ذکر ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے۔

چوگان بازی

ظاہر بیں حضرات اس مشغلے کو نشاط اندوزی و لہو و لعب کا ذریعہ خیال کرتے ہیں لیکن ارباب بصیرت اس میں بھی جسمانی و جمالاکی، استقلال و ثابت قدمی کے جذبات کو مخفی و پنہاں پاتے ہیں۔

اس کھیل سے انسان کی قدر و قیمت کا اندازہ اور باہمی محبت کا رشتہ مضبوط ہوتا ہے۔

مضبوط و طاقتور انسان اس کھیل سے مشاق شہسوار ہوتے ہیں اور گھوڑوں میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اطاعت پذیری و چستی و چالاکی پیدا ہوتی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ جہاں پناہ اس مشغلے کو بیحد پسند فرماتے ہیں۔ قبلۂ عالم اس کھیل میں مشغول ہو کر بظاہر تو عظمت و جاہ میں اضافہ فرماتے ہیں لیکن حقیقت میں بنی نوع انسان کے مخفی خصائل و عادات سے واقفیت و آگاہی حاصل فرماتے ہیں۔

آپ جب میدان کو تشریف لے جاتے ہیں تو ایک خوش نصیب و ماہر فن کھلاڑی حضرت کا مدمقابل منتخب کیا جاتا ہے۔

چند چالاک چوگان باز جو تمام تر ایک ہی خیال میں مست رہتے ہیں، حضرت کے ہمراہ جاتے ہیں

ان سواروں کا بالاتفاق یہی ارادہ ہوتا ہے کہ قبلۂ عالم کی جانب سے حضرت کے حریف کے مقابلے میں اپنے جوہر چوگان دکھائیں۔

جہاں پناہ اپنی مہر و محبت کے اعتبار سے کھلاڑیوں کا بے وجہ تعین نہیں فرماتے بلکہ قرعہ ڈال کر جوڑ منتخب فرماتے ہیں اور اس کھیل میں دس آدمیوں سے زیادہ اشخاص کو شریک نہیں فرماتے لیکن ان کے علاوہ اور دیگر اراکین میدان سے علیحدہ حکم کے منتظر کھڑے رہتے ہیں۔

ایک گھڑی گزرنے کے بعد کھلاڑی آرام لیتے ہیں اور دوسری جوڑ میدان میں آتی ہے۔

چوگان دو طریقے پر کھیلی جاتی ہے۔

پہلا طریقہ یہ ہے کہ گیند کو چوگان کے خم میں لے کر آہستہ وسط میدان سے ہال تک لے جاتے ہیں۔ اس طریقے کو ہندی میں دُول کہتے ہیں۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ گیند کو تاک کر چوگان زور سے مارتے ہیں اور وسط میدان سے دور پھینک دیتے ہیں، کھلاڑی گیند کے ساتھ ہی دوڑتا ہے اور دوسروں سے قبل گیند کے قریب پہنچ کر اس کو بار دگر وسط میدان کی طرف واپس کرتا ہے۔ اس طریقے کو ہندی میں بَیلَہ کہتے ہیں۔

بیلہ مختلف طریقوں سے کھیلا جاتا ہے۔ کھلاڑی یا تو اپنے سیدھے ہاتھ میں چوگان پکڑتا ہے اور گیند پر ضربہ لگا کر اس کو داہنی جانب آگے یا پیچھے پھینکتا ہے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

یا یہ کہ بائیں ہاتھ میں چوگان لے کر یہی عمل کرتا ہے اور یا یہ کہ گیند کو گھوڑے کے سینے کے سامنے لاکر اُس کو داہنی یا بائیں طرف پھینکتا ہے۔

جانور کے سینے کے علاوہ اُس کے پاؤں کے عقب یا اُس کے جسم کے نیچے سے بھی گیند اُس کی طرف پھینکی جا سکتی ہے۔ اگر گیند گھوڑے کے سامنے ہے تو بھی سوار اُس کو آگے پھینکتا ہے یا یہ کہ گھوڑے کی پشت پر کچھ پیچھے ہٹ کر گیند کو آگے بڑھاتا ہے۔ قبلۂ عالم گیند پر ہر طرح ضرب لگانے میں بیحد مشاق و یکتائے زمانہ ہیں۔ جہاں پناہ اکثر اوقات گیند پر اُس وقت بھی ضرب لگاتے ہیں جبکہ وہ بالائے ہوا ہوتی ہے۔ قبلۂ عالم کی یہ مشاقی و تیز دستی دیکھ کر ناظرین محو حیرت ہو جاتے ہیں۔

گیند کے ہال میں پہنچنے کے بعد دور و نزدیک ہر مقام پر اطلاع دینے کے لئے نقارہ بجایا جاتا ہے۔

اس کھیل کی رونق اور اس کے شوق میں اضافہ فرمانے کے لئے حضرت نے اس میں شرط و بازی لگانے کی بھی اجازت دی ہے۔

حریف باہم ایک دوسرے سے بازی جیتتے ہیں اور جو شخص گیند کو ہال تک پہنچاتا ہے شرط کی رقم میں اُس کا حصہ دوسروں سے زیادہ ہوتا ہے۔

اگر گیند پر بالائے ہوا اس طرح ضرب لگائی جاتی ہے کہ گیند میل کی حد سے باہر گرتا ہے یا گرایا جاتا ہے تو بازی بُرد سمجھی جاتی ہے۔ اس موقع پر تیز دست کھلاڑی گیند کے قریب جمع ہو کر اُس کو لے جانے کی کد و کاوش کرتے اور عجب ترین ہنر و کرتب دکھلاتے ہیں۔

خیلۂ عالم تاریک شب میں بھی چوگان بازی کرتے ہیں جس کو دیکھ کر ہوشیار کھلاڑی بھی حیرت زدہ ہو جاتے ہیں۔

رات کو روشنی گیند استعمال کی جاتی ہے۔ یہ گیند پلاس کی لکڑی کی بنائی جاتی ہے جو جلد آگ کو پکڑتی اور دیر تک روشن رہتی ہے

زیب و زینت میں ترقی دینے کے لئے جو جاہ و حشمت کے لئے لازم ہے جہاں پناہ سونے اور چاندی کے گھونگرو چوگان کے سروں پر نصب کراتے ہیں۔

اگر کوئی گھونگرو چوگان سے ٹوٹ کر زمین پر گر جاتا ہے تو جو کھلاڑی اُس کو

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پاتا ہے وہ اُسی کی ملک خیال کیا جاتا ہے۔ اس کھیل کی نوعیت اور اُس کی خوبیاں معرض بیان میں نہیں آسکتیں خصوصاً میرے ایسے ناواقف کے لئے اختصار نویسی بھی ایک مشکل خدمت ہے

عشق بازی (کبوتر بازی)

قبلۂ عالم کبوتر بازی کو عشق بازی کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

یہ مشغلہ جو اغیار کو عالم بیخبری کی سیر کراتا ہے۔ جہاں پناہ کی فہم و فراست کی وجہ سے حضرت کے لئے بیداری کا سرمایہ ہے۔ قبلۂ عالم اس شغل میں بھی بیشمار ظاہر بین و بے اُصول اشخاص کو اطاعت پذیری کی تعلیم دیتے اور اس کھیل سے عالم میں اتحاد و مہر و موافقت کے جذبات پیدا فرماتے ہیں۔

کبوتروں کو اڑانے اور اس بازی گری کے رونما ہونے سے (رقص و پرواز سے) اہل دل کے وجد و سماع کا نقشہ نگاہوں کے سامنے پھر جاتا ہے اور اس مشغلے میں صانع باکمال کی قدرت کاملہ کو دیکھ کر بے اختیار زبان پر اُس کی حمد و ثنا جاری ہو جاتی ہے۔ غرضکہ جہاں پناہ کا اس معمولی مشغلۂ نشاط میں اس درجہ منہمک ہونا انھی وجوہ پر مبنی ہے جن کا ذکر اوپر کیا جا چکا۔ اس زمانے میں کبوتروں کی نوعیت و حالت پایۂ کمال کو پہنچ گئی۔ ایران و توران کے تحائف آنے لگے اور سوداگروں کے قافلے ان پرندوں کو لے کر درِ دولت پر حاضر ہوئے۔

جہاں پناہ اپنے بچپن کے زمانے میں کبوتر بازی کے بیحد شائق تھے لیکن عنفوان شباب میں حضرت نے اس مشغلے سے کنارہ کشی کی۔ اب جبکہ عقل و دانش کا آفتاب نصف النہار پر پہنچا تو قبلۂ عالم نے بار دگر اس شغل پر پوری توجہ فرمائی۔

ایک تربیت پذیر سبز کبوتری جو خان اعظم کوکلتاش کی ملکیت تھی حضرت کے ہاتھ آگئی۔ جہاں پناہ کے زیر تربیت اُس نے اپنے صفات میں بیحد ترقی کی یہاں تک کہ تمام جانوروں میں بہترین قرار پاکر موئینہ یا موہنہ کے نام سے مشہور ہوئی۔

اس کبوتری کی نسل سے متعدد اعلیٰ قسم کے جانور پیدا ہوئے جو اشکی۔ الماس

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پریزاد اور شاہ عودی کے نام سے مشہور ہیں۔

مذکورہ بالا اقسام کی اولاد بھی بیشمار بڑھی اور یہ جانور تمام عالم کے بہترین کبوتر قرار پائے جنھوں نے عمر شیخ مرزا اور سلطان حسین مرزا کے کبوتروں کی یاد دل سے بھلا دی۔

جہاں پناہ کے کبوتر خانے میں جانوروں کو اس درجہ بہتر و عجیب تربیت دی گئی کہ ایرانی و تورانی کبوتر باز حیرت زدہ ہوئے اور انھوں نے اس فن کی تعلیم از سر نو شروع کی۔

قدیم زمانے میں ہر قسم کے جانور باہم جوڑا کھاتے تھے، حضرت نے کبوتروں کی رعنائی و حسن پرواز وغیرہ صفات کے لحاظ سے اُن کے جوڑے منتخب فرمائے۔ حضرت کے انتخاب سے چیدہ و بہترین بچے پیدا ہوئے

قاعدہ یہ ہے کہ بیگانہ نر و مادہ کو پانچ یا چھ روز ایک جگہ رکھتے ہیں، اس زمانے میں دونوں آپس میں ایسے مانوس ہو جاتے ہیں کہ زمانۂ دراز کی مفارقت کے بعد بھی ایک دوسرے کو پہچان لیتے ہیں۔

مادہ جفتی کھانے کے بعد کم از کم آٹھویں اور زیادہ سے زیادہ بارھویں روز انڈے دیتی ہے۔ اگر کبوتری چھوٹی یا بیمار ہوتی تو کچھ روز اور زیادہ گزرتے ہیں۔ یہ جانور مہر سے جفتی شروع کرتے ہیں اور فروردین میں ایک دوسرے سے علیحدہ ہو جاتے ہیں۔ انڈے تعداد میں اکثر دو اور کمتر ایک ہوتے ہیں۔ دن کو نر انڈوں کو سیتا ہے اور رات کو مادہ اُن پر بیٹھتی ہے اور اس طرح انڈوں میں گرمی و نرمی پہنچاتے ہیں۔

سرما میں اکیس روز میں بچے نکل آتے ہیں اور اگر موسم گرم ہوتا ہے تو سترہ یا اٹھارہ دن میں بچہ برآمد ہو جاتا ہے۔ تقریباً چھ روز بچہ قلہ کہلاتا ہے (یعنی دانہ جس کو ماں یا باپ پانی کی طرح قوام آسا کر کے بچے کو کھلاتے ہیں) اس مدت کے بعد نر و مادہ اپنے پوٹے سے غیر ہضم شدہ دانہ نکال کر بچوں کے منہ میں ڈالتے ہیں۔ ایک ماہ کے بعد بچے دانہ چگنے لگتے ہیں اور اس حالت کو پہنچ کر ماں باپ سے علیحدہ کر لئے جاتے ہیں۔

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک کبوتری کے انڈے دوسرے جانور کے نیچے بٹھاتے ہیں اور یہی غیر کبوتری بچوں کو نکالتی اور اُن کی پرورش کرتی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

خانہ پرور جوان بچّے تربیت کے لئے منتخب کئے جاتے ہیں۔ بعض ان میں سے نوا پر رکھ کر طاقتور و مقام آشنا کئے جاتے ہیں۔

ان ہر دو مراتب کے طے ہونے کے بعد ان کی معمولی خوراک کا ۱/۳ یا ۱/۴ حصّہ دانہ روزانہ دیا جاتا ہے۔

جانور جب بھوک کے کچھ عادی ہو جاتے ہیں تو اُن کو اُڑنا سکھایا جاتا ہے اور روزانہ چالیس پرواز کرتے ہیں۔ اُڑ کر بیٹھنے تک ایک پرواز شمار کی جاتی ہے۔ اس زمانے میں چرخ بازی پر چنداں لحاظ نہیں کیا جاتا۔

ابتداءً دس پروں کے نکلنے کے بعد کبوتروں کی پرواز شروع ہوتی ہے اور جب آٹھ پر گر جاتے ہیں تو پرواز سے روک لئے جاتے ہیں اور اُن کو آرام پہنچایا جاتا ہے۔ اس روک اور آرام رسانی کو اصطلاح میں خوابانیدن کہتے ہیں۔

ایسے جانوروں کے جدید پر دو ماہ میں نکل آتے ہیں اور اب نسبت بہ پیشتر کے بہت زیادہ طاقتور ہو جاتے ہیں۔ یہی زمانہ اُن کی ہنر آموزی کی آزمائش کا سمجھا جاتا ہے اور جب کبوتر چرخ بازی بخوبی کرنے لگتے ہیں تو قبلہ عالم کے ملاحظے میں پیش کئے جاتے ہیں اور چار ماہ کامل پرواز کرتے اور چرخ بازی کے کرشمے دکھاتے ہیں۔

کبوتر کا شوق پرواز اور اُس کی حرکت پرواز (جو ایک دورہ تمام کر لیتی ہے) کو چرخ (چکّر) کہتے ہیں۔

اگر گردش درست نہ ہوئی تو اس پرواز کو کتف کہتے ہیں۔ پرواز کی قسم ناقص خیال کی جاتی ہے۔ بازی سے مراد "معلق زدن" ہے یعنی قلابازی کھانا۔

ایک گروہ کی رائے ہے کہ حالت پرواز میں جانور کے دونوں بازو باہم مل جاتے ہیں اور دیکھنے والے یہ خیال کرتے ہیں کہ جانور قلابازی کھا رہا ہے۔

قبلہ عالم نے اس رائے کی آزمائش کے لئے جانوروں کا ایک پرسیاہ رنگوا دیا اور معلوم ہو گیا کہ یہ رائے قطعاً غلط ہے۔

بعض جانور چرخ بازی کے عالم میں کبھی اس درجہ بیخود ہو جاتے ہیں کہ مدہوش ہو کر زمین پر گر پڑتے ہیں۔ اس حالت کو تگلولہ کہتے ہیں اور جانور کے عیوب میں شمار کرتے ہیں۔

بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ جانور حالت پرواز میں چوٹ کھا کر نیچے آتا ہے لیکن

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

زمین کے قریب پہنچ کر اُس کو اپنے گرنے کا ادراک ہوتا ہے اور اسی عالم میں بار دگر پرواز کر جاتا ہے۔

خاصے کے کبوتر خانے میں ہر کبوتر پندرہ چکر لگاتا اور ستر قلابازیاں کھاتا ہے جس کو دیکھ کر تماشائی حیران ہو جاتے ہیں۔

قدیم زمانے میں گیارہ یا اکیس کبوتروں کی جماعت ایک ساتھ اُڑائی جاتی تھی، لیکن فی الحال ایک سو ایک جانور تک ایک ساتھ اُڑائے جاتے ہیں۔

قبلۂ عالم کی خاص توجہ سے جانور اس درجہ تربیت یافتہ ہو گئے ہیں کہ رات کو بھی بلند پروازی کرتے اور قلابازیاں کھاتے ہیں۔ ان جانوروں کی یہ حالت ہے کہ سفر و کوچ کے وقت کبوتر بھی ساتھ ساتھ پرواز کرتے ہیں، کہار ان کے آشیانے ہاتھ میں لے کر دوڑتے ہیں اور جانور سفر میں بھی پرواز کرتے کرتے نیچے اُترتے اور تھوڑی دیر آشیانوں میں آرام لے کر پھر پرواز کرتے ہیں۔

ان کی صحیح تعداد معرض تحریر میں لانا بیحد دشوار ہے لیکن اندازہ یہ ہے کہ سرکاری کبوتر خانے میں بیس ہزار سے زائد کبوتر موجود ہیں، ان میں سے پانچ سو کبوتر خاصے کے ہیں۔

کبوتر اپنے ہنر و صفات میں بیحد مشہور ہیں اور بیشمار افسانے ان کی بابت زبان زد عوام ہیں۔

قدیم کبوتر باز جانور کے پاؤں کو مروڑ یا یہ کہ شگاف چشم و سوراخ بینی کو دیکھ کر اُس کی نوعیت کا اندازہ لگاتے تھے لیکن اس سے زیادہ خوبی نسل کے نشانات کی شناخت سے محروم تھے۔

قبلۂ عالم نے اس قسم کے بے شمار نشانات کا اندازہ فرمایا اور کبوتر کی نوعیت و قیمت کا مقرر کرنا جو قدیم زمانے میں مشکل کام تھا اب قطعاً آسان ہو گیا۔

جہاں پناہ نے قدیم کبوتر بازوں کے نشانات شناخت میں اپنی جدت طرازی سے مختلف قسمیں کر دیں۔

(۱) ہر دو چشم و بالائی و پائین نشانات۔ آٹھ ناخن، چونچ کے دونوں اطراف یعنی بالائی و زیریں، ان نشانات کو باہم ایک دوسرے سے ملا کر مختلف مدارج حسن و خوبی کے پیدا کر لیے گئے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۲) یہ کہ قبلۂ عالم نے کبوتروں کے پاؤں کے چھلّہ دار گرہوں کے مختلف الوان سے اُن کی صفات اور اُن کی اقسام کی شناخت فرمائی۔ ایک جداگانہ دفتر تیار کیا گیا ہے جس میں یہ نشانات ترتیب وار مندرج ہیں۔

مذکورۂ بالا نشانات کی بنا پر قبلۂ عالم نے کبوتر کے دس مدارج قرار دئے ہیں اور ہر درجے کے جانوروں کے لئے مخصوص کبوتر خانے قائم فرمائے ہیں۔

پہلے کبوتر خانے میں جانوروں کی قیمت مقرر نہیں ہے اور ان کا نرخ بدلتا رہتا ہے۔ بے شمار مفلس افراد بہترین کبوتروں کو تربیت پذیر کر کے دولتمند ہو گئے ہیں۔

اوّل کبوتر خانے کے علاوہ دیگر خانوں کے کبوتروں کی قیمت مندرجۂ ذیل ہے۔

دُوم، ایک جوڑ، تین روپے۔
سوم، ایضاً ڈھائی روپے۔
چہارم، ایضاً دو روپے۔
پنجم، ایضاً ڈیڑھ روپیہ۔
ششم، ایضاً ایک روپیہ۔
ہفتم، ایضاً ¾ روپیہ
ہشتم، ایضاً ½ روپیہ
نہم و دہم ایضاً تین اشرفی۔

معائنے کے وقت بیشتر مؤدبہ نژاد کبوتر ملاحظے سے گزرتے ہیں اور اس کے بعد

اشکی خیل

اگرچہ اشکی خیل مؤدبہ کی نسل سے ہیں لیکن ہر دو قسم میں ایک اعتباری فرق پیدا کر دیا گیا ہے۔

اشکی خیل کے بعد جو کبوتر پیش ہوتے ہیں (ان کبوتروں کا باپ حاجی علی سمرقندی کا مگسی کبوتر ہے اور ان کی ماں عودی ہے) کے مالک کا نام مؤلف کو معلوم نہیں ہے۔ اس جوڑے سے بہترین دنبالی کبوتر پیدا ہوئے اور ان کا ذخیرہ دُنیا میں نام آور ثابت ہوا۔

دیگر کبوتروں کی قدر و قیمت اُن کی عمر یا خریداری کے اوقات کی بنا پر مقرر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کی جاتی ہے۔

خاصے کے کبوتروں کے رنگ

مگسی، زرہی، امیری زمیری (جہاں زرہی و امیری) قبلۂ عالم نے اس رنگ کو زمیری کے نام سے موسوم کیا) چینی، تفتی، شفتی، عودی، سرمئی، کشمشی، حلوائی، صندلی، جگری، نباتی، دوغی، دشکی، جیلانی، نیلوفری، ازرق (میان زرد و نخودی) جہاں پناہ نے اس رنگ کو ازرق کے نام سے موسوم کیا) آتشی، شفتالو، گل گز، زرد، کاغذی، زاغی، اگری (میان نباتی و کشمشی) محرقی، خضری (میان سبز و عودی جس کو قبلۂ عالم اس نام سے یاد فرماتے ہیں) آبی، سرنگ (میان سرمئی و مگسی یہ نام جہاں پناہ کا مقرر کردہ ہے) ان میں سے ہر رنگ کے کبوتروں کے مختلف نام ہیں جو مندرجۂ ذیل ہیں۔

گلر، دم غازہ، یک رنگ، حلقوم سفید، پرسفید، کلہ، غز غاز، ماگھ، باہری، آل پر، کلتہ پر، مہدم، طوق دار، مروارید، مشغلہ دم وغیرہ

زمانۂ حال میں اکثر کبوتر باز جانوروں کا ایسا نام رکھتے ہیں جن سے اُن کے رنگ کا اندازہ ہوتا تھا، جہاں پناہ نے اُن کے صفات کے اختیار سے اُن کے نام مقرر کئے، چند نام حسب ذیل ہیں۔

بغز، قرہ پلک، ابیاری، پلنگ نگاری و ریختہ پلک

ان کے علاوہ بے شمار کبوتر ایسے بھی ہیں جو چرخ بازی تو نہیں کرتے لیکن اپنے دلفریب رنگ و خوش آیند کرشموں کی وجہ سے بیحد محبوب و ہر دل عزیز ہیں ان کبوتروں کے نام و نیز اُن کے صفات مندرجۂ ذیل ہیں،

(۱) کوکہ کبوتر۔ اس کی آواز سے خدا کی یاد دل میں تازہ ہوتی ہے (یعنی اذاں کی آواز سے مشابہ ہے)

(۲) بغہ۔ یہ جانور عجیب دلکش آواز سے صبح کو بیدار کرتا ہے۔

(۳) لقان۔ بیحد ناز و کرشمہ کرتا، اپنے سر و گردن و دم کو بہترین طریقے پر حرکت دیتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۴) لوٹن کبوتر باز اس جانور کو گھما کر زمین پر پھینک دیتے ہیں اور یہ مرغ بسمل کی طرح رقص کرنے لگتا ہے۔ بعض جانور کبوتر باز کے زمین پر ہاتھ پٹکنے سے اور بعض کابک سے باہر نکل کر چونچ مارنے سے بھی یہ تماشہ شروع کر دیتے ہیں۔

(۵) کھیرنی۔ اس قسم کے جانوروں میں نر کو مادہ کے ساتھ بیحد محبت ہوتی ہے۔ نر اڑتا ہے اور اس قدر بلند ہو جاتا ہے کہ دکھائی نہیں دیتا، مادہ کو ایک قفس میں بند کر کے اُس کو دکھاتے ہیں، مادہ پر نگاہ پڑتے ہی بیقرار ہو جاتا ہے اور فوراً زمین پر گر پڑتا ہے جو بہت بھلا معلوم ہوتا ہے۔

بعض جانور دونوں پر کھولے ہوئے اور بعض ایک پر اور بعض دونوں پروں کو بند کر کے زمین پر گر پڑتے ہیں۔

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ جانور انتہائے پرواز میں ایک پر بند کر کے دوسرا کھول دیتا ہے اور اسی حالت میں زمین پر آ جاتا ہے۔

(۶) یہ کبوتر نامہ بری کی خدمت انجام دیتا ہے۔ کبوتر کی ہر قسم کو اس قسم کی تعلیم دیتے ہیں اور تربیت یافتہ کبوتر دور دراز مقامات پر خطوط لے جاتے اور جواب لاتے ہیں

(۷) نشادری۔ یہ اپنے کابک کو بخوبی پہچانتا ہے اور آشیانے کے برابر ہی اُڑتا ہے، اس قدر بلند پروازی کرتا ہے کہ نگاہ سے چھپ جاتا ہے اور دو ایک روز متواتر اسی عالم میں رہتا ہے، لیکن جب کبھی کہ زمین پر اُترتا ہے تو اپنے ہی آشیانے میں قیام کرتا ہے۔

(۸) پہ پا۔ اس کبوتر کے پاؤں بالوں سے ڈھکے رہتے ہیں اور یہ ٹھنڈی سانسیں بھرتا ہے۔

بعض کبوتر اپنے پیچ در پیچ پر و بال اور اپنے رنگ کی خوبی کی وجہ سے پالے جاتے ہیں اور مختلف رنگ کی وجہ سے مختلف ناموں سے یاد کیے جاتے ہیں ان کے نام مندرج ذیل ہیں۔

شیرازی، شوشتری، کاشانی، جوگیہ، ریزہ دہن، مکسی، قمری

(۹) گولہ۔ یہ جنگلی ہیں۔ ان کا خاصہ یہ ہے کہ اگر چند پکڑ لئے جائیں تو دوسرے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جنگلی کبوتران کے گرد اس قدر کثرت سے جمع ہوتے ہیں کہ اُن کی تعداد ہزاروں تک پہنچ جاتی ہے۔

گولہ کبوتر ہر روز جنگل کو جاتے ہیں اور جب آشیانے کو واپس آتے ہیں تو ان کو کھاری پانی پلایا جاتا ہے۔ جس قدر دانہ جنگل میں چگتے ہیں اُگل دیتے ہیں جو دوسرے کبوتروں کو دیا جاتا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ کبوتر تیس سال سے زیادہ زندہ نہیں رہتا۔

سو پرواز کرنے والے کبوتروں کے لئے چار سیر دانہ کافی ہے۔

سو کبوتروں کو روزانہ پانچ سیر دانہ دیا جاتا ہے۔ اور جفتی شدہ کو ساڑھے سات سیر روزانہ دانہ دیا جاتا ہے۔ پرواز کرنے والے کبوتروں کو خالص باجرا دیا جاتا ہے اور دوسروں کو ساتوں اناج ملے ہوئے یعنی چانول، چنا، مونگ، باجرا، نہدرہ اور جوار

اگرچہ اکثر ملازمان شاہی کبوتروں کی خدمت کرتے اور اُن کو تعلیم دیتے ہیں لیکن چند اشخاص نے اس فن میں خاص کمال پیدا کر کے ناموری حاصل کی ہے۔

ان افراد کے نام حسب ذیل ہیں۔

قلی علی بخاری، مستی سمرقندی، ملا زادہ، پور ملا احمد چاند، مقبل خاں چیلہ، خواجہ صندل چیلہ، موہن ہروی، عبداللطیف بخاری، حاجی قاسم بلخی، حبیب شہرستری سکندر چیلہ، الغو، مقصود سمرقندی، خواجہ بہلول، چیلہ بھیرا ند۔

اس سررشتے کے خدمتگار سپاہیوں کے مد سے تنخواہ پاتے ہیں۔

پیادوں کو دو روپے سے لے کر اڑتالیس روپے تک ماہوار دئے جاتے ہیں

چوپڑ بازی (چوسر بازی)

اہل ہند قدیم زمانے سے اس کھیل کے دلدادہ و شیدائی ہیں۔

چوسر میں سولہ مہرے ہوتے ہیں۔ ان مہروں کی شکل بالکل یکساں ہوتی ہے۔ ہر چار مہرے ایک رنگ کے ہوتے ہیں۔ تمام مہرے ایک ہی طرح کی چالیں چلتے ہیں۔ چوسر پانسوں سے کھیلی جاتی ہے۔ پانسے تعداد میں تین اور شکل میں شش پہلو

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ہوتے ہیں۔
پانسوں کے چار طولانی پہلوؤں پر ایک، دو، پانچ، اور چھ نقطوں کے نشانات رہتے ہیں۔
بساط کی شکل دو مستطیل کی ہے جو ایک دوسرے کو زاویۂ قائمہ پر قطع کرتے ہیں۔ بساط ہر چہار جانب برابر ہوتی ہے اور ہر ضلع میں تین قطاریں اور ہر قطار میں آٹھ خانے ہوتے ہیں۔ درمیان میں ایک چھوٹا مربع چھوڑ دیا جاتا ہے۔
اکثر چار اشخاص اس کھیل میں شریک ہوتے ہیں۔ دو دو آدمیوں کی دو جوڑ ہوتی ہیں۔
ہر شخص کے پاس چار مہرے ہوتے ہیں اور ہر کھلاڑی اپنے سامنے والے ضلع میں مہروں کو بٹھاتا ہے، اس طرح کہ دو مُہرے درمیانی قطار کے ساتویں اور آٹھویں خانے میں اور دو مُہرے دست راست کی قطار کے خانہ ہفتم و ہشتم میں رکھے جاتے ہیں بائیں قطار خالی چھوڑ دیتے ہیں اور داہنی جانب سے کنارے کنارے چال چلتے ہیں۔
مہرہ اسی طرح داہنی جانب چالیں چلتا اور تمام بساط کی بیرونی قطاروں کو طے کرتا ہوا اور اپنے ضلع کی بائیں قطار میں آتا ہے اور اس قطار کے بھی تمام خانوں کو طے کر کے اپنے ضلع کی درمیان قطار میں داخل ہوتا ہے۔ اس حالت میں مُہرے کو پختہ (پکی گوٹ) کہتے ہیں۔
درمیانی قطار کے کسی خانے میں پہنچنے کے بعد کھلاڑی کے لئے ضروری ہے کہ اب ایسا پانسہ پھینکے کہ پختہ مہرہ بقیہ تمام خانوں کو طے کر کے درمیانی مربع میں پہنچ جائے اور اس حالت کو پہنچ کر مہرہ رسیدہ کہلاتا ہے۔
مہرہ پختہ ہو یا رسیدہ، ہر صورت میں کھلاڑی کو اختیار ہے کہ اس مُہرے سے کھیل کو دوبارہ شروع کرے۔ ایسی حالت میں عجیب خوش آیند چالیں چلی جاتی ہیں جو دیکھنے سے تعلق رکھتی ہیں۔ جب تک کہ کھلاڑی اپنے دو مُہروں کو ایک ہی خانے میں رکھتا ہے، حریف اُس کے مُہروں کو پیٹ نہیں سکتا۔
اگر کھلاڑی چھ کے دو پانسے پھینکتا ہے تو اُس کے دونوں پیوستہ مہرے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بارہ بارہ خانے آگے بڑھتے ہیں لیکن اگر کھلاڑی خود چاہے تو مہروں کو صرف چھ چھ خانے بھی آگے بڑھا سکتا ہے

پانچ کے دو پانسے پھینکنے میں بھی اسی قاعدے پر عملدرآمد ہوتا ہے۔

اگر تین پانسے چھ، پانچ اور ایک، کے پڑتے ہیں تو ان کے مجموعے کو بارہ خام کہتے ہیں۔ ایسی صورت میں پیوستہ دو مہرے تو جو ایک ہی خانے میں ہوتے ہیں تو چھ خانے آگے بڑھتے ہیں اور تنہا ایک مہرہ بارہ گھر چلتا ہے۔

اگر تین پانسے چھ کے پڑتے ہیں اور تین مُہرے یکجا ایک ہی خانے میں ہوتے ہیں تو ہر مُہرہ بارہ گھر آگے بڑھتا ہے۔

اگر پانسے تین، دو یا تین ایک کے پڑتے ہیں تو بھی یہی قاعدہ برتا جاتا ہے۔

ان کے علاوہ خاص مواقع کے لئے دیگر قواعد اور ہیں جن کا ذکر طوالت سے خالی نہیں ہے۔

اگر کھلاڑی اپنے چاروں مُہروں کو درمیانی مربع میں پہنچا دیتا ہے تو اپنی چال کے وقت اپنے ساتھی کے لئے پانسے پھینکتا ہے۔ قدیم زمانے میں قاعدہ تھا کہ مُہرہ آخر میں قطار کے آٹھویں خانے کو طے کر کے جب مربع میں پہنچ جاتا تھا اُس وقت مربع سے نکل کر اپنے کسی حریف کی پختہ گوٹ کو پیٹتا اور خام مہرے کی طرح از سر نو چالیں شروع کرتا تھا، لیکن جہاں پناہ نے یہ قاعدہ اضافہ فرمایا کہ مُہرہ آخرین قطار کے آٹھویں خانے سے بھی اُسی طرح جدید کھیل شروع کر سکتا ہے۔

اگر ایک جوڑ کے پانسوں کی تعداد دوسری جوڑ کے پانسوں کے برابر ہے تو جہاں پناہ اس بازی کو قائم قرار دیتے ہیں۔ قدیم زمانے میں اس قسم کا قاعدہ نہ تھا اور بازی اس طرح قائم نہیں سمجھی جاتی تھی۔ اگر کسی کھلاڑی کے چاروں مُہرے پختہ ہیں اور اس پر بھی وہ شرط ہارتا ہے تو دوسرے کھلاڑی ایسے شخص سے شرط کی دوگنی رقم وصول کرتے ہیں۔

اگر کوئی کھلاڑی دورانِ بازی میں کسی ضرورت سے کھیل کو چھوڑتا اور اپنی بجائے کسی دوسرے شخص کو مقرر کرتا ہے تو بازی کی ہار جیت کا وہی شخص اوّل ذمہ دار سمجھا جاتا ہے جس نے کھیل کی ابتدا کی ہے، لیکن جیت کی صورت میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

قائم مقام کو دو فی صدی رقم دی جاتی ہے اور ہار میں یہ شخص ایک فی صدی رقم ادا کرتا ہے۔

اگر کسی شخص کے ہاتھ سے کوئی مُہرہ گر جائے یا یہ کہ کوئی شخص دیر تک غیر حاضر یا غیر متوجہ رہے تو ان صورتوں میں ایسے اشخاص پر ایک روپیہ جرمانہ کیا جاتا ہے۔

اگر کوئی شخص کسی دوسرے کھلاڑی کو چال بتاتا یا مُہرے کو اصل چال سے آگے بڑھاتا یا پانسے کو دو بار پھینکتا ہے تو ایسے شخص سے ایک اشرفی بطور جرمانہ وصول کی جاتی ہے۔

پیشتر امرا کی ایک کثیر تعداد اس کھیل میں شریک ہوتی تھی یہاں تک کہ بعض موقعوں پر دو سو سے زائد اشخاص کا مجمع ہو جاتا تھا اور ہر شخص پر لازم تھا کہ بغیر سولہ بازیوں کے پورا کیے ہوئے اپنے مکان نہ جائے۔ بعض مرتبہ سولہ بازیوں کے اختتام میں تین ماہ تک گزر جاتے تھے

جو شخص تھک جاتا یا یہ کہ اُس کی طبیعت اُکتا جاتی وہ ایک جام شراب پی کر تازہ دم ہوتا تھا۔)

بظاہر تو اس لہو و لعب سے نشاط انگیزی مقصود ہے لیکن فیلسوفِ عالم کا مقصد حصول مسرت سے کہیں بلند و بالا ہے۔ حضرت مختلف اشخاص کے محاسن اور ان کے جوہر طبیعت کا اندازہ فرماتے اور مجمع کو خیر و نیکی کی تعلیم دیتے ہیں۔

چندل مندل

چندل مندل خود جہاں پناہ کی ایجاد ہے جس نے عیش و نشاط کی گرم بازاری کی۔ اس کی بساط گول ہے جس میں سولہ متوازی الاضلاع حصے ہیں، ہر ضلع میں تین قطاریں ہیں اور ہر قطار میں آٹھ خانے ہیں اور چونسٹھ مُہرے استعمال کیے جاتے ہیں۔

چار پانسے ہیں جن کے چار طولانی پہلوؤں پر ایک، دو، دس اور بارہ نقطے نقش ہیں۔

سولہ آدمی اس کھیل میں شریک ہوتے ہیں۔ ہر شخص کے پاس چار مُہرے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ہوتے ہیں۔

مُہرے وسط میں جمائے جاتے ہیں۔ چوسر کی طرح چندل میں بھی داہنی جانب سے چال شروع کرتے ہیں۔

ہر مہرے کو پوری بساط طے کرنی پڑتی ہے۔

جس کھلاڑی کے مُہرے سب سے پیشتر تمام بساط طے کر لیتے ہیں وہ بقیہ پندرہ اشخاص سے شرط کی رقم وصول کرتا ہے اور دوسرا شخص جو کھیل سے فارغ ہو جاتا ہے، چودہ اشخاص سے بازی جیت لیتا ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اوّل شخص کو فائدہ ہی فائدہ ہوتا ہے اور آخری شخص سوا نقصان کے فائدے کی صورت ہی نہیں دیکھتا۔ دوسرے کھلاڑی نفع بھی اُٹھاتے ہیں اور نقصان بھی برداشت کرتے ہیں۔

قبلۂ عالم اس کھیل کو مختلف طریقوں سے کھیلتے ہیں۔ ایک طریقہ جس میں مُہرے اس طرح چلے جاتے ہیں جیسا کہ بساط شطرنج میں اکثر اوقات کھیلا جاتا ہے۔

چند طریقے اس کھیل کے درج کئے جاتے ہیں۔

کوئی مُہرہ دوسرے مُہرے کو نہیں مار سکتا بلکہ خود مُہرے کے ساتھ ہو کر آگے بڑھتا ہے۔

تنہا مُہرے پیٹے جاتے ہیں، جس کھلاڑی کا مُہرہ مارا جاتا ہے وہ اس مہرے سے نئی چالیں شروع کرتا ہے۔

ہر قرعہ اندازی پر دو مُہرے ایک ساتھ چالیں چلتے ہیں خواہ بارہ گر پانسے پھینکے جائیں یا نہیں۔

یہی قاعدہ تین میں اور چار چار مہروں کے لئے بھی عمل میں لایا جاتا ہے۔

پانسے چار مرتبہ پھینکے جاتے ہیں اور ہر مرتبہ چار مُہرے سے چالیں چلتے ہیں یہ مختلف طریقے بدلتے رہتے ہیں بعض کھلاڑی داہنی جانب سے اور بعض بائیں سمت سے چالیں چلتے ہیں اور بعض اوقات تمام اشخاص ایک ہی سمت سے مہروں کو آگے بڑھاتے ہیں۔

کھلاڑی جب اپنے مدّمقابل کے صفحے میں اپنا مُہرہ پہنچاتا ہے تو حریف کے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

حصّے کی درمیانی قطار میں مُہرہ لے جاکر مربّع میں پہنچ جاتا ہے اور رسیدہ سمجھا جاتا ہے۔ یا یہ کہ جب کھلاڑی اپنے مُہرے کو اُس مقام تک پہنچا دیتا ہے جہاں سے اُس کے بائیں ہمنشین نے شروع کیا ہے تو اُسی وقت بازی ختم سمجھی جاتی ہے۔

ہر شخص اپنے مُہروں کو اپنے سامنے رکھتا اور تین بار پانسے پھینکتا ہے۔ پہلی قرعہ اندازی میں اپنے دو مہروں کو آگے بڑھاتا ہے۔ دوسری بار ایک مہرہ اپنا چلتا ہے اور ایک مہرہ اپنے داہنے ہمنشین کا آگے بڑھاتا ہے۔ تیسری مرتبہ اپنا کوئی مہرہ آگے بڑھا کر اپنے بائیں ہمنشین کو ایک مہرہ چلنے کی اجازت دیتا ہے۔ اس طریقے میں کوئی شخص اپنے ہمنشین کے عوض قرعہ نہیں پھینک سکتا اور جبکہ بازی پوری طرح جم جاتی ہے تو ہر شخص اُس مُہرے کو جو اُس کی قطار میں آجاتا ہے مہمان سمجھ کر اپنے پانسوں کے عوض چال چلنے کی اجازت دیتا ہے۔

دو پیوستہ مُہرے، دوسرے اسی طرح کے دو مُہروں کو مار سکتے ہیں لیکن تنہا مُہرہ کسی تنہا مُہرے کو نہیں پیٹ سکتا۔

چار پیوستہ مُہرے تین پیوستہ مہروں کو اور تین اس طرح کے مُہرے دو پیوستہ مہروں کو اور دو پیوستہ مُہرے ایک تنہا مُہرے کو مار سکتے ہیں لیکن تنہا مُہرے کسی دوسرے مُہرے کو نہیں پیٹ سکتے۔

ہر کھلاڑی اپنے پھینکے ہوئے پانسوں کے نقوش کی تعداد کے موافق چالیں چلتا ہے لیکن اُسی کے ساتھ وہ شخص جو اُس کے مقابل میں بیٹھا ہوتا ہے اُس شخص کے پانسوں کے اُلٹے نقوش کے موافق اور جو شخص داہنی جانب ہوتا ہے وہ اُن پانسوں کے داہنے نقوش کے مطابق اور جانب چپ کا ہمنشین پانسوں کے بائیں نقوش کے موافق چالیں چلتا ہے۔

کھلاڑی پانچ پانسے اور چار مُہروں سے کھیلتے ہیں۔ قرعہ اندازی کے بعد جو شخص پانسہ پھینکتا ہے وہ اپنے اندوختہ پانسوں کے دو سب سے بڑے نقوش کے مجموعے کے مطابق اپنے مُہروں کو چلتا ہے اور جو شخص اُس کے مقابلے میں ہوتا ہے وہ اس کے بعد کے دو بڑے نقوش کے مجموعے کے موافق اپنے مُہروں کو آگے بڑھاتا ہے اور دو کمترین نقوش کے موافق اس کے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دست راست و دست چپ کے ہمنشین چالیں چلتے ہیں۔

ہر کھلاڑی پانچ مہروں اور پانچ پانسوں سے بازی شروع کرتا ہے۔ ہر قرعہ اندازی میں یہ شخص ایک پانسے کا موقع اپنے مواجہے ہمنشین کو دیتا ہے اور بقیہ نقوش کے مطابق خود اپنے مہروں کو چلتا ہے۔

بعض اوقات کھلاڑی قرعہ اندازی سے قبل اُن چار اشخاص کو تعین کر لیتا ہے جن کو وہ چار پانسوں کے نقوش دینا چاہتا ہے اور پانچویں پانسے کو اپنے لئے مخصوص کر لیتا ہے۔

اگر کھلاڑی کو پختہ ہونے کے لئے صرف چند گھروں کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ اپنی ضرورت کے مطابق نقوش لے کر بقیہ اپنے اُن ہمنشینوں کو دے دیتا ہے جن کے حق میں پانسہ پڑتا ہے۔

چندل منڈل میں پندرہ یا اس سے بھی کم اشخاص شریک ہوتے ہیں۔ جتنے کھلاڑی کم ہوتے ہیں اُسی مناسبت سے مُہرے بھی کم کر دیئے جاتے ہیں اور اسی طرح پانسوں کی تعداد میں بھی کمی و زیادتی کر دی جاتی ہے۔

گنجفہ

(گنجفہ مشہور و معروف کھیل ہے جس میں فضلاء عالم نے چند تغیر فرمائے ہیں۔

قدیم اُستادوں نے بارہ کا عدد اس کھیل کا منتہا قرار دیا ہے اور ہر رنگ میں بارہ پتے مقرر کیے ہیں لیکن ان عقلا نے یہ امر فراموش کر دیا کہ بارہ بادشاہوں کو بارہ مختلف اقسام کے فرماں روا ہونا لازم ہے۔

جہاں پناہ مندرجۂ ذیل رنگ پتوں سے گنجفہ کھیلتے ہیں۔

(۱) اَشوَپت (گھوڑوں کا بادشاہ) اس رنگ کے اعلیٰ ترین پتے پر بادشاہ کی تصویر ہوتی ہے جو گھوڑے پر سوار ہوتا ہے۔ یہ بادشاہ فرمانروائے دہلی کی طرح صاحب تاج و علم و نشان و نقارہ ہوتا ہے۔

اسی رنگ کے دوسرے اعلیٰ پتے پر وزیر گھوڑے پر سوار ہوتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ان دو پتّوں کے بعد دس پتّے دوسرے ہوتے ہیں جن پر ایک سے لے کر دس گھوڑوں تک کی تصویر بنی ہوتی ہے۔

(۲) گجپتت۔ یعنی وہ بادشاہ جس کے پاس ہاتھی بکثرت ہوں، جیسے شاہ اڑیسہ۔ دوسرے گیارہ پتّے مثل سابق رنگ کے وزیر کی تصویر اور ایک سے لے کر دس ہاتھیوں تک کے نقوش سے مزیّن ہوتے ہیں۔

(۳) نرپتت، یعنی وہ بادشاہ جو اپنی پیادہ فوج کی کثرت و قوّت کے لحاظ سے مشہور ہے جیسے شاہ بیجاپور۔ اعلیٰ پتّے پر بادشاہ کی تصویر ہوتی ہے، جو تخت شاہی پر بجد شان و شوکت کے ساتھ بیٹھا ہے، دوسرا پتّہ وزیر کی تصویر سے منقش ہوتا ہے، جو ایک صندلی پر بیٹھا ہوا ہے، بقیہ دس پتّوں پر ایک سے لے کر دس پیادوں تک کی تصویریں بنی رہتی ہیں۔

(۴) گڈھپتت۔ اس پتّے پر بادشاہ قلعے کے اوپر تخت نشین ہے۔ دوسرے پتّے پر وزیر صندلی پر قلعے میں بیٹھا ہوا ہے اور بقیہ دس پتّوں پر ایک سے لے کر دس تک قلعوں کی تصویریں بنی ہوئی ہیں۔

(۵) دھن پتت۔ یعنی خزانے کا بادشاہ، اس کے رنگ اعلیٰ پتّے پر بادشاہ تخت پر بیٹھا ہوا ہے اور اس کے روپیہ و چاندی اور سونے کے انبار لگے ہوئے ہیں۔

دوسرے پتّے پر وزیر اس طرح صندلی پر متمکن ہے کہ گویا خزانے کا جائزہ لے رہا ہے۔

بقیہ دس پتّوں پر سونے اور چاندی کے ظروف کی ایک سے لے کر دس تک تصویریں نقش کی گئی ہیں۔

(۶) دل پت۔ جنگ کا بادشاہ، اعلیٰ پتّے پر بادشاہ تمام اسلحۂ جنگ سے آراستہ تخت پر بیٹھا ہوا ہے اور اس کے گرد سپاہی لباس جنگ پہنے ہوئے کھڑے ہیں۔

دوسرے پتّے پر وزیر بکتر پہنے ہوئے صندلی پر متمکن ہے۔

بقیہ دس پتّوں پر ایک سے لے کر دس تک سپاہیوں کی جو لباس جنگ پہنے ہوئے ہیں، تصویریں منقش ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۷) ناؤپت، جنگی بیڑوں کا بادشاہ، اعلیٰ پتّے پر بادشاہ جہاز کے اندر تخت پر بیٹھا ہوا ہے۔
دوسرے پتّے پر وزیر جہاز کے اندر صندلی پر بیٹھا ہے اور بقیہ دس پتّوں پر ایک سے لے کر دس تک کشتیوں کی تصویریں بنی ہوئی ہیں۔
(۸) نُپت۔ اعلیٰ پتّے پر ملکہ تخت پر بیٹھی ہوئی ہے اور اُس کی سہیلیاں چاروں طرف کھڑی ہیں۔
دوسرے پتّے پر ایک عورت بطور وزیر صندلی پر متمکن ہے اور بقیہ دس پتّوں پر ایک سے لے کے دس تک عورتوں کی تصویریں منقش ہیں۔
(۹) سُورپت۔ اعلیٰ پتّے پر دیوتاؤں کا بادشاہ یعنی راجہ اندر تخت پر جلوس فرما ہے۔
دوسرے پتّے پر وزیر صندلی پر بیٹھا ہوا ہے بقیہ دس پتّوں پر ایک سے لے کر دس تک دیوتاؤں کی تصویریں بنی ہوئی ہیں۔
(۱۰) اَسُرپت۔ جنوں کا بادشاہ، اعلیٰ پتّے پر حضرت سلیمان علیہ السلام کا سا ایک بادشاہ تخت پر جلوس فرما ہے، دوسرے پتّے پر وزیر صندلی پر بیٹھا ہوا ہے۔
بقیہ دس پتّوں پر ایک سے لے کر دس تک جنوں کی تصویریں منقش ہیں۔
(۱۱) بَن پت۔ جنگلی جانوروں کا بادشاہ، اعلیٰ پتّے پر شیر کی تصویر ہے جس کے گرد دوسرے جانور کھڑے ہیں۔ دوسرے پتّے پر وزیر یعنی چیتے کی تصویر بنی ہوئی ہے، بقیہ دس پتّوں پر ایک سے لے کر دس تک جنگل کے جانوروں کی صورتیں نقش ہیں۔
(۱۲) اَہِپت، سانپوں کا بادشاہ، اعلیٰ پتّے پر شاہ ماراں اژدہے پر سوار ہے دوسرے پتّے پر وزیر بھی ایک سانپ ہے جو اُسی قسم کے دوسرے سانپ پر سوار ہے
بقیہ دس پتّوں پر ایک سے لے کر دس تک سانپوں کی تصویریں نقش ہیں۔
پہلے چھ رنگ بیش بر اور دوسرے چھ کم بر کہلاتے ہیں۔)
(قبلۂ عالم نے مشہور گنجفے میں بھی معقول تغیر فرمائے ہیں سرخ رنگ کے بادشاہ کی تصویر اس طرح بنائی گئی ہے کہ گویا تخت پر بیٹھا ہوا راز افشانی کر رہا ہے، دوسرے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پتّے میں وزیر صندلی پر جلوس فرما ہے اور خزانے کا جائزہ لے رہا ہے اور بقیہ دس صفحوں میں عملۂ زر کی مختلف تصویریں بنائی گئی ہیں مثلاً سنار، گداز گر، مطلس ساز، وزان، تیکچی، مُہرکن، تیکچی دھن، تیکچی، من، خریدار، فروشندہ، قرض گیر۔

بادشاہ برات کی تصویر یہ ہے کہ تخت پر جلوس فرما ہے اور فرامین و اسناد و دیگر کاغذات دفتر کو ملاحظہ کر رہا ہے۔ وزیر صندلی پہ بیٹھا ہوا دفتر کا کام کر رہا ہے، بقیہ دس پتّوں پر عملے کی تصویریں نقش ہیں مثلاً کاغذ گر، مُہرہ کش، مسطر کش، نویسندۂ دفتر، مصوّر، نقاش، جدول کش، فرمان نویس، مجلّد، رنگریز۔

بادشاہ تماش بجید جاہ و جلال کے ساتھ تخت پر رونق افروز ہے اور بیش قیمت مال و اسباب مثلاً زر و جواہر و ابریشم و ریشمی پارچہ جات کا ملاحظہ کر رہا ہے۔

دوسرے پتّے میں وزیر صندلی پر بیٹھا ہے جس نے مال و اسباب کا بیشتر خود معائنہ کر کے اُس کو بادشاہ کے ملاحظے میں پیش کیا ہے۔

بقیہ دس صفحات پر بارکش جانوروں کی تصویریں بنی ہیں۔

بادشاہ بزمِ تخت پر جلوس فرما ہو کر نغمہ سُن رہا ہے، وزیر صندلی پر بیٹھا ہوا ارباب نغمہ کے احوال کی پرسش کر رہا ہے، بقیہ دس پتّوں پر مختلف مزامیر کی تصویریں بنی ہوئی ہیں۔

بادشاہ زرسفید تخت پر متمکن ہے اور روپیہ اور چاندی مخلوق خدا کو تقسیم کر رہا ہے۔ وزیر صندلی پر بیٹھا ہوا ہے اور اہل حاجت کے احوال کی پرسش کر رہا ہے۔ بقیہ دس پتّوں پر سرخ رنگ کے پتّوں کی طرح عملۂ خزانہ کی تصویریں نقش ہیں۔

بادشاہ شمشیر تخت پر جلوس فرما ہے اور تلوار کے لوہے کی جانچ کر رہا ہے۔ وزیر صندلی پر بیٹھا ہوا اسلاح خانے کا معائنہ کر رہا ہے۔ بقیہ دس پتّوں پر آہن گر و صیقل گر وغیرہ عملے کی تصویریں نقش ہیں۔

بادشاہ تاج مختلف حکّام کو شاہی تمغے تقسیم کر رہا ہے۔ وزیر صندلی پر بیٹھا ہے جو اعلیٰ ترین عطیۂ شاہی ہے۔ بقیہ دس صفحوں پر درزی، آتوکش وغیرہ عملے کی تصویر نقش ہیں۔

بادشاہ غلام ہاتھی پر سوار ہے اور وزیر گاڑی پر سوار ہے بقیہ دس پتّوں پر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ایک سے لے کر دس غلاموں تک کی تصویریں نقش ہیں جن میں بعض مودّب کھڑے ہیں، اور بعض دوزانو ادب سے بیٹھے ہیں اور بعض مست ہیں اور بعض ہوشیار۔)

قبلۂ عالم گنجفۂ مشہور و نیز شطرنج صغیر و کبیر سے بھی شوق فرماتے ہیں جہاں پناہ کا مقصد صرف یہی ہے کہ بنی نوع انسان کے جوہر طبیعت کا اندازہ فرمائیں اور ان میں اتحاد و یک جہتی پیدا ہو۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بزرگان جاوید دولت

(اعیان سلطنت)

پیشتر میرا ارادہ تھا کہ اعیان سلطنت کے تذکرے میں ان بزرگوں کے وہ کارنامے بھی معرض تحریر میں لاؤں جن کے صلے میں اُن کو مراتب عالیہ نصیب ہوئے ہیں۔ اور نیز یہ کہ اُن کے پسندیدہ خصائل کا مختصر ذکر کرکے اُن کی کاردانی، تجربہ کاری کی نوعیت و کیفیت بھی ہدیۂ ناظرین کروں۔ لیکن صرف ثناگری دل نے قبول نہ کی۔ اس کے ساتھ ہی قبلۂ عالم کے مداح کے قلب میں سوا جہاں پناہ کے کسی فرد بشر کے پاکیزہ خصائل اور اُس کی مدح خوانی کے جذبات کی کیونکر سمائی ہو سکتی ہے۔ علاوہ ازیں میری صداقت پرستی نے اس امر کی اجازت نہ دی کہ قابل مدح شے کا تذکرہ کروں اور جو شے مرغوب نہ ہو اُس کو نظر انداز کر دوں اور ہر مرد کا تذکرہ کرنا آئین شرم و حیا کے خلاف سمجھا۔ ان وجوہ کی بنا پر میں نے ہر امیر کا صرف نام اور اُس کا مشہور خطاب جدول میں تحریر کرکے اس دراز قصّے کو اس طرح ختم کر دینا مناسب سمجھا۔

نام منصبداران عہد معدلت

دہ ہزاری	ہشت ہزاری
۱۔ شاہزادۂ سلطان سلیم فرزند اکبر حضرت جہاں پناہ	۲۔ شاہزادۂ مراد فرزند صیانہ حضرت جہاں پناہ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ہفت ہزاری

۳۔ شہزادۂ دانیال فرزند خرد حضرت جہاں پناہ

پنج ہزاری

۴۔ سلطان خسرو پسر کلان شاہزادہ سلطان سلیم

۵۔ مرزا سلیمان پسر خان مرزا ابن سلطان محمود بن مرزا سلطان ابو سعید مرزا۔

۶۔ مرزا ابراہیم پسر مرزا سلیمان۔

۷۔ مرزا شاہرخ پسر میرزا ابراہیم۔

۸۔ مرزا مظفر حسین پسر سلطان حسین مرزا بن بہرام مرزا ابن شاہ اسمٰعیل صفوی۔

۹۔ مرزا رستم برادر مرزا مظفر۔

۱۰۔ بیرام خاں جن کا رشتہ تین واسطوں سے میر علی شکر بہار لو سے ملتا ہے۔

۱۱۔ منعم خاں پسر بیرم بیگ۔

۱۲۔ تردی بیگ خاں ترکستانی۔

۱۳۔ خان زماں شیبانی۔

۱۴۔ عبد اللہ خاں اوزبک۔

۱۵۔ اتکہ خاں نام شمس الدین محمد۔

۱۶۔ خان کلاں نام میر محمد برادر کلاں اتکہ خاں۔

۱۷۔ مرزا اشرف الدین حسین پسر خواجہ معین۔

۱۸۔ یوسف محمد خاں پسر خاں۔

۱۹۔ ادہم خاں پسر ماہم اتکہ۔

۲۰۔ پیر محمد خاں شروانی۔

۲۱۔ خان اعظم میرزا عزیز کوکہ پسر اتکہ خاں

۲۲۔ بہادر خاں شیبانی برادر خان زماں۔

۲۳۔ راجہ بہاری مل پسر پرتھی راج کچھواہہ

۲۴۔ خان جہاں حسین قلی خاں پسر ولی بیگ ذوالقدر۔

۲۵۔ سعید خاں پسر یعقوب خاں بن ابراہیم خاں۔

۲۶۔ شہاب الدین احمد خاں جو سادات نیشاپور سے ہے۔

۲۷۔ راجہ بھگوان داس ملو پسر راجہ بہاری مل۔

۲۸۔ قطب الدین خاں برادر عزیز اتکہ خاں۔

۲۹۔ خان خاناں میرزا عبد الرحیم پسر بیرام خاں۔

۳۰۔ راجہ مان سنگھ پسر بھگوان داس۔

۳۱۔ محمد قلی خاں برلاس جو برمق کی اولاد سے ہے۔

۳۲۔ ترسون خاں خواہرزادۂ شاہ محمد سیف الملک

۳۳۔ قیا خاں گنگ۔

چار ہزاری و پانصدی

۳۴۔ زین خاں پسر خواجہ مقصود ہروی۔

۳۵۔ مرزا یوسف پسر میر احمد رضوی۔

چار ہزاری

۳۶۔ مہدی قاسم خاں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

۳۷۔ مظفر خاں ترہتی۔
۳۸۔ سیف خاں کوکہ برادر کلاں زین خاں کوکہ۔
۳۹۔ راجہ ٹوڈرمل کھتری۔
۴۰۔ محمد قاسم خاں نیشاپوری۔
۴۱۔ وزیر خاں برادر خواجہ عبدالمجید آصف خاں۔
۴۲۔ قلیچ خاں
۴۳۔ صادق خاں پسر باقر ہروی۔
۴۴۔ رائے رائے سنگھ پسر رائے کلیان مل بیکانیری۔

سہ ہزار و پانصدی

۴۵۔ شاہ قلی محرم بہارلو۔
۴۶۔ اسماعیل قلی خاں برادر خان جہاں۔

سہ ہزاری

۴۷۔ مرزا جانی بیگ حاکم ٹھٹھہ۔
۴۸۔ سکندر خاں اولاد جو سلاطین ازبک کی اولاد ہے۔
۴۹۔ آصف خاں نام عبدالمجید پسر شیخ ابوبکر ترائیادی۔
۵۰۔ مجنون خاں قاقشال۔
۵۱۔ شجاعت خاں مقیم عرب
۵۲۔ شاہ بداغ خاں۔
۵۳۔ حسین خاں خواہرزادۂ مہدی قاسم خاں۔
۵۴۔ مراد خاں پسر امیر خاں مغل بیگ۔
۵۵۔ حاجی محمد خاں سیستانی۔
۵۶۔ افضل خاں خواجہ سلطان علی ترہتی۔
۵۷۔ شاہ بیگ خاں پسر ابراہیم بیگ چریک یا حریک۔
۵۸۔ خان عالم علیم بیگ پسر بہدم مرزا کوکہ۔ مرزا کامران
۵۹۔ قاسم خاں میر بحر چین آرائے خراسان۔
۶۰۔ باقی خاں برادر کلاں ادہم خاں۔
۶۱۔ میر معزالملک موسوی شوستری
۶۲۔ میر علی اکبر برادر خرد معزالملک۔
۶۳۔ شریف خاں برادر خرد اتکہ خاں۔

دو ہزار و پانصدی

۶۴۔ ابراہیم خاں شیبانی۔
۶۵۔ خواجہ جلال الدین محمود خراسانی۔
۶۶۔ حیدر محمد خاں اختہ بیگی۔
۶۷۔ اعتماد خاں گجراتی۔
۶۸۔ پاینده خاں برادرزادۂ حاجی محمد خاں کوکہ۔
۶۹۔ جگناتھ پسر راجہ بہاری مل۔
۷۰۔ مخصوص خاں برادر سعید خاں۔
۷۱۔ راقم اقبال نامہ یعنی ابوالفضل پسر شیخ مبارک۔

دو ہزاری

۷۲۔ اسمٰعیل خاں دولدی۔
۷۳۔ میر ابوس یا بوس الیغور۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

۷۴۔ اشرف خاں نام محمد اصغر سبزواری۔
۷۵۔ سید محمود بارہہ۔
۷۶۔ عبداللہ خاں مغل۔
۷۷۔ شیخ محمد بخاری۔
۷۸۔ سید حامد بخاری۔
۷۹۔ رستم خاں پسر رستم خاں ترکستانی۔
۸۰۔ شہباز خاں کنبو۔
۸۱۔ درویش محمد ازبک۔
۸۲۔ شیخ ابراہیم پسر شیخ موسیٰ و برادر کلان شیخ سلیم سیکری۔
۸۳۔ عبدالمطلب خاں پسر شاہ بداغ خاں۔
۸۴۔ اعتبار خاں خواجہ سرا۔
۸۵۔ راجہ بیربر برہمن۔
۸۶۔ اخلاص خاں اعتبار خواجہ سرا۔
۸۷۔ بہادر خاں اصغر غلام حضرت جنت آشیانی
۸۸۔ شاہ فخرالدین پسر میر قاسم مشہدی
۸۹۔ راجہ رام چند بگھیلہ۔
۹۰۔ لشکر خاں محمد حسین خراسانی۔
۹۱۔ سید احمد بارہہ۔
۹۲۔ کاکر علی خاں چشتی۔
۹۳۔ رائے کلیان مل زمیندار بیکانیر۔
۹۴۔ طاہر خاں میر فراغت پسر میر خرد آتالیق ہندال مرزا۔
۹۵۔ شاہ محمد خاں قلالتی۔
۹۶۔ رائے سرجن ہاڈا۔

ہزار و پانصدی

۹۷۔ شاہم خاں جلائر۔
۹۸۔ آصف خاں نام جعفر بیگ پسر بدیع الزماں قزوینی۔
۹۹۔ شیخ فرید بخاری
۱۰۰۔ سابجی خاں پسر علیم بیگ۔
۱۰۱۔ تردی بیگ پسر قیا خاں گنگ۔
۱۰۲۔ مہتر خاں نام انیس غلام ہمایوں بادشاہ۔
۱۰۳۔ رائے درگا سہسودیہ۔
۱۰۴۔ مادھو سنگھ پسر بھگو انداس۔
۱۰۵۔ سید قاسم پسر سید محمود خاں۔

ہزار و دوصدی

۱۰۶۔ رائے سال درباری شیخاوت۔

ہزاری

۱۰۷۔ محب علی خاں پسر میر خلیفہ۔
۱۰۸۔ سلطان خواجہ نام عبدالعظیم پسر خواجہ دوست خاوند۔
۱۰۹۔ خواجہ عبداللہ پسر خواجہ عبداللطیف۔
۱۱۰۔ خواجہ جہاں نام امینائے ہروی۔
۱۱۱۔ تاتار خاں خراسانی۔
۱۱۲۔ حکیم ابوالفتح پسر ملا عبدالرزاق گیلانی۔
۱۱۳۔ شیخ جمال پسر شیخ محمد بختیار۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

۱۱۴۔ جعفر خاں پسر قزاق خاں۔
۱۱۵۔ شاہ خانی پسر سید بیجنی۔
۱۱۶۔ اسد اللہ خاں تبریزی۔
۱۱۷۔ سعادت علی خاں بدخشانی۔
۱۱۸۔ رویسی بیراگی برادر راجہ بہاری مل۔
۱۱۹۔ اعتماد خاں خواجہ سرا۔
۱۲۰۔ یار بہادر پسر شجاول خاں۔
۱۲۱۔ موتہ راجہ نام اودے سنگھ پسر رائے مالدیو۔
۱۲۲۔ خواجہ منصور شیرازی۔
۱۲۳ قتلق قدم خاں اختہ بیگی
۱۲۴۔ علی قلی خاں اندرابی
۱۲۵۔ عادل خاں پسر شاہ محمد قلاتی۔
۱۲۶۔ غیاث الدین خاں۔
۱۲۷۔ فرخ حسین پسر قاسم حسین۔ اس کا باپ ازبکان خوارزم سے ہے اور اس کی ماں سلطان حسین مرزا کی بہن ہے۔
۱۲۸۔ معین خاں فرنخودی۔
۱۲۹۔ محمد قلی توقبائی۔
۱۳۰۔ مہر علی خاں سلمدوز۔
۱۳۱۔ خواجہ ابراہیم بدخشی۔
۱۳۲۔ سلیم خاں کاکر۔
۱۳۳۔ حبیب علی خاں کولابی۔
۱۳۴۔ جگمال برادر خرد راجہ بہاری مل۔
۱۳۵۔ الغ خاں بدخشی پروردہ سلطان محمود گجراتی
۱۳۶۔ مقصود علی خاں کور۔
۱۳۷۔ قبول خاں۔

نہ صدی

۱۳۸۔ کوچک علی خاں کولابی۔
۱۳۹۔ سید لخاں نام سنبل غلام حضرت جنت آشیانی۔
۱۴۰۔ سید محمد میر عدل ساداست امروہہ سے ہے۔
۱۴۱۔ رضوی خاں نام میرزا امیرک سید رضوی مشہدی۔
۱۴۲۔ مرزا نجابت خاں برادر سید برکہ۔
۱۴۳۔ سید ہاشم پسر سید محمد محمود بارہہ۔
۱۴۴۔ غازی خاں بدخشی۔
۱۴۵۔ فرحت خاں میر شکار غلام حضرت جنت آشیانی
۱۴۶۔ رومی خاں نام استاد چلپی رومی۔
۱۴۷۔ سمانجی خاں قورغوچے
۱۴۸۔ شاہ بیگ خاں پسر کوچک علی خاں بدخشی۔
۱۴۹۔ مرزا حسین خاں برادر مرزا نجابت خاں۔
۱۵۰۔ حکیم زنبیل برادر مرزا محمد طبیب شیرازی
۱۵۱۔ خداوند خاں دکھنی۔
۱۵۲۔ مرزا علی خاں پسر محرک بیگ
۱۵۳۔ سعادت مرزا پسر خضر خواجہ خاں۔
۱۵۴۔ شمسال خاں چیلہ۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

۱۵۵۔ شاہ غازی خاں سید تبریزی۔
۱۵۶۔ فاضل خاں پسر خان کلاں۔
۱۵۷۔ معصوم خاں پسر معین خاں فرنخودی
۱۵۸۔ تولک خاں قوچین۔
۱۵۹۔ خواجہ شمس الدین خافی
۱۶۰۔ جگت سنگھ پسر کلان مان سنگھ۔
۱۶۱۔ نقیب خاں میر عبداللطیف قزوینی۔
۱۶۲۔ میر مرتضی خاں سید سبزہ واری۔
۱۶۳۔ شمسی پسر خان اعظم مرزا کوکہ۔
۱۶۴۔ میر جمال الدین سادات انجوئے۔
۱۶۵۔ سید راجو بارہہ۔
۱۶۶۔ میر شریف آملی۔
۱۶۷۔ حسن بیگ شیخ عمری
۱۶۸۔ شیرویہ خاں پسر شیر افگن خاں
۱۶۹۔ نظر بے اوزبک۔
۱۷۰۔ جلال خاں پسر محمد خاں بن سلطان آدم ککر۔
۱۷۱۔ مبارک خاں پسر کمال خاں ککر۔
۱۷۲۔ تاش بیگ خاں مغل
۱۷۳۔ شیخ عبداللہ پسر شیخ محمد غوث گوالیاری
۱۷۴۔ راجہ راج سنگھ پسر راجہ اسکرن کچھواہہ
۱۷۵۔ رائے بھوج پسر رائے سرجن ہاڑہ۔

ہشت صدی

۱۷۶۔ شیر خواجہ۔
۱۷۷۔ مرزا خرم پسر خان اعظم میرزا کوکہ۔

ہفت صدی

۱۷۸۔ قریش سلطان پسر عبداللطیف خاں حاکم کاشغر۔
۱۷۹۔ قرا بہادر برادر زادۂ مرزا حیدر پسر مرزا محمود۔
۱۸۰۔ مظفر حسین مرزا پسر ابراہیم حسین مرزا۔
۱۸۱۔ قوندوق خاں اوزبک برادر بیرام اوغلان۔
۱۸۲۔ سلطان عبداللہ برادر علاقی قریش سلطان۔
۱۸۳۔ مرزا عبدالرحمن برادر زادۂ مرزا حیدر۔
۱۸۴۔ قیا خاں پسر صاحب خاں۔
۱۸۵۔ دربار خاں نام عنایت پسر تکاتو خاں قصہ خوان۔
۱۸۶۔ عبدالرحمن پسر مؤید دولدی۔
۱۸۷۔ قاسم علی خاں
۱۸۸۔ باز بہادر پسر شریف خاں۔
۱۸۹۔ سید عبداللہ خاں پسر میر خواندہ۔
۱۹۰۔ دھارو پسر ٹوڈرمل۔
۱۹۱۔ احمد بیگ کابلی۔
۱۹۲۔ حکیم علی گیلانی۔
۱۹۳۔ گوجر خاں پسر قطب الدین خاں اتکہ۔
۱۹۴۔ صدر جہاں مفتی
۱۹۵۔ شیخ بیگ کابلی (سردار خاں)۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

۱۹۶۔ رائے بیرداس کھتری۔
۱۹۷۔ شیخ عبدالرحیم لکھنوی۔
۱۹۸۔ میدنی رائے چوہان۔
۱۹۹۔ میر ابوالقاسم تمکین
۲۰۰۔ وزیر بیگ جمیل۔
۲۰۱۔ طاہر پسر سیف الملوک۔
۲۰۲۔ یابو منکلی۔

شش صدی

۲۰۳۔ محمد قلی خاں ترکمان۔
۲۰۴۔ بختیار بیگ وگودشاہ منصور۔
۲۰۵۔ حکیم ہمام پسر مولانا عبدالرزاق گیلانی۔
۲۰۶۔ میرزا انور پسر خان اعظم میرزا کوکہ۔

پانصدی

۲۰۷۔ بالتو خاں ترکستانی۔
۲۰۸۔ میرک بہادر ارغون۔
۲۰۹۔ لعل خاں کولابی۔
۲۱۰۔ شیخ احمد پسر شیخ سلیم۔
۲۱۱۔ اسکندر بیگ بدخشی۔
۲۱۲۔ بیگ نورین خاں قوچین۔
۲۱۳۔ جلال خاں قورچی۔
۲۱۴۔ پرمانند کھتری۔
۲۱۵۔ تیمور خاں یکہ۔
۲۱۶۔ ثانی خاں ہروی
۲۱۷۔ سید جلال الدین پسر سید احمد بارہہ۔
۲۱۸۔ جگمال پنوار۔
۲۱۹۔ حسین بیگ برادر حسین خان بزرگ۔
۲۲۰۔ حسن خاں تبنی
۲۲۱۔ سید چھجو بارہہ۔
۲۲۲۔ منصف خاں نام سلطان محمد ہروی۔
۲۲۳۔ قاضی خاں بدخشی۔
۲۲۴۔ حاجی یوسف خاں۔
۲۲۵۔ راول بھیم جیسلمیری۔
۲۲۶۔ ہاشم بیگ پسر قاسم خاں۔
۲۲۷۔ میرزا فریدون فرزند مرزا قلی خاں برلاس۔
۲۲۸۔ یوسف خاں حاکم کشمیر۔
۲۲۹۔ نور تلیچ پسر التون تلیچ۔
۲۳۰۔ میر عبدالحی میر عدل۔
۲۳۱۔ شاہ قلی خاں نارنجی۔
۲۳۲۔ فرخ خاں پسر خان کلاں۔
۲۳۳۔ شادمان خاں پسر خان اعظم میرزا کوکہ۔
۲۳۴۔ حکیم عین الملک شیرازی۔
۲۳۵۔ جانش بہادر مغل۔
۲۳۶۔ میر طاہر موسوی۔
۲۳۷۔ میرزا علی بیگ علم شاہی۔
۲۳۸۔ رام داس کچھواہہ۔
۲۳۹۔ محمد خاں نیازی۔
۲۴۰۔ ابوالمظفر پور اشرف خاں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

۲۴۱- خواجگی محمد حسین میربر۔
۲۴۲- ابوالقاسم برادر عبدالقادر اخوند۔
۲۴۳- قمر خاں پسر عبداللطیف قزوینی۔
۲۴۴- ارجن سنگھ پسر راجہ مان سنگھ۔
۲۴۵- سبل سنگھ پسر راجہ مان سنگھ۔
۲۴۶- مصطفیٰ غزنی۔
۲۴۷- نظر خاں فرزند سعید خاں۔
۲۴۸- رام چندر پسر مدھکر۔
۲۴۹- راجہ مکتمن بھدرویہ۔
۲۵۰- راجہ رام چندر زمیندار اوڈیسہ۔
۲۵۱- سید ابوالقاسم پسر محمد میر عدل۔
۲۵۲- دلپت پسر رائے سنگھ۔

چار صدی

۲۵۳- شیخ فیضی فرزند شیخ مبارک ناگوری
۲۵۴- حکیم مصری۔
۲۵۵- ابرج میرزا پسر میرزا خاں خانخاناں۔
۲۵۶- سکت سنگھ پسر راجہ مان سنگھ۔
۲۵۷- عبداللہ پسر خان اعظم میرزا کوکہ۔
۲۵۸- علی محمد اسپ۔
۲۵۹- میرزا محمد۔
۲۶۰- شیخ بایزید پسر شیخ سلیمان۔
۲۶۱- غزنی خاں جالوری۔
۲۶۲- کچک خواجہ پسر خواجہ عبداللہ۔
۲۶۳- شیر خاں مغل۔
۲۶۴- فتح اللہ پسر محمد وفا۔
۲۶۵- رائے منوہر پسر لون کرن۔
۲۶۶- خواجہ عبدالصمد شیریں قلم۔
۲۶۷- سلہدی پسر راجہ بھارامل۔
۲۶۸- رام چند کچھواہہ۔
۲۶۹- بہادر خاں تور دار۔
۲۷۰- بانکہ کچھواہہ۔

سہ صدی پنجاہی

۲۷۱- میرزا ابوسعید پسر سلطان حسین میرزا۔
۲۷۲- میرزا اسفجر برادر میرزا ابوسعید۔
۲۷۳- علی مردان بہادر۔
۲۷۴- رضا قلی پسر خان جہاں۔
۲۷۵- شیخ خوبو (قطب الدین چشتی) فتح پوری۔
۲۷۶- ضیاء الملک کاشی۔
۲۷۷- حمزہ بیگ فراغلی۔
۲۷۸- مختار بیگ پسر آقا ملا۔
۲۷۹- حیدر علی عرب۔
۲۸۰- پیشرو خاں
۲۸۱- قاضی حسن قزوینی۔
۲۸۲- میر مراد جوینی۔
۲۸۳- میر قاسم بدخشی۔
۲۸۴- بندہ علی میدانی۔
۲۸۵- خواجگی فتح اللہ پسر حاجی حبیب اللہ کاشی

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

۲۸۶- زاہد پسر صادق خاں۔
۲۸۷- دوست محمد اُس کا بھائی۔
۲۸۸- یار محمد اُس کا بھائی۔
۲۸۹- عزت اللہ عجب دانی۔

سہ صدی

۲۹۰- التون قلیچ۔
۲۹۱- جان قلیچ۔
۲۹۲- سیف اللہ پسر قلیچ خاں۔
۲۹۳- حسین قلیچ اُس کا بھائی۔
۲۹۴- ابوالفتاح آتالیق۔
۲۹۵- سید بایزید یارہ۔
۲۹۶- بلبد حصر راٹھور۔
۲۹۷- ابوالمعالی پسر سید محمد میر عدل۔
۲۹۸- باقر انصاری۔
۲۹۹- بایزید بیگ ترکمان۔
۳۰۰- شیخ دولت بختیار۔
۳۰۱- حسین کھلی وال۔
۳۰۲- کیشو داس پسر جیمل۔
۳۰۳- میرزا خاں نیشاپوری
۳۰۴- مظفر برادر خان عالم۔
۳۰۵- تلسی داس جادون۔
۳۰۶- رحمت خاں پسر سند عالی۔
۳۰۷- احمد قاسم کوکہ۔
۳۰۸- بہادر گو بلوٹ۔
۳۰۹- دولت خاں لودی۔
۳۱۰- شاہ محمد پسر قریش سلطان۔
۳۱۱- حسن خاں میانہ۔
۳۱۲- طاہر بیگ پسر خان کلاں۔
۳۱۳- کشن داس تونور۔
۳۱۴- مان سنگھ کچھواہہ۔
۳۱۵- میر گدائی پسر میر ابو تراب
۳۱۶- قاسم خواجہ پسر خواجہ عبد الباری۔
۳۱۷- ناد علی سیدانی۔
۳۱۸- تیل کنٹھ زمیندار اودلیہ۔
۳۱۹- غیاث بیگ طہرانی۔
۳۲۰- خواجہ اشرف پسر خواجہ عبد الباری۔
۳۲۱- شرف بیگ شیرازی۔
۳۲۲- ابراہیم قلی پسر اسمٰعیل قلی خاں۔

دو صد پنجاہی

۳۲۳- ابوالفتح پسر مظفر مغل۔
۳۲۴- بیگ مغل توقیائی۔
۳۲۵- امام قلی شقالی۔
۳۲۶- صفدر بیگ پسر محمد خاں۔
۳۲۷- خواجہ سلیمان شیرازی۔
۳۲۸- برخوردار پسر عبد الرحمن دولدی۔
۳۲۹- میر معصوم بھکری۔
۳۳۰- خواجہ ملک علی میر شپ۔
۳۳۱- رائے رام داس دیوان۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

۳۳۲۔ شاہ محمد پسر سعید خاں کگر۔
۳۳۳۔ رحیم قلی پسر خان جہاں۔
۳۳۴۔ شیر بیگ ایماول باشی۔

دوصدی

۳۳۵۔ افتخار بیگ پسر بایزید بیگ۔
۳۳۶۔ پرتاب سنگھ پسر بھگوانداس۔
۳۳۷۔ حسین خاں قزوینی۔
۳۳۸۔ یادگار حسین پسر قبول خاں۔
۳۳۹۔ کامران بیگ گیلانی۔
۳۴۰۔ محمد خاں ترکمان۔
۳۴۱۔ نظام الدین احمد پسر شاہ محمد خاں۔
۳۴۲۔ جگت سنگھ پسر راجہ مان سنگھ
۳۴۳۔ عماد الملک۔
۳۴۴۔ شریف سرمدی۔
۳۴۵۔ قرا بحری پسر قراتاق
۳۴۶۔ تاتار بیگ پسر علی محمد اسپہ۔
۳۴۷۔ خواجہ محب علی خوافی۔
۳۴۸۔ حکیم مظفر اردستانی۔
۳۴۹۔ عبد السبحان پسر عبد الرحمن دولدی
۳۵۰۔ قاسم بیگ تبریزی۔
۳۵۱۔ شریف پسر خواجہ عبد الصمد۔
۳۵۲۔ تقیا شستری۔
۳۵۳۔ خواجہ عبد الصمد کاشی
۳۵۴۔ حکیم لطیف اللہ پسر ملا عبد الرزاق گیلانی۔
۳۵۵۔ شیر افگن پسر سیف خاں کوکہ۔
۳۵۶۔ امان اللہ اُس کا بھائی۔
۳۵۷۔ سلیم قلی پسر اسمٰعیل خاں۔
۳۵۸۔ خلیل اقلی اُس کا بھائی۔
۳۵۹۔ ولی بیگ پسر پاینده خاں۔
۳۶۰۔ بیگ محمد ایلچور۔
۳۶۱۔ میر خاں ایماول۔
۳۶۲۔ سرمست خاں پسر رستم خاں
۳۶۳۔ سید ابو الحسن پسر سید محمد میر عدل۔
۳۶۴۔ سید عبد الواحد برادر زادۂ میر عدل۔
۳۶۵۔ خواجہ بیگ میرزا پسر معصوم بیگ۔
۳۶۶۔ سکر برادر پرتاب رانا۔
۳۶۷۔ شادی بے اوزبک پسر نذر بے۔
۳۶۸۔ باقی پسر نذر بے۔
۳۶۹۔ یونان بیگ برادر میرزا خاں
۳۷۰۔ شیخ کبیر چشتی۔
۳۷۱۔ میرزا خواجہ پسر میرزا اسد اللہ۔
۳۷۲۔ میرزا شریف پسر میرزا علاء الدین۔
۳۷۳۔ شکر اللہ پسر زین خاں کوکہ۔
۳۷۴۔ میر عبد المومن پسر میر سمرقندی۔
۳۷۵۔ لشکری پسر میرزا یوسف خاں۔
۳۷۶۔ آغا ملا قزوینی۔
۳۷۷۔ محمد علی جامی۔
۳۷۸۔ متھرا داس کھتری۔
۳۷۹۔ ستھرا داس پسر متھرا داس۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

۳۸۰۔ میر مراد برادر شاہ بیگ کولابی
۳۸۱۔ کالا کچھواہہ۔
۳۸۲۔ سید درویش پسر شمس بخاری۔
۳۸۳۔ بھنیا۔ مرل۔
۳۸۴۔ سید ابو اسحٰق پسر میرزا رفیع صفوی۔
۳۸۵۔ فتح خاں چینۂ بان۔
۳۸۶۔ مقیم خاں پسر شجاعت خاں۔
۳۸۷۔ لالہ پسر راجہ بیربر۔
۳۸۸۔ یوسف کشمیری۔
۳۸۹۔ جیی لیسا ول۔
۳۹۰۔ حیدر دوست برادر قاسم علی خاں۔
۳۹۱۔ دوست محمد پسر بابا دوست۔
۳۹۲۔ شہرخ دنتوری۔
۳۹۳۔ بشیر محمد۔
۳۹۴۔ علی قلی۔
۳۹۵۔ شاہ محمد پسر سید علی
۳۹۶۔ سانول داس جادون۔
۳۹۷۔ خواجہ ظہیر الدین پسر خلیل اللہ

۳۹۸۔ میر ابو القاسم نیشاپوری۔
۳۹۹۔ حاجی محمد اردستانی۔
۴۰۰۔ محمد خاں ہمشیرہ زادۂ ترسون خاں۔
۴۰۱۔ خواجہ مقیم پسر خواجہ میر کی۔
۴۰۲۔ قادر علی کوکہ میرزا شاہرخ۔
۴۰۳۔ فیروز خاں غلام ہمایوں بادشاہ۔
۴۰۴۔ تاج خاں کتھریہ۔
۴۰۵۔ زین الدین علی۔
۴۰۶۔ میر شریف کولابی۔
۴۰۷۔ پہاڑ خاں بلوچ۔
۴۰۸۔ کیشو داس راٹھور۔
۴۰۹۔ سید لاڈ بارہہ۔
۴۱۰۔ نصیر من۔
۴۱۱۔ سانگھر پنوار۔
۴۱۲۔ قابل پسر عتیق۔
۴۱۳۔ اودمند زمیندار اوڈیسہ۔
۴۱۴۔ نورنگ کوکہ میرزا ابراہیم

قبلۂ عالم کے ابتدائے عہد سعادت سے لے کر سنہ الٰہی تک یعنی جس سال یہ دفتر بحسن و خوبی پایۂ تکمیل کو پہنچا پانصدی سے بالاتر امرا میں متوفی و زندہ دونوں مذکورۂ صدر جدول میں شامل ہیں لیکن پانصدی سے دو صدی تک کے امرا میں صرف الٰہی امیروں کے نام جدول مذکور میں مرقوم ہیں جو سنہ تک بقید حیات تھے۔

دو صدی سے کم مرتبہ امیروں کی صرف تعداد مندرجۂ ذیل ہے۔

۱۔ صد و پنجاہی	۵۳	۲۔ صد و بیستی۔	۱

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

۳- یوزباشی-	۲۵۰	۷- دوبیستی-	۲۶۰
۴- چہار بیستی-	۹۱	۸- ترکش بند	۳۹
۵- سہ بیستی	۲۰۴	۹- بیستی-	۲۵۰
۶- پنجاہی	۱۶	۱۰- دہ باشی	۲۲۴

شاید ہی کوئی روزا ایسا گزرتا ہو کہ قبلۂ عالم اہل استحقاق و کار آمد افراد کو جدید مناصب عطا فرماتے ہوں اور نیز یہ کہ کم مرتبہ منصبداروں کو اعلیٰ مناصب پر فائز فرما کر قدر افزائی نہ کرتے ہوں۔ اسی طرح ترک و تاجیک کے گروہ کے گروہ دور دراز مقامات سے آکر شرف آستانہ بوسی حاصل کرتے اور مرتبۂ سپہ گری پہ پہنچ کر اپنی خواہش کے مطابق کامیاب و بامراد ہوتے ہیں۔ بیشمار قدیم و جدید نمک خواران سلطنت جوان مناصب پر فائز نہیں ہیں اور اُن کو روزینہ اور انعام عطا ہوئے ہیں۔

موجودہ و گزشتہ امرا کا مختصر حال معرض تحریر میں لانے کے بعد مناسب ہے کہ گزشتہ و موجودہ ارکان دولت کے نام بھی ہدیۂ ناظرین کئے جائیں تاکہ ان کو بھی حیات جاودانی حاصل ہو۔

وکلائے سلطنت

(۱) بیرم خاں۔
(۲) منعم خاں۔
(۳) آتکہ خاں۔
(۴) بہادر خاں
(۵) خواجۂ جہاں۔
(۶) خانخاناں۔
(۷) میرزا خاں۔
(۸) خان اعظم میرزا کوکہ۔

وزرائے سلطنت

(۱) میر عزیز اللہ ترتبتی۔
(۲) خواجہ جلال الدین مسعود خراسانی۔
(۳) خواجہ معین الدین فرشخودی۔
(۴) خواجہ عبدالمجید آصف خاں۔
(۵) وزیر خاں۔
(۶) مظفر خاں۔
(۷) راجہ ٹوڈرمل۔
(۸) خواجہ شاہ منصور شیرازی۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۹) قلیچ خاں۔
(۱۰) خواجہ شمس الدین خافی۔

بخشیاں

(۱) خواجۂ جہاں۔
(۲) خواجہ طاہر سجستانی۔
(۳) مولانا حی بہزادی۔
(۴) مولانا درویش محمد مشہدی۔
(۵) مولانا عشقی مقیم خراسانی۔
(۶) سلطان محمود بدخشی۔
(۷) لشکر خاں۔
(۸) شہباز خاں۔
(۹) رائے پرکھوتم۔
(۱۰) شیخ فرید بخاری۔
(۱۱) قاضی علی بغدادی
(۱۲) جعفر بیگ آصف خاں۔
(۱۳) خواجہ نظام الدین احمد۔
(۱۴) خواجگی فتح اللہ۔

صدور

(۱) میر فتح اللہ۔
(۲) شیخ گدائی پسر شیخ جمال کنبو۔
(۳) خواجگی محمد صالح بدو واسطہ پسر خواجہ عبداللہ مروارید۔
(۴) مولانا عبدالباقی۔
(۵) شیخ عبدالغنی۔
(۶) سلطان خواجہ۔
(۷) صدر جہاں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دانش اندوزان جاوید دولت

(علما و فضلائے مملکت)

خاکسار مؤلف اب علما و فقرا کے حالات معرض تحریر میں لاتا ہے۔

واضح ہو کہ ان بزرگان ملک کے حالات قلمبند کرنے میں مؤلف فرقے یا مذہب کی پابندی کو نظر انداز کر کے ہر عقیدے اور ہر ملّت کے علما و فقرا کو اُن کے علم ظاہری و عرفان باطنی کے لحاظ سے مختلف اقسام میں منقسم کر کے ہدیۂ ناظرین کرتا ہے۔

قبلۂ عالم چونکہ ملک ظاہر و باطن ہر دو عالم کے پیشوا و فرماں روا ہیں حضرت پانچ اقسام کے بزرگان ملک کو قابل تعظیم و تکریم و مستحق عنایت و نوازش خیال فرماتے ہیں۔ ہر طبقے کے علما ان میں سے ہر ایک اپنی رسائی کے مطابق جمال جہاں آرا کے لیے یعنی بادشاہ سلامت کے محاسن کے علم سے حیران و متحیّر رہتے ہیں۔ ان علما کے مختلف طبقات مندرجۂ ذیل ہیں۔

(۱) ایک طبقہ وہ ہے جو اپنی خوش قسمتی سے ظاہر و باطن ہر دو عالم کے اسرار سے واقف اور اپنی حوصلہ مندی سے سعادت دارین سے بہرہ ور اور اپنے کو بارگاہ شہنشاہی کا فیض گرفتہ اور قبلۂ عالم کا خاص ارادتمند خیال کرتا ہے۔

(۲) دوسرا طبقہ وہ ہے جو علوم ظاہر کا تو دلدادہ کم ہے لیکن حقائق و معارف باطنی کا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

پرستار اور عرفان الٰہی کا خریفتہ ہے۔

(۳) تیسرا طبقہ وہ ہے جو صرف علوم ظاہر کا شیدائی اور قدر سے علم کلام سے بھی واقف و آگاہ ہے۔

(۴) چوتھے طبقے میں وہ افراد شامل ہیں جو علوم نقلیہ کو مشتبہ سمجھ کر کسی مسئلے کو بلا دلائل عقلی کے قبول نہیں کرتے۔

(۵) پانچواں طبقہ اُن علما کا ہے جو تقلید کے سنگ راہ سے آگے قدم بڑھانا گناہ خیال کرتا ہے اور محض نقل کو معتبر و مسلّم خیال کرتا ہے

ہر طبقے کے بے شمار اقسام ہیں۔

خاکسار مولف محتسب کا جامہ پہن کر مخلوق خدا کی عیب جوئی کرنا پسند نہیں کرتا واقعہ یہ ہے کہ علما کو مختلف طبقات میں تقسیم کر کے اُن کے مختلف نام کا جدول پیش کرنا ہی دل پر بار گراں تھا لیکن صداقت شعاری و حق نگاری نے خامے کی دستگیری کر کے ہمت دلائی اور جدول ذیل پایۂ تکمیل کو پہنچ گئی۔

جدول دانش اندوزان جاوید دولت اکبری

علمائے ظاہر و باطن

۱۔ شیخ مبارک ناگوری
۲۔ شیخ نظام نارنولی۔
۳۔ شیخ اوحن نام امان اللہ
۴۔ میاں وجیہ الدین۔
۵۔ شیخ رکن الدین۔
۶۔ شیخ عبدالعزیز دہلوی۔
۷۔ شیخ جلال تھانیسری
۸۔ شیخ الہدیہ خیر آبادی۔
۹۔ مولانا حسام الدین۔
۱۰۔ شیخ عبدالغفور۔
۱۱۔ شیخ بیجو سنبھلی۔
۱۲۔ مولانا اسمٰعیل۔
۱۳۔ مادھو سرستی
۱۴۔ مدھودن۔
۱۵۔ نارائن اسرم۔
۱۶۔ ہری بے سور۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

۱۷۔ دامودر بھٹ۔
۱۸۔ رام تیرتھ۔
۱۹۔ ترسنگھ
۲۰۔ پرم اندر۔
۲۱۔ ادت۔

اہل باطن

۱۔ شیخ رکن الدین محمود کمان گر۔
۲۔ شیخ امان اللہ۔
۳۔ خواجہ عبد الشہید۔
۴۔ شیخ موسیٰ۔
۵۔ بابا بلاس۔
۶۔ شیخ علاء الدین مجذوب۔
۷۔ شیخ یوسف ہرکن۔
۸۔ شیخ برہان۔
۹۔ باباکپور مجذوب۔
۱۰ شیخ ابو اسحٰق فرنگ۔
۱۱ شیخ داؤد جھنی وال۔
۱۲ شیخ سلیم چشتی۔
۱۳ شیخ محمد غوث گوالیری۔
۱۴۔ رام بھدر۔

علمائے معقول و منقول

۱۔ میر فتح اللہ شیرازی
۲۔ میر مرتضیٰ شریفی۔
۳۔ مولانا سعید ترکستانی۔
۴۔ حافظ تاشکندی۔
۵۔ مولانا شاہ محمد۔
۶۔ مولانا علاء الدین
۷۔ مولانا میر کلاں۔
۸۔ غازی خاں بدخشی۔
۹۔ مولانا صادق حلوائی
۱۰۔ مولانا شاہ محمد۔
۱۱ حکیم مصری
۱۲۔ مولانا شیخ حسین۔

علمائے معقول

۱۔ مولانا پیر محمد۔
۲۔ مولانا عبد الباقی۔
۳۔ میر ترا مفلس سمرقندی
۴۔ مولانا راوہ شکر
۵۔ مولانا محمد۔
۶۔ قاسم بیگ۔
۷۔ مولانا نور الدین ترخاں۔
۸۔ نارائن۔
۹۔ مادھو بھٹ۔
۱۰ بشن ناتھ
۱۱ سری بھٹ۔
۱۲۔ رام کشن۔
۱۳۔ بلبھدر مصر۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

۱۴- یاسف یوسف۔
۱۵- یاسن بھٹ۔
۱۶- بدیا نواس۔
۱۷- گوری ناتھ
۱۸- گوپی ناتھ۔
۱۹- کشن پنڈت
۲۰- بھٹا چارج
۲۱- بھاگیرت بھٹا چارج
۲۲- کاشی ناتھ بھٹا چارج

پزشکان (اطبّا)

۱- حکیم مصری۔
۲- حکیم الملک۔
۳- ملا میر طبیب ہروی۔
۴- حکیم ابوالفتح گیلانی۔
۵- حکیم زنبیل بیگ۔
۶- حکیم علی گیلانی۔
۷- حکیم حسن گیلانی۔
۸- حکیم ارسطو۔
۹- حکیم فتح اللہ
۱۰- حکیم مسیح الملک۔
۱۱- حکیم جلال الدین مظفر
۱۲- حکیم لطف اللہ
۱۳- حکیم سیف الملک لنگ۔
۱۴- حکیم ہمام
۱۵- حکیم عین الملک۔
۱۶- حکیم شفائی۔
۱۷- حکیم نعمت اللہ
۱۸- حکیم دوائی۔
۱۹- حکیم طلب علی۔
۲۰- حکیم عبدالرحیم۔
۲۱- حکیم روح اللہ
۲۲- حکیم فخرالدین علی۔
۲۳- حکیم اسحٰق۔
۲۴- شیخ حسن پانی پتی۔
۲۵- شیخ بینا۔
۲۶- جہادیو۔
۲۷- بھیم ناتھ۔
۲۸- نرائن۔
۲۹- سیو جی۔

علمائے منقول

۱- میاں حاتم سنبھلی
۲- میاں جمال خاں۔
۳- مولانا عبدالقادر۔
۴- شیخ احمد۔
۵- مخدوم الملک۔
۶- مولانا عبدالسلام۔
۷- قاضی صدرالدین۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

۸۔ مولانا سعد اللہ۔
۹۔ مولانا اسحٰق۔
۱۰۔ میر عبد اللطیف۔
۱۱۔ قاآنی میر نور اللہ شوستری۔
۱۲۔ مولانا عبد القادر۔
۱۳۔ قاضی عبد السمیع۔
۱۴۔ مولانا قاسم
۱۵۔ قاضی حسن۔
۱۶۔ ملّا کمال۔
۱۷۔ شیخ یعقوب کشمیری۔
۱۸۔ ملّا عالم کابلی۔
۱۹۔ شیخ عبد النبی صدر۔
۲۰۔ شیخ بھیک۔
۲۱۔ شیخ بھیک۔
۲۲۔ شیخ بہاء الدین مفتی۔
۲۳۔ قاضی جلال الدین ملتانی۔
۲۴۔ شیخ ضیاء الدین۔

۲۵۔ شیخ عبد الوہاب۔
۲۶۔ شیخ عمر
۲۷۔ میر سید محمد میر عدل۔
۲۸۔ مولانا جمال۔
۲۹۔ شیخ احمدی۔
۳۰۔ شیخ عبد الغنی۔
۳۱۔ شیخ عبد الواحد۔
۳۲۔ صدر جہاں سر
۳۳۔ مولانا اسماعیل۔
۳۴۔ ملّا عبد القادر بدایونی۔
۳۵۔ مولانا صدر جہاں۔
۳۶۔ شیخ جوہر
۳۷۔ شیخ منوّر۔
۳۸۔ قاضی ابراہیم۔
۳۹۔ مولانا جمال۔
۴۰۔ پنجے سن سور۔
۴۱۔ بھان چند۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

قافیہ سنجان (شعرا)

خاکسار مؤلف اب اس معانی طراز گروہ کی جانب متوجہ ہوتا ہے اور یہ مناسب خیال کرتا ہے کہ ان کے مختصر حالات بھی ہدیۂ ناظرین کرے۔

یہی وہ افراد ہیں جو عالم خیال کی دشوار گزار راہ میں پرواز کرتے اور اپنے ضمیر روشن کو انوار الٰہی کی مقدس روشنی سے تاباں و درخشاں کرتے ہیں۔ لیکن افسوس یہ ہے کہ اس طبقے کے اکثر افراد اپنے اس جوہر قابلیت کی اصل قیمت سے واقف و آگاہ نہیں ہیں اور اس گوہر آبدار کو کھوٹے داموں فروخت کرتے ہیں۔ نااہل افراد کی توصیف و ستائش میں اپنی عمر بسر کرتے ہیں اور قابل مدح و ثنا حضرات کی مذمت و ہجو سے اپنی زبان کو آلودہ کرتے ہیں۔ ورنہ ظاہر ہے کہ مناسب الفاظ کو باہم مرتبط کرنا ہی عجیب و غریب صنعت ہے، چہ جائیکہ تناسب الفاظ کے ساتھ بہترین طریقے پر معانی بھی پیدا کرنا۔

آں کہ سخن را بسخن ضم کند — قطرۂ از خون جگر کم کند
ہر کہ سخن را بسخن باز بست — معجزہ گر نیست کرامات ہست

میری مراد صرف ظاہری اتحاد نہیں ہے، اس لئے کہ حق و باطل فراست و حماقت، گوہر و خرمہرہ اگرچہ حقیقت میں ایک دوسرے سے بے حد دور ہیں لیکن قدرے ظاہری مشابہت رکھتے ہیں۔

میرا مدعا اتحاد معنوی ہے اور یہ صورت اتفاق سوا ہمجنس اشیا کے دیگر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

موجودات میں ممکن نہیں ہے۔ اس اتحاد روحانی کی شناخت کرنا ہی بے حد مشکل ہے۔ چہ جائے کہ اس کا اندازہ کرنا جو درحقیقت مشکل ترین کام ہے۔

قبلۂ عالم کو شعرا سے کوئی خاص اُنس نہیں ہے اور حضرت عالم خیال کی بلند پروازیوں کو پسند نہیں فرماتے اور یہی وجہ ہے کہ جہاں پناہ اس طبقے پر خاص توجہ نہیں فرماتے۔ لیکن باوجود اس کے بھی ہزارہا شعرائے نامدار آستانۂ مبارک کے جبہہ فرسا اور بارگاہ عالی کے نمک خوار ہیں۔

ان شعرائے دربار میں اکثر نازک خیال ایسے ہیں جو صاحب دیوان و مثنوی ہو چکے ہیں۔

خاکسار مولف چند بہترین شعرائے عہد کے اسما اور اُن کے مختصر حالات ہدیۂ ناظرین کرتا ہے۔

(۱) شیخ ابوالفیض فیضی

یہ نامور شاعر فطرتاً خوش مزاج، ہمہ دوست، ہوشیار و سحر خیز تھا۔ قبلۂ عالم کا خاص ارادتمند و صلح کُل تھا۔

جہاں پناہ نے شیخ کے کمالات کا اندازہ فرما کے اُس کو ملک الشعرا کا خطاب عطا فرمایا۔ علامہ موصوف نے چالیس سال تک فیضی تخلص کیا اور اس مدت کے بعد الہامی بشارت کے مطابق بجائے فیضی کے اپنا تخلص فیاضی اختیار کیا، چنانچہ خود مثنوی نل دمن میں لکھتا ہے۔

زیں پیش کہ سکہ ام سخن بود — فیضی رقمِ نگین من بود
اکنوں کہ شدم بعشق مرتاض — فیاض ضمیم از محیطِ فیاض

ابوالفیض کی بہترین عادات نے اُس کے فضل و کمال پر چار چاند لگا دیے۔

شیخ فیضی مختلف علوم و فنون کا بہترین ماہر اور بے شمار فارسی و عربی تصنیفات کا مصنف ہے۔ علامہ موصوف کی تصانیف میں ایک کتاب سواطع الالہام ہے جو عربی زبان میں قرآن پاک کی بے نقط تفسیر ہے۔ اس کتاب کا مادۂ تاریخ سورۂ اخلاص ہے۔

اس باکمال کا عقیدہ تھا کہ دولت کی کثرت عزت کی دایہ اور قسمت کی گردش

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نشاط و مسرت کا پیرایہ ہے۔ اس کے گھر کا دروازہ دوست و دشمن عزیز و بیگانہ سب کے لئے کھلا ہوا تھا۔ اور اس کا مکان غربا کا ملجا و ماوا تھا۔

اپنی طبیعت کی دشوار پسندی کی وجہ سے علامہ موصوف اپنی تصانیف عوام پر ظاہر نہ کرتا تھا۔ اس عالی ہمت شیخ نے نہ کبھی دست سوال دراز کیا اور نہ کسی صلہ و انعام کا خواہشمند ہوا۔

فیضی نے کبھی اپنے کمالات پر نظر نہیں کی اور باوجود یکہ یہ شخص عقل مجسم تھا لیکن نہ شعر گوئی پر زیادہ توجہ کی اور نہ خیال پرستوں کی ہمنشینی میں اپنی اوقات بسر کی۔

فن حکمت کی کتابوں کا اکثر مطالعہ کرتا اور اس طرح آنکھوں کی راہ سے دل کو روحانی غذا پہنچاتا تھا۔ فن طب کو بخوبی تحصیل کیا تھا اور غربا کا علاج کرتا تھا۔)

(فن شاعری میں اس کا کلام یادگار زمانہ ہے) اگر زمانے نے مہلت دی اور دل کو دنیاوی کاروبار سے وابستگی پیدا ہوئی تو اس یکتائے روزگار شاعر کے کلام کو منتخب کر کے دوستوں کے اصول کے مطابق اس پر دشمن کی نگاہ سے تنقید کروں گا۔

مولف کو برادرانہ محبت اب راہ تنقید پر قدم فرسائی نہیں کرنے دیتی اور اس لئے اس وقت محبت سے مجبور ہو کر علامہ موصوف کے چند اشعار بطور نمونہ ناظرین کے سامنے پیش کرتا ہے۔

قصاید

یا ازلی الظہور یا ابدی الخفا — نورِ تو بینش گدا از حسن تو دانش گدا

فکر تو اندیشہ گاہ کنہِ تو حیرت فزا — ملت علمِ ترا ہست بفتوائے قدس

خون تفکر بہ در خاک تعقل بہا — بر درت اندیشہ را شحنۂ حیرت زند

لطمۂ حیرت بروئے سیلیِ جہل از قفا — راہ کمال ترا حرف و لفظ ریگ داشت

عالم علم ترا شہر سخن روستا — پائے نہ تا سر کنم ایں رہ دانا فریب

زہرہ نہ تا بوسم ایں مئے دانش زدا

اوحدِ تقدیس تست پاک ز ریحِ قلم — در خورِ اکسیر نیست جوہرِ اقلیمیا
شہرِ جلال ترا طالب بس کوچہ گرد — ایں نظرِ پیش بیں ایں خرد پیشوا
دانش و بینش ہم یک بہ یک آمیختن — ایجدِ عشق ترا ہست سخنتیں ہجا
انچہ طراز و زباں انچہ نگار و قلم — آں ہمہ حرف و غلل ویں ہمہ نقشِ ہبا
مبتدی و منتہی گرم ہوایت دلے — مبتدیاں ہر زہ گرد منتہیاں ژاژ خا
نیست دماغِ تہی از سرِ سودائے تو — مغز خلاطوں بسوخت از تفِ ماخولیا
بیجگری ہیچ من کے رسد آں جا کہ شد — غیرتِ تو دشمناں بر جگرِ او لیا
لطفِ تو خواہم شود تنقیہ بخشِ دماغ — ورنہ شود عاقبت فطرتِ من مانیا
برہنہ پا گرد راہ در رہِ اجلالِ تو — موزۂ کیخت نیست جز دہنِ اژدہا
گنجِ ترا نہ خلد نیم کفے از عیار — خوانِ ترا ہفت بحر یک قدحِ شوربا
سر بہ زمیں در زدن بر دو داشتن — نے بطریقت درست نے بحقیقت روا
معدۂ آزمرا غالیۂ جوعِ کلب — وز ہمہ بقراط عشق گفت مرا احسنا

وله

اے نقدِ اصل و فرع نہ دانم چہ گوہری — کز آسماں بزرگ تر از خاک کمتری
دل بدکن کہ تیز کنی چار عنصری — خود بیں مشو کہ آئینۂ ہفت کشوری
بنیانِ تست مشغلہ نقشِ علو و سفل — خواہ آسمان و خواہ زمیں شو محقری
پوشیدہ چہرگانِ فلک بر تو خستہ اند — دانا فریبِ لعبتِ ایں ہفت پیکری
ہاں نقدِ خود بسنج کہ میزانِ اعدلی — آں خاک خود بہ بیر کہ اکسیرِ اکبری
قیمت شناسِ گوہرِ خود باش کاسماں — نورتر است از پیِ سیارۂ مشتری
از عقلِ سرکش کہ مشیرِ لیت و لعل تن — بر و ہم دل منہ کہ سفیہے ست مفتری
با خود چہ دشمنی ست ترا کز کمالِ نقص — دل را نزار کردہ زباں را بہ پروری
خون ہاست از تو در دلِ ایام کز نفاق — در قولِ موسیائی و در فعلِ مشتری
شرمندہ باش در نظرِ خود کہ خویش را — میزانِ کل لقب نہی و حشوِ دفتری
ایں ست اگر طلسمِ وجودِ عزیزِ تو — معدوم شو کہ چشمِ جہاں را مکدری
اے بے خبر ز سود و زیاں ایں چہ غفلت ست — کاقبال می فروشی و ادبار می خری

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

گر همتت تو باش کشاید بعید گاه — عنقا توانی از پر عصفور شکری
غره مشو که شخص جهان را میان توئی — دانی ستوده اند میان را به لاغری
شرم از سلوک بر نه پایان شوق دار — چون بر جنازه راه بری گام نشمری
خواهی بسیر معنی ایثار در رسی — با خود هلا هلی کن و با غیر شکری
با ابر و کشاده بلا را پذیره شو — معبود را اگر بعبودیت اندری
بر آستان صدق بدرویشی آورد — درویشی که خسته زند بر تو نگری
نه آنکه خود بگوشهٔ عزلت فرو شوی — عزمت کند بمشرق و مغرب گذاوری
پاس نظر بدار که این دزد تیز دست — گوهر ز دور می برد از دست جوهری
در شاهراه قافله تاراج می کنند — آنانکه داشتند بکف شمع رهبری
جان پدر ستارهٔ طالع بکام تو — پیوستگی رود بفلک را برادری
بینندهٔ نیست ورنه برآرم نفس نفس — از چاک سینه آئینه های سکندری
هندوستان عالم دل را امین رسید — آداب بت پرستی و آئین بت گری
این نقش کارنامهٔ یونان خاطر است — بر خوانش سر بسر که نه حرفیست سرسری

یونان غرق گشته بر آمد ز قعر هند
تو همچنان فتادهٔ در چاه معقری

واله

حریف خلوت من عقل ذوفنون منست — صریر کلک من آواز ارغنون منست
اگر بچهرهٔ علمم نقاب بردارند — یقین نتهیان اولین مظنون منست
وگر ز دیدهٔ عقلم حجاب برگیرند — معارف علما نشأ جنون منست
عجب که حوصلهٔ روزگار بر تابد — اگر بدل فگنم آنچه در درون منست
باعتدال خرد آن جهان منتظم — که آسمان و زمین جنبش سکون منست
قرابه ام ز رحیق رفیق دهر تهی ست — قوام بادهٔ مدهوشیم ز خون منست

فردتنی ز خسان کے بود تمنایم
بسجده ادبم کلک واژگون منست

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

غزلیات

خیز و دریوزۂ اقبال کُن از حضرتِ ما — کہ کم از ہیچ سپاہی نبود ہمّتِ ما
فتحِ کونین زجولانگہِ ما بوئے کہ ہست — عشق را دوش گراں از علَمِ دولتِ ما
نظرِ فیض چو بر خاک نشیناں فگنم — مور را مغز سلیماں رسد از منّتِ ما
حاجبانِ درِ ما برہنہ تیغ اند ہمہ — آرزو کیست کہ ہنگامہ کند خلوتِ ما
سر فرو بُردہ بجیبِ دو جہانے نگریم — عشق از تارِ نظر یافت مگر کسوتِ ما
دیدۂ ما بتماشائے حقیقت باز است — عقلِ کُل میرمد از کوکبۂ حیرتِ ما

فیضیٔ سادہ ضمیرم اگرت باور نیست
روئے معنی نگر از آئینۂ صورتِ ما

می کشد شعلہ سرے از دلِ صد پارۂ ما — جوشِ آتش بود امروز بفوّارۂ ما
ہر کسے روزِ ازل تختۂ تعلیم گرفت — عشق مشاطگی آموخت ز نظارۂ ما
دیدۂ او بگدازِ جگرِ انباشتہ باد — ہر کہ گوید خبرے از دلِ آوارۂ ما

فیضی از نقدِ جہاں گرچہ تہی دستانیم
کیمیا سازِ بر و رنگ ز رخسارۂ ما

بہ کہ گذارم و نہ تو طرحِ دلِ دگر نہم — چند رفوگری کند صبرِ دلِ دو نیم را

وله

عشق تا پائے بہ خشرد در اندیشۂ ما — ہمہ معشوقِ ترا دوز رگ و ریشۂ ما
از تف بادِ ما پال ملائک بگداخت — وائے آں روز کہ برقے جہد از شیشۂ ما

وله

مرا براہِ محبّت دو مشکل اُفتادست — کہ خوں گرفتہ ام و یار قاتل اُفتادست
مسافران طریقت زمن جدا مشوید — کہ دور بینم چشمم بمنزل افتادست

وله

من بر اہے میروم کانجا قدم ناخوشست — از مقامے حرف می گویم کہ دم ناخوشست

وله

اگرچہ جاں بلبِ تو لبم نزدیکست — دوریودن با دلِ تو نزدیکست

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

وله

دریں دیار گروہے شکر لباں ہستند — کہ بادہ با نمک آمیختند و میستند
بہر زہ شہرۂ عشقت عندلیب آرند — نفس گداختہ مرغاں دریں چمن ہستند

وله

گویند ہمرہان طریقت کہ اے رفیق — آگاہ شو کہ قافلہ ناگاہ می زنند
غافل نیم ز راہ ولے آہ چارہ نیست — زیں رہزناں کہ بر دل آگاہ می زنند
روئے کشادہ باید و پیشانئ فراخ — آنجا کہ لطمہ ہائے ید اللہ می زنند

وله

ساقیاں دست بجام مے بخش کردند — خضر را تشنۂ ایں چشمۂ آتش کردند
ایں چہ مے بود کہ ساقی بقدح ریخت فرو — کہ مسیح و خضر از رشک کشائش کردند

وله

نوشدار وئے محبت را مپرس آخر کہ چیست — سودۂ الماس در زہر ہلاہل می کنند

وله

در چشم ما محیط بہ ساحل برابر ست — آب بقا بزہر ہلاہل برابر ست

وله

فیضی از قافلۂ کعبہ رواں بیروں نیست — ایں قدر ہست کہ از ما قدمے درپیش ست

وله

زہمرہاں یکہ نالم کہ کوتہی کردند — بمیر قافلۂ عشق ہمرہی کردند
ہزار بادیہ زیں ناموافقاں پُر باد — کہ محملِ دلم از بارِ غم تہی کردند

وله

منم کہ نغمہ بگوشم کمال می گیرد — شراب در گلویم اعتدال می گیرد
اگر سرے نہ کشتم سوئے بیخودی چہ کنم — مرا ز ہمدمئ خود ملال می گیرد

وله

مپرس اہل نظر چوں بعرش می پویند — کہ پا بکنگرۂ دل نہادہ برجستند
عملا زنند تماشائیانِ عالم را — بشہر حسن کہ آئینِ خون مالستند

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آنانکہ در وجود و عدم در نہ بستہ اند
طرفے ز راحتِ دو جہاں بر نہ بستہ اند

وله

بکشا طلسمِ گنج کہ کاساگہانِ بخت
اقبال را بسلسلۂ زر نہ بستہ اند

وله

سوادِ کلکِ مرا آفتاب می داند
کہ بودہ ام بہ بیاضِ سحر مسودہ را

وله

بصبرِ طاقت او کیست در جہانِ فیضی
کسے کہ از سرِ کویش دوبارہ می گردد

وله

طاقت از مجلسِ ما بیرون نست
چوں بیائی دلِ خرسند بیا

وله

بگذر از عشق کہ ایں کار بسامان نشود
آسمان تابع و معشوق بفرمان نشود

وله

بیا کہ روئے بمحرابِ گاہِ نور نہیم
بنائے کعبۂ دیگر ز سنگِ طور نہیم
خطیم کعبہ شکست و اساس قبلہ بریخت
بتازہ طرح یکے قصرِ بے قصور نہیم

وله

کو عشق کہ ز نجیرِ درِ کعبہ گدازیم
وز بہرِ پرستش صنمے چند بسازیم
ویں کعبہ کہ حجاج برافراختہ آنرا
انداختہ چوں دیر اساسش بفرازیم

وله

تا چند دل بعشوۂ خوباں گرو کنم
ایں دل بسوزم و دل دیگر ز نو کنم
فیضی کنم تہی ورہ عاشقی بہ پیش
دیوان خود بگردبد و عالم گرو کنم

وله

بلامت بر زلیخا چوں پسندم وہ چہ خوش بودے
بجائے کف بریدے گر زبانِ طعنِ بدگویاں

وله

ناشکریٔ عشق چوں تواں کرد
غم بر سرِ غم فزود مارا

وله

حیران خونسازیٔ عشقم کہ چناں ست
از دیدہ در دل آید و در سینہ نگنجد

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

وله

بگریز کہ دوران فلک عربدہ خیزست
آئین حریفاں ہمہ کژ دار و مریزاست

آں نیست کہ من ہمنفساں را بگزارم
با آبلہ پایاں بکنم قافلہ تیزاست

وله

امشب خبرِ ما نگرفتی و گذشتی
فیض از نظرِ ما نہ گرفتی و گذشتی

آبے کہ بسرسبزیٔ ریحانِ تو شاید
از چشمِ ترِ ما نگرفتی و گذشتی

وله

در دشتِ آرزو نہ لبِ تشنہ دام و دد
راہیست اینکہ ہم ز تو خیزد بلائے تو

اے عشق رخصتیست کہ از دوش آسماں
بر دوشِ خود نہم علمِ کبریائے تو

وله

فیضی من آں بلند نگاہم کہ روزگار
پیوستہ یافت سامد فکرم لباسِ عرش

آویختند اگر ز درِ کعبہ نقشِ غیر
آویختم حدیثِ خود از پیشِ طاقِ عرش

وله

ساقی دوراں گزار عربدہ سازی
ساغرِ مے دہ بہ دورِ اکبرِ غازی

نے مے دانش ربا کہ مخمشاں را
ہمچو سپہر آورد بہ سفلہ نوازی

نے مے بدخو کہ دردِ باغِ رعونت
یادِ تہور دہد بمعرکہ تازی

نے مے بیباکیٔ دل کہ بر خورد آرد
ترکِ ہوس را ہوائے دست درازی

نے مے آتش منش کہ در صفِ مستاں
شہرہ بود گریش تیشہ گذاری

زاں مے یکرنگ کز تصرفِ باطن
توبہ دہد چرخ را ز شعبدہ بازی

زاں مے صافی کہ عاکفانِ صوامع
خرقۂ تن را ز ہو کنند نمازی

زاں مے روشن نظر کہ باز نماید
راہِ حقیقت بعاشقانِ مجازی

زاں مے دریا گہر کہ پاک بشوید
از دلِ عارف خیالِ نقش طرازی

وله

وله

ببارگاہ قیامت کہ ماجرا بخشند
گناہِ کعبہ بخاکِ کلیسیا بخشند

بنگر تہائے ہمت فیضی کہ قدسیاں
پیوند کردہ اند ز افلاک دامنش

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

وله

عجب تر از دلِ فیضی ندیده ایم طلسم — که هم گهر دو بود و هم محیط و هم غواص

وله

انچه بفیضی نظرِ دوست کرد — مشکل اگر دشمنِ جانی کند

وله

رهِ نوردانِ طلب زنده بمحمل نرسند — تا نمیرند درین بحر بساحل نرسند
ناقهٔ شوق دریں بادیه جنبان فیضی — تا نه کوکه منزل طلبان در جرسِ دل نرسند

وله

خاک بیزانِ رهِ فقر بجائے نروند — گوئی ایں طائفه ایں جا گهرے یافته اند

وله

در ازل چند نظر آئینه ساز آورده اند — تا دل و دیدهٔ ما را بگداز آورده اند
چه کشمکشها ست که در زلفِ بتاں تعبیه شد — کز حقیقت دو جهاں رو بمجاز آورده اند
گر دلے گم شود از حلقهٔ عشاق مپرس — هر چه بُرده ند ازیں قافله باز آورده اند

وله

از شکیبائی نه دستم از گریباں کوته است — پاره شد آں گونه کاں را با زنخواں پاره کرد

وله

گر نه لیلی هوسِ همرهیِ مجنون داشت — ناقه را پیهده در راه گرانبار چه کرد
آنکه سیکرد مرا میغ پرستیدنِ بت — در حرم رفته طوافِ در و دیوار چه کرد
عشق صبر و خرد و هوش ز فیضی ببرد — دزد دیده بیں که با آں قافله سالار چه کرد

وله

عشق در بادیه از ریگ روان آئیں بست — که بسودا کدهٔ یارِ چنیں آمده بود

وله

جز بدیں شب عید پیر مصطبه را — که رواست میکنم امشب قصوریِ شه را
بگیر محضرِ دیوانِ فیضی و بنگر — سخن طرازیِ رند هزار خدمه را

وله

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

شدیم خاک ولیکن ببوئے تربیتِ ما
تواں شناخت کزیں خاک مردمی خیزد
تواں شناخت ز آغاز فیضی انجامش
کہ فرد رفت ز کونین و نسردمی خیزد

واله

کعبہ را ویراں مکن اے عشق کانجا یک نفس
گہ گہے پس ماندگان راہ منزل می کنند

قطعہ

قسمت نگر کہ در خورِ ہر جوہرے عطاست
آئینہ با سکندر و با کیسر آفتاب
او می کند معائنۂ خود در آئینہ
ایں می کند مشاہدۂ حق در آفتاب

رباعیات

شاہی کہ بعقل ذوفنوں خواہیش
در راہِ خدائے رہنموں خواہیش
ہر چند کہ سایۂ خدایند شہاں
او نور خدا ست سایہ چوں خواہیش

دیگر

خواہی کہ چو من راہ ہدیٰ بشناسی
نشناختہ شاہ را کجا بشناسی
ایں سجدۂ ناقبول سودت ندہد
اکبر بشناس تا خدا بشناسی

دیگر

از عالمِ غیب آشنائی نرسید
وز قافلۂ صدم ندائی نرسید
گردوں بجز ہفت ہوش ازوی ہم
باایں ہمہ ہر بامداد صدائی نرسید

دیگر

در انجمنِ ادب خموشاں باشند
در پردۂ راز پردہ پوشاں باشند
در کوچۂ عشق چوں رسی گرد مکن
کایں جا ہمہ تو تیا فروشاں باشند

دیگر

مستان الٰہی کہ دمِ خوش زدہ اند
بے جام و سبو شراب بے غش زدہ اند
آرائشِ علم و فضل از ایشاں مطلب
کیں طائفہ در کتاب آتش زدہ اند

دیگر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

فیضی قدمِ چند ز خود برتر نہ
از خود بدر آ و رختِ خود بر در نہ
بر خویش درِ دو لختۂ دیدہ ببند
وانگاہ دو صد قفل ز مژگاں بر نہ

دیگر

فیضی دمِ پیریست قدم دیدہ بنہ
پا از مژہ می نہی لپ دیدہ ببنہ
از عینکِ شیشہ ہیچ نکشاید ہیچ
لختے بتراش از دل و بر دیدہ ببنہ

دیگر

بادیست نفس ز سنبلستانِ سخن
واں باد کشیدہ تختِ سلطانِ سخن
مائیم بر اں تختِ سلیمان سخن
از مالشنو زبان مرغانِ سخن

دیگر

عاشق کہ غمِ از جانِ خرابش نرود
تا جاں بود از تن تب و تابش نرود
خاصیتِ سیماب بود عاشق را
تا کشتہ نگردد اضطرابش نرود

دیگر

فیضی بکشا گوشِ دل و دیدۂ ہوش
از کارِ جہاں دور کن ایں دیدہ و گوش
نیرنگِ زمانہ بنگر و لب بربند
افسانۂ دہر بشنو و چشم بپوش

دیگر

بر ما چہ زیاں اگر صفِ اعدا زد
مشتے خاشاکِ لطمہ بر دریا زد
ما تیغ بر ہنہ ایم در دستِ قضا
شد کشتہ کسے کہ نوبتش را بر ما زد

دیگر

امروز بدہر دُردی و صافِ منم
ہم دوزخ و ہم خلد و ہم اعرافِ منم
اعجوبہ تر از من نہ بود و نبود العجب
دریا منم و گوہرِ من دُرِّ منم

دیگر

زاں پیش کہ کردند شمارِ من و تو
پُر دند ز دست اختیارِ من و تو
فارغ بنشیں کہ کارساز دو جہاں
پیش از من و تو ساختہ کارِ من و تو

(۲) **خواجہ حسین ثنائی مشہدی**۔ یہ نامور شاعر پیشتر قاضیٔ شہر تھا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اس کے بعد شاعری کے میدان میں آیا اور مشہور آفاق ہوا۔ یہ فطرتاً نیک و سادہ مزاج تھا۔ اس کے چند اشعار حسب ذیل ہیں۔)

صبح روشن دلان بیان منست — صبح تیغ سخن زبان منست
ظاہرست از سخن کہ روح قدس — دایۂ مریم بیان منست
لبکہ معنی دقیقہ گرد مرا — نقطۂ کلک من جہان منست
قصہ کوتہ دریں سرائے سپنج — سخنست و سخن از آن منست
کس بحشر نگیرد دم دامن — جز ہوس ہا کہ در گمان منست

وله

در روش حسن و ناز ہست بسے خوشنما — غمزۂ لطف و ستم عشوہ و رنگ و جفا
آں بت بیگانہ را گر شوم آئینہ دار — نایدش اندر نظر صورت خویش آشنا
گر بمثل جا کنی در پس آئینہ شخص — بیند تمثال خویش یافتہ رو از قفا
آب خور و گر بفرض خوشہ ز بیان تو — دانہ دگر نشکند در دہن آسیا

وله

احباب را بلذت درمان برآورد — درویشے کہ یاد ہمدمئ دوستاں دہد
من صید دل نہادہ بمرگ ولاغری — صیاد از برائے گریزم اماں دہد

وله

دوستاں یاد دوستاں گر نا قیامت خفتہ اند — از نسیم صبحدم آثار بیکاں دیدہ اند

وله

کلکت چو رقم بہ کیں نویسد — صد فتنہ بہر کمیں نویسد
دشنام دہی تو و بر آں لب — روح القدس آفریں نویسد
بر روئے تو اوّلیں نگہ را — دل دیدۂ واپسیں نویسد
عہد تو خراج شادمانی — بر جان و دل غمیں نویسد

وله

اے اہل ہوش وقت گریباں دریدنست — دست مرا بسوئے گریباں کہ می برد

وله

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

قاصدِ شوق دگر قطرہ زناں می آید
کہ بدل شوقِ کسے از پئے جاں می آید

شرطِ عشق ست کہ ہم باز بدل نسپارند
سخنِ دوست کہ از دل بزباں می آید

وله

مرا بہ بتکدہ جو، چوں پیم بکعبہ بری
کہ بازگوں زدہ فعلم سراغ من غلطست

وله

در حوصلۂ نہ فلک از عشق گنجید
ہر ذرہ کہ از خاکِ ثنائی بہوا رفت

وله

چو مہرِ فلک دیر گردیدۂ
چو خواب آشنا روی ہر دیدۂ

(۳) حُزنی اصفہانی - یہ شخص عقلیات کا شیدائی اور فلسفیانہ خیالات کا ظریفتہ تھا۔ قدیم شاعری کا ماہر تھا۔ کلام کا نمونہ ہدیۂ ناظرین ہے۔ یہ شاعر فطرتاً آزاد منش و نیک ذات تھا اور مہر پروری کے آثار اس کی پیشانی پر نمایاں و درخشاں تھے۔

گر دِل گردم و بینم کہ در و جانی ہست
غم معاذ اللہ اگر نیست تمنائی ہست

در چمن بود زلیخا و بحسرت میگفت
یاد از ندماں کہ در و انجمن آرائی ہست

نا امیدم ز تو، آما بہ محبت چہ کنم
کہ میانِ من و او رسمِ تقاضائی ہست

وله

جبریل پر شکستۂ راہِ محبت ست
ایں قاصدے بہیچ صبائی نمی رسد

وله

گر ایا ز ایں جا وگر محمودِ کارش بندگیست
عشق از یک رشتہ پائے بندہ و آزادیست

وله

ز گرمیِ جگرم دوش چشم بر میسوخت
چراغ دیدہ براہِ تو تا سحر میسوخت

شد از تصرفِ حسن تو آنزماں خبرم
کہ شعلہ در جگر افتاد و بخبر میسوخت

وله

مرا بر سادہ لوحہائے حزنی خندہ می آید
کہ عاشق کشتہ و چشمِ وفا از یار ہم دارد

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

وله	
مکن کرشمہ کہ آں تشنہ لب گیاہ ضعیفم	کہ تابِ جلوۂ جانسوزِ آفتاب ندارم
وله	
آہ ازاں سرکش کہ گر خود را بہ آتش میزنم	غیر ازیں حزنی نمیگوید کہ حزنی دوزخیست
وله	
شنیدم حزنی از قیدش خلاصی آرزو دارد	تو بیدردی برو قدرِ گرفتاری چہ میدانی
وله	
حزنی سادہ دل امروز چو ہر روزِ دگر	بسخنہائے دروغ تو تسلّی شدہ رفت

(۳۳) **قاسم کاہی عرف میاں کالی** - یہ شاعر علومِ نروحیہ سے قدرے واقف و آگاہ اور فطرتاً خوش مزاج بہنسکھ و قناعت پسند تھا - امرا و دولتمند افراد کی خدمت میں بہت کم حاضر ہوتا - اس کی وارستہ مزاجی سے چند کم مرتبہ افراد اس کے گرد جمع ہو گئے تھے، جس کی وجہ سے ظاہر بیں طبقے نے اُس کو ہدفِ ملامت بنایا اپنی آزاد پسند طبیعت و نیز قبلۂ عالم کی توجہ سے جہاں پناہ کے ارادتمند حلقے میں داخل تھا اور اکثر آیندہ واقعات کی بابت پیشین گوئی کیا کرتا تھا اس کے کلام کا انتخاب مندرجۂ ذیل ہے -

کوتاہ ہمتے کہ پئے حاصل دو کون	دست طمع بحضرتِ ہیچوں کسے دراز
وله	
زخضر عمر فزونست عشقبازاں را	اگر ز عمر شمارند روزِ ہجراں را
وله	
چوں سایہ ہمرہیم بہر سو رواں شوی	شاید کہ رفتہ رفتہ بما مہرباں شوی
وله	
تا بفیلاں میل دیدم دلستانِ خویش را	صرفِ راہِ فیل کردم نقدِ جانِ خویش را
خاک بر سر میکنم چوں فیل ہر جا می رسم	گر نہ بینم بر سرِ خود فیلبانِ خویش را
شاہ فیل افگن جلال الدین محمد اکبرست	آنکہ بخشد فیلِ زرّیں شاعرانِ خویش را

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

وله

اے آنکہ زبانت بمعارف گویاست — ہر دم دلت از نورِ یقیں پردہ کشاست
فکرے نکنی کز اں پشیماں گردی — حرفی نہ زنی کہ عذرِ آں باید خواست

(۵) **غزالی مشہدی** - یہ شاعر شیریں زبان اور بلند پروازی میں یکتائے روزگار تھا اور فنِ تصوّف کے حقائق کا بہترین ماہر تھا۔ اس کے کلام کا نمونہ یہ ہے۔)

شوریدہ شدہ از خوابِ عدم دیدہ کشودیم — دیدیم کہ باقیست شبِ فتنہ غنودیم

وله

حسن شہرت عشق رسوائی تقاضا می کند — جرمِ معشوق و گناہِ عاشقِ بیچارہ چیست

وله

چوں ردّہ قبولِ ہمہ در پردۂ غیب است — زنہار کسے آں نہ کنی عیب کہ عیب است

وله

اے غزالی گریزم از یارے — کہ اگر بد کنم نگو گوید
من و آں سادہ دل کہ عیبِ مرا — ہمچو آئینہ روبرو گوید

وله

در عشق نہ جاہ و نے حسب می باید — نے علم و نہ فضل و نے نسب می باید
ایں واقعہ را کسے عجب می باید — معشوق غیور ست ادب می باید

وله

سلطاں گوید کہ نقدِ گنجینۂ من — صوفی گوید کہ دلق پشمینۂ من
عاشق گوید کہ داغِ دیرینۂ من — من دانم و دل کہ چیست در سینۂ من

وله

در کعبہ اگر دل سوئے غیر ست ترا — طاعت عصیان و کعبہ دیر ست ترا
در دل بحق ست و ساکنِ میکدۂ — مے نوش کہ عاقبت بخیر ست ترا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۶) عرفی شیرازی۔ شائستگی اس کی گفتگو سے اور متانت و سنجیدگی اس کے کلام سے نمایاں ہے۔ خود بینی نے اس ہونہار نوجوان کو تباہ و برباد کر دیا جس کی یاد میں اس کے کمال کا غنچہ بلا کھلے ہوئے مرجھا گیا۔ اس کے چند اشعار مندرجۂ ذیل ہیں۔

ہر دل کہ پریشاں شود از نالۂ بلبل — در دامنش آویز کہ باوے خبرے ہست

وله

حسد بہ تہمتِ آزادی مردم بگداخت — کیں مرا دیست کہ بر تہمتِ آنہم حسدست

وله

کسے کہ محرمِ بادِ صبا بست می داند — کہ باوجودِ خزاں بوئے یاسمن باقیست

وله

طاقتِ مرہم ندارد سینۂ افگار ما — سایۂ گل بر نتابد بر گوشۂ دستار ما

وله

مدارِ صحبتِ ما بر حدیثِ زیبائی است — کہ اہلِ ہوش عوام اند و گفتگو عزمی ست

قدم بروں منہ از جہل یا فلاطوں شو — کہ در میانہ گزینی سراب و تشنہ لبی ست

وله

مگو کہ نغمہ سرایانِ عشق خاموشند — کہ نغمہ نازک و اصحاب پنبہ در گوش اند

وله

ہر چند دست و پا زدم آشفتہ تر شوم — ساکن شدم میانۂ دریا کنار رشد

وله

امید ہست کہ بیگانگیِ عرفی را — بدوستیِ سخنہائے آشنا بخشد

وله

قابلِ رنجِ محبت کس نیاید در وجود — رنگ روئے خویش را ہر کس بدستانے نشکست

وله

چناں بانیک و بد عرفی بسر کن کز پسِ مردن — مسلمانت بزمزم شوید و ہندو بسوزانند

وله

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

خواہی کہ عیبہائے تو روشن شود ترا
یک دم منافقانہ نشیں در کمین خویش

وله

وقتِ عرفی خوش کہ نکشود و نچوں در برخویش
بر در نکشودہ ساکن شد در دیگر نہ زد

وله

انتظارِ تو بہار از تنگ چشمی ہائے ماست
ورنہ صد ذوقیست در گلخن کہ در گلزار نیست

وله

دلم چو رنگِ زلیخا شکست در خلوت
غمم چو تہمتِ یوسف دوید در بازار

وله

روزے کہ معاملان ہر فن طلبند
حسنِ عمل از شیخ و برہمن طلبند
آنہا کہ در دودۂ جوئے نستانند
دانہا کہ نکشتہ بخرمن طلبند

وله

اے از بد و نیک آمدہ در جوش و خروش
گہ شکر طرازی و گہے شکوہ فروش
مختار مشو تا نشدی بیہدہ کوش
کاہِ رہ باد باش بار سر دوش

وله

عرفی دل خود را بچہ خوش داشتہ
گر ایں دو سہ بیت ست کہ بگذاشتہ
بگذاشتہ ہم از تو دریں نشأ جدا ست
برداشتہ باید ست چہ برداشتہ

(۷) **میلی ہروی ہراتی** - اس کا اصل نام میرزا قلی ہے - یہ شخص قوم کا ترک ہے اور اس نے ہمیشہ عیش پسند افراد کے مجمع میں زندگی بسر کی - اس کے کلام کا نمونہ حسب ذیل ہے -

شدم تا شہرہ در عشقت گریزم ہر کرا بینم
کہ می ترسم بتقریب من آئی در خیالِ او

وله

میرم و بر زندگانم رشک می آید کہ تو
خوب آں بیدادہا داری کہ با ما کردۂ

وله

ز دیدن تو دلم یافت لذتے کہ فلک
نعوذ باللہ اگر فکرِ انتقام کند

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نہ آشنا و نہ بیگانہ نمیدانم — کہ اختلاط چنیں را کسے چہ نام کند

وله

دانستہ کہ مہر تو با جان نمیرود — کز خاک کشتگان گذری سرگران ہنوز

وله

چوں کنی دور رم نگاہے کن کہ بہر احتیاط — رشتہ می بندند بر پای مرغ دست آموز را

وله

دم آخرست دشمن بمنش گذار یکدم — کہ بصد ہزار حسرت بتو می گذارم اورا

وله

قرار و صبر بخود داده ام باز ماندم ازو — بدیں امید کہ تن در دہم بتنہائی
فراق می کشدم ہر زمان و میگوید — سزائے آنکہ کنند تکیہ بر شکیبائی

وله

چہ احتیاج سوالست خلق عہد ترا — کہ ہر گدا شدہ قارون ز کثرت زر و مال
دلے تو با طلب سائلاں خوشی چنداں — کہ بر سبیل خوشامد کنند از تو سوال

(۸) **جعفر بیگ قزوینی**۔ یہ شاعر بیحد عالی فہم ہے۔ تاریخ سے فی الجملہ واقفیت رکھتا ہے اور قدیم افسانے بیحد خوبی کے ساتھ بیان کرتا ہے۔ فن حساب سے اس کو خاص مناسبت ہے

از صبا در رشکم امّا دل بدین خوش میکنم — کیں گلستانست خوباں در بر و بادست

وله

شہر گیتائش غمہائے دل ما چو نداشت — آفرینندہ برائے دل ما صحرا را

وله

آمادہ گشتام دگر امشب نظارہ را — پیوند کردہ ام جگر پارہ پارہ را

وله

نقص در دوستی ماست کہ او دشمن ماست — آں محبت بچہ ارزد کہ سرایت نکند

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

وله

بایں بیگانہ خویاں خویشئ دل — عجب دارم زدور اندیشئ دل

وله

رسید و مضطربم کرد و آنقدر نہ نشست — کہ آشنائے دل خود کنم تسلی را

وله

مرا کہ محض گناہم ز انتقام مترساں — دلیر بر گنہم ذوقِ انتقامِ تو دارد

وله

اے عیشِ خوش کہ بیسر و بن رہنمادہ — یک لحظہ باش تا غمِ او را بخصر کنم

وله

جعفر امروز ببزمِ تو بعجز آمد — کہ دلِ سنگ بداں وضع غریبانہ نسوخت

وله

ہر کس کہ شبے نشست با تو — بسیار بروز ما نشیند
جز حضرہ کوئے یار دانست — مشکل کہ دگر ز پا نشیند

وله

در بادِ صبا بوئے کسے ہست کہ یعقوب — چشمے کہ ندارد ز پئے قافلہ دارد

وله

گلستاں را گلے از تو شگفت ست — کہ امشب تا سحر بلبل نخفت ست

(۹) **خواجہ حسین مروی**۔ یہ شخص پسندیدہ صفات کا جامع تھا اور ہمیشہ اپنی مدح سرائی کو اعلیٰ قیمت پر فروخت کرتا تھا حضرت جنت آشیانی کا ہمنشین تھا اور قبلۂ عالم کے دربار کا بھی معزز رکن رہا۔

آنم کہ ممالکِ سخن ملک من ست — صرّافِ سخن صیرفیٔ سلک من ست
دیباچۂ کن ز دفترِ من ورقی ست — اسرار دو کون بر سرِ کلک من ست

(۱۰) **حیاتی گیلانی**۔ معانی کے سمندر سے بے شمار چشمے نکل کر اس کے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مکان سے ہو کر گذرے۔ راستی و نیک کرداری کے آثار اس کی پیشانی سے ہویدا ہیں۔ اور نیک بختی و صداقت اس کے ضمیر میں داخل ہے۔ یہ شخص شاعروں کے عیوب سے قطعاً پاک و صاف ہے۔

هر سخن که کنی خویش را نگهبان باش — ز گفتنی که دلے نشگفد پشیمان باش
چه بالِ مرغ که گر شغلِ روزگار این ست — ز مور نیز قدم دام کن گریزان باش

واله

مریضِ عشق بدر دِ چنان گرفتارست، — که آرزوئے مداواش هم زبان دارد

واله

هر چیز که بینی ز دهے رهزنِ شخصے ست — من کس نشناسم که گرفتار نباشد

واله

کوئے عشق ست این سر بازار نیست — لب به بند این جا زبان درکار نیست
در میانِ کافران هم بوده ام — یک کمر شائستهٔ زنّار نیست
از هوس اهلِ هوس خصم همند — دوستی را هیچکس اغیار نیست

واله

هر آن خارے که در راهِ تو کارند — ز آبِ روئے خندان تازه گردان
نفس در خود کش و ریشِ دروں را — بزهر آلود پیکاں تازه گردان

واله

دارد هوسم باز بهر کارم و رنگے — در خانه بپوئے و ببازار برنگے
دانی چه کسم و ز همگاں نام چه دارم — شوریدهٔ غارے و برآشفتهٔ سنگے

واله

از بسکه رفو زدیم شد چاک — این سینه همه بادِ فتن رفت

واله

می میرم و میکشم جفا را — شاید که لبے برم وفا را
بیمارهٔ وصل چون توان بست — در حقّه کنی مگر صبا را

واله

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ایں سبزہ و ایں صحرا بوئے ز جنوں دارد
دیوانگی و مستی امروز شگوں دارد

وله

یا دردِ طلب غمِ فزوں می باید
با خواہش یافت دیدۂ خوں می باید
سرمایۂ ایں کار نہ آنست و نہ ایں
یا عقلِ تمام یا جنوں می باید

وله

نے سر بتر یایم و نے پا بگوم
نے در غمِ کہنہ و نہ بندِ نوم

وله

گر بلبلِ نالاں نیم ایں ہم ہنرست
پروانہ ام و بشعلۂ در گرزوم

وله

من دردِ دلِ شبانِ تاریخویشم
من آفتِ روزگارِ مغولیشم
باشد کہ یکے قدم بخود باز آیم
دیریست کہ تا در انتظارِ خویشم

(۱۱) **شیکیبی اصفہانی** - اس کا ذوقِ سخن نہایت عمدہ اور کلام حلاوت انگیز ہے۔ یہ فاضل علم واقعہ نگاری کا ماہر اور مروجہ علوم سے واقف ہے۔ اپنی خوبیٔ فطرت کی وجہ سے فلسفیانہ عقائد و خیالات کا شیدائی ہے۔

شبہائے ہجر را گر نہ اندیم و زندہ ایم
مارا بسخت جانیٔ خود ایں گمان نبود

وله

در دست متاعم نہ طرب نرخ چہ پرسی
دارم کہ تو نستانی و من ہم نفروشم

وله

ز رشکِ مدعی دادم قرار دوری از بزمست
فریبِ بختِ بد را نام غیرت کردم و رفتم

وله

اے خدا جنس مرا از غیب بازارے بدہ
میفروشم دل بدیدارے خریدارے بدہ

وله

تو گرمِ مہر من و من ز بہرِ دفعِ گزند
نشستہ بر سرِ آتش سپندِ خویشتنم

وله

دل زجاں برکندم و با ریدل از جاں برنخاست — سر زتن دور اوفتد شمشیر اگر یاں برنخاست

وله

امروز کہ جامِ عشرتم لبریز است — در کشتنِ من تیغ تغافل تیز است

وله

ننشستہ بدل کہ پیشِ من بستی — ویران شوایں خانہ کہ دشمن خبر است

وله

از نالۂ مرغ تا قفس گلزار است — آنجا کہ تو در دلی نفس گلزار است
با جلوۂ حسنِ تو ہوس ہم عشقست — آتش چو علم کشید خس گلزار است

وله

خوش آں کہ بریم رہ بسوئے تو ز تو — کو را نہ کنیم جستجوئے تو ز تو
ور جور و جزا کہ دادِ خود دلبستند — حیراں سختیٔ ما ز ما و خوئے تو ز تو

وله

نزدیست جہاں کہ بر دلش باختن ست — تا وی آں بتقش کم ساختن ست
دُنیا بمثل چو کعبتینِ نرد ست — برداشتنش برائے انداختن ست

(۱۳) **انیسی شاملو**۔ اس کا اصل نام یول قلی ہے۔ یہ شخص زندہ دل و خوش کردار ہے۔ مردانگی و راستی اس کے بشرے سے عیاں ہیں۔

بجستجوئے تو شرطست ما غریباں را — کہ آشنا نشود پائے ما بدامنِ ما

وله

سطے می شود ایں رہ بدرخشیدن برقے — با بے بصراں منتظرِ شمع و چراغیم

وله

گر پس از مرگ ہم آسودہ نگردم چہ عجب — محنتِ روز بشب خواب پریشاں آرد

وله

کے بمرگ از سرِ دوعشقت کہ ایں آں تا دو نیست — کز قدح ریز دیروں گر بشکنی پیمانہ را
جاں بگیرد از اجل گر دست یابد مردِ عشق — صاحب عزمیں زموری کے ستاند دانہ را

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

وله

ندارد گلستانِ دہر چوں من نغمہ پرواز ے
دلے می باید از کنجِ قفس دائم نوا کردن

پئے اصلاحِ طالع عمر در کارِ ہنر کردم
بُستادے نیارستم سخن را زیور آکردن

وله

عشق و مقناطیس یکجنس اند کز دل باوکش
تا بعدل حق شد محبت جذب پیکاں کرد و بود

وله

زحالِ من ہمہ کس را خدا آگہ دارد
کہ گُل نخندد و مرغ از نوا نگہ دارد

وله

مرا فروخت محبت و لے ندانستم
کہ مشتری چہ کس ست و بہائے من چیست

وله

آنیسی را نشد از خونِ خود آلودہ دامن خالی
مگر در بزمِ حسرت بادہ از پیمانہ میریزد

وله

من مستِ محبتم شرابم بدہید
در تشنہ فگندہ و آبم ندہید

گر شکوہ کنم دگر عتابم فرمائید
با دوست حدیثِ من چو ابم مدہید

وله

رفتم کہ رو فنا روم گامے چند
برہم زدم از ہستیِ خود دامے چند

بے ہمنفساں بسر بردم روزے چند
بے صبح رسانم بسحر شامے چند

وله

ہاں دل ہاں دل دل ایں چنیں می باشد
دستِ طلب اندر آستیں می باشد

یکبار تو ہم صیدِ مرادے بکف آر
صیاد ہمیشہ در کمیں می باشد

(۱۳) **نظیری نیشاپوری** - یہ شخص اصنافِ سخن سے بخوبی ماہر و قادر الکلام استاد تھا معلوم ہوتا ہے کہ باغِ معانی کا ایک دریچہ اس کے قلب کی جانب کھلا ہوا ہے عالمِ ظاہر میں نیک نہاد ہونے کے علاوہ عالمِ حقیقت کا بھی بہترین نقاش ہے۔

ہر جا خوش ناخوش ست نیکوست
یا شادیِ اوست یا غمِ اوست

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

وله

تو گر بر هم زسودائے دلِ مائی زیاں داری — مرا سرمایہ از سیماء دیں نابود میگردد

وله

گر زیر سایبانِ تقسم را می نہی — جائے بنہ کہ نالہ بگوشش چنین رسد

وله

نوازشے ز کرم می کنی محبت نیست — تواں شناختن از دوستی مدارا را

وله

کمر در خدمتت عمر بست می بینم چہ شد قدم — برہمن می شدم گر ایں قدر زنار می بستم

وله

خونِ ترا چہ قدر نظیری خموش باش — ایں بس کہ دعویٰ از طرفِ قاتل تو نیست

وله

مائیم و بہائے کم خریدار — نقصانِ خویم زیبِ بازار

وله

آنچہ رحم از دل برد تاثیرِ فریاد منست — آنچہ نسیاں آورد خاصیتِ یاد منست

وله

سنگِ آستانم آماجِ شبِ قلادہ خایم — کہ سرِ شکار دارم نہ ہوائے پاسبانی

وله

دلے کہ کعبہ بپیمائی او قسم می خورد — ز فکرِ پیدہ کردم کلیسیائے فرنگ

سرم بادۂ شوقی تو مستی دارد — کہ راہ رفتن خود در اسباع داند لنگ

ہمیں سفینۂ عشق ست جائے آسائش — از و بیروں چو نہی پائے قلزم ست دہنگ

کدام صورت اثرِ نیش در دلت دارد — بمن بگو کہ کنم نالہ در ہماں آہنگ

---

(۱۴) درویش محمد ہراتی۔ یہ شخص قوم کا ترک اور قبیلۂ بیات کا ایک رکن ہے۔ حضرت مخدوم علیہ الرحمۃ والسلام کی زیارت سے مشرف ہوا اور حضرت ممدوح کے فیضِ قدم بوسی سے اس کے قلب کو روشن کر دیا۔ اس نے دنیاوی جاہ و منزلت سے

کنارہ کشی کرکے ستقانی کی خدمت اختیار کی

اساسِ پارسائی را شکستم تا چہ پیش آید — سرِ بازارِ رسوائے نشستم تا چہ پیش آید
بکوئے زاہداں بیہودہ عمرے در بدر گشتم — کنوں رندِ خراباتی و ہستم تا چہ پیش آید
کہے اہلِ عبادت میشمارندم کہے فاسق — بہر طوریکہ میگویند ہستم تا چہ پیش آید

(۱۵) صبیر فی کشمیری۔ اس کا اصل نام شیخ یعقوب ہے۔ فن شاعری سے آگاہ و دیگر علوم و فنون کا بھی فاضل ہے۔ حضرت ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف و حضرت کے فلسفۂ تصوف کا کامل استاد ہے۔ اس بزرگ نے جہاں نوردی کی اور بیشمار اولیاء اللہ کی سعادت زیارت سے مشرف ہوا۔ آخر کار حضرت شیخ حسین خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ کے حلقۂ ارادت میں داخل ہوا اور تعلیمِ طریقت کی تکمیل کے بعد مرشد سے خرقۂ خلافت حاصل کیا۔ اس کے اشعار کا نمونہ حسبِ ذیل ہے۔

ہم ز دل وز دیدہ صبیر و ہم دلِ دیوانہ را — وز دمِ من باخانہ میدہد دود مستانِ خانہ را

وله

ز ضعفِ تن عجب حالیست بیمارِ محبت را — کہ نتواند کشید از ناتوانی بارِ صحبت را

(صبوحی چغتائی۔ اس شخص نے کابل میں نشو و نما پائی۔ ایک مرتبہ حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ کی خوابگاہ میں سو رہا تھا کیا دیکھتا ہے کہ ایک بزرگ نورانی صورت خواب میں اس کے پاس تشریف لائے۔ ان بزرگ کے ہاتھ میں ایک عصا تھا، پیر بزرگ نے صبوحی کو شعر نظم کرنے کا حکم دیا، چونکہ صبوحی اس فن سے مطلق آشنا نہ تھا اُن کے حکم کی تعمیل فی الحال نہ کر سکا اور خواب سے بیدار ہو کر اُس مقام سے اُٹھا اور دوسری جگہ لیٹ کر سو رہا۔ اس مرتبہ پھر وہی بزرگ تشریف لائے اور انھوں نے بار دگر شعر نظم کرنے کا حکم دیا۔ اب صبوحی خواب سے بیدار ہوا، اور اوّل شعر جو اُس نے نظم کیا مندرجۂ ذیل ہے۔

سرشکم رفتہ رفتہ بے تو دریا شد تماشا کن — بیا و کشتیِ چشمم نشین و سیرِ دریا کن

وله

بارِ طوطی روئے وفا دید دلِ محزوں را سوختہ تا پے نبرد بہ کیفیتِ آں مضموں را

وله

حالتِ خویش چہ حاجت کہ بادشرح دہم کہ مرا سوزِ جگر ہست اثر خواہد کرد
ضعف غالب شد و از نالہ فرو ماند دلم دگر از حال من اور اکہ خبر خواہد کرد

(۱۷) مشفقی بخاری

بکویش رفتم و در پائے دل خار شکست آنجا بحمد اللہ کہ تقریبے شد از بہر نشست آنجا

ترشہ ہست در شکرستانی ہست طوطیانش شکر فروش ہمہ
گرانش چو نیکوان دیار جیرہ بندوں کوچہ پوش ہمہ

(۱۸) صالحی۔ اس شخص کا نام محمد میرک ہے اور اپنے کو نظام السلک موسی کی اولاد ظاہر کرتا ہے۔

مرا گو چند بیدردان بزن دستے بدامانش مرا دستے اگر بودے گریباں پارہ می کردم

وله

ا سیاب بلاکیاں ہمہ و زندہ ام ہیہات شرمندۂ خود کردہ ام را سائے تو ما را

وله

در دل گفتم تغافل کن دو اری را تیں گریہ کردم خندہ زد بے اعتباری را ابیں

وله

دست او بستہ مرگم صالحی خاطر نشانم شد کہ شاہین اجل ہم مرغ دست آموزے بود

(۱۹) مظہری کشمیری۔ آغاز شباب سے فن شاعری کا دلدادہ ہے۔ پیشتر عراق میں قیام پذیر رہا اور اہل تقوی کے فیض صحبت سے خود بھی مرتبۂ کمال کو پہنچا۔

چہ حاجت شد ترا نم جمال سلمی را کہ پیش دیدنش افسردن کند تمنا را
بہ لبت دیدۂ مجنوں ز خویش دیگانہ چہ آشنا نگہی بود چشم لیلا را

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

فدائے آئینہ گردم کہ دل ستانِ مرا
درونِ خانہ گلگشتِ بوستاں دارد

وله

اقبالِ حسن کار ترا بیش برده است
ورنہ صلاحِ کار ندانستہ کیست

وله

دُنبالۂ دو خاطرِ خود رائے خودم
بے زحمتِ رہ آبلہ پائے خودم
صد پرده درم ز خود بیایم بیرون
صد مرحلہ پیمائم و بر جائے خودم

وله

لالہ طورم نہ ہمچوں غنچہ گلبن زاده ام
شعلہ جائے سجنیه بر چاک گریباں میزنم

وله

ہر کس کہ بچشمِ ما سبک شد
بر خاطرِ آسماں گرانست

(۲۰) محوی ہمدانی۔ اس شخص کا نام محمد مغیث ہے۔ اپنی عالی ہمتی سے وجہ وفا کی کو سنگی ہستی بنانے کا مشتاق اور تجرد کے نشہ میں سرشار ہے۔

من گریۂ آتشیں نمیدانستم
من آہِ دلِ حزیں نمیدانستم
نے نام ہمیں گذاشتی و نہ نشاں
اے عشق ترا چنیں نمیدانستم

وله

گفتی کہ ز دردِ عشق کارم پست ست
جامے جامے کہ دل بسے مایوست ست
شرمت باد از خویش شرمت باد ا
بلبل ز کدام و ساغر و مے مست ست

وله

محوی دستے بآشنائی بر دار
در قافلہ آوازِ درائی بر دار
منزل بس دور شب بسے نزدیکست
اے کندۂ پائے خویش پائے بر دار

وله

صد تجربہ و صد آزموں درکارست
صد عقل برائے یک جنوں درکارست
تو طالعِ ارجمند داری بگذر
کاینجا ہمہ بخت وارگوں درکارست

وله

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

محوی بہ ہوائے دل نوائی نزنی	در کوچہ کس در سرائی نزنی
بیگانگی تمام عالم دیدی	زنہار کہ حرفِ آشنائی نزنی

(۲۱) **صتیر فی ساوجی** یہ شخص تہی دست اور خواہشات نفسانی کی جکڑ بند سے آزاد ہے۔ قناعت کے ساتھ غربت کی زندگی بسر کرتا ہے۔

گلفروشِ ما کہ خواہد گل ببازار آورد / باید اوّل تاب غوغائے خریدار آورد

وله

ز راہ کعبہ مسنوعم وگرنہ می فرستادم کفِ پائے برہنہ خارِ مغیلانش

وله

سوئے جہاں ننگم گرفتم زیرِ پا عاقبت اندیش را دیدم بود در قفا

وله

آنچہ من میخواہم از افتادگی بالاتر است کاش خود را در نہ پائی توانستم گرفت

(۲۲) **قراری گیلانی**۔ اس شخص کا نام زین الدین ہے۔ تیز فہم و بلند فطرت ہے۔ قراری اپنے برادر بزرگ حکیم ابوالفتح کو ہمہ تن بندۂ دنیا اور اپنے برادر مجرد حکیم ہمام کو شیدا۔ اے آخرت سمجھتا اور خود ہر دو برادر سے بے نیاز ہو کر آزاد زندگی بسر کرتا تھا۔

از امتدادِ ہجراں شادم کہ میتواں کرد بیگانہ وار یاد آغازِ آشنائی

وله

چہ ہمت برادل ببندم ز چشمت خوردہ ام تیرے کہ آنم می کشد گر یکدمے از تو رمیدم

وله

نگر از خانہ برمن بود کہ شب در کویش ہیچ بی قسم ز نگاہ در و دیوار نہ بود

وله

دراں ساعت کہ جیب جاں زدم چاک اے معاذ اللہ بدستم گر گریبان تو بودے پارہ میکردم

وله

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مرا بدو رخنِ رشک میشود فردا — کہ در میانۂ آتش نشستہ است صبور

وله

جنون و بیخودیم از مے شبانہ نباشد — کہ سوز عشق الٰہی بہیچ خانہ نباشد

وله

ایدل ز رشکِ تمنّی از عشق بیزارم مکن — رسوائے ایماں کردۂ بدنام از یارم مکن
مرگست روزے در عدم تشویش ہستی دیدہ را — یارب ز خوابِ نیستی در حشر بیدارم مکن

وله

گر عشق دلِ مرا خریدار اُفتد — کارے بکنم کہ پردہ از کار افتد
سجّادہ بپہیز چنان افشانم — کز ہر تارش ہزار زنّار اُفتد

وله

سیر آمدم از خون دل خود دلِ خویش — من نیز چو آں دوست شدم دشمن خویش
کشتم خود را و خونِ خود افگندم — از غایت دوستیش بر گردن خویش

(۲۳) عتابی سنجفی۔ یہ شخص معانی آفریں ضرور ہے لیکن شوریدہ مزاج ہے۔ اور اسی وجہ سے پراگندہ زندگی بسر کرتا ہے۔

بعشرتِ تو کہ ما بلبلان آں چمنیم — کہ گل گزشت و ندانستہ ایم باغ کجاست

وله

شبِ ز لفِ تو بجمعیتِ دلہا خوش باد — کہ ز کویت من آوارہ پریشاں رفتم
در ہفتاد و دو ملّت زدم و بردر یاس — ناامید از مددِ گبر و مسلماں رفتم
من ز تسلیم و وفا آمدہ بودم چہ عجب — اگر از خاطرِ فرخندۂ یاراں رفتم

وله

در گلشن ہوس دل فسردہ سوختیم — قندیلِ کعبہ بودیم بیگانہ سوختیم
بوئے مرا ز ہمدمِ کس نیافتیم — ناچار ہم بگوشۂ ویرانہ سوختیم
یکحرف آشنا لفاظ ہم کسے نگفت — ہرچند پیشِ اہل محرم و بیگانہ سوختیم

وله

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دلا ازاں مئے گلگوں چہ در سبو داری
کہ آہ در جگر و گریہ در گلو داری

مرا محبت در لجہ ہائے خوں انداخت
برو ببر و کہ تو بارے کنار جو داری

وله

ما رخصتِ ایں خونِ بسمل را بتو دادیم
گفتیم و نوشتیم و بسمل را بتو دادیم

وله

گہ بر سر آبیم و گہے بر سر آتش
دنبالہ کہ در کوچہ و در خانہ چنداں

وله

بسم اللہ اگر ز ہمرہانے
کیں قافلہ را سرِ جرس نیست

وله

در کشورے کہ نام وفا گریہ آورد
قاصد چہ دانند نالہ جز گریہ آورد

وله

قتلِ چو منی بخشم و کیں می ارزد
خونم لبِ کس تو آستیں می ارزد

در قصدِ دلم خیالت از پا بنشست
آزردنِ دوستاں بایں می ارزد

(۲۴) **ملا محمد صوفی مازندرانی** - یہ شخص صاحب جاہ و منزلت رہے۔ لیکن اپنی بلند نظری کی بنا پر دنیا کے دام سے بہت کم وابستہ ہے آزاد منش ہے اور ہمیشہ تنہا سفر کرتا ہے۔

مرا در زیرِ ایں گردنده گردوں
چراغے واں نہفتہ زیرِ سر پوش

وله

دلا راہ تو بے خار و خسک نے
گرایت بر سرِ چرخِ فلک نے

زدست گر بر آید پوست بر تن
بیفگن تا کہ مارت گم ترک نے

وله

گفتی کہ ز عشقِ او محمد چونی
افتادہ بزیرِ آسماں چوں نانم

استادہ بزیرِ دار چوں خونی
کاستادہ بزیرِ دار چوں خونی

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۲۵) جدائی۔ اس شخص کا نام سید علی ہے۔ یہ امیر منصور کا فرزند ہے۔ تبریز میں پیدا ہوا اور اُسی شہر میں تعلیم حاصل کی۔ جدائی نے قبلۂ عالم کے زیرِ سایہ فن تصویر کشی میں کمال حاصل کیا۔

حسنِ بتاں کعبۂ ایست عشق بیابانِ او — سرزنشِ ناکسان خارِ مغیلانِ او

وله

نیم بسمل صیدم و افتادہ دور از کوئے دوست — میروم افتاں و خیزاں تا بہ بینم روئے دوست

وله

صبحدم خار دم از ہمدمی گُل می زد — ناخنے بر دلِ صد پارۂ بلبل می زد

(۲۶) وقوعی نیشاپوری۔ اس شخص کا نام محمد شریف ہے۔

ہمیں ذوقست مقصد در حقیقت عشق و عاشق را — نہ پنداری کہ جانے بر تو افشاندم زیاں گردد

وله

من عاشقیت بودنیستم یارب نصیب من مکن — دردے کہ آں در دل مرا امید درماں بشکند

قرباں شوم آں چشم را کو ناز سویم ہم نگرد — تا در دلم صد آرزو پیدا و پنہاں بشکند

(۲۷) خسروی قاآنی۔ یہ شخص میرزا قاسم کونابادی کا عزیز ہے۔ خط شکستہ خوب لکھتا ہے اور کمان اندازی و بندوق اندازی میں کامل ہے۔

غبار جسم من و غیر اگر بیا میزند — ز ہم ببوئے محبت جدا تواں کردن

وله

تا خاک از قدوم تو دیدست روشنی — در چشم کار دیدہ کند خوردۂ غبار

وله

نیالاید شیرانِ حرم سر خجر از خونم — سگان دیر را اے ہمنشیں زیں طعمہ مہماں کن

وله

تا کجا عیش کجا وقت بلا خوش کہ ہنوز — نام راحت بزباں ماندۂ از کشورِ ما

(۲۸) **شیخ رہائی**۔ یہ شخص اپنے کو زین الدین خوافی کی اولاد میں ظاہر کرتا اور بظاہر صوفیانہ زندگی بسر کرتا ہے۔

نیست در عشق تو چوں من در دپرورد دگر — اینکہ در دم را نمیدانی بود درد دگر

وله

سفر کردم کہ شاید خاطرم از غم بیاساید — چہ دانستم کہ صد کوہ غم در راہ پیش آید

(۲۹) **وفائی اصفہانی**۔ اس کا دل سوز شاعری سے متاثر ہے۔ یہ شخص عرصے تک تجرد کی زندگی بسر کرنے کے بعد اب دنیاوی تعلقات سے وابستہ ہوا ہے۔

خریدار یوسف خریدار نیست — خریدار آں شوکہ در کار نیست

وله

در دل نیم شباں کوب کہ چوں دور شود — ہمہ در ہا بکشایند و در دل ببندند

وله

ز حادثات بجباں ایمنم کہ نستانند — کس از گدائے مذلت برہنہ پائے را

وله

زاں سوے جوشن ست کشادہ خدنگ چرخ — خود را سپر زہ از چہ بجوشش در آورم
اے برق نیستی بمن اوّل بزن کہ من — تخمے نیم کہ خوشہ بخرمن در آورم

وله

عیش خوش و ایام جوانی ہمہ گوئی — چوں بوئے گلے بود کہ ہمراہ صبا رفت

(۳۰) **شیخ ساقی**۔ عربی النسل و اہل جزیرہ میں داخل ہے۔ اور فی الجملہ علوم و فنون سے واقفیت رکھتا ہے۔

ساقی سر فتنہ را گریباں گشتم — چوں کعبہ مقام کفر و ایماں گشتم
بوئے نشمید از محبت ہر چند — گرد دل کافر و مسلماں گشتم

وله

دل ہماں گرم محبت تو ہماں مستغنی — ساقی ایں درد بگو پیش کہ اظہار کند

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۳۱) **رفیعی کاشی** ۔ اس کا نام حیدر ہے ۔ سخن فہمی میں کامل اور فنِ معمہ تاریخ گوئی میں یکتائے زمانہ ہے ۔

نازک دلم اے شوخ علاجم چہ تواں کرد — من عاشق معشوق مزاجم چہ تواں کرد

وله

زاہد تکن گنہ کہ تہ ساری تو — ما غرقِ گناہیم کہ غفاری تو
او تہ ساریت خواند و ما غفاریت — یارب بکدام نام خوشش داری تو

(۳۲) **غیرتی شیرازی** ۔ سخن سرائی سے واقف اور اسلاف کی تاریخ کا ماہر ہے ۔

ہلاک آں مژۂ قاتم کہ خونِ مرا — چناں بریخت کہ یکقطرہ بر زمیں نچکید

وله

زمانہ چوں تو بلا نہ خدائے می طلبد — کہ تلخ تر کند ایامِ شور بختاں را

وله

شدم آزاد بنوعے ز تعلق کہ دگر — ہمتم تکیہ بدیوار توکل نکند

وله

ہلاکِ غمزۂ بیباکِ ترسانادہ کردم — کہ در محشر باو بخشند خونِ صد مسلماں را

وله

اجل از جملۂ ماتم زدگانش باشد — ہر کرا چوں غم ہجران تو جلادے نیست

وله

خوش دیاریست سر کوئے محبت کہ شود — ہمہ با مہر بدل کینۂ افلاک اینجا

وله

ستم رسیدہ دل دریدم و ز غم مردم — کہ تند خوی و ستمگر دریں دیار یکیست

(۳۳) **یادگار رحالتی** ۔ یہ شخص قوم کا تورانی اور خود غرض و خود بیں ہے ۔

بدرویش راحتے دارم بدرد خود گذاریدم — کہ می میرم اگر در خاطر آید یا دِ درمانش

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

وله

تو گر بر ہم زنی سودائے دل مائی زیاں داری — مرا سرمایہ دنیا دیں نابود سیگردد

وله

گر زیر تیغ تسلیم را نمی منہی — جائے بنہ کہ نالہ بگوش حمین رسد

وله

نداز شے ترکم می کنی محبت نیست — تواں شناختن از دوستی مدارا را

وله

کمر در خدمتت عمر بست می بندم چو بشد قدم — برہمن می شدم گر ایں قدر زنار می بستم

وله

خون ترا چہ قدر نظیری خموش باش — ایں بس کہ دعویٰ از طرف قاتل تو نیست

وله

مابیش بہائے کم نخریدار — نقصان خودیم زیب بازار

وله

آنچہ رحم از دل برد تاثیر فریاد منست — آنچہ نسیاں آورد خاصیت یاد منست

وله

سنگ آستانم آماہر شب قلادہ خایم — کہ سر شکار دارم نہ ہوائے پاسبانی

وله

دلے کہ کعبہ بپاکی او قسم می خورد — ز فکر بیہدہ کردم کلیسائے فرنگ

سرم بادۂ شوقی تو مستی دارد — کہ راہ رفتن خود را بسیماع داند لنگ

ہمیں سفینۂ عشق ست جائے آسائش — از بیروں چو نہی پائے قلزم ست و نہنگ

کہ ام دوست اثر نیش در دلت دارد — بمن بگو کہ کستم نالہ در ہماں آہنگ

---

(۱۴) درویش محمد۔ یہ شخص قوم کا ترک اور قبیلۂ بیات کا ایک رکن ہے۔ حضرت خضر علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہوا اور حضرت ممدوح کے فیض قدم بوسی سے اس کے قلب کو روشن کر دیا۔ اس نے دنیاوی جاہ و منزلت سے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کنارہ کشی کرکے ستقانی کی خدمت اختیار کی

اساسِ پارسائی را شکستم تا چہ پیش آید
سرِ بازار رسوائے نشستم تا چہ پیش آید

بکوئے زاہداں بیہودہ عمرے در بدر گشتم
کنوں سرِ دخرابانی و مستم تا چہ پیش آید

گہے اہلِ عبادت بیشمارِ تدم گہے فاسق
بہر طوریکہ میگویند ہستم تا چہ پیش آید

(۱۵) صبیر فی کشمیری۔ اس کا اصل نام شیخ یعقوب ہے۔ فن شاعری سے آگاہ و دیگر علوم و فنون کا بھی فاضل ہے۔ حضرت ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف و حضرت کے فلسفۂ تصوف کا کامل استاد ہے۔ اس بزرگ نے جہاں نوردی کی اور بیشمار اولیاء اللہ کی سعادت زیارت سے مشرف ہوا۔ آخر کار حضرت شیخ حسین خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ کے حلقۂ ارادت میں داخل ہوا اور تعلیمِ طریقت کی تکمیل کے بعد مرشد سے خرقۂ خلافت حاصل کیا۔ اس کے اشعار کا نمونہ حسب ذیل ہے۔

ہم زدل وزدیدہ صبیر و ہم زدلِ دیوانہ را
وزدمِ من باخانہ میدزد دمستانِ خانہ را

وله

زضعفِ تن عجب حالیست بیمارِ محبت را
کہ نتواند کشید از ناتوانی بارِ صحبت را

(صبوحی چغتائی۔ اس شخص نے کابل میں نشو و نما پائی۔ ایک مرتبہ حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ کی خوابگاہ میں سو رہا تھا کیا دیکھتا ہے کہ ایک بزرگ نورانی صورت خواب میں اس کے پاس تشریف لائے۔ ان بزرگ کے ہاتھ میں ایک عصا تھا، پیر بزرگ نے صبوحی کو شعر نظم کرنے کا حکم دیا، چونکہ صبوحی اس فن سے مطلق آشنا نہ تھا اُن کے حکم کی تعمیل فی الحال نہ کر سکا اور خواب سے بیدار ہو کر اُس مقام سے اُٹھا اور دوسری جگہ لیٹ کر سو رہا۔ اس مرتبہ پھر وہی بزرگ تشریف لائے اور انھوں نے بار دگر شعر نظم کرنے کا حکم دیا۔ اب صبوحی خواب سے بیدار ہوا، اور اوّل شعو اُس نے نظم کیا مندرجۂ ذیل ہے۔

سرشکم رفتہ رفتہ بے تو دریا شد تماشا کن
بیا در کشتیِ چشمم نشین و سیرِ دریا کن

وله

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بارِ طور زار و فا دید دلِ محزوں را
سوخت تا پے نبرد بیکس آں مضموں را

وله

حالتِ خویش چہ حاجت کہ بادشرح دہم
کہ مرا سوزِ جگر ہست اثر خواہد کرد
ضعف غالب شد مرا زنالہ فرو ماند دلم
دگر از حال من اورا کہ خبر خواہد کرد

(۱۷) مشفقی بخاری

بکویش رفتم و دریائے دل خار شکست آنجا
بحمد اللہ کہ تقریبے شد از بہرِ نشست آنجا

عرصہ ہست شکرستانی ہست
طوطیانش شکر فروش ہمہ
گر آنش چو نیکوان دیار
جیرہ بندوں کوچہ پوش ہمہ

(۱۸) صالحی۔ اس شخص کا نام محمد بیرک ہے اور اپنے کو نظام الملک طوسی کی اولاد ظاہر کرتا ہے۔

مرا گوید بیا و دستِ بدامانش بزن دستے
مرا دستے اگر بودے گریباں پارہ می کردم

وله

با سیاب رہا کردیم و ترسندہ ام ہمیرے
شرمندۂ خود کردم دلدارا ئے تو ارا

وله

دیر دل گشتم تغافل کرد نواری رابیں
گریہ کردم خندہ زد بے اعتباری رابیں

وله

چو صالحی مرگم صالحی خاطر نشانم شد
کہ شاہین اجل ہم مرغِ دست آموزے بودست

(۱۹) مظہری کشمیری۔ آغازِ شباب سے فن شاعری کا دلدادہ ہے۔ شخص عراق میں قیام پذیر رہا اور اہل تقویٰ کے فیض صحبت سے خود بھی مرتبۂ کمال کو پہنچا۔

چہ حاجت شد دانم جمالِ سلمیٰ را
کہ پیش دیدنش از شرزوں کند تمنا را
بہ نسبت دیدۂ مجنوں ز خویش و بیگانہ
چہ آشنا نگہی بود چشمِ لیلا را

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

خدائے آئینہ گردم کہ دل ستانِ مرا — درونِ خانہ گلگشتِ بوستاں دارد

وله

اقبالِ حسن کارِ ترا بیش برده است — ورنہ صلاحِ کار ندانستہ کیست

وله

دُنبالہ دو خاطرِ خود رائے خودم — بے زحمتِ رہ آبلہ پائے خودم
صد پردہ درم ز خود بپایم بیروں — صد مرحلہ پیمائم و برجائے خودم

وله

لالہ طورم نہ ہمچوں غنچہ گلبن زادہ ام — شعلہ جائے سبزہ بر چاک گریباں میزنم

وله

ہر کس کہ بچشمِ ما سیک شد — بر خاطرِ آسماں گرانست

(۲۰) **محوی ہمدانی** - اس شخص کا نام محمد مغیث ہے - اپنی عالی ہمتی سے وجود خاکی کو سنگی ہستی بنانے کا مشتاق اور تجرد کے نشہ میں سرشار ہے -

من گریۂ آتشیں نمیدانستم — من آہِ دلِ حزیں نمیدانستم
نے نام ہمیں گذاشتی و نہ نشاں — اے عشق ترا چنیں نمیدانستم

وله

گفتی کہ ز وردِ عشق کارم پست ست — جامے جامے کہ دل بسے مابست ست
شرمت باد از خویش شرمت باد ا — بلبل ز کدام و ساغر و مے مست ست

وله

محوی دستے بما شنائی بر دار — در قافلہ آوازِ درائی بردار
منزل بس دور و شب بسے نزدیک ست — اے کندۂ پائے خویش پائے بردار

وله

صد تجربہ و صد آزمول درکار ست — صد عقل برائے یک جنوں درکار ست
تو طالعِ ارجمند داری بگذر — کاینجا ہمہ بخت وا ژگوں درکار ست

وله

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

محوی بہ ہوائے دل نوائی نزنی	در کوچہ کس در سرائی نزنی
بیگانگی تمام عالم دیدی	زنہار کہ حرفِ آشنائی نزنی

(۲۱) **صتیر فی سماوجی** یہ شخص تہی دست اور خواہشات نفسانی کی جکڑ بند سے آزاد ہے۔ قناعت کے ساتھ غربت کی زندگی بسر کرتا ہے۔

گلفروشِ ما کہ خواہد گل بسا زار آورد — باید اوّل تا بِ غوغائے خریدار آورد

وله

زراہ کعبہ تمنوع عم وگرنہ می فرستادم — کف پائے برہنہ خارِ مغیلانش

وله

سوئے جہاں تنگم گرفتہ زیر پا — عاقبت اندیش را دیدہ بود در قفا

وله

آنچہ من میخواہم از آفتادگی بالاتر است — کاش خود را در تہ پائی توانستم گرفت

(۲۲) **قراری گیلانی**۔ اس شخص کا نام نورالدین ہے۔ تیز فہم و بلند فطرت ہے۔ قراری اپنے برادر بزرگ حکیم ابوالفتح کو ہمہ تن بندہ دنیا اور اپنے برادر خرد حکیم ہمام کو شیدائے آخرت سمجھتا اور خود ہر دو برادر سے بے نیاز ہو کر آزاد زندگی بسر کرتا تھا۔

از امتدادِ ہجراں شادم کہ میتواں کرد — بیگانہ وار یاد آغازِ آشنائی

وله

چہ منت بر اجل نہدم ز چشمت خوردہ ام تیرے — کہ آنم می کشد گر بعد ما سالِ دگر میدم

وله

گر از خانہ بروں بودی کہ شب در کویش — ہیچ دیدہ ز تماشا در و دیوار نہ بود

وله

دراں ساعت کہ جیب جاں زدم چاک اے معاذ اللہ — بدستم گر گریبان تو بودے پارہ میکردم

وله

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مرا بدوزخیِ رشک میشود فردا — کہ در میانۂ آتش نشستہ است صبور

وله

جنون و بیخودیم از مے شبانہ نباشد — کہ سوز عشق الٰہی بہیچ خانہ نباشد

وله

ایدل ز رشکِ مدعی از عشق بیزارم مکن — رسوائے ایماں کردۂ بدنام زنارم مکن
مرگست روزے در عدم تشویش ہستی دیدہ را — یارب ز خوابِ نیستی در حشر بیدارم مکن

وله

گر عشق دلِ مرا خریدار افتد — کارے بکنم کہ پردہ از کار افتد
سجادۂ پرہیز چنان افشانم — کز ہر تارش ہزار زنّار افتد

وله

سیر آمدم از خون دل خوردنِ خویش — من نیز چو آں دوست شدم دشمن خویش
کشتم خود را و خونِ خود افگندم — از غایت دوستیش بر گردن خویش

(۲۳) عتابی سنجفی - یہ شخص معانی آفریں ضرور ہے لیکن شوریدہ مزاج ہے۔ اور اسی وجہ سے پراگندہ زندگی بسر کرتا ہے۔

بعشرتِ تو کہ ما بلبلان آں چمنیم — کہ گل گزشت و ندانستہ ایم باغ کجاست

وله

شبے ز لفِ تو بجمعیتِ دلہا خوش باد — کہ زکویت من آوارہ پریشاں رفتم
در ہفتاد و دو ملت زدم و بر در یاس — ناامید از مددِ گبر و مسلماں رفتم
من ز تسلیم و وفا آمدہ بودم چہ عجب — اگر از خاطر فرخندۂ یاراں رفتم

وله

نہ نگفتم ہوسِ دل شبِ زانہ سوختیم — قندیلِ کعبہ بودیم بتخانہ سوختیم
بوئے مرا دماغ ہمین بس نیافتیم — ناچار ہم بگوشۂ ویرانہ سوختیم
یکچند آشنا بلحاظ ہم گذشتہ — ہر چند پیشِ محرم و بیگانہ سوختیم

وله

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دلا ازاں مئے گلگوں چہ در سبو داری
کہ آہ در جگر و گریہ در گلو داری

مرا محبت در لجہ ہائے خوں انداخت
برو بیرو کہ تو بار سے کنار جو داری

وله

ما رخصت ایں خونِ بحل را بتو دادیم
گفتیم و نوشتیم و بحل را بتو دادیم

وله

گہ بر سر آبیم و گہے بر سر آتش
زنہار کہ در کوچہ دد خانہ مپندار

وله

بسم اللہ اگر زہر ہلاتے
کیں قافلہ را سر جرس نیست

وله

در کشورے کہ نام وفا گریہ آورد
قاصد جدا و نالہ جدا گریہ آورد

وله

قتلِ چو منی بخشم و کیں می ارزد
خونم بشکست و آستیں می ارزد

در قعر دلم خیالت از پا بنشست
آزردنِ دوستاں بایں می ارزد

---

(۲۴) **ملا محمد صوفی مازندرانی** - یہ شخص صاحب جاہ و منزلت ہے لیکن اپنی بلند نظری کی بنا پر دنیا کے دامن سے بہت کم وابستہ ہے آزاد منش ہے اور ہمیشہ تنہا سفر کرتا ہے۔

مرا در زیرِ ایں گردندہ گردوں
چراغے واں نہ ہفتہ زیرِ سر پوش

وله

دلا راہ تو بے خار و خسک نے
گرایت بر سرِ چرخِ فلک نے

زدوست گر بر آید پوست بر تن
بیفگن تا کہ مارت کمترک نے

وله

گفتی کہ ز عشق او محمد چونی
استادہ بزیرِ سماں چوں مانم

عمرت بادا ہمیشہ در افزونی
کاستادہ بزیرِ دار چوں خونی

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۲۵) **جدائی** - اس شخص کا نام سید علی ہے۔ یہ میر منصور کا فرزند ہے۔ تبریز میں پیدا ہوا اور اُسی شہر میں تعلیم حاصل کی۔ جدائی نے قبلۂ عالم کے زیرِ سایہ فن تصویر کشی میں کمال حاصل کیا۔

حسنِ بتاں کعبہ ایست عشق بیابانِ او — سر زنشِ تا کسان خارِ مغیلانِ او

وله

نیم بسمل صیدم و اُفتادہ دور از کوئے دوست — میروم افتاں و خیزاں تا بہ بینم روئے دوست

وله

صبحدم خار دم از ہمدمی گُل می زد — ناخنے بر دلِ صد پارۂ بلبل می زد

(۲۶) **وقوعی نیشاپوری** - اس شخص کا نام محمد شریف ہے۔

ہمیں ذوقست مقصد در حقیقت عشق و عاشق را — نہ پنداری کہ جانے بر تو افشاندم زیاں گردد

وله

من عاشقیست جویم یارب نصیبِ من کن — دردے کہ آں در دل مرا امید درماں بشکند

قرباں شوم آں چشم را کو ناز سویم بہ نگرد — تا در دلم صد آرزو پیدا و پنہاں بشکند

(۲۷) **خسروی قاآنی** - یہ شخص میرزا قاسم کوتابادی کا عزیز ہے۔ خط شکستہ خوب لکھتا ہے اور کمان اندازی و بندوق اندازی میں کامل ہے۔

غبارِ جسیم من و غیر اگر بیامیزند — ز ہم بوئے محبت جدا تواں کردن

وله

تا خاک از قدومِ تو دیدست روشنی — در چشمِ کار دیدہ کند خوردہ غبار

وله

نیالایند شیرانِ حرم سر پنجہ از خونم — سگانِ دیر را اے ہمنشیں زیں طعمہ مہماں کن

وله

تا کجا عیش کجا وقت بلا خوش کہ ہنوز — نامِ راحت بزباں ماندۂ از کشورِ ما

(۲۸) **شیخ رہائی**۔ یہ شخص اپنے کو زین الدین خوافی کی اولاد میں ظاہر کرتا اور بظاہر صوفیانہ زندگی بسر کرتا ہے۔

نیست در عشق تو چوں من در دپرورد دگر — اینکہ در دم را تسلی بود در درد دگر

وله

سفر کردم کہ شاید خاطرم از غم برآساید — چہ دانستم کہ صد کوہ غمم در راہ پیش آید

(۲۹) **وفائی اصفہانی**۔ اس کا دل سوز شاعری سے متاثر ہے۔ یہ شخص عرصے تک تجرد کی زندگی بسر کرنے کے بعد اسپہ دنیاوی تعلقات سے وابستہ ہوا ہے۔

خریدار یوسف خریدار نیست — خریدارِ آں شوکہ در کار نیست

وله

در دلِ یم شباں کوسپ کہ چوں دور شود — ہمہ در ہا بکشایند و در دل ببندند

وله

ز حادثات بجاں ایمنم کہ لرزانند — کس از گدائے مذلت بہ برہنہ پائے را

وله

زاں سوے جوشن ست کشادہ خدنگ چرخ — خود را بہر زہ از چہ بجوشش درآورم
اے برق نیستی بمن اوّل بزن کہ من — تخمے نیم کہ خوشہ ز خرمن درآورم

وله

عیشِ خوش و ایام جوانی ہمہ گوئی — چوں بوئے گلے بود کہ ہمراہِ صبا رفت

(۳۰) **شیخ ساقی**۔ عربی النسل و اہل جزیرہ میں داخل ہے۔ اور فی الجملہ علوم و فنون سے واقفیت رکھتا ہے۔

ساقی سرِ فتنہ را گر ہیماں گشتم — چوں کعبہ مقامِ کفر و ایماں گشتم
بوئے نشمید از محبت ہر چند — گر دِ دلِ کافرِ مسلماں گشتم

وله

دل ہماں گرمِ محبت تو ہماں مستغنی — ساقی ایں درد بگو پیشِ کہ اظہار کنا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۳۱) **رفیعی کاشی** ۔ اس کا نام حیدر ہے سخن فہمی میں کامل اور فنِ معمہ تاریخ گوئی میں یکتائے زمانہ ہے۔

نازک دلم اے شوخ علاجم چہ تواں کرد — من عاشق معشوق مزاجم چہ تواں کرد

وله

زاہد نکند گنہ کہ قہاری تو — ما غرقِ گناہیم کہ غفاری تو
او قہارت خواند و ما غفارت — یارب بکدام نام خوشش داری تو

(۳۲) **غیرتی شیرازی** ۔ سخن سرائی سے واقف اور اسلاف کی تاریخ کا ماہر ہے۔

ہلاک آں مژۂ قاتم کہ خونِ مرا — چناں بریخت کہ یکقطرہ بر زمیں نچکید

وله

زمانہ چوں تو بلا از خدائے می طلبد — کہ تلخ تر کند ایامِ شور بختاں را

وله

شدم آزاد بنوعے ز تعلق کہ دگر — ہمتم تکیہ بدیوار توکل نکند

وله

ہلاکِ غمزۂ بیباک ترسانادۂ کردم — کہ در محشر بامید بخشند خونِ صد مسلماں را

وله

اجل از جملۂ ماتم زدگانش باشد — ہر کرا چوں غم ہجران تو جلادے نیست

وله

خوش دیاریست سرکوئے محبت کہ شود — ہمہ با مہر بدل کینۂ افلاک اینجا

وله

ستم رسیدۂ دل دیدم و ز غم مردم — کہ تند خوی و ستمگر دریں دیار یکیست

(۳۳) **یادگار حالتی** ۔ یہ شخص قوم کا تورانی اور خود غرض و خود بیں ہے۔

بدرویشش رہے دارم بدردِ خود گذاریدم — کہ می میرم اگر در خاطرآید یادِ درمانش

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

وله

جاں برلبیہ و دیدہ برنظارہ — اے مردمِ بے لباز ما کن

وله

شبے فراق نگشتم بہیچ پہلوئے — کہ یاد آں مژۂ تیز در دلم نخلید

(۳۴) **سنجر کاشی** - یہ شخص میر حیدر معمائی کا فرزند اور مذاقِ سخن سے آشنا ہے - اس کی پیشانی پر اطمینان و فراغت کے آثار نمایاں ہیں۔

از دیرِ گبراں می رسم و زنگ ناشائستگی — زنّار پیچاں بر کمر ناقوس نالاں در بغل

وله

ماغیوراں از ہجومِ بوالہوس خواہیم مرد — سبزہ ایم آماز انبوہِ خسے خواہیم مرد

وله

در روزگارِ عشق تو من ہم فنا شدم — افسوس کز قبیلۂ بے حاصلاں کسے نماند

وله

غم زہر جا کہ رسد سر زدہ آید بدلم — چکنم نائدہ ایں سر رہا نتواند شد

(۳۵) **جذلی** - اس شخص کا نام بادشاہ قلی ہے - شاہ قلی خاں نارنجی کا فرزند ہے جو بغداد ہی کردستان کا باشندہ ہے۔

غایتِ رشکم ببیں کز بیخودی آئیم بہوش — گر کسے آگہ شود کیں بیخودی از یاد کیست

وله

کہ تو بہ بگذار شیشۂ مے شکنم — یکبار رود و بار نے بیا پے شکنم
یارب تو بہ آموزی نفسم یہ ہاں — تا چند کنم تو بہ و تا کے شکنم

(۳۶) **تشبیہی کاشی** - آغازِ شباب سے فنون دیدہ سر ہے - یہ شخص محمود ہی شہو کا پابند ہے - مولف اس کے نسب و موجودہ حالات سے واقف نہیں ہے ذرّہ و خورشید تمام ایک مثنوی اس کی یادگار ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

سیکے برخود ببال اے خاکِ گورستاں بشادابی — کہ چوں من کشتۂ آں دوست خنجر در لحد داری

وله

تو ہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش — کہ من آں طلعتِ قدسی شناسم

وله

بیا زارِ شہیداں بر گذر روزِ جزا بنگر — کہ چوں مے خیزند آنجا بنرخ صد ثواب از تو

وله

اے برارندۂ قرصِ خور از نیزۂ گرمِ تنور — چاشت ناداده تشبیہِ شام از تو کہ خواست

وله

من آں تشبیہیم گر پیش بینی — سرے دارم بگورستاں نشینی
از انم میلِ گورستاں نشینی ست — کہ گورستاں نشینی پیش بینی ست

وله

دوست انبوہاں و آنبہسان پوچ — اگرچہ پیشِ من ایں پوچ و آں پوچ

(۳۷) آشکی قمی۔ یہ شخص طباطبائی سید اور مذاق سخن سے قدرے آشنا ہے۔

مستانہ کشتگانِ تو ہر سو فتادہ اند — تیغ ترا مگر کہ بہ مے آب دادہ اند

وله

بسکہ تنم بگداخت بے اذرِ آتش سودا مرا — گر نہی نرنجیر بر گردن فتد دریا مرا

وله

کارِ ما روزے کہ افتد با فراقِ یارِ ما — جز اجل نتہد کسی پا در میانِ کارِ ما

وله

اشکِ من آشکی نمیدانم رقیبِ من شدست — تا بروئے او نظر کردم بروئے من دوید

(۳۸) آسیری رازی۔ امیر قاضی کے نام سے موسوم اور علوم رسمیہ سے قدرے واقف و آگاہ ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

قاصد رقیب بودہ و من غافل از فریب — بیدرد تر عائے خود اندر میانہ ساختند

وله

قاتل خود را بگل کردم کہ دست از من بداشت — داشتم تا نیم جانے دست او در کار بود

وله

جا کردہ چناں در دل تنگم ہوس او — کاید بمشام از نفس من نفس او

(۳۹) **فہمی رادی**

ہر کہ بے ذوق خورد بادہ شرابش ندہند — گر شود خاک درمیکدہ آبش ندہند

وله

قدر من در عشق ازاں کم شد کہ صابر نیستم — قدر گو کم شو کہ من بر صبر قادر نیستم

(۴۰) **قیدی شیرازی**- اس شخص نے چند سے علوم مروّجہ کی تحصیل کی اور اس کے بعد راہ فقر اختیار کی۔

اے قدم نہادہ ہرگز از دل تنگم برون — حیرتے دارم کہ چوں در ہر دل جا کردہ

وله

اینکہ می آیم پس از راندن نہ کار غیر تست — از جفا شرم میدارم کہ بار غیر تست

وله

رونق گریہ ام از خندۂ بیدرد انست — ورنہ ز شکے کہ زدی اینہمہ خونابہ نداشت

وله

متاع شکوہ بسیار ست عاشق را ہمیں بہتر — کہ ہیچ در روز بازار قیامت باز نکشایا

وله

ہر نگاہ تو صد خوں کنم اگر دعوے — زمانہ باہمہ تعصبی گواہ من گردد

وله

من کجا عقل کجا برق جنوں میخواہم — کہ بجاں افتد و تا روز قیامت سوزد

وله

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

وے شاہدِ وصل قامت افراشتہ بود — دیدۂ دل بجلوہ انباشتہ بود
خفاش نداشت طاقتِ دیدن مہر — ورنہ خورشید پردہ برداشتہ بود

(۴۱) **پیروی ساؤجی** - اس شخص کا نام امیر بیگ ہے اور فن مصوری میں کامل ہے۔

بیدرد دورِ اشرابِ محبت کجا دہند — کیفیت ست عشقِ بتاں تا کرا دہند

وله

خداوندا ز معنی تنگدستم — ببخشائی کہ بس صورت پرستم

(۴۲) **گامی سبزواری** - یہ شخص فی الجملہ شوریدہ مزاج ہے۔

ہمہ تن خوں شوم ز دیدہ چکم — گر بدانم کہ گریہ را اثر ست

وله

دیدن و نادیدنش دل می برد — زیں چنیں زیبا نگارے دیدہ

خواہم چو یاد از سرِ ایں خاکداں گزشت — ایں کوئے دوست نیست کہ نتواں ازاں گزشت

وله

کہ غمزہ بر سرِ کار ست زخم دل کاری

(۴۳) **پیامی** - عبدالسلام کے نام سے موسوم اور عزلی التسل ہے۔ اس شخص نے علوم رسمیہ کی قدرے تعلیم حاصل کی لیکن اپنے سے مطمئن نہیں ہے۔

ہر چہ باز دبا ز لبستاند سپہر بد قمار — با حریفے کیں بدی ہا کرد نتواں باختن

وله

تا چند سخن تراشی و زندہ زنی — تا کے بہدف تیر پیاگندہ زنی
گر یک سبق از علمِ خموشی خوانی — بسیار بریں گفت و شنو خندہ زنی

وله

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ہزار صاعقہ پنہاں بزیر لب دارم — بروبرو منہ انگشت بر لبم زنہار
بچار سوئے مرادے فتادہ ام کہ ہنوز — بچاہ یوسف من بد کہ اندریں بازار

وله

باز صبر از بہر تسکینم دروغ تازہ ایست — دفتر خرسندیم را واژگوں شیرازہ ایست

وله

زیں بوم دلم درد جدائی زد و رفت — دامن بمیان بیوفائی زد و رفت
زیں ہمنفسان ندید چوں بوئے وفا — صد خندہ بطرز آشنائی زد و رفت

وله

آں روز کہ آتش محبت افروخت — تا در نگرفت شمع پروانہ نسوخت

(۴۴) **سید محمد فکری** - ہرات کا جامہ باف ہے اور اکثر اوقات رباعیات نظم کرتا ہے۔

آں روز کہ آتش محبت افروخت — عاشق روش سوز ز معشوق آموخت
از جانب دوست سر زد ایں سوز و گداز — تا در نگرفت شمع پروانہ نسوخت

وله

فردا کہ نماند از جہاں جز خبرے — ظاہر شود از بہار محشر اثرے
چوں سبزہ سر از خاک بر آرند بتاں — ما نیز بعاشقی برآریم سرے

(۴۵) **قدسی کربلائی** - اس کا نام میر حسین ہے۔

از سگان سر کوئے تو بسے منفعلم — کہ بہر صبح بپیچ مے ساختہ اند

وله

سیاہ روزم و حال مرا کسے داند — کہ در فراق تو یک شب بحال من باشد

من کہ باشم کہ ترا دشمن من باید بود — در پئے بود دل و تاراج دل من باید بود

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

(۴۶) **حیدری تبریزی** - یہ شخص سوداگر اور شاعر مزاج ہے۔ جفاکشی سے سرمایہ حاصل کرتا اور آزادی و دریا دلی سے خرچ کرتا ہے۔

بہیچ کس منما نامۂ سیاہ مرا — چناں کن کہ بد اند کسے گناہ مرا

وله

چو پاکاں حیدری تا میتوانی — کمالے کسب کن در عالم خاک
کہ ناقص رفتن از عالم چنانست — کہ بیروں رفتن از حمام ناپاک

(۴۷) **سامری** - حیدر تبریزی کا فرزند اور فن شاعری سے واقف و آگاہ ہے۔

مشہور تر ز ننگم و معروف تر ز عار — در حیرتم کہ بہر چہ مستور ماندہ ایم

وله

دہقاں بامید مدد گریۂ من بود — ہر تخم بہر دشت کہ در آب و گل انداخت

(۴۸) **فرہی رازی** - شاہ پور کے نام سے موسوم ہے۔ شخص فطرۃً اچھا ہے لیکن پریشاں حال و مصیبت زدہ ہے۔ اگر اس کو زمانہ مہلت دے تو بہترین شاعر ہو سکتا ہے۔

میردم تا کہ سراز داغ کسے گرم کنم — در دل شعلہ نشینم نفسے گرم کنم
خود سر گرمی ہنگامہ ندارم شاپور — کارم اینست کہ بازار کسے گرم کنم

وله

در بادیہ آں خار بن ریختہ برگم — کز حادثہ مرغے بہ پناہم نگریزد

وله

سینۂ زاغ و زغن یا شکم دام و دد ست — گر شہید غم عشق تو مزارے دارد
تا رہ وادیٔ بے عافیتی می سپرم — نخورم غوطہ بدریا کہ کنارے دارد

(۴۹) **فسونی شیرازی** - محمود بیگ کے نام سے موسوم ہے تیلکچیوں میں نام آور اور علم نجوم کا ماہر ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

خواب راحت شده زان دیده که دیدن دانست — رفت آسائش ازاں دل که طپیدن دانست

وله

دلم از گرمیٔ خوبان دگر میماند — غنچه را که بزور نفسش بکشایند

وله

چو خواهم بوسم آں پا اوّلش بر چشم تر مالم — که چشم حسرتِ پابوس از لب بیشتر دارد

وله

وائے ار بجرمِ عشق نریزیده خونِ من — بخشیدن گناه کم از انتقام نیست

وله

انیسِ خلوتِ خاصم بزمِ غیرت بحر و باں — حریفِ بزمِ آنسم رشکِ برنّطارگی دارم

وله

از دست جفائے تو اگر بگریزم — دور از تو بکوچه خاک بر سر ریزم
بر خاکِ رہے کہ اُفتم از بنشینم — بر گردِ سرے کہ گردم از بر خیزم

وله

مرضیست دعائے من کہ جز شب نپرد — بے زمزمہ نالہ کہ یا رب نپرد
ہاں رشتہ بپا ضعیف شد می ترسم — کیں وحشی از آشیانہ لب نپرد

(۵۰) **نادری ترشیزی** ۔ کلام کا نمونہ حسب ذیل ہے۔

لازمِ جستجو بود بے بصری بگمرہی — آب بدست خود بود تشنۂ ایں سراب را

وله

نادری از کہ شکوہ داریم — خود شعلہ بخار زار داریم

(۵۱) **نوعی مشہدی** ۔ یہ شخص مذاقِ سخن سے آشنا ہے اگر اس سے تیزی کے ساتھ گفتگو کی جائے اور زیادہ جلد لکھتا ہے۔

مردم ز آبلہ پائی طلب خشک نشد — مگر ایں مرحلہ را مرگ و بقا کافی نیست

وله

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نیست یک دیدہ شائستہ کہ ما جلوہ کشیم — پردہ بر روئے بود صورتِ آئینۂ ما

وله

عشق منصور گر اینست دلا رنجہ مباش — ہر تنک حوصلہ شائستۂ رسوائی نیست

وله

حسن مستور نظرہاست کہ جز صورتِ خویش — بہرۂ نیست ز آئینہ تماشائی را

وله

دلے بحوصلۂ آسماں مہیّا کن — ز مہرِ دوست دگر ذرّۂ تمنّا کن
بپرتوے چہ ز خورشید قانعی نوعی — بلندِ ہمّتی نیم ذرّہ پیدا کن

(۵۲) **بابا طالب اصفہانی** ۔ قادر الکلام سخنور اور معاملہ فہم ہے ۔

شادم از اہل جہاں کز اثر صحبتِ شاں — بجہا نے ندہم گوشۂ تنہائی را

وله

در دلِ تنگم اگر مہرِ تو گنجد چہ عجب — تنگنائے دلِ من وسعتِ صحرا دارد

وله

وضعفم در گریباں ماند دست میکنم افغاں — کہ ایں چاکِ گریباں تا بدامن دیر می آید

وله

زہرم بفراقِ خود چشانی کہ چہ شد — خونریزی آستیں فشانی کہ چہ شد
اے غافل از انکہ تیغِ ہجرِ تو چہ کرد — خاکم بفشار تا بدانی کہ چہ شد

(۵۳) **سرمدی اصفہانی** ۔ اس کا نام محمد شریف ہے ۔ علوم و فنون سے بھی قدرے آگاہ ہے ۔ راستباز و فریضہ شناس ہے ۔ اس کے اشعار دل آویز ہیں، اور یہ شخص فنِ حساب سے بھی واقف ہے ۔

ایّام بعہدِ ما وفا کرد — تاریخ وفائے روزگاریم

وله

می در سر و گل و ز بغل آئی چو در کاشانہ ام — ہر تماشا بشگفد خاشاکِ محنت خانہ ام

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

وله

زگرم خوئی عصیاں حیا بخود کردیم — بہ پشت گرمی رحمت چہ جسر ہا داریم
بگلشنے من و دل بال شوق افشاریم — کہ رشک از آمدن و رفتن صبا داریم
بغیر وصل ہزار آرزوست عاشق را — ہنوز ما بتوا ے بخت کار ہا داریم

وله

ما بر سر کونین نہادیم قدم را — دستے بنمود بر دل ما شادی و غم را

وله

عشقے دارم قیامتش ہنگامہ — دردے دارم حکایتش بے نامہ
دردے آنکہ بدرد ہا تواند زدنم — نے سرعت فکر دیدہ و نے خامہ

(۵۴) **دخلی اصفہانی** - یہ شخص خود غرضی سے کوسوں دور اور قناعت پسند ہے۔ اگرچہ کم سخن ہے لیکن اپنی مردانگی کی وجہ سے قابل قدر ہے۔

مارخت طاقت دل فرزانہ سوختیم — آتش زدیم و حوصلہ را خانہ سوختیم
از کفر و دیں برآمدہ زنار و سبحہ را — در نیمہ راہ کعبہ و بتخانہ سوختیم

وله

من نالہ ندیدم کہ اثر در پے نداشت — من شام ندیدم کہ سحر در پے نداشت
گویند کہ شادی بود و غم غالب است — ہر غم دیدم غمے دگر در پے نداشت

(۵۵) **قاسم ارسلان مشہدی** - اس شخص میں شاعرانہ صفات موجود ہیں۔ جفاکشی کے ساتھ دولت جمع کرنا اور شوق و محبت کے ساتھ اس کو خرچ کرنا ہے۔

خراب صحبت ارباب فطرتم کردہ — قیامتہائے سخن بر اشارتم گردد

لفظ و معنی بحسن تو نازند

ای تیم جاں برآمدہ بر لب ترا چہ شد — با آنکہ یک نگاہ بصد جاں برابر است

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

وله

آب گل در رنگِ ماہ داری — سبحان اللہ چہ آب و رنگست

(۵۶) **غنیوری حصاری** - مردانگی کے آثار اس کی پیشانی پر تاباں ہیں، اور نہایت سادہ و آزاد زندگی بسر کرتا ہے۔

شوق چوں جولاں در اندازد — ریسمِ باز آمدن بر اندازد

وله

بر درِ شاہ اکبرِ غازی — کہ بہشتے ست پُر ز آسائش
ریشِ خود را اگر ترا شستم — نہ پے زینت ست و آرائش
کہ چو جرم از سیاہ روئی نیست — ریش را در بہشت گنجائش

(۵۷) **قاسمی مازندرانی** - وارستہ مزاجی کے ساتھ زندگی بسر کرتا ہے اور سر و پا برہنہ تمام عالم کی سیاحت میں مصروف ہے۔

در حُسنِ نسبتِ تو بیوسف نمی کنم — یوسف چنیں نبود تکلف نمی کنم

وله

فروشد از غمِ ہجراں ملال من امشب — بصد خرابی دوش ست حال من امشب
شرابِ شوق ز ہر شب فزوں ترا فتادست — چہ کند دلِ بے اعتدال من امشب

(۵۸) **شیری** - پنجاب کا شیخ زادہ ہے۔ قبلۂ عالم کے زیرِ تربیت فنِ شاعری سے ماہر و آگاہ ہوا۔

یار آمد و نام بُرد ما را — وز خود بتمام بُرد ما را

وله

ہجومِ نازِ چناں کرد و پیشِ یار گرفت — کہ راہ نیست دریں تنگنا تمنا را

وله

سراسر ہا تی اے بادِ صبا در قالبِ شوقم — سرت گردم مگر در کوئے او لب یا ز بگیری

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ولہ

چندان کہ دلم بعرض حال آلودست — با خامشیٔ زبان قال آلودست
اندک کارے ہزار مشکل دارد — آساں غرضے بعد محال آلودست

(۵۹) رہی نیشاپوری۔ اس کا نام خواجہ جہاں ہے اور نیک دل خوش صفات ہے۔

دیگر بجمال رہے متاب ایں رخ را — بگذار معاد و مبداء برزخ را
در آتش عشق دوست تر ہر دو را — ایں گندۂ آب مردۂ دوزخ را

مذکورۂ بالا شعرا کے علاوہ جن کے کلام کا نمونہ بھی ہدیۂ ناظرین کیا گیا ہے، ایک جماعت ایسی بھی ہے جس کو ہنوز شرف قدمبوسی نہیں حاصل ہوا۔ اس گروہ کا ہر فرد اگرچہ آنکھوں سے دور لیکن دل سے قریب اور جہاں پناہ کی مدح سرائی میں دیگر مشاغل سے بے نیاز ہے۔ ان کی تعداد کثیر ہے۔ چند کے اسما مندرجۂ ذیل ہیں۔

قاسم گونابادی، ضمیر اصفہانی، وحشی بافقی، محتشم کاشی، ملک قمی، ظہوری شیرازی، ولی دشت بیاضی، نیلی صبری، نگاری، حضوری، قاضی نوری اصفہانی، صفائی یمی، لطفی تبریزی، رشکی ہمدانی۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۳۰)

خنیاگراں (اربابِ نغمہ)

مؤلف اس طلسم کدۂ عرفاں یعنی نغمے کی تاثیرات اپنی بے بضاعتی و کم مائگی کی وجہ سے معرضِ بیان میں نہیں لا سکتا۔ اس فن کے کمال کا یہ عالم ہے کہ کبھی تو آواز کے ذریعے سے شبستانِ دل کے پری جمال باشندوں کو زبان تک لاکر اُن کی جلوہ آرائی سے ناظرین کو محو کرتا ہے اور کبھی تقدّس کا جامہ پہن کر ہاتھ و تار کے ذریعے سے رونما ہوتا اور مجالسِ حال کو گرم کرتا ہے۔ قلب سے نکلتا ہے اور بار دگر دریچۂ گوش کے ذریعے سے اپنے اصلی مرکز کو واپس جاتا اور اس مرتبہ ہزاروں نشاط انگیز تحائف اپنے ہمراہ لے جاتا ہے۔

نغمہ نوازی کے عالم میں سامعین پر اُن کی حیثیت کے مطابق رنج و مسرت کے آثار طاری ہوتے ہیں اور یہ امر بخوبی ثابت ہو جاتا ہے کہ نغمہ تارکِ دنیا کی طرح دنیا کے شیدائیوں کے دل کی بھی روحانی غذا ہے۔ قبلۂ عالم اس فن پر خاص توجہ فرماتے اور ہر موسیقی داں کے سرپرست و مربّی ہیں۔

بیشمار ہندی و ایرانی و تورانی و کشمیری نغمہ پرداز بارگاہ عالی میں جمع ہیں جن میں مرد و عورت دونوں داخل ہیں۔ جہاں پناہ نے حاضرینِ دربار کو سات گروہ میں تقسیم فرمایا ہے۔ ہر گروہ ہفتے میں ایک روز حاضر ہو کر اپنے کمالات دکھاتا اور سامعین کے

قلوب کو سکان کے ذریعے سے بادۂ معرفت کا متوالا بنا کر کسی کو مست اور کسی کو ہوشیار کرتا ہے۔ اس فرقے کے تفصیلی حالات قلمبند کرنا دشوار ہے، ناچار چند خاص باکمال افراد کے نام ناظرین کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

جدول خنیاگران (ارباب نغمہ)

نمبر شمار	نام	وطن لقب یا نسبت	کیفیت
۱	میاں تان سین۔	گوالیار	گذشتہ ہزار سال میں اس کا مثل نہیں پیدا ہوا۔
۲	بابا رام داس	〃	گویا
۳	سبحان خاں	〃	〃
۴	سرگیان خاں	〃	〃
۵	میاں چاند	〃	〃
۶	بچتر خاں	برادر سبحان خاں	〃
۷	محمد خاں	ڈھاڑی	〃
۸	بیرمندل خاں	گوالیار	سرمندل بجانے والا (مندل ایک قسم کی ڈھولک ہے)
۹	یاز بہادر	رئیس مالوہ	بیمثل گویا
۱۰	صاحب خاں	گوالیار	بین بجانے والا
۱۱	داؤد	ڈھاڑی	گویا
۱۲	سرود خاں	گوالیار	〃
۱۳	میاں لال	〃	〃
۱۴	تان ترنگ خاں	لیتا نسین	〃
۱۵	ملّا اسحاق	ڈھاڑی	〃
۱۶	استاد ہسنہ	مشہدی	یا نسرئی بجانے والا۔
۱۷	نانک جار جو	گوالیار	گویا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نمبر شمار	نام	وطن/لقب یا نسبت	کیفیت
۱۸	پربین خاں	پسر نانک جاٹ جو	بین بجانے والا۔
۱۹	سورداس	پسر رام داس	گویّا
۲۰	چاند خاں	گوالیار	〃
۲۱	رنگ سین	آگرہ	〃
۲۲	شیخ داؤد	ڈھاڑی	کرنا پھونکنے والا (کرنا ایک قسم کی بڑی بانسری کو کہتے ہیں)
۲۳	رحمت اللہ	برادر ملا اسحٰق	گویّا
۲۴	میر سید علی	مشہد	سارنگی بجانے والا۔
۲۵	استا یوسف	ہرات	طنبورہ بجانے والا۔
۲۶	قاسم	کوہ بر (لقب) کوہ بر ایک چٹانی قبیلے کا نام ہے	اس شخص نے قنبر و رباب کے درمیان ایک ساز ایجاد کیا۔
۲۷	تاش بیگ	قبچاق	قنبر نواز (قنبر بھی ایک قسم کا ساز ہے)
۲۸	سلطان حسین	مشہد	گاتا اور بھاؤ بتاتا ہے۔
۲۹	بہرام قلی	ہرات	سارنگی بجاتا ہے۔
۳۰	سلطان ہاشم	مشہد	طنبورہ بجاتا ہے۔
۳۱	استا شاہ محمد	〃	سرنا بجاتا ہے (سرنا وہ نے ہے جو شادی میں بجائی جاتی ہے)۔
۳۲	استا محمد امین۔	〃	طنبورہ بجاتا ہے۔
۳۳	حافظ خواجہ علی	مشہد	بھاؤ بتاتا ہے۔
۳۴	میر عبداللہ	برادر میر عبدالحی	قانون بجاتا ہے۔ (قانون ایک باجہ ہے جو تاروں کی کثرت کی وجہ سے مسطر معلوم ہوتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

نمبر شمار	نام	ولد/لقب یا نسبت	کیفیت
۳۵	پیرزادہ	برادرزادہ میرادام خراسانی	گاتا اور بھاؤ بتاتا ہے۔
۳۶	استاد محمد حسین	-	طنبورہ بجاتا ہے۔

ارباب نغمہ میں بیشمار سحر پرداز استاد مرتبۂ امارت پر فائز ہیں۔
ایک گروہ سپاہیوں میں داخل ہے۔
پیادوں کو ایک سو پچاس دام روزانہ سے کم نہیں دیتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دفتر سوم
در
ملک آبادی

اُن جدید قوانین کو لکھنے کے بعد جن سے فوج اور مختلف محکموں کا حسن انتظام وابستہ ہے۔ اب میں انجام اندیش اور نکتہ رس بادشاہ کے وہ آئین لکھتا ہوں جن سے ملک کا نظام خیر و خوبی کے ساتھ چل رہا ہے۔

آئین (۱)

تاریخ الٰہی

اگر مہینے اور دن کا شمار نہ کیا جائے تو لین دین کا کام ہاتھ سے جاتا رہے اور بھول چوک نیز بد دیانتی سے دُنیاوی کاروبار میں بڑی بے ترتیبی پیدا ہو جائے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر قوم نے اس کے لئے کوئی نہ کوئی تدبیر سوچ کر ہر کام کی ابتدا کو کسی نہ کسی خاص نشان سے معین کر دیا ہے۔

چونکہ مقصود یہ ہے کہ کام کو خیر خوبی اور اطمینان کے ساتھ کرنے کی تعلیم دی جائے اور اسی کے ساتھ ساتھ جس قدر ممکن ہو کام کرنے والے کے لئے آسانیاں بھی پیدا کی جائیں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اس لئے ضروری سمجھا گیا کہ پرانی تاریخوں کو ترک کیا جائے اور ان کی جگہ نئے سال و ماہ مقرر کئے جائیں۔ اسی خیال کو مدنظر رکھ کر اقبالمند بادشاہ نے سنہ ۲۹ الٰہی میں ملک و مال کو سیراب کرنے اور گلشن اقبال کو سرسبز و شاداب کرنے کی طرف توجہ کی۔

واقعات کو کسی خاص زمانے کے ساتھ مخصوص کرنے کو اہل پارس ماہ و روز اور اہل عرب مؤرّخ کہتے ہیں۔ اسی لفظ مؤرّخ کی مناسبت سے تاریخ کا لفظ عام طور پر زبانوں پر جاری ہے۔ بعض کا خیال ہے کہ تاریخ آراخ سے مشتق ہے۔ آراخ جنگلی سانڈ کو کہتے ہیں۔ باب تفعیل کا ایک خاصہ زدودن (صاف کرنا و زنگ دور کرنا) بھی ہے۔ آراخ کو باب تفعیل میں لے جاکر تاریخ بنالیا ہے، چونکہ واقعے کو کسی خاص زمانے کے ساتھ معیّن کر دینے سے اس واقعے کا زمانۂ وقوع یاد اور تازہ رہتا ہے یا یہ کہ چونکہ کسی بانی کے وقوع کے وقت جانور کا وجود ختم ہو جاتا ہے اس لئے ہر تعیّن کو تاریخ کے نام سے موسوم کر دیا ہے۔ بعض اشخاص لکھتے ہیں کہ لفظ تاریخ تاخیر کا مقلوب ہے اور اس کا مفہوم ہر واقعے کے آخری وقت کو اُس کے ابتدائی زمانے کے ساتھ منسوب کرنا ہے۔ ایک گروہ کا خیال ہے کہ تاریخ سے مراد ہر واقعے کا وہ آخری وقت ہے جس میں وہ واقعہ پورے طور پر رونما ہو۔ عرب کا دستور ہے کہ کسی شخص کی مدح میں کہتے ہیں کہ فلاں شخص اپنی قوم کی تاریخ ہے۔ اس سے مُراد اُس شخص کے خاندان کی وہ شرافت ہے جو اُس کے عہد میں معیارِ کمال کو پہنچ کر بخوبی ظاہر ہوئی۔ عرفِ عام میں تاریخ سے وہ خاص دن مراد ہے جس سے کسی واقعے کی ابتدا کا شمار کیا جاتا اور جس سے کوئی خاص واقعہ آیندہ واقعات کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ اس خیال کو مدنظر رکھ کر ہر قوم کوئی خاص دن ایسا منتخب کر لیتی ہے جس میں کوئی بڑا سانحہ دنیا میں رونما ہوتا ہے مثلاً کسی فرقے یا مذہب کی پیدائش، کسی بڑے حکمراں کی تخت نشینی، کسی عظیم الشان سیلاب کی آمد یا کسی بڑے زلزلے کے وقوع کا دن۔

غرضکہ بے انتہا جفاکشی یا خوش نصیبی، شبانہ روز کی عبادت، زمانہ شناسی، دانشمندی کی تعلیم، حصول امن و امان، دانشمندان زمانہ کی فراہمی، مختلف علوم خصوصاً ریاضی کی مہارت اور خدا کی توفیق و امداد سے رصدگاہیں تیار کی گئیں اور زمین پر جو گرد و غبار سے پاک و محفوظ ہے کئی کئی منزل کی بلند و عالی شان عمارات

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

تعمیر کی گئیں جن میں اوپر اور نیچے نفیس و عمدہ کمرے اور مختلف قسم کی کھڑکیاں، روشندان اور زینے بنائے گئے۔

ان عمارات و آلات رصد یعنی ذات الحلق، ذات الشعتین، وذات الثقبتین، وربع مجیب و اصطرلاب وکرہ وغیرہ کے ذریعے سے فن ہیئت میں ترقی ہوئی اور افلاک کا شمار ستاروں کے مقامات طول وعرض میں حرکات کا اندازہ، ستاروں کی ایک دوسرے و نیز زمین سے دوری اور اجرام سماوی کا چھوٹا اور بڑا ہونا، ان تمام امور کا علم حاصل ہوا۔

ظاہر ہے کہ ایسا اہم کام بغیر کسی انصاف پسند فرماں روا کے روزافزوں اقبال کی برکت اور بلا اُس کی بیحد توجہ کے انجام نہیں پا سکتا۔

علما و صاحبان عقل و دانش کا ایک جا جمع ہونا اور قدیم حکما کے فلسفیانہ نسخوں اور گزشتہ بزرگوں کے علمی و عملی کارناموں کا یکجا ہونا علاوہ زر و مال خرچ کرنے کے بادشاہ کی کوشش اور اُس کی خاص توجہ کا محتاج ہے۔ ان تمام امور کے باوجود ہفت سیاروں کے ایک دور سے پر آگاہی حاصل کرنے کے لئے کامل تیس سال درکار ہیں۔ جس قدر زمانہ دراز اور کوشش زیادہ ہوگی اُسی قدر کام مکمل اور اُس کے نتائج عمدہ ہوں گے۔

اس کہن سال و پُر آشوب دُنیا میں اکثر توفیق یافتہ حضرات نے اس اہم کام کو ایک حد تک انجام دیا ہے۔ چنانچہ ارشمیدش اور ارسطرخش و ابرخس نے ملک مصر میں جس کو کہ سنہ جلوس اکبری تک ایک ہزار سات سو انہتر سال گزر چکے ہیں اور بطلیموس نے اسکندریہ میں سنہ مذکور سے تقریباً تین ہزار چار سو دس برس پیشتر اس عظیم الشان کام کا سنگ بنیاد رکھا۔

بغداد میں خلیفہ مامون الرشید سے اس کتاب کی تالیف سے سات سو نوے سال پیشتر اس اہم امر پر توجہ کی۔ اسی طرح سنہ الٰہی سے سات سو چونسٹھ سال قبل سند بن علی و خالد بن عبد الملک مروزی نے دمشق میں اور حاکمی و ابن عالم نے سات سو بارہ سال پیشتر بغداد میں رصدگاہیں تیار کیں۔ لیکن آخر الذکر رصد ناتمام رہ گئی۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

چھ سو پچاس سال قبل بتّانی نے رقّہ میں اور تین سو باسٹھ سال پیشتر خواجہ نصیر طوسی نے مراغہ تبریز میں اور ایک سو چھپن سال قبل مرزا الغ بیگ نے سمرقند میں رصد گاہوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ آخر الذکر رصد بہترین خیال کی جاتی ہے۔

عربی زبان میں رصد کے لغوی معنیٰ انتظار اور منتظران کے ہیں۔ اور اصطلاح میں اُس گروہ کو کہتے ہیں جو خاص خانوں میں ستاروں کی حرکات اور اُن کی مختلف اوضاع کا معائنہ کرتے ہیں۔

یہ گروہ اس طریقے پر جس قدر حالات اجرام فلکی کے دریافت کرتا اور جس نتیجے پر پہنچتا ہے اس کو جدول کے طریقے پر معرض تحریر میں لاتا ہے۔

اس جدول کو زیج کہتے ہیں۔ زیج دراصل فارسی زیگ ہے۔ زیگ کے معنیٰ تاگے کے ہیں جس طرح کہ تاگے نقشی کپڑا تیار کرنے میں نقش بنانے والوں کی رہبری کرتے ہیں اسی طرح یہ زیج وہ دستور العمل ہے جو اجرام فلکی کی شناخت میں راہنمائی کرتے ہیں۔

خطوط اور جدول طول و عرض میں ان تاگوں سے مشابہ ہیں جن کا ذکر اوپر کیا گیا۔

بعض اشخاص کا خیال ہے کہ زیج لفظ زِہ کا معرّب ہے اور ضرورت کے لحاظ سے اس لفظ کو اہل نجوم نے اختیار کر لیا ہے جیسا کہ ہر عاقل سمجھ سکتا ہے۔

ایک گروہ کی رائے ہے کہ یہ لفظ خالص فارسی ہے جس کے معنیٰ اُس تاگے کے ہیں جس سے فن تعمیر میں معماران کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں۔ چونکہ منجم زیج سے ستاروں کی صحت کو معلوم کرتا ہے اس لیے نجومی نقشے کو بھی زیج کے نام سے موسوم کیا گیا ہے متعدد اشخاص نے زیج تیار کر کے اپنی یادگار چھوڑی ہے جن کے اسما مندرجہ ذیل ہیں۔

زیج ماجور ترک	زیج ابرخس	زیج بطلیموس	زیج فیثاغورث
زیج زردشت	زیج ساون اسکندرانی	زیج ساماط	زیج ثابت بن قرہ
زیج حسام بن سنان	زیج ثابت بن موسیٰ	زیج محمد بن جابر بتّانی	زیج احمد بن عبد اللہ حبا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

زیج ابوریحان	زیج خالد بن عبدالملک	زیج یحییٰ بن منصور	زیج حامد مروروذی
زیج معنیشی	زیج شوتی	زیج ابوالوفا ثوربقانی	زیج جامع کیاکوشیار
زیج بالغ کیاکوکشار	زیج سلیمان	زیج ابوحامد انصاری	زیج صفائح
زیج ابوالفتح شیرازی	زیج مجموع	زیج مختار	زیج ابوالحسن طوسی
زیج احمد بن اسحٰق سرخسی	زیج غزاری	زیج ہارونی	زیج ادوار قرانات
زیج یعقوب بن طارق	زیج خوارزمی	زیج خوارزمی	زیج یوسفی
زیج وافی	زیج جوہرین	زیج سمعانی	زیج ابن سحرہ
زیج ابوالفضل ماشاذ	زیج عاصمی	زیج کبیر ابومعشر	زیج سند بن علی
زیج ابن اعلم	زیج شہریاراں	زیج اوکند	زیج ابن صوفی
زیج سہلان کاشی	زیج اہوازی	زیج عروس ابی جعفر موشنجی	زیج ابوالفتح
زیج عکہ راہبی	زیج قانون مسعودی	زیج مختبر بخری	زیج وجیز معتبر
زیج احمد عبدالجلیل سنجری	زیج محمد حاسب طبری	زیج عدنی	زیج طبلسانی
زیج اصابعی	زیج کرمانی	زیج سلطان علی خوارزمی	زیج فاخر علی بیشی یا لشی
زیج علائے شیروانی	زیج زاہدی بازہری	زیج مستونی	زیج منتخب یزدی
زیج ابورضا یزدی	زیج قیدورہ	زیج اکلیلے	زیج ناصری
زیج ملخص	زیج دستور	زیج مرکب	زیج مقلہ
زیج عصا	زیج شتسا . یا شتلہ	زیج حاصل	زیج خطائی
زیج یلمی	زیج مظفر محمد بن ایوب	زیج کامل ابورشید	زیج ایلخانی
زیج جمشیدی	زیج گورکانی	زیج عضدی کیاکوشیار	

اہل نجوم ہر سال سیاروں کی خاص خاص حرکات و خبری واقعات کی ایک مکمل فہرست تیار کرتے ہیں۔ اس فہرست کو تقویم (جنتری) کہتے ہیں۔

تقویم دراصل ستاروں کی اُس حرکت کو کہتے ہیں جو برج حمل سے شروع ہو کر فلک البروج کے کسی خاص مقام پر دور پورا کر کے تمام ہوتی ہے۔

تقویم کو ہندی میں پتّرہ کہتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

حکمائے ہند اختر شناسی کو پاکیزگی نفس کا ایک کرشمہ خیال کرتے ہیں۔ ان کا عقیدہ ہے کہ انسان اپنے نفس کی صفائی، اپنے افعال کی پاکیزگی اور مراقبے وغور کی مشق اور اپنے جسم کو ان روحانی صفات سے رنگنے سے جو عالم مادّیات سے بالا و برتر ہیں، ایسے مرتبۂ اعلیٰ پر پہنچ جاتا ہے کہ مادّی و روحانی اشکال اور واقعات خواہ جزئی ہوں یا کلّی اور خواہ عالم علوی میں ہوں یا عالم سفلی میں، خواہ اُن کا تعلّق گزشتہ زمانے سے ہو اور خواہ زمانۂ آئندہ سے، اُس پر منکشف ہو جاتے ہیں

یہ روشن ضمیر افراد اپنی مہربانی سے علم و ہنر کی گرم بازاری کو مدّنظر رکھتے اور ان احوال و اشکال سے سعادت مند افراد کو اطلاع دیتے ہیں اور وہ اُن کی اس تعلیم کو معرض تحریر میں لاتے ہیں اور اس قسم کے نوشتے سدھانت کے نام سے موسوم کیے جاتے ہیں

اس زمانے میں اس طرح کے نو نسخے نادر روزگار موجود ہیں۔

(۱) برہم سدھانت (۲) سورج سدھانت (۳) سوم سدھانت (۴) برہسپت سدھانت ان چاروں سدھانتوں کی بابت کہا جاتا ہے کہ یہ بہ ترتیب برہما، سورج، چاند و مشتری کے کشف نامے ہیں۔ ان کی ابتدا کو بہت دراز عرصہ گزرا، چاروں بہت مقدس خیال کیے جاتے ہیں خصوصاً اول و دوم۔

(۵) گرگ سدھانت (۶) نارد سدھانت (۷) پاراسر سدھانت (۸) پلوت سدھانت، (۹) بشسٹھ سدھانت۔

یہ پانچوں سدھانت انسانی حقائق نامے ہیں جو روشن ضمیر افراد نے اہل عالم کی رہنمائی کے لئے اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ ناشناس افراد ممکن ہے کہ زبان طعن دراز کریں اور ان کی حقیقت پر اعتراض کریں کہ بعض اہل نجوم نے رصد کے ذریعے سے کواکب کی اشکال اور ان کی حرکات کا علم حاصل کیا اور ان اسرار کو پوشیدہ رکھ کر بعد میں اُن کو قلبی واردات و انکشافات کا جامہ پہنا کر اہل عالم پر ظاہر کیا لیکن انصاف پسند و حقیقت شناس اشخاص ان اقوال سے انکار نہیں کر سکتے اس لئے کہ ایک ایسا گروہ جو ظاہر و باطن ہر طرح کی خوبیوں سے آراستہ ہے لاکھوں برس سے ان سدھانتوں کی بابت ایک ہی عقیدہ رکھتا اور ان کو آسمانی و مقدس خیال کرتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

تمام اقوام کی رائے میں شبانہ روز جو تاریخ کے اصل اصول ہیں دو قسم پر منقسم ہیں (۱) حقیقی، یہ قسم توران و نیز ممالک مغرب کے خیال کے مطابق ہے، جہاں دوپہر سے دوپہر تک شبانہ روز کا حساب کیا جاتا ہے یا چین و چینی ترکستان میں جہاں کے باشندے نصف شب سے دوسری آدھی رات تک شبانہ روز کو شمار کرتے ہیں، لیکن عام طور پر تمام اشخاص غروب آفتاب سے دوسرے غروب تک شبانہ روز خیال کرتے ہیں۔

ہندی حکما کی رائے ہے کہ کرۂ زمین کے انتہائے شرق یعنی جگن ناتھ میں طلوع آفتاب سے دوسرے طلوع تک اور انتہائے مغرب یعنی روم میں غروب آفتاب سے دوسرے غروب تک اور جزیرۂ لنکا یعنی منتہائے جنوب میں نصف شب سے دوسری آدھی رات تک ایک شبانہ روز شمار کرتے ہیں۔

دہلی میں بھی جزیرۂ لنکا کی تقلید کرتے ہیں۔

سدھ پور یعنی انتہائے شمال میں ایک دوپہر سے دوسری دوپہر تک کا وقفہ ایک شبانہ روز سمجھا جاتا ہے۔

(۲) وسطی جس کو اصطلاحی بھی کہتے ہیں۔ فلک اعظم کے ایک دور سے کی مقدار پر مشتمل ہے جس کا اندازہ آفتاب کی گردش سے کیا جاتا ہے جو منطقۃ البروج میں واقع ہوتی ہے۔

اس اہم کام میں آسانی پیدا کرنے کے لئے علمائے نجوم نے آفتاب کی مجموعی گردش کو ایام دور پر برابر تقسیم کر کے خارج قسمت کو اوسط ہر روزہ قرار دیا ہے لیکن چونکہ دوروں کی مدت مختلف ہوا کرتی ہے اس لئے اوساط بھی مختلف ہوتے ہیں۔ مختلف زیجات میں اوسط کی مقدار حسب ذیل ہے۔

زیج بتانی انچاس[۴۹] دقیقہ آٹھ[۸] ثالثہ چھیالیس[۴۶] رابعہ چھپن[۵۶] خامسہ اور چودہ سادسہ۔

دایلخانی انچاس[۴۹] دقیقہ آٹھ[۸] ثانیہ انیس[۱۹] ثالثہ چوالیس[۴۴] رابعہ دس[۱۰] خامسہ سینتیس[۳۷] سادسہ۔

جدید گورکانی انچاس[۴۹] دقیقہ آٹھ[۸] ثانیہ سینتیس[۳۷] رابعہ چھیالیس[۴۶] خامسہ۔ بطلیموس مجسطی میں اگرچہ دقیقہ و ثانیہ میں متحد ہے لیکن شرہ[۱۰] ثالثہ تیرہ[۱۳] رابعہ بارہ[۱۲] خامسہ۔ اکیس[۲۱] سادسہ کا قایل ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اسی طرح قدیم زیجات میں طرح طرح کے اختلافات مرقوم ہیں جو غالباً علم و آلات رصد کے اختلافات کے نتائج ہیں۔

سال و فصول کا مدار آفتاب کی گردش پر منحصر ہے۔

آفتاب کے کسی خاص مقام سے حرکت شروع کرنے اور اس کے تمام دورے کو تمام کر کے پھر اسی منطقۂ معیّن پر واپس آنے میں جو وقفہ ہوتا ہے اُسے سال کہتے ہیں۔

آفتاب جس زمانے تک ایک برج میں رہتا ہے وہ زمانہ شمسی ماہ کہلاتا ہے۔

ماہتاب کے ایک خاص مقام سے حرکت کرنے اور پھر اسی مقام پر واپس آنے میں جو وقفہ ہوتا ہے اس کو قمری ماہ کہتے ہیں۔ اس حرکت میں ماہتاب آفتاب کے ساتھ جمع یا اس کے مقابل یا کسی اور وضع میں ہوتا ہے۔

چونکہ ماہتاب کے بارہ دورے آفتاب کے ایک دورے کے برابر ہوتے ہیں اس لئے ماہتاب کے ان دوروں کو قمری سال کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

ہر سال دہر مہینہ شمسی بھی ہے اور قمری بھی اور ان میں سے ہر ایک حقیقی بھی ہے اور وسطی بھی۔

حقیقی اس صورت میں جبکہ سیاروں کی گردش ظاہر کی جائے نہ کہ شمار ایام۔ اور وسطی اس حالت میں جبکہ شمار ایام کا لحاظ کیا جائے نہ کہ سیاروں کی گردش کا۔

حکمائے ہند مہینے کی طرح سال کو بھی چار قسموں میں تقسیم کرتے اور ہر قسم کو خاص مقصد کے لئے مخصوص کرتے ہیں۔

غرضکہ روز و شب و سال و ماہ کا جو تاریخ کی اصل ہے، مختصر ذکر کرنے کے بعد چند قدیم تاریخوں کا حال درج کیا جاتا ہے تاکہ مضمون واضح ہو جائے۔

ہندی تاریخ

اس کی ابتدا برہما کی پیدائش سے ہے، جس کا ہر روز تاریخ کا آغاز سمجھا جاتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ ستر کلپ گزرنے کے بعد ایک منو پیدا ہوتا ہے ہر کلپ میں چار جگ ہوتے ہیں جن کے تینتالیس لاکھ بیس ہزار سال شمار کئے جاتے ہیں۔ منو برہما کی خواہش سے پیدا ہوتا ہے اور گویا رضائے برہما اس کی تولید کا سبب و باعث ہے۔

برہما کے بر روز میں چودہ منو پیدا ہوتے ہیں۔ اب برہما کی پیدائش کا اکاونواں سال ہے۔ چھ منو گزر چکے ہیں اور ساتویں منو کے ظہور کو ۲۷ کلپ تمام و کمال اور اٹھائیسویں کلپ کے تین جگ سلم اور چوتھے جگ کے ۴۷۰۰ برس گزرے ہیں۔

موجودہ جگ کے آغاز میں راجہ جڈھشتر نے سارے عالم کو فتح کیا۔ چونکہ یہ راجہ گزشتہ جگ کے بالکل آخری زمانے میں تھا۔ اس لئے اُس نے اپنے عہد حکمرانی سے سنہ کی ابتدا کی۔ اس سنہ کو موجودہ زمانے تک جو سنہ الٰہی ہے ۴۶۹۶ برس گزر چکے ہیں۔ یہ سنہ ۳۰۲۴ سال رائج رہا جس کے بعد راجہ بکرماجیت نے اپنے جلوس کے لحاظ سے دوسرا سنہ مقرر کیا اور اس طرح پر اُس نے بنی نوع انسان کے لئے ایک قدرے سہولت پیدا کی۔ بکرماجیت نے ۱۳۵ برس حکومت کی جس کو آج تک ۱۶۵۲ برس گزر چکے ہیں۔ ہندوؤں کا بیان ہے کہ ایک نوعمر شخص مسمی سالباہن نے باطنی اثرات سے بکرماجیت پر فتح پائی اور میدان جنگ میں اُسے اسیر کر لیا۔ چونکہ بکرماجیت کی شخصیت ایسی نہ تھی کہ فاتح اُس پر تلوار چلاتا' لہٰذا سالباہن نے اُس کی عزت و توقیر کی اور اُس سے پوچھا کہ اُس کی دلی خواہش کیا ہے۔ بکرماجیت نے جواب دیا کہ اب دُنیا کی کوئی تمنا اُس کے دل میں باقی نہیں ہے اور گوشہ نشینی اور خدا کی پرستش کرنا اُس کی بہترین آرزو ہے لیکن تاہم وہ اتنا ضرور چاہتا ہے کہ اُس کا رائج کردہ سنہ منسوخ نہ ہو۔ کہا جاتا ہے کہ سالباہن نے یہ درخواست قبول کر لی اور اگرچہ اس نے اپنا سنہ خود جاری کیا لیکن پھر بھی سنہ بکرمی کو منسوخ نہیں کیا۔ سنہ سالباہن کے ۱۷۵۱ برس گزر چکے ہیں۔ ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ سنہ سالباہن اٹھارہ ہزار سال تک جاری رہے گا۔ اس کے بعد بجیا بھنندن اپنے جلوس کے زمانے سے جدید سنہ رائج کرے گا جو دس ہزار سال جاری رہے گا۔ بجیا بھنندن کے بعد ناگا ارجن دُنیا پر حکومت کرے گا اور اُس کے وقت میں سنہ میں پھر تبدیلی ہو گی یہ سنہ چار لاکھ برس جاری رہے گا۔ ان چھ سنوں کو یہ لوگ پاک و مقدس جانتے ہیں

اور انھیں ساکا کہتے ہیں۔ علاوہ ازیں بیشمار سنہ گذرے ہیں جو سنپت کہلاتے ہیں بسالباہن کے ظہور کے بعد بکرمی ساکھا بھی سنپت ہی کے نام سے مشہور رہا۔ ان چھ زمانوں کے ختم ہونے کے بعد کلجگ کا اختتام اور نئے جگ کے آغاز سے تاریخ اور سنہ میں جدید تبدیلیاں ہوں گی۔

حکمائے ہند نے سال اور مہینوں کو چار قسموں میں تقسیم کیا ہے (۱) سورماس۔ اس سے مراد آفتاب کا ایک برج میں رہنا ہے۔ اس کا ہر سال تین سو پینسٹھ دن پندرہ گھڑی تیس پل اور ½ ۲۲ بیل کا ہوتا ہے۔

(۲) چندر ماس۔ اس کی ابتدا پرواسے اماس تک ہے۔ اس کا سال تین سو پچاس روز بائیس گھڑی ایک پل کا ہوتا ہے۔ اس سال کا آغاز آفتاب کے برج حمل میں داخل ہونے سے ہوتا ہے۔ مہینے میں تیس تتھ ہوتے ہیں۔ تتھ سے مراد وہ وقفہ ہے جو ماہتاب کے آفتاب کے ساتھ جمع ہونے کے بعد سے ماہ کے بارہ درجے طے کرنے میں صرف ہوتا ہے۔ ماہتاب کی چال میں تیزی اور سستی ہو جانے کی وجہ سے گھڑیوں کے اوقات میں بھی فرق ہو جاتا ہے۔ سرعت کی حالت میں زیادہ سے زیادہ ۶۴ گھڑی اور سستی کی حالت میں زیادہ سے زیادہ ۵۷ گھڑیاں ہوتی ہیں۔ پہلی تتھ کا نام پرِوا ہے، دوسری کو دوج، تیسری کو تیج، چوتھی کو چوتھ، پانچویں کو پنچمین، چھٹی کو چھٹ، ساتویں کو ستمی اور آٹھویں کو اشٹمین، نویں کو نومین، دسویں کو دسمین، گیارھویں کو ایکادسی، بارھویں کو دوادسی، تیرھویں کو تیرودسی، چودھویں کو چودس اور پندرھویں کو پورن ماسی کہتے ہیں۔ اسی طرح سولھویں سے انتیس تک پھر انھی ناموں سے موسوم کرتے ہیں اور تیسویں حصے کو اماوس کہتے ہیں۔ اوّل پرِوا سے پندرھویں تک شکل پچہ اور دوسرے کو کشن پچہ کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ بعض اشخاص مہینے کی ابتدا کو کشن پچہ کے اوّل روز سے کرتے ہیں۔ جنتریوں میں بیشتر سال شمسی ہوتے ہیں۔ چونکہ قمری سال شمسی برس سے دس روز ۵۳ گھڑی ۲۹ پل ½ ۲۲ بیل کم ہوتا ہے اس لئے اس اعتبار سے دو سال آٹھ مہینے پندرہ دن تیس گھڑی کے بعد ایک مہینہ زیادہ ہو جاتا ہے اور تقویمی حرکت کے مطابق یہ فرق تین سال سے زائد اور دو سال ایک ماہ سے کم نہیں ہوتا۔ پہلے شمار کے موافق بارہ مہینوں میں سے کسی ایک میں یہ کسر جمع ہو جاتی ہے چنانچہ ایسے سال میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ہندو اس خاص مہینے کو دو بار گنتے ہیں اور دوسرے شمار کے موافق اس کسر کو شمسی مہینے میں جبکہ قمر کا اجتماع دو مرتبہ ہوتا ہے شامل ہونا ضروری ہے۔ چیت کے مہینے سے کنوار تک کسی مہینے میں اس قسم کا اجتماع ہونا ضروری ہے۔ ان سات مہینوں کے علاوہ کسی اور مہینے میں ایسے اجتماع کا ہونا ممکن نہیں ہے۔ ہر ایسے مہینے کو ادھک ماہ کہتے ہیں، اور اسی ادھک کو عوام لوند کہتے ہیں۔

(۳) ساون ماس جس دن سے چاہتے ہیں اس کو شروع کرتے ہیں۔ مہینہ تیس دن کا ہوتا ہے اور ایک سال میں تین سو ساٹھ دن ہوتے ہیں۔

(۴) نچھتر ماس۔ اس کی ابتدا ہر ایسی منزل سے ہوتی ہے جہاں سے چاند گزر کر پھر اس منزل تک آجائے۔ اس سنہ کا ہر مہینہ ۲۷ دن کا اور سال تین سو چھ بیس دن کا ہوتا ہے۔

ان کے نزدیک موسم کی تعداد چھ ہے جن میں سے ہر ایک کو رُت کہتے ہیں۔ آفتاب جب برج حمل و ثور میں ہوتا ہے تو اس زمانے کو بسنت کہتے ہیں۔ اس موسم میں آب و ہوا معتدل ہوتی ہے۔ جب آفتاب ثور و جوزا میں جاتا ہے تو گرمی کی رُت کہلاتی ہے۔ اس فصل کو گریکھم کہتے ہیں۔ جب سرطان و اسد میں ہوتا ہے تو موسم باراں خیال کیا جاتا ہے اور یہ فصل برکھا کے نام سے موسوم ہوتی ہے۔ جب سنبلہ اور میزان میں داخل ہوتا ہے تو بارش کا اختتام اور سرمایہ کا آغاز خیال کیا جاتا ہے یہ موسم بھی سرد ہے۔ قوس و عقرب میں داخلے کے وقت جاڑا ہے۔ جدی اور دلو کے زمانے میں موسم سرما و گرما کے درمیان یعنی معتدل سمجھا جاتا ہے اور موسم کو ششر کہتے ہیں۔ یہ اشخاص سال کے تین حصے کرتے ہیں، اور ہر حصے کو کال کہتے ہیں جس کا آغاز ماہ پھاگن سے ہوتا ہے۔ گرمی کے چار مہینے دھپ کال، بارش کے چار ماہ برکھا کال اور جاڑے کے چار ماہ سیت کال کہلاتے ہیں۔ ہندوستان کے حصے میں صرف تین ہی موسم ہوتے ہیں۔ جب آفتاب حوت، حمل، ثور اور جوزا میں ہوتا ہے تو زمانہ گرمی کا سمجھا جاتا ہے۔ سرطان، اسد، سنبلہ اور میزان کے زمانے میں موسم باراں ہوتا ہے اور عقرب، قوس، جدی و دلو میں موسم سرما ہوتا ہے۔ اہل ہند شمسی سال کو دو حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ حصۂ اول برج حمل سے اخیر سنبلہ تک۔ اس حصے کو اُتر گول کہتے ہیں۔ شمالی معدل النہار اس سے منطبق ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

دوسرا حصّہ اوّل میزان سے آخر حوت تک۔ اس حصّے کو دلکھن گول کے نام سے یاد کرتے ہیں اور جنوبی معدل النہار کا حساب اسی سے کیا جاتا ہے۔

اس کے علاوہ اوّل جاری سے آخر جوزا تک کے زمانے کو اُتر ایَن کہتے ہیں اس وقت آفتاب اُتر کی طرف ہوتا ہے اور اوّل سرطان سے آخر قوس تک کے موسم کو دچھنایَن کہتے ہیں۔ اس زمانے میں آفتاب کا رخ دکن کی طرف ہوتا ہے بیشمار واقعات جو پہلے حصّۂ موسم میں رونما ہوتے ہیں مبارک خیال کئے جاتے ہیں۔

ہندوؤں نے شبانہ روز کو ساٹھ حصّوں میں تقسیم کیا ہے۔ ہر حصّے کو گھڑی کہتے ہیں۔ ہر گھڑی ساٹھ پل اور ہر پل میں ساٹھ ناری ہوتی ہیں۔ ناری کو بپل بھی کہتے ہیں۔ ہٹا بی تندرست اور صحیح المزاج انسان کے چھ نفس کے برابر ہے بشرطیکہ انسان دوڑ دھوپ اور غصّہ و غضب سے محفوظ ہو۔ صحیح و تندرست انسان ایک گھڑی میں تین سو ساٹھ مرتبہ سانس لیتا ہے اور شبانہ روز میں اکیس ہزار چھ سو مرتبہ۔

ایک گروہ لکھتا ہے کہ سانس باہر کھینچنے کو تسواس اور سانس اندر لینے کو پرسواس کہتے ہیں اور ان دونوں کے مجموعے کا نام پران ہے۔ ایک پل میں چھ پران ہوتے ہیں اور ساٹھ پل کی ایک گھڑی ہوتی ہے۔

سجومی ساعت شبانہ روز کا چوبیسواں حصّہ ہے جو ۲½ گھڑی کے برابر ہے۔

ہر رات دن چار حصّوں میں منقسم ہے۔ ہر حصّے کو پہر کہتے ہیں لیکن ہر پہر برابر نہیں ہوتا۔

تاریخ خطائی

یہ فرقہ اپنی تاریخ کو عالم کی پیدائش سے آغاز کرتا ہے۔ ان کے عقیدے میں ابتدائے آفرینش سے اس وقت تک آٹھ ہزار آٹھ سو چوراسی دن گزرے ہیں۔ ہر دن میں دس ہزار سال ہوتے ہیں۔ اس گروہ کا عقیدہ ہے کہ عالم کی زندگی تین لاکھ دن ہے۔ بعضوں کا خیال ہے کہ دُنیا تین لاکھ ساٹھ ہزار دن قائم رہے گی۔ اس گروہ میں حقیقی شمسی سال و قمری ماہ رائج ہیں اور ہر سال کی ابتدا اُس وقت سے سمجھی جاتی ہے نصف راہ برج دلو کی طے کر لیتا ہے۔ اس عام عقیدے کے خلاف محی الدین مغربی

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

سال کی ابتدا اس وقت سے سمجھتا ہے جبکہ آفتاب برج دلو کے سولھویں حصے میں سے گزرتا ہے۔ بعضوں نے بجائے سولھویں حصے کے سترھویں اور بعضوں نے اٹھارھویں حصے کو آغاز سال کا وقت مقرر کیا ہے۔ اس آئین کے مطابق رات دن بارہ حصوں میں منقسم کئے گئے ہیں اور ہر حصے کو چاغ کہتے ہیں۔ چاغ آٹھ کہہ میں تقسیم کیا گیا ہے اور ہر کہہ کا ایک جداگانہ نام ہے۔ اہل خطا نے شبانہ روز کو دس ہزار فننگ میں تقسیم کیا ہے اور اس تقسیم کے لحاظ سے قمری سال کے تین دور ہیں جن کو شانگ دن، جونگ دن اور خاون کہتے ہیں۔ ہر دور میں ساٹھ برس ہوتے ہیں اور ہر دور سے کے ہر سال کو دو ہرے نشانات سے متعین کرتے ہیں۔ دور سے کی گردش دس اور بارہ مختلف نشانات سے متمائز ہے۔ پہلے نمبروں سے صرف سال اور دن کا شمار ہوتا ہے دوسرے نمبروں سے علاوہ سال اور دن کے اجزائے یوم کو بھی شمار کرتے ہیں۔ مذکورۂ بالا دونوں دور کو ترکیب دے کر سنین بناتے اور تفصیلی حساب تیار کرتے ہیں۔

ترکی سنہ

اس سنہ کو الغوری بھی کہتے ہیں۔ یہ سنہ خطائی سنہ سے مشابہ ہے۔ سوا اس کے کہ ترکوں کے نزدیک ان کے سنہ کا دورہ بارہ درجوں میں ختم ہو جاتا ہے۔ سال اور دنوں کا شمار ان میں وہی ہے جو اہل خطا میں رائج ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ بعض نجومی نقشے یعنی سالانہ جنتریاں دس ہی دور کی بنائی جاتی ہیں۔ ان کے سنہ کی ابتدا معلوم ہے۔ ابوریحان بیرونی کا قول ہے کہ ترکوں نے رومیوں کی ناقص تقسیم پر نو کا مزید اضافہ کر کے مجموعے کو بارہ پر تقسیم کیا ہے اور موش سے ابتدا کرنے کے بعد جس جانور پر کہ خارج قسمت ختم ہوتا ہے، سال اسی جانور کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے، لیکن یہ امر تجربے کے خلاف ہے جس کا اندازہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس طرح ہر دور میں ایک سال کی کمی ہو جاتی ہے لیکن بظاہر اصل مقصود یہ ہے کہ تقسیم کے بعد جو باقی رہتا ہے اس کو مختلف نشان میعادات پر

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

طرح کرتے چلے جاتے ہیں اور موش سے ابتدا کرکے جس جانور پر کہ یہ یقیہ عدد ختم ہوتا ہے اُسی کے نام سے سال کا آغاز کرتے ہیں۔ اگرچہ سنہ کی ابتدا کا پتا نہیں چلتا لیکن اس سے دور سے کے سال اور اُس کے نام کے متعلق کچھ نہ کچھ واقفیت ضرور ہو جاتی ہے۔

اگر ملکی سنہ کے غیر مکمل سال پر سات کا اضافہ کرکے مجموعے کو بار تقسیم کریں اور جو عدد باقی رہے اس کا اس طرح شمار کریں کہ موش سے ابتدا ہو تو جس جانور پر عدد کا خاتمہ ہوگا سال اُس جانور کے نام سے موسوم ہوگا۔ اس کی ترتیب حسب ذیل ہے۔

(۱) سیچقان۔ موش (چوہا)
(۲) اُود۔ گاؤ (بیل)
(۳) پارس۔ پلنگ (چیتا)
(۴) توشقان۔ خرگوش۔
(۵) لوئی۔ نہنگ۔ (گھڑیال)
(۶) بیلان۔ مار (سانپ)
(۷) یُونت۔ اسپ (گھوڑا)
(۸) قو۔ گوسفند (بکرا)
(۹) بیچ۔ بوزنہ (بندر)
(۱۰) تماقو۔ مرغ۔
(۱۱) ایت۔ سگ۔ (کتا)
(۱۲) تنگوز۔ خوک (سور)

ان ناموں میں ایل کے لفظ کا جو سال کے معنی میں ہے اضافہ کرتے ہیں۔

تاریخ منجّم

ان کے سال کی ابتدا بھی آفرینش عالم سے ہے۔ اس گروہ کا عقیدہ ہے کہ عالم کی پیدائش کے وقت تمام سیارے برج حمل میں تھے۔ ان کا سال شمسی ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اور اس حساب سے آج کی تاریخ تک ایک لاکھ چوراسی ہزار چھ سو چھیانوے برس گزرے ہیں۔

تاریخ آدم

اس سنہ کی ابتدا پیدائش آدم علیہ السلام سے ہے۔ اس گروہ کا سال شمسی اور قمری مہینے ہوتے ہیں۔ ایلخانی اور دوسرے ماہرین فن کی روایت کے موافق اس سنہ کے اس وقت تک پانچ ہزار تین سو ترپن سال شمسی گزرے ہیں اکثر مصنفین کے نزدیک اس سنہ کے چھ ہزار تین سو چھیالیس سال شمسی اور بعض کے حساب سے چھ ہزار نو سو اڑتیس سال شمسی گزر چکے ہیں۔ ایک گروہ کا عقیدہ ہے کہ اب تک چھ ہزار نو سو بیس سال گزرے ہیں۔ عیسائی ماہرین فن کا خیال ہے کہ پیدائش آدم سے اس وقت تک چھ ہزار سات سو ترانوے سال گزرے ہیں۔

تاریخ یہود

یہودی بھی اپنے سنہ کی ابتدا پیدائش آدم علیہ السلام سمجھتے ہیں۔ ان کے سال شمسی اور مہینے قمری اصطلاحی ہوتے ہیں۔ مہینے اور دن کا شمار تازی رسم کے مطابق ہوتا ہے۔ ان کے سال دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک بسیط جس میں تولند نہیں ہوتا اور دوسرا مقبور جس میں اس طرح کے اضافے کی ضرورت ہوتی ہے اور ہندیوں کی طرح اس میں ہر تیسرے سال ایک مہینے کا اضافہ ہوتا ہے

تاریخ طوفان

اس سنہ کی ابتدا حادثۂ طوفان سمجھی جاتی ہے۔ ان کے سال شمسی حقیقی اور مہینے قمری حقیقی ہوتے ہیں۔ سال کی ابتدا آفتاب کا برج حمل میں داخل ہے۔ ابو معشر بلخی نے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کو اکیس کے وسط پر پہنچنے کو اسی تاریخ پر مبنی کیا ہے۔ اس سنہ کو آج کی تاریخ تک چار ہزار چھ سو چھیانوے سال گزرے ہیں۔

تاریخ بخت نصر

بخت نصر بادشاہ نے اپنی تخت نشینی کی تاریخ سے اس سنہ کی ابتدا کی۔ اس کے سال شمسی اور اصطلاحی ہیں۔ سال میں تین سو پینسٹھ دن ہوتے ہیں۔ اس سنہ کا ہر مہینہ تیس دن کا ہوتا ہے لیکن سال کے آخری مہینے میں پانچ دن کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ بطلیموس نے سیاروں کی حرکات کا اسی تاریخ پر تعین کیا ہے۔ اس سنہ کو دو ہزار تین سو اکتالیس سال گزرے ہیں۔

تاریخ سلیس

سلیس کو فیلیپس اور فیلقس بھی کہتے ہیں اور یہ سکندر مقدونی کے نام سے وابستہ ہے۔ اس سنہ کا آغاز سکندر مذکور کی تاریخ وفات سے سمجھا جاتا ہے۔ اس کے سال اور مہینے اصطلاحی شمسی ہیں۔ بتاون اسکندر ثانی نے اوساط کو اکیس کے اصول کو قانون میں اور بطلیموس نے اپنے مشاہدات کو مجسطی میں اسی شبہ کے مطابق درج کیا ہے۔ اس سنہ کے آج تک ایک ہزار نو سو ستر برس گزرے ہیں۔

تاریخ قبطی

یہ سنہ بہت پرانا ہے۔ بتانی کا قول ہے کہ اس سنہ کے مہینے اور روز اطلاحی ہیں۔ اس سنہ کا سال بھی تین سو پینسٹھ روز کا ہوتا ہے اور اس میں کسر نہیں ہوتی زیج سلطانی کی تحریر کے موافق اس گروہ کا سال اور اس کے مہینے رومیوں کے قواعد کے موافق ہوتے ہیں۔ اس سنہ میں بھی لوند ہوتا ہے لیکن قبطی لوند رومی لوند سے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

چند ماہ پہلے شروع ہو جاتا ہے۔

تاریخ رومی

اس سنہ کا سال اور اس کے مہینے بھی اصطلاحی ہیں۔ ہر سال ۳۶۵ ¼ دن کا ہوتا ہے۔ بعض زیجات میں کسر ¼ سے بھی کم ہے۔ کسر کے بارے میں مختلف اقوال مذکور ہیں جو مندرجۂ ذیل ہیں۔ بطلیموس کے نزدیک یہ کسر چودہ دقیقے اڑتالیس ثانیے کی ہے۔ ایلخانی تاریخ میں کسر چودہ دقیقے پینتیس ثانیہ تیس ثالثہ ستاون ثالثہ ہے۔

اہل خطا کی زیج کے حساب کے مطابق چودہ دقیقہ چھتیس ثانیہ مرقوم ہے۔

جدید رصد گورگانی میں چودہ دقیقہ تینتیس ثانیہ مرقوم ہے۔

محی الدین مغربی کی رائے میں بارہ دقیقہ صحیح ہے۔ بتانی رصد کے مطابق تیرہ دقیقہ چھتیس ثانیہ ہے۔ محی الدین مغربی کا قول ہے کہ بعض رومی نجومیوں نے کسر کو ¼ سے زائد اعتبار کیا اور بعض اہل فن نے اس کو ¼ سے کم خیال کیا۔ ان ہر دو اقوال کی بنا پر امر اوسط کو صحیح ترین سمجھ کر کسر کو ¼ مقرر کرنا بہترین طریقہ خیال کیا گیا۔

ایک گروہ کا خیال ہے کہ رومیوں نے رصد کے ذریعے سے ٹھیک ¼ معین کیا ہے اس لئے ان کا سال حقیقتاً شمسی سال ہے۔ ملا علی قوشجی حساب اوّل کے اعتبار سے بھی اس سال کو حقیقی شمسی خیال کرتا ہے۔ اس سنہ کی ابتدا اسکندر ثانی یعنی ذوالقرنین کی وفات سے ہے۔ لیکن سکندر کی موت کے بارہ سال بعد سے سنہ کی ابتدا کی گئی ہے۔

ایک گروہ کا خیال ہے کہ سکندر ثانی اپنے جلوس کے ساتویں سال اپنے وطن مقدونیہ سے جہاں کشائی کے لئے روانہ ہوا اور اس وقت اس نے اس سنہ کو مقرر کیا۔

محی الدین مغربی کی رائے ہے کہ اس سنہ کی ابتدا سولوقس کی تاریخ جلوس سے ہوئی، یہ وہی شخص ہے جس نے شہر انطاکیہ کو آباد کیا۔ یہودی و سریانی اقوام میں بھی یہی سنہ رائج تھا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

بیان کرتے ہیں کہ سکندر فیلقوس فارس فتح کرنے کے لئے یونان سے روانہ ہوا اور بیت المقدس کی طرف سے گزرا سکندر نے شام کے یہودی علما کو طلب کیا اور اُن کو حکم دیا کہ تاریخ موسوی کو منسوخ کرکے اپنے قبائل میں بھی رومی سنہ کو رواج دیں۔ علمائے یہود نے جواب دیا کہ ہمارے اسلاف کے دستور کے مطابق کوئی تاریخ ہزار سال سے زیادہ رائج نہیں رہتی۔ امسال ہمارے سنہ کو ایک ہزار سال گزر جائیں گے اور ہم سال آئندہ سے شاہی حکم کی تعمیل کریں گے۔ چنانچہ یہودیوں نے اپنے قول کی پابندی کی اور ان میں بھی سنہ رومی رائج ہوگیا۔

اس زمانے میں سکندر کی عمر ستائیس سال تھی۔ ایک گروہ کا خیال ہے کہ رومی سنہ دراصل عبرانی ہے چنانچہ کوشیار اپنے زیج جامع میں کہتا ہے کہ سوا مہینوں کے نام کے رومی و عبرانی سنین میں اور کوئی فرق نہیں ہے۔

شامی سال تشرین الاوّل سے شروع ہوتا ہے۔ قدیم زمانے میں سنہ کی ابتدا اُس وقت سے ہوئی جبکہ آفتاب چہارم درجہ میزان میں ہوتا تھا لیکن اب ابتدائے سال گیارہ درجے میزان پر خیال کیا جاتا ہے۔ رومیوں کے نزدیک سال کی ابتدا کانون ثانی کی پہلی تاریخ ہے جبکہ آفتاب برج جدی کے بیسویں حصے میں ہوتا ہے۔ بتانی کے خیال میں تاریخ رومی فیلقوس پدر اسکندر یونانی کی مقرر کردہ ہے لیکن اُس نے اپنے فرزند کی شہرت دوام آوری کے لئے اس کو اسکندر کی طرف منسوب کردیا۔

بتانی نے اپنی زیج میں سیاروں کی اوسط رفتار کو اسی تاریخ کی بنا پر مرتب کیا اس سنہ کے اس وقت تک ایک ہزار نو سو پانچ برس گزر چکے ہیں۔

تاریخ اغسطوس

اغسطوس رومیوں کا پہلا قیصر ہے۔ اس کے عہد حکومت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے۔ اس سنہ کے سال رومی اور شمسی ہیں۔ اس سال کا آخری مہینہ چھبیس روز کا ہوتا ہے جو لوند کے سال میں چھبیس روز کا شمار کیا جاتا ہے۔ اس سنہ کو ایک ہزار چھ سو تیئیس سال

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اب تک گذر چکے ہیں۔

تاریخ نصاریٰ

اس سنہ کی ابتدا حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی تاریخ ولادت ہے۔ رومیوں کی طرح ان کا سال بھی تین سو پینسٹھ روز پانچ ساعت کا ہوتا ہے۔ چار سال کے بعد دوسرے مہینے کے آخر میں ایک روز کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

شبانہ روز کی ابتدا بارہ بجے شب سے کی جاتی ہے۔

نصاریٰ نے بھی اہل عرب کی طرح ہفتے کے ہر روز کا ایک نام مقرر کیا ہے اور ہفتے کی ابتدا یکشنبے سے کرتے ہیں۔

اکثر افراد کے خیال میں سال کی ابتدا اس وقت ہوتی ہے جبکہ آفتاب برج جدی کے اوّل درجے میں ہوتا ہے۔ بعض اہل نجوم سال کا آغاز اُس وقت کرتے ہیں جبکہ آفتاب برج جدی کے آٹھویں درجے میں ہوتا ہے۔

تاریخ انطونیس رومی

یہ سنہ انطونیس کے یوم جلوس سے شروع ہوتا ہے۔ اس سنہ کے سال رومی اور قبطی ہیں۔ بطلیموس نے اپنی کتاب مجسطی میں اسی سنہ کے مطابق ستاروں کے مقامات تحریر کئے ہیں۔

سنہ مذکور کو اس وقت تک ایک ہزار چار سو ستاون برس گزرے ہیں۔

تاریخ قلطیانوس رومی

یہ فرمانروا عیسوی مذہب کا پیرو تھا، تاریخ کی ابتدا اس کا یوم جلوس ہے۔ اس سنہ کے سال رومی اور مہینے قبطی ہیں۔ اس سنہ کو اس وقت تک ایک ہزار تیس سال گذرے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

تاریخ یزدجرد

یہ تاریخ یزدجرد ابن شہریار پرویز بن ہرمز بن نوشیروان کے نام سے موسوم ہے لیکن اس کی ابتدا جمشید کے یوم جلوس سے ہوتی ہے۔ جمشید کے بعد ہر فرمانروا اپنے وقت جلوس کے لحاظ سے تاریخ میں جدید تغیر کرتا رہا۔

یزدجرد نے بھی اپنے اسلاف کے طریقۂ عمل پر عمل کیا اور اپنی تخت نشینی پر اس تاریخ میں تبدیلی کی۔ اس سنہ کے سال یونانی ہیں لیکن ان کا طریقہ یہ ہے کہ ہر سال کسر کو جمع کرتے جاتے ہیں اور ایک سو بیس سال کے آخر میں کسر کا مجموعہ ایک ماہ کے برابر ہوتا ہے اور یہ سال تیرہ ماہ کا سمجھا جاتا ہے۔

پہلی مرتبہ فروردین کے مہینے پر اضافہ ہوتا ہے اور بار دیگر اردی بہشت پر اور ہر بار جس مہینے پر زائد ماہ کا اضافہ کرتے ہیں اُس کو اُسی مہینے سے موسوم کرتے ہیں (یعنی پہلی مرتبہ دو مہینے فروردین کے اور بار دیگر دو مہینے اردی بہشت کے شمار کیے جاتے ہیں۔

غرضکہ یہ سنہ یزدجرد کے نام سے موسوم ہوا لیکن جب اس کا دور حکومت ختم ہوا تو مذکورۂ بالا لوند کا حساب بھی متروک ہو گیا۔

اس سنہ کے سال و ماہ بھی اصطلاحی شمسی ہیں۔

اس سنہ کو اس وقت تک نو سو ترسٹھ سال گزر چکے ہیں۔

تاریخ ملکی

اس تاریخ کو جلالی بھی کہتے ہیں۔ اس تاریخ کے تقرر سے پیشتر فارسی سنہ رائج تھا چونکہ اس تاریخ میں لوندی وجہ سے بہت پیچیدگی پیدا ہو گئی تھی اور اس کی وجہ سے حساب میں خلل واقع ہوتا تھا اس لئے سلطان جلال الدین ملک شاہ سلجوقی کے عہد میں عمر خیام وغیرہ حکما نے بادشاہ کے حکم سے تاریخ جلالی کو ایجاد کیا۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

سال کی ابتدا آفتاب کے برج حمل میں داخل ہونے پر کی جاتی ہے۔
اس کے پیشتر سنہ کے سال و ماہ حقیقی تھے لیکن اب ماہ اصطلاحی ہیں۔
ہر مہینہ تیس روز کا ہوتا ہے لیکن اسفندار کے آخر میں پانچ یا چھ روز کا اضافہ کر کے سال کے دن پورے کر لیتے ہیں۔ اس سنہ کو اب تک پانچ سو سولہ سال گزرے ہیں۔

تاریخ خانی

اس سنہ کی ابتدا غازان خاں کا یوم جلوس ہے اور ایلخانی زیج پر مبنی ہے۔ اس سنہ کے سال و ماہ حقیقی شمسی ہیں۔ اس تاریخ کی وضع سے پیشتر غازان خانی ممالک کے دفاتر میں سنہ ہجری رائج تھا اور سال بھی ہجری تھا۔
اس قاعدے کی بنا پر رعایا پر ظلم و بیداد کے دروازے کھلے تھے اس لئے کہ اکتیس قمری سال کے تیس شمسی سال ہوتے ہیں اور ملک کا دستور یہ تھا کہ مالگزاری قمری سال کے حساب سے وصول کی جاتی تھی اور منافع و آمدنی کے تمام کاروبار میں شمسی سنہ رائج تھا، غازان خاں نے ظلم سے رعایا کو محفوظ و مامون رکھنے کے لئے اس تاریخ کو جاری کیا۔ اس سنہ کے مہینوں کے نام ترکی ہیں سوائے اس کے کہ ہر ماہ پر لفظ خانی کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اس سنہ کو اب تک دو سو ترانوے سال گزرے ہیں۔

تاریخ الٰہی

عرصۂ دراز سے قبلۂ عالم کا ارادہ تھا کہ ملک ہندوستان میں جدید سال و ماہ جاری فرما کر دقتیں رفع کریں اور سہولتیں بہم پہنچائیں۔
جہاں پناہ سنہ ہجری کو بوجہ اس کے نقائص کے پسند نہیں فرماتے لیکن ناعاقبت اندیش و کم فہم افراد کی کثرت کی وجہ سے جو تاریخ و سنہ کے اجرا کو بھی ایک دینی مسئلہ سمجھتے ہیں۔ حضرت کی خاطر پر ور طبیعت نے گوارا نہ کیا کہ اس گروہ کی دل شکنی فرمائیں اور یہ وجہ تھی کہ قبلۂ عالم ابتدا میں اپنے خیال کو عملی جامہ نہ پہنا سکے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ارباب بصیرت و انصاف پسند حضرات کو بخوبی معلوم ہے کہ اس دنیاوی کاروبار کی شمع کو دین کے گوہر شب تاب سے کیا نسبت ہے اور اس مجازی و مادی سلسلۂ ارتباط کا حقیقت کے بیش بہا رشتے سے کیا مقابلہ۔ چونکہ دنیا نادانی کی گرد سے غبار آلودہ تھی، اہل علم نے رویاہ وشتر کے قصے پر عمل کیا۔

سنہ ۹۹۲ ہجری میں شاہنشاہی تنویر عقل و دانش نے علم و کمال کی وہ نورانی شمع جلائی جس نے اپنی بابرکت روشنی سے تمام عالم کو تاباں و درخشاں کر دیا۔ خوش نصیب حق پسند گروہ نے بالیں ناکامی سے سر اٹھایا اور بیہودہ گو و سست رائے افراد نے گوشۂ گمنامی میں منہ چھپایا۔ قبلۂ عالم کے نیک ارادے نے عملی جامہ پہنا اور یادگار حکما میر فتح اللہ شیرازی نے اس کام کو انجام دینے پر کمر ہمت باندھی۔ علامہ شیرازی نے جدید زیج گورگانی کو پیش نظر رکھ کر جہاں پناہ کے سال جلوس کو سنہ الٰہی کی ابتدا قرار دی۔

اس بہترین کام کو انجام دینے کے لئے جہاں پناہ کی دنیاوی شان و شوکت اور حضرت کا ظاہری جاہ و جلال ہی کافی و بس تھا۔ چہ جائے کہ قبلۂ عالم کی ظاہری عزت و جاہ [illegible] روحانی و قدسی کے امور مبرکات بھی کام کر رہے ہوں۔ قبلۂ عالم نے اپنے سعادتمند بندگان درگاہ کی تعلیم و واقفیت، کے لئے اس سنہ کو اپنی ذات گرامی سے منسوب کر کے عقیدتمند گروہ کو اس تاریخ کے بقائے دوام کا مژدہ سنایا۔

سنہ الٰہی کے سال و ماہ حقیقی شمسی ہیں۔ اس سنہ میں لونڈ کا حساب نہیں ہے۔

فارسی کے ماہ و روز کے نام بدستور قائم رکھے گئے اور اس سنہ کے مہینے انتیس دن سے لے کر تیس دن تک قرار پائے اور آخر الذکر مہینے کے دو دن شبہ روز کے نام سے موسوم کئے گئے۔

مؤلف ناظرین کی مزید سہولت کے لئے ہر تاریخ کا ایک جدول ذیل میں درج کرتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

تاریخ الٰہی	تاریخ خانی	تاریخ ملکی	تاریخ یزدجرد	تاریخ ہجری	تاریخ قلطیانس	تاریخ انطیوخیس	تاریخ نصاریٰ	تاریخ اغسطس	تاریخ اسکندر رومی
فروردین ماہ الٰہی	ابرام ال خانی	فروردین ماہ جلالی	فروردین ماہ مذہبی	محرم			شنبریو		تشرین الاول
اردی بہشت ماہ الٰہی	ایکندی ال خانی	اردی بہشت ماہ جلالی	اردی بہشت ماہ مذہبی	صفر			فبریرو		تشرین الآخر
خورداد ماہ الٰہی	اوجنج ال خانی	خورداد ماہ جلالی	خورداد ماہ مذہبی	ربیع الاول			مارسو		کانون الاول
تیر ماہ الٰہی	توح ال خانی	تیر ماہ جلالی	تیر ماہ مذہبی	ربیع الآخر	[illegible]	[illegible]	ابریل	[illegible]	کانون الآخر
امرداد ماہ الٰہی	یشتیخ ال خانی	امرداد ماہ جلالی	امرداد ماہ مذہبی	جمادی الاول	[illegible]	[illegible]	مایو	[illegible]	شباط
شہریور ماہ الٰہی	التنج ال خانی	شہریور ماہ جلالی	شہریور ماہ مذہبی	جمادی الآخر	[illegible]	[illegible]	شونیو	[illegible]	آذار
مہر ماہ الٰہی	یتیج ال خانی	مہر ماہ جلالی	مہر ماہ مذہبی	رجب	[illegible]	[illegible]	شولیو	[illegible]	نیسان
آبان ماہ الٰہی	سکسیخ ال خانی	آبان ماہ جلالی	آبان ماہ مذہبی	شعبان	[illegible]	[illegible]	اگرستو	[illegible]	ایار
آذر ماہ الٰہی	طوشیخ ال خانی	آذر ماہ جلالی	آذر ماہ مذہبی	رمضان	[illegible]	[illegible]	ستنبرو	[illegible]	حزیران
دے ماہ الٰہی	اوتیج ال خانی	دے ماہ جلالی	دے ماہ مذہبی	شوال			اوی توبرو		تموز
بہمن ماہ الٰہی	اوسریج ال خانی	بہمن ماہ جلالی	بہمن ماہ مذہبی	ذی قعدہ			نوو نبرو		آب
اسفندارمذ ماہ الٰہی	جشایات ال خانی	اسفندارمذ ماہ جلالی	اسفندارمذ ماہ مذہبی	ذی حجہ			دی زنبرو		ایلول

نوٹ:۔ تاریخ نصاریٰ کے مہینوں کے نام پرتگالی زبان کے ہیں

Digitized by Google
Academy of the Punjab in North America. http://www.apnaorg.com

تاریخ قبطی	تاریخ سیلیس	تاریخ طوفان	تاریخ بخت نصر	تاریخ یہود	تاریخ آدم	تاریخ اشکانیاں	تاریخ الفور	نام ماہہائے خطائی	نام ماہہائے تاریخ ہندی
توشہ	ثوث	۰	ثوث	تشری	۰	۰	آرام آی	میندہ	چیت
اذنی یا خارق	بابہ	۰	بابہ	مرجشوان - مرجشوان برجشوان - مرجشوان	۰	۰	ایکندی آی	ثرثردہ	بیساکھ
اثور	اتوریا اتور	۰	اثور یا اثور	کسلیو یا پسلیو	۰	۰	اوچنج آی	سامہ	جیٹھ
خورق	کیہک	۰	کیہک	طیبث	۰	۰	درونج آئی	ہردہ	اساڑھ
طوبی	طوبہ	۰	طوبہ	شقط یا شباط	۰	۰	بیتنج آی	اودہ	ساون
ماخیر	امشیر یا مشیر	۰	امشیر یا مشیر	ازار	۰	۰	التینج آئی	لودہ	بھادوں
خانوشہ	برمہات	۰	برمہات	نیسن	۰	۰	تینج آی	چہوہ	کنوار
فرموتی	برمودہ	۰	برمودہ	ایر یا ایار	۰	۰	کمنج آئی	یادہ	کاتک
فاخون	بشنس یا بشنس	۰	بشنس یا بشنس	سیون یا سیوان	۰	۰	طوفنج آئی	کہوہ	اگھن
فادنی	بونہ	۰	بونہ	تموز	۰	۰	اوتینج آئی	شنبوہ	پوس
ابیغی	ابیب	۰	ابیب	اوب یا آب	۰	۰	اونیرنج آئی	شی ابدہ	ماگھ
ماسوری	مسری	۰	مسری	ایلول	۰	۰	مفریات آئی	سرزدہ	پھاگن

Digitized by the Internet Archive in 2011 with funding from Microsoft Corporation
http://www.archive.org/details/tarikhekubrajild01
Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

واقعات عالم جو سال اور مہینوں کی پابندی کے ساتھ معرض تحریر میں لائے جاتے ہیں اُن کو فن تاریخ اور اس فن کے علما کو مورخ کہتے ہیں۔

ہندوستان، خطا و فرنگ و یہود وغیرہ ممالک و اقوام کے حالات میں بیشمار کتابیں اس فن کی موجود ہیں۔ اہل اسلام میں سب سے پیشتر حجاز میں جس شخص نے اس فن پر کتاب تصنیف کی وہ محمد بن اسحاق ہے۔

محمد بن اسحاق کے بعد جن مورخین نے تاریخ کی کتابیں تالیف کیں اُن کے نام حسب ذیل ہیں۔

وہب بن منبہ، واقدی، اصمعی، ابو عبید اللہ مسلم بن قتیبہ، اعثم کوفی، محمد مقنع (منفع یا مقنع) حکیم علی مسکویہ فخر الدین محمد بن ابی الرّدّ بیناکیتی۔ ابو الفرج عماد الدین ابن کثیر مقدسی، ابو حنیفہ دینوری، محمد بن عبد اللہ مسعودی، ابن خلکان، امام یافعی، ابو نصر عتبی،

عجمی مورخین کے اسما یہ ہیں۔

فردوسی طوسی، ابو الحسن بیہقی، ابو الحسن مولف تاریخ خسروی، خواجہ ابو الفضل بیہقی، عباس بن مصعب، احمد بن سیار، ابو اسحٰق بزّاز، محمد بلخی، ابو القاسم کعبی، ابو الحسن فارسی، صدر الدین محمد صاحب تاج المآثر، عبد اللہ منہاج جرجانی (مولف طبقات ناصری) کبیر الدین عراقی، ابو القاسم کاشفی مولف زبدہ، خواجہ ابو الفضل مصنف کتاب مخزن البلاغت، عطاء الملوک، علاء الدین جوینی برادر خواجہ شمس الدین (صاحب دیوان و مولف تاریخ جہاں گشا) حمد اللہ مستوفی قزوینی، قاضی نظام الدین بیضاوی، خواجہ رشید طبیب و حافظ آبرو وغیرہ۔

قدیم زمانے سے واقعات عالم کی ابتدا یا سنہ وقوع کو محفوظ رکھنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ ایک لفظ یا مصرع ایسا تلاش کرتے ہیں کہ اُس کے حرف کے اعداد کا مجموعہ اُس واقعے کا سنہ وقوع ہوتا ہے، اس صنعت کو بھی تاریخ کہتے ہیں، چنانچہ قبلۂ عالم کے جلوس مبارک کی تاریخ نصرت اکبر و کام بخش ہے۔ بیشتر اس صنعت کا رواج بہت کم تھا، چنانچہ بوعلی پور سینا کی بابت یہ اشعار مشہور ہیں۔

حجت الحق بوعلی سینا — در شجاعت آیت از عدم بوجود
در شصا کمل علم حاصل کرد — در تکذکر دایں جہاں پدرود

آئین (۲)

سپہ سالار

سپہ سالار بادشاہ کا نائب ہے۔ صوبے کے سپاہی اور سواں کی بہبودی اُس کے تربیر فرمان ہیں جن کی رفاہ و اطمینان سپہ سالار کے منصفانہ طرزِ حکومت پر منحصر ہے۔

اس افسر کو ہر امر میں رضائے الٰہی کو پیشِ نظر رکھنا چاہئے اور خدا کی عمدہ اور اُس کی طاعت و عبادت کرے۔ مخلوق کی خیر اندیشی سے کبھی کنارہ کشی اور اپنی جفاکشی کی عادت میں فرق نہ آنے دے۔

بیہودہ گوئی اور سخت کلامی نہ کرے اور اپنے ماتحتوں کی خواہ اُس سے دور ہوں یا نزدیک قدر شناسی کرے اور اُن کے حالات سے آگہی حاصل کرنا اپنا فریضۂ ملازمت خیال کرے۔ جو کام کہ ماتحتوں کا فریضہ ہے اُسے اپنی اولاد کے سپرد نہ کرے اور جو امر کہ فرزند سنبھال سکتے ہوں اُسے خود انجام دینے کی کوشش نہ کرے۔

ہر کام میں اپنے سے زیادہ عاقل و انجام اندیش شخص سے مشورہ کرے اور اگر ایسا کوئی ایک شخص میسر نہ آئے تو چند منتخب اشخاص سے رائے طلب کرے اور اُن پر غور کر کے عمل کرے۔

زیادہ اشخاص کو اپنا راز نہ بتائے کیونکہ عقلمند وہی خواہ و بے غرض مشیر دنیا میں کمیاب ہیں۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ انھی میں کا کوئی فرد فتنہ و فساد برپا کرے اور کام کرنے کا موقع

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

ہاتھ سے جاتا رہے۔

اپنی عہدہ داری کو رعیت کی پاسبانی کا واسطہ خیال کرے دور اندیشی سے کام کرے۔ اور مخلوق کی مزاج شناسی کو حکومت کا آئین سمجھ کر شائستہ زندگی بسر کرے۔

مہربانی و غصہ ہر دو صفت کو عقل و انجام اندیشی کا تابع بنائے اور ہر کام کی نوعیت کا اندازہ کرے اور دلپسند نصیحتوں کے ذریعے سے فتنہ پرداز گروہ کو مطیع و فرمانبردار رکھے۔

اگر یہ جماعت اس طرح کے سلوک سے بھی اپنی حرکات سے باز نہ آئے تو سختی سے کام لے اور اگر ضرورت ہو سخت کلامی اور ڈرانے دھمکانے یا سزا دینے اور قید کرنے اور اُن کے اعضائے بدن کاٹنے میں بھی تامل نہ کرے لیکن اس کے ساتھ جان لینے میں حتی الامکان بے حد احتیاط کرے نہ بان کو گالیوں سے آلودہ نہ کرے اس لئے کہ یہ مذموم حرکت بازاریوں کی بدترین عادت ہے۔

گفتگو کرنے میں قسمیں نہ کھائے کیونکہ اس فعل سے خود متکلم جھوٹا معلوم ہوتا ہے اور مخاطب کو اُس کی طرف سے بدگمانی ہو جاتی ہے۔ مقدمات کے فیصل کرنے میں صرف گواہوں کے بیانات اور طرفین کی قسموں کو کافی نہ سمجھے بلکہ ہر قسم کے جرحی سوالات کرے اور اہل مقدمہ نیز گواہوں کے قیافے پر پوری نظر کر کے ان کی طبیعت کا اندازہ اور اُن کی فطرت کی شناخت کرے۔ اپنے ان فرائض کو دوسروں کے سپرد کر کے خود ذمہ داری سے نہ بچے۔

انصاف طلب افراد کو انتظار کی تکلیف نہ پہنچائے۔ خطاکاری سے چشم پوشی کرے اور اہل تقصیر کے عذرات کو قبول کرے۔

اس طرح اپنی زندگی بسر کرے کہ اُس کے اطوار و اعمال سے اس کی شرافت و وقار کو صدمہ نہ پہنچے۔

بنی نوع انسان کے عقاید میں دخل نہ دے۔ ظاہر ہے کہ صاحب فہم و فراست افراد دنیاوی معاملات میں جو چند روزہ فانی ہیں دیدہ و دانستہ نقصان برداشت کرنا پسند نہیں کرتے چہ جائے کہ دینی تعلقات میں جو دنیا کے خلاف ہمیشہ رہنے والے اور باقی ہیں۔ اگر انسان اپنے دینی عقائد میں راستباز ہے تو ایسے شخص کے مذہب و ایمان میں دست اندازی کرنا گناہ ہے اور اگر باطل پرستی میں مبتلا ہے تو روحانی بیمار ہے

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اور یہ مسئلہ مسلّمہ ہے کہ بیمار علاج و تیمار داری کا مستحق ہے نہ کہ سختی و شدت کا۔

اپنے علاقے کا ہر حصہ ایک جفاکش و راستباز عامل کے سپرد کرے اور مختلف راستوں پر قابل اعتماد پاسبانوں کو مقرر کرے اور خود ان عمّال اور پاسبانوں کے حالات سے ہمیشہ واقفیت حاصل کرتا رہے۔

سپہ سالار کو چاہیئے کہ جاسوسی کے لئے نیک طینت، دور اندیش، سچے اور بے لوث، راست گفتار، بے طمع اشخاص مقرر کرے۔ اگر ایسے افراد جمع نہ ہوں تو ہر کام پر چند ایسے اشخاص کا تقرر کرے جو ایک دوسرے سے شناسا نہ ہوں اور ہر شخص کے معروضے کو خود بغور پڑھے اور ان کی تحریرات سے صحیح حالات معلوم کرے۔

خرچ کو ہمیشہ آمدنی سے کم رکھے اور پس انداز رقم کا ایک حصہ اہل احتیاج کو عنایت کرے خاصکر ایسے مستحقوں کو جو زبان سے اپنی احتیاج بیان نہیں کرتے۔

سپاہ و فوج کے ساز و سامان کی طرف سے قطعاً غافل نہ رہے۔

سواری و تیر اندازی و بندوق اندازی کے مشاغل اور اُن کی مشق خود بھی جاری رکھے اور اپنے ماتحتوں کو بھی ان ورزشوں میں مصروف رہنے کی تاکید کرے۔

لوگوں کو اپنی صحبت میں شریک کرنے اور ہمنشین احباب کو ہموار بنانے میں بہت ہوشیاری و احتیاط سے کام لے اس لئے کہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ بدطینت و بدکردار اشخاص خلوص و محبت کا اظہار کرتے اور چرب زبانی و سخن سازی سے اپنے کو بہترین گروہ میں داخل کر کے بیجا فائدہ اُٹھاتے ہیں۔

اُس پر لازم ہے کہ زراعت کو ترقی دے اور اُفتادہ زمین کے آباد کرنے میں پوری کوشش کرے۔ عوام کے ساتھ اخلاص و ہمدردی سے پیش آئے اور کسانوں کی امداد کرنا خدائے برتر کی بہترین عبادت خیال کرے۔

بے غرض و بے لوث افراد کو تحصیل مالگزاری پر مقرر کرے اور ہر وقت اُن کی کارگزاری سے کامل واقفیت حاصل کرتا رہے۔

حوض باؤلیاں، باغ و سرائے و دیگر متبرک عمارتیں تعمیر کرائے۔ قدیم عمارات و دیگر آثار قدیمہ کی مرمت برابر کراتا رہے اور پریشاں خاطر و خانہ نشین نہ ہو کیونکہ یہ شیوہ تارکُ الدنیا درویشوں کا ہے۔ اس کے ساتھ ہی عوام کی صحبت میں بیٹھے اور ہر وقت اپنے گرد

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

جمع رکھنے کی بھی عادت نہ ڈالے کیونکہ یہ فعل ظاہر پرست اور ناعاقبت اندیش لوگوں کا ہے۔ اُسے لازم ہے کہ خدا کے مقبول بندوں کی تعظیم و توقیر کرے اور حق طلب اور گوشہ نشین افراد سے جو خدا طلبی میں بال پریشان و برہنہ پا تک ہو چکے ہیں ہمیشہ امانت کا طلبگار رہے۔

آفتاب سے برکات حاصل کرنے اور اس معرفت الٰہی کے روشن و تابناں چراغ ہدایت سے اکتساب نور کرنے کو آتش پرستی نہ خیال کرے۔

بیدار رہنے کی عادت ڈالے اور سونے اور کھانے کو حد اعتدال سے نہ بڑھنے دے۔

دُنیاوی معاملات اور قلبی افکار سے فرصت ملے تو حکمت کی کتابوں کا مطالعہ کرے اور اُن کی ہدایت پر عمل کرے۔

اگر حکمت کی کتابیں اُس کے حق طلب دل کو سیر نہ کر سکیں تو مثنوی حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ کو بغور پڑھے اور اس کے الفاظ و اشعار کی صنعت و خوبی کا فریفتہ نہ ہو بلکہ معانی و مطلب کو ذہن نشین کرے۔ کلیلہ و دمنہ کی تجربہ آموز حکایات کے پڑھنے اور اُن پر غور کرنے کا طبیعت کو خوگر بنائے اور اس طرح دُنیا کے نشیب و فراز سے واقفیت حاصل کر کے گزشتہ بزرگوں کے تجربات کو خود اپنے تجربے خیال کرے۔ مفید اور حقیقی علوم کی طرف توجہ کرے اور افسانوں پر وقت ضائع نہ کرے۔

اُسے چاہیئے کہ نیک طینت اور واقف کار شخص کو اپنا ہمنشین بنائے اور اُسے اس امر کا اختیار دے کہ اُس کے روزمرہ کے ہر فعل و قول کو غور سے دیکھے اور جو امر اس کی فہم و عقل کے مطابق قابل اعتراض ہو اُس سے اُسے راز میں آگاہ کرے۔

اس امر کا لحاظ رکھے کہ اگر اقوال و افعال کی نیک و بد شناخت میں اس ہمنشین سے غلطی واقع ہو جائے تو اس کی سرزنش نہ کرے اس لئے کہ قدیم زمانے سے عقلا ایسی راست گفتاری سے پرہیز کرتے ہیں جو مخاطب کو بُری معلوم ہو خصوصاً غیظ و غضب کی حالت میں جب کہ عقل پر غفلت کے پردے پڑ جاتے ہیں اور طبیعت غصے کے ہیجان میں بے قابو ہو جاتی ہے۔ ہمنشین زیادہ تر حیلہ ساز اور عیبوں کو بڑھانے والے ہوتے ہیں۔ اور اگر اتفاق سے ان میں کوئی ایسا ہو جو سچا درد رکھتا ہو تو وہ خوف سے خاموش رہتا ہے کیونکہ ظاہر ہے کہ ایسے شخص جو دوسروں کو فائدہ پہنچانے کے لئے خود نقصان برداشت کریں دُنیا میں

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

کمیاب ہیں۔

بدگو و بدنام کنندہ اشخاص کے بیان پر غصہ نہ کرے بلکہ دور اندیشی سے کام لے کیونکہ بدطینت لوگ جو سخن سازی میں کمال رکھتے ہیں اپنی سخت کاری کی وجہ سے جھوٹ کو سچ بنا کر پیش کرتے اور خود کو بے غرض ظاہر کر کے دوسروں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔

اپنی ذات کو کبھی مستقل مقیم نہ خیال کرے بلکہ ہمیشہ طلبی کے وقت حضور میں حاضر ہونے کے لئے تیار رہے۔ کینہ وری و بد باطنی سے پرہیز کرے اور نرمی و ملائمت کو اپنا شعار بنائے۔

قدیم خاندانوں کو نظر انداز نہ کرے اور اسلاف و بزرگوں کے کمالات کو پیش نظر رکھ کر اُن کے ناقابل جانشینوں کا لحاظ کرے۔

اس امر کی کامل نگہداشت رکھے کہ جب دین الٰہی کے پیرو آپس میں ملاقات کریں تو جو شخص عمر میں چھوٹا ہو وہ اللہ اکبر کہے اور بزرگ جواب میں جل جلالہ کہے اور ایک سال سے کم عمر کی بکری یا بھیڑ ذبح نہ کی جائے اور شاگرد و چیلے اپنی پیدائش کے روز سے لے کر ایک ماہ تک قطعاً گوشت خواری سے پرہیز کرے۔

اپنے ذبح کئے ہوئے جانور کے گوشت کے کرتہ نہ پکائیں۔

عورتوں سے کم صحبت کریں اور حائلہ کو اپنا ہم بستر نہ بنائے۔

عام طور پر وفات کے بعد فاتحہ کا جو دانا ہوتا ہے وہ خود ہر سال اپنی پیدائش کے روز پکوا کر اہل احتیاج کو کھلائیں۔

جب آفتاب ایک برج کا دورہ کر کے دوسرے برج میں قدم رکھے تو بیدار ہو کر عبادت کرے اور خواب غفلت سے لوگوں کو ہشیار کرنے کے لئے توپ و بندوق سر کرے۔

طلوع آفتاب اور نصف شب گزرنے پر جو آفتاب کے بارگر بلند ہونے کا وقت ہے نقارہ بجوا کر سب کو آگاہ کرے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۳)

فوجدار

جس طرح کہ قبلۂ عالم ممالک محروسہ کی آبادی اور اُس کی معموری کا خیال مدنظر رکھکر ہر صوبے میں ایک جدید سپہ سالار کا تقرر فرماتے ہیں اسی طرح اپنی بہترین سیاست و مصلحت کے لحاظ سے چند پرگنوں پر ایک خاص ملازم مقرر کرتے ہیں۔

یہ شخص جو ہی انصاف پسند بے غرض پایہ شناس اور پابند عہد و پیمان ہوتا ہے جس کو عام طور پر فوجدار کے لقب سے یاد کرتے ہیں۔ اطاعت و خدمتگزاری کے لحاظ سے اس عہدہ دار کا مرتبہ بہت بلند ہے۔ اس کا فرض ہے کہ اگر کسان یا خالصے کا تحصیلدار یا کوئی جاگیردار سرکشی کرے تو اُسے بیشتر ملائم و نرم الفاظ میں اطاعت قبول کرنے کی نصیحت کرے اور اگر زبانی پیغام ناکام رہے تو خاص عہدہ دار بالادست کی اجازت حاصل کرکے تنبیہ و تادیب کے لئے اپنے مقام سے حرکت کرے۔

اپنا خیمہ باغیوں کے جوار میں نصب کرے اور کبھی کبھی اُن کی جان و مال کو نقصان پہنچاتا رہے لیکن یک بیک کھلے میدان میں جنگ آزمائی نہ کرے۔

جس خدمت کو پیادے انجام دے سکتے ہوں اُس پر سوار دل کو مقرر نہ کرے۔

کسی قلعے کو سر کرنے میں تیز دستی و جلدی نہ کرے۔ اپنے قیام کے لئے ایسی جگہ اختیار کرے جو تیر و توپ و بندوق کی زد سے محفوظ ہو۔ آمد و رفت کے راستے بند کرے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اور شبخون سے غافل نہ رہے اور اپنے لئے ہمیشہ جائے پناہ تیار رکھے اور رسالۂ شب گرد کو ہمیشہ مستعد و کارگزار رکھے۔

غنیم کی فرودگاہ کو تباہ و تاراج کرنے کے بعد مال غنیمت تقسیم کرنے میں مساوات برتے اور کُل مال کا پانچواں حصہ خالصۂ مبارک میں داخل کرے۔

اگر کسی موضع کی آمدنی میں بقایا واجب الادا ہو تو بیشتر اس رقم کا حساب صاف کرے۔

فوج کے گھوڑوں اور اُن کے ساز و سامان کی کامل نگہداشت کرے۔

اگر کسی سپاہی کے پاس گھوڑا نہ ہو تو اُس کے ہمراہیوں پر ہر شخص کی حیثیت کے موافق رقم عائد کرے کہ اُس سوار کے لئے گھوڑا فراہم کریں۔

اگر جانور کسی مہم میں تلف ہو گیا ہے تو ایسی حالت میں سرکار سے گھوڑا عطا کرے۔

ایک دفتر سواروں اور پیادوں کی حاضری و غیر حاضری کا ہمیشہ تیار رکھے اور اُس کی نقل برابر بارگاہ شاہی میں روانہ کرتا رہے۔

اس امر کا ہمیشہ لحاظ رکھے کہ احکام شاہی کی تعمیل میں کسی طرح کا فرق نہ آئے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۴)

میر عدل و قاضی

اگرچہ حکومت اور ملک و رعایا کی خبر گیری کرنا درحقیقت فرمانروایان عالم کا فریضہ اور اُن کا منصب عالی ہے لیکن چونکہ ایک شخص کی طاقت سے یہ امر باہر ہے کہ وہ تمام سررشتوں کی نگرانی کر سکے، اس لیئے فرمانروائے ملک اپنے ایک خادم خاص کو اس خدمت پر مامور فرماتے ہیں کہ وہ عدل و انصاف کے ذریعے سے رعایا کے حقوق کی حفاظت کرے۔

اس شخص کو صاحب بصیرت و دریا دل ہونا چاہیئے اور اس کا اہم فریضہ یہ ہے کہ مقدمات کے فیصلہ کرنے میں صرف گواہوں کی شہادت اور حلف و قسم پر اعتبار نہ کرے بلکہ ہر قسم کی تحقیقات سے معاملے کی تہ کو پہنچنے کی کوشش کرے۔

یہ مثل مشہور ہے کہ مقدمات کی حقیقت و نوعیت سے قاضی جاہل اور طرفین یعنی مدعی و مدعی علیہ واقف و آگاہ ہوتے ہیں ایسی صورت میں ظاہر ہے کہ جب تک قاضی سائل تحقیق و روشن دماغی سے کام نہ لے گا اُس کا معاملے کی تہ کو پہنچنا بیحد دشوار و مشکل ہوگا۔

انسانی طبائع کی شرارت و طمع پرستی کی وجہ سے گواہ اور اُس کی قسم پر کسی قسم کا اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ لہٰذا اُسے چاہیئے کہ ہر شخص کے افعال و اقوال کی نوعیت کا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اور شبخون سے غافل نہ رہے اور اپنے لئے ہمیشہ جائے پناہ تیار رکھے اور رسالۂ شب گرد کو ہمیشہ مستعد و کارگزار رکھے۔

غنیم کی فرودگاہ کو تباہ و تاراج کرنے کے بعد مال غنیمت تقسیم کرنے میں مساوات برتے اور کُل مال کا پانچواں حصہ خالصۂ مبارک میں داخل کرے۔

اگر کسی موضع کی آمدنی میں بقایا واجب الادا ہو تو بیشتر اس رقم کا حساب صاف کرے۔

فوج کے گھوڑوں اور اُن کے ساز و سامان کی کامل نگہداشت کرے۔

اگر کسی سپاہی کے پاس گھوڑا نہ ہو تو اُس کے ہمراہیوں پر ہر شخص کی حیثیت کے موافق رقم عائد کرے کہ اُس سوار کے لئے گھوڑا فراہم کریں۔

اگر جانور کسی مہم میں تلف ہو گیا ہے تو ایسی حالت میں سرکار سے گھوڑا عطا کرے۔

ایک دفتر سواروں اور پیادوں کی حاضری و غیر حاضری کا ہمیشہ تیار رکھے اور اُس کی نقل برابر بارگاہ شاہی میں روانہ کرتا رہے۔

اس امر کا ہمیشہ لحاظ رکھے کہ احکام شاہی کی تعمیل میں کسی طرح کا فرق نہ آئے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

آئین (۴)

میر عدل و قاضی

اگرچہ حکومت اور ملک و رعایا کی خبر گیری کرنا درحقیقت فرمانروایان عالم کا فریضہ اور اُن کا منصب عالی ہے لیکن چونکہ ایک شخص کی طاقت سے یہ امر باہر ہے کہ وہ تمام سرزشتوں کی نگرانی کر سکے اس لیئے فرمانروائے ملک اپنے ایک خادم خاص کو اس خدمت پر مامور فرماتے ہیں کہ وہ عدل و انصاف کے ذریعے سے رعایا کے حقوق کی حفاظت کرے۔

اس شخص کو صاحب بصیرت و دریا دل ہونا چاہیئے اور اس کا اہم فریضہ یہ ہے کہ مقدمات کے فیصلہ کرنے میں صرف گواہوں کی شہادت اور حلف و قسم پر اعتبار نہ کرے بلکہ ہر قسم کی تحقیقات سے معاملے کی تہ کو پہنچنے کی کوشش کرے۔

یہ مثل مشہور ہے کہ مقدمات کی حقیقت و نوعیت سے قاضی جاہل اور طرفین یعنی مدعی و مدعی علیہ واقف و آگاہ ہوتے ہیں ایسی صورت میں ظاہر ہے کہ جب تک قاضی کامل تحقیق و روشن دماغی سے کام نہ لے گا اُس کا معاملے کی تہ کو پہنچنا بیحد دشوار و مشکل ہوگا۔

انسانی طبائع کی شرارت طمع پرستی کی وجہ سے گواہ اور اُس کی قسم پر کسی قسم کا اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ لہٰذا اُسے چاہیئے کہ ہر شخص کے افعال و اقوال کی نوعیت کا

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

اندازہ کرکے غیر جانبدارانہ رویہ اختیار کرے اور مظلوم و ظالم میں امتیاز کرے اور معلوم کرنے کے بعد جرأت و صداقت کے ساتھ اپنی رائے کے مطابق عمل کرے۔

مقدمات کے فیصلہ کرنے میں پیشتر ہر جزوی و کلی واقعات کی بابت سوالات کرے اور واقعۂ متعلقہ کے تمام اسباب و حالات سے آگاہی حاصل کرے اور ہر جزئی معاملے کے رطب و یابس کی تحقیق و تفتیش کرے اور ہر قسم کے سوالات اور گفتگو سے واقعے کی تہ کو پہنچے۔

گواہوں کے بیانات معرض تحریر میں لائے اور جب اس کام کو فہم و فراست و معاملہ فہمی کے ساتھ بتدریج انجام کو پہنچائے تو مقدمۂ متعلقہ کے دیگر امور کو رائے چندے ملتوی کرکے دوسرے کاموں کی طرف متوجہ ہو اور دوسروں پر اپنی رائے ظاہر نہ کرے۔

قلیل مدت کے بعد پھر اس مقدمے پر توجہ کرے اور از سر نو واقعات کی تفتیش و حالات کی پرسش کرے اور قوت امتیازی سے کام لے کر صداقت اور راستبازی کے ساتھ معاملے کو انجام تک پہنچائے۔ جب قابلیت و استعداد نیز جرأت و ہمت ایک ہی شخص میں نہیں پائی جاتیں تو دو مختلف اشخاص کا تقرر کیا جاتا ہے۔

ایک شخص قاضی کے عہدے پر مامور ہوتا ہے جو واقعات کی تحقیق و تفتیش کرے اور دوسرا شخص میر عدل کے عہدے پر فائز ہو جو قاضی کی تحقیقات کے مطابق مقدمات کو فیصل کرے۔

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

فہرست مضامین

آئین اکبری جلد اوّل حصّہ اوّل

مضامین	صفحات
دیباجہ	۱
ہدایات مصنّف	۱۳
دفتر اوّل	۱۵ تا ۲۴۲
آئین (۱) منزل آبادی۔	۱۵
آئین (۲) خزانہ داری	۱۹
آئین (۳) خزینۂ جواہر۔	۲۲
آئین (۴) دار الضرب	۲۵
آئین (۵)	۲۸
عمال دار الضرب۔ آئین (۶) (ہنواری) سونے کی آزمائش۔	۳۰
آئین (۷) کھوٹے سونے کو کھرا کرنے کی ترکیب۔ چاندی میں میل دریافت کرنے کا طریقہ۔	۳۴ ۳۷
آئین (۸) سونے کو چاندی سے علیحدہ کرنے کی ترکیب۔	۴۲
آئین (۹) راکھ سے چاندی نکالنے کی ترکیب۔	۴۴
آئین (۱۰) سکہ جات سلطنت: سونے کے سکّے۔	۴۶

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مضامین	صفحات
چاندی کے سکّے روپیہ۔ تانبے کے سکّے۔	۵۰
آئین (۱۱)	۵۵
درم و دینار۔	
آئین (۱۲)	۵۸
چاندی اور سونا وغیرہ بیچنے والوں کا نفع	
آئین (۱۳)	۶۲
دھاتوں کی پیدائش کا بیان	
آئین (۱۴)	۶۷
دھاتوں کی گرانی و سبکی کے بیان میں	
آئین (۱۵)	۷۲
شاہی حرم سرا کے قوانین۔	
آئین (۱۶)	۷۶
سفر کے اسباب قیام و منزل۔	
آئین (۱۷)	۷۹
فوج کا اجتماع۔	
آئین (۱۸)	۸۱
آئین چراغ افروزی۔	
آئین (۱۹)	۸۴
شکوہ سلطنت	
آئین (۲۰)	۸۸
بجگین شہنشاہی۔	

مضامین	صفحات
آئین (۲۱)	۹۱
فراشخانہ۔	
آئین (۲۲)	۹۵
آبدار خانہ۔	
آئین (۲۳)	۹۸
مطبخ (یا درچی خانہ)	
آئین (۲۴)	۱۰۲
مصالحہ۔	
آئین (۲۵)	۱۰۷
نان	
آئین (۲۶)	۱۰۸
صوفیانہ۔	
آئین (۲۷)	۱۱۰
نرخ اجناس۔	
جدول نرخ اجناس ملحقہ۔	۱۱۰
جدول نرخ اجناس خوبانی۔	۱۱۱
جدول سبزی۔	۱۱۳
جدول اقسام دال۔	۱۱۴
جدول اقسام آٹا۔ جدول جاندار کوشت	۱۱۵
جدول گھی وغیرہ۔	۱۱۶
جدول شیرینی۔ جدول مصالحہ طعام۔	۱۱۷
جدول ترشی۔	۱۱۸
آئین (۲۸)	

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مضامین	صفحات
میوہ خانہ۔	
جدول میوۂ تورانی وغیرہ۔	۱۲۲
جدول میوۂ شیرین ہندی۔	۱۲۳
جدول میوۂ ہندی میخوش۔	۱۲۶
جدول میوۂ ترش ہندی	۱۲۷
جدول میوۂ تر ہندی۔ جدول میوۂ ہندی جو بعد پکانے کے کھایا جاتا ہے۔	۱۲۸
آئین (۲۹)	۱۴۰
پیدائش طعم	
آئین (۳۰)	۱۴۱
خوشبو خانہ۔	
جدول خوشبوئیات۔	۱۴۴
جدول گلہائے خوشبو	۱۴۶
جدول گل خوشرنگ۔	۱۴۷
آئین (۳۱)	۱۵۰
پیدائش خوشبو	
آئین (۳۲)	۱۶۸
کرکراق خانہ و توشک خانہ	
آئین (۳۳)	۱۷۳
شال۔	
جدول زری۔	۱۷۵
جدول ابریشمی۔	۱۷۷
جدول پارچہ جات ریسمانی (سوتی)	۱۷۹
جدول پشمینہ۔	۱۸۰
آئین (۳۴)	۱۸۲
پیدائش رنگ۔	
آئین (۳۵)	۱۸۳
تصویر خانہ۔	
آئین (۳۶)	۱۹۷
قورخانہ یعنی سلاح خانہ۔	
جداول آئین قورخانہ۔	۲۰۰
آئین (۳۷)	۲۰۴
توپ۔	
آئین (۳۸)	۲۰۶
بندوق۔	
آئین (۳۹)	۲۱۰
یرغو ساختن۔	
مراتب بندوق۔	۲۱۱
آئین (۴۰)	۲۱۴
ماہوارۂ بندوقچی۔	
آئین (۴۱)	۲۱۶
فیل خانہ۔	
مراتب فیل۔	۲۲۸
آئین (۴۲)	۲۳۰
خوراک۔	
آئین (۴۳)	۲۳۲

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مضامین	صفحات
خدمتگزاراں	
آئین (۴۴)	۲۳۶
رخت۔	
آئین (۴۵)	۲۴۲
خاصۂ فیلاں۔	
آئین (۴۶)	۲۴۴
خاصۂ سواری	
آئین (۴۷)	۲۴۶
عمارت	
آئین (۴۸)	۲۴۸
اصطبل۔	
آئین (۴۹)	۲۵۱
مراتب اسپ۔	
آئین (۵۰)	۲۵۲
خوراک۔	
آئین (۵۱)	۲۵۵
رخت۔	
آئین (۵۲)	۲۶۱
یارگیر۔	
آئین (۵۳)	۲۶۲
داغ۔	
آئین (۵۴)	۲۶۳
پرکدن۔	

مضامین	صفحات
آئین (۵۵)	۲۶۴
تاوان۔	
آئین (۵۶)	۲۶۵
آمادہ داشتن۔	
آئین (۵۷)	۲۶۷
بخشش۔	
آئین (۵۸)	۲۶۸
جلوہ۔	
آئین (۵۹)	۲۶۹
شترخانہ۔	
آئین (۶۰)	۲۷۱
خوراک۔	
آئین (۶۱)	۲۷۳
رخت۔	
آئین (۶۲)	۲۷۶
تیل ملنے اور جانوروں کی ناک میں تیل ٹپکانے کے آئین۔	
پایۂ شتران و خدمتگاران	۲۷۶
آئین (۶۳)	۲۸۰
گاؤخانہ۔	
آئین (۶۴)	۲۸۲
خوراک۔	
آئین (۶۵)	۲۸۴

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مضامین	صفحات
خدمتگاران۔	
آئین (۶۶)	۲۸۷
استرخانہ۔	
آئین (۶۷)	۲۸۹
خوراک۔	
آئین (۶۸)	۲۹۰
رخت۔	
آئین (۶۹)	۲۹۲
شبارروزی	
آئین (۷۰)	۲۹۷
یار	
آئین (۷۱)	۲۹۹
کورنش و تسلیم۔	
آئین (۷۲)	۳۰۱
استادوشست۔	
آئین (۷۳)	۳۰۳
دیدن مردم۔	
آئین (۷۴)	۳۰۵
رہنمونی۔	
آئین (۷۵)	۳۱۱
دیدن فیل۔	
آئین (۷۶)	۳۱۵
دیدن اسپ۔	
آئین (۷۷)	۳۱۷
دیدن شتر	
آئین (۷۸)	۳۱۸
دیدن گاؤ	
آئین (۷۹)	۳۱۹
دیدن استر	
آئین (۸۰)	۳۲۰
پاؤگوشت۔	
آئین (۸۱)	۳۲۳
جانوروں کے کشتی لڑانے اور اُس پر شرط لگانے کا	
آئین (۸۲)	۳۳۱
عمارت	
آئین (۸۳)	۳۳۳
نرخ۔	
مزدوروں کی شرح اجرت	۳۳۷
مکان تعمیر کرانے کی شرح اور اس کا اندازہ۔	۳۳۹
مختلف قسم کی لکڑیوں کا وزن۔	۳۴۰
دفتر دوم	۳۴۳ تا ۵۴۰
درسپاہ آبادی	
آئین (۱)	۳۴۳
شاہی فوج کے مختلف مدارج اور	

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مضامین	صفحات
سپاہ کی تقسیم۔	
آئین (۲)	۳۴۷
لشکر کے جانور۔	
آئین (۳)	۳۵۳
منصبدار۔	
جدول مناصب۔	۳۵۶
آئین (۴)	۳۶۳
احدی۔	
آئین (۵)	۳۶۶
دوسری قسموں کے سوار۔	
آئین (۶)	۳۶۸
پیادہ فوج۔	
آئین (۷)	۳۷۴
جانوروں کے داغدہی کے قوانین	
آئین (۸)	۳۷۷
داغ کرنا۔	
آئین (۹)	۳۷۹
کشک (چوکی)	
آئین (۱۰)	۳۸۱
واقعہ نویسی۔	
آئین (۱۱)	۳۸۴
سررشتہ انجام سند۔	
آئین (۱۲)	۳۹۰
پایہ تخت اکبر آباد (مہروں کے مراتب و مدارج)	
آئین (۱۳)	۳۹۲
فرمان بیاضی۔	
آئین (۱۴)	۳۹۴
برگرفتن مواجب (طریقہ وصولیابی تنخواہ)	
آئین (۱۵)	۳۹۶
مساعدہ (فوجی عہدہ داروں کو مالی امداد)	
آئین (۱۶)	۳۹۸
انعام۔	
آئین (۱۷)	۳۹۹
خیرات	
آئین (۱۸)	۴۰۰
وزن مقدس۔	
آئین (۱۹)	۴۰۲
سیورغال۔	
آئین (۲۰)	۴۰۷
گردون گرداں (جہاں پناہ کے ایجاد کردہ چرخ اور گاڑیاں)	
آئین (۲۱)	۴۰۹
دہسیری۔	
آئین (۲۲)	۴۱۰
جشن سالگرہ (مختلف تہواروں کا)	
آئین۔	

Academy of the Punjab in North America. http://www.apnaorg.com

مضامین	صفحات
آئین (۲۳)	
خوش روز (سینما بازار)	۴۱۲
آئین (۲۴)	۴۱۴
کدخدائی۔	
آئین (۲۵)	۴۱۷
آموزش و تعلیم	
آئین (۲۶)	۴۱۹
سیر و شکار۔	
آئین (۲۷)	۴۲۵
شکار۔	
شیر کا شکار	۴۲۷
ہاتھی کا شکار	۴۲۹
چیتوں کا شکار	۴۳۱
آئین (۲۸)	۴۳۴
چیتوں کی خوراک اور ریوڑ بانوں کی تنخواہ۔	
شکاری چیتے کی چالاکی و تیز دستی	۴۳۶
سیاہ گوش۔	۴۳۸
کتے۔ ہرن کا شکار ہرن سے۔	۴۳۹
شکار نر گاؤ میش (بھینسے کا شکار)	۴۴۳
پرندوں کا شکار	۴۴۴
پرندوں کی خوراک	۴۴۶
پرندوں کی قیمت۔ قیمتوں کا تعین۔	۴۴۷

مضامین	صفحات
مرغابی	۴۴۹
دراج۔ پودنہ	۴۵۰
لگڑ۔ غوغائی۔ غوک (مینڈھک)	۴۵۱
آئین (۲۹)	۴۵۳
نشاط بازی۔ چوگان بازی	
عشق بازی (کبوتر بازی)۔	۴۵۶
خاصے کے کبوتروں کا رنگ۔	۴۶۱
چوپڑ بازی (چوسر بازی)	۴۶۳
چندل مندل۔	۴۶۶
گنجفہ۔	۴۶۹
بزرگان جاوید دولت (اعیان سلطنت)	۴۷۴
جدول نام منصبداران عہد معدلت	
دانش اندوزان جاوید دولت	۴۸۷
(علما و فضلائے مملکت)۔	
جدول دانش اندوزان جاوید دولت اکبری	۴۸۸
علمائے ظاہر و باطن۔	
قافیہ سنجان (شعرا)	۴۹۲
آئین (۳۰)	۵۳۷
خنیاگران و ارباب نغمہ)	
جدول خنیاگران (ارباب نغمہ)۔	۵۳۸
دفتر سوم	۵۴۱ تا ۵۷۶
در ملک آباد	
آئین (۱)	۵۴۱

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

مضامین	صفحات
تاریخ الہٰی۔	
ہندی تاریخ۔	۵۴۸
تاریخ خطائی۔	۵۵۲
ترکی سنہ۔	۵۵۳
تاریخ منجم	۵۵۴
تاریخ آدم۔ تاریخ یہود۔ تاریخ طوفان	۵۵۵
تاریخ بخت نصر۔ تاریخ سپلیس۔	۵۵۶
تاریخ قبطی۔	
تاریخ رومی	۵۵۷
تاریخ اغسطوس۔	۵۵۸
تاریخ نصاریٰ۔ تاریخ انطونیس رومی	۵۵۹
تاریخ قلطانیوس رومی۔	

مضامین	صفحات
تاریخ ہجری۔	۵۶۰
تاریخ یزدجرد۔ تاریخ ملکی۔	۵۶۲
تاریخ خانی۔ تاریخ الہٰی۔	۵۶۳
آئین (۲)	۵۶۸
سپہ سالار۔	
آئین (۳)	۵۷۳
فوجدار۔	
آئین (۴)	۵۷۵
میر عدل و قاضی۔	

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

صحت نامہ

آئین اکبری جلد اوّل (حصّہ اوّل)

نمبر صفحہ	سطر	غلط	صحیح	نمبر صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴
۵	۹	فتنہ و فساد	فتنہ و فساد	۱۰۲	۷	تجریر	تحریر
۶	۲۴	کارپرداری	کارپردازی	۱۶۷	۹	پانچ	پانچ
۱۰	۱۷	وان	اور ان	۱۷۰	۱۱	روئی بھی۔	روئی بھی ڈالتے ہیں۔
۱۷	۳	۹۵	۹۷	۱۷۲	۱	اس قدر مختلف اقسام کے تیار کیے جاتے ہیں کہ ان کی تفصیل معرض تحریر میں نہیں آسکتی۔	×
۲۲	۲۵	۹ ۳/۴ سے لے کر (پونے دس)	۹ ۳/۴ (پونے دس)				
۳۵	۱	آٹھارہ	اٹھارہ				
۶۶	تحت جدول خانہ نمبر (۳)	طسوجات	طسوجات				
۷۸	۱۲	یاسبان	پاسبان	۱۷۴	۱۲	تویہ	اور یہ
۸۵	۲۰	اوپیتل	اور پیتل	〃	〃	سے ہوتی ہیں	سے عمدہ ہوتی ہیں
۸۶	۸	〃 و ورنکر قطرہ۔	اور نکر قطرہ	۱۷۷	۱۱	قطیفہ یورپی	قطیفہ یورپی
۸۷	۲	ادفر (اوفر)	ادفر (اوفر)	۲۲۳	۱	عرف	عرق
۱۰۰	۱۶	ریگ	دیگ	۳۱۵	۸	ستوران حصہ	ستوران چیتہ

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۲	۳	۴
۴۳۷	۲۲	سات ۷	سات۔
״	۵	بڑھنی	بڑھئی
۴۱۲	۲۳	سرحشمہ	سرچشمہ
۴۱۴	۱۲	فروگذاشت	فروگزاشت
۴۲۰	۲۵	محفّف	مخفّف
۴۳۷	۱۵	یوزمانوں	یوزبانوں

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۲	۳	۴
۴۴۷	۵	چرغ	چرخ
۴۵۱	۷	پالوگرا	پالرگڑ
۴۵۶	۱	خوبیاں	خوبیاں
۵۰۰	۱۴	عربدہ سازی	عربدہ سازی
۵۲۹	۲۱	باخریطے	باحریفے
۵۶۹	۵	فلتہ پرواز	فلتہ پرداز

Academy of the Punjab in North America: http://www.apnaorg.com